روحانی و جسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں

January'2016

ماہنامہ

خزینہ روحانیات لاہور



Rs.50

جلد نمبر 6
شمارہ نمبر 9

تسخیر شاہِ جنات

لوح بیرون ملک

اسلام کا مطلب کیا ہے؟

لوح فتوحات مجرب

پتھر دل محبوب کو دیوانہ کریں

سورۂ یاسین کے خُدّام کی تسخیر

دشمن کی تباہی و بربادی کا خاص عمل

ہر قسم کے سحر و جادو سے نجات کے خاص الخاص اعمال

جسم کے پوشیدہ حصوں کی سیاہی کو دور کریں

9ویں سالانہ اجتماع حزب البحر کی مختصر کارگذاری



العارفی شہد کے نایاب اور شفاء بخش شہد کی اقسام

100 فیصد خالص قدرتی شہد کے حصول کے لئے تشریف لائیں

1. **پلوسہ کا شہد:** عام روزمرہ بیماریاں مثلاً کھانسی، نزلہ، زکام، معدہ کی خرابی سمیت عام قسم کے امراض میں اس کا استعمال کافی وشافی ہے۔
2. **مالٹے کا شہد:** مالٹے کے باغات سے حاصل کردہ۔ وٹامن سی کا خزانہ، جلد کی جھریاں، وزن اور کولیسٹرول کم کرتا ہے۔ خوبصورتی میں اضافہ کرتا ہے۔
3. **اجوائن کا شہد:** اجوائن کے پودوں سے حاصل کردہ، دمہ، خشک وبلغمی کھانسی، ٹی بی، سانس، گلے، سینے اور معدے کے امراض کے لیے۔
4. **بیری کا شہد:** بیری کے جنگلات سے حاصل شدہ۔ اپنی طبعی افادیت اور غذائیت کے لحاظ سے پوری دنیا میں منفرد ہے۔ شوگر اور مردانہ طاقت کے لئے، کولیسٹرول کم کرتا ہے، کینسر، ہیپاٹائٹس، دمہ میں فائدہ مندہ۔ دل کی شریانیں مضبوط کرنے کیلئے۔
5. **دیسی (جنگلی) شہد:** ساہیوال اور مظفر آباد کے مضافات کے جنگلات سے نکالا گیا اصلی دیسی شہد۔ خوش ذائقہ اور اعلیٰ کوالٹی شہد۔
6. **شیشم کا شہد:** چکوال، تلہ گنگ، فتح جنگ کے جنگلات سے حاصل کیا گیا، یہ شہد بھی اپنی مثال آپ ہے۔
7. **گرنڈہ کا شہد:** تھکان دور کرنا، نئے اور پرانے زخموں کو مندمل کرنا، کھانا کھانے کے بعد اسے چاٹنے سے بوجھ، گیس اور تناؤ دور ہوجاتا ہے۔
8. **شنشوبی کا شہد:** افغانستان اور پاکستان کے سرحدی علاقوں کے جنگلات سے حاصل کیا جاتا ہے۔ بہت گاڑھا اور قیمتی شہد۔
9. **الائچی کا شہد:** جنگلی شہد کا متبادل۔ کمزوری یا نقاہت دور کرنے، دل کی رفتار نارمل کرنے اور قبض میں مفید ہے۔
10. **چھوٹی مکھی کا شہد (پہاڑی):** پاکستان کے سرسبز وشاداب پہاڑوں اور وادیوں سے حاصل کیا گیا سو فیصد خالص دیسی اور سب سے گاڑھا اور ایکسپورٹ کوالٹی شہد۔ گولڈن رنگ، خوشبو لاجواب اور ذائقہ بے مثال۔ سب سے قیمتی شہد۔
11. **ڈرائی فروٹ شہد:** مقوئ اعصاب، یادداشت، جسمانی واعصابی کمزوری، حفظ کرنے والے بچوں کیلئے خصوصی تحفہ۔
12. **رائل جیلی شہد (بیری):** کینسر، شوگر، ایڈز، ہیپاٹائٹس، فالج، لقوہ، جوڑوں کا درد، خون اور وزن کی کمی میں فائدہ مند۔
13. **شفائین (پلوسہ):** معدہ کی کمزوری، بدہضمی، گردوں کی سوزش اور مردانہ کمزوری وغیرہ میں مفید ہے۔
14. **ڈرائی فروٹ پیسٹ:** بچوں کی ذہانت، قوت مدافعت اور حافظہ کو بڑھانے کیلئے انتہائی مفید۔ طاقت کا خزانہ۔
15. **شفاء القلوب:** دل کی بند شریانیں کھولتا ہے، بڑھے ہوئے کولیسٹرول کو کم کرتا ہے، ہائی بلڈ پریشر کیلئے بہت مفید ہے۔
16. **عجوہ پیسٹ:** عجوہ کھجور میں وٹامن اے جلد اور نظر کیلئے بہت مفید ہے۔ جگر اور ہڈیوں کو طاقت دیتی ہے۔ ہارٹ اٹیک سے بچنے کا لائف ٹائم نسخہ۔
17. **ایرانی چھتہ بمع شہد:** کھانسی میں مفید ہے اور بے حد لذیذ بھی۔ دودھ کے ساتھ تو اس کے مزہ کا جواب نہیں۔
18. **دم شدہ روحانی شہد:** جملہ جناتی اور شیطانی اثرات سے حفاظت کیلئے دارالعمل چشتیہ کا خاص الخاص دم شدہ لاجواب شہد۔

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی،
معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 6 ربیع الثانی ۱۴۳۷ھ..... جنوری 2016ء شمارہ 9

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

نائب مدیر: مولانا حافظ محمد عرفان صاحب

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)
- سید عامر علوی صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- محمد علیم صاحب (لاہور)
- محمد صالح صاحب (مظفر آباد)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات: 0322-4773786

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈوکیٹ ہائی کورٹ)

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ
جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت فی شمارہ	سالانہ ممبر شپ عام ڈاک	سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک
50 روپے	650 روپے	1000 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ موبی کیش (موبی لنک)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 1-35202-2610215 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔
ٹیلی نار 034377727721..... یو پیسہ 33343082867
موبی کیش 03028401977۔ یو بی ایل اومنی 03437772772

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔
برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین ..... جنوری ۲۰۱۶ء ..... ربیع الثانی ۱۴۳۷ھ

اداریہ (مولانا علی آفاق صاحب)	5
ایک عاشقِ رسول کا مقام (انتخاب: حافظ بلال)	6
مختصر پُراثر واقعات	8
خواتین سے متعلق کچھ احکام (مولانا عتیق الرحمٰن صاحب)	10
ادائیگی قرض کے لیے نیت صاف اور اللہ سے مدد کی درخواست	11
چند گناہ اور ان کی سزائیں (حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ)	12
اولیاء اللہ کے اصلاحی واقعات (مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب)	13
اسلام کا مطلب کیا ہے؟ (شیخ الاسلام مفتی تقی عثمانی مدظلہٗ)	15
یَاصَمَدُ کے خواص اور اثرات (مولانا انظر شاہ کشمیریؒ)	16
آپ ﷺ کا دم سے جنون کا علاج (امام جلال الدین)	17
کشائش رزق اور قرض سے یقینی نجات (مولانا علی آفاق)	19
عام اجازت والے مفید اعمال (ادارہ)	19
پتھر دل محبوب کو دیوانہ کریں (غلام سرور شباب صاحب)	20
دعوت سورۂ مزمل (حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ)	21
تسخیر شاہِ جنات (صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ)	23
لوح بیرون ملک (ذوالفقار احمد عزیز)	25
آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	26
ہر قسم کے سحر و جادو سے نجات کے خاص الخاص اعمال	28
دریائی عورت کا بیٹا (مولانا علی آفاق صاحب)	30
جادو اور گھبراہٹ سے بچنے کے لیے عمل (الشیخ الامام جلال الدین)	31
رشتہ کے حصول کیلئے درود شریف کے اعمال (سید ذیشان نظامی)	36
سورۂ یاسین کے خُدَّام کی تسخیر (ادارہ)	37
عام اجازت والے اعمال (مرتب: قاری ممتاز صاحب)	39
عمل یٰسٓ کے خواص (حکیم صوفی غلام سرور شباب صاحب)	41
صحت کی بندش (مولانا علی آفاق صاحب)	43
معجون خاص (مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب)	44
قرآن وحدیث میں شہد کی فضیلت وافادیت (مولانا سلیم اللہ ظفر)	45
لوح فتوحات مجرب (شہزادہ منظور علی سمون)	46
9ویں سالانہ اجتماع حزب البحر کی مختصر کارگذاری	48
دشمن کی تباہی و بربادی کا خاص عمل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	51
موسم سرما کا عام مرض نزلہ زکام اور اس سے بچاؤ	52
گلے کے انفیکشن اور تکلیف کے لیے آسان نسخہ.....عرفان الحق	56
جگر ہمارے جسم کو سب سے زیادہ متحرک رکھتا ہے (محمد بلال)	56
جسم کو پرکشش بنانے والے کھانے (انتخاب: محمد عارف)	57
جسم کے پوشیدہ حصوں کی سیاہی کو دور کرنے کے لیے	58
لہسن کے 30 فائدے (حکیم ماجد بشیر ماجد)	61

نئے سال کی آمد پر
حضرت ڈاکٹر خالد مقبول حفظہ اللہ کی خصوصی دعائیں

دارالعمل چشتیہ میں دنیا بھر سے بذریعہ انٹرنیٹ، ای میلز، خطوط، فون کالز اور براہ راست اپنے مسائل کے حل اور دعاؤں کی گذارشات کرنے والے تمام خواتین و حضرات کیلئے ڈاکٹر صاحب کی دلی دعائیں ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ سب کی اور پوری امت مسلمہ کی تمام پریشانیاں دور فرمائیں اور یہ سال آپ کیلئے، آپ کے بچوں، آپ کے بھائیوں اور آپ سب کی زندگیوں سے وابستہ سبھی افراد کیلئے خوشیوں، مسرتوں اور کامیابیوں کا سال بنائے۔ تمام جسمانی و روحانی بیماریوں کی شفایابی، طالب علموں کیلئے امتحانات میں شاندار کامیابی، بے روزگاروں کیلئے روزگار کی دستیابی، ملکِ پاکستان سے دہشتگردی کے خاتمے، مدارس، مساجد، خانقاہوں، دینی مراکز تبلیغی و اصلاحی اور تمام مذہبی جماعتوں اور تمام عالم اسلام کی حفاظت کی دعاؤں کے ساتھ تمام اہل اسلام، خزینۂ روحانیات کے ممبران اور قارئین کرام کو نیا سال مبارک ہو۔

اہم گزارشات برائے قارئین

۱) دارالعمل چشتیہ کے اوقات کار صبح 11 بجے تا شام 7 بجے۔ چھٹی بروز جمعۃ المبارک۔ ان اوقات کے علاوہ تشریف نہ لائیں۔ ہمیشہ فون کر کے اپنا آرڈر کنفرم کر کے آئیں۔

۲) روحانی ملاقات یا علاج کے لئے بروز اتوار شام 4 بجے سے 7 بجے کے درمیان تشریف لائیں۔ شکریہ

۳) اپنے متعلقہ شعبہ کے نمبر پر رابطہ فرمائیں، دوسرے شعبوں کے نمبروں پر کال کر کے اپنا اور ادارہ کا وقت ضائع نہ کریں۔

۴) نمبر نہ ملنے کی صورت میں SMS کریں۔ دوسرے نمبروں پر مختلف نمبروں سے کال ہرگز نہ کریں۔ ایک ہی مسئلے کے لئے مختلف نمبروں پر کال کر کے ادارے کا وقت ضائع نہ کریں۔

۵) ابتداءً اپنے، آرڈر، سوال یا مسئلے کے لئے کال کریں، SMS پر کوئی جواب نہیں دیا جائے گا۔ بعد میں اہم پیغام کے لئے Sms کریں۔

۶) براہ کرم مس کال یا فضول SMS ہرگز نہ کریں۔

اوقات کار و فون نمبرز کی تفصیلات

■ مکتبہ العارف: 0332-4487877

■ مطب العارف والعارفی شہد و SMS: 0307-5525103

■ روحانی دکان: 0334-4312272

■ دارالعمل چشتیہ (جنرل معلومات): 042-35410586

(فون نہ ملنے پر 0322-4773786 پر کال کریں)

■ چھٹی: بروز جمعۃ المبارک (ملاقات کرنے یا فون سننے سے معذرت)

■ ماہنامہ خزینہ روحانیات سرکولیشن، اشتہارات، مالی معاملات و شکایات: 0322-4773786

(اوقات فون: صبح 11 بجے..... شام 7 بجے، چھٹی بروز جمعہ)

■ جنرل روحانی معلومات و خط و کتابت: 0343-7772772

(اوقات فون: صبح 11 بجے..... شام 5 بجے علاوہ جمعہ، اتوار)

■ روحانی درسگاہ: 0321-4661681 مولانا عرفان صاحب

(اوقات فون: دوپہر 2 بجے..... مغرب علاوہ جمعہ اتوار)

■ برائے جسمانی علاج و مشورہ: مولانا سلیم اللہ ظفر مدظلہ۔ 0300-4686217

(اوقات فون: صبح 9 بجے..... مغرب)

■ زونگ نمبر: 0315-4777677 (جن حضرات کا زونگ کا پیکج ہو وہ اس نمبر پر کال کر سکتے ہیں)

■ گذارشات: ☆ مختصر، جامع اور کام کی بات کریں ☆ جو حضرات لمبی بات کرتے ہیں وہ SMS کریں ☆ جن کسٹمرز کو SMS کا کہ دیا جائے وہ صرف SMS کریں، کال ہرگز نہ کریں ☆ اگر آپ کا پیکج ہے تو اپنے مطلوبہ نیٹ ورک پر کال کر سکتے ہیں ☆ SMS کرنے سے گریز کریں، فون پر بات کریں ☆ رقم جمع کروانے سے پہلے بل کا ٹوٹل بمع ڈاک خرچ معلوم کریں۔

روحانی علاج کروانے والے متوجہ ہوں

ہمارے ادارے کی روحانی علاج گاہ سے علاج کروانے کے خواہشمند حضرات و خواتین سے گذارش ہے کہ درج ذیل اصولوں کی پابندی کریں۔

۱)..... ہم فون پر یا online روحانی تشخیص نہیں کرتے۔ اس سلسلے میں اپنا اور ہمارا وقت ضائع نہ فرمائیں۔

۲)..... تشخیص کا طریقہ ہم نے اپنی ویب سائٹ darulamal.org پر دیا ہوا ہے۔ اب کسی شخص کی یا کسی جگہ کی تشخیص باآسانی خود کی جا سکتی ہے۔

۳)..... روحانی علاج کے سلسلے میں مشورہ کرنا ہو تو رابطے کی تفصیل یہ ہے

** ..... ای میل: ruhaniilajgah@gmail.com

** ..... موبائل: سید محمد عامر صاحب۔ دوپہر 3 بجے تا رات 9 بجے۔ ناغہ بروز جمعہ و اتوار 0300-8439477۔ روحانی علاج گاہ۔ صبح 11 بجے تا شام 5 بجے۔ ناغہ بروز جمعہ و اتوار 0343-7772772

** ..... خط و کتابت: روحانی علاج گاہ، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570۔ (جوابی لفافہ لازمی ساتھ بھیجیں)

+92-322-7772772

اداریہ

مولانا علی آفاق صاحب

گزشتہ اسلامی ماہ صفر المظفر میں حسب سابق ''حزب البحر'' کی زکوٰۃ کے عنوان سے ایک عظیم الشان اجتماع منعقد ہوا۔ یہ اجتماع ہمارے ادارے کے زیر اہتمام اور زیر سرپرستی حضرت سیدی مرشدی ومولائی خالد مقبول صاحب عرصہ 8 سال سے منعقد ہو رہا ہے۔ ہر سال شرکاء اجتماع کو روحانی اعتبار سے بے بہا فائدہ ہوتا ہے جس کا اظہار وہ وقتاً فوقتاً کرتے رہتے ہیں۔ مگر اس مرتبہ حضرت خالد مقبول صاحب کی زیر سرپرستی اس اجتماع میں چند خصوصی اعمال کا اضافہ کیا گیا تھا۔ جس کی برکت سے بہت سے عاملین اور مبتدی دوستوں نے تین دن کی ریاضت سے مہینوں کا سفر دنوں میں طے کرلیا۔ فللہ الحمد

اس دفعہ حزب البحر کی زکوٰۃ کے موقع پر حضرت مولانا عرفان صاحب اور حضرت مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب کی بالترتیب عملی اور انتظامی کاوشوں نے شرکاء اجتماع کو بھرپور فیض یاب فرمایا۔

حضرت مولانا عرفان صاحب نے شرکاء زکوٰۃ حزب البحر کے دوستوں کو روحانی علاج کی ضرورت واہمیت وافادیت کے ساتھ ساتھ روحانی علاج کس طرح کیا جائے؟ کن احتیاطوں کو مدنظر رکھا جائے؟ کون سے صدقات دیئے جائیں؟ تشخیص کس طرح کی جائے؟ سحر مسلسل سے کس طرح نجات ممکن ہے؟ چہل کاف اور امنت باللہ، ہانڈی کا عمل، خزینہ مجربات، صدقہ کا عمل سمیت دیگر اہم اور بنیادی اعمال کی اجازت وریاضت کا فلسفہ اور فائدہ سمجھایا جس کی وجہ سے بہت سارے شرکاء نے یہ کہا کہ ''واقعی آج معلوم ہوا کہ اجازت کا کیا فلسفہ ہے''۔ اجازت کا فلسفہ آسان اور سادہ ہے کہ ایک شخص جس نے ریاضت کر کے کسی عمل کی قوت کو مضبوط کرلیا ہو، اب جتنی قوت کا حامل وہ شخص ہے اس کے بقدر دوسرے لوگوں کو اپنے نیٹ ورک میں شریک کرسکتا ہے۔ اس میں پیسے کا مطالبہ اور راہنمائی کا ذمہ لینا کون سی شرعی قباحت کو جنم دیتا ہے۔؟ اجتماع میں شریک بہت سے لاعلاج اور سحر مسلسل کے مریض لوگوں نے چہل کاف کی اجازت اور عملی راہنمائی کی روشنی میں اپنا علاج شروع کردیا۔ بہت سے تشخیص کے درست طریقے سے نابلد افراد نے درست طریقہ تشخیص سیکھا۔ الغرض اجتماع کے مقاصد کو حاصل کرنے اور ادارے کا فیض حضرت خالد مقبول صاحب کی راہنمائی اور سرپرستی میں شرکاء تک بقدر اہلیت پہنچا۔

پچھلے اداریے میں آرمی پبلک سکول کے سانحے کے حوالے سے بات کرنا مقصود تھی مگر ربیع الاول کے مضامین کی وجہ سے ممکن نہ ہوسکی۔ بہرحال وہ ایک عظیم قومی سانحہ تھا۔ جس سے ہم نے سبق سیکھا۔ دہشتگردوں کے خلاف ایک دفعہ پھر بھرپور عزم کا اظہار کیا گیا۔ آپریشن ضرب عضب شروع ہوا۔ نیشنل ایکشن پلان مرتب ہوا۔ کراچی میں امن کی کرن نظر آنے لگی۔ مگر ساتھ ہی ساتھ پسند ناپسند کی بنیاد پر آپریشن کی آوازیں بھی آنے لگیں، سیاسی انتقام کا نشانہ بنائے جانے کے الزامات لگنے شروع ہوگئے۔ دینی حلقے اور طبقات کو نواز دور کے پچھلے ادوار کی مانند دیوار سے لگائے جانے کی بازگشت بھی سنی گئی۔

لہٰذا اس طرح کے الزامات کا مداوا کرنے کے ساتھ ساتھ اس آپریشن کو منصفانہ اور شفاف طریقے پر پالیسی بنا کر مکمل کیا جائے تاکہ آرمی چیف کے بدلنے اور سیاسی چہروں کے بدلنے سے اس طرح کے آپریشن ختم نہ ہو جائیں کیونکہ ہماری تاریخ یہ بتاتی ہے کہ ہم وقتی اور ڈنگ ٹپاؤ پالیسی پر ہمیشہ سے گامزن رہے ہیں۔

ممبران توجہ فرمائیں

محکمہ ڈاک کی طرف سے ماہنامہ خزینۂ روحانیات کی پوسٹنگ کی تاریخ اب ہر انگریزی ماہ کی 29-28-27 کردی گئی ہے۔ ان تینوں تاریخوں میں سے کسی بھی تاریخ کو رسالہ پوسٹ کیا جائے گا۔ 5-2 دن میں رسالہ مل جاتا ہے۔ لہٰذا رسالہ کا انتظار نئے ماہ کی 5 تاریخ تک کریں۔ پھر بھی نہ ملے تو رابطہ فرمائیں۔ ((ادارہ))

ایک عاشق رسول کا مقام

انتخاب: حافظ بلال

ایک یہودی نے اپنے بیٹے کو کہا: ''جاؤ سودا لے آؤ''۔ تو وہ گیا۔ لڑکا راستے سے گزر رہا تھا کہ اس کی نظر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر پڑی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر بھی اس لڑکے پر پڑی۔ وہ وہیں بیٹھ گیا اور وہیں بیٹھا رہ گیا اور دیر ہوگئی۔ وہ یہودی کبھی اندر جاتا کبھی باہر آتا کہ لڑکا کہاں رہ گیا، آیا نہیں ابھی تک۔ سورج غروب ہوگیا۔ مغرب کی نماز ہوگئی۔ شام کو گھر گیا۔ باپ نے پوچھا: ''ارے نادان! اتنی تاخیر کی؟'' باپ نے بہت غصے میں کہا کہ ''بڑا نادان اور پاگل ہے، میں نے کہا تھا جلدی آنا، تم اتنی دیر کر کے آئے ہو اور تمہیں سودا لینے بھیجا تھا، تم خالی ہاتھ واپس آ گئے ہو، سودا کہاں ہے؟ سودا کہاں ہے؟''

بیٹا بولا: سودا تو میں خرید چکا ہوں۔

باپ: کیا پاگل آدمی ہو تم؟ میں نے تجھے سودا لینے بھیجا تھا۔ سودا تمہارے پاس ہے نہیں اور کہتا ہے خرید چکا ہوں۔

بیٹا کہتا ہے: بابا! یقین کریں۔ سودا خرید آیا ہوں۔

باپ بولا: تو دکھا کہاں ہے؟

بیٹے نے کہا: کاش تیرے پاس وہ آنکھ ہوتی تو تجھے دکھاتا میرا سودا کیا ہے! میرے بابا! میں تمہیں کیا بتاؤں میں کیا سودا خرید لایا ہوں؟

باپ نے بولا: چل چھوڑ، رہنے دے۔

وہ لڑکا روز نبیٔ رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بیٹھنے لگا۔

وہ یہودی کا اکلوتا بیٹا تھا۔ بہت پیارا تھا۔ اس لیے کچھ نہ کہا۔ کچھ دنوں بعد لڑکا بہت بیمار ہوگیا۔ کافی دن بیمار رہا۔ اتنا بیمار ہوا کہ کمزوری اتنی ہوگئی کروٹ لینا مشکل ہو چکی تھی اور پھر قریب المرگ ہو گیا۔ یہودی بہت پریشان تھا۔ پھر بھاگا گیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں اور بولا ''میں آپ کے پاس آیا ہوں، آپ تو جانتے ہی ہیں میں یہودی ہوں، مجھے آپ سے کوئی اتفاق نہیں، مگر میرا لڑکا آپ کو دل دے گیا ہے اور قریب المرگ ہے، آپ کو رات دن یاد کر رہا ہے، کیا ممکن ہے آپ اپنے اس دشمن کے گھر آ کر اپنے عاشق کو ایک نظر دیکھنا پسند کریں گے؟ کیا یہ آرزو پوری ہو جائے گی کہ وہ مرنے سے پہلے آپ ﷺ کا دیدار کر لے؟ وہ کسی اور چیز کی آرزو نہیں کر رہا''۔

آپ ﷺ نے یہ نہیں فرمایا میں جاؤں گا یا نہیں جاؤں گا، آپ ﷺ نے فرمایا: ''ابوبکر! اٹھو، عمر! اٹھو، علی! چلو چلیں، عثمان! آؤ..... باقی بھی جو سب ہیں، چلیں۔ آپ ﷺ کے عاشق کا دیدار ہم بھی کریں۔ اپنا دیدار اسے دیتے ہیں۔ آخری لمحہ ہے، آنکھیں بند کرنے سے پہلے اسے ہم کچھ دینا چاہتے ہیں۔ چلو چلتے ہیں۔

یہودی کے گھر پہنچے تو لڑکے کی آنکھیں بند تھیں۔ حضور ﷺ کا سراپا کرم ہی کرم ہے۔ لڑکے کی پیشانی پر آپ ﷺ نے اپنا دست اقدس رکھا۔ لڑکے کی آنکھیں کھل گئیں جیسے زندگی لوٹ آئی ہو، جسم میں طاقت آ گئی، ناتوانی میں جوانی آئی، آنکھیں کھولیں، رخ مصطفی ﷺ پر نظر پڑی، ہلکی سی چہرے پر مسکراہٹ آئی، لب کھل گئے، مسکراہٹ پھیل گئی۔

حضور ﷺ نے فرمایا: ''بس! اب کلمہ پڑھ لو''۔

لڑکا اپنے باپ کا منہ تکنے لگا تو وہ یہودی بولا: ''میرا منہ کیا تکتا ہے؟ ابوالقاسم (محمد ابن عبداللہ ﷺ) جو کہتے ہیں کر لو''۔

لڑکا بولا: ''یارسول اللہ! ﷺ میرے پاس تو کچھ بھی نہیں!''

آپ ﷺ نے فرمایا: ''بس تم کلمہ پڑھو! میں جانوں اور جنت جانے، تم میرے ہو، جاؤ جنت بھی تو میری ہے، جنت میں لے جانا یہ میرا کام ہے''۔

لڑکے نے کلمہ پڑھا۔ جب اس کے منہ سے نکلا محمد رسول اللہ، روح باہر نکل گئی۔ کلمے کا نور اندر چلا گیا۔ آنکھیں بند ہوئیں، لب خاموش ہوئے۔

اس لڑکے کا باپ وہ یہودی بولا: ''محمد! (ﷺ) میں اور آپ دونوں مخالف ہیں۔ اس لیے یہ لڑکا اب میرا نہیں رہا۔ اب یہ اسلام کی مقدس امانت ہے۔ کاشانۂ نبوت ﷺ سے اس کا جنازہ اٹھے۔ تب ہی اس کی

عزت ہے، لے جاؤ اس کو"۔

پھر آپ ﷺ نے فرمایا: "صدیق! اٹھاؤ، عمر! اٹھاؤ، عثمان! آگے بڑھو، بلال! آؤ تو سہی، علی! چلو دو کندھا، سب اٹھاؤ اسے"۔

آقا علیہ السلام جب یہودی کے گھر سے نکلے تو یہ فرماتے جا رہے تھے: "اس اللہ کا شکر ہے جس نے میرے صدقے سے اس بندے کو بخش دیا، اس اللہ کا شکر ہے جس نے میرے صدقے سے اس بندے کو بخش دیا"۔ (اللہ اکبر! کیا مقام ہوگا اس عاشق کی میت کا جس کو علی، عثمان، ابوبکر صدیق، عمر بن خطاب، بلال حبشی رضی اللہ عنہم جیسی مشہور شخصیات کندھا دے کر لے جا رہے ہوں اور آگے آگے محمد مصطفی ﷺ ہوں)

قبر تیار ہوئی، کفن پہنایا گیا، حضور ﷺ قبر کے اندر تشریف لے گئے، قبر میں کھڑے ہوئے اور کافی دیر کھڑے رہے اور پھر اپنے ہاتھوں سے اس عاشق کی میت کو اندر اتارا۔ آپ ﷺ قبر کے اندر پنجوں کے بل چل رہے تھے، مکمل پاؤں مبارک نہیں رکھ رہے تھے۔ کافی دیر کے بعد آپ ﷺ قبر سے باہر آئے تو چہرہ پر تھوڑی زردی چھائی تھی، تھکن محسوس ہوئی، (اللہ غنی) صحابہؓ پوچھتے ہیں: "حضور ﷺ! یہ کیا ماجرا ہے؟ پہلے تو یہ بتائے آپ ﷺ نے قبر میں پاؤں مبارک مکمل کیوں نہیں رکھا؟ آپ ﷺ پنجوں کے بل کیوں چلتے رہے؟"

تو کریم آقا ﷺ نے فرمایا: "قبر کے اندر بے پناہ فرشتے آئے ہوئے تھے۔ اس لیے مجھے جہاں جگہ ملتی تھی، میں پنجہ ہی رکھتا تھا، پاؤں رکھنے کی جگہ نہیں تھی، میں نہیں چاہتا تھا کسی فرشتے کے پاؤں پر میرا پاؤں آ جائے"۔

پھر صحابہؓ نے پوچھا: "آپ ﷺ قبر کے اندر کیوں گئے؟ ہمیں کہتے۔ ہم چلے جاتے!"

(تو سبحان اللہ خوبصورت جواب دیا) کہ "میں نے اس لڑکے کو بولا تھا نا! تیری قبر کو جنت بناؤں گا تو اب اسی قبر کو جنت بنانے قبر کے اندر چلا گیا تھا"۔

"تو پھر حضور ﷺ اتنے تھکے ہوئے کیوں ہیں؟"

"تھکا اس لیے ہوں کے فرشتے اور حوریں اس عاشق کے دیدار کے لیے آ رہے تھے اور میرے وجود سے لگ لگ کر گزر رہے تھے۔ ان کی وجہ سے تھک گیا ہوں"۔

۱).....سنن ابوداؤد: جلد 3، صفحہ: 185، حدیث: 3095

۲).....مسند احمد بن حنبل: جلد 3، صفحہ: 175، حدیث: 12815

۳).....حافظ ابن کثیر: فی تفسیر ابن کثیر

حضرات!!! سنا ہے فرشتے نور ہیں۔ یہ کیسا نور ہے کہ حضور ﷺ تھک گئے ہیں؟ معلوم ہوا کہ فرشتے نور تو ہیں پر سب سے لطیف۔ نور! نورِ مصطفی ﷺ کا ہے (اللہ غنی)۔ ایک عاشق کو یہ رتبہ و مقام ملا کہ جس کی کوئی مثال نہیں۔

اللہ پاک ہم سب مسلمانوں کو رسول اللہ ﷺ کے عشق میں جینا اور مرنا نصیب فرمائے۔ آمین

بوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ

اصحاب محمد ﷺ حق کے ولی	بوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ
یاران نبیؐ میں سب سے جلی	بوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ
وہ شمع حرم کے پروانے	وہ ختم رسل کے دیوانے
بوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ	بوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ
اسلام نے جن کو عزت دی	اسلام کو قوت جن سے ملی
ایماں کی روایت جن سے چلی	بوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ
ترتیب خلافت بھی ہے یہی	ترتیب فضیلت بھی ہے یہی
لگتی ہے یہی ترتیب بھلی	بوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ
اس نظم کی خوشبو پھیلے گی	یہ خوشبو ہر سو پھیلے گی
گونجے گا یہ نغمہ گلی گلی	بوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ
یہ کتبہ حرم کی زینت ہے	یہ لوح و قلم کی زینت ہے
لکھ شاہ نفیسؔ اب اس کو جلی	بوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ

(حضرت اقدس سید نفیس شاہ صاحب الحسینی نور اللہ مرقدہ)

ذکر ماں اور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

الشیخ محمد علی عثمان مجاہد حفظہ اللہ

سیدنا عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ بعض غزوات سے لوٹ رہے تھے تو کچھ لوگوں کے پاس سے ہمارا گزر ہوا۔ ان لوگوں نے بتایا کہ وہ بھی مسلمان ہیں۔ (وہاں ہم نے دیکھا کہ) ایک عورت تنور میں آگ بھڑکا رہی تھی۔ اس عورت کا بچہ بھی وہاں موجود تھا۔ جب تنور سے آگ کے شعلے بلند ہوئے تو یہ عورت اپنے بچے کو پیچھے کر لیتی۔ پھر یہ عورت رسول کریم ﷺ کے پاس آئی اور دریافت کیا: ''یارسول اللہ (ﷺ)! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ کیا اللہ تعالیٰ سب سے بڑھ کر رحیم نہیں ہے؟'' فرمایا ''ہاں، اللہ تعالیٰ ارحم الراحمین ہیں''۔ پھر پوچھا: ''کیا اللہ رب العزت اپنے بندوں پر ماں سے بھی بڑھ کر رحم فرماتا ہے؟'' رسول کریم ﷺ نے فرمایا ''ہاں''۔ اس عورت نے دوبارہ سوال کیا: ''لیکن ایک ماں تو کبھی بھی اپنی اولاد کو جہنم میں نہیں پھینک سکتی''۔ اس سوال پر رسول کریم ﷺ نے سر جھکا لیا اور (جہنم کی آگ) کو یاد کر کے رونے لگے۔ پھر سر مبارک اٹھا کر فرمایا:

ان اللہ لا یعذب عبادہ الا المارد المتمرد الذی یتمرد علی اللہ وابی ان یقول: لا الہ الا اللہ۔

''بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے صرف ان لوگوں کو عذاب دیتا ہے جو سرکش اور متکبر ہوتے ہیں۔ یہ لوگ اس قدر نافرمان ہوتے ہیں کہ ''لا الہ الا اللہ'' کہنے سے بھی انکاری ہوتے ہیں''۔

(ابن ماجہ حدیث نمبر 4389)

جہنم کا مسافر

مجدی فتحی السید

ابن ابی حاتم نے بیان کیا ہے کہ میں نے اپنے والد کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ: ''بنو حنیفہ کا ایک وفد جو دس سے زائد افراد پر مشتمل تھا: یہ (الرجال) بھی ان میں شامل تھا۔ یہ سب لوگ مسلمان ہو گئے تھے۔ میں (ابن ابی حاتم) کہتا ہوں کہ یہ (الرجال) بعد میں مرتد ہو کر کفر کی حالت ہی میں قتل ہوا تھا''۔

سیف بن عمر نے ''الفتوح'' میں مخلد بن قیس سے بیان کیا ہے، انہوں نے کہا کہ فرات بن حیانؓ، الرجال بن عنفوہ اور ابو ہریرہؓ، یہ تینوں اشخاص رسول اللہ ﷺ کے ہاں سے باہر آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''ان میں سے ایک کی داڑھ جہنم میں جبل احد سے بھی بڑی ہو گی اور اس کی گدی دھوکے باز اور بے وفا کی ہے''۔

یہ بات ان حضرات تک بھی جا پہنچی۔ بعد میں ابو ہریرہؓ اور فراتؓ کو اطلاع ملی کہ ''الرجال'' قتل ہو گیا ہے۔ تو وہ اللہ کے حضور شکر بجالاتے ہوئے سجدہ ریز ہو گئے کہ کہیں ہم اللہ کے عذاب کا شکار نہیں ہو گئے اور رسول اللہ ﷺ کی پیشن گوئی کا مصداق ٹھہرے۔

''واقدی'' نے رافع بن خدیجؓ سے بیان کیا ہے کہ ''الرجال بن عنفوہ'' بہت زیادہ صاحب خشوع، کثرت سے قرآن کی تلاوت اور نیکیاں کیا کرتا تھا۔ اللہ کے رسول ﷺ کا اس کے بارے میں تبصرہ بڑا عجیب تھا۔ ایک دن یہ ہمارے ساتھ بیٹھا تھا کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لے آئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''ان لوگوں میں سے ایک آدمی جہنمی ہے''۔

رافعؓ کہتے ہیں ''میں نے غور سے دیکھا تو مجلس میں ابو ہریرہؓ، طفیلؓ بن عمرو اور الرجال بیٹھے تھے، میں دیکھتا اور تعجب کرتا رہا۔ جب قبیلہ بنو حنیفہ مرتد ہو گیا تو میں نے ''الرجال'' کے متعلق دریافت کیا کہ اس کا کیا بنا؟'' لوگوں نے بتلایا کہ وہ فتنہ میں مبتلا ہو گیا اور اس نے مسیلمہ کذاب کے متعلق گواہی دی اور اقرار کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اسے رسالت میں اپنا شریک .....سا جھی..... بنا لیا تھا۔

میں نے کہا: ''واقعی اللہ کے رسول ﷺ نے جو فرمایا وہ حق تھا''۔

لوگوں نے بتلایا کہ الرجال کہا کرتا تھا کہ:

''محمد اور مسیلمہ دو مینڈھے ہیں (نعوذ باللہ من ذالک) جنہوں نے

آپس میں سینگ لڑائے ہیں، ہمیں اپنا مینڈھا محبوب ہے"۔

شیخ عبدالقادر جیلانی پر شیطان کے داؤ

انتخاب: مولانا محمد عرفان صاحب

ایک مرتبہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ تہجد کی نماز پڑھ رہے تھے، اس دوران کمرے میں ایک زبردست قسم کا نور چمکا اور اس نور نے حضرت رحمۃ اللہ علیہ کو اور آس پاس کی تمام اشیاء اور پورے کمرے کو اپنے گھیرے میں لے لیا اور اس نور میں سے آواز آئی کہ "اے عبدلقادر! تو ہمارے ساتھ تعلق کے اس مقام تک پہنچ گیا کہ اب تیرے ذمے نہ نماز فرض ہے اور نہ روزہ فرض ہے۔ اب تو جو چاہے کر۔ اب تو ہمارے قرب کے مقام تک پہنچ گیا"..... حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے جواب میں فرمایا کہ "مردود دور ہو جا! ارے! حضور اقدس ﷺ قرب کے اعلیٰ مقام تک پہنچنے کے باوجود ان سے تو نماز ساقط نہیں ہوئی، مجھ سے کیسے ساقط ہو جائے گی؟ اس سے پتہ چلا کہ تو شیطان ہے اور مجھے بہکانے آیا ہے"۔ بس یہ کہنا تھا کہ وہ نور غائب ہو گیا۔

اس کے بعد دوسرا نور ظاہر ہوا۔ اس میں سے آواز آئی "اے عبدالقادر! آج تجھے تیرے علم نے بچا لیا ورنہ یہ وہ داؤ ہے جس کے ذریعے میں نے بڑے بڑے صوفیاء کو شکست دے دی اور ان کو گمراہ کر دیا"۔ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا "مردود! دور ہو جا..... مجھے میرے علم نے نہیں بچایا بلکہ مجھے میرے اللہ نے بچایا ہے۔ مجھے پھر دھوکہ دیتا ہے"۔ یہ دوسرا داؤ پہلے داؤ سے زیادہ خطرناک اور نازک تھا۔ اس لیے کہ اس کے ذریعہ ان کو اپنے علم پر ناز میں مبتلا کرنا مقصود تھا لیکن آپ رحمۃ اللہ علیہ اس داؤ سے بچ گئے اور آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ "مجھے اللہ کے فضل و کرم نے بچایا ہے"۔

چرواہے کی ایمانداری

انتخاب: حافظ عرفان

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ایک دن مدینہ کے قریب اپنے ساتھیوں کے ساتھ صحرا میں تھے اور بیٹھے کھانا کھا رہے تھے۔ وہاں سے ایک چرواہے کا گزر ہوا۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اُسے کھانے کی دعوت دی۔ چرواہے نے کہا "میں نے روزہ رکھا ہوا ہے"۔ سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما نے حیران ہو کر کہا کہ "اتنی شدت کی گرمی ہے اور تو نے روزہ رکھا ہوا ہے اور تم بکریاں بھی چرا رہے ہو"۔

پھر سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اُس کی دیانتداری اور تقویٰ کا امتحان لینا چاہا اور کہا: "کیا تم ان بکریوں میں سے ایک بکری ہمیں بیچ سکتے ہو؟ ہم تمہیں اس کی قیمت بھی دیں گے اور کچھ گوشت بھی دیں گے، جس سے تم اپنا روزہ بھی افطار کر سکتے ہو"۔ چرواہا بولا: "یہ میری بکریاں نہیں ہیں۔ یہ میرے مالک کی بکریاں ہیں"۔ سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما فرمانے لگے: "اپنے مالک سے کہنا کہ ایک بکری کو بھیڑیا کھا گیا"۔ چرواہا غصے میں اپنی انگلی آسمان کی طرف کر کے یہ کہتے ہوئے چل دیا: "پھر اللہ کہاں ہے؟"

ابن عمر رضی اللہ عنہما بار بار چرواہے کی بات کو دھراتے جا رہے تھے کہ: "اللہ کہاں ہے؟ اللہ کہاں ہے؟" اور روتے جا رہے تھے۔ اور جب سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مدینہ پہنچے، چرواہے کے مالک کو ملے۔ اُس سے بکریاں اور چرواہا خریدا اور اُسے آزاد کر دیا اور بکریاں بھی اُسے دے دیں اور اُسے کہا کہ "تمہارے ایک جملے نے تجھے آزاد کروا دیا (اللہ کہاں ہے)۔ اللہ سے دعا ہے کہ تجھے قیامت کے دن دوزخ کی آگ سے بھی آزاد کرے"۔..... سبحان اللہ

(الراوی: زید بن اسلم المحدث: الألبانی - المصدر: السلسلة الصحيحة - لصفحة أو الرقم: 469/7)

اسم "اللطیف" کے خواص

اس اسم کو سو مرتبہ پڑھنے سے مدعائے دل، جو کچھ ہو، بر آتا ہے اور وحشت تنہائی دفع ہوتی ہے اور سخت بیماری کی دوا ہے اور لڑکی کی شادی ہونے کو علاج بے بہا ہے۔ (حامد سلطان قادری)

maktabatulaarif.blogspot.com روحانی علوم پر عربی، اردو، فارسی اور انگریزی کتب حاصل کریں

خواتین سے متعلق کچھ احکام

حضرت مولانا عتیق الرحمٰن صاحب مدظلہ

اللہ تعالیٰ نے مردوں کو عورتوں پر حاکم بنایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

''مرد عورتوں پر حاکم ہیں''۔ (سورۃ النساء:34)

عورتوں کے ساتھ دین کے معاملہ میں نرمی کا برتاؤ کرنے کا حکم ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ: ''سب سے زیادہ تم میں اچھے وہ ہیں جو اپنی عورتوں کے ساتھ اچھے ہوں''۔ (ترمذی:1162)

اللہ تعالیٰ نے عورت کو پسلی سے پیدا فرمایا ہے۔ لہٰذا مردوں کو چاہئے کہ عورتوں کے معاملہ کو نرمی سے حل کریں کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے خواتین کو عزت بخشی ہے۔

اسلام کا کردار

اسلام خواتین کی حفاظت کرتا ہے۔ اسلام نے خواتین کو جو مرتبہ و عزت دی ہے، کسی اور مذہب نے نہیں دی۔ اللہ تعالیٰ نے خواتین کو پردہ کا حکم فرمایا ہے۔ عورت کو سر کے بالوں سے لے کر پاؤں کے ناخن تک تمام بدن کا پردہ کرنے کا حکم دیا ہے۔ اسلام میں پردہ کا حکم نازل ہونے سے پہلے بھی ازواج مطہراتؓ پردہ کی پابندی فرماتی تھی۔

ستر اور حجاب میں فرق

ستر اور حجاب دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ عورت کا چہرہ حجاب (پردہ) میں داخل نہیں ہے۔ ان کی یہ بات غلط ہے۔ عورت نماز پڑھنے کی حالت میں ہاتھ، پاؤں اور چہرہ کھول سکتی ہے۔ لیکن غیر محرم کے سامنے جانا پڑے تو سر سے پاؤں تک پردہ کرے گی۔ خواتین کو مروجہ مخلوط مجالس سے بھی بچنا چاہئے۔ حضرات صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنہن جب کسی مرد کے سامنے سے گزرتی تھیں تو باپردہ گزرتی تھیں۔

پردہ کی فکر ہو تو ایسی

جنت کی عورتوں کی سردار حضرت فاطمہؓ نے فوت ہونے کے بعد کی بھی فکر کی اور وصیت فرمائی کہ میرا جنازہ ایسی چیز (ڈولی وغیرہ) پر رکھنا کہ میں نظر نہ آؤں۔ (تاریخ طبری 599/11)

بچوں کی تربیت کا اہتمام

اسی طرح عورت کو چاہئے کہ اپنے بچوں کی تربیت اچھی طرح سے کریں۔ بچوں کو وہ لباس پہنانا مکروہ ہے جو ان کو بڑے ہونے کی حالت میں پہننا مکروہ ہے۔ اسی طرح عورت کو چاہئے کہ بچوں کو چلا چلا کر نہ پکاریں اور بچوں کو دین پر چلنے کی عادت ڈالیں۔ آج کل بچے گھروں میں بہت روتے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ گھروں میں جانداروں کی تصویریں لگی ہوتی ہیں جن کے سبب عذاب کے فرشتے گھر میں ہوتے ہیں اور رحمت کے فرشتے گھر سے چلے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں مکمل شریعت پر چلنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین

فہم ختم نبوت، خط و کتابت کورس

سکول و کالجز و دینی مدارس کے طلباء و طالبات
نیز تمام خواتین و حضرات کیلئے شاندار موقع

داخلہ جاری ہے | (داخلہ بذریعہ ایس ایم ایس بھی ہوسکتا ہے) | مفت

خط و کتابت کے ذریعے گھر بیٹھے عقیدۂ ختم نبوت سے مکمل آگاہی اور منکرین ختم نبوت کے عقائد و نظریات سے واقفیت حاصل کریں۔ داخلہ کیلئے سادہ کاغذ پر اپنا نام، ولدیت، تعلیم و پیشہ، فون نمبر اور ڈاک کا مکمل پتا لکھ کر ارسال کریں ایک لفافہ میں صرف ایک ہی درخواست بھیجیں۔ کورس مکمل کرنے پر ایک خوبصورت سند، جبکہ نمایاں کارکردگی پر شرکاء کو خصوصی تحائف دیئے جائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

رابطہ: دفتر مجلس احرارِ اسلام

جامع مسجد سیدنا ابوبکر صدیقؓ محلہ صدیق اکبر تلہ گنگ (غرب) ضلع چکوال

فون/فیکس: 0543-412201 ڈاکٹر محمد عمر فاروق 0300-5780390

(مولانا) تنویر الحسن 0300-4716780

ادائیگی قرض کیلئے نیت صاف اور اللہ سے مدد کی درخواست!

حضرت مولانا اظہار الحسن مدظلہٗ

گرامی قدر احباب!

یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ مجبوری کے وقت میں جو شخص آپ کے کام آیا، جس نے آپ کو قرض فراہم کیا، اس کا آپ کے اوپر بڑا حق ہے اور اس کے بارے میں ہمارے پیارے آقا ﷺ کا ارشاد زیرِ نظر ہونا چاہیے:

اِنَّمَا جَزَاءُ السَّلَفِ الْحَمْدُ وَالْوَفَاءُ (الجامع الصغیر)

''بلاشبہ قرض دینے والے کا حق یہ ہے کہ اسے بروقت پورا قرض شکریہ کے ساتھ واپس لوٹا دے''۔

اس کے ساتھ ہی یہ بات بھی ضروری ہے کہ ادائے قرض کے معاملات میں آپ کی نیت صاف اور معاملہ درست ہونا چاہیے۔ اس غرض سے آپ رسول اللہ ﷺ کی یہ مبارک دعا بکثرت پڑھتے رہا کریں..... ان شاء اللہ بے حد نفع ہوگا:

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ (جمع الجوامع)

ترجمہ: ''اے اللہ! مال حرام سے بچاتے ہوئے رزق حلال کے ذریعہ میری کفایت فرما اور اپنے فضل سے مجھے اپنے ماسوا سے، بے پرواہ کردے''۔

برکتوں کے حصول میں ادائے قرض، صاف نیت اور دعا کا کردار؟

اس بات کو دل میں اتارنے کے لیے حضور نبی کریم ﷺ کا یہ ارشاد کیا خوب ہے: ''جو شخص لوگوں سے اس نیت سے مالی قرض لیتا ہے کہ جلد ادا کردے گا تو اللہ تعالیٰ اس کا قرض جلد ہی اتار دیتا ہے اور جو شخص اس کے برعکس نیت سے قرض لیتا ہے، پھر اللہ اس کا قرض کبھی نہیں چکاتا''۔ (صحیح بخاری)

معلم اخلاق ﷺ کا یہ ارشاد بھی پیش نظر رہے:

''جب کوئی آدمی قرض لیتا ہے اور اللہ کو اس کی نیت معلوم ہے کہ یہ جلد ادا کرنا چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے وہ قرض دنیا میں ہی سبکدوش کر دیتا ہے''۔ (جمع الجوامع)

دوسری حدیث میں یہ الفاظ بھی ہیں: ''اللہ تعالیٰ اپنی مدد سے اس کا قرض دنیا میں ہی (یعنی موت سے پہلے) چکا دیتا ہے''۔ (مطلب یہ کہ وہ مقروض ہو کر نہیں مرتا) (السنن الکبریٰ للنسائی)

اور جس مسنون دعا کا تذکرہ ہم نے سطور بالا میں کیا ہے، یہ مبارک دعا ادائیگی قرض میں اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ اس کو پورے یقین سے بکثرت پڑھا جائے۔ اس کے متعلق حضرت علیؓ کو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا:

''اے علیؓ! کیا میں تمہیں وہ کلمات بتاؤں، جن کے پڑھنے سے اس بڑے پہاڑ جتنا قرض بھی اگر تم پر ہو تو، اللہ تعالیٰ اپنی مہربانی سے چکا دے گا''۔

یہ وہی مبارک دعا ہے:

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ (جمع الجوامع)

ترجمہ: ''اے اللہ! مال حرام سے بچاتے ہوئے رزق حلال کے ذریعہ میری کفایت فرما اور اپنے فضل سے مجھے اپنے ماسوا سے، بے پرواہ کردے''۔

چند گناہ اور ان کی سزائیں

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ

زکوٰۃ نہ دینے کی سزا بروز قیامت

جس مال کی زکوٰۃ نہ دی جائے، وہ سانپ کی شکل بن کر اس کے گلے میں بطور طوق ڈالا جائے گا۔ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ”ہے کوئی شخص جو نہ دیتا ہو زکوٰۃ اپنے مال کی مگر یہ کہ ڈال دیں گے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے گلے میں ایک اژدہا“۔ پھر آپ ﷺ نے اس تائید کے لیے قرآن پاک کی یہ آیت پڑھی وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ (ال عمران:۱۸۰)

روایت کیا ہے اس کو ترمذی نے۔

بدعہدی کی سزا بروز قیامت

بدعہدی بشکل جھنڈے کے متمثل ہو کر قیامت کے دن موجب رسوائی ہوگی۔ حضرت عمروؓ سے روایت ہے کہ میں نے سنا رسول اللہ ﷺ سے ”جو شخص پناہ دے کسی شخص کو ان کی جان پر، پھر اس کو قتل کر دے، دیا جائے گا اس کو جھنڈا، اس کی پشت پر گاڑ کر پکارا جائے گا هٰذِهٖ غَدْرَةُ فُلَانٍ یعنی یہ فلاں شخص کی بدعہدی ہے“۔

چوری اور خیانت کی سزا

چوری اور خیانت جس چیز میں کی ہوگی، وہ آلۂ تعذیب ہو جائے گی۔ ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت سرورِ عالم ﷺ کے واسطے ایک غلام ہدیہ میں بھیجا۔ اس کا نام مدعم تھا۔ وہ مدعم حضور ﷺ کا کچھ اسباب اتار رہا تھا کہ ایک تیر اس کو لگا، جس کا مارنے والے کو علم نہ تھا۔ لوگوں نے کہا کہ ”بہشت اس کو مبارک ہو“۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ”ہرگز ایسا نہ کہو۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، وہ جو کملی اس نے یوم خیبر میں لے لی تھی، تقسیم نہ ہونے پائی تھی، وہ آگ بن کر اس پر مشتعل ہو رہی ہے“۔

جب لوگوں نے یہ مضمون سنا، ایک شخص جوتے کے ایک یا دو تسمے واپس کرنے کو لایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا ”اب کیا ہوتا ہے۔ یہ ایک تسمہ یا دو تسمہ تو آگ کا ہے“۔ روایت کیا اس کو بخاری و مسلم نے۔

غیبت کی صورت مثالی

غیبت کرنے کی صورت مثالی مردہ بھائی کے گوشت کھانے کی۔ قال اللہ ”وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ“ (الحجرات:۱۲)

فرمایا اللہ تبارک تعالیٰ نے کہ ”نہ غیبت کرے کوئی تم میں سے کوئی کسی کی، کیا پسند کرتا ہے کوئی تم میں سے یہ کہ کھائے گوشت اپنے بھائی کا، جب کہ وہ مرا ہو، ضرور اس کو ناپسند کرو گے“۔ فقط اس وجہ سے غیبت خواب میں اسی شکل میں نظر آتی ہے۔

ڈائری تعویذات (نئی کتاب) رعایتی قیمت: **700** روپے

خوشخبری بہت عرصہ انتظار کرنے کے بعد علامہ ارشد حسن ثاقب مدظلہ کی نئی روحانی کتاب ڈائری تعویذات منظر عام پر آ گئی ہے

علامہ ارشد حسن ثاقب کے شاگرد عاملین کیلئے تعویذات کا ایسا تیار شدہ گلدستہ جو عاملین کیلئے کامیابی کی کلید اور آسیب و سحر کے مریضوں کیلئے شفاء و نجات کی نوید ہے

تالیف: علامہ ارشد حسین ثاقب امپورٹڈ کاغذ مضبوط جلد دیدہ زیب ٹائٹل

جنات کو جلانے کیلئے ☆ دھونی برائے آسیب و سحر ☆ فتیلہ برائے آسیب ☆ حفاظت کا نقش ☆ بچوں پر آسیب یا مسان ہو ☆ چار قل کا عددی نقش ☆ نقش بدوح ☆ جادو اور نظر بد سے حفاظت ☆ ظالم حاکم سے نجات ☆ تفریق وجدائی ☆ دشمن کو مغلوب کرنے کیلئے ☆ دشمن کو سزا دینے اور زیر کرنے کیلئے ☆ زباں بندی دشمناں ☆ دشمن کا سر نیچا کرنے کیلئے ☆ شوہر کو محبت میں گرفتار کرنا ☆ میاں بیوی کی ہم آہنگی ☆ محبت کا نقش ☆ خاوند کی پسندیدہ بیوی ☆ حل مشکلات کیلئے ☆ ہر قسم کی مشکلات کیلئے ☆ فتوحات و ترقی کا لاجواب نقش ☆ حاجات خود پوری ہوں ☆ دشمن سے حفاظت

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877

حضرت عبداللہ بن مبارکؒ اور خوفِ خدا

انتخاب: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے ساری زندگی رسول ﷺ کی حدیث پڑھائی۔ یہاں تک کہ ایک وقت میں چالیس چالیس ہزار شاگردان سے حدیث پڑھا کرتے تھے۔ جب وہ فوت ہونے لگے تو اپنے شاگردوں سے فرمایا کہ ''مجھے چار پائی سے اٹھا کر زمین پر لٹا دو''۔ نیچے نہ کوئی قالین تھا، نہ ہی کوئی فرش تھا اور نہ ہی کوئی سنگ مرمر لگا ہوا تھا۔ تاہم شاگردوں نے تعمیل حکم میں ان کو زمین پر لٹا دیا۔ یہ دیکھ کر طلباء کی چیخیں نکل گئیں کہ اتنے بڑے محدث اپنی داڑھی کو پکڑ کر اپنے رخسار کو زمین پر رگڑنے لگ گئے اور روتے ہوئے دعا کرنے لگے کہ:

''اے اللہ! عبداللہ کے بڑھاپے پر رحم فرمانا''..... اللہ اکبر..... جس نے ساری زندگی حدیث پڑھائی۔ اس نے یہ نہیں کہا کہ اے اللہ! میں نے حدیث کے درس دیے، میں نے لوگوں کو دین کی طرف بلایا، میں نے لوگوں کو نیکی کی طرف راغب کیا۔ کوئی عمل اس قابل نہیں سمجھا جو اللہ کے حضور پیش کر سکیں۔ بالآخر عاجزی کر رہے ہیں کہ ''اے اللہ! عبداللہ کے بڑھاپے پر رحم فرما''۔ وہ اپنے سفید بالوں کو پیش کرتے تھے کہ ''اے اللہ! کوئی عمل ایسا نہیں جو آپ کے سامنے پیش کر سکیں، آپ ہی مجھ پر رحم فرمایئے''۔

ہمیں بھی یہ چاہیے کہ اپنے گناہوں کو یاد کر کے اللہ تعالیٰ کے سامنے نادم ہوں اور اس کے ڈر کی دولت طلب کریں تا کہ گناہوں سے بچ سکیں۔ اس طرح مانگیں کہ جیسے ہمیں جو کچھ بھی ملنا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے در سے ہی ملنا ہے۔ اس در سے ہٹ کر ہم جائیں گے تو ہمیں کچھ بھی نہیں مل سکتا۔

سبحان اللہ وبحمدہٖ سبحن اللہ العظیم

امام ابوحنیفہؒ کا برائی کا بدلہ اچھائی سے دینا

انتخاب: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ بازار سے گزر رہے تھے۔ ایک شخص نے بھرے بازار میں امام صاحب کی شان میں گستاخی کی اور گالیاں دیں..... آپ رحمۃ اللہ علیہ نے غصہ کو ضبط فرمایا اور اس کو کچھ نہیں کہا اور گھر واپس آنے کے بعد ایک طشت میں کافی درہم اور دینار رکھ کر اس شخص کے گھر کے باہر تشریف لے گئے۔ دروازے پر دستک دی۔ وہ شخص باہر آیا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اشرفیوں کا یہ خوان اس کے سامنے رکھتے ہوئے فرمایا: ''آج تم نے مجھ پر بڑا احسان کیا۔ اپنی نیکیاں مجھے دے دیں۔ میں اس احسان کا بدلہ ادا کرنے کے لیے یہ تحفہ پیش کرنے آیا ہوں''۔

امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے اس معاملہ کا اس کے دل پر اثر ہونا ہی تھا۔ وہ آئندہ سے اس بری خصلت سے ہمیشہ کے لیے تائب ہو گیا اور امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے معافی مانگی اور آپ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت وصحبت میں علم حاصل کرنے لگا، یہاں تک کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کے شاگردوں میں ہو کر ایک بڑے عالم کی حیثیت اختیار کر لی۔

سبحان اللہ وبحمدہٖ سبحن اللہ العظیم

☆..... ہر آدمی کی اپنی ایک خصلت ہوتی ہے اور اچھے آدمی کی نیک خصلت وعادت ہوتی ہے۔ وہ کسی شر والی اور بری چیز کو بھی اچھی خصلت اور عمدہ طریقے سے دور کرتا ہے۔ اللہ کے صالح بندوں کی بھی ہمیشہ سے یہی روش رہی ہے۔ وہ برائی کا بدلہ بھی اچھائی سے دیتے ہیں۔ اس وجہ سے ان کے دل کے صدق واخلاص کا اثر دوسرے آدمی پر اس قدر ہوتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو گویا پگھلتا ہوا محسوس کرتا ہے۔

گناہ کا نقصان..... اطمینانِ قلب کا جاتا رہنا

ایک نقصان یہ ہے کہ گناہ کرنے سے قلب کا اطمینان جاتا رہتا ہے، کچھ پریشان سا ہو جاتا ہے، ہر وقت کھٹکا لگا رہتا ہے کہ کسی کو خبر نہ ہو جائے، کہیں عزت میں فرق نہ آ جائے، کوئی بدلہ نہ لینے لگے، میرے نزدیک معیشت ضنک بمعنی تنگ کے یہی معنی ہیں۔

(جزاء الاعمال)

سحر جبیں

تالیف: حافظ زاہد محمود سلامتپوری | دستی بیاض (فوٹو سٹیٹ) امپورٹڈ کاغذ

تعداد صفحات: 172 | قیمت: 750 روپے

تسخیر خلائق۔ طلسم جدائی۔ عمل سورۂ زلزال۔ عہد نامہ شیطانی۔ شہر بدر کرنا۔ عمل عداوت الم ترکیف۔ عمل محبت سورہ الناس۔ عمل درود ابراہیمی تسخیر خلق۔ عمل محبت سورہ فاتحہ۔ نقش قرآنی امام بوصیریؒ۔ طلسم حصار۔ حفاظت جان۔ عمل حب یونانی۔ طلسم سکندریہ۔ دعائے خضرؑ۔ تعویذ تخم مرغ سیاہ برائے محبت۔ طلسم حاضری محبوب۔ طلسم اخراج دشمن۔ اعمال سورۂ یٰسین۔ عمل سورہ فیل برائے تفریق۔ بندش زنا۔ محبت کا حرف۔ لوح نجات۔ جدائی کا دم۔ نکاح باندھنا۔ حب چال چکر۔ عمل کلمہ طیبہ۔ عمل غیر مسلم ہندو کرسچن۔ مردوں کی تسخیر کیلئے عطر۔ عورتوں کی تسخیر کا عمل۔ عمل گیدڑ سنگھی۔ تعویذ محبت سلیمانی۔ عمل حب سلیمانی۔ تسخیر مستورات پوشیدہ عمل۔ عمل تسخیر کا چلہ وغیرہ

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

آلۂ یکسوئی

حضرت انسان علم الخیال کی اتھاہ گہرائیوں کو سمجھنے کی کوشش صدیوں سے کر رہا ہے مگر جن علماء نے قوت خیال کو سمجھ لیا، انہوں نے بہت سے علوم کی بنیاد رکھی۔ اگر یہ کہا جائے کہ تمام روحانی علوم میں قوت خیال ہی کلید اعظم ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ قوت خیال تمام دنیاوی طاقتوں سے زبردست طاقت ہے۔ اجتماع خیالات سے ہی قوت ارادی اور تصور پختہ ہوتا ہے۔ پوشیدہ قلبی طاقتوں میں کامل عروج حاصل کرنے کے لیے خیالات کو کنٹرول کر کے نگاہ کو ایک نقطہ پر مرکوز کرنا نہایت ضروری ہوتا ہے اس کے بغیر یکسوئی کی مخفی طاقت حاصل نہیں ہو سکتی۔ قیامِ نگاہ ہی اصل راز ہے۔

آلہ یکسوئی بڑی محنت سے تیار کیا گیا ہے۔ جو خیالات کو کنٹرول کر کے نگاہ کو ایک نقطے پر مرکوز کر دیتا ہے اور انسان کے اندر غیب میں دیکھنے والی نگاہ کو متحرک کر کے ماورائی دنیا کو سامنے لے آتا ہے۔ عملیات میں یقینی کامیابی کے لیے آج ہی آلہ یکسوئی براہ راست ہم سے طلب فرمائیں۔ طریقہ استعمال تفصیلاً ہمراہ ارسال کیا جائے گا۔

قیمت 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ | قیمت بذریعہ کوریئر 970 روپے

منگوانے کا پتہ: روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور
رابطہ: 042-35410586, 0334-4312272

نمبر شمار	کتاب	قیمت
1	آپ کا برج	300
2	احکام النجوم (وقتی نجوم)	300
3	کتاب الرمل، کواکب، بروج وساعات	250
4	عملیات اسمائے ربی	350
5	تسخیر موکلات وحاضرات	300
6	علم الحروف	300
7	مفتاح الرموز واسرار الکنوز	300
8	السحر العجیب فی جلب الحبیب (۱)	400
9	السحر العجیب فی جلب الحبیب (۲)	350
10	السحر العجیب فی جلب الحبیب (۳)	350
11	سحر بارنوخ	350
12	مجربات خالد	300
13	اصول وقواعد عملیات	400
14	شفائے امراض	250
15	طلسمات زہرہ (عملیات تسخیر)	350
16	حروف نورانی	400
17	غایت الحکیم	400
18	الشجرۃ النعمانیۃ	400
19	اقوال امرضیۃ فی معرفۃ الاعمال الرملیۃ	250
20	اسباق دست شناسی	250
21	راہنمائے تل شناسی	250
22	ساعات حقیقی	250
23	کتب ابن عربی	300
24	خزینہ اعداد	300
25	مستحصلہ قادر الکلام	250
26	اسرار حیات	300
27	علم النفس	300
28	کتابی کورس علم تسخیر حاضرات موکلات وجنات (مکمل)	900

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

اسلام کا مطلب کیا ہے؟

شیخ الاسلام مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم کے ایک وعظ کی تلخیص

قرآن کریم میں اہلِ ایمان کو خطاب کر کے فرمایا گیا ''اے ایمان والو! اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان کے نقش قدم کی پیروی مت کرو''۔

سوچنے کی بات یہ ہے کہ جب ایمان لا چکے تو اسلام میں داخل ہونے کے کیا معنی؟ تو جو بات سمجھنے کی ہے وہ یہ کہ اسلام کیا ہے؟ یہ عربی زبان کا لفظ ہے۔ اپنے آپ کو کسی کے آگے جھکا دینا، کسی بڑی طاقت کے سامنے اپنا سر تسلیم خم کر دینا اور اپنے آپ کو اس کا تابع بنا لینا کہ وہ جیسا کہے، اس کے مطابق انسان کرے، یہ اسلام کے معنی ہیں۔ قرآن کی اصطلاح میں اسلام کے معنی یہ ہیں کہ انسان اپنے آپ کو اور اپنے پورے وجود کو اللہ تعالیٰ کے حکم کے آگے جھکا دے اور جب اللہ تعالیٰ کا کوئی حکم آجائے تو یہ نہ پوچھے کہ اس میں عقلی حکمت اور مصلحت کیا ہے؟ بلکہ اس کی تعمیل کرے اور جو حکم بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئے، اسے قبول کرو اور بے چون و چرا مان لو۔ اس لیے کہ تم اگر اللہ تعالیٰ کے حکم کو بے چون و چرا نہیں مانو گے بلکہ اپنی عقل اور سمجھ استعمال کر کے یہ کہو گے کہ یہ حکم تو بے کار یا بے فائدہ ہے یا یہ حکم انصاف کے خلاف ہے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تم اپنی عقل کے غلام بن کر رہ جاؤ گے۔

اسلام میں پورے داخل ہو جاؤ یعنی یہ نہ ہو کہ ایمان، عقیدے اور عبادات کی حد تک تو اسلام میں داخل ہو گئے، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ جیسی عبادات کر لیں لیکن جب بازار پہنچے تو وہاں مسلمان نہیں۔ حالانکہ اسلام محض عبادتوں کا نام نہیں بلکہ اپنی پوری زندگی کو اللہ تعالیٰ کے حکم کے تابع بنانے کا نام اسلام ہے۔ لہٰذا کامل مسلمان وہ ہے جو جہاں کہیں بھی ہو، مسلمان ہو۔

آج ہم مسجد میں مسلمان ہیں لیکن جب بازار میں پہنچے تو لوگوں کو دھوکہ دے رہے ہیں، امانت میں خیانت، دوسروں کو تکلیف اور ان کی دل آزاری کر رہے ہیں۔ تو یہ اسلام میں پورا داخل ہونا نہ ہوا۔ اس لیے کہ اسلام کا ایک چوتھائی حصہ عبادات ہیں۔ تین چوتھائی حصہ حقوق العباد سے متعلق ہے۔ لہٰذا جب تک انسان بندوں کے حقوق کا لحاظ نہیں رکھے گا، وہ اسلام میں پورا داخل نہ ہوگا۔

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ''(کامل) مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں''۔

لہٰذا دوسرے مسلمان کو تکلیف پہنچانا گناہِ کبیرہ ہے اور حرام ہے۔ مسلمان کا فرض یہ ہے کہ اپنی ذات سے کسی دوسرے کو تکلیف نہ پہنچائے۔ مثلاً آپ گاڑی لے کر جا رہے ہیں، آپ نے گاڑی ایسی جگہ کھڑی کر دی جو دوسروں کے گزرنے کی جگہ تھی، اب آپ تو یہ سمجھ رہے ہیں کہ ہم نے زیادہ سے زیادہ ٹریفک کے قانون کی خلاف ورزی کی ہے اور آپ اس کو دین کی خلاف ورزی اور گناہ نہیں سمجھتے۔ حالانکہ یہ صرف بداخلاقی کی بات نہیں بلکہ گناہِ کبیرہ ہے۔ یہ ایسا ہی گناہ ہے جیسے شراب پینا، بدکاری کرنا، گناہ ہے۔

حقوق العباد کا معاملہ نہایت سنگین ہے لیکن ہم لوگوں نے اس کو دین سے بالکل خارج کر دیا ہے۔ حالانکہ قرآن کریم تو کہہ رہا ہے کہ ''اے ایمان والو! اسلام میں داخل ہو جاؤ، آدھے نہیں بلکہ پورے کے پورے داخل ہو جاؤ''۔ تمہارا وجود، تمہاری زندگی، تمہاری عبادت، تمہارے معاملات، معاشرت، اخلاق..... ہر چیز اسلام کے اندر داخل ہونی چاہیے۔ ان کے بغیر تم صحیح اور کامل مسلمان نہیں بن سکتے ہو۔ یہی وہ چیز تھی جس کے ذریعے درحقیقت اسلام پھیلا ہے۔ کہ اسلام محض تبلیغ سے نہیں پھیلا' بلکہ اہل اسلام کی سیرت و کردار سے پھیلا ہے۔ مسلمان جہاں بھی گئے' انہوں نے اپنی سیرت و کردار کا لوہا منوایا جبکہ آج ہماری سیرت و کردار دیکھ کر لوگ اسلام سے متنفر ہو رہے ہیں۔

میں آپ حضرات سے گزارش کرتا ہوں کہ 24 گھنٹوں میں سے کچھ وقت دین کی معلومات حاصل کرنے کے لیے نکالیں۔ مستند کتب خود اور گھروں میں پڑھنے سنانے کا معمول بنائیں۔ آج مشکل یہ ہے کہ ہم لوگ دین کی تعلیمات سے واقف نہیں۔ اگر ہم اس طرح کا معمول بنالیں تو ان شاء اللہ بہت فائدہ ہوگا اور ہمارے دلوں میں دین پر چلنے کا جذبہ پیدا ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان باتوں پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(اصلاحی خطبات جلد 9)

یَاصَمَدُ کے خواص اور اثرات

مولانا نظر شاہ کشمیری زید اللہ مرقدہ

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد ۱۳۴ ہیں اور بعض کے نزدیک جلالی ہے۔

مخلوق سے استغناء

اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے استغناء طبیعت میں قائم کرنے کے لیے سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ وظیفہ پڑھے۔

پریشانی دور ہو

پریشانی دور کرنے کے لیے اکتالیس (۴۱) مرتبہ اس کا وظیفہ پڑھے۔

ہر مشکل حل ہو

حل المشکلات کے لیے ہر روز ظاہری اور باطنی طہارت کے ساتھ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔

اخلاقِ حمیدہ کا حصول

صبح کے وقت یا آدھی رات گزر جانے کے بعد سجدے میں جا کر ایک سو پندرہ (۱۱۵) مرتبہ پڑھے تو جھوٹ، غیبت، عیب جوئی کی بجائے سچائی دل میں سما جائے اور علم معرفت حاصل ہو۔

ظالم کے پھندے سے نجات

اگر کوئی کسی ظالم کے پھندے میں گرفتار ہو اور اس سے رہائی پانے کی فکر ہو تو اَللّٰہُ الصَّمَدُ ایک ہزار گیارہ (۱۰۱۱) مرتبہ روزانہ وظیفہ پڑھے اور دعا کرے۔

اسرار الٰہی کھل جائیں..... مرتبہ ولایت کا حصول

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس پر اسرار الٰہی کھل جائیں اور دین و دنیا سے بے نیازی اور یکتائی حاصل ہو تو وہ ظاہر و باطن کی صفائی کے ساتھ آٹھ ہزار (۸۰۰۰) مرتبہ روزانہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ کا وظیفہ پڑھے۔ اللہ نے چاہا تو کچھ دنوں بعد مرتبہ ولایت کو پہنچ جائے۔

اللّٰھم ارزقنا بوجه نبيك الكريم صلى الله عليه وسلم

ظاہر و باطن کی اصلاح

جو شخص آدھی رات کے بعد یا صبح اندھیرے میں ایک سو پندرہ (۱۱۵) مرتبہ الواحد الصمد پڑھے، ظاہر و باطن اس کا درست ہو جائے۔

ظالم سے حفاظت

جو شخص آدھی رات کے بعد یا صبح اندھیرے میں ایک سو پندرہ (۱۱۵) مرتبہ الواحد الصمد پڑھے، کسی ظالم کے پھندے میں نہ پھنسے۔

مقامِ صدق و صدیقیت کا حصول..... بھوک اثر نہ کرے

اگر کوئی ایک سو پچیس (۱۲۵) بار آخر رات میں یَاصَمَدُ پڑھے تو صدق و صدیقیت کے آثار ظاہر ہوں اور جب تک پڑھتا رہے بھوک اثر نہ ہو۔

بغیر کوشش کے رزق میں اضافہ ہو

اگر کثرت سے پڑھے کبھی بھوکا نہ ہو اور بغیر سعی کے رزق میں اضافہ ہو۔

خلقت سے بے پرواہ و بے نیاز ہو

اگر وضو کی حالت میں پڑھے تو خلقت سے بے پرواہ اور بے نیاز ہو جائے۔

الصمد کا نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۴۴	۴۹	۴۱
۴۲	۴۵	۴۷
۴۸	۴۰	۴۶

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دم سے جنون کا علاج

از شیخ ابوالجلال الدین حفظہ اللہ

حضرت ابی بن کعبؓ فرماتے ہیں کہ میں آپ ﷺ کے پاس تھا کہ اس دوران ایک دیہاتی شخص آیا اور کہنے لگا ''اے اللہ کے نبی ﷺ! میرا بھائی تکلیف میں مبتلا ہے''۔ آپ ﷺ نے پوچھا کہ ''اس کو کیا تکلیف ہے؟'' تو کہنے لگا کہ ''اس کو جنون کا مرض ہے'' تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''اس کو میرے پاس لے آؤ''۔ (جب وہ لایا گیا) تو آپ ﷺ نے ان کو اپنے سامنے بٹھایا اور اس پر مندرجہ ذیل آیات اور سورتیں پڑھ کر دم کی۔

(اخرجہ عبداللہ بن احمد فی زوائد المسند)

(۱)..... بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۲ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝۳ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝۴ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝۵ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝۶

(۲)..... الٓمّٓ ۝۱ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝۲ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝۳ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝۴ (البقرہ: ۱تا۴)

(۳)..... وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝۱۶۳ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝۱۶۴ (البقرہ: ۱۶۳تا۱۶۴)

(۴)..... اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝۲۵۵ (البقرہ: ۲۵۵)

(۵)..... لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۭ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۲۸۴ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝۲۸۵ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَي الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۡ وَاغْفِرْ لَنَا ۡ وَارْحَمْنَا ۡ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝۲۸۶ (البقرہ: ۲۸۴تا۲۸۶)

(۶)..... شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَاۗىِٕمًۢا بِالْقِسْطِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۱۸ (آل عمران: ۱۸)

(۷)..... اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَي الْعَرْشِ ۡ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ۭ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ۭ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۵۴ (الاعراف: ۵۴)

(۸)..... فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ

الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ (المؤمنون: ۱۱۶۔۱۱۸)

(۹).....وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ﴿۳﴾ (الجن: ۳)

(۱۰).....وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨالْكَوَاكِبِ ﴿۶﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ﴿۸﴾ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ (الصافات: ۱تا۱۰)

(۱۱).....هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ (الحشر: ۲۲تا۲۴)

(۱۲).....قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ﴿۲﴾ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ﴿۳﴾ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

(۱۳).....قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

(۱۴).....قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

علم الدفاع کورس

یہ کورس اُن عاملین کے لئے ہے، جو جادو اور جنات کے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔ اور ساتھ ہی عوام کے لئے بھی انتہائی مفید ہے جو جادو زدہ ہیں یا پھر جنات نے ان کا جینا دشوار کیا ہوا ہے۔

اس کورس کے دو درجے ہیں۔ ایک ''ابتدائی'' جو عاملین کے ساتھ عوام کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ دوسرا درجہ ''ماہر'' کا ہے، جو صرف عاملین کے لئے خاص ہے۔

سخت جادو اور جنات کے علاج کے لئے مضبوط دفاع کا ہونا لازم ہے۔ ورنہ علاج کرنے والے کو خود بھی بہت نقصان ہوتا ہے اور اس کے گھر والوں اور زیر استعمال اشیاء کو بھی زبردست نقصان ہوتا ہے۔

علم الدفاع کورس کرنے والے کے اردگرد مضبوط حصارات قائم ہو جاتے ہیں۔ جب بھی کسی ایسی جگہ جانا ہو جہاں یہ جادو یا جنات وشیاطین کا بسیرا ہو تو وہ ایسے فرد سے دور بھاگتے ہیں اور مقابلہ کرنے سے کتراتے ہیں۔ اگر ماہر کورس کیا ہوگا تو عامل کے آس پاس مضبوط جنات کا پہرا لگ جاتا ہے۔ اور بڑے بڑے علاج میں بھی باآسانی کامیابی ملتی ہے۔ مخالف لڑے بغیر ہی میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔

جو لوگ عاملین پر ہزاروں روپے برباد کر چکے ہیں، ان کو چاہئے کہ گھر میں سے کوئی ایک فرد علم الدفاع کا کورس کرے اور اپنے گھر کا دفاع کرے۔ جب تک جنات اور جادو کی روک نہ کی جائے، علاج سے مکمل فائدہ نہیں ہوتا۔ مضبوط حصار کی وجہ سے فوری روک لگائی جاسکتی ہے۔ پھر عام علاج بھی فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

ابتدائی کورس: 5000 | **ماہر کورس: 10000**

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7727772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

کشائش رزق اور قرض سے یقینی نجات

انتخاب: مولانا علی آفاق صاحب

آج کے دور میں شاید ہی کوئی ایسا فرد ہو جو رزق میں وسعت اور گشادگی، برکت اور فتوحات غیبی کا خواہاں نہ ہو۔ مگر صرف خواہشِ وسعت کافی نہیں ہے۔ رزق کی وسعت کا دارومدار انسان کے نیک اعمال، معصیت سے بچنا، نیکی اور تقویٰ کا اختیار کرنا، قرآن پاک کی آیات مبارکہ کی رُو سے رزق کی وسعت وکشادگی کا یقینی سبب ہیں۔ استغفار کی کثرت، تقویٰ کا اہتمام اور نماز کی باجماعت پابندی رزق کو ایسے کھینچتے ہیں جیسا کہ مقناطیس لوہے کو کھینچتا ہے۔

لہٰذا ان اعمال کی پابندی اور اہتمام کے ساتھ تو اللہ کی رحمت سے قوی امید اور حسن ظن کے ساتھ ساتھ بارہا کا مجرب ہے کہ رزق میں وسعت و گشادگی نصیب ہوتی ہے اور قرض کے مرض سے ہمیشہ کے لیے نجات حاصل ہوتی ہے۔

یہ عمل حضرت مولانا علیم اللہ مظاہریؒ کا ہے۔ ہر اسلامی مہینے کے پہلے اتوار سے عمل کی ابتداء کی جائے اور آئندہ ہفتے کو عمل مکمل کیا جائے۔

اول وآخر 11 مرتبہ درود شریف

اتوار کے دن سورۃ فاتحہ 70 مرتبہ

پیر کے دن سورۃ فاتحہ 60 مرتبہ

منگل کے دن سورۃ فاتحہ 50 مرتبہ

بدھ کے دن سورۃ فاتحہ 40 مرتبہ

جمعرات کے دن سورۃ فاتحہ 30 مرتبہ

جمعہ کے دن سورۃ فاتحہ 20 مرتبہ

ہفتہ کے دن سورۃ فاتحہ 10 مرتبہ

یہ عمل 7 ماہ جاری رکھیں اور 7 ماہ کی پابندی کے بعد ہر نماز کے بعد سورۃ فاتحہ 7 مرتبہ کا معمول ہمیشہ کے لیے جاری رکھیں۔

عام اجازت والے مفید اعمال

حسب مرضی جگہ شادی کے لئے

اگر کسی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے اور لڑکی والے بلاوجہ انکار کرتے ہے حالانکہ جوڑ بھی صحیح، لڑکا شکل وصورت اور ملازمت کاروبار میں ٹھیک ہے تو اس کے لئے یہ عمل کرے۔ عشاء کی نماز کے بعد جب سب لوگ سو جائیں تو دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور تشہد کی ہیئت (شکل) میں قبلہ کی طرف رخ کر کے بیٹھے اور حضور قلب سے مندرجہ ذیل آیت چار سو پچاس (۴۵۰) مرتبہ پڑھے اور اپنے مطلوب کا تصور کرے، جب یہ تعداد پوری کر لے تو سات مرتبہ حزب البحر (دعائے حزب البحر) پڑھے۔ اسی طرح روزانہ کرتا رہے، ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔ آیت یہ ہے:

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (آل عمران:۱۷۳)

روٹھی بیوی واپس آئے.....اولاد فرمانبرداری کرے

اگر کسی شخص کی بیوی یا بچے نافرمانی کرتے ہیں، ان کے دل میں محبت پیدا کرنے کے لیے مندرجہ ذیل آیتیں باوضو لکھے اور ساتھ ہی شروع میں بسم اللہ شریف بھی لکھے۔ اور ایک ڈبہ میں یا بوتل میں بند کر کے اس کے چاروں طرف اور بوتل کے منہ پر موم لگائے اور موم اس کے اوپر لگائے اور اس پر نام طالب اور مطلوب بمعہ نام والدہ کے لکھے اور کالے کپڑے میں لپیٹ کر دو پتھروں کے درمیان ایسی اندھیری جگہ دبائے جہاں پر سورج کی روشنی نہ پہنچتی ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ روٹھ کر گھر سے جانے والی عورت واپس آجائے گی۔ اولاد فرمانبرداری کرے گی۔ وہ آیتیں یہ ہیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ

﴿سُوْرَةُ النُّوْرِ:۴۰﴾

پتھر دل محبوب کو دیوانہ کریں

صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ

سورہ فیل باموکل کا عمل حُب، یہ ایک ایسا عمل ہے جو پتھر سے پتھر دِل مطلوب ومحبوب کو اپنی محبت میں دیوانہ وار کرنے کا مجرب المجرب تاثیر میں ڈوبا ہوا عمل ہے۔ مگر جائز جگہ استعمال کریں۔ اس عمل کے اثرات اتنے قوی الاثر ہیں کہ ایک ہفتہ میں مقصد پورا ہوجاتا ہے۔ عمل میں جو سورہ فیل باموکل تلاوت کی جاتی ہے وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ اَجِبْ یَااِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ۔ وَیَا حَرْوَزَائِیْلُ بِحَقِّ فَعَلَ۔ وَیَا اَمْوَاکِیْلُ بِحَقِّ رَبُّكَ۔ وَیَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ بِاَصْحَابِ الْفِیْل۔ وَیَا طَا طَائِیْلُ بِحَقِّ اَلَمْ یَجْعَل۔ وَیَادَرْدَائِیْلُ بِحَقِّ کَیْدَھُمْ۔ وَیَاسَرْحَمَائِیْلُ بِحَقِّ فِیْ تَضْلِیْلٍ۔ وَیَارَفْتَمَائِیْلُ بِحَقِّ وَاَرْسَلَ عَلَیْھِمْ۔ وَیَا اِسْمَاعِیْلُ بِحَقِّ طَیْرًا اَبَابِیْلُ۔ وَیَاعِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ تَرْمِیْھِمْ۔ وَیَایَاتَنْکَفِیْلُ بِحَقِّ بِحِجَارَةٍ۔ وَیَا رَوْیَائِیْلُ بِحَقِّ مِنْ سِجِّیْل۔ وَیَا کَلْکَائِیْلُ بِحَقِّ فَجَعَلَھُمْ۔ وَیَالَوْخَائِیْلُ بِحَقِّ کَعَصْفٍ مَّاکُوْل۔ اَلْقُوْ اَلْمُحَبَّتَ وَالْمُوَدَّةَ فِیْ قَلْبَ فلاں بن فلاں وَعَقْدُوْنَوْمَھَا۔ اَلْعَجَلْ اَلسَّاعَةَ اَلْوَاحَا۔

ترکیب نمبر1

نوچندی شب اتوار سے شروع کریں۔ بخور گوگل وکندر کا روشن کریں۔ خلوت کی شرط کے ساتھ عمل کی مدت صرف ایک ہفتہ ہے۔ شہد کی مکھی کے چھتے کا موم لے کر اس سے ایک ہاتھی بنا کر اسے سیاہ روشنائی سے کالا کردیں۔ اور ہاتھی کا منہ خانہ مطلوب ومحبوب کی طرف کریں۔ اعداد اسم مطلوب کے مطابق مندرجہ بالا سورہ فیل باموکل روزانہ پڑھ کر سندور چٹکی پر دم کرکے ہاتھی پر ڈال دیں اور ہاتھی پر بھی دَم کریں۔ پھر آخر میں اکتالیس بار یہ کہیں: ''آج رات فلاں بنت فلاں کے پاس جا اور اِسے میری محبت میں سونے نہ دے۔''

روزانہ بعد از نماز عشاء اسی طریقہ سے عمل کریں۔ خلوت خانہ میں کوئی اور نہ جائے اور نہ ہی ہاتھی کی جگہ تبدیل کریں۔ ان شاء اللہ پہلی رات سے ہی ہاتھی مطلوب کو سونے نہ دے گا اور ایک ہفتہ کے اندر اندر سخت گیر حاکم کو بھی مسخر کیا جاسکتا ہے۔ حُب کے سخت ترین اعمال میں سے ہے۔ جہاں نرمی سے کام نہ نکل سکے وہاں یہ عمل کام دیتا ہے۔ اور مطلوب کے دِل میں طالب کی ایسی ہیبت طاری ہوتی ہے کہ مطلوب ہمیشہ کے لیے مغلوب ہوجاتا ہے اور کبھی نافرمانی نہیں کرتا۔

ترکیب نمبر2

ماش سیاہ کے آٹے سے لمبے دانتوں والا ہاتھی بنائیں اور اس پر فیل بان بھی بنا کر بٹھائیں۔ دونوں پر سیاہ رنگ کردیں۔ مطلوب کا پتلا بھی ماش کے آٹے سے بنائیں۔ فیل بان کی پیشانی پر اسم طالب مع والدہ لکھیں۔ اگر خود اپنے لیے عمل کریں تو فیل بان کی پیشانی پر اپنا نام مع والدہ تحریر کریں۔ اور پتلے کی پیشانی پر نام مطلوب مع والدہ تحریر کریں۔

ہاتھی کا رُخ جنوب کو ہو اور دانت مطلوب کے سینے میں لگے ہوں اور مطلوب ہاتھی کے سامنے گرا ہوا ہو۔ روزانہ خلوت میں صرف تہمند باندھ کر داخل ہوں۔ بخور مذکورہ روشن کریں اور روزانہ نماز عشاء کے بعد مذکورہ سورہ ایک سو انچاس مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔ اور آخر میں کہیں: ''جب تک میری فرماں برداری نہ کروگے اِسی حالت میں رہوگے۔''

عمل کی مدت ایک ہفتہ یعنی آٹھ یوم ہے۔ ان شاء اللہ مطلوب ایک ہفتہ کے اندر طالب کے قدموں میں آکر گرے گا۔ اس عمل سے پہلی ہی رات میں مطلوب طالب کو ہاتھی پر سوار خود پر حملہ آور دیکھتا ہے اور خواب وخیال میں مطلوب کو طالب اسی طرح دکھائی دیتا ہے۔ باموکل عمل ہے، ناجائز استعمال رجعت سے خالی نہیں ہے۔ اجازت حاصل کئے بغیر عمل شروع نہ کریں۔

دعوت سورۂ مزمل

حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم العالی

یہ طریقہ حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ سے منسوب ہے۔ حضرت نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ سلسلہ قادریہ چشتیہ کے مستجاب الدعوات ولی تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اس عمل کا فیض بھی پوری طرح اٹھایا تھا۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس عمل کا پابند رہے گا، بڑے بڑے حکماء اور افسران اس کے سامنے گردن جھکانے پر مجبور ہوں گے۔ مہمات وفتوحات میں اس کو کامیابی ملے گی اور جس کے لیے بھی دعا کرے گا، قبول ہوگی۔ اس عمل کی پابندی سے انسان درجۂ ولایت کو پہنچتا ہے اور اس پر روحانی دولتوں کی موسلا دھار بارش برستی ہیں۔

دعوت سورۂ مزمل کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کی گیارہ تاریخ کو، بشرطیکہ چاند عقرب میں نہ ہو، نصف شب میں غسل کرکے نیا لباس پہن کر پاک صاف لباس پہن کر کپڑوں کو عطر سے معطر کرکے اس عمل کی شروعات کریں اور یہ لباس جو پہلی رات پہنیں گے، اسی عمل کے لیے مخصوص کردیں۔ عشاء کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد تنہائی میں اس عمل کی شروعات کریں۔ اوّل گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مَعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَ الْحِلْمِ وَ الْحِکَمِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ اس کے بعد سورۂ مزمل کی تلاوت شروع کریں۔ جب آیت رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ تک پہنچیں تو اس آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ یَارَبُّ یَاوَ کِیْلُ پڑھیں اور گیارہ مرتبہ یہ پڑھیں یَا رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ بِھَا فِیْ جَمِیْعِ الْاُمُوْرِ وَ کِیْلًا۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ بِھَا بِقَضَآءِ وَحَوَائِجِنَا کَفِیْلًا۔

اس کے بعد گیارہ مرتبہ یَارَبُّ یَاوَ کِیْلُ یَارَبُّ یَا کَفِیْلُ۔ باقی سورۃ کی تلاوت مکمل کریں۔ اس کے بعد پھر اسی طرح سورۂ مزمل کو دوبارہ پڑھیں اور اس طرح گیارہ مرتبہ اس عمل کو دہرائیں۔ گیارہ مرتبہ پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ پہلے والا درود شریف پڑھیں۔ عمل کے اختتام پر اللہ سے دعا کریں اور اسی جگہ سو جائیں۔ لیکن عمل والا لباس اتار دیں۔ اس لباس کو صرف عمل کے وقت پہنیں۔ اگر اس عمل کو مسجد میں کریں تو ٹوپی یا پگڑی ضرور سر پر رکھیں۔ اگر اس عمل کو گھر میں کریں تو ننگے سر کریں۔ جس دن یہ عمل کریں، اس دن کھڑے ہوکر عمل کریں۔ اگلے دن سے بیٹھ کر عمل کریں لیکن چلّے کے دوران جب بھی وہ دن آئے، جس دن عمل شروع کیا تھا، اس دن کھڑے ہوکر ہی عمل کریں۔

مثلاً جمعہ کی شب میں عمل شروع کیا تھا تو ہر جمعہ کی شب میں عمل کھڑے ہو کر کرنا ہے۔ باقی راتوں میں بیٹھ کر کرنا ہے۔ آخری دن جو بھی دن ہو، اس دن بھی کھڑے ہوکر یہ عمل کرنا ہے۔

چالیس (۴۰) دن گزرنے کے بعد روزانہ اس عمل کو صرف تین (۳) مرتبہ کریں۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے تمام دعائیں قبول ہوں گی اور عامل جس کے لیے بھی اور جس مقصد سے بھی دعا کرے گا، قبول ہوگی۔ دوران چلّہ اگر پرہیز جلالی کرلیں تو ایسے مشاہدات عامل کو ہوں گے کہ عقل حیران ہوگی۔ مبشرات کے ذریعہ بشارتیں ہوں گی اور بزرگان دین کی روحانی توجہ سے عامل مسلسل بہرہ ور ہو گا۔

دعوت سورۂ مزمل کا یہ عمل اکثر اولیاء کے معمولات میں شامل رہا ہے اور اس عمل کے ذریعہ انہوں نے اللہ کے بندوں کی زبردست روحانی خدمت کی ہے۔ اس عمل کے بعد اگر عامل کسی مریض کے سر پر اپنا ہاتھ رکھ کر دعا کرے گا تو مریض شفایاب ہوجائے گا۔ مریض کیسا بھی ہو، عامل کی دعا کی برکت سے مریض کو شفاء اور صحت نصیب ہوگی۔

اس عمل کے بعد عامل جس مقصد کے لیے بھی اپنے ہاتھ اٹھائے گا، پروردگار عالم اس کی دعا کو قبول کریں گے اور اس کو مستجاب الدعوات ہونے کا شرف حاصل ہوجائے گا۔

عامل کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ رزقِ حلال کا خود کو پابند بنائے اور اپنی زبان کو جھوٹ، غیبت، تہمت اور فضول باتوں سے محفوظ رکھے تاکہ عمل کی تاثیر میں رخنہ پیدا نہ ہو۔ دعوت سورۂ مزمل ایک عظیم دولت ہے۔ اور اس دولت سے ہر صاحب ایمان کو مستفیض ہونا چاہیے۔

مفتیان اور علمائے کرام کے لیے بغیر فیس اعمال کی تفصیل darulamal.org/ruhanidarsgah/ulma_muftian.htm

عاملین کیلئے حُب کے خاص اور مجرب اعمال کی بیاض

عاملین یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ حُب کے اعمال کے لوگ دعوے تو بہت کرتے ہیں، مگر کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ ''کھودا پہاڑ، نکلا چوہا''۔ کئی عامل بہت چکر لگوانے پر بھی اصل عمل نہیں دیتے۔

دارالعمل چشتیہ کی طرف سے ایسے حُب کے متلاشی عاملین کے لئے ایک روحانی تحفہ جس میں چند ایسے اعمال ہیں جو عرصہ سے ہمارے استعمال میں ہیں اور بعض اعمال کے پیچھے باقاعدہ مخلوق بھی ہے۔ مخلوق ہمارے پاس رہے گی، عامل صرف اس سے استفادہ کر سکیں گے۔

بیاض کے حصول کے لئے نقد ھدیہ ادا کرنا شرط ہے۔ اجازت یافتہ عامل ان اعمال کو اعتماد سے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ بیاض ہر کسی کو نہیں دی جائے گی۔ جن پر اطمینان ہوا، صرف ان عاملین کو ہی دی جائے گی۔

اجازت کے لئے عوام الناس رابطہ نہ کریں۔ ھدیہ 11,000 روپے

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور۔

مولانا عرفان 0321-4661681 دوپہر 2 تا 5 (علاوہ جمعہ و اتوار)

گھر بیٹھے "اسمِ اعظم کورس" کریں

اسمِ اعظم کو عموماً صرف نام کے اعداد نکال کر ہی معلوم کیا جاتا ہے اور بہت سے پہلو نظر انداز کر دیے جاتے ہیں جن کی وجہ سے اس اسمِ اعظم کا خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوتا۔ اسمِ اعظم معلوم کرنے کے لئے متعدد پہلو مدِ نظر رکھنے پڑتے ہیں۔ تب جا کر اسمِ اعظم صحیح طور پر معلوم ہوتا ہے۔ اس کورس کو کرنے کے بعد آپ ماہرانہ طور پر اسمِ اعظم معلوم کر سکیں گے۔ اسمِ اعظم کو استعمال کرنا، پڑھنا اور اس کی مختلف طرح سے چلّہ کشی کرنے کے طریقے بھی سیکھ سکیں گے۔ کورس کی فیس: روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لئے 2100 روپے، رسالے کے ممبران کے لئے 2600 روپے، غیر ممبران کے لئے 3100 روپے۔

نوٹ: صرف موجودہ ممبران اور طالب علم رعایت لے سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

"انسان کا کام تدبیر کرنا ہے نتیجہ مرتب کرنا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، لہٰذا رجوع الی اللہ کبھی نہ چھوڑیں"

سفر اور رزق کی بندش: کاروبار نہ چلنا، ملازمت کا نہ ملنا یا مل کر چھوٹ جانا، کاموں کے بنتے بنتے بگڑ جانا، بیرون ملک جانے میں رکاوٹ اور بندش کا سامنا۔

گھریلو مسائل: خاوند، بیوی اور بچوں میں ناچاقی اور طلاق تک نوبت۔

رشتوں کی بندش: جوان اولاد کے رشتے نہ ملنا، پسند نہ آنا یا پسند کے بعد انکار ہو جانا، منگنی کے بعد نکاح یا نکاح کے بعد رخصتی میں رکاوٹ۔

صحت کی بندش: بیماری کا علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہونا یا بار بار بیمار ہونا، تمام لیبارٹری ٹیسٹ کے درست ہونے کے باوجود بھی صحت کا بحال نہ ہونا۔

اولاد کی بندش: اولاد کا نہ ہونا یا پیدا ہو کر مر جانا، پیدائشی طور پر بچوں میں مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہونا، صرف لڑکیاں ہی پیدا ہونا، نرینہ اولاد کیلئے۔

اولاد کی مسائل: نافرمانی، بدزبانی، دیگر غلط عادات اور سوسائٹی کے شکار افراد۔

معاشرتی مسائل: قرض کی ادائیگی، کسی شخص کا جائز کام میں رکاوٹ بننا، قرض واپس نہ کرنا، دشمن ہو جانا، پیسے یا چیزیں مثلاً دکان، مکان پر قبضہ کر لینا وغیرہ۔

تدبیر ہماری تقدیر تمہاری

کشائش رزق، بندش کاروبار، بندش رشتہ و ہر قسم کی بندش اور تمام پریشانیوں کے حل کیلئے اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔

نوٹ ملاقات کیلئے فون پر وقت ضرور طے کر لیں

اب مولانا صاحب ہفتہ کے 7 دن مریضوں سے ملاقات کریں گے۔

طبیب روحانی و جسمانی

مولانا ڈاکٹر علی آفاق

(ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس)

خیر و برکت:۔

گھر، دکان، فیکٹری اور دفتر کی خیر و برکت کیلئے

Mobile: 0321-4168008

www.afaqspiritualclinic.com

facebook.com/afaqspiritualclinic

77/C، ماڈل ٹاؤن لاہور۔

تسخیرِ شاہِ جنات

صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ

{جنات کو تسخیر کرنے کا طریقہ بتایا جارہا ہے لیکن اس عمل کو کرنے کے لیے اپنے مرشد سے اجازت حاصل کرنا ہوگی، بلاسوچے سمجھے عمل نہ کریں}

عملیات کی دنیا میں آج کل ہر شخص موہنی منتر، سندونی کی تسخیر، جادو کا آئینہ، سلیمانی ٹوپی، غائب ہونے والی انگشتری، تسخیرِ ہمزاد، تسخیرِ مؤکل یا تسخیرِ ارواح کی خواہش رکھتا ہے۔ یہ نہیں کہ ایسے اعمال دنیا میں موجود نہیں ہیں۔ یہ سب ممکن ہے اور ایسے کئی اعمال موجود بھی ہیں لیکن اس کام میں محنت، کوشش، مستقل مزاجی اور زرِ کثیر کی ضرورت کے علاوہ اگر مدت کی ریاضت کے بعد کامیابی ہاتھ آجائے تو غنیمت ہے۔

یاد رہے کہ تسخیرِ ارواح ہر کس وناکس کے بس کی بات نہیں۔ نیز ہر شخص میں یہ قوت نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ تسخیرِ ارواح کے اعمال ہونے کے باوجود اس کے عامل ملک بھر میں معدودے چند ہیں۔ ویسے نام نہاد عاملِ مؤکلات وجنات بے شمار ملیں گے۔ موجودہ دور میں ہر انسان وہ پرہیز قائم نہیں رکھ سکتا جو ان اعمال کے بعد بھی عامل کے لیے بے حد ضروری ہوتے ہیں۔ لوگوں نے تسخیر ارواح کو بازیچہ اطفال سمجھ رکھا ہے مگر عوام ہیں کہ برملا ہر خط میں اور ملاقات میں ایسے اعمال کے طالب ہوتے ہیں کہ جناب دیکھیں میں ذرا دنیا دار قسم کا آدمی ہوں، پرہیز وغیرہ کوئی نہ ہو اور ایک آدھ دن میں ہی جن یا مؤکل تسخیر ہوجائے، کوئی ایسا عمل عطا کریں۔ بعض ایسے باہمت بھی ملتے ہیں کہ جناب آپ ہی کوئی تسخیر کردہ جن یا مؤکل عطا کردیں، نیکی ہوگی، احسان ہوگا۔

وہ نہیں دیکھتے کہ ایم اے کرنے والا ایک بچہ اپنی عمرِ عزیز کے تیئیس (۲۳) سال صرف کرتا ہے، وہ بھی ایسی صورت میں کہ جب وہ سات (۷) برس کا جماعت اوّل میں داخلہ لے اور کسی جماعت میں فیل نہ ہو۔ اور یہ لوگ تیئیس (۲۳) برس کا ثمرہ ایک آدھ دن میں آسانی کے ساتھ حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں۔ یعنی برسوں کی ریاضت سے حاصل ہونے والی قوت کو ایک آدھ دن میں حاصل کرنا چاہتے ہیں اور وہ بھی آسانی کے ساتھ جبکہ یہ قوتیں حاصل ہوسکتی ہیں لیکن اس صورت میں کہ آپ واقعی اس سلسلہ میں مستقل مزاج ہوں، محنت کا شوق وضرورت اور اتنی پونجی رکھتے ہیں کہ خود تو عمل میں بیٹھیں اور اہلِ خانہ آپ کی عدم موجودگی میں فاقہ کشی کا شکار نہ ہوں۔

عمل کرنے سے پہلے اپنی قوت کا اندازہ کرلیں کہ آپ عمل کر بھی سکتے ہیں یا نہیں۔ یونہی اناپ شناپ عمل کر کے درمیان میں چھوڑ دینے سے ماسوائے وقت کے ضیاع اور اپنے نقصان کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔

میں آپ پر یہ واضح کردوں کہ یہ کام بغیر استاد کی رہنمائی کے کبھی نہ کریں، وہ اس لیے کہ رجعت ہونے کی صورت میں استاد یا پیر ومرشد طالب شاگرد، مرید کا علاج کرسکے۔ جو لوگ عملیاتی اصولوں کو مدِ نظر نہیں رکھتے ان کی مثال ایسی ہے جیسے راکھ میں پھونک مارنے والا۔ کوئی عمل ان کا درست نہ ہوگا۔ اسی وجہ سے آج کل لوگوں کے اکثر اعمال تسخیراتِ ارواح باطل ہوتے ہیں۔

قرآن مجید فرقانِ حمید کے پارہ بائیس (۲۲) میں سورۃ سبا میں ایسی آیاتِ مبارکہ ہیں جن سے شاہِ جنات کی تسخیر کی جاسکتی ہے۔ سورۃ سبا کی آیات یہ ہیں:

وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۱۲﴾ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ؕ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿۱۳﴾ (سبا: ۱۲-۱۳)

طریقۂ ریاضت

اول مندرجہ بالا آیات کو زبانی یاد کریں پھر خلوت کی ایک جگہ ریاضت کے لیے مخصوص کریں۔ عروج ماہ میں اتوار یا جمعہ کے دن نمازِ فجر سے ابتداء کریں۔ نماز کی پابندی شرطِ اوّل ہے۔ ہر فرض نماز کے بعد خلوت میں

مندرجہ بالا آیات کی ایک سو(۱۰۰) مرتبہ تلاوت کریں۔ ایک ہی جگہ نماز پڑھیں تو افضل ہے۔ دورانِ ریاضت لوبان کا بخور روشن کریں۔

جب ریاضت کرتے ہوئے چالیس (۴۰) روز پورے ہوں گے تو حجابات دور ہوں گے اور نظروں سے پردہ اُٹھ جائے گا۔ نظر وسیع ہوجائے گی۔ آپ کو خلوت میں ایک خوبصورت شہر نظر آئے گا جس کے گرد دو(۲) نہریں ہوں گی اور باغ بھی ہوگا، جس میں مونگا و مرجان کے درخت ہوں گے۔ اس باغ کے اندر ایک سفید ریشم کا خیمہ ہوگا جس کے اندر ایک کرسی یاقوت اور قیمتی موتیوں سے سجی ہوئی ہوگی۔ جب آپ کو یہ نظر آئے تو اللہ تعالیٰ جل شانہ پر کامل بھروسہ کرتے ہوئے کسی سے بات کرنے سے قبل اس کرسی پر بیٹھ جائیں۔

باغ میں خیمہ کے ارد گرد خوبصورت سفید لباس میں لوگ بھی موجود ہوں گے۔ ان کی طرف توجہ نہ کریں۔ جب تسلی سے کرسی پر بیٹھ جائیں تو بلند آواز سے "اِعْمَلُوْا اٰلَ دَاوٗدَ شُکْرًا" پڑھیں۔ جب آپ چند مرتبہ پڑھیں گے تو ایک گروہ جنات کا جس میں جنات کے بادشاہ ہوں گے، گزرے گا اور وہ سلام کرے گا۔ آپ پر لازم ہے کہ دل میں کسی طرح کا خوف نہ لائیں اور نہ اپنی جگہ یعنی کرسی سے اٹھیں اور کرسی پر بیٹھے ہی ان کے سلام کا جواب دیں اور مندرجہ بالا آیت کی تلاوت کرتے رہیں۔ تھوڑی دیر بعد ایک لشکرِ عظیم نظر آئے گا اور اس لشکر کے ہمراہ شاہِ جنات ہوگا جس کے سفید ریشمی کپڑے ہوں گے اور اس کے ہاتھ میں ایک نیزہ ہوگا اور نیزے پر سفید ریشم کا پرچم ہوگا جس پر تین (۳) سطریں سبز، زرد اور سرخ ریشم سے یہ آیت "اِعْمَلُوْا اٰلَ دَاوٗدَ شُکْرًا" تحریر ہوگی۔ اس وقت آپ کے لیے لازم ہے کہ جنات کے بادشاہ کو سلام کریں، وہ آپ کے سلام کا جواب دے گا۔ شاہِ جنات آپ سے گفتگو شروع کرے گا جو اکثر سریانی زبان میں ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بھی اس زبان سے آگاہ کردے گا یا وہ جو بھی زبان بولے گا عامل اسی زبان میں اس سے گفتگو کرے گا۔ اللہ تعالیٰ زبان کی قدرت بخشے گا۔

اس وقت اپنی حاجت پیش کریں یا وہ اگر کہے کہ کیوں عمل کر رہے ہو تو آپ کہیں کہ مجھے آپ کی ملاقات کا شوق تھا اور میں کوئی نشانی چاہتا ہوں تاکہ وقتِ ضرورت آپ کی مدد حاصل کرسکوں۔ اس کے بعد شاہِ جنات ایک انگشتری بعض شرائط کے ماتحت دے گا اور وہ انگشتری خالص چاندی کی ہوگی جس پر حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ تحریر ہوگا۔ آپ شاہِ جنات کا شکریہ ادا کریں اور اللہ تعالیٰ کے حضور سجدۂ شکر بجالائیں کہ آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگئے اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک عظیم روحانی قوت سے سرفراز فرمایا۔

شاہِ جنات سے شرائط مختلف ہوتی ہیں، اس لیے ان کا لکھنا یہاں آپ کے لیے بے کار ہے۔ جب بھی شاہِ جنات کی مدد کی ضرورت ہو تو انگشتری کو انگلی میں گھمائیں اور کہیں حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پھر مذکورہ عمل کی آیات تلاوت کریں اور "اِعْمَلُوْا اٰلَ دَاوٗدَ شُکْرًا" کی تین (۳) مرتبہ تکرار کریں۔ پس انگشتری کا خادم شاہِ جنات حاضر ہوگا جو صرف عامل کو نظر آئے گا اور کسی دوسرے کو نظر نہ آئے گا۔ ہر جائز حاجت میں عامل کی مدد کرے گا۔

اس عمل سے کمالات و کرامات لوگوں پر ظاہر کی جاسکتی ہیں۔ مگر اس قسم کے ارادے اور فعل سے بچنا چاہیے۔ یہ اسرار لاہوتی ہیں۔ پوشیدہ چیزوں کا ظاہر ہونا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ اس قوت کو جسم اور آنکھ کے اندر پیدا ہوتے ہوئے کتنا عرصہ لگے گا، میں یقین نہیں دلا سکتا۔ ہر آدمی کی روحانی طاقت الگ الگ ہوتی ہے۔ یہ بھی واضح رہے کہ یہ عمل نو آموزوں کے لیے نہیں ہے۔ صرف وہی لوگ اس عمل کی ریاضت کریں جنہوں نے پہلے بھی ریاضت کے چند مراحل طے کئے ہوں، اپنے نفس پر جن کو مکمل کنٹرول ہو اور تسخیرات کے اعمال کے جملہ قواعد سے بخوبی آگاہ ہوں اور خلوت میں اس عمل کی ریاضت سے قبل اصرافِ عامر کا عمل کرچکے ہوں۔

یہ ایک ایسا عمل ہے جس کے اثرات انتہائی قوی ہیں مگر یہ عمل اتنا آسان نہیں کہ ہر آدمی اس کی ریاضت کرسکے۔ بغیر استاد یا مرشد کامل کی اجازت کے اس عمل کا خیال تک لانا منع ہے۔

لوح بیرونِ ملک

ذوالفقار احمد عزیز

سب سے پہلے اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے، آقائے نامدار محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذاتِ اقدس پر کھربوں درود وسلام، پیارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دوستوں یعنی صحابہ کرامؓ اور آقا نامدار محمد مصطفیٰ ﷺ کی اولاد، اہل بیت اور پیارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے آباواجداد پر سلام

آج آپ کی خدمت میں **"لوح بیرون ملک"** لے کر حاضر خدمت ہوں۔ جن لوگوں کو بیرونِ ملک جانے کا شوق ہے اور ویزہ نہیں مل رہا اور وہ چاہتے ہیں کہ وہاں ملازمت بھی مل جائے تو یہ لوح ان کے لیے خوشی کا پیغام ہے۔ اس لوح میں ہم قرآن مجید کی آیت "ان اللہ ھو الرزق ذوالقوۃ المتین" کی روحانیت سے مدد لیں گے۔ اس آیت مبارکہ کے اعداد دو ہزار دوسو اکتالیس (2241) ہیں۔ مؤکل امر غفائیل ہے۔ اس لوح کو ہم ذوالکتابت کے طریقے سے تیار کریں گے کیونکہ عام لوح کے طریقے سے ذوالکتابت زیادہ مؤثر ہوتا ہے۔


کسی بھی نوچندی شبِ جمعرات کو غسل کر کے صاف لباس پہن کر صاف جگہ کا انتخاب کریں۔ رجال الغیب کو پشت پر یا بائیں جانب رکھ کر پورے بھروسے اور اعتقاد سے لوحِ مبارک تیار کریں۔ شک اور ناامیدی کفرانِ نعمت ہے۔ جو لوگ خود تیار نہ کرسکیں، وہ مجھ سے یا پھر براہِ راست ادارے سے رابطہ کریں۔ لوح تیار کر کے روزانہ لوح پر پڑھائی کر کے دم کریں۔ کم ازکم 241 مرتبہ آیت پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ 90 دنوں کے اندر اندر کام ہوجائے گا۔ لوح تیار کر کے سوا کلو مٹھائی نابالغ بچوں میں بانٹ دیں اور لوح پہن لیں۔ اس سے پہلے ایک تسبیح استغفار پڑھ کر اپنے گناہوں کی معافی مانگیں۔ پھر ایک تسبیح درود پاک (کوئی بھی) پڑھ کر آقائے نامدار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تحفۃً پیش کریں۔ آخر میں مجھ گنہگار ذوالفقار احمد عزیز اور میرے استادِ محترم جناب سید شعیب الرحمان شاہ صاحب کے لیے اور ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے تمام سٹاف کے لیے خصوصی دعا فرمائیں۔ اللہ ہم سب کو صحتِ کاملہ اور زندگی دے تاکہ ہم لکھتے رہیں اور ادارہ یہ انمول خزانے آپ تک پہنچاتا رہے (آمین)۔ اللہ نگہبان۔

نام: سعد بن نرگس 464

مقصد: ملک امریکہ ملازمت 884

آیت: ان اللہ ھو الرزاق ذوالقوۃ المتین 2241

لوح بیرون ملک



الٰہی اس لوح کی برکت سے سعد بن نرگس کی ملک امریکہ میں ملازمت کے اسباب پیدا فرما

قمرِ عقرب کے اوقات برائے جنوری 2016ء

4 جنوری کو رات 12:36 پر آغاز ہوگا اور 6 جنوری کو صبح 11:56 پر ختم ہوگا۔

31 جنوری کو صبح 8:50 پر آغاز ہوگا اور 2 فروری کو رات 8:50 پر ختم ہوگا۔

نوٹ: اعمالِ شر کے لیے خاص وقت ہے۔ صرف جائز عمل کریں۔ ادارہ

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

گھر میں سخت جنات و جادو کا معاملہ

سوال السلام علیکم۔ میرے گھر میں سخت جادو اور جنات کے اثرات ہیں۔ بہت سے عاملوں اور پیروں سے علاج کروایا لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ آپ اس معاملے میں میری راہنمائی کریں۔ شکریہ (رشیدہ)

جواب وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ۔ آپ نے کوئی خاص تفصیل نہیں لکھی۔ نہ ہی اپنی علامات کی اور نہ جو علاج ابھی تک کیا، اس کی۔

اگر آپ واقعی گھر سے جادو اور جنات نکالنے کا ارادہ رکھتے ہیں تو اس سلسلے میں دو باتیں اچھی طرح ذہن میں رکھیں:

(۱) یہ کام کسی ماہر عامل سے کروائیں۔ خود کرنے کی غلطی نہ کریں۔ اگر خود کرنا بھی ہو تو کسی مضبوط عامل کی مکمل نگرانی و اجازت و مشاورت سے ہو۔

(۲) کسی ایسے بڑے عمل کی اجازت لے لیں، جو جادو اور جنات کے خلاف آپ کی مدد کر سکے۔ اس سلسلے میں ہماری روحانی درسگاہ سے آپ ''سات سلام اور چہل کاف'' کے عمل کی اجازت لے لیں۔ ان شاء اللہ، خود ہی آپ اپنا اور اپنے گھر کا علاج کر سکیں گے۔

..........*.....*.....*

دعائے حزب البحر چھوڑ کر کوئی دوسرا کلام پڑھنا

سوال میں حزب البحر 2010 سے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔ جون 2015 سے میں مستقل نہیں پڑھ پا رہی ہوں۔ میرے تین بچے ہیں۔ کیا میں اس کو چھوڑ کر کچھ اور شروع کر سکتی ہوں؟ (فاطمہ)

جواب دعائے حزب البحر کو چھوڑنے کی وجہ اگر بچوں کی مصروفیت ہے تو کم از کم دن میں ایک بار پڑھ لیا کریں۔ آپ کو اتنا عرصہ پڑھتے ہوئے ہو گیا ہے، اس لیے یقیناً آپ کو یاد ہو گئی ہو گی۔ حزب البحر کو پڑھنے میں چار سے پانچ منٹ لگتے ہیں۔ اتنا وقت نکالنا کوئی مشکل کام نہیں، اگر انسان پکا ارادہ کرے تو.....

اگر آپ چھوڑنا ہی چاہتی ہیں تو پھر ایسا کریں کہ کسی ایسے انسان کو ڈھونڈیں، جس کو آپ پڑھنے کی اجازت دیں اور نیت کریں کہ آپ کے پاس جو بھی طاقت اس عرصہ میں جمع ہوئی ہے، وہ ساری اس دوسرے انسان کو منتقل ہو جائے۔ اس طرح کم از کم آپ کی چار پانچ سال کی محنت بالکل ضائع نہیں ہو گی، کسی کے کام ہی آ جائے گی۔

جب ایسا کوئی فرد مل جائے، چاہے مرد ہو یا عورت، تو اس کو اجازت دینے کے بعد سوا کلو شیرینی بنا کر نابالغ بچوں میں بانٹ دیں۔

..........*.....*.....*

شادی ہوتے ہی تباہی شروع

سوال میری زندگی الجھنوں میں دھنستی جا رہی ہے۔ میری بیوی پتہ نہیں کس بات پر مجھ سے نفرت کرتی ہے؟ میں بہت پریشان ہوں۔ جب سے شادی ہوئی ہے، میری تباہی شروع ہو گئی ہے۔ خدارا میری مدد کریں۔ ابھی تک کوئی اولاد بھی نہیں۔ (م۔س۔ آزاد کشمیر)

جواب بڑا افسوس ہوتا ہے جب کبھی ایسا سننے کو ملتا ہے کہ شادی ہوئی تو خوشیوں کی جگہ پریشانیوں نے لے لیں۔ ایسا اب بہت ہو رہا ہے۔ کسی کو آغاز سے ہی اس کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو کسی کو کچھ عرصہ بعد۔

اس کی وجوہات اب تو بہت زیادہ ہو گئی ہیں۔ نظرِ بد، جادو اور جنات تو روحانی وجوہات میں سے ہیں۔ مگر دنیوی وجوہات آج کل زیادہ دیکھنے میں آ رہی ہیں۔ اور ان میں سب سے زیادہ بڑی وجہ یہ ہے کہ شوہر بیوی کو دل سے پسند نہیں کرتا یا پھر بیوی شوہر کو دل سے پسند نہیں کرتی۔ شادی سے پہلے ہی دونوں اپنے اپنے IDEAL بنا چکے ہوتے ہیں۔ پھر آج کے آزاد ماحول نے دماغ خراب کیا ہوتا ہے۔ شادی کے بعد دوسرے فریق سے بہت زیادہ خواہشات وابستہ کر لیتے ہیں اور جب وہ پوری نہیں ہوتیں تو پھر لڑائی جھگڑے شروع اور نوبت طلاق تک پہنچ جاتی ہے۔

ایسی ہی کچھ صورتحال آپ کی اہلیہ کی بھی معلوم ہوتی ہے۔ سب سے پہلے یہ طے کریں کہ آپ نے مزید اس رشتہ کو قائم رکھنا ہے یا نہیں؟ اس سلسلے میں آپ استخارہ کر سکتے ہیں۔ ابھی تک اولاد بھی نہیں ہوئی۔ اس لیے پہلے یہ فیصلہ کرلیں۔

اگر آپ نے اس رشتہ کو قائم رکھنا ہی ہے تو اپنی اہلیہ سے امیدیں نہ لگائیں، جیسی بھی زندگی گذرے، اس کو جتنا ممکن ہو سکے، اپنی طرف سے اچھی گذارنے کی کوشش کریں۔

ایک خاص روحانی عمل لکھ رہا ہوں، اس کو پورے یقین کے ساتھ کریں۔ ان شاء اللہ، اہلیہ میں بہت سدھار پیدا ہو جائے گا۔

عروجِ ماہ، شبِ جمعرات یا جمعہ سے آغاز کریں۔ اچھا عطرِ گلاب لگائیں، اچھی قسم کی اگربتی سلگائیں اور اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ اس آیت کو سات سو (۷۰۰) بار پڑھیں۔ آیت یہ ہے:

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ﴿سُوْرَةُ طٰهٰ ۳۹﴾

اس عمل کو مسلسل اکیس (۲۱) یوم پڑھنا ہے۔ پھر چھوڑ دیں۔ روزانہ کی تعداد ختم ہونے پر تصور میں اپنی اہلیہ کو دم کر دیں۔

اسی طرح اگلے مہینے اکیس دن پڑھ کر چھوڑ دیں۔ پھر تیسرے مہینے بھی ایسا ہی کریں، چاہے حالات میں بہتری کیوں نہ آ جائے۔ ان شاء اللہ، پھر کسی عمل کی ضرورت نہیں رہے گی۔

آپ نے اولاد نہ ہونے کا لکھا ہے۔ اس بارے میں عرض ہے کہ پہلے آپ دونوں میڈیکل ٹیسٹ کروائیں۔ پھر رابطہ کریں۔

ساس کی زبان سے بہت تنگ ہوں

سوال میں اپنی ساس کی زبان سے بہت زیادہ تنگ آ گئی ہوں۔ ہر وقت کسی نہ کسی کی برائیاں کرتی رہتی ہیں۔ جب موقع ملتا ہے تو میری بھی برائیاں دوسروں سے کرتی رہتی ہیں۔ کسی طرح سے خوش نہیں ہوتی۔ مہربانی کر کے کوئی ایسا وظیفہ بتائیں جس سے میری یہ پریشانی دور ہو جائے۔ (ملتان)

جواب کچھ خواتین میں عادت ہوتی ہے برائیاں کرنے کی۔ سب سے پہلے تو آپ کی یہ غلطی ہے کہ آپ ان سے دوسروں کی برائیاں کیوں سنتی ہیں؟ کیوں غیبت سننے کے گناہ میں مبتلا ہو رہی ہیں؟

یہ اصول یاد رکھیں کہ جب کوئی آپ کے سامنے کسی کی برائیاں کرے تو وہ آپ کی برائیاں بھی دوسروں کے سامنے کر سکتا ہے۔ اس لیے حکمت سے کام لیں اور ساس کی غیبتوں میں خود شامل نہ ہوں۔

جہاں تک ان کی زبان بندی کا تعلق ہے، اس کے لیے اکیس دن تک اس عمل کو کریں۔ روزانہ وقت مقرر کر کے ایک سو تیرہ بار ان کلمات کو پڑھیں: صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ

جب پڑھ چکیں تو ساس کو تصور میں لائیں اور ان کے دل و دماغ پر دم کر دیں اور تھوڑی دیر مراقب ہوں اور یہ تصور کریں کہ ساس کی زبان بند ہو گئی ہے اور وہ چاہتے ہوئے بھی برائیاں نہیں کر پا رہی ہیں۔ ساتھ ہی نمک پر بھی دم کر دیں جو ساس کے کھانے میں استعمال ہوتا ہو۔

ان شاء اللہ، اکیس دنوں میں بہتری آ جائے گی۔ اکیس دن بعد ناغہ کریں اور پھر اگلے مہینے دوبارہ اکیس دن کا وظیفہ کریں۔

خوشخبری

ہر ماہ کی نئی روحانی، طبی، نفسیاتی، اسلامی اور مختلف موضوعات پر کتب کی Alerts حاصل کرنے کے لئے اس نمبر پر sms کریں۔ آپ کو تمام Sms Updates کی جائیں گی۔

رابطہ: 0307-5525103

خوشخبری

حضرت اقدس عارف باللہ مولانا شاہ حکیم اختر صاحب رحمہ اللہ کے اصلاحی مواعظ اور حضرتؒ اور ان کے خلفاء کے مواعظ کی CD مفت منگوائیں۔

ڈاک خرچ بذمہ خریدار۔ مواعظ اور CD رجسٹرڈ ڈاک سے بھیجے جائیں گے۔

اس نمبر پر فون یا SMS کریں۔

فون: 0307-5525103

ہر قسم کے سحر و جادو سے نجات کے خاص الخاص اعمال

ماہر علوم مخفی صوفی حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہ (حویلی لکھا، ضلع اوکاڑہ)

ہمہ قسم کے سحر و جادو سے نجات

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

۲۵۶۱	۲۵۶۴	۲۵۶۸	۲۵۵۴
۲۵۶۷	۲۵۵۵	۲۵۶۰	۲۵۶۵
۲۵۵۶	۲۵۷۰	۲۵۶۲	۲۵۵۹
۲۵۶۳	۲۵۵۸	۲۵۵۷	۲۵۶۹

بِحَقِّ شَرۡ نَطِخِ الۡحَیُّ الۡبَاقِیُ

مذکورہ نقش تحریر کر کے مسحور کے گلے میں ڈال دیں اور یہی نقش تحریر کر کے مریض کو پینے کو دیں۔ بہتر ہوگا کہ عرقِ گلاب کی ایک بڑی بوتل میں نقش ڈال دیا جائے تا کہ مریض مسحور صبح و شام اس سے پیتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند ہفتوں میں تمام تر اثرات ختم ہو جائیں گے۔ اگر یہی نقش فتیلہ بنا کر چراغ میں خوشبودار روغن ڈال کر رات کو مریض کے سامنے روشن کریں تو مریض مسحور کو چراغ کی لَو میں سیاہ و سفید رنگ کے بادل کے ٹکڑے نظر آئیں گے۔ اگر مسحور پر آسیبی اثرات ہوں گے تو بدنِ مریض پر آسیب ظاہر ہو جائے گا۔ یہ عمل بڑا مفید اور قوی الاثر ہے۔ اس سے سحر و آسیب دونوں کا علاج کیا جا سکتا ہے۔

تمام بد اثرات کا خاتمہ

ایسا سحر زدہ مریض جس کے علاج سے عامل حضرات عاجز آ جائیں تو ایسے لاعلاج مریض کے لئے منزل ہفعہ میں گربہ دشتی کے پتہ کے پانی سے کلماتِ ذیل ایک سفید کاغذ پر تحریر کریں اور اِسے ایک بالٹی پانی میں گھول کر مسحور کو غسل کروائیں اور ایک کاغذ پر تحریر کر کے مسحور کے گلے میں بعد از غسل ڈال دیں۔ تمام تر سحر و جادو کے بد اثرات ختم ہو جائیں گے اور مریض فوراً شفایاب ہو جائے گا۔ کلمات یہ ہیں:

الخَاخَ الجَاخَ دَاخَ یَدُوخَ یَا خَاخَرَ الخَقَا خَاخَو خَیَا طَاخًا اخَا وَیلَ مرج اَھَاوَیلَ وَلاخَیرا خَھَا خَا خیرًا حَافِظًا وَ ھَازِشَا سِنۡ خَادہٖ و کَادہٖ بِسِحۡرٍ وَ لَا خَاھِشَتۡ خسوعًا فَکُنۡ لَنَا سَدًا فِعًا اَنۡمَھَا یَا خَغَاخُودًا بِحَقِّ الۡخَاءِ وَالوَخَاءِ الخَاءِ خَاخَا۔

سحر و جادو کا مجرب عمل

تین نقوش تحریر کریں ایک نقش پانی میں گھول کر مسحور کو غسل کرا دیں۔ دوسرا عرقِ گلاب کی بوتل میں ڈال دیں تا کہ مریض صبح و شام اس سے عرق پیتا رہے۔ تیسرا گلے میں ڈالے۔ غسل کے لئے ضروری ہے کہ مریض ایسی جگہ غسل کرے کہ غسل کا پانی ناپاک جگہ نہ جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سحر و جادو کے تمام اثرات ختم ہو جائیں گے۔ نقش یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

۲۲۵	۲۲۸	۲۳۲	۲۱۸
۲۳۱	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۰	۲۳۴	۲۲۶	۲۲۳
۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۳

یا قابض اقبض جمیع اثرات سحر جادو، آسیب نظر بد بحق یا قابض العجل العجل العجل الساعة الساعة الساعة الوحا الوحا الوحا

ردِّ سحر کا لاجواب عمل

مندرجہ ذیل نقش سحر و جادو کی تمام کیفیات کے لئے موثر ترین ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ دس نقوش زعفرانی روشنائی سے تحریر کریں۔ نو (۹) نقوش مسحور کو اس طرح پلائیں کہ ایک نقش کا پانی لگا تار تین یوم تک پیتا رہے اور دن میں روزانہ تین مرتبہ۔ جس کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ایک بوتل عرق گلاب میں ایک نقش ڈال کر مسحور اس سے تین دن تک پیتا رہے۔ پھر ہر تین دن کے بعد نیا نقش بوتل میں ڈال دیا کرے۔ اس طرح ستائیس یوم تک مسلسل عرق پیتا رہے اور ایک نقش پہلے روز سے ہی گلے میں ڈال دیا جائے۔ نقش یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم


۸	۲۵۹۴	۲۵۹۷	۱
۲۵۹۶	۲	۷	۲۵۹۵
۳	۲۵۹۹	۲۵۹۲	۶
۲۵۹۳	۵	۴	۲۵۹۸

اَعُوۡذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ وَ ذَرَآءَ وَ بَرَآءَ وَ مِنۡ شَرِّ مَا یَنۡزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَ مِنۡ شَرِّ مَا یَعۡرُجُ فِیۡھَا وَ مِنۡ شَرِّ فِتۡنَۃِ اللَّیۡلِ وَالنَّھَارِ وَ مِنۡ شَرِّ کُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقاً یَّطۡرُقُ بِخَیۡرٍ یَا رَحۡمٰنُ

جادو اُتارنے کا مجرب عمل

اگر کسی مریض پر جادو ٹونہ، ٹوٹکا، بندش، گڈا، مسان، سفلی گندے علم یا کالے جادو کے اثرات ہوں، اُسے بے بس کر دیا گیا ہو اور مریض علاج کروا کر عاجز آ چکا ہو۔ ایسے مریض مسحور کے لئے یہ عمل آبِ حیات اور امرت کا حکم رکھتا ہے۔ راقم الحروف نے اس عمل سے بے شمار مریضوں کا علاج کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انہیں سحر و جادو سے نجات مل گئی۔ عمل کا طریقہ کچھ یوں ہے کہ مریض مسحور کو زمین پر چت لٹائیں۔ جس جگہ لٹائیں وہ جگہ پاک اور صاف ہونی چاہیے۔ اب عامل ایک نیا چاقو یا چُھری لے جس میں لکڑی یا کسی اور چیز کا دستہ نہ ہو بلکہ وہ پوری لوہے کی ہونی چاہیے۔ اس چُھری پر سات مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کریں اور مسحور کے سر سے پاؤں کی طرف چُھری سے اُتار کر کے بائیں سے دائیں طرف لکیر کھینچ دیں اور لکیر کھینچتے وقت بھی معوذتین پڑھتے رہیں اور چُھری کو مسحور کے پاؤں کی طرف زمین پر جھاڑ دیں اور تین مرتبہ وَاِذَا الۡاَسۡحَارُ بُطِّلَتۡ پڑھیں۔ سات لکیریں کھنچ جانے کے بعد مسحور مریض کو اُلٹا لٹا دیں اور اس کے بعد عمل مذکورہ کر کے اِن ہی لکیروں کے اوپر، اوپر سے نیچے کی طرف لکیر کھینچیں اور کُل تین لکیریں کھینچیں۔ بائیں سے دائیں سات لکیریں کھینچنی ہیں اور اوپر سے نیچے تین لکیریں کھینچنی ہیں اور ہر لکیر کھینچنے سے پہلے چاقو یا چُھری پر سات سات مرتبہ معوذتین پڑھ کر دم کرنا ہے اور لکیر کھینچتے وقت بھی پڑھنا ہے۔ آخر میں جھاڑ کرتے وقت تین مرتبہ وَاِذَا الۡاَسۡحَارُ بُطِّلَتۡ پڑھنا ہے۔ یہ ایک دن کی کاٹ ہوئی۔

بندۂ ناچیز اکثر ایک مرتبہ ہی عمل کرتا ہے اور اکثر مریض ایک دن کے عمل سے ہی صحت یاب ہو جاتے ہیں۔ مگر سات یوم مسلسل اسی طرح کاٹ کرنی چاہیے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کاٹ سے ہر قسم کا جادو، ٹونہ، سفلی علم اور کالا علم سب کٹ جاتا ہے اور مریض ایک ہفتہ میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے کُلی طور پر صحت یاب ہو جاتا ہے۔ لکیریں لگانے کی صورت نیچے دی گئی ہے۔



علاج کرنے والے احباب کے لئے ضروری ہے کہ پہلے معوذتین کی زکوٰۃ ادا کریں۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ نمازِ عشاء کے بعد صرف

ایک تسبیح معوذتین کی پڑھا کریں۔ عمل کی مدتِ ریاضت اکیس یوم ہے۔ تعویذ دونوں قوی الاثر ہوں گے کہ عامل خود حیران ہوگا۔ یہ عمل قرآنِ مجید فرقانِ حمید کا زندہ معجزہ ہے۔ میرے شب و روز کے معمولات میں یہ عمل شامل ہے۔

الابطال السحر الحفظ

مندرجہ ذیل عزیمت کو کاغذ پر تحریر کر کے مسحور کو پلائیں اور گلے میں ڈال دیں۔ سحر باطل ہوگا۔

آیۃ الکرسی کامل الی العلی العظیم۔ اللہ اللہ ھللالم اللہ اللہ ملالد ھج ھج ھج اللہ اللہ لسحدھھھد اھحم سقك حلع یص اھ م س ق ك ح ل ع ی ص اھ م ك س ق ح ل ع ی ص ك ھ ي ع ص کفیت ح م ع س ق حمیت ع ع ع لا لا لا ووووووووووو فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم عھھھھھھووووو فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الرٰحمین۔

یہ عمل میرے عزیز دوست حافظ محمد اسماعیل بابور یا سورت گجرات انڈیا کا عطیہ ہے۔

شادی کے لیے..... سید ذیشان نظامی

جس کسی کی لڑکی یا لڑکے کنوارے بیٹھے ہوں، سامان جہیز یا دیگر ساز و سامان نہ ہو اور کہیں سے پیغام بھی نہ آتا ہو تو مندرجہ ذیل طریقہ سے یہ اسم اعظم پڑھیں۔ روزانہ بعد از نماز عشاء نہایت توجہ، یکسوئی اور کامل یقین کے ساتھ صرف گیارہ دن (جمعرات سے شروع کر کے اتوار تک) اس طرح پڑھیں:

درود شریف	۱۰۰ مرتبہ
یَامُغْنِیُ	گیارہ ہزار بار
درود شریف	۱۰۰ مرتبہ

وظیفہ اتوار کو ختم کریں اور دیکھیں پردہ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد شادی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

دریائی عورت کا بیٹا

انتخاب: مولانا علی آفاقی صاحب

دریائی عورت سے نکاح کے متعلق ایک قصہ آکام المرجان میں مذکور ہے کہ کعب ابن مالک انصاری فرماتے ہیں کہ ہمارے ایک شیخ نے کسی آدمی کو دیکھا۔ اس کے ساتھ ایک لڑکا تھا۔ اس نے اس لڑکے کو دھمکایا اور ماں کی گالی دی۔ اس آدمی نے کہا کہ ایسا مت کہو، میں تم کو اس کا اور اس کی والدہ کا قصہ سناتا ہوں۔ ایک مرتبہ میں کشتی میں جا رہا تھا۔ اتفاقاً وہ کشتی ٹوٹ گئی۔ میں ایک تختے پر بیٹھ کر ایک جزیرے میں جا اُترا اور وہاں کچھ مدت گزاری۔ ایک رات کو دیکھتا کیا ہوں کہ کچھ لڑکیاں دریا سے نکلیں۔ ان کے پاس ایک ایک موتی تھا۔ وہ اس کو پھینکتی تھیں اور اس کی روشنی میں دوڑتی تھیں اور ان کی عجیب و غریب گنگناہٹ تھی۔

میرے دل میں وسوسہ پیدا ہوا کہ ان میں سے کسی کو پکڑ لوں۔ جب دوسری رات کو آئیں، میں ایک درخت کی جڑ میں چھپ کر بیٹھ گیا۔ جب انہوں نے کھیل شروع کیا۔ میں نے ان میں سے ایک کے بال پکڑ لیے۔ اس کے بال جھول کی طرح اس کو ڈھانپے ہوئے تھے اور میں نے لا کر اس کو درخت سے باندھ دیا۔ اور اس سے وطی کی اور وہ حاملہ ہوگئی۔ اور میں اس کو برابر پکڑے رہا۔ یہاں تک کہ اس نے اس بچے کو ایک سال تک دودھ پلایا۔

پھر اس کو چھوڑنے کا ارادہ کیا مگر یہ سوچا کہ کہیں یہ بچہ ضائع نہ ہو جائے۔ اور جب دودھ چھڑانے کا وقت ہو گیا اور وہ بچہ کھانے لگا، اس وقت اس کو رہا کیا اور اس نے اس مدت میں نہ میرے سے کلام کیا اور نہ مجھ کو کوئی تکلیف دی بلکہ بخوشی بچہ کی پرورش کی۔ جب میں نے اس کو رہا کر دیا، وہ فوراً دریا میں کود پڑی اور میں بہت جلدی سے اسی تختہ پر بیٹھ کر اپنے وطن واپس آ گیا۔

وہ بچہ یہی ہے اور قصہ ہے اس کی ماں کا (آکام المرجان فی غرائب الاخبار والجآن: اردو مترجم: باب ۳۰ (جنات کے نکاح کا بیان): ص ۱۰۶ و ۱۰۷: مفتی محمد صاحب میرٹھی فاضل دار العلوم دیوبند: ادارہ اسلامیات)۔

جادو اور گھبراہٹ سے بچنے کے لیے عمل

الشیخ الامام جلال الدین حفظہ اللہ

حضرت ابن الحاج رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ان کے شیخ کے مریدوں میں سے کوئی مرید بیمار ہوا اور وہ حالتِ بیماری میں خواب میں ڈراؤنے خواب دیکھتا، جس سے وہ گھبرا جاتا۔ تو اس نے اپنے شیخ سے اس کی شکایت کی۔ یہ سن کر شیخ نے صاف ستھرے برتن میں زعفران سے نشرۃ لکھنے اور اس کو نہار منہ پینے کا حکم فرمایا اور ساتھ فرمایا:

وَهِيَ لِلْمُسَحَّرِ، وَالْغَمِّ، وَالْأَمْرَاضِ...

''یہی عمل جادو، غم کو دور کرنے اور دوسرے امراض کا علاج بھی ہے''۔

وہ نسخہ یہ ہے کہ سورۂ یٰسٓ، سورۂ واقعہ، سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص اور معوذتین (سورۂ فلق اور سورۂ ناس)، آیۃ الکرسی اور اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے لے کر سورۃ بقرۃ کے آخر تک اور قُلْ آٰللّٰهُ أَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ (یونس، آیت 59) لکھا جائے۔ پھر اس برتن کو دھو کر وہ پانی پی لیں۔ پھر سات عمدہ کھجوریں لیں جبکہ اس پر زیت مرقی کا عمل ہو چکا ہو اور اس کو کھا لیں۔ اللہ کی قدرت سے اس سے جادو ختم ہو جائے گا اور اسی طرح گھبراہٹ بھی۔

زیت مرقی کا طریقہ یہ ہے کہ صاف ستھرا تیل لیں اور اس کو صاف ستھرے برتن میں ڈال دیں۔ پھر لکڑی یا کسی اور چیز سے اس تیل کو ہلائیں اور اس پر یہ سورتیں اور آیات پڑھی جائیں:

۱.....بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

۲.....بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝۱ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝۲ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝۳ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝۴ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝۵

۳.....بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ مَلِكِ النَّاسِ ۝۲ اِلٰهِ النَّاسِ ۝۳ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝۴ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝۵ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝۶

۴.....لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۱۲۸ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝۱۲۹ (سورۃ توبہ آیت 128-129)

۵.....وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝۸۲ (سورۃ الاسراء آیت 82)

۶.....لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰي جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝۲۱ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝۲۲ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۲۳ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۲۴

(سورۃ الحشر آیت 21-24)

اور یہ عمل سات مرتبہ کریں۔

ٹوٹکے

☆ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کو کبھی جوڑوں کا درد نہ ہو تو سردیوں میں نیم گرم پانی جب کہ گرمیوں میں تازہ پانی پئیں۔ اس کے علاوہ ثقیل، قبض اور دیر ہضم غذا سے پرہیز کریں۔

☆ ڈپریشن کے مرض کے لیے: کھٹی چیزوں اور گوشت سے پرہیز کریں۔ کھانا کم کھائیں اور 5 وقت نماز پڑھیں، کبھی ڈپریشن نہیں ہوگا۔ کوئی دوا کھانے کی ضرورت نہیں۔

سات سلام اور چہل کاف کے عامل بنیں

تعارف سات سلام اور چہل کاف کا عمل "پیرانِ پیر غوثِ اعظم حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ" سے منقول ہے۔ یہ عمل سایہ اور جادو کا خاص توڑ ہے۔ اس عمل کا عامل بننے کے لئے صرف اجازت کی ضرورت ہے۔ اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔ اجازت حاصل کرنے کے بعد اس عمل کے ذریعے سے جنات، جادوٹونہ اور نظرِ بد کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ چہل کاف کے عامل اور اہلِ خانہ پر جادو اور سایہ اثر نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سب محفوظ رہتے ہیں بشرطیکہ وہ اجازت لیتے وقت پہلے سے جادو اور جنات کے مریض نہ ہوں۔

کل چھ درجوں کی زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ 5100 روپے میں پہلے تین درجوں کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔

چہل کاف وہ عمل ہے جو عاملین میں بہت مقبول ہے۔ دنیا کا شاید ہی کوئی جائز کام ایسا ہو، جو اس عمل سے ممکن نہ ہو۔ شرط یہ ہے کہ اس عمل کا ماہرانہ استعمال کرنا آتا ہو۔ اسلحہ تو بہت لوگوں کے پاس ہوتا ہے مگر اچھی طرح چلانا کسی کسی کو ہی آتا ہے۔ یہی روحانی اسلحہ کا بھی معاملہ ہوتا ہے۔ اگر اسلحہ کو صحیح استعمال نہ کرنا آتا ہو یا پھر بوقت ضرورت پاس نہ ہو، بیشک سامنے رکھا ہو، تو دشمن مارجائے گا۔ اس لئے دنیاوی اسلحہ کی طرح روحانی اسلحہ کو بھی ہر وقت لوڈڈ رکھنا چاہئے تاکہ بوقت ضرورت فوری استعمال کیا جاسکے۔

اجازت لینے کے بعد کیا حاصل ہوگا اس عمل کے لئے کسی چلّہ کشی کی شرط نہیں ہے۔ اجازت لینے کے بعد آپ کو سات سلام اور چہل کاف کی ایک معمولی تعداد روزانہ (جب تک عمل رکھنا چاہیں) پڑھنی ہوتی ہے۔ اس کے پڑھنے سے آپ کی روزانہ حاضری لگتی رہے گی اور اس عمل کے پیچھے جنات آپ کی بوقت ضرورت مدد کریں گے۔ اس عمل کے پیچھے چونکہ جنات کی ایک بڑی تعداد ہے، اور وہ سب ہی جادو اور جنات کے علاج کرنے میں ماہر ہونے کے ساتھ دیگر دنیاوی کاموں میں بھی معاون ہوتے ہیں۔ اس لئے روزانہ پڑھتے رہنے سے وہ بھی مدد کو تیار رہتے ہیں۔

فیس چوتھا درجہ 1100، پانچواں درجہ 2100 اور چھٹا درجہ 3100 روپے ہے۔

اس کی مثال ایسی ہے کہ جب پولیس کی ضرورت پڑتی ہے تو 15 پر کال کی جاتی ہے۔ کون آتا ہے؟ اس کا کوئی نہیں سوچتا، بس آنا چاہئے۔ اسی طرح جب اجازت یافتہ پڑھتا ہے تو اس کی کال بھی چہل کاف والوں کو جاتی ہے اور وہ آتے ہیں اور جس کام کے لئے پڑھا گیا ہوتا ہے، اس میں معاونت کرتے ہیں۔ اگر کسی کی نظر کھلی ہو تو اس کو جنات واضح نظر بھی آتے ہیں۔

اجازت کون لے روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، ایسے مریض جو عرصہ سے جادو اور جنات کی پکڑ میں ہوں، جو لوگ اپنی اور اپنے گھر والوں کی جادو اور جنات سے حفاظت چاہتے ہوں، جادو اور جنات سے متاثرہ لوگوں کا علاج سیکھ کر علاج کرنے والے افراد، خود کو اور اپنے گھر والوں کو جادو اور جنات سے خود عمل کر کے نجات دلانے والے افراد۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ بالغ مرد اور عورت اجازت لے سکتے ہیں۔

darulamal.org/ruhanidarsgah

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ھدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔

نقد ھدیہ مع اعمال کی کاپی -/5100 روپے، علاوہ ڈاک خرچ

رابطہ روحانی درسگاہ (فون دفتر) 042-35410586 (موبائل دفتر) 0343-7772772 مولانا محمد عرفان 0321-4661681

طبی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دار العمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786

نام کتاب	مصنف	عام قیمت
سبزیاں اور پھل۔۔۔غذاء اور علاج	ملک کریم بخش	300
سبزیاں اور پھل۔۔۔وٹامنز اور علاج		300
سبزیاں اور پھل۔۔۔کیسے استعمال کریں	ملک کریم بخش	120
سر درد	ڈاکٹر جاوید اقبال	150
سکن کیئر جلدی امراض	ڈاکٹر جاوید اقبال	400
سیکس ہارمون	ڈاکٹر جاوید اقبال	240
شربت بنائیں اور پئیں	حکیم عابد حسین عابد	120
عرقیات سے علاج	حکیم عابد حسین عابد	150
فیس ریڈنگ	ڈاکٹر سعیدہ اعظم	120
کولیسٹرول	ڈاکٹر محمد ادریس	90
گھریلو ٹوٹکے	ڈاکٹر سعیدہ اعظم	150
لہسن کی کرشمہ سازی	ڈاکٹر اقبال کاردار	60
مشورہ حاضر ہے	حکیم ولی الرحمان ناصر	60
مصالحہ جات سے علاج	ڈاکٹر سعیدہ اعظم	90
موٹاپا آپ کی صحت اور دلکشی کا دشمن	ڈاکٹر جاوید اقبال	60
ہارٹ کیئر	ڈاکٹر جاوید اقبال	400
ہربل بیوٹی کیئر	جاناں بخاری	150
ہربل کاسمیٹک	ڈاکٹر سعیدہ اعظم	120
ہیر کیئر	ڈاکٹر سعیدہ اعظم	90
UاینڈUR بے بی	ڈاکٹر راجہ اختر محمود	160
وٹامنز گائیڈ	حکیم عابد حسین عابد	220
آسامی بنگالی طلسمی راز	پنڈت پیارے لال شرما	240
آسان نبض شناسی	بوعلی سینا	90
اسرار شریانیہ	عبدالوہاب انصاری	150
ایوروویدک انسائیکلوپیڈیا (یکجا)	کمپیوٹر کمپوزنگ ایک جلد میں مکمل	1200

نام کتاب	مصنف	عام قیمت
اسرار صدری خزینۃ الاطباء	حکیم علم الدین بھاگووالیہ	300
اکسیر اعظم (کمپیوٹر کمپوزنگ ایک جلد میں مکمل)	حکیم اعظم خان	1200
القانون فی الطب بوعلی سینا	کمپیوٹر کمپوزنگ ایک جلد میں مکمل 1500 (دو جلد اعلیٰ کاغذ)	1800
امراض نسواں	حکیم نور محمد چوہان	360
امراض گردہ	ڈاکٹر صدیق ہاشمی	180
انڈین طبی فارماکوپیا	انڈین ریسرچ کونسل	450
پاکستان طبی فارماکوپیا	پاکستان طبی کونسل	1000
انمول جواہرات اعظم	حکیم اعظم خان	750
برڈ فلو	ڈاکٹر جاوید اقبال	60
بیاض خاص	حکیم شریف خان	750
بیاض مرہم عیسیٰ	حکیم مرہم عیسیٰ	240
بیٹیاں یا بیٹے (علاج) اول و دوم	حکیم ابرار حسین	135
تاج المفردات باتصویر جڑی بوٹیاں	ڈاکٹر نصیر	800/600
تاج المجربات	ڈاکٹر ہری چند ملتانی	225
تاج العقاقیر 10 حصے ہندوستان و پاکستان کی جڑی بوٹیوں کا انسائیکلوپیڈیا	ڈاکٹر ہری چند ملتانی	1200
تاج الحکمت (بلا جلد)	ڈاکٹر ہری چند ملتانی	400
جامع الحکمت	حکیم محمد حسن قرشی	1500
جامع العقاقیر (یکجا باتصویر)	حکیم عبدالمجید عتیقی	600

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

العارفی عطورات

عملیات اور چلہ کشی میں استعمال ہونے والے عربی و دیسی ہندی عطورات کے علاوہ فرنچ عطورات نیز شمامہ، عود، عنبر، گلاب، چنبیلی، موتیا اور مختلف مشہور کمپنیوں کے پیک عطریات براہ راست طلب فرمائیں۔

طلسماتی دنیا (دیوبند، انڈیا)

اس روحانی رسالے کے نئے اور سابقہ شمارے آپ کے منتظر ہیں۔ جن میں دنیوی کامیابی، روحانی و مخفی علوم، مجرب عملیات، عاملین کاملین کے سینوں کے بھید، طبی ٹوٹکے اور بہت سے اہم مضامین آپ کو پڑھنے کو ملیں گے۔

عربی، انڈین اور پھولوں کی خوشبوؤں والی اگربتیاں

صندل، شملۃ العنبر، عود، المسک، موتیا اور مختلف قسم کی سحر انگیز خوشبوؤں والی اگربتیاں جن کا استعمال گھروں کو مہکانے اور وظائف و عملیات میں تاثیر پیدا کرنے کیلئے کثرت سے کرنا چاہئے۔ جس سے غیبی مخلوق آپ کی ہمنوا بن جاتی ہے اور عمل کامیاب ہو جاتے ہیں۔ اگربتیاں تھوک ریٹس پر منگوا سکتے ہیں۔

بخوردان

بخورات کو جلانے کیلئے الیکٹرک، کوئلے والے، فینسی، مختلف سائز کے لوکل، امپورٹڈ بخوردان جن کے استعمال سے گھر خوشبوؤں کا مرکز بن جاتا ہے اور سنت بھی زندہ ہو جاتی ہے۔ چلہ کشی کے دوران ان کا جلانا از حد مفید ہے۔

بخورات

بخورات ٹکیوں، گولیوں، پیکنگ ٹن، CD Style، ڈبہ پیک، عود اور عربی بخورات کی زبردست ورائٹی کے لیے ایک بار ضرور تشریف لائیں۔ اپنے گھر اور دفتر کو معطر رکھنے کیلئے۔ چلہ کشی کے دوران ان کا جلانا از حد مفید ہے۔

بھوج پتر قیمت: 80 روپے

بھوج پتر اعمال شر کیلئے خاص ہے۔ بغض و عداوت اور جدائی کے اعمال اس پر تیار کرنے سے تاثیر بڑھ جاتی ہے۔

لوح زحل ہدیہ: 3500 روپے

تسخیر سلطنت و فتوحات نامور، حکمت، قیام و استحکام مرتبہ، حصول برکت، دفع نحوست، تسلط بر خلق، حصول جائیداد اور غلبہ بر مخلوق کیلئے اس لوح کو اپنے پاس رکھیں اور اس کے روحانی کرشمات ملاحظہ فرمائیں۔

لوح مشتری ہدیہ: 3500 روپے

حصول مال و دولت اور مالی امور میں خوش بختی لانے کیلئے نہایت مجرب ہے۔ اس کے پہننے سے قدرت ایسے اسباب پیدا فرمائے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

لوح مریخ ہدیہ: 3500 روپے

لوح شرف مریخ حصول قوت و شجاعت، دل کو قوی کرنا، غلبہ بر اعداء، دشمنوں کے شر سے تحفظ کیلئے مؤثر ترین اور مقدمات میں فتح یابی، میاں بیوی میں تفرقہ ختم کرنے میں کارآمد ہے۔ جس شخص کے پاس یہ لوح ہوگی اس کا مقابلہ کرنے والا ذلیل خوار ہوگا اور کبھی غلبہ نہ پا سکے گا۔

لوح شمس ہدیہ: 3500 روپے

عروج و ترقی، تسخیر خلائق، حصول شان و شوکت، علو مرتبت، رعب و دبدبہ کو قائم رکھنے، عوام الناس کو مسخر اور فرمانبردار کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔ تاجر، ڈاکٹر، لیڈر، وکلاء سب اس لوح مبارک سے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

زعفران

زعفران کو روحانی علاج میں خاص مقام حاصل۔ موکلات کو زعفران بہت پسند ہے، اس لئے زعفرانی سیاہی سے تیار شدہ اعمال پُرتاثیر ہوتے ہیں۔

اصلی ایرانی زعفران قیمت: 3400 روپے فی تولہ۔

1 گرام اور 3 گرام کی پیکنگ میں بھی دستیاب ہے۔

روحانی دکان، دارالعمل چشتیہ، لاہور
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop
ruhanishop@gmail.com

روحانی درسگاہ سے بغیر فیس عملیات سیکھیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1997ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

(۱).....عوام کے لیے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

❶ آیت الکرسی ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت ''یا حافظ یا حفیظ'' ❼ ''فراخی رزق'' کا مجرب عمل ❽ درود ابراہیمی ❾ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل ❿ سلام قولا من رب رحیم کا بنیادی عمل

(۲).....ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبرشپ ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے۔

❶ درود تنجینا ❷ ''حصار'' کا خاص عمل ❸ دعائے حزب البحر ❹ دعائے حزب النصر ❺ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا عمل ❻ ''منزل'' کا پہلے درجے کا عمل ❼ سورۃ الناس کا عمل ❽ ''تسخیر'' کا خاص عمل ❾ درود خضری کا عمل ❿ سورۃ یٰسین کا عمل ⓫ ''سورۃ واقعہ'' کا خاص عمل برائے فراخی رزق ⓬ ہاتھ سے تشخیص والا عمل

(۳).....علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔

❶ درود تنجینا ❷ ''منزل کے پہلے دو درجوں'' کے عمل ❸ دعائے حزب البحر ❹ دعائے حزب النصر ❺ ''آیت الکرسی'' کا خاص عمل ❻ ''معوذتین'' کا خاص عمل ❼ قصیدہ طوبیٰ ❽ قصیدہ حسنیٰ ❾ اسمِ ذات کا عمل ❿ عمل تہدیدی نامہ مبارک ⓫ ''جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت'' کا خاص عمل ⓬ نظرِ بد ختم کرنے کا دوسرے درجے کا عمل

(۴).....خواتین کے لیے

خواتین درج ذیل اعمال سیکھ سکتی ہیں۔ بہت آسان عمل ہیں۔ کسی پرہیز اور ڈر و خوف کے بغیر عمل کریں۔

❶ آیت الکرسی ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت ''یا حافظ یا حفیظ'' ❼ عمل محبت ''یا لطیف یا ودود'' ❽ عمل زبان بندی

(۵).....روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جا سکتے ہیں:

❶ ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ❷ آیت کریمہ کا خاص عمل ❸ شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص عمل ❹ شیطان و آسیب کو بھگانے کا خاص عمل

نوٹ جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کر لیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

ruhanidarsgah | +ruhanidarsgah97 | darulamalchishtia

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772 (صبح 11 سے شام 5 بجے، بلاوہ، جمعہ و اتوار)

darulamal.org/ruhanidarsgah | ruhanidarsgah@gmail.com | ruhanidarsgah.wordpress.com

ruhanidarsgah.blogspot.com | ruhanidarsgah | icq fring | +92-322-7772772

رشتہ کے حصول کے لیے درود شریف کے اعمال ... سید ذیشان نظامی

برائے رشتہ

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو یا بار بار منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل نہایت نافع ہے۔ جمعہ کے دن بعد نمازِ جمعہ دو رکعت نماز نفل بہ نیت لڑکی کی شادی کے لیے پڑھے۔ پھر سجدے میں جا کر اکتالیس بار درود غوثیہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ چند جمعے اس طرح عمل کرنے سے ان شاء اللہ عزّوجل لڑکی کی شادی حسب منشاء ہو جائے گی۔

درود غوثیہ یہ ہے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

رشتہ کے لیے نفیس عمل

اگر کسی کی بیٹی کنواری ہو اور وہ شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی بیٹی کی جلد از جلد کسی اچھی جگہ پر شادی ہو جائے اور اس کے لیے وہ بہت کوشش کرتا ہو مگر کسی بھی جگہ سے رشتہ کا پیغام نہ آتا ہو تو اسے چاہیے کہ نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے۔ اس کے بعد قبلہ رو بیٹھ کر توجہ و یکسوئی کے ساتھ گیارہ بار درود خضری پڑھے۔ پھر اللہ کا اسم مبارک ''یَالَطِیْفُ یَاحَلِیْمُ'' پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود خضری پڑھے۔ اس کے بعد اللہ سے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ عزّوجل چالیس (۴۰) یوم کے اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی، دعا قبول ہوگی اور وہ شخص ان شاء اللہ عزّوجل بیٹی کے فرض سے اچھے طریقے سے سبکدوش ہو جائے گا۔ درود خضری یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ

شادی کے لیے عمل

اگر کسی کی کوشش کرنے کے باوجود بھی شادی نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ نمازِ عشاء کے بعد رات کو سونے سے پہلے درود خضری تین سو تیرہ (۳۱۳) بار اور اکتالیس (۴۱) بار سورۂ اخلاص پڑھے اور صرف شادی کے لیے دعا کرے۔ اکتالیس (۴۱) دن تک اسی طرح وظیفہ کرے۔ اس عرصہ میں اگر منگنی یا شادی ہو بھی جائے تو بھی اکتالیس (۴۱) دن پورے کرنے ضروری ہیں۔

رشتہ ہونے کا آزمودہ عمل

جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو یا شادی کا پیغام نہ آئے اور عمر گزرتی جائے، تمام اسباب ہونے کے باوجود والدین کو اپنی بیٹیوں کے لیے پریشانی رہتی ہو، جب کہیں سے بھی نکاح کا پیغام نہ آئے اور پریشانیاں ہی پریشانیاں ہوں تو ان شاء اللہ عزّوجل، اس عمل کی برکت سے مقررہ مدت کے دوران ہی پیغامات آنے شروع ہو جائیں گے اور کسی اچھی اور نیک جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

طریقہ یہ ہے کہ لڑکی کا نام الگ الگ حروف میں لکھیں۔ دیکھیں ان حروف میں کون سا عنصر غالب ہے۔ اس میں درود ہزارہ کے اعداد جمع کر کے عنصر کے مطابق دو نقش لکھیں۔ ایک نقش گھر میں کسی پاک جگہ میں رکھ دیں اور دوسرا لڑکی اپنے گلے میں ڈال لے اور اکیس روز تک درود ہزارہ نام کے اعداد کے مطابق ورد کرے۔

ان شاء اللہ عزّوجل اس کی شادی نیک لڑکے سے ہو جائے گی اور زندگی خوش و خرم گزرے گی اور اولاد نیک پیدا ہوگی۔ اس نقش کو جب شرفِ قمر یا شرفِ زہرہ ہو تو پُر کریں تو پھر کیا بات ہے، فوراً اثر ہوگا۔ اور اکیس تا اکتالیس روز تک درود ہزارہ کا ورد کریں۔ ان شاء اللہ عزّوجل بطفیل رسول کریم ﷺ جلد شادی ہو جائے گی۔

رشتہ کے حصول کے لیے

جو شخص یہ چاہے کہ اسے من پسند رشتہ ملے اور ظاہر و باطن دونوں اعتبار سے باکمال ہو تو اسے چاہیے کہ عشاء کی نماز کے بعد تہجد کے وقت گیارہ سو (۱۱۰۰) بار یہ درود شریف پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے تو (بقیہ ص 43)

سورۂ یٰسین کے خُدّام کی تسخیر

نئی آنے والی کتاب "خزینۂ تسخیرات" سے منتخب ایک عمل

دارالعمل چشتیہ کے شعبہ نشر و اشاعت سے عنقریب شائع ہونے والی کتاب "خزینۂ تسخیرات" سے منتخب ایک عمل۔

سورۂ یاسین کے خدام کی تسخیر کا عمل پیش کیا جاتا ہے جو کہ باخبر علماء کرام سے مستفاد ہے۔

شرائط

* .....صدقہ دینا
* .....جگہ کا پاک ہونا
* .....بدن کا پاک ہونا
* .....ظاہری طور پر ہر متعلقہ چیز پاک ہو
* .....اور باطنی طور پر اللہ پر بھروسہ اور کامل یقین کا حامل ہو
* .....مشک و عنبر سے معطر ہو
* .....مزید تفصیل مضمون کے آخر میں درج ہے

عمل

سات مرتبہ سورۂ یاسین پڑھے۔ پھر درج ذیل دعا پڑھے:

سُبْحَانَ الْمُنَفِّسُ عَنْ كُلِّ مَكْرُوْبٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجُ عَنْ كُلِّ مَدْيُوْنٍ سُبْحَانَ مَنْ خَزَائِنُهٗ بَيْنَ الْكَافِ وَ النُّوْنِ سُبْحَانَ مَنْ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْن اَللّٰهُمَّ يَا مُفَرِّجَ الْهُمُوْمِ فَرِّجْ عَنِّيْ وَ اقْضِ حَاجَتِيْ اَللّٰهُمَّ يَا مُجِيْرَ النَّبِيِّيْنَ وَ مُسَخِّرَ الْفِيْلَ وَفَالِقَ الْبَحْرَ لِبَنِيْ اِسْرَائِيْلَ سَخِّرْ لِيْ مَا اُرِيْدُ اَنَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا تُرِيْدُ وَبِحَقِّ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَعِنِّيْ عَلٰى كُلِّ مَا اُرِيْدُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ وَبِحَقِّ سُوْرَةِ يٰس وَبِحَقِّ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

يَا اَللّٰهُ (66 مرتبہ پڑھیں)

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَ الرُّوْحَانِيَّةِ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَ بِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ وَبِحَقِّ اَسْمَاءِ اللّٰهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَبِحَقِّ اَلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ وَ بِحَقِّ اَلْمَلَكِ الْغَالِبُ اَمْرُهٗ اَبَجَدٌ وَ بِحَقِّ الْجَلَاطِيْلِ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ يَا رُوْقِيَائِيْل وَ اَلْمَلَكِ الْمُعِيْد سُبْحَانَ الْمُنَفِّسُ عَنْ كُلِّ مَدْيُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُخْلِصُ لِكُلِّ مَشْحُوْنٍ سُبْحَانَ الْمُفَرِّجُ عَنْ كُلِّ مَحْزُوْن سُبْحَانَ مَنْ اَجْرَى الْمَاءَ فِيْ الْبَحْرِ وَ الْعُيُوْنِ سُبْحَانَ الْعَالِمُ بِكُلِّ مَكْنُوْنٍ سُبْحَانَ مَنْ خَزَائِنُهٗ بَيْنَ الْكَافِ وَ النُّوْنِ سُبْحَانَ مَنْ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْن سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ وَ الْجَلَالِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْن.

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ لِيْ اَلْمَلَكِ رُوْقِيَائِيْل كَمَا سَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ سَخَّرْتَ النَّارَ لِاِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامَ وَ سَخَّرْتَ الْجِبَالَ وَ الْحَدِيْدَ لِدَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامَ وَ سَخَّرْتَ الرِّيْحَ وَ الْجِنَّ وَ الْاِنْسَ لِسُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامَ وَ سَخَّرْتَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ وَ كُلَّ الْاَشْيَآءِ لِنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ اقْضِ حَاجَتِيْ بِحَقِّ اَسْمَائِكَ الْحُسْنٰى يَا اَللّٰهُ (3 مرتبہ پڑھیں)

يَا سَرِيْعُ يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا وَدُوْدُ يَا بَاسِطُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَا مُبْدِءُ يَا مُعِيْدُ يَا فَعَّالُ لِّمَا تُرِيْدُ اَسْاَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِيْ مَلَّا اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِيْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ وَرَحْمَتِكَ الَّتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ

رَحْمَةً وَّعِلْمًا

یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِی (3مرتبہ پڑھیں)

یَا اَللّٰہُ (3مرتبہ پڑھیں)

اَغِثْنِیْ عَلٰی کُلِّ عَمَلِیْ ھٰذَا فِیْ سَاعَتِیْ ھٰذِہٖ

یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ (3مرتبہ پڑھیں)

یَا اَللّٰہُ (3مرتبہ پڑھیں)

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لِیْ اَلْمَلَكِ رَوْقِیَائِیْل (قَدْ شَغَفَھَا حُبًّا) (یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ) (کَلَّا لَا تُطِعْہُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ) صَلَاۃً لَا تُحْصٰی عَدَدًا عَلٰی جَمِیْعِ النَّبِیِّیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلَی الْمَلَائِکَۃِ وَالْمُقَرَّبِیْنَ وَعَلٰی جِبْرِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَعِزْرَائِیْلَ وَحَمَلَۃِ الْعَرْشِ وَالْکُرْسِیِّ وَالرُّوْحَانِیِّیْنَ صَلَاۃً زَاکِیَۃً فَاضِلَۃً طَاھِرَۃً تَامَّۃً رَاضِیَۃً آمِیْنَ.. وَصَلِّ اَللّٰھُمَّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ النَّبِیِّیْنَ.

طریقہ

اس عمل کی ابتدا نوچندی شبِ جمعہ یا شبِ پیر سے کی جائے۔ ایک کمرہ الگ مخصوص کریں، جہاں پورے عمل کے دوران کوئی نہ آئے۔ نہ ہی اس کمرے میں کسی طور پر کوئی گانے بجانے یا میوزک کی آواز آئے۔

کمرے میں داخل ہو کر عمل کے لیے مخصوص کردہ لباس پہن لیں۔ اس کو مشک وعنبر سے معطر کرلیں۔ کمرے کو بھی مشک وعنبر کا بخور یا اگربتیاں جلا کر معطر کریں۔

دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں۔ سلام کے بعد اللہ ﷻ سے عمل کی کامیابی کی دعا مانگیں۔ پھر روزانہ کا عمل پڑھیں۔ جب عمل ختم ہو تو پھر دو رکعت نفل صلوٰۃ الشکر پڑھیں۔ سلام کے بعد اللہ ﷻ کا شکر ادا کریں کہ اس دن کا عمل کامیابی سے ہوگیا۔

عمل پڑھ کر کمرے میں ہی سو جائیں۔ یہ لازمی شرط ہے۔ صبح اٹھ کر لباس تبدیل کر کے باہر جاسکتے ہیں۔

عمل کے پہلے روز اور آخری روز روزہ رکھیں۔ کوشش کریں کہ بیچ میں بھی زیادہ سے زیادہ روزے رکھیں۔ کم از کم درجہ یہ ہے کہ ہر پیر اور جمعرات کو روزے رکھیں۔

عمل کے دوران پرہیز جمالی اور جلالی کی پابندی بہت ضروری ہے۔ یہ یاد رکھیں کہ تسخیر کا کوئی بھی عمل ہو، اس میں اگر پرہیز کے بارے میں کچھ نہ لکھا ہو تو بھی جمالی وجلالی پرہیز لازمی کرنا ہوتا ہے۔ اگر کسی عمل میں خاص پرہیز لکھا ہو تو پھر وہی پرہیز کرلیا جائے، جو لکھا ہے۔

اس عمل کا ذکر کسی صورت کسی سے نہ کیا جائے۔ جو کچھ خواب اور ظاہری طور پر نظر آئے، سوائے استاد یا مرشد کے، کسی کو نہ بتایا جائے۔

بغیر کسی استاد یا پیر ومرشد کی نگرانی واجازت کے، اس عمل کو کرنے کی غلطی نہ کی جائے۔ ایسے عمل دیکھنے میں آسان لگتے ہیں، مگر جب عامل منزل پر بیٹھتا ہے تو پھر مشکلات کا آغاز ہوتا ہے۔

ایسے افراد جو سورۂ یٰسین کے عامل ہوں، ان کے لیے عمل میں بہت آسانیاں ہوں گی اور ان شاء اللہ، کامیابی ان کے قدم چومے گی۔

نوٹ: ''خزینۂ تسخیرات'' میں عمل کی دعائیں مع ترجمہ درج ہیں۔ ترجمہ ادارے کے رکن مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب نے کیا ہے۔

رعائتی قیمت 500 روپے

مایوسی کو شکست دینے والے

قرآن وحدیث کی روشنی میں مایوسی کا علاج

مؤلف: مولانا ارسلان بن اختر میمن

☆ مایوسی کی بیڑیوں کو اتار پھینکئے! ☆ مومن کو امیدوں سے بھرپور ہونا چاہئے ☆ ہر پریشانی کے بعد راحت ضرور آتی ہے ☆ اے اللہ! تیری رحمت بہت وسیع ہے ☆ مزدور کبھی نیند کی گولی نہیں کھاتے ☆ تنگی مصیبت جہاں بھی ہو فراخی اس کو پالے گی وغیرہ

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877

darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

عام اجازت والے اعمال

مرتب: قاری ممتاز صاحب

بدکار شوہر کی اصلاح کے لیے

یہ عبارت اگر شوہر بدکار ہو تو بی بی لکھ کر گلے میں پہنے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَمِنْ کُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ۔ اللّٰھم بحق قولك هذا و بحرمة نبيك محمد صلى الله تعالى عليه و اله وسلم ان ترزق فلان بنت فلان زوجا موافقا غير مخالف بحق محمد و اله اجمعين۔

ظالم کے ظلم سے نجات..... دشمن مطیع ہو

اگر کوئی شخص اس پر ظلم و تعدی کرتا ہو، سورۂ احزاب کو سات بار پڑھے۔ اس کے ظلم سے نجات ملے گی اور دشمن اس کا مطیع ہو جائے گا۔

لڑکیوں کے پیغام بکثرت آنے کے لیے

لڑکیوں کے پیغام بکثرت آنے کے لیے آیات کریمہ یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ۙ﴿۴۵﴾ وَّدَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا ﴿۴۶﴾ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِیْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِیْلًا ﴿۴۸﴾ (الاحزاب:۴۵-۴۸)

ہرن کی جھلی یا کاغذ پر لکھ کر کسی ڈبہ میں بند کر کے گھر میں رکھ دے۔

کشادن بخت دختراں

جس لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو اس کے لیے آیت کریمہ وَمِنْ کُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ۔ اَللّٰھم بحق قولك هذا و بحرمة نبيك محمد صلى الله تعالى عليه و اله وسلم ان ترزق هذه المراة زوجا موافقا غير مخالف بحق محمد و اله اجمعين لکھ کر گلے میں پہنائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد مراد حاصل ہوگی۔

لڑکے لڑکیوں کی شادی کے لئے

بعض مرتبہ لڑکے لڑکی شادی سے رہ جاتے ہیں، ان کی عمریں ڈھل جاتی ہیں لیکن کوئی مناسب اور موزوں رشتہ نہیں ملتا۔ لڑکیوں کی بے بسی پر رونا آتا ہے۔ اس کا آسان روحانی عمل یہ ہے۔

جس لڑکی یا لڑکے کا پیغام نہ آتا ہو اسے چاہئے کہ وہ خود پنج وقتہ نماز کی پابندی کرے اور بعد نماز عشاء باوضو سورۂ اخلاص پوری سورۃ اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں، اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل مسلسل بلاناغہ نوے دن تک کریں اور عمل کے اختتام پر اللہ تعالیٰ سے اپنے رشتہ کی دعا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نوے دن کے اندر اندر غیب سے شادی کا انتظام ہو جائے گا۔

لڑکیوں کے اچھے رشتوں کے لئے

بعض مرتبہ لڑکیاں اچھے رشتوں کی تلاش میں اپنی شادی کی عمر سے آگے بڑھ جاتی ہیں اور پھر رشتے نہیں آتے یا آتے ہیں تو اس قدر خراب ہوتے ہیں کہ اس ماحول میں لڑکی کا زندگی گزارنا جہنم سے کم نہیں ہوتا، ایسی صورت میں والدین کی پریشانی ان کو قبل از وقت بوڑھا اور بیمار بنا دیتی ہے۔

لڑکیوں کے جلد شادی اور اچھے رشتوں کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔ عمل شرط ہے، اگر اس عمل کی پابندی کی جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ لڑکی کا اچھی جگہ رشتہ ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے:

لڑکی خود یا اس کی والدہ یا بہن، بھائی، والد وغیرہ میں سے ہر بدھ کو باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے، اس کے بعد سورۂ یوسف (پارہ 12) مکمل تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر شادی کی دعا کرے، اسی طرح ہر پیر کو باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سورۂ احزاب (پارہ 21) کی تلاوت کرے، آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے، یہ عمل مسلسل کرے ناغہ نہ کرے اور اس وقت تک کرے جب تک شادی نہ ہو جائے۔ شادی ہو جانے کے بعد چھوڑ دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اچھی اور مناسب جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

اُمنت باللہ کا خاص عمل

تعارف امنت باللہ کا عمل ایک خاص عمل ہے، جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بہت بڑی بڑی جماعتیں کام کرتی ہیں۔ ان جنات کا تعلق زیادہ تر مدارس سے ہے۔ کوئی حافظ ہے تو کوئی قاری۔ کوئی عالم ہے تو کوئی شیخ الحدیث۔ اسی لئے یہ جنات ایسے افراد کی معاونت زیادہ کرتے ہیں جن کا تعلق بھی مدارس سے ہوتا ہے یا پھر وہ دین سے جڑے ہوں اور دین کا کام کر رہے ہوں۔

اس عمل کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ عرب ممالک میں بہت اچھا کام کرتا ہے۔ پاکستان سے بیٹھے عرب ممالک کا کام ہو جیسے سعودی عرب میں کوئی مریض ہے تو صرف مریض کے لئے پڑھنے سے اس کا فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اس کے پیچھے جو بڑے جنات ہیں، ان کا پیچھے سے تعلق سعودی عرب کے بڑے جنات سے ہے۔ اور پاکستان میں ان کی ایک بڑی جیل ٹھٹھہ کی طرف ہے جہاں سرکش قسم کے جنات اور شیاطین کو قید کیا جاتا ہے۔

کل چھ درجوں کی زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ 6100 روپے میں پہلے تین درجوں کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔

اجازت کون لے؟ روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، علمائے کرام اور مفتیانِ عظام، دین سے جڑے افراد۔

اجازت لینے کے فوائد امنت باللہ کے پیچھے جو جنات ہیں، اجازت ملتے ہی، اجازت یافتہ کا نام ان کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے، اس لئے عامل فوراً کام لینا شروع کر سکتا ہے۔ اس عمل سے ہر جائز کام لیا جا سکتا ہے، مختصراً چند درج ذیل ہیں: * ہر قسم کے جادو کا علاج * ہر طرح کی بندش سے نجات * ہر طرح کے جنات سے نجات * مسلط جن کو حاضر کرنا * جنات کو جلانا * جنات کو بوتل میں بند کرنا * جگہ سے جادو جنات نکالنا * روحانی تشخیص * محبت اور حاضری مطلوب * زبان بندی اور جدائی * مختلف بیماریوں کا علاج * تسخیر و شادی کے لئے * ہر جائز مقصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

چوتھے درجے کی فیس 1100 روپے، پانچویں کی فیس 2100 روپے اور چھٹے درجے کی فیس 3100 روپے ہے۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا پہلے سے فنِ عملیات سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ بالغ مرد اور عورت اجازت لے سکتے ہیں۔ جتنا دیندار ہوگا، اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ہدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔ **نقد ہدیہ مع اعمال کی کاپی -/6100 روپے، علاوہ ڈاک خرچ/کوریئر چارجز**

جنات کی جماعت اجازت لینے سے صرف اس عمل کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی چاہتا ہے کہ مجھے جنات کی جماعت ملے اور خاص میرے لئے ہو تو اس کے لئے چلّہ کرنا شرط ہے۔ چلہ کی کامیابی پر مسلمان مردوں اور عورتوں پر مشتمل جماعت حاصل ہوتی ہے جو عامل کے ہر جائز کام میں غیبی معاونت کرتی ہے۔ اگر عامل کی نظر کھلی ہو تو وہ آمنے سامنے بات چیت کر سکتا ہے۔ ورنہ کسی بھی ایسے بچے، مرد یا عورت کے ذریعے آمنے سامنے بات چیت کر سکتا ہے، جس کی نظر کھلی ہو۔ چلہ بہت آسان ہے۔ کوئی پرہیز نہیں۔ نہ ہی کسی قسم کا ڈر اور خوف اور نہ ہی رجعت ہوتی ہے۔

رابطہ روحانی درسگاہ (فون دفتر) 042-35410586 (موبائل دفتر) 0343-7772772 مولانا محمد عرفان 0321-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah.blogspot.com, ruhanidarsgah@gmail.com

عمل یٰسٓ کے خواص

حکیم صوفی غلام سرور شباب صاحب

بائیسواں پارہ سورۂ یٰسین کا شروع، اس کے عدد ستر (70) ہیں اور یہ سورۃ مسلمانوں میں بہت زیادہ مشہور ہے کیونکہ بہت سے عامل اس سورۃ کے چلّے کرتے ہیں اور عمل پڑھتے ہیں اور مرتے وقت بھی یہ سورۃ مرنے والے کو سنائی جاتی ہے۔ اس لئے جو لوگ مرنے سے ڈرتے ہیں وہ یہ سورت نہیں پڑھتے اور اس سورۃ کے نام لینے سے بھی بہت وہم کرتے ہیں۔ چنانچہ دہلی کے قلعے میں آخری زمانے کے شاہی خاندان والے سورۃ یٰسین کا نام نہیں لیتے تھے اور اس کو ننانویں کہتے تھے یعنی نام نہ لینے کے قابل سورت۔ مرتے وقت یہ سورت اس لئے سنائی جاتی ہے کہ اس سورت کی تاثیرات مشکلات کی آسانی کے لئے بے حد کارگر ہیں۔ لہٰذا اس کو مرتے وقت سنایا جاتا ہے کہ مرنے والے کو مرنا آسان ہو جائے اور سکرات موت کی مشکل باقی نہ رہے۔ ورنہ یہ سورت ڈرنے کے قابل نہیں ہے اور اس کی تاثیر موت کا باعث بھی نہیں ہوتی بلکہ بہت سے قریب المرگ لوگوں کو جب یہ سورۃ سنائی جاتی ہے تو وہ موت سے بچ جاتے ہیں اور اللہ ان کے خاندان کو زندگی عطا فرما دیتا ہے۔ سورۂ یٰسین میں لفظ مُبِیْن سات جگہ آیا ہے اور ہر مُبِیْن میں خاص تاثیر ہے۔ اس کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ستر دن تک رات کو سونے سے پہلے ستر بار یٰسٓ مُبِیْن دو لفظ پڑھے جائیں اور جب ستر دن پورے ہو جائیں تو دنیا کی ہر مشکل کے لئے عامل ستر بار یٰسٓ مُبِیْن پڑھے اور خدا سے مشکل حل ہو جانے کی دعا مانگے۔

پانچ خانوں کا تعویذ

جن بیماریوں کی تندرستی مشکل معلوم ہوتی ہو یا مقدمات کی مشکل پیش آئے تو عامل پانچ خانوں کا تعویذ لکھ کر دے دے۔ یہ تعویذ سبز کپڑے میں سی کر سیدھے ہاتھ کے بازو پر باندھا جائے گا اور تعویذ اس طرح لکھا جائے گا۔

یٰسٓ مُبِیْن	
یٰسٓ مُبِیْن	یٰسٓ مُبِیْن
یٰسٓ مُبِیْن	یٰسٓ مُبِیْن

سورۂ یٰسین کے عملیات کے بے شمار طریقے ہیں۔ مگر یہاں صرف ایک ہی طریقہ لکھا گیا ہے۔ یٰسٓ مُبِیْن کا چلہ جن عاملوں نے کر لیا ہوگا، وہ جس مشکل کی آسانی کے لئے ستر بار یہ عمل پڑھیں گے اور جس مشکل کی آسانی کے لئے دعا مانگیں گے وہ مشکل ضرور آسان ہو جائے گی۔ اسی طرح جس مشکل کے لئے یہ تعویذ باندھا جائے گا۔ اس میں بھی اثر ہوگا۔

عمل خدا کا پنجہ

یہ عمل بھی چالیس دن پڑھا جائے گا۔ روزانہ سورج کے طلوع کے وقت احرام باندھ کر اور سورج کی طرف رخ کر کے بیٹھے اور آنکھیں بند کر کے ایک ہزار بار یہ عمل پڑھے یَدُ اللّٰہِ یٰسٓ اور جب ایک ہزار کی تعداد ہو جائے تو دوبارہ شروع کرے اور سورج کی طرف پشت کر کے بیٹھ جائے اور اپنے دونوں ہاتھ ایک بار ملے۔ اس طرح کہ دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں آپس میں رگڑی جائیں اور اس کی تعداد پوری ہو جانے کے بعد اپنے دونوں ہاتھ چہرے پر مل لے۔ اس طرح چالیس دن کا چلہ پورا کرنا ہوگا۔ کسی قسم کا پرہیز نہیں ہے۔ البتہ چالیس دن میں ایک دن بھی ناغہ نہ ہونا چاہئے۔

علاج کا طریقہ

یَدُ اللّٰہِ یٰسٓ کا عامل کسی کا علاج کرنا چاہے تو ایک دن یا پانچ دن یا نو دن یا بارہ دن عمل کرے۔

عمل کے وقت بیمار کا چہرہ مشرق کی طرف ہو اور عامل کا چہرہ مغرب کی طرف ہو اور عامل عمل کے وقت احرام باندھے ہوئے ہو۔ پہلے آنکھیں بند کر کے دل ہی دل میں بارہ دفعہ یَدُ اللّٰہِ یٰسٓ پڑھے اور پھر اپنے دونوں ہاتھ بارہ دفعہ ملا کر رگڑے اور مریض کے سر پر ایک دفعہ دونوں ہاتھ مس

کرے یعنی مل دے۔ اس کے بعد پھر دونوں ہاتھ بارہ دفعہ رگڑ کر مریض کے دل پر مس کرے۔ یعنی ملے، اس کے بعد پھر ہاتھ رگڑ کر مریض کی دونوں ہتھیلیوں پر مس کرے۔ پھر بارہ دفعہ دونوں ہاتھ رگڑے اور مریض کے دونوں پاؤں کے تلوؤں پر مس کرے۔ پھر مریض کے پاؤں کی طرف کھڑا ہو کر اپنے دونوں ہاتھ ملا کر کہے ''بیماری دور ہوئی یَدُ اللہِ یٰسٓ کی برکت سے اور تندرستی واپس آ گئی۔'' بیمار پہلے ہی دن اچھا ہو جائے گا ورنہ پانچ یا نو یا بارہ دن تک یہ عمل کرنا چاہیے۔

یَدُ اللہِ یٰسٓ کا عامل اگر اپنے دونوں ہاتھ تین دفعہ اچھی طرح دھو کر اور پاک کر کے بارہ دفعہ دل ہی دل میں یَدُ اللہِ یٰسٓ پڑھے اور ہاتھوں کو رگڑے اور پھر دونوں ہاتھ پانی سے بھرے ہوئے برتن میں کچھ دیر ڈبوئے رکھے تو وہ پانی جس بیمار کو پلایا جائے گا اس کی صحت اچھی ہو جائے گی۔

سلبِ امراض

یَدُ اللہِ یٰسٓ ایسا پُر تاثیر عمل ہے کہ اس کا عامل ہر مرض کے بیمار کی بیماری اس عمل کے ذریعے سلب کر سکتا ہے۔ عاملین یَدُ اللہِ یٰسٓ کے عمل میں اتنی بڑی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ جس کے عجائب و غرائب عقل میں بھی نہیں آ سکتے۔ جنہوں نے یَدُ اللہِ یٰسٓ کے عمل کی تکمیل کر لی ہو تو ان کے ہاتھوں میں غیر معمولی طاقتیں پیدا ہو جائیں گی۔ وہ جس مریض کو تندرست کرنے کی نیت سے ہاتھ لگائیں گے وہ بیمار فوراً تندرست ہو جائے گا یا جلدی اس کی تندرستی بحال ہو جائے گی یا اگر وہ تین دفعہ اپنے ہاتھ پاک صاف کرنے کے بعد پانی میں ہاتھ ڈال کر کسی کو دیں گے تو وہ پانی ہر قسم کی بیماریوں کو دور کر دے گا۔

یہاں تک کہ خود عامل یا اس کے متعلقین کسی بیماری میں مبتلا ہو جائیں تو ان کو بھی اس عمل کے پانی سے فائدہ ہوگا۔

مگر یہ تاثیر اس وقت تک ترقی کرتی رہے گی جب تک عامل اپنی روح کے جوہر کی ہر قسم کے ناجائز خرچ سے حفاظت کرتے رہیں گے ورنہ تاثیرات گم ہو جائے گی یا کم ہو جائے گی۔

یٰسٓ

یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ۔ گلاب و زعفران سے اس طرح پانچ دفعہ لکھ کر روزانہ پینے سے حافظہ قوی ہوتا ہے۔ نورِ معرفت حاصل ہو اور عزیزِ خلائق ہو۔ بات چیت میں غالب رہے، رنج و غم دور ہو اور مال میں خیر و برکت ہو۔

خواص سورۃ یٰسٓ

جو کوئی یٰسٓ الحکیم تک لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ عزیز خلائق ہوگا اور سب لوگ اس کا احترام کریں گے اور اس کے مال میں بہت برکت ہو گی اور دشمن اس سے سرنگوں رہے گا اور سب مشکلیں اس کی آسان ہوں گی۔ اگر مریض کے گلے میں ڈالا جائے تو وہ شفایاب ہو جائے گا۔ اگر کسی غم والم میں مبتلا ہے، خدائے تعالیٰ اسے غم والم سے نجات دے گا اور جو کوئی اس طرح سے لکھے یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ اور صبح کو نہار منہ گھول کر پیئے، حافظہ زیادہ ہو جائے اور قلب خیانت سے پاک اور نورِ معرفت سے باطن روشن ہو جائے گا۔

روحانی تشخیص کرنے کا خاص عمل

تشخیص کا ایک خاص عمل، جس کی تکمیل کے بعد عامل ہر طرح کے جنات، آسیب، جادو ٹونہ وغیرہ کی فوری تشخیص باآسانی کر سکتا ہے۔

** مریض پر اثرات ہیں یا نہیں؟ فیس 1100 روپے

** مریض کے جسم کا کوئی خاص حصہ اثرات کی زد میں ہے یا بیماری کے؟

** گھر، دکان، فیکٹری، کوئی خاص جگہ وغیرہ روحانی طور پر متاثر ہیں یا نہیں؟ یہ عمل ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔ کوئی ڈر و خوف نہیں

** اثرات کو ختم کرنے کا جو روحانی علاج کیا جا رہا ہے، اس سے مریض کو فائدہ ہو رہا ہے یا نہیں؟ جگہ روحانی طور پر صاف ہو رہی ہے یا نہیں؟

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

صحت کی بندش

مولانا علی اسحاق صاحب

آپ کو ایسے کئی جسمانی مریض ہسپتالوں، کلینکس اور ڈاکٹروں سے مشاورت میں مصروف لوگ ملیں گے جن کی بیماری ڈاکٹروں، طبیبوں، حکیموں سمیت کسی بھی ٹیسٹ میں ظاہر نہیں ہو رہی ہوگی۔

مگر کمزوری، بے چینی، پریشانی اور دیگر حیران کن علامات کا اظہار ہو رہا ہوتا ہے۔ بعض لوگ جگر، معدہ، ہڈی اور اس قسم کے موذی سرطان یعنی کینسر میں مبتلا ہوتے ہیں۔ مگر جیسے جیسے جسمانی علاج میں بہتری اور ترقی ہوتی رہتی ہے، مریض موت کے منہ میں جاتا نظر آتا ہے۔ اس موقع پر ہم یعنی ہمارا ادارہ ہرگز جسمانی علاج کی مخالفت نہیں کرتے بلکہ تشخیص کی جانب متوجہ کرتے ہیں کہ جہاں اتنے ہزاروں اور لاکھوں روپے جسمانی امراض کی تشخیص کے لیے مختلف رپورٹس میں اڑا دیئے ہیں، وہاں معمولی سا وقت نکال کر کسی مستند روحانی معالج سے روحانی تشخیص کروالیں۔ کیونکہ بعض دفعہ حاسدین آپ کے مال وجان کے دشمن ہوتے ہیں۔ مگر آپ کی جان کے دشمن ہوتے ہوئے وہ گولی، بندوق کا سہارا نہیں لیتے بلکہ سفلی عمل کروا کر گندے جنات وشیاطین مسلط کر دیے جاتے ہیں جو کھانے پینے کی چیزوں میں جادو کی ناپاک اشیاء ملا دیتے ہیں اور مریض بیمار ہو جاتا ہے۔ شیاطین اور گندے جنات مسلط ہونے کی وجہ سے جو بھی دوا، جو بھی طبیب اور ڈاکٹر زور لگا لے، معاملات سنبھلنے میں نہیں آتے۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ مریض موت کے منہ میں چلا جاتا ہے۔

صحت کی بندش کے مریض کا علاج کیسے کیا جائے؟

1۔ ایسے مریض کے عموماً گھر میں جادو کی جڑ ہوتی ہے۔ سارے گھر کو روحانی طور پر پاک کیا جائے۔ گھر کا عمل کیا جائے، پانی دم کر کے چھڑکنا، سارے گھر میں اپنا خاص عمل پڑھتے ہوئے چکر لگانا، اگربتی وغیرہ پر خاص عمل دم کرنا، چراغ خاص عمل کے دم کر کے جلانا وغیرہ۔

2۔ مریض کی کیفیت دیکھتے ہوئے روحانی معالج کا مؤکلات اور جنات سے پوچھ کر صدقہ ادا کرنا۔

3۔ خاص عمل کی مخصوص تعداد میں پڑھائی کرنا جو عامل مؤکلات سے پوچھ کر خود روزانہ کرے گا۔

4۔ خاص عمل پانی پر دم کر کے مریض کو پلانا، جسم پر ملنا اور چھڑکنا وغیرہ۔

5۔ اگر معاملات کافی بگڑے ہوئے ہوں خاص طور پر 24 یا 72 گھنٹے والی ہانڈی کرنا وغیرہ۔

یہ ایسے طریقہ کار ہیں، جن سے مریض کی کیفیت سنبھلنی شروع ہو جائے گی۔

6۔ اس کے بعد معمول کا علاج جاری رکھنا چاہیے۔ مثلاً نہانا، پینا اور گھر میں چھڑکنا۔

خلاصہ یہ ہے کہ صحت کی بندش والے مریض کے گھر، اس کی اپنی ذات اور آس پاس کے لوگوں کا جنات سے پاک ہونا ضروری ہے۔ ورنہ یہ بندش موت کے منہ میں لے جانے کا باعث بن سکتی ہے۔

ہمارے ادارے میں گھر کے اعمال کی تربیت، جادو، جنات اور صحت کی بندش کے خاتمے کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ الحمد للہ، بہت سے افراد تربیت لے کر خدمت خلق میں مصروف ہیں اور بے شمار لوگ شفاء یاب ہو چکے ہیں۔

بقیہ: رشتہ کے حصول کے لیے درود شریف کے اعمال

اللہ عزوجل اس کی جائز دلی مراد پوری فرما دے گا اور رشتہ ہونے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ اس عمل کو اکتالیس (۴۱) دن تک جاری رکھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْکِبْرِیَآءِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَآءِ

ترجمہ: ”تمام تعریفیں اللہ کے لیے جو عزت و کبریائی کا مالک ہے اور اللہ رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ خاتم انبیاء ﷺ پر“۔

معجون خاص

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر

اجزاء

1۔لونگ 3 تولہ، 2۔عاقرقرحا 3 تولہ، 3۔سونٹھ 3 تولہ، 4۔خالص چھوٹا شہد ایک پاؤ، 5۔خولنجاں 3 تولہ، 6۔دارچینی ڈیڑھ تولہ، 7۔ابلے ہوئے انڈوں کی زردیاں 21 عدد۔

بنانے کا طریقہ

تمام چیزوں کو باریک پیس کر خالص شہد میں مکس کریں، ابلے ہوئے انڈوں کی زردیاں بھی اس میں اچھی طرح شامل کرلیں اور کسی جار میں محفوظ کرلیں۔اب آپ کے پاس ایک بہترین معجون موجود، کھائیں اور مزے اڑائیں۔

ترکیب استعمال

صبح ناشتے کے ایک گھنٹہ بعد یا رات سوتے وقت ایک چمچ استعمال کریں۔

فوائد

1۔جوانی کی کھوئی ہوئی طاقتوں کو بحال کرتی ہے۔

2۔مایوسیوں کو خوشیوں میں تبدیل کرتی ہے۔

3۔ازدواجی زندگی کو کامیاب بناتی ہے۔

4۔بے رغبتی اور سستی کو جڑ سے ختم کرتی ہے۔

5۔اعصاب میں بجلی کی سی تیزی پیدا کرتی ہے۔

6۔طاقت وقوت کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر ہے۔

7۔انتشار میں بے پناہ اضافہ کرتی ہے۔

8۔چہرے کا رنگ سرخ وسفید کرتی ہے۔

9۔پٹھوں کو مضبوط اور طاقتور بناتی ہے۔

10۔یہ معجون حکماء کے سینے کا پوشیدہ راز ہے۔

مطب العارف کی قیمتی ادویات جو مُردوں میں جان ڈال دیتی ہیں

(۱) سفوف شباب آور

مغلظ۔۔۔مقوی۔۔۔محرک

تمام مایوسیوں کو زبردست خوشیوں میں تبدیل کرے۔اعصاب کو دے پیغام حرارت، رگوں اور پٹھوں میں پیدا کرے غضب کا جوش، نہ ختم ہونے والا انتشار۔برف کی مانند ٹھنڈوں کو دے آگ کی سی تپش اور بجلی کی طرح تیزی۔ سفوف شباب آور واقعی شباب آور ہے۔آپ بھی منگوایئے اور ہمیں دعائیں دیجئے!

قیمت: 850 روپے صرف

(۲) پیغام جوانی کیپسول

بے حد مقوی۔۔۔انتہائی محرک۔۔۔100 فیصد رزلٹ

طاقت کا سرچشمہ، زندگی کا سہارا، مسرت وشادمانی کا بہترین سامان، پوشیدہ طاقتوں کا مخلص دوست، خاص اوقات میں دے فوری قوت وطاقت، منٹوں کو کرے گھنٹوں میں تبدیل جنسنگ اور قیمتی مفردات کا بہترین مرکب۔

چھوٹی پیکنگ: 750 روپے صرف

بڑی پیکنگ: 1500 روپے صرف

(۳) معجون خاص زعفرانی

- جوانوں کو دے جوانی کی حقیقی چمک دمک
- بوڑھوں میں پیدا کرے جوانوں جیسی چستی
- جنسی کمزوریوں کا مٹائے نام ونشان
- بے رغبتی، سُستی کی واقعی جانی دشمن
- خواہشات میں لائے زبردست اضافہ
- قوت مردانہ کیلئے بے مثال تحفہ
- نشہ آور مضر اثرات سے پاک

قیمت: 950 روپے صرف

مطب العارف 042-35410586, 0307-5525103

darulamal.org/matabalaartif

قرآن وحدیث میں شہد کی فضیلت وافادیت

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر

قرآن مجید

قرآن کریم میں شہد کے متعلق ارشاد باری تعالیٰ ہے:

فیہ شفاء للناس (القرآن)

ترجمہ: ''شہد میں لوگوں کیلئے شفاء ہے''۔

احادیث مبارکہ

حضرت ابن مسعودؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: العسل شفاء من کل داء (ابن ماجہ)

ترجمہ: ''شہد ہر مرض کیلئے شفاء ہے''۔

فعلیکم العسل (ابن ماجہ)

ترجمہ: ''شہد کو ہمیشہ تھامے رکھو'' (یعنی ہر وقت گھر میں ہونا چاہیے)۔

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

من لعق العسل ثلاثة غدوات کل شهر لم یصبه عظیم من البلاء

ترجمہ: ''جو شخص ہر مہینے 3 دن صبح کے وقت شہد چاٹ لے تو اس کو کوئی بھی بلاء عظیم ایذا نہیں دے سکتی''۔ (ابن ماجہ)

حضرت امی عائشہؓ فرماتی ہیں

کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یحب العسل

ترجمہ: ''رسول اللہ ﷺ کو شہد بہت محبوب تھا''۔

قال رسول الله ﷺ الشفاء فی ثلاثة فی شرط حجام او شربة عسل او کیة نار وانا انهی امتی عن الکی (مسلم)

ترجمہ: ''رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ شفا 3 چیزوں میں ہے۔ 1۔حجام کے پچھنے۔2۔شہد پینے۔3۔آگ سے داغ لگانے میں لیکن میں اپنی امت کو داغ لگانے سے منع کرتا ہوں''۔

ترمذی شریف میں آتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''سنوت کو کبھی نہ چھوڑو۔ کیونکہ ان دونوں میں موت کے سوا ہر مرض کی دوا ہے۔ سناء مشہور دوا ہے اور سفوف سے مراد شہد ہے''۔ (ترمذی)

قرآن کریم اور احادیث پاک شہد کی شفاء بخشی کے گواہ ہیں۔ بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ شہد کے شفاء بخش ہونے میں تو کوئی شک وشبہ نہیں لیکن شہد گرم مزاجوں کیلئے موافق نہیں۔ فی الحقیقت یہ کہنا بھی قطعاً ٹھیک نہیں، اس لیے کہ جو قرآن وحدیث پر یقین رکھتا ہے اسے کسی حیل وحجت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ اسے ہر مرض پر استعمال کرنے میں تامل نہ کرنا چاہیے۔ البتہ مقدار میں کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔ شہد کو پانی میں ملا کر پینا بھی سنت ہے اور دودھ میں ملا کر پینا بھی ثابت ہے۔

بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ شہد کی مکھیاں زہریلے پھولوں کا رس چوستی ہیں، یہ بھی صرف ان کا وہم ہے، اس لیے کہ قرآن کریم میں ہے ''کلی من کل الثمرات'' شہد کی مکھی ہر قسم کے پھولوں، پھلوں اور پھلیوں سے رس چوستی ہے لیکن ہر زہریلی چیز ان کے جسم میں جا کر اپنے مضر اثرات کھو دیتی ہے، اس لیے تو شفاء للناس کہا گیا ہے۔

شہد کی رنگت

شہد کی رنگت کے متعلق لوگ اکثر بحث ومباحثہ کا شکار رہتے ہیں کہ کون سے رنگ کا شہد اچھا ہے اور کون سا بہتر نہیں؟

چنانچہ قرآن کریم میں آتا ہے کہ یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه (انحل) ''شہد کی مکھیوں کے پیٹ سے مختلف رنگوں کا شراب (شہد) نکلتا ہے''۔

بہر حال شہد ہر مرض کے لیے اکسیر اور تریاق ہے۔ ہر مریض وصحت مند، ہر عمر کا آدمی بچے سے لے کر بوڑھے شہد تک استعمال کرسکتا ہے!

خالص شہد کے حصول کیلئے مطب العارف سے رجوع فرمائیں، شکریہ۔

لوح فتوحات مجرب

شہزادہ منظور علی سلون

اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۝۲۰ (لقمان)

ترجمہ: ''کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے مسخر کر دیا ہے تمہارے لیے جو کچھ آسمان وزمین میں ہے اور سب کو اللہ نے تمہارے کام میں لگا رکھا ہے اور اس نے تم پر اپنی کھلی اور چھپی نعمتیں پوری کر رکھی ہیں''۔

پیارے قارئین خزینۂ روحانیات کی خدمت میں عملیات کے سمندر سے اوجِ زحل کا مجرب عمل، رازِ سینہ، ''**لوح فتوحات**'' لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یہ عمل ایک انمول تحفہ ہے۔ ہیرے کی قدر صرف جوہری ہی جانتا ہے۔ قارئین آپ بھی قدردان بنیں اور 29 سال کے بعد آنے والے اوجِ زحل سے مکمل استفادہ حاصل کریں۔ ایسے اوقات کا لوگ بڑی شدت سے انتظار کرتے ہیں کیونکہ ایسے اوقات بار بار نہیں آتے۔ ایسے اوقات میں تیار کیا جانے والا ہر عمل، نقش، تعویذ، الواحین جلد اثر ظاہر کرتے ہیں اور سو فیصد یقینی کامیابی ملتی ہے۔ غفلت کی نیند سے بیدار ہو کر اٹھیں۔ وقت گزر جانے کے بعد پھر نہ کہنا، ہمیں خبر نہ ہوئی۔

منسوبات زحل

برج: جدی دلو۔ طبع: خاکی۔ دن: ہفتہ۔ رنگ: سیاہ۔ طرف: جنوب۔ جواہر: نیلم۔ لکی منسوب عدد: 8۔ جنس: مذکر۔ وقتی قوت: رات۔ دھات: سیسہ۔ خوشبو: عطر گل۔ خاصیت: سخت۔ بخور بمیعہ سائلہ۔ صدقات: ماش سیاہ، کنجد سیاہ، نمک سیاہ۔ مقام: ویرانی۔ وقت: عشاء۔ شرفی برج: میزان۔

اوجِ زحل

21 درجہ۔ اوجی برج قوس 13 درجہ۔ حرکت فی برج ڈھائی سال۔

اسماء الحسنیٰ ''یافتاح یارزاق''۔

پیارے قارئین خزینۂ روحانیات! بندہ احقر ہمیشہ تحقیقاتی اور نئے سچے مجرب اعمال ہی پیش کرتا ہے۔ نقل سے سخت نفرت ہے جیسا کہ آج کے نقل باز، جن کو عقل نہیں، وہ کتابوں سے دوسروں کے مضامین لے کر اپنے نام سے شائع کرواتے ہیں۔

آیئے، اب سال 2016ء ماہ جنوری برج قوس کے 13 درجہ پر آنے والے اوجِ زحل کے معجزاتی، کرشماتی، تحقیقاتی طور پر کچھ رازوں کو دیکھیں۔

دلائل

قوس کے حروف 3
زحل کے حروف 3
جنوری کے اعداد 269 کا مفرد 8
اوجی سیارہ زحل کا منسوبی عدد 8
زحل سے منسوب برج جدی کے اعداد 17 8
سال 2016ء کا مفرد عدد 9
جناب فاطمہؓ کے اعداد 135 9
زحل کے اوجی برج قوس کا نمبر 9
زحل کے اعداد 45 کا مفرد عدد 9
اوج شروع ہونے کی تاریخ 9
زحل کے اوجی برج قوس کے اعداد 166 13
سیارہ زحل کا اوجی درجہ 13
زحل سے منسوب دن ہفتہ کے اعداد 490 13

نوٹ: شرفِ زحل اور اوجِ زحل کے متعلق میرے پاس اور بھی بہت سارے راز موجود ہیں۔

اوقات اوجِ زحل

ابتداء: 9 جنوری 6 بج کر 47 منٹ صبح

خاتمہ: 19 جنوری 9 بج کر 08 منٹ صبح

انسانی زندگی مکمل طور پر سیاروں کے اثرات سے متاثر ہوتی ہے۔ اگر

اگربتیوں کی ورائٹی کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/sale/agarbatti.htm

سیارے بلند ہوں تو انسان کو تخت و تاج کا مالک بنا دیتے ہیں اور اگر سیارے گردش میں ہوں تو انسان کی زندگی کو ناکارہ بنا دیتے ہیں۔ عقلمند لوگ ہی ایسے سعد اوقات سے استفادہ کرتے ہیں۔

ایسے لوگ حضرات و خواتین، جو عرصہ دراز سے بہت پریشان ہیں، مختلف مسائل نے گھیر لیا ہے، ہر طرف سے ہر کام میں رکاوٹیں ہیں، سحر جادو کا اثر ہے یا پیدائشی زائچہ، وقتی زائچہ میں نحوست زحل، ساڑستی زحل، زحل کا نحس پایہ یا زحل کے متعلق زائچہ میں کسی بھی طرح کی گردش نحوست ہو تو زحل سے منسوب طلسم، خاتم، الواح، نقش، دعا یا موافق نگینہ ضرور اپنے پاس رکھیں تا کہ نحوست سے نجات پا کر بہتر زندگی گزار سکیں۔

فوائد لوحِ فتوحات

- ..... جائیداد، زمین، مکان، دکان، تعمیراتی کام، خرید و فروخت یعنی اسٹیٹ ایجنسی کے کام میں فائدہ ہوگا۔
- ..... فصل زراعت، باغبانی کے ہر قسم کام میں فائدہ ہوگا۔
- ..... دشمنان پر آپ کا رعب و دبدبہ قائم ہوگا۔ دشمن زیر اور آپ ہر میدان میں ان پر غالب ہوں گے۔
- ..... امتحان، مقدمات، الیکشن ..... ہر قسم کے مقابلے میں فتح آپ کی ہو گی۔
- ..... سحر، جادو، نظر بد، شیطان، جنات، بیماری، چوری، غرقابی ..... ہر قسم کے حادثات، تیر، تلوار، بم، گولی، بندوق، بجلی، گرج چمک جیسے نقصانات سے حفاظت ہوگی۔

غرضیکہ ہر قسم کے حالات میں فتح آپ کی ہوگی۔ لوحِ فتوحات کے مؤکلات آپ کو ہر قدم پر کامیاب کرتے رہیں گے۔

طریقہ تیاری

بوقت اوجِ زحل، کسی نیک ساعتِ زحل میں مکمل پاکی سے قواعد عملیات کے مطابق لوح فتوحات تیار کریں۔ زحل سے منسوب ہفتہ کا دن نہایت طاقتور ہوگا۔

لوحِ فتوحات

۷۸۶

نصرمن	اللہ	وفتح	قریب
۴۹۵	۳۱۱	۴۳۱	۶۵
۳۱۰	۴۹۲	۶۸	۴۳۲
۶۷	۴۳۳	۳۰۹	۴۹۳

چال

۱	۶	۱۱	۱۶
۱۲	۱۵	۲	۵
۱۴	۹	۸	۳
۷	۴	۱۳	۱۰



سخت جادو اور جنات کا خاص توڑ ''سری والا عمل''

سخت قسم کے جادو اور جنات سے نجات کے لئے ''سری والا عمل'' خاص مجرب عمل ہے، جس کے فوری اثرات دیکھنے میں آتے ہیں۔ اس عمل کے پیچھے جو مخلوق کام کرتی ہے، وہ جادو اور جنات سے نمٹنے کی ماہر ہے۔

اس عمل کو اس وقت کیا جاتا ہے جب سخت قسم کے جادو اور جنات کے ضدی اثرات سے نجات نہ مل رہی ہو۔

ھدیہ: 3100 روپے

یہ عمل صرف عاملین کے لئے ہے یا پھر ان افراد کے لئے، جنہوں نے چند بنیادی اعمال کئے ہوئے ہوں۔ اور روحانی دفاع بھی ان کو حاصل ہو۔

اس عمل کی اجازت لینے کے بعد عامل جب چاہے، اس عمل کو استعمال کر سکتا ہے۔ روزانہ کا ورد کرنے میں بمشکل ایک منٹ لگتا ہے۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

عظیم الشان روح پرور سالانہ نورانی، اصلاحی، تربیتی، عملیاتی اجتماع

9ویں سالانہ اجتماع حزب البحر کی مختصر کارگذاری

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب (بیدیاں خاص، ضلع قصور)

دارالعمل چشتیہ کے زیر اہتمام سالانہ روحانی، عملیاتی، تربیتی اجتماع حسب سابق اس سال بھی 6/7/8 صفر المظفر کو جامع مسجد اللہ اکبر بیدیاں خاص میں منعقد ہوا۔ شرکاء اجتماع کی آمد کا سلسلہ اجتماع سے 3 دن پہلے ہی شروع ہو گیا۔ جو اجتماع کے آخری دن تک الوداعی اور اختتامی نشست تک جاری رہا۔

اجتماع میں تشریف لانے والے معزز مہمانوں کا شاندار انداز میں استقبال کیا گیا۔ 5 صفر المظفر بعد نماز عصر پہلی نشست کا آغاز ہوا۔ اجتماع کے ان تین دنوں میں کروائے جانے والے اعمال کی اتنی لمبی اور طویل فہرست دیکھ کر تمام شرکاء اجتماع کی خوشی اور حیرت دیدنی تھی۔ ہر ساتھی اس سوچ میں پڑ گیا کہ میں کون سا عمل کروں اور کون سا چھوڑوں! اس لیے کہ دارالعمل چشتیہ کی طرف سے علوم روحانیہ کا ایک ٹھاٹھیں مارتا سمندر ان کے سامنے تھا۔ بہر حال سب نے اپنی اپنی پسند کے مختلف اعمال کی ریاضت کی۔ الحمدللہ

تمام مہمانوں کی رہنمائی کیلئے دارالعمل چشتیہ کے خدام آخری وقت تک اجتماع گاہ میں موجود رہے۔ ناظم روحانی درسگاہ مولانا محمد عرفان صاحب کی تربیتی نشستیں بھی اجتماع کو چار چاند لگاتی رہیں! اللہ ان کے علم و عمل میں برکتیں عطا فرمائے۔ پوری پوری رات جاگ کر ہر ساتھی کی روحانی، علمی، عملیاتی تشنگی کو بڑے حوصلے اور ہمت کے ساتھ بجھاتے رہے۔

بغیر فیس سکھائے جانے والے اعمال

دنیا بھر میں شاید ہی کوئی پرائیویٹ ایسا ادارہ ہو جو کسی فن کی تعلیم فری بھی دیتا ہو۔ اس گئے گذرے دور میں یہ سہرا بھی الحمدللہ دارالعمل چشتیہ اور سیدی و مرشدی حضرۃ ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ کے سر ہے کہ جنہوں نے عوام الناس سے لے کر ادارے سے متعلق تمام افراد، روحانی درسگاہ کے طالب علموں حتیٰ کہ ماہنامہ خزینہ روحانیات کے تمام نئے پرانے ممبرز اور امت کے محسن حضرات علمائے کرام، مفتیان کرام، مدارس کے ناظمین اور مساجد کے ائمہ کرام کیلئے بالکل ہی فری اور وہ بھی کثیر تعداد میں ایسے اعمال اور چلہ جات کی باقاعدہ سے ترتیب بنائی ہوئی ہے تاکہ یہ حضرات بھی، اپنے بچوں، اپنے گھروں، اپنے مدارس اور اداروں کی حفاظت کے ساتھ ساتھ تمام امت مسلمہ کی روحانی پریشانیوں اور بیماریوں میں ان کی بھرپور رہنمائی اور بہتر انداز میں ان کا روحانی علاج معالجہ فرما سکیں۔

صرف ہم ہی کیوں آپ کیوں نہیں؟

شہرت پرستی اور انا پرستی کے اس دور میں ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ میں اور صرف میں! کسی کو سینے کا راز دینے کیلئے کون تیار ہوتا ہے۔ مگر دارالعمل چشتیہ اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ علم بانٹنے اور تقسیم کرنے سے ختم نہیں ہوتا بلکہ بڑھتا ہے اور کسی کی عزت اور اس کے مقدر کا رزق کوئی دوسرا ہرگز نہیں لے جا سکتا۔ یہ سب خزانے مالک حقیقی کے پاس ہی ہیں اور وہ جس کو چاہے عطا فرماتے ہیں۔ اس لیے دارالعمل چشتیہ کا روز اول سے یہی مشن و ہدف ہے کہ صرف ہم ہی کیوں آپ کیوں نہیں! بلکہ سیدی و مرشدی استاذ العالمین حضرۃ ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ فرماتے ہیں کہ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ ہر گھر میں کم از کم ایک ماہر تشخیص عامل لازمی ہونا چاہیے تاکہ وہ خود اپنے گھر والوں کی باپردہ ماؤں، بہنوں، بیٹیوں کی تشخیص بھی کر سکے اور ان

کا علاج بھی۔

علمائے کرام، مفتیان کرام کے بارے میں اکثر حضرۃ ڈاکٹر صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اصل میں تو یہ کام انہی کا ہی ہے اور انہی کو ہی یہ کام سنبھالنا چاہیے۔

روحانی اشیاء کا اسٹال

دارالعمل چشتیہ کے شعبہ روحانی دوکان کی طرف سے روحانی دم شدہ اشیاء کے اسٹال کا بھی اجتماع میں باقاعدہ سے اہتمام کیا گیا تھا۔ جس میں مختلف عاملین کی تصنیف شدہ کتب، پرنٹ شدہ تعویذات، مختلف دم شدہ اگر بتیاں برائے دفع جادو، جنات، دفع نحوست، برائے حصول برکت وغیرہ، دم شدہ شہد، عطر تسخیر، عطر حاضری، عطر حفاظت، آلہ یکسوئی اور بہت ساری روحانی دم شدہ اشیاء۔ اسٹال شرکاء اجتماع کی توجہ کا خاص مرکز رہا اور تقریباً سبھی ساتھیوں نے اس سے بھرپور استفادہ کیا۔ کچھ ساتھی مطلوبہ سامان نہ ملنے کی وجہ سے پریشان تھے چونکہ ہر ساتھی کی ڈیمانڈ زیادہ سامان کی تھی۔ ان ساتھیوں کو بذریعہ ڈاک مطلوبہ روحانی اشیاء روانہ کی جائیں گی، اگر آپ کو یا آپ کے کسی ساتھی کو کسی بھی روحانی دم شدہ اشیاء کی یا کسی بھی قسم کے پرنٹ شدہ قرآنی یا امنت باللہ، چہل کاف وغیرہ اعمال کے نقوش پرنٹ شدہ مطلوب ہوں تو وہ دارالعمل چشتیہ کے شعبہ روحانی دکان سے رابطہ فرمائے۔ تمام مطلوبہ اشیاء بذریعہ ڈاک بھیجنے کی سہولت موجود ہے۔

خاص الخاص دم شدہ اشیاء

اجتماع کے پہلے دن سے ہی 100 کلو چینی، 100 کلو نمک، 60 لیٹر سرسوں کا تیل اجتماع گاہ میں لاکر رکھ دیا گیا تھا۔ جس کو اجتماع کے پہلے دن سے آخری دن تک تمام عاملین مہمانان گرامی نے اپنے اپنے خاص کلام اسم اعظم، سورۃ مزمل شریف، امنت باللہ شریف، چہل کاف شریف، حزب البحر شریف، حزب النصر شریف اور دیگر بہت سارے روحانی کلام سے دم کیا۔ اس لحاظ سے ان اشیاء میں کافی روحانی طاقت پیدا ہوگئی، اجتماع کے آخری دن یہ تمام دم شدہ اشیاء تمام شرکاء اجتماع کو بطور تبرک خاص تقسیم کردی گئیں۔ تمام عاملین اپنے اپنے گھروں میں اور ان سے متعلقہ مریدوں اور روحانی مریضوں میں بطور علاج اور بطور تبرک تقسیم فرمائیں گے۔ اس طرح سے دارالعمل چشتیہ، روحانی اجتماع اور سیدی مرشدی حضرۃ ڈاکٹر صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ کا یہ روحانی فیض پورے ملک میں پہنچ گیا۔ الحمدللہ، دارالعمل چشتیہ کے شعبہ روحانی دکان پر موجود تمام دم شدہ اشیاء، ماہر عاملین کی خاص محنت اور خاصے طویل دم سے تیار کی جاتی ہیں اور ہر وقت دستیاب ہوتی ہیں۔

اگر کوئی ساتھی منگوانے کا خواہش مند ہو تو وہ روحانی دوکان کے موبائل نمبر پر رابطہ فرمائیں شکریہ۔ 0334-4312272

دستار بندی

مجلس مشاورات اور دارالعمل چشتیہ کی انتظامیہ کی مشاورت پر اس بار شرکاء اجتماع کی دستار بندی کیلئے سرپرست دارالعمل چشتیہ، بین الاقوامی معروف روحانی معالج، استاد العالمین، نمونہ اسلاف، سیدی ومرشدی حضرۃ ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ، مدیر اعلیٰ خزینہ روحانیات سے مودبانہ گزارش کی گئی جو حضرت نے الحمدللہ قبول فرمائی اور اس بار حضرت ڈاکٹر صاحب نے تمام ساتھیوں کی دستار بندی فرما کر ان کی دلی خواہشات کی تکمیل فرمائی۔

میری اور تمام شرکاء اجتماع کی یہ دعا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ حضرت ڈاکٹر صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ کی عمر، زندگی، صحت میں برکت عطا فرمائے۔ حضرت کا اور ان کے ادارے دارالعمل چشتیہ کا فیض اللہ پاک پوری دنیا میں عام فرمائے۔ اللہ تعالیٰ ان کا سایہ ہمارے سروں پر تا زندگی قائم دائم فرمائے۔ اللہ پاک حضرت ڈاکٹر صاحب، حضرت کے ادارہ دارالعمل چشتیہ، حضرت کے تمام خدام، دارالعمل چشتیہ کی تمام انتظامیہ کی ہر قسم کے حاسدوں کے حسد، شریروں کے شر اور فتنہ باز لوگوں کے فتنوں سے ہمیشہ اپنی خاص حفاظت فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

شرکاء اجتماع کے اسمائے گرامی

1۔ مولانا محمد ابوبکر صاحب۔ مہتمم جامعہ دارالقرآن راولپنڈی

2۔مولانا محمد نعیم صاحب۔جامع مسجد اقصیٰ ٹیکسلا راولپنڈی

3۔قاری محمد علی صاحب۔محمدی مسجد راولپنڈی

4۔حافظ زہیب معاویہ صاحب۔مسجد نور راولپنڈی

5۔مولانا امیر معاویہ صاحب۔جامعہ رحیمیہ دارالقرآن راولپنڈی

6۔مولانا محمود الحسن صاحب۔راولپنڈی

7۔مولانا محمد قاسم صاحب۔مسجد حیدر کرار راولپنڈی

8۔مولانا اسداللہ صاحب۔محلہ توحید آباد اسلام آباد

9۔قاری منیر شاہ صاحب۔بہارہ کہو اسلام آباد

10۔مولانا عبدالمجید صاحب۔محلہ شرف آباد اسلام آباد

11۔محمد شکیل صاحب۔اسلام آباد

12۔ذیشان احمد قریشی صاحب۔اسلام آباد

13۔بھائی محمد صالح صاحب۔آزاد کشمیر

14۔مولانا عبدالرحمن جامی صاحب۔ضلع باغ آزاد کشمیر

15۔حکیم قاری عطاء الرحمن صاحب۔واہ کینٹ

16۔عبدالرحمان صاحب۔ٹیکسلا

17۔حافظ محمد رمضان صاحب۔واہ کینٹ

18۔حاجی ظفر اقبال۔لاہور

19۔محمد اقبال صاحب۔لاہور

20۔محمد شہزاد صاحب۔لاہور

21۔محمد عامر صاحب۔لاہور

22۔قاری ممتاز صاحب۔جوہر آباد

23 محمد سلیم اللہ۔سرگودھا

24۔پیر حسن امام صاحب۔کراچی

25۔مولانا محمد اختر صاحب۔کراچی

26۔مولانا محمد میاں صاحب۔کراچی

27۔مولانا سعید الرحمان صاحب۔کراچی

28۔مولانا نیاز احمد صاحب۔دارالعلوم زکریا جھنگ

29۔قاری خالد محمود صاحب۔فیصل آباد

30۔صوفی محمد بشیر صاحب۔وزیر آباد گوجرانوالہ

31۔حکیم محمد عرفان صاحب۔لاہور

32۔ڈاکٹر زاہد سرفراز صاحب۔قصور

33۔عرفان زاہد صاحب۔لاہور واپڈا ٹاؤن

34۔مولانا حافظ ریاض صاحب۔ٹاؤن شپ لاہور

35۔مولانا عبدالہادی صاحب۔فیصل آباد

36۔مولانا طارق مدنی صاحب۔جامعہ عائشہ صدیقہ پاکپتن

37۔عبدالواحد صاحب۔ضلع سوات

38۔فضل غفور صاحب۔ضلع سوات

39۔مولانا محمد عثمان صاحب۔جہلم

40۔حکیم حافظ بلال صاحب۔ننکانہ

41۔ڈاکٹر محمود احمد صاحب۔جوہر ٹاؤن لاہور

42۔مولانا محمد عمر صاحب۔پاکپتن

43۔مولانا ذوالقرنین صاحب۔چوبارہ ضلع سیالکوٹ

44۔مولانا حکیم محمد ارشد صاحب۔مدرسہ اشرف العلوم پسرور سیالکوٹ

45۔مولانا محمد ابوبکر صاحب۔سیالکوٹ

46۔رضا عبدالرحمن صاحب۔فاروق آباد شیخوپورہ

47۔محمد حارث صاحب۔لاہور

48۔محمد عامر صاحب۔لاہور

49۔محمد عرفان صاحب۔لاہور

50۔مولانا محمد مدثر صاحب۔سیالکوٹ

51۔آفتاب الرحمن صاحب۔لاہور

darulamal.org/rubanishop/things_dam/rubani_phakki.htm روحانی پھکی برائے مختلف امراض

دشمن کی تباہی و بربادی کا خاص عمل

عطارد قرآن زحل کے وقت کا خاص عمل

خالد مقبول حفظہ اللہ

جب دشمن کی طرف سے مسلسل تکالیف کا سامنا ہو، کسی طرح نجات ممکن نظر نہ آتی ہو، دشمن ہر وقت نقصان اور پریشان کرنے کے منصوبے بناتا رہتا ہو، کسی طرح بھی اپنی حرکتوں سے باز نہ آرہا ہو، اپنے اثر ورسوخ سے ہر تدبیر کو ناکام بنا دیتا ہو تو ایسے حالات میں مجبوری بن جاتی ہے کہ دشمن کا کوئی نہ کوئی سدِ باب کیا جائے۔ کوئی ایسی تدبیر کی جائے کہ اس سے جان چھوٹ جائے۔ دنیوی تدابیر کے مقابلے میں روحانی تدابیر کئی بار بہت زیادہ مؤثر ثابت ہوئی ہیں۔ خصوصاً جب سامنے دشمن طاقتور ہو اور دنیوی تدابیر سے اس سے لڑنا ممکن نہ ہو تو روحانی تدابیر ہی واحد حل رہ جاتی ہیں۔

دشمن کو سبق سکھانے اور اس کی تباہی، بربادی اور ویرانی کے لیے یہ عمل بہت مؤثر ہے۔ عمل یہ ہے کہ دشمن کا کامل تصور رکھتے ہوئے سورۂ قمر کو بعد نمازِ ظہر، باوضو ایک مرتبہ پوری اس طرح پڑھیں کہ جب اس آیت پر پہنچیں تو اس آیت کو ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھیں۔ آیت یہ ہے:

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿سُوْرَۃُ الْقَمَرِ: ۱۰﴾

ایک مرتبہ سورت پڑھتے ہوئے آیت پڑھی جائے گی۔ پھر مزید ایک ہزار (۱۰۰۰) بار اور پڑھیں گے۔ اور پھر سورت کو آخر تک پڑھ کر پسی ہوئی کالی مرچ پر دم کریں گے۔ اب آپ کا عمل مکمل ہوا۔ پسی ہوئی کالی مرچ تھوڑی زیادہ مقدار میں لی جائے تاکہ اس کو متعدد بار استعمال کیا جا سکے۔ خیال رہے کہ عمل سے قبل بسم اللہ الرحمن الرحیم اور درود شریف نہیں پڑھنا ہے۔ اعمالِ شر میں نہیں پڑھتے۔

کوئی مناسب وقت دیکھ کر پسی ہوئی کالی مرچ دشمن کے دروازے کے سامنے یا اس کے گھر میں پھینک دیں۔ اگر اس کا ڈیرہ ہے تو اس ڈیرے پر پھینکیں۔ خیال رہے کہ دشمن اس پر سے گذر جائے۔ پھینکنے کا بہترین وقت ساعتِ زحل و مریخ ہیں اور دن منگل اور ہفتہ ہے۔ کوشش کی جائے کہ عمل کے بعد مسلسل منگل اور ہفتہ کو پھینکتے رہیں۔ ان شاء اللہ، بہت جلد دشمن اللہ ﷻ کی پکڑ میں آجائے گا اور تباہ و برباد ہو جائے گا۔

اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی باعمل مستند مفتی صاحب سے مسئلہ پوچھا جائے کہ سائل کے حالات کے پیشِ نظر، دشمن کو برباد کرنے کا عمل کرنے کی شریعت سائل کو اجازت دیتی ہے۔ اگر اجازت شریعت کی طرف سے ہے تو پھر ہماری طرف سے بھی اجازت ہے، ورنہ نہیں۔

صرف اپنی اَنا کی تسکین اور معمولی لڑائیوں میں اس طرح کے عمل کرنا خود اپنی تباہی کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ اس لیے حتی الامکان ایسے اعمال سے پرہیز کرنا چاہیے۔ صرف انتہائی مجبوری میں ہی کرنا چاہئیں۔ ناجائز عمل کرنے والا خود تباہی کا شکار ہوگا، ان شاء اللہ۔

عمل کرنے کا خاص وقت

عطارد اور زحل کے قران کا وقت اعمالِ شر کے لیے خاص وقت ہوتا ہے۔ اس میں دشمن سے نجات، تباہی، بربادی اور ہلاکت کے اعمال کیے جاتے ہیں۔ ۸ جنوری ۲۰۱۶ کو صبح 11:42 پر شروع ہوگا۔ ۹ جنوری ۲۰۱۶ کو صبح 9:11 پر مکمل ہوگا اور ۱۰ جنوری کو صبح 6:39 پر ختم ہوگا۔ اس دوران ساعتِ زحل یا مریخ میں اس عمل کو کیا جائے۔ ہمارا مشورہ یہ ہے کہ ۹ جنوری کو یہ عمل کیا جائے کیونکہ ۹ کو ہفتہ ہے۔ اور ہفتہ کا دن اعمالِ شر کے لحاظ سے بہت موزوں دن ہے۔

نوٹ: اس عمل کی اجازت کے لیے جو حضرات وخواتین رابطہ فرمانا چاہیں، ان سے گذارش ہے کہ پہلے تحریری فتویٰ لیں، پھر رابطہ فرمائیں۔ پسی ہوئی کالی مرچ کو اپنی رہائش گاہ میں نہ رکھیں۔ کسی باہر کی جگہ رکھیں۔

سردیوں کی آمد کے ساتھ ہی ہر فرد کی ناک بہنے لگتی ہے اس حوالے سے موسم سرما کا عام مرض نزلہ، زکام اور اس سے بچاؤ پر معلوماتی مضمون

تحقیق و تحریر: ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب (راولپنڈی)

موسم سرما کا مرض: نزلہ زکام (Coryza/Catarrh/Rhinitis)

جب ناک سے پتلا مواد خارج ہونا شروع ہو جائے اور اس کا عمومی سبب ناک کی سوزش ہو تو اسے زکام کہا جاتا ہے جبکہ یہی رطوبت اگر حلق میں ٹپکنے لگے تو اسے نزلہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس کے لیے انگریزی زبان میں بولا جانے والا لفظ کیٹر (Catarrh) ایک یونانی لفظ ہے جس کے معنی بہنے کے ہیں، اس لیے اسے حلق میں بہنے والے مواد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسی طرح آج کل فلو اور انفلوئنزا جیسے امراض بھی زبان زدِ عام ہیں۔ فلو اور انفلوئنزا ایک ہی بیماری کے دو نام ہیں اور یہ عموماً وبائی زکام جو کہ وائرس یا بیکٹریا کے سبب لاحق ہوتا ہے، اسے کہا جاتا ہے۔ رے نی ٹس (Rhinitis) ایک یونانی لفظ ہے جو رائن بمعنی ناک اور آئی ٹس بمعنی سوزش یا ورم سے مل کر بنا ہے۔ یعنی ناک کی لعابی جھلیوں کی سوزش یا ورم کو رے نیٹس کہا جاتا ہے جبکہ زکام میں بھی یہی کچھ ہوتا ہے۔ اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ یہ تمام الفاظ ایک ہی بیماری کے مختلف ناموں کو ظاہر کرتے ہیں۔ ہاں یہ بات الگ ہے کہ بیماری حاد یا مزمن یعنی شدید یا پرانی ہو سکتی ہے۔ ذیل میں نزلہ زکام سے متعلقہ چند عوارض کا تذکرہ کیا جا رہا ہے جو کہ قارئین کے لیے بنیادی معلومات کا باعث ہوں گے:

وبائی نزلہ زکام (Allergic Rhinitis)

وبائی یا الرجک زکام کو شدید زکام یا حاد زکام بھی کہا جا سکتا ہے۔ یہ ایک چھوت دار مرض ہے جس میں ناک کی لعابی جھلی متورم ہو جاتی ہے اور اس کے نتیجے میں ناک سے بہاؤ شروع ہو جاتا ہے اور چھینکیں آنے لگتی ہیں۔ ایسے افراد کو عموماً صبح سو کر اُٹھنے کے بعد یکے بعد دیگرے بے شمار چھینکوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

موسم بہار یا جب موسم بدل رہا ہوتا ہے اس وقت یہ مرض عروج پر ہوتا ہے اور عموماً وبائی صورت اختیار کر لیتا ہے اور اکثر و بیشتر پورے کا پورا گھر اس کی لپیٹ میں آ جاتا ہے، ان میں سے کچھ افراد جو ذرا کمزور طبیعت کے مالک ہوتے ہیں، وہ اس زکام کے ساتھ ساتھ سر درد اور بخار میں بھی مبتلا ہو جاتے ہیں جبکہ ٹھوس طبیعت اور قوتِ مدافعت والے افراد اس کی کچھ کم ہی پرواہ کرتے ہیں اور عموماً انگریزی کی یہ کہاوت دہراتے ہوئے اس مرض سے گزر جاتے ہیں کہ ”زکام کے لیے دوا لیں تو یہ ایک ہفتہ میں ٹھیک ہو جاتا ہے اور اگر نہ لیں تو سات دن لگتے ہیں۔“

دائمی نزلہ زکام (Chronic Coryza)

جب نزلہ زکام کا باقاعدہ علاج نہ کیا جائے یا فوری طور پر کوئی اینٹی بائیوٹک دوا کھا کر زکام کو روک دیا جائے تو یہ یکے بعد دیگرے حملہ آور ہونا شروع ہو جاتا ہے، ایسی صورت میں اسے دائمی نزلہ زکام کا نام دیا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں مریض شدید تکلیف میں مبتلا رہتا ہے اور اکثر و بیشتر زکام میں مبتلا رہنے کی وجہ سے اسے سر درد اور بخار کی بھی شکایت لاحق ہو جاتی ہے۔

ناک بہنا زکام (Coryza/Cold)

اس مرض میں ناک کی اندرونی لعاب دار جھلی متورم ہو جاتی ہے اور

ناک بہتی رہتی ہے۔اس کے علاوہ طبیعت میں سُستی چھائی رہتی ہے۔پیشانی پر جکڑن اور بوجھ محسوس ہوتا ہے۔سر میں بھی درد ہوسکتا ہے۔چھینکیں آتی ہیں۔ناک سے پتلا پانی بہتا ہے۔آنکھوں میں سرخی آجاتی ہے۔حلق میں درد ہوتا ہے۔مرض کا حملہ شدید ہوتو کھانسی ہونے لگتی ہے۔پیاس زیادہ لگتی ہے اور بھوک ختم ہوجاتی ہے۔اس مرض کی وجوہات سرد ہوا میں چلنے پھرنے سے۔نمدار موسم میں گھومنا یا نمدار زمین پر بیٹھنا۔ٹھنڈ لگ جانا۔بارش میں بھیگ جانا۔رات کو زیادہ دیر تک سردی میں رہنا۔گرم گرم کھانا کھا کر سرد پانی پی لینا یا کسی بیرونی چیز کا ناک میں چلے جانا ہیں۔

انفلوئنزا (Influenza)

واضح رہے کہ فلو یا انفلوئنزا کے چند ہی وائرس پائے جاتے ہیں جبکہ نزلے کا سبب بننے والے وائرسوں کی تعداد دوسو سے زائد ہے۔نزلے سے سانس کا معمولی سا انفیکشن ہوتا ہے اور یہ سال بھر میں کسی بھی وقت کسی بھی موسم میں ہوسکتا ہے۔اس کے برعکس انفلوئنزا یا فلو سردیوں میں ہی لاحق ہوتا ہے' اس کا حملہ بھی شدید ہوتا ہے اور اس کے ساتھ جسم میں درد' حرارت' تھکاوٹ اور کمزوری جیسی علامات ظاہر ہونے لگتی ہیں' بہرحال ناک بہنا اور گلے کی سوزش کے ساتھ سر درد خاص علامات ہیں۔نزلے کی علامات عموماً پانچ سے سات دن تک برقرار رہتی ہیں جبکہ فلو یا انفلوئنزا دو ہفتے تک بھی رہ سکتا ہے۔یہ بیماری ایک وائرس جسے آرتھومکسو وائرس کہا جاتا ہے' کے سبب لاحق ہوتی ہے۔اس کی علامات حسبِ ذیل ہیں:

- ☆ ناک کا بہنا
- ☆ سر درد
- ☆ جسم کا درد
- ☆ کھانسی
- ☆ سردی لگنا
- ☆ بخار
- ☆ بخار کے بعد شدید کمزوری۔

سائینی سائی ٹس (Sinusitis)

سائی نس دراصل کھوپڑی سے ناک کی جانب آنے والی ہڈیوں میں گڑھوں کو کہا جاتا ہے۔سائی نس کی سوزش کافی تکلیف دہ ہوتی ہے' یہ عارضہ کبھی خود بخود اور کبھی سردی لگنے کی وجہ سے لاحق ہوجاتا ہے۔سائی نس کی سوزش یعنی سائینی سائٹس میں نیچے کی طرف جھکنے' لیٹنے یا کھانسی کے دوران زیادہ درد ہوتا ہے۔اس مرض کے دوران ناک کا لعاب یعنی میوکس ناک سے باہر کی جانب اور کبھی کبھار اندر کی طرف بھی بہتا ہے' اس کا رنگ عام طور پر سبز' زرد یا مٹیالا ہوتا ہے۔

اس مرض کے دوران ناک عموماً بند رہتی ہے، اس لیے مریض کو کافی تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس کے ساتھ ساتھ بو اور ذائقہ کی حس بھی متاثر ہوتی ہے۔ اس مرض کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو یہ مرض مزمن صورت اختیار کر جاتا ہے جس کے بعد مریض کو عموماً سر درد' نزلہ زکام رہنا' یادداشت کی کمی' بھوک نہ لگنا یا دیگر کئی عوارض لاحق ہوسکتے ہیں۔اس لیے جہاں تک ممکن ہو اس عارضے کو حاد نوعیت میں ہی قابو کر لینا چاہیے ورنہ مزمن نوعیت میں یہ مرض انتہائی تکلیف دہ ہونے کے ساتھ ساتھ علاج میں بہت زیادہ وقت لیتا ہے۔

ٹانسلز متورم ہونا

(Tonsilitis/Enlarged Tonsils)

عرفِ عام میں ٹانسلز کے خلیات کی سوزش کو ٹانسلز کہا جاتا ہے۔سردی کی شدت یا بارش میں بھیگ جانے کے باعث یا گندی بدبو سونگھنے سے یہ مرض لاحق ہوسکتا ہے۔بعض افراد میں یہ مرض بار بار لاحق ہوتا ہے اور ایسے افراد عموماً کمزور قوتِ مدافعت کے مالک ہوتے ہیں۔اس مرض کی علامات میں بخار کی شدت' گلے میں سوزش و درد' نگلنے میں تکلیف' سُستی' متلی اور گلے میں دیکھنے سے ٹانسلز سرخ اور متورم دکھائی دیتے ہیں۔بچوں میں یہ ایک عام طور پر لاحق ہونے والا مرض ہے جس کی وجہ سے نا صرف بچے کو بہت زیادہ تکلیف دہ صورتحال کا سامنا رہتا ہے بلکہ بچہ کی نشوونما بھی متاثر ہوتی

ہے۔ چند دیگر وجوہات (جیسے حفظانِ صحت کے اصولوں کے خلاف زندگی گزارنے' تنگ و تاریک مکانات میں بہت سارے افراد کا اکٹھے رہنا' بازاری اور غیر معیاری اشیاء کھانا' مسوڑھوں و دانتوں کی تکالیف' ناک کی تکالیف اور ناک بند ہونے کے سبب) کے علاوہ گلے کی انفیکشن اور الرجی کی وجہ سے بھی ٹانسلز متورم ہوجاتے ہیں۔ ٹانسلز کے اوپری خلیات میں سوزش کی وجہ سے خون اور سوزشی مادہ جمع ہوجاتا ہے اور وہ آہستہ آہستہ رِس کر قریبی خلیات میں جمع ہوتا رہتا ہے۔ اس وجہ سے ٹانسلز کے گرد اس رطوبت کی ایک سفید تہہ جم جاتی ہے جو بعد ازاں صفائی کے ذریعے یا معمولی آپریشن سے ہٹائی جاتی ہے۔ ٹانسلز کی بیماری کو ابتدائی حالت میں ہی ٹھیک کرنے کی کوشش کرنی چاہیے کیونکہ اس کے بڑھنے کے سبب دیگر کئی پیچیدگیاں لاحق ہوجاتی ہیں۔

کھانسی (Cough)

ہوا کی نالیوں کی لعاب دار جھلی کی سوزش کی وجہ سے کھانسی لاحق ہوتی ہے۔ سردی کی کھانسی (Winter Cough) اس قسم کی کھانسی سردیوں کے موسم میں عموماً بوڑھے افراد اور بچوں کو ہوجایا کرتی ہے اور چند دن رہ کر خود بخود معدوم ہوجاتی ہے۔ لیکن اگر باقاعدہ پرہیز نہ کیا جائے تو یہ کھانسی دائمی صورت اختیار کرسکتی ہے اور سردی بڑھنے کی وجہ سے زیادہ ہوجاتی ہے۔

چھینکیں آنا (Sneezing)

4 جس کسی کو کسی زہریلے جانور بچھو وغیرہ نے کاٹ لیا ہو تو اس کے دائیں کان میں پڑھ کر دَم کریں، ان شاء اللہ آرام آجائے گا۔

5 جس کسی کو کوئی مشکل مہم پر جانا ہو تو دونوں آیات کو پندرہ مرتبہ پڑھ پڑھ کر خود پر دَم کرے تو فتح حاصل ہوگی۔

6 جو کوئی دشمن کے گھر پر چار مرتبہ پڑھ کر دَم کریں تو دشمن کا گھر خراب ہوجائے گا۔

7 جو کوئی دشمن کو مطیع کرنا چاہے تو پندرہ مرتبہ دونوں آیات کو پڑھے اور اُس کے سامنے جائے تو وہ مطیع وفرمانبردار ہوجائے گا۔

8 جو کوئی سات مرتبہ ان آیات مبارکہ کو پڑھے اور اپنے اوپر دَم کر کے کسی مجلس میں جائے تو اہل مجلس عزت واحترام سے پیش آئیں گے۔

9 جو کوئی شہد اور لونگ پر تین مرتبہ پڑھ کر دَم کرے اور کھائے تو اُس کا دِل قوی ہوگا۔

10 اگر کوئی ہلاکیٔ دشمن کی نیت سے روزانہ نو مرتبہ ان آیات کو پڑھے اور نو روز تک مسلسل پڑھے تو ان شاء اللہ دشمن بیمار یا ہلاک ہوگا۔

11 مشکلات کے حل کے لیے چالیس یوم تک روزانہ چالیس مرتبہ پڑھے تو مشکلات حل ہوجائیں گی۔

12 اگر کوئی تنگ دست ہو تو ان آیات کو روزانہ دس مرتبہ دس یوم تک پڑھے، اللہ تعالیٰ اُس کے رزق میں اضافہ فرمادے گا۔

13 اگر کسی کو سر درد ہو تو ان آیات کو سات مرتبہ پڑھ (بقیہ ص 13)

شوہر کو بے راہ روی سے روکنے کا خاص عمل

حضرت مولانا محی الدین قریشی رحمۃ اللہ علیہ کا خاص عمل

انتخاب مولانا علی آفاق صاحب

آج ہر مرض وباء کی شکل اختیار کر گیا ہے کہ مرد اپنی خوبصورت، حسین اور تمام صفات حمیدہ سے متصف بیوی کو چھوڑ کر ادھر ادھر منہ مارتا پھرتا ہے۔ بعض طبقات میں یہ کسی عیب یا قابل غور وفکر بات کی بجائے فیشن کے طور پر اختیار کیا جاتا ہے۔ جس کے بھیانک نتائج میں سے ادنیٰ کرشمہ اور لازمی ردِ عمل گھروں کے اجڑنے کی شکل میں سامنے آتا ہے۔ شریف النفس لڑکیاں پہلے پہل خود شوہر کو سمجھانے کی کوشش کرتی ہیں مگر شوہر کی جانب سے ''نہیں ایسی کوئی بات نہیں تمہیں غلط فہمی ہوئی ہے'' جیسے الفاظ سے تسلی کرانے کی کوشش کی جاتی ہے۔

مگر جب بات تکرار اور جھگڑے تک پہنچ جاتی ہے تو پھر مار پیٹ تک نوبت پہنچنے کے ساتھ ساتھ خرچہ کی بندش، مرد کی عورت میں دلچسپی کا خاتمہ، عدمِ تعریف، جس کی عورت خواہشمند اور بھوکی ہوتی ہے۔ اس حد تک مرد اپنی بیوی کے متعلق بخل اختیار کر لیتا ہے۔

نتیجہ یہ ہوتا ہے لڑکی اپنے ماں باپ کو بیچ میں ڈال کر معاملات کو حل کرنے کی کوشش کرتی ہے مگر بے سود۔

اس طرح کی خواتین کے شوہر اگر کسی جادو جنات یا مخلوق کے تسلط میں نہ ہوں تو یہ وظیفہ انتہائی مجرب ومفید ہے۔ جس کا رزلٹ اور آثار خیر چند دن میں ظاہر ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔

اول آخر 11-11 مرتبہ درود شریف۔ وقت مقرر کر کے کامل دھیان اور توجہ اور تصور کے ساتھ 313 مرتبہ درج ذیل آیت پڑھیں:

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ (المائدہ ۱۰۰)

اس کے بعد تصور میں شوہر پر دم کریں۔ پانی دم کر کے پلائیں اور کھانے کی چیزیں مثلاً نمک، چینی وغیرہ پر دم کر کے گھر میں استعمال کریں۔ پانی کو دودھ، چائے اور کھانے میں بھی استعمال کریں۔

حصول رزق اور رزق کی فراوانی کے لیے

شیخ عارف نجم الدین بحرینی کا مجرب نسخہ...

انتخاب مولانا عرفان صاحب

آج کے اس دور میں ہر انسان کو کسی نہ کسی وقت مالی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے، حالات مختلف ہوتے ہیں، کبھی رزق کے حصول کے لیے انسان تگ ودو کرتا ہے لیکن ایسا لگتا ہے کہ جیسے اس کا رزق اس سے اور دور ہوتا جا رہا ہے۔ اگر آپ بھی رزق میں فراوانی کے خواہش مند ہیں، غیب سے رزق کے اسباب کی فراہمی کے طلب گار ہیں تو یہ نسخہ اپنے عمل میں لائیے اور اللہ کا شکر ادا کیجیے۔ ممکن ہے نتیجہ برآمد ہونے میں کچھ تاخیر ہو جائے۔ ہر شخص کے ساتھ الگ معاملہ ہو سکتا ہے۔ جس کی غذا حلال اور طیب ہوگی اور جو جتنا تقویٰ کا حامل ہوگا، اس کے لیے اس کا اثر بھی اسی کے حساب سے جلد ہوگا۔ لیکن یہ بات ذہن نشین رہے کہ نتیجہ کے جلد یا دیر سے ظاہر ہونے کا مدار تقویٰ اور اکلِ حلال پر ہے۔ اگر کوئی شخص متقی اور پرہیز گار ہے، معاصی سے حتی الامکان بچتا ہو اور پھر اس وظیفہ کی پابندی کر لے تو اس کو حیرت انگیز نتیجہ کا سامنا ہوگا۔ 19 دن گزرنے نہیں پائیں گے کہ اس کو حیرت انگیز نتیجہ کا سامنا ہوگا لیکن اس کے لیے بھی شرط یہ ہے کہ یہ وظیفہ پڑھنے کا کسی کو علم نہ ہو اور وہ شخص اس نتیجہ کا دوسروں سے ذکر نہ کرے۔

طریقہ بہت آسان ہے۔ وہ یہ ہے کہ مہینہ کی پہلے جمعرات کی فجر کی نماز کے فوراً بعد ایک ہی بیٹھک میں

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ

تیرہ سو (1300) مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد ہر روز صبح میں پڑھنے والا شخص اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے۔ مثلاً اگر کسی شخص کا نام ''علی'' ہے تو وہ ہر روز فجر کی نماز کے بعد یہ آیت 110 مرتبہ پڑھے۔ یہ واضح رہے کہ صرف پہلے روز ہی آیت کریمہ تیرہ سو (1300) مرتبہ پڑھنی ہے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھنے کے اعمال

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ

بلاشبہ ہر عاشق رسول ﷺ کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ اس کو محسنِ اعظم ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہوجائے۔ اس مضمون میں ہم کچھ معتبر اعمال نقل کر رہے ہیں تا کہ عاشقین رسول ﷺ ان کی مدد سے محسن اعظم ﷺ کی زیارت کرسکیں۔ ان اعمال پر عمل کرنے سے پہلے چند باتوں کا لحاظ رکھیں۔ جس رات ایسا عمل کرنا ہو تو اس سے ایک دن پہلے کوئی بھی کام خلاف سنت نہ کریں۔ عمل کے وقت کپڑے، بستر، تکیہ، چادر وغیرہ پاک وصاف ہوں اور عطر میں بسی ہوئی ہوں۔ جس کمرے میں عمل کریں، اس میں اگربتی جلالیں، عمل کے بعد کسی سے بات چیت کیے بغیر سو جائیں اور سونے سے قبل لاتعداد مرتبہ درود پڑھتے رہیں۔

طریقہ(۱)..... سونے سے پہلے بکثرت اس درود شریف کو پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ زیارت سے مشرف ہوں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ۔

طریقہ(۲)..... جو شخص کامل طہارت کے ساتھ اس درود شریف کو روزانہ تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے گا، وہ خواب میں زیارت رسول ﷺ سے سرفراز ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

طریقہ(۳)..... بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے گا، اسے بہت جلد محسن اعظم ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہوگی۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

یہ عمل کم سے کم پانچ جمعوں تک کرنا چاہئے۔ ان شاء اللہ اسی دوران یا کچھ دنوں کے بعد زیارت سے مشرف ہوگا۔

طریقہ(۴)..... محسن اعظم ﷺ کی زیارت کے لیے شبِ جمعہ میں بعد نمازِ عشاء دو رکعت نفل بہ نیت زیارت رسول ﷺ اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سو مرتبہ یہ درود پڑھیں اور کسی سے بات چیت کیے بغیر سو جائیں۔ اس عمل کو تین ہفتوں تک کرلیں۔ ان شاء اللہ زیارت ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ

طریقہ(۵)..... عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ سورۂ کوثر پڑھیں۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔ اس عمل کو لگاتار سات راتوں تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ زیارت سے سرفراز ہوں گے۔ درود یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

طریقہ(۶)..... سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں اور ہر مبین پر ایک مرتبہ درود تاج پڑھیں۔ سورۂ یٰسین کے شروع اور آخیر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ اس عمل کو لگاتار تین راتوں تک کریں۔ تینوں دن کپڑے پاک اور صاف پہنیں اور ہر وقت باوضو رہیں اور دن میں اٹھتے بیٹھتے کوئی سا بھی درود پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ تین دن کے اندر زیارت رسول ﷺ سے بہرہ ور ہوں گے۔

نوٹ: زیارت رسول ﷺ کی خواہش رکھنے والے لوگوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ ایسے کمرے کا انتخاب کریں جو الگ تھلگ ہو۔ اس میں ٹی وی اور گانے بجانے والی کوئی چیز نہ ہو۔ کمرے میں اگربتی جلائیں اور جس بستر پر سوئیں، وہ پاک صاف ہو۔ عمل کے بعد کسی سے بات نہ کریں اور جب تک نیند نہ آئے، درود شریف کا ورد رکھیں۔

اہم اعلان

ماہنامہ طلسماتی دنیا کا "بندش نمبر" ان شاء اللہ فروری 2016 کے پہلے ہفتے میں منظر عام پر آجائے گا۔ یہ ایک علمی اور تاریخی دستاویز ہوگا۔ یہ نمبر ہر گھر کی ضرورت ثابت ہوگا۔ آج ہی رقم ایڈوانس ارسال کرنے پر 20% ڈسکاؤنٹ حاصل کریں۔ ممبران کیلئے 10% ڈسکاؤنٹ۔ یہ پیشکش صرف فروری 2016 تک کیلئے ہے۔

قیمت: 700 روپے رابطہ: 0332-4487877

لوح خاص برائے حصولِ علم، ترقیٔ علم اور کامیابیٔ امتحان

شرفِ قمر کے خاص وقت کا خاص عمل

خالد مقبول حفظہ اللہ

یہ لوح قرآن پاک کی ایک آیت پر مشتمل ہے، جس کا تعلق علم سے ہے۔ آیت یہ ہے: رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا ﴿سُوْرَةُ طٰهٰ: ۱۱۴﴾

ترجمہ: ''میرے پروردگار مجھے اور زیادہ علم دے''۔

لوحِ خاص کی تفصیل

لوح کو مربع ذوالکتابت میں بنایا جائے گا۔ سعد بن شمیم کے لیے لوح تیار کرنے کا طریقہ درج ذیل ہے:

سعد بن شمیم کے اعداد = 134 + 390 = 524



سعد بن شمیم	علما	زدنی	رب
۷۰	۲۰۳	۵۲۳	۱۴۲
۲۰۴	۷۳	۱۳۹	۵۲۲
۱۴۰	۵۲۱	۲۰۵	۷۲

یاالٰہی! سعد بن شمیم کو دینی و دنیوی ہر امتحان میں نمایاں کامیابیاں عطا فرما۔ علم کی ترقیاں عطا فرما۔ حصولِ علم کے تمام اسباب مہیا فرما۔ آمین

لوح تیار کرنے کا خاص وقت

شرفِ قمر کا وقت، حصولِ علم اور علمی میدان میں کامیابیوں کے لیے ایک خاص وقت ہے۔ اس وقت میں ایسے اعمال تیار کرنے چاہئیں، جو علم کی ترقی اور کامیابی امتحانات کے لیے ہوں۔

شرفِ قمر ۱۳ فروری ۲۰۱۶ کو رات 7:59 پر شروع ہوگا اور ۱۳ فروری رات 9:38 پر ختم ہوگا۔ کُل دورانیہ ایک گھنٹہ ۳۹ منٹ۔

فیض جاری رہنے کا طریقہ

فیض جاری رہنے کے لیے لازمی ہے کہ روزانہ وظیفہ بھی پڑھا جائے۔ اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ جو لوگ وظیفہ نہیں پڑھتے، ان کو بھی فائدہ ہوتا ہے مگر کچھ عرصہ بعد وہ فائدہ کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور جو لوگ وظیفہ باقاعدگی سے پڑھتے رہتے ہیں، ان کا فیض جاری رہتا ہے۔ ادارے سے لوح منگوانے والوں کو وظیفہ ساتھ دیا جائے گا۔

لوح بنانے کی اجازت

لوح بنانے کی ہر کسی کو اجازت ہے۔ جو لوح تیار کرنے کے لوازمات سے واقف ہو۔ خصوصاً بخوارت دینے کا اہتمام کرے۔ بہتر ہے کہ صرف عامل حضرات ہی تیار کریں۔ عموماً لوگ بخورات اور مخصوص ساعات کا اہتمام نہیں رکھتے۔ پھر شکایت کرتے ہیں کہ فائدہ نہیں ہوا۔ فائدہ ہونا نہ ہونا تو اللہ ﷻ کی مرضی پر موقوف ہے، مگر چیز بھی تو صحیح تیار کی جائے۔

نوٹ: جو حضرات وخواتین خود نہ بنا سکیں، وہ ادارے سے رابطہ فرمالیں۔ یہ لوح سائل کے نام مع والدہ کے لحاظ سے بنائی جاتی ہے۔ اس لیے خیال رکھیں کہ ھدیہ ۱۱ فروری تک موصول ہو جائے۔ لوح کا ھدیہ کاغذ پر زعفران سے 1250 روپے ہے۔ ھدیہ پیشگی آنا ضروری ہے۔ ڈاک خرچ بذمہ خریدار ہوگا۔

شرفِ قمر ہر ماہ ایک بار لگتا ہے۔ ہر ماہ اوقات مختلف ہوتے ہیں۔ لہٰذا ہر ماہ آپ تیار کر سکتے ہیں یا ہمارے ادارے سے کروا سکتے ہیں۔

بیرون ملک سفر کی بندش کا علاج

مولانا علی آفاق صاحب

آج کل حسد کے مارے لوگ، کینہ اور بغض کی آگ میں جلتے ہوئے کچھ اس قسم کی حرکات کرتے ہیں کہ الامان الحفیظ۔ ہمارے معاشرے میں جس طرح روحانی حفاظت سے غفلت عام طور پر دیکھنے میں آرہی ہے، بالکل اسی طرح روحانی وار کرنے والے بھی کوئی موقع روحانی طور پر نقصان پہنچانے کا، ہاتھ سے نہیں جانے دیتے اور اس نقصان پہنچنے پر مریض اس پریشانی کو اپنی قسمت کی خرابی شمار کرتے ہیں۔ کسی روحانی تدبیر سے نہ صرف منہ پھیر لیتے ہیں۔ بلکہ اگر اس طرف کوئی دوست، خیر خواہ توجہ دلائے تو یہ جملہ عموماً سننے کو ملتا ہے ''یہ آپ مجھے کس چکر میں پھنسانا چاہتے ہیں''۔ اس کے ساتھ ساتھ روحانی دشمن اپنے آپ کو رازق اور مالک کی صفت سے متصف شمار کرتے ہیں۔ (نعوذ باللہ)

کیونکہ عموماً وہ یہ دعویٰ کرتے نظر آتے ہیں کہ میں دیکھتا ہوں کہ فلاں بندہ کیسے بیرون ملک جاتا ہے؟ ملازمت یا نوکری کرتا ہے؟ کیسے اس کا معاشی پہیہ چلتا ہے؟ بعض دفعہ وقتی طور پر ان کا یہ شیطانی دعویٰ اپنا اثر بھی دکھاتا ہے۔ مگر بالآخر فتح حق کی ہوتی ہے۔ روحانی بندش کا شکار فرد وظیفہ پڑھتا ہے۔ صدقہ جات کرتا ہے۔ منت مرادیں مانتا ہے۔ مختلف لوگوں کے بتائے ہوئے وظائف مثلاً آیت کریمہ کا ختم وغیرہ پر اپنا پورا زور خرچ کر دیتا ہے۔ مختلف ٹریول ایجنٹس کے دفتروں کے دھکے کھاتا ہے۔ مگر ویزے کا معاملہ کسی جگہ سے بھی حل ہوتا نہیں دکھائی دیتا۔

بیرون ملک سفر کی بندش کے عمل پر جو مخلوق جنات سفلی عمل سے مسلط ہوتی ہے، وہ اپنے پنجے پوری طرح گاڑ لیتی ہے تو پھر تھک ہار کر وہ مریض کسی مستند عامل اور روحانی معالج کے پاس پہنچتا ہے۔ روحانی علاج کا یہ معاملہ جس کو چند ایام کی محنت سے حل کیا جاسکتا تھا، اب اس پر وقت بھی زیادہ خرچ ہوتا ہے اور مریض کی اندرونی اور بیرونی بندش..... دونوں کو دور کرنا لازمی ہوجاتا ہے۔ اور ساتھ ہی اس کی حفاظت کے حوالے سے مستقل طور پر جنات اور مؤکلات کی ڈیوٹی لگانی اہم کام ہوتا ہے۔ جس پر کافی اخراجات آتے ہیں۔ جس کا حل ہم یہ بتاتے ہیں کہ آپ بھی حفاظت کا عمل حاصل کریں۔ اس کا نقد صدقہ ادا کریں اور آپ کی ضرورت کے مطابق معمولی ریاضت تجویز کر دی جاتی ہے، جس کی برکت اور کرشمہ کا اب تک بلا مبالغہ ہزاروں لوگ اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کر چکے ہیں۔ ان شاء اللہ جو بھی آزمائے گا، فائدہ پائے گا۔ بعض لوگ علاج کروالیتے ہیں، اس پر پیسے اور وقت خرچ کر لیتے ہیں مگر جیسے ہی بیرون ملک سفر کی بندش کا خاتمہ ہوا، بس معالج کو چھوڑ کر یہ جا وہ جا۔ نتیجہ وہی جس کا خطرہ ہوتا ہے کہ بیرون ملک سفر کی بندش تو ختم ہوگئی۔ یورپ، امریکہ سمیت اپنے مطلوبہ مقام اور ملک تو پہنچ گئے مگر وہاں جا کر مناسب ملازمت اور کاروبار کے سیٹ ہونے میں رکاوٹیں پیش آتی ہیں۔ لڑکا یا لڑکی شادی کے بعد امیگریشن کے ذریعے باہر جانا چاہتا یا چاہتی تھی۔ مگر علاج کے بعد بیرون ملک چلی گئی۔ مگر وہاں جا کر شوہر سے ایک دن بھی نباہ نہ ہوسکا۔ بالآخر چند ماہ میں یا چند سالوں کے بعد دو خاندان تباہی کے دہانے پر جا پہنچے۔

اس کے مستقل حل کے لیے بیرون ملک سفر کی بندش کا مستقل علاج کروائیں۔ صرف انٹرنیٹ پر موجود رسائل و کتب میں موجود وظائف اور فیس بک پر موجود مختلف مفت روحانی خدمات و سہولیات کے جھانسے میں آکر اپنا قیمتی وقت برباد نہ کریں کیونکہ وظائف کی طاقت اور عامل اور معالج کی روحانی طاقت و پرواز میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ اس لیے درست سمت اختیار کریں۔ ورنہ بہت دیر ہوجائے گی۔ الحمدللہ، ہمارے ادارے میں علاج کے ساتھ حفاظت اور حصار بھی سکھایا جاتا ہے۔

لہٰذا علاج بھی کروائیں اور حصار بھی لازمی حاصل کریں۔ کیونکہ درست اور صحیح سمت اور رخ کا مسافر جلد یا دیر سے، ایک نہ ایک دن ضرور منزلِ مقصود تک پہنچتا ہے۔ جبکہ غلط راستے پر چلنے سے خواہ جان بوجھ کر ہو یا انجانے میں، اندھے سفر کا راہی منزل تک ہرگز اور کسی صورت نہیں پہنچ پاتا۔

حصارِ قرآنی کبیر

قرآنی اعمال کا ایک خاص عمل

جہاں آسمانی و زمینی آفتوں کا معاملہ ہے، وہیں نہ نظر آنے والی مخلوق ''جنات و شیاطین'' سے حفاظت بہت ضروری ہے۔ قرآنی آیات پر مشتمل حصار کا عمل کرنے سے خاص روحانی دفاع حاصل ہوتا ہے۔ عامل اپنی، اپنے اہل و عیال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ اپنے مریضوں کا روحانی دفاع کرنے کے بھی قابل ہو جاتا ہے۔ مریض کتنا ہی دور کیوں نہ ہو، عامل حصار لگا سکتا ہے۔ اجازت نامہ ممبران کے لیے 1600 روپے اور غیر ممبران کے لیے 2100 روپے ہے۔

رابطہ روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور
فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

گھر بیٹھے ''اسمِ اعظم کورس'' کریں

اسمِ اعظم کو عموماً صرف نام کے اعداد نکال کر ہی معلوم کیا جاتا ہے اور بہت سے پہلو نظر انداز کر دئے جاتے ہیں جن کی وجہ سے اس اسمِ اعظم کا خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوتا۔ اسمِ اعظم معلوم کرنے کے لئے متعدد پہلو مدِ نظر رکھنے پڑتے ہیں۔ تب جا کر اسمِ اعظم صحیح طور پر معلوم ہوتا ہے۔ اس کورس کو کرنے کے بعد آپ ماہرانہ طور پر اسمِ اعظم معلوم کر سکیں گے۔ اسمِ اعظم کو استعمال کرنا، پڑھنا اور اس کی مختلف طرح سے چلّہ کشی کرنے کے طریقے بھی سیکھ سکیں گے۔ کورس کی فیس: روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لئے 2100 روپے، رسالے کے ممبران کے لئے 2600 روپے، غیر ممبران کے لئے 3100 روپے۔

نوٹ: صرف موجودہ ممبران اور طالب علم رعایت لے سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

عاملین کیلئے حُب کے خاص اور مجرب اعمال کی بیاض

عاملین یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ حُب کے اعمال کے لوگ دعوے تو بہت کرتے ہیں، مگر کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ ''کھودا پہاڑ، نکلا چوہا''۔ کئی عامل بہت چکر لگوانے پر بھی اصل عمل نہیں دیتے۔

دارالعمل چشتیہ کی طرف سے ایسے حُب کے متلاشی عاملین کے لئے ایک روحانی تحفہ جس میں چند ایسے اعمال ہیں جو عرصہ سے ہمارے استعمال میں ہیں اور بعض اعمال کے پیچھے باقاعدہ مخلوق بھی ہے۔ مخلوق ہمارے پاس رہے گی، عامل صرف اس سے استفادہ کر سکیں گے۔

بیاض کے حصول کے لئے نقد ھدیہ ادا کرنا شرط ہے۔ اجازت یافتہ عامل ان اعمال کو اعتماد سے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ بیاض ہر کسی کو نہیں دی جائے گی۔ جن پر اطمینان ہوا، صرف ان عاملین کو ہی دی جائے گی۔

اجازت کے لئے عوام الناس رابطہ نہ کریں۔ ھدیہ 11,000 روپے

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور۔
مولانا عرفان 0321-4661681 دوپہر 2 تا 5 (علاوہ جمعہ و اتوار)

خزینۂ مجربات

فیس 5100

◆ بکری کے صدقہ کا خاص عمل جس کو کرنے سے جس کام یا مریض کے علاج میں رکاوٹ آ رہی ہو، اس میں بہت آسانی ہو جاتی ہے۔ نیز بڑے سے بڑے جنات و جادو کے علاج میں صدقہ کا عمل کرنے سے عامل اور مریض، دونوں رجعت سے محفوظ رہتے ہیں ◆ سوئیوں والا خاص عمل جس کو کرنے سے ہر قسم کا بخار، ٹی بی، ٹائی فائیڈ وغیرہ ختم ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹرز حیران رہ جاتے ہیں ◆ مختلف جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج ◆ جب ڈاکٹرز آپریشن کا کہہ دیں تو بغیر آپریشن ولادت کا خاص عمل ◆ مقدمہ جیتنے کا مجرب عمل ◆ نکاح و حب کے اعمال کے ساتھ اور بھی دیگر مقاصد کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔

مولانا عرفان صاحب 0321-4661681

نقد صدقہ ادا کر کے درج بالا اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

لوحِ دولتمندی (دولت مند بننے کے لیے)


مریخ مشتری تسدیس کے خاص وقت کا عمل

خالد مقبول حفظہ اللہ

یہ لوح قرآن پاک کی ایک سورت، سورۂ نصر پر مشتمل ہے۔ سورۂ نصر حصولِ دولت، رزق کی فراوانی اور ادائیگی قرض کے لیے ایک خاص اثر رکھتی ہے۔

لوحِ خاص کی تفصیل

لوح کو ۱۰×۱۰ میں بنایا جائے گا۔ طریقہ درج ذیل ہے:



اذا	جاء	نصر	اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین
جاء	نصر	اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ
نصر	اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا
اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح
والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد
ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک
الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ
یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ
فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ	کان
دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفرہ	انہ	کان	توابا

فیض جاری رہنے کا طریقہ

فیض جاری رہنے کے لیے لازمی ہے کہ روزانہ وظیفہ بھی پڑھا جائے۔ اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔ جو لوگ وظیفہ نہیں پڑھتے، ان کو بھی فائدہ ہوتا ہے مگر کچھ عرصہ بعد وہ فائدہ کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور جو لوگ وظیفہ باقاعدگی سے پڑھتے رہتے ہیں، ان کا فیض جاری رہتا ہے۔

لوح بنانے کی اجازت

اس عمل کی ہر کسی کو اجازت ہے۔ لوح تیار کرنے کے لوازمات سے واقف ہو۔ خصوصاً بخوارت دینے کا اہتمام کرے۔ بہتر ہے کہ صرف عامل حضرات ہی تیار کریں۔ عوام بخورات اور مخصوص ساعات کا اہتمام نہیں رکھ پاتی۔ پھر شکایت کرتی ہے کہ فائدہ نہیں ہوا۔ فائدہ ہونا نہ ہونا تو اللہ ﷻ کی مرضی پر موقوف ہے، مگر چیز بھی تو صحیح تیار کی جائے۔ وظیفہ لوح منگوانے والوں کو ساتھ دیا جائے گا۔

نوٹ: جو حضرات و خواتین خود نہ بنا سکیں، وہ ادارے سے رابطہ فرما لیں۔ لوح کا ھدیہ کاغذ پر زعفران سے 1500 روپے ہے۔ ھدیہ پیشگی آنا ضروری ہے۔ ڈاک خرچ بذمہ خریدار ہوگا۔

لوح تیار کرنے کا خاص وقت

مریخ مشتری تسدیس کا وقت حصولِ دولت کے لیے ایک خاص وقت ہے۔ اس وقت میں ایسے اعمال تیار کرنے چاہئیں، جو حصولِ مال و زر اور دولت کی فراوانی کے لیے ہوں۔

۱۲ فروری ۲۰۱۶ کو صبح 9:31 پر ابتداء ہوگی اور ۱۵ فروری رات 10:37 پر خاتمہ ہوگا۔ اس دوران سعد دن میں ساعتِ مشتری میں بنائیں۔

خاص ہدایت

اگر سورۂ نصر کا عامل لوح بنائے تو سونے پر سہاگہ والی بات ہے۔ عاملین اس وقت سے فائدہ اٹھائیں اور زیادہ سے زیادہ بنا کر رکھیں۔

جنات کی شہزادی "دُولی شہزادی" کی تسخیر کا خاص عمل

ماہر علوم مخفی صوفی حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ

دولی شہزادی جنّات کی شہزادی ہے۔اس کے تابع جنات کے قبیلے ہیں اور تمام دنیوی امور میں عامل کی معاون و مددگار ہوتی ہے۔سحر زدہ اور آسیب زدہ مریضوں کے علاج میں بھی عامل کی معاونت کرتی ہے اور حُب و بغض کے کاموں میں بھی مدد کرتی ہے۔

مجھے یہ عمل میرے اپنے بزرگ دوست سیّد وارث علی شاہ گیلانی سے ملا تھا اور انہیں حکیم سیّد محمد شفیع گیلانی سے اور انہوں نے ایک عیسائی عامل سے حاصل کیا تھا جو اس عمل کا عامل تھا۔سیّد محمد شفیع گیلانی بھی اس عمل کے عامل رہ چکے ہیں اور اس عمل سے عجیب و غریب کام لیا کرتے تھے۔تسخیر دولی شہزادی کا منتر یہ ہے:

"کالا کلوا کالی رات۔کلوا بھیجیا گوری کے پاس۔گوری نہیں آئی میرے پاس۔پئی تڑفے دن تے رات۔بیٹھیاں بہہ نہ ہووے۔کھلوتیاں کھلو نہ ہووے۔میرے باجھ آرام نہ آوے۔گوری نوں کون کون لیاوے۔ہنومان جتّی اور بیر بھائی۔آئی مائی کا لکاں آئی کٹک چڑھائی۔گوری نوں سرِوں پھڑ کے لیائی۔گوری کیکر سڑے اگ میں بلے۔دوھائی وڈ پیر کی۔دوھائی نقش خاتم سلیمانی۔میں محبوب الٰہی۔اسلام برحق۔بدوح حاضر۔خضر خواج ظلِ بحضور۔صورت محمد کی سب حاضر حضور۔اُٹھے شاہ فرشتہ اڈھی رات لیا۔وصلِ وکالُوا۔اَگّے ہو چلے۔توں میرا مُحب میں تیرا محبوب۔پوچھن اپنے جمال سے نبی صاحب۔چلے سمیاں راس میں۔جناں کا پیر کہائے کہ بدوح کے سُدّ وح زمین کا پوت دوڑ کر آوے۔نکّی نکّی جنت کو قید کر کے لیاوے۔دیکھو سنتری میرے علم کا تماشہ۔منتر کا جنتر چلے۔اگّے بی بی فاطمہ واہ حضرت علی۔چڑھے حضرت محمد مصطفیٰ چڑھے اِس گھڑی۔وَوْلے واہ واخلے واہ تے نُو۔دل کبوتر ہور ہیا۔گھیرا پڑا یٰسین۔ہیں پُر مراد تُوں محی الدین۔تیل تیل مہاں کا تیل۔متھے لگاواں راجہ پر جا پیریں پانواں چندر ماراں مکھ میں سورج کرے رسو۔تیغ ماری مہاولی صفانہ بولے کو"

طریقہ ریاضت

دولی شہزادی کی تسخیر کے اس عمل کی ریاضت کا طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات سے روزانہ ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ مندرجہ بالا منتر بعد از نمازِ عشاء لکڑی کے تخت پوش پر مصلیٰ بچھا کر پڑھا کریں۔پڑھنے کے مکان میں دوسرا کوئی شخص نہ آئے۔تخت پوش پر ہی سو جایا کریں۔عمل پڑھنے سے پہلے چاروں قل شریف اور آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اردگرد حصار کر لیا کریں۔اگربتی روزانہ جلایا کریں اور اپنے لباس کو معطر رکھا کریں۔لہسن۔پیاز۔مولی۔گوشت۔انڈہ۔مچھلی سے پرہیز کریں۔دورانِ عمل زلزلہ، آندھی، بارش، ٹڈی دل، چمگادڑ، بھینس، بلیاں، سانپ اور ریچھ وغیرہ اکثر نظر آتے ہیں۔علاوہ ازیں ڈراؤنی شکلیں بھی سامنے آتی ہیں۔بعض اوقات دولی شہزادی کے تابع جنات تخت پوش کو اُٹھا کر لے جاتے ہیں۔آگ میں پھینکنے یا سمندر میں گرانے کا پروگرام بناتے ہیں۔اور دورانِ ریاضت خوابوں میں بھی ایسے ہی مناظر نظر آتے ہیں۔عامل کیلئے ضروری ہے کہ بالکل نہ ڈرے اور روزانہ مقررکردہ تعداد میں عمل پڑھتا رہے۔اکیسویں رات خوبصورت عورتوں کی شکل میں دولی شہزادی کی کنیزیں آتی ہیں جو عامل کو اپنی طرف راغب کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔عامل کیلئے لازم ہے کہ اپنے شہوانی خیالات پر کنٹرول رکھے۔

(بقیہ ص 39)

لڑکی کی مرد صالح سے جلد شادی ہو

محمد علی ارسلان قریشی

قرآن مجید رسول عربی ﷺ کا معجزہ ہے اور تمام دینی و دنیاوی علوم کا مرکز اور منبع ہے۔ اسی سے حدیث مبارکہ اور اسی سے فقہ، اسی سے طب اور اسی سے قانون مملکت اور قانون انسانی وضع کیے گئے ہیں۔ ان آیات مبارکہ سے اہل معرفت نے انہیں اعداد میں سمو کر اہل غرض کے لیے پیش کیا اور نتیجہ اہل خیر اور اہل حقوق پر چھوڑ دیا ہے اور جس قدر، جس کا یقین کامل ہوگا، اسی قدر اس الہامی کتاب سے فیض حاصل کرے گا۔

دوسرے لفظوں میں ایسے کہہ سکتے ہیں جس قدر جو بھی گہرائی اور یکسوئی سے اس کلام الٰہی کے اندر اپنے آپ کو ڈبو کر غور و خوض کرے گا، اتنے ہی اس پر اسرار و رموز کھلتے جائیں گے۔ اور ایسے ایسے عجائبات سامنے آئیں گے کہ انسانی عقل دنگ رہ جائے گی۔ میرا تو ایمان ہے کہ اللہ کا یہ کلام آپ کی زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کرے گا اور کرتا ہے لیکن یہ انہی لوگوں کی رہنمائی کرتا ہے جو ایمان کامل سے اس پر عمل کرتے ہیں۔ آپ دنیا کے جس عمل کے بارے میں معلوم کرنا چاہیں، آپ کو راستہ ملے گا، چاہے وہ علم ریاضی ہو، علم کیمیا ہو یا علم الابدان ہو یا معاشرے کے متعلق احکامات ہوں یا قانونِ وراثت ہو۔ اس کے علاوہ عملیات، جنات، مؤکلات ہمزاد، غرض اللہ نے انسان کی رہنمائی کے لیے وہ چیز، جو اس کائنات کے متعلق ہے، اس کے اندر رکھ دی ہے۔ اب وہ آنکھ چاہئے جو اس کو دیکھ سکے۔ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ علم نقوش اس دور کی ایجاد و اختراع نہیں بلکہ صدیوں سے اہل عرفان ان سے انسان کی مشکلات کا ازالہ کرتے چلے آرہے ہیں اور آج تک اس علم کی روحانی قوت جاری و ساری ہے۔ ان لکیروں اور اعداد میں حیرت انگیز قوت پوشیدہ ہے جو بعض اوقات انسانی ذہن کی سوچ سے بھی پہلے وقوع پذیر ہو کر اپنے اثرات ظاہر کر دیتی ہے۔ جس سے مشکلات کے بادل چھٹ کر روشنی کی کرن نمودار ہو کر سب کچھ منور کر دیتی ہے۔ اس قوت کو استعمال کس طرح کیا جائے۔ یہ ذرا مشکل مسئلہ ہے کیونکہ نقش تو ہر کوئی لکھ دیتا ہے مگر اثرات نہیں ہوتے۔

عمل ایک پیچیدہ مشین کی مانند ہے۔ جب تک اس کے تمام پرزوں کے بارے میں کسی ماہر علم سے نہ سیکھیں گے، اسی وقت تک اس کی ابجد سے بھی واقفیت ناممکن ہے۔ نقوش کی روحانی قوت کو بیدار کرنے کے لیے بہت مشق اور محنت کی ضرورت ہے ورنہ بے ہنگم شور کی طرح سر دردی کے علاوہ کچھ نہیں۔ جس قدر عامل اس فن پر عبور رکھتا ہوگا، اسی قدر اہل غرض کی تمام آرزوؤں کی تکمیل کر سکے گا۔

آیئے آج آپ کو درود بوصیری کا اعجاز دکھاتا ہوں۔

جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو، شادی کا پیغام نہ آئے اور عمر گزرتی جائے، تمام اسباب ہونے کے باوجود والدین کی اپنی بیٹیوں کے لیے نیند اڑی رہتی ہو، جب کہیں سے شام کا پیغام نہ آئے اور پریشانیاں ہی پریشانیاں ہوں تو قرآن حکیم کا اعجاز دیکھیں۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے مقررہ مدت کے دوران ہی پیغامات آنے شروع ہو جائیں گے اور کسی اچھی اور نیک جگہ شادی ہو جائے گی۔

طریقہ یہ ہے کہ لڑکی کا نام الگ الگ حروف میں لکھیں۔ دیکھیں ان حروف میں کون سا عنصر غالب ہے۔ اس میں درود مبارک کے اعداد جمع کر کے عنصر کے مطابق دو نقش لکھیں۔ ایک نقش سورۂ طٰہٰ میں رکھ دیں اور دوسرا لڑکی اپنے گلے میں ڈال لے اور اکیس روز تک درود مذکورہ کا، نام کے اعداد کے مطابق ورد کرے۔ ان شاء اللہ اس کی شادی مرد صالح سے ہو جائے گی اور زندگی خوش و خرم گزرے گی اور اولاد نیک پیدا ہوگی۔

درود شریف بوصیری یہ ہے:

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

یا اس طرح پڑھیں:

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

جسمانی بیماریاں اور جناتی پکڑ

سوال گزشتہ پندرہ بیس سال سے مختلف بیماریوں کا شکار ہوں۔ ڈاکٹروں سے بہت علاج کروایا۔ کچھ میں فرق پڑا اور کچھ بالکل ویسی ہی رہیں۔ پھر کسی کے کہنے پر روحانی علاج کی طرف آئی۔ کوئی جادو بتاتا ہے، کوئی آسیب کہتا ہے۔ بہت علاج کروایا۔ وظائف پڑھے۔ مگر جان نہیں چھوٹ رہی۔ اب عمر بھی زیادہ ہوگئی ہے۔ تکلیف برداشت بھی نہیں ہوتی۔ کافی عرصہ سے ڈاکٹری علاج بھی چھوڑ رکھا ہے۔ فرق ہی نہیں پڑتا تو علاج کروانے کا کیا فائدہ۔ مہربانی کرکے میری مدد کریں۔ (شمیم، اسلام آباد)

جواب محترمہ، جب اثرات زیادہ دیر رہیں اور علاج نہ کروایا جائے تو پھر وہ بیماریوں کی شکل میں ظاہر ہوجاتے ہیں۔ آپ نے غلطی یہ کی کہ جب روحانی علاج کروانا چاہیے تھا، کافی عرصہ صرف ڈاکٹروں سے علاج کرواتی رہیں۔ جن بیماریوں کا اثرات سے تعلق نہیں تھا، ان سے آپ کو شفاء مل گئی۔ اب آپ روحانی علاج کی طرف آئیں تو طبی علاج چھوڑ دیا۔ جب کہ آپ کو دونوں علاج ..... یعنی جسمانی اور روحانی علاج..... ساتھ ساتھ کرنے چاہئیں۔ لہٰذا فوری طور پر اپنا جسمانی علاج شروع کریں۔ روحانی علاج کے طور پر درج ذیل وظیفہ کم از کم چھ ہفتے کرکے اطلاع کریں۔ آپ کا معاملہ اب بہت زیادہ بیماریوں کا ہی ہے۔ اثرات زیادہ نہیں ہیں۔ اور اثرات بھی صرف جناتی ہیں، جادو کا معاملہ نہیں ہے۔

روزانہ رات کو اول و آخر درود شریف کے ساتھ اکتالیس بار سورۂ فاتحہ اور اکتالیس بار آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ ساتھ ہی پانی، چینی اور اپنی دوائیوں پر دم کریں۔ کوشش کریں کہ نمک کا استعمال اس عرصہ میں بہت کم کریں۔ نماز کی حتی الامکان پابندی کریں۔ کم از کم ایک چوتھائی پارہ روز پڑھا کریں اور اسی وقت پانی دم کرکے پی لیا کریں۔ دعا کرتا ہوں کہ اللہ ﷻ آپ کو ہر قسم کی جسمانی اور روحانی بیماریوں سے جلد شفایاب فرمائے۔ آمین

..........*.....*.....*

روحانی مدد کی درخواست

سوال آپ نے مجھے انڈیا کے ایک عامل کا بتایا تھا۔ میں نے ان سے علاج کروایا، مگر کوئی افاقہ نہیں ہوا۔ مہربانی فرما کر میری مدد فرمائیں۔

(محمد بدرالدین، انڈیا)

جواب محترم۔ طبیب کا کام دوا دینا، مریض کا کام صحیح طریقے سے، جس طرح طبیب نے بتایا ہے، دوا استعمال کرنا ہے۔ دونوں کے کام یہاں ختم ہو جاتے ہیں۔ اب اللہ ﷻ کی طرف سے نتیجہ مرتب ہوتا ہے، وہ مریض اور طبیب، دونوں کے سامنے آتا ہے۔ اس میں کسی کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ اس بات کو اچھی طرح سمجھ لیں۔

ایک بار علاج کروا کر افاقہ نہ ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ افاقہ ہوگا ہی نہیں۔ آپ اپنے معالج کو بتائیں کہ افاقہ نہیں ہوا۔ وہ مزید علاج دیں گے۔ آپ مزید علاج کریں۔ اگر تین بار کروانے سے بھی کوئی افاقہ نہ ہو تو معالج تبدیل کرلیں۔

جہاں تک میری طرف سے مدد کرنے کی بات ہے تو راہنمائی کی حد تک ضرور کریں گے۔ اگر آپ یہ اب بھی کہتے ہیں، جو آپ نے پہلے بھی کہا تھا کہ ہم یہاں سے بیٹھے بیٹھے آپ کا علاج کر دیں تو اس کے لیے معذرت چاہوں گا۔ میرے پاس وقت کی بہت کمی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ صرف ہفتے میں ایک بار، بروز اتوار، صرف تین گھنٹے مریضوں اور سائلین کے لیے بیٹھتا ہوں۔ وہاں جو آئے، اس کو علاج دیتا ہوں۔ اب وہاں تو آنا آپ کا ممکن نہیں، انڈیا میرا جانا یا علاج بھیجنا ممکن نہیں کیونکہ کوریئر والے اب تعویذ نہیں لیتے۔ اور اگر لیں تو بہت زیادہ پیسے لیتے ہیں۔ ڈاک کا صحیح پتہ نہیں کہ ملے یا نہیں۔ اور پھر مریض کا معالج سے مسلسل رابطہ بھی ضروری ہے، جو آپ کے

لیے ممکن نہ ہوگا۔ اگر رابطہ رکھ سکتے ہیں تو پھر ادارے کے اس نمبر پر رابطہ کر لیں: Whatsapp, viber_0322-7772772 دونوں ہیں۔

بہتر یہ ہے کہ آپ فیصلہ کریں کہ محنت آپ نے کرنی ہے یا پھر محنت آپ نے اپنے روحانی معالج سے کروانی ہے۔ جب یہ فیصلہ کرلیں تو پھر علامات کے ساتھ دوبارہ رابطہ فرمائیں۔ آپ کی راہنمائی کی جائے گی۔

..........*.....*.....*

وبائی امراض سے حفاظت

سوال جولائی 2015 کے سیلاب سے ہمارے کئی علاقے متاثر ہوئے۔ سیلاب کا پانی جب کم ہوا تو کئی طرح کی وبائی بیماریاں پھوٹ پڑیں۔ بہت ہی کم طبی امداد ملی۔ اپنی مدد آپ کے تحت ہی ہم لوگوں کی مدد کرتے رہے۔ مجھے عملیات کا بہت شوق رہا ہے۔ میں چند ماہ سے آپ کا رسالہ مسلسل پڑھ رہا ہوں۔ اسی لیے سوال کر رہا ہوں تا کہ آئندہ لوگوں کا بھی بھلا ہو جائے۔ رسالے میں ہی جواب دیجئے گا۔

کیا کوئی ایسا عمل ہے جو آفات زدہ علاقوں کے لیے ہو، تا کہ وبائی امراض سے حفاظت رہے؟ (سلمان، راجن پور)

جواب اللہ ﷻ سب آفات زدہ علاقوں کے متاثرین کی مدد فرمائیں اور ان کے نقصانات کا بہتر سے بہتر نعم البدل عطا فرمائیں۔ یقیناً ہم شہر والے، آپ کی تکالیف کا اندازہ نہیں لگا سکتے۔

سب آفات اللہ ﷻ کی طرف سے ہی آتی ہیں۔ سب کو صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہئے۔ مشکل تو ہے مگر اللہ ﷻ کی رضا ہی میں راضی رہنا چاہئے۔ اس سے خود بخود اللہ ﷻ کی نصرت و مدد متوجہ ہو جاتی ہے۔

آپ کے دل میں عوام کے لیے ہمدردی ہے۔ یہ بہت اچھی بات ہے۔ ایک عمل لکھ رہا ہوں۔ جتنے بھی قرآن پڑھنے والے لوگ آپ کے علاقے میں ہوں، سب کو بتائیں۔ روزانہ تین بار سورۂ تغابن، اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کریں اور وہی پانی پینے میں استعمال کریں۔ ہر فیملی اپنے لیے صبح پانی تیار کر لیا کرے اور نہار منہ ضرور پیئے۔ اس کے بعد پورا دن یہی پانی استعمال کریں۔ جب تک وبا کا خطرہ رہے، یہ عمل جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ، کسی بھی قسم کا وبائی مرض عمل کرنے والوں کی فیملی کو لاحق نہیں ہوگا۔

یاد رہے کہ ہر عمل میں اثر اور نتیجہ اللہ ﷻ کی طرف سے ہی آتا ہے۔ اس لیے فرائض و واجبات میں غفلت نہ کریں اور اللہ ﷻ کی عبادت کرنا اور اس سے مدد مانگنا کسی صورت میں ترک نہ ہونے پائے۔

..........*.....*.....*

فراخیٔ رزق کی مجرب دعا

سوال میرے ساتھ رزق کی تنگی کا معاملہ ہے۔ کوشش کے باوجود فراخی نہیں ہو رہی۔ مہربانی فرما کر کوئی مجرب دعا بتائیں۔ (احمد مختار، کراچی)

جواب آپ نے دعا کا پوچھا ہے تو "**دعائے حزب البحر**" فراخیٔ رزق کے لیے بہت مجرب دعا ہے۔ روزانہ بعد نمازِ عصر تین یا ایک بار معمول رکھیں۔ آپ کو پڑھنے کی اجازت ہے۔

خزینہ روحانیات کے سابقہ شمارے

الحمد للہ قبل ازیں چار جلدوں کی بے پناہ شہرت اور کامیابی کے بعد اب پانچوں جلد قارئین کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے۔ یہ جلد انمول بکھرے موتیوں کو سمیٹے ہوئے ہے جو کہ درج ذیل ہیں اپنی روح کو مسخر کرنے، سحر و جادو کو جلانے، گھریلو ناچاقیوں و پریشانیوں سے نجات، الفت و محبت، بندش کے علاج، دنیائے حاضرات اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں سے بھرپور ہے جو کہ آپ کی نسلوں کا روحانی، جسمانی، طبی و نفسیاتی معالج ثابت ہوگی۔

جلد نمبر 5 کی قیمت۔ 650 روپے، اکٹھی 5 جلدیں۔ 2750 روپے

خوشخبری پانچوں جلدیں اکٹھی خریدنے پر زبردست آفر 20% ڈسکاؤنٹ

ممبران کیلئے ہر جلد خریدنے پر زبردست آفر 10% ڈسکاؤنٹ

جنوری 2016 تک کے تمام شمارے 2680 روپے میں حاصل کریں۔

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0322-4773786
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

مجرب و آزمودہ وظائف

علامہ محب النبی قادری اکبری ایبٹ آباد

یہ جملہ وظائف پیر آف اوگالی شریف نے مختلف مواقع پر اپنے ملنے والوں کو بتائے جو مجرب ثابت ہوئے۔ اب عوام کی بھی خدمت میں پیش کیے جارہے ہیں۔

پیشاب میں خون آنا..... مجرب و آزمودہ نسخہ

بعض دفعہ مثانہ یا گردوں میں پتھری پیدا ہوجاتی ہے۔ اس کی وجہ سے پیشاب میں خون آتا ہے اور بعض مرتبہ بہت گرم چیزیں کھانے سے بھی یہ شکایت پیدا ہوجاتی ہے۔ اسی طرح حد سے زیادہ لال مرچ کا استعمال بھی پیشاب میں جلن پیدا کرتا ہے۔ اس شکایت کو دور کرنے کے لیے (پتھری کا علاج) گرم چیزوں اور لال مرچ کے استعمال سے پرہیز کریں اور روحانی علاج اس طرح کریں کہ اول باوضو تین بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد تین بار یہ آیت پڑھیں اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پی لیں۔ یہ پانی ہر دو گھنٹہ بعد ایک گلاس پینا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ هُوَاللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَالْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ (حشر ۲۴)

بدبختی کے سبب پریشانی آجائے

اگر کسی گناہ یا بڑی عظیم بُرائی کے سبب یا کسی بے گناہ مظلوم پر ظلم کے سبب یا کسی کا دل دکھا کر اس کی بدعا کے باعث کسی آدمی پر بدبختی چھا جائے اور اسے طرح طرح کے مصائب اور مشکلات گھیر لیں تو اس بدبختی اور ہر قسم کی مصیبت سے بچنے کے لیے یہ استغفار کرے اور اللہ تعالیٰ سے رحم کی بھیک مانگے اور عشاء کی نماز کے بعد ایک سو بار یہ کلمات باوضو پڑھے اور اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے ہاتھ، اپنے چہرے اور تمام بدن پر پھیر لے۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) دن کرے۔ اس دوران اگر حالت درست ہوجائے تو ٹھیک ہے، ورنہ ایک چلہ اور کرے۔ اس میں بھی حالات ٹھیک نہ ہوں تو ایک چلہ اور کرے (چلہ چالیس دن عمل کرنے کو کہتے ہیں)۔ توبہ استغفار کا طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نفل نمازِ توبہ ظہر، مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر یہ کلمات سو مرتبہ پڑھے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ

پھر رو رو کر اپنے گناہوں کی معافی اللہ تعالیٰ سے مانگے کہ وہ غفور الرحیم ہے۔

بدبختی سے نجات کے لیے

یہ کلمات بعد نماز عشاء ایک سو بار پڑھنے ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَاوَدُوْدُ۔ يَاوَدُوْدُ۔ يَاوَدُوْدُ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ۔ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔

ترقی کاروبار..... تجارت میں برکت

اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ اس کا کاروبار ترقی کرے اور گاہک زیادہ سے زیادہ آئیں تو اسے چاہیے کہ عشاء کی نماز کے بعد یہ آیت ایک سو (۱۰۰) بار پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں خوب ترقی ہوگی اور گاہک بے شمار آئیں گے۔ وہ آیت یہ ہے:

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷﴾ (الممتحنۃ ۷)

درد کے فاتحہ کے لیے

جسم کے جس حصے میں بھی درد ہو، اس جگہ ہاتھ رکھ کر تین بار باوضو یہ آیات پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح تین مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ دم کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ درد موقوف ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں:

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا

وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾ (بنی اسرائیل ۱۷:۱۰۵)

آسودہ حالی کس طرح آسکتی ہے؟

جب مالی مشکلات کے بادل چھا جاتے ہیں تو میں دیکھتا ہوں کہ بعض لوگ در در کی ٹھوکریں کھاتے ہیں۔ کمزور اور فانی سہارے تلاش کرتے ہیں۔ان کی صبح اور شام اداس ہوتی ہے۔ میں ایسے پریشان حال لوگوں کے لیے ایک مجرب عمل لکھتا ہوں۔ اس عمل کی جو تاثیر ہے وہ آپ کے سامنے آجائے گی۔ نمازِ فجر جماعت سے پڑھیں۔ پھر سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ اطمینان سے پڑھتے رہیں اور اس کے بعد چوتھے پارے کے گیارویں رکوع کی یہ آیات تین بار پڑھیں۔

اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۡ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰي رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّىْ لَآ اُضِيْعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۡ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾ وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ ۙ لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۣ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾

(اٰل عمران ۳:۱۹۰-۲۰۰)

امید ہے کہ ان شاء اللہ، چند روز میں آپ کی مالی مشکلات بالکل ختم ہو جائیں گی اور آپ آسودہ حال ہو جائیں گے۔

مشکلات کا آسان علاج

حضرت پیر محمد امیر سلطان چشتی قادری صاحب نے ایک مجلس میں بیان فرمایا کہ کلام الٰہی کی آغوش میں گراں قدر جواہر ریزے ہیں اور تیر بہدف اعمال ہیں۔ اگر کوئی شخص کسی مصیبت یا پریشانی میں پڑ گیا اور کسی طرح وہ مصیبت دور نہیں ہوتی تو یہ عمل پڑھا جائے۔ نمازِ فجر پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول رہیں یہاں تک کہ آفتاب بلند ہو جائے۔ پھر آپ دو رکعت پڑھیں۔ اس کے بعد سورۂ توبہ کی آخری دو آیتیں گیارہ بار پڑھیں۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۡ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

پھر سر بسجدہ ہو کر حق تعالیٰ سے امن و عافیت طلب کیجئے۔ چند روز میں آپ کی مصیبت دور ہو جائے گی اور دل کو اطمینان حاصل ہوگا۔

اللہ تعالیٰ نے اولاد عطا فرمائی

ہم ایک عزیز کے گھر تعزیت کے لیے گئے۔ وہاں ایک خاتون جو ہماری بھی رشتہ دار لگتی ہیں، سے ملاقات ہوئی۔ دینی موضوع پر کافی گفتگو ہوئی۔ انہوں نے بات شروع کی کہ میرے بڑے لڑکے کی اولاد نہیں تھی۔ ملک بھر میں ڈاکٹرز سے چیک کروایا تو انہوں نے کہا کہ اس کی تو اولاد ہو ہی

نہیں سکتی۔ وہ بولی میں نے بھی کافی دعائیں کیں لیکن پھر خیال آیا کہ سب سے بڑا ڈاکٹر تو اوپر والا ہے۔ وہ جو چاہے، کرسکتا ہے۔ میں اسی سے مانگوں گی اور اب ماشاءاللہ میرے تین پوتے ہیں۔ کافی عرصہ سے وہ لوگ لاہور میں رہتے ہیں۔

بتا رہی تھیں کہ پیر محمد امیر سلطان چشتی قادری آف اوگالی شریف ضلع خوشاب سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے مجھے جو طریقہ بتایا، میں اب تک اسی پہ عمل کرتی آ رہی ہوں۔ ویسے تو ساری مخلوق اسی کی ہے۔ وہی بہتر جانتا اور نوازتا ہے لیکن انداز ہر ایک کا جداگانہ ہے۔ انہوں نے جو وظیفہ بتایا، تحریر کر رہا ہوں تا کہ کسی کا بھلا ہو جائے اور مجھ مسکین کو دعائیں ملیں۔ انہوں نے بتایا کہ نئے چاند کی پہلی جمعرات یعنی نوچندی کو رات بارہ بجے اٹھ کر دو رکعت نماز نفل یوں ادا کرنے ہیں کہ گھر کے کسی فرد، یہاں تک کہ شوہر کو بھی پتہ نہ چلے۔ یہ اس لیے کہ مکمل اسی کے ہو۔ پہلے مکمل وضو کریں۔ پھر اپنے بال کھول کر کاندھے پر ڈال کر چادر اوڑھ لیں اور دو نفل ادا کر کے ان کا ثواب حضرت خاتون جنت کو ہدیہ کریں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا واسطہ دے کر گڑگڑا کر اللہ سے مانگیں۔ ان شاءاللہ 3 جمعرات گزرنے پر مقصد بر آئے گا لیکن پورا ہونے کے بعد شکرانے کے طور پر پڑھتے رہنا، چھوڑنا نہیں۔ ان کا چہرہ نورانی تھا یعنی گواہی دے رہا تھا کہ وہ سچ کہہ رہی ہیں۔

مرادیں پوری ہوں گی

نمازِ فجر کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے اکتالیس (۴۱) بار سورۂ فاتحہ، ہر بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ پڑھی جائے۔ اول اور آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔ اس کے بعد جو بھی دعا مانگی جائے قبول ہوتی ہے۔ لگاتار چالیس (۴۰) دن تک دعا مانگی جائے تو الجھی ہوئی حاجتیں سلجھ جاتی ہیں۔

کاروبار کی ترقی کے لیے

روزگار کے سلسلے میں پریشان حضرات اور کاروبار شروع کرنے والے حضرات اس آیت لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿سُوْرَةُ لُقْمٰنَ: ۲۶﴾ کو کثرت سے پڑھیں۔

رزقِ غیبی کا لاجواب عمل

حضرت ابودرداء رضی اللہ فرماتے ہیں کہ جو شخص ہر دن مومن مرد اور عورتوں کے لیے 25 یا 27 بار مغفرت کی دعا کرے گا تو وہ اُن مستجاب الدعوات لوگوں میں سے ہوگا، جن کی وجہ سے زمین والوں کو رزق دیا جاتا ہے۔

اولادِ نرینہ کے لیے

جو والدین اولادِ نرینہ کی نعمت سے محروم ہوں، وہ روزانہ 101 دفعہ سورۃ الکوثر پڑھیں۔ ان شاءاللہ، اللہ ﷻ عنقریب اولاد کی نعمت سے نواز دیں گے۔ یہ انتہائی مجرب عمل ہے۔ توجہ اور دھیان سے عمل کریں۔

قوت حافظہ قوی ہونے کے لیے

اگر کسی کا حافظہ کمزور ہو اور اکثر باتیں بھول جاتا ہو تو اس کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔ سورۂ بقرہ کی شروع کی پانچ آیات

الٓمّٓ ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾ اُولٰۗىِٕكَ عَلٰي هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۣ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾

جمعرات کے دن اول وقت چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور اس پلیٹ کو بارش کے پانی سے دھو کر صبح صادق سے پہلے تہجد کے وقت پی لے اور اس دن روزہ رکھے۔ تین دن یا پانچ دن یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حافظہ قوی ہوگا اور جو چیز یاد کرے، دماغ میں محفوظ ہو جائے گی۔

تنبیہ: بعض دفعہ سحر، جادو، سفلی کے سبب بھی حافظہ کمزور ہو جاتا ہے۔ بھول چوک بڑھ جاتی ہے۔ اس کے لیے سحر، جادو، سفلی کا علاج کرنے سے حافظہ صحیح ہو جائے گا۔

آیات الشفاء۔۔۔ ہر بیماری سے شفاء

الشیخ الامام جلال الدین حفظہ اللہ

حضرت ابن حجاج رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب (مدخل) میں امام ابوالقاسم القشیری رحمہ اللہ تعالیٰ سے نقل کیا ہے کہ میرا بیٹا بہت سخت بیمار ہوا اور بیماری کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ میں اس سے بالکل مایوس ہو گیا اور مجھے بہت سخت پریشانی لاحق ہوئی۔ اس دوران میں نے خواب میں نبی ﷺ کو دیکھا تو میں نے آپ ﷺ سے اپنے بیٹے کے بیماری کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا:

اَیْنَ اَنْتَ مِنْ اٰیَاتِ الشِّفَاءِ ؟

ترجمہ ''تم شفاء بخشنے والی آیات سے کیوں غافل ہو؟''

پھر جب میں نیند سے بیدار ہوا تو میں نے ان آیات کے بارے میں غور وفکر کیا تو میں نے ان آیات کو قرآن مجید میں چھ جگہ پر پایا اور وہ آیات مندرجہ ذیل ہیں:

❶ ... وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ۙ﴿۱۴﴾ (سورۃ التوبہ، آیت 14)

ترجمہ ..... ''اور مومن لوگوں کے سینوں کو شفا بخشے گا''۔

❷ ... قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ (سورۃ یونس، آیت 57)

ترجمہ ..... ''اے لوگوں! تمہارے پروردگار کی طرف سے نصیحت اور دلوں کی بیماریوں کی شفاء اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت آ پہنچی ہے''۔

❸ ... یَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ﴿۶۹﴾

(سورۃ النحل، آیت 69)

ترجمہ ..... ''اس کے پیٹ سے پینے کی چیز نکلتی، ہے جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں، اس میں لوگوں (کی کئی امراض) کی شفا ہے۔ بیشک سوچنے والوں کے لیے اس میں بھی نشانی ہے''۔

❹ ... وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۙ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا﴿۸۲﴾ (سورۃ الاسراء، آیت 82)

ترجمہ ..... ''اور ہم قرآن (کے ذریعے) سے وہ چیز نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لیے شفا اور رحمت ہے اور ظالموں کے حق میں تو اس سے نقصان ہی بڑھتا ہے''۔

❺ ... وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ﴿۸۰﴾ (سورۃ الشعراء، آیت 80)

ترجمہ ..... ''اور جب میں بیمار پڑتا ہوں، تُو مجھے شفا بخشتا ہے''۔

❻ ... قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّشِفَآءٌ ؕ

(سورۃ حٰمٓ السجدۃ، آیت 44)

ترجمہ ..... ''کہہ دو کہ جو ایمان لاتے ہیں، ان کے لیے ہدایت اور شفا ہے''۔

حضرت امام ابوالقاسم القشیری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں نے ان آیات کو ایک کاغذ پر لکھا۔ پھر اس کو پانی میں حل کیا اور وہ پانی اپنے بیٹے کو پلایا تو وہ ایسا شفایاب ہو گیا گویا کہ زنجیروں سے آزاد کر دیا گیا ہو۔ (یعنی بالکل صحیح سالم ہو گیا)

حضرت امام القشیری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ مناسب یہ ہے کہ روشنائی کے ساتھ لکھنے سے اجتناب کیا جائے کیونکہ اس سے جسم کو نقصان ہوتا ہے جبکہ ابن الحاج کے مطابق ان کو زعفران سے لکھا جائے۔

طریقہ ..... کسی صاف ستھرے برتن میں لکھا جائے یا کسی صاف ستھرے پتے پر لکھا جائے۔ پھر برتن کو پانی سے دھویا جائے یا اس پتے کو پانی میں حل کیا جائے۔ پھر وہ پانی مریض کو نہار منہ پلایا جائے۔ (المدخل)

کنواری لڑکی کی شادی

جس شخص کی کنواری لڑکی ہو اور کوئی شخص پیغام نہ دیتا ہو اور نہ کوئی رشتہ آتا ہو تو تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ پھر ایک سو (۱۰۰) بار لڑکی کی شادی کی نیت سے ''یَا لَطِیْفُ'' پڑھے، چالیس دن یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عمل کے دوران ہی مناسب رشتہ آ جائے گا۔

بندش کے سرتاج عمل کے عامل بنیں

یہ عمل بندش کا سرتاج عمل ہے۔ بندش سے مراد کسی چیز کو باندھنے کے ہیں۔ یہ عمل خیر اور شر، دونوں میں چلتا ہے۔ اس عمل سے کیا کیا کام لئے جاسکتے ہیں؟ مختصراً درج ذیل کام لے سکتے ہیں۔ باقی عامل کی مرضی ہے کہ وہ کیا کیا کام لے سکتا ہے۔ یاد رہے کہ بندش کا عمل صرف اور صرف اس جگہ کیا جائے، جہاں شریعت اجازت دے۔ کسی معتبر مفتی صاحب سے پوچھ کر عمل کیا جائے۔ جو لوگ ناجائز کریں گے، ان شاء اللہ ان کا عمل بھی بے اثر ہوگا اور شدید رجعت بھی ہوگی۔ ادارہ ایسے تمام افراد سے بری الذمہ ہے۔

سورج گرہن 9 مارچ 2016ء بروز بدھ لگے گا..... چاند گرہن 23 مارچ 2016ء بروز بدھ لگے گا

شادی، منگنی، رشتہ، محبت، طلاق وغیرہ

- محبت میں کسی کی عقل وخرد باندھنا تا کہ شدید محبت کرے
- کسی خاص جگہ کے لئے نکاح باندھنا کہ وہیں ہو
- نکاح باندھنا تا کہ کسی جگہ نکاح نہ ہو
- کسی خاص جگہ پر نکاح باندھنا تا کہ نکاح نہ ہو
- مخصوص جگہ منگنی باندھنا
- طلاق باندھنا: تا کہ شوہر طلاق نہ دے سکے یا بیوی خلع نہ لے
- محبت باندھنا: تا کہ مطلوبہ فرد رجوع کرے
- رخصتی بارات باندھنا
- محبت کو ختم کرنا: تا کہ مطلوبہ فرد سے جدائی ہو
- نیند باندھنا: تا کہ مطلوبہ فرد رابطہ کرے

بدکاری، ناجائز تعلقات، زنا، بدفعلی وغیرہ

- عورت کو زناء سے باندھنا تا کہ کسی بھی مرد سے زنا نہ کرسکے
- مرد کو زناء سے باندھنا تا کہ کسی بھی عورت سے زنا نہ کرسکے
- عورت کو زناء سے باندھنا تا کہ کسی خاص مرد سے زنا نہ کرسکے
- مرد کو زناء سے باندھنا تا کہ کسی خاص عورت سے زنا نہ کرسکے
- مرد کو بدفعلی سے باندھنا تا کہ کسی بھی مرد سے بدفعلی نہ کرسکے

مرض، حمل، صحت وغیرہ

- دردسر باندھنا
- حمل باندھنا: تا کہ عورت کو حمل نہ ہو
- صحت باندھنا
- مرد کا نطفہ باندھنا: تا کہ مرد کے نطفے سے حمل نہ ٹھہرے

معاش، نوکری، ترقی، عہدہ وغیرہ

- عہدہ باندھنا کہ نہ ہٹے
- ترقی باندھنا
- دوکان باندھنا
- **نوٹ** دکان کی جگہ آستانہ، مطب، فیکٹری وغیرہ لکھا جاسکتا ہے۔
- سفر باندھنا: تا کہ اندرون وبیرون ملک سفر نہ کرسکے۔
- **نوٹ** کسی خاص شہر یا ملک کا نام لکھا جاسکتا ہے۔
- کسی کی معاش باندھنا

بری عادات

- چوری کرنے کی عادت کو باندھنا
- شراب نوشی کی عادت باندھنا
- مارنے کی عادت باندھنا تا کہ کسی کو بھی نہ مار سکے
- مارنے وگالیاں دینے کی عادت باندھنا تا کہ کسی کو نہ مارے اور نہ گالی دے سکے
- قدم باندھنا تا کہ گھر سے باہر نہ رہے
- بے جا غصہ باندھنا

زبان بندی، دشمن وغیرہ

- زبان بندی: تا کہ مخالف شخص کی سائل کے حق میں زبان بند ہوجائے
- مخلوق کی زبان بندی کے لئے: تا کہ کوئی بھی سائل کے خلاف نہ بولے
- دشمنی باندھنا: تا کہ دشمن دشمنی چھوڑ دے
- حسد باندھنا: تا کہ دشمن حسد نہ کرے
- نیند باندھنا: دشمن حد سے گذر جائے تو اس کی نیند سزا کے طور پر باندھنا

متفرق

- کسی خاص گھر جانے سے روکنا
- عقل وخرد باندھنا: تا کہ سائل کے حق میں تسخیر ہوجائے۔
- نظر باندھنا: تا کہ دیکھنے کی عادت ختم ہو۔ کچھ لوگوں میں ہوتی ہے کہ فضول میں کسی بھی چیز یا شخص کو گھور گھور کر دیکھتے ہیں
- کسی کا عمل باندھنا: تا کہ اس عامل کا عمل نہ چلے

اس طرح کے اور بہت کام ہیں جو کئے جاسکتے ہیں۔ ہمارا مقصد اس علم کو سکھانے سے ہرگز یہ نہیں کہ معاشرے میں فساد پھیلے۔ اس لئے ہر کسی کو نہیں سکھایا جاتا۔ حلف نامہ بھی لیا جاتا ہے اور ضرورت پڑنے پر کسی معتبر اور مستند عالم یا مفتی صاحب کا تصدیقی خط بھی مانگا جاسکتا ہے۔

عام فیس 5100 روپے

ممبران کے لئے 4100 روپے

حروف صوامت کے وہ عاملین، جنہوں نے یہ عمل کسی اور کی زیرِ نگرانی کیا ہو، وہ خصوصی اعمال کی کاپی 1500 روپے میں حاصل کریں۔

یہ عمل ہر کوئی سیکھ سکتا ہے، چاہے اُس نے کوئی عمل کیا ہو یا نہ کیا ہو۔

■ سورج گرھن 04:19 رشروع ہوگا۔ 06:57 پر مکمل لگے گا۔ 09:34 پر سورج گرھن بالکل ختم ہوجائے گا۔ ■ چاند گرھن 09:36 پر لگنا شروع ہوگا۔ 11:47 پر مکمل لگے گا۔ 13:57 پر چاند گرھن بالکل ختم ہوجائے گا۔

مولانا محمد عرفان 0321-4661681 (دوپہر 2 تا 5 بجے علاوہ جمعہ واتوار)

رابطہ: 0343-7772772 darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

اعمال اولیاء سیکھنے کے لیے تفصیل darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/aamaale_aulia

العارفی ہنی کے معیاری شفاء بخش شہد اور مصنوعات (قطرہ قطرہ ہے شفاء)

(1) شفاء القلوب سیرپ وزن:325 گرام

قدرتی شہد اور قدرتی اجزا سے تیار کردہ قیمت:700 روپے

بیری کا شہد۔ دل کی بند شریانیں کھولنے کا انتہائی اثر انگیز نسخہ

افادیت: دل کی بند شریانیں کھولتا ہے۔ بڑھے ہوئے کولیسٹرول کو کم کرتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر کیلئے بہت مفید ہے۔ موٹاپا کم اور گیس بادی کو ختم کرتا ہے۔ اجزاء: ادرک، لہسن، لیموں، سرکہ سیب، قدرتی شہد۔

(2) طیبہ رائل جیلی شہد (شاہی غذا)

قیمت:1500 روپے (350 گرام)، قیمت:630 روپے (100 گرام)

الغذاء الملکہ بالعسل ..... عسل نحل طبیعی

شہد کے چھتے کا خاص جز۔ خون کی کمی کو دور کرنے کیلئے لاجواب ٹانک

رائل جیلی: جسم کے ناکارہ اور کمزور غدود کو از سر نو تازگی بخشتی ہے۔ اس سے انسان اپنے آپ کو دوبارہ جوان محسوس کرنے لگتا ہے۔ صحت بحال رکھتی ہے۔ دماغی تھکن دور کرتی ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے، سستی اور تھکاوٹ دور کرتی ہے۔ جسمانی اور دماغی طور پر کمزور بچوں کی نشوونما کو بحال کرتی ہے، عورتوں کے تکلیف دہ عرصے میں فائدہ دیتی ہے۔ بال اُگانا اس کی خاصیت ہے۔ بے اولاد جوڑوں کیلئے امید افزاء ہے۔

شوگر کے مریض سدرہ رائل جیلی استعمال کریں۔

(3) طیبہ ڈرائی فروٹ ہنی پیسٹ

حافظہ اور دماغی طاقت کا لذت بخش نسخہ 100 فیصد خالص

فوائد: حافظہ کو قوی کرتا ہے، دافع نسیان ہے، جسمانی کمزوری اور گردوں کی لاغری کو دور کرتا ہے، دل اور دماغ کو تقویت دیتا ہے، منفث بلغم، ملین شکم، ملین صدر اور منوم ہے، قوت باہ میں اضافہ کرتا ہے۔

اجزاء: بادام، پستہ، کاجو، اخروٹ اور شہد سے تیار کردہ مکمل قدرتی تحفہ

قیمت:700 روپے (400 گرام)، قیمت:400 روپے (200 گرام)

(4) طیبہ عجوہ پیسٹ 100 فیصد خالص

مدینہ طیبہ کا انمول تحفہ عجوہ کھجور اور گٹھلی سے تیار کردہ۔

دل کی بند شریانیں کھولنے کا انتہائی اثر انگیز نسخہ

صحیح بخاری حدیث نمبر 5060 میں ہے "جو شخص مدینے کی سات عجوہ کھجور صبح نہار منہ کھالے، اس دن اسے زہر اور جادو نقصان نہیں پہنچائے گا"۔

مدینہ طیبہ کی عجوہ کھجور اور گٹھلی سے تیار کردہ کیمیکل سے پاک بیری کے شہد میں محفوظ شدہ عجوہ پیسٹ دل کی کمزوری کو دور کر کے طاقتور بناتا ہے۔ بند شریانیں کھولنے کیلئے آزمودہ ہے، عجوہ کھجور میں جادو کا توڑ، زہر اور جنات کے اثرات سے بچاؤ، آنکھوں کے امراض، دوران سر نفسیاتی امراض کے لئے شفاء ہے۔

قیمت:1280 روپے (400gm)، قیمت:400 روپے (100gm)

(5) شفائین (پلوسہ)

BLACK CUMIN OIL IN ACACIA HONEY

موت کے علاوہ ہر مرض کیلئے شفاء

100%PURE کلونجی اور شہد مصفّٰی کا قدرتی نسخہ

افادیت: دل، دماغ اور نظر کی کمزوری، حافظہ کی کمزوری، سر درد، درد شقیقہ، سر چکرانا، آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا، مرگی، فالج، لقوہ، ہیپاٹائٹس، دمہ، امراض جگر، سینہ کے امراض، سانس کی تنگی، کھانسی، پیٹ کے امراض، معدہ کی کمزوری، بدہضمی، بھوک کی کمی، ہڈیوں کی کمزوری، اعصابی کمزوری، لیکوریا، رعشہ، گردوں کی سوزش میں اور مردانہ کمزوری وغیرہ میں مفید ہے۔ قیمت:325,600 روپے (250gm,500gm)

بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت بڑھانے کا بہترین ذریعہ ہے۔

(6) مالٹے کے باغات کا قدرتی شہد

ALARFI ORANGE HONEY 100% NATURAL

مالٹے کے باغات سے حاصل کردہ ☆ قدرتی وٹامن سی سے بھرپور ☆ موٹاپا کم کرنے کے لئے خاص ☆ خواتین کا پسندیدہ (بالخصوص حسن دوبالا کرنے کے لئے) ☆ چہرے کے داغ دھبے دور کرنے کے لئے مفید ☆ بالوں کی افزائش کا ذریعہ ☆ پیٹ کے جملہ امراض کے لئے اکسیر ☆ نقاہت اور کمزوری دور کرنے کے لئے لاجواب ☆ سلم اور سمارٹ بننے کا قدرتی نسخہ قیمت: 700 روپے کلو (اعلیٰ کوالٹی)

اس کے علاوہ پلوسہ، اجوائن، بیری (اعلیٰ کوالٹی)، جنگلی، چھوٹی مکھی، شیشم، گرنڈہ، شنشو بی، الائچی کا شہد اور ایرانی چھتہ بھی دستیاب ہے۔

خوشخبری شہد کی خریداری پر ممبران خزینہ روحانیات کیلئے ڈاک خرچ فری

مطب العارف 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ darulamal.org/matabalaarif 042-35410586, 0307-5525103

آلۂ یکسوئی



ایسا آلہ جو انسان کی چھپی ہوئی نگاہ کو متحرک کرکے ماورائی دنیا کو سامنے لے آتا ہے (اس کے استعمال سے عملیات میں کامیابی مقدر بن جاتی ہے)۔ قیمت: **800** روپے

لوبان اگربتی (جدید)



حسد، نظرِ بد، جادو، سایہ وشیطانی نحوست کے اثرات کا خاتمہ، ہر قسم کی بندش کا ازالہ۔ کاروباری بندش کا ازالہ۔ روحانی عمل وپڑھائی کی تاثیر اور روحانی طاقت میں کئی گنا اضافہ، قیمت فی عدد 5 روپے اسکے استعمال سے آپ خود واضع طور پر فرق محسوس کریں گے۔

روحانی طلسماتی تیل (خاص الخاص دم شدہ)



جسم میں کہیں بھی درد ہو۔ پٹھوں میں درد ہو۔ غرض کہ آپ کو کہیں بھی درد ہو۔ دارالعمل چشتیہ کا تیار کردہ روحانی طلسماتی تیل ضرور آزمائیں ان شاء اللہ آپکو یقینی فائدہ ہوگا۔


نوٹ: جنات کے حاضری کے مریض، جادو کے مریض، جسمانی دردوں (جوڑوں کے درد) دماغی اثرات وغیرہ کیلئے نسخا کسیر۔ قیمت: **200** روپے (70ML)

تعویذ دفع بندشِ رشتہ

ھدیہ: **1100** روپے

دین کی شکل مثالی لباس کے ہے۔ ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ ﷺ نے ''میں خواب میں تھا کہ لوگوں کو اپنے روبرو پیش ہوتے دیکھا کہ وہ کرتے پہنے ہیں۔ کسی کا کرتہ تو سینہ تک ہے، کسی کا اس سے نیچے تک۔ حضرت عمرؓ جو پیش ہوئے تو ان کا کرتہ اتنا لمبا تھا کہ زمین پر گھسیٹتے چلتے ہیں''۔ لوگوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ! پھر آپ ﷺ نے اس کی تعبیر کیا کی؟ آپ ﷺ نے فرمایا ''دین''۔

علم کی صورتِ مثالی

علم کی شکلِ مثالی، مثل دودھ کے ہے۔ ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا کہ ''خواب میں میرے پاس ایک دودھ کا پیالہ لایا گیا۔ میں نے اس سے پیا۔ یہاں تک کہ اس کی سیرابی کا اثر اپنے ناخنوں سے نکلتا پایا۔ پھر بچا ہوا حضرت عمرؓ کو دے دیا''۔ لوگوں نے عرض کیا ''پھر آپ ﷺ نے اس کی کیا تعبیر لی؟'' آپ ﷺ نے فرمایا ''علم''۔

نماز کی صورتِ مثالی

نماز کی شکلِ مثالی، مثل نور کے ہے۔ عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے نماز کا ذکر فرمایا۔ ارشاد فرمایا کہ ''جو شخص محافظت کرے گا نماز پر، وہ نماز اس کے لیے قیامت کے دن نوارنی اور برہان اور نجات ہوگی''۔

”علم سیکھنا فرض ہے“..... کیا مطلب؟

مولانا محمد طیب الیاس صاحب

جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”علم کا طلب کرنا ہر مسلمان (مرد وعورت) پر فرض ہے“۔

(ابن ماجہ باب فضل العلماء والحث علی طلب العلم:224)

اسلام سراسر عمل کا نام ہے۔ ماں کی گود سے لے کر قبر کے گڑھے تک احکام ہی احکام ہیں۔ حکم کی تعمیل چوں کہ بغیر علم نہیں ہوسکتی، اس لئے احکام دین کا جاننا اور احکام پر عمل کرنے کے طریقے معلوم کرنا انسان کا اولین فریضہ ہے۔

علم کی دو قسمیں ہیں:

1 فرض عین: اس کو حاصل کرنا ہر فرد پر لازم ہے۔

2 فرض کفایہ: اس علم کو ایک آدمی نے بھی حاصل کرلیا تو اس علاقے کے باقی لوگوں پر سے ساقط ہوگیا۔ فرائض دین کا اجمالی علم ”فرض عین“ ہے۔ کوئی آدمی بھی اس سے مستثنیٰ نہیں بس زبان سے شہادت اور دل سے اقرار کہ اللہ ایک ہے۔ اس کا کوئی شریک ونظیر نہیں، ہر چیز کا خالق ہے۔ سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، وہی موت دیتا ہے، وہی زندگی بخشتا ہے، زندہ ہے کبھی مرنے والا نہیں وغیرہ۔ اسی طرح اس بات کی شہادت کہ محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے بندے، رسول اور خاتم النبیین ہیں اور یہ کہ موت کے بعد جزا، سزا کے لئے اٹھنا ہے۔ ایمان واطاعت اختیار کرنے والے ہمیشہ جنت میں رہیں گے اور کفرونافرمانی کی بدبختی کا شکار ہونے والے ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے اور یہ کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ لہٰذا جو کچھ قرآن میں ہے اللہ کی طرف سے حق ہے، اس پر ایمان لانا اور اس کی آیات محکمات پر عمل کرنا فرض ہے اور یہ کہ پانچوں نمازیں فرض ہیں۔ نیز ان باتوں کا علم بھی ضروری ہے جس کے بغیر نماز پوری نہیں ہوتی جیسے طہارت، نماز کے تمام ارکان واحکام اور یہ کہ رمضان کے روزے فرض ہیں اور علم بھی فرض ہے۔ اسی طرح اگر آدمی مال دار ہے تو یہ جاننا بھی فرض ہے کہ زکوٰۃ کن چیزوں پر فرض ہے اور کب فرض ہے؟ کتنے مال میں فرض ہے؟ اور یہ کہ بشرط استطاعت ایک مرتبہ حج فرض ہے وغیرہ وغیرہ۔ خلاصہ یہ ہے کہ عقائد اسلامیہ اور ضروریات دین کا علم حاصل کرنا عموماً اور ہر شخص کی ذات سے متعلقہ احکام ومسائل کا علم خصوصاً ہر شخص پر فرض عین ہے اور پورے دین کا عالم ہونا یعنی مکمل احکام جاننا اور تفسیر وحدیث کا پورا پورا واقف ہونا فرض عین نہیں بلکہ فرض کفایہ ہے۔ اس کے علاوہ زندگی میں موقعہ بموقعہ جو حالات پیش آئیں ان کے بارے میں علماء سے پوچھ پوچھ کر عمل کرتے رہیں۔

اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین

علمی اختلاف ہو تو فریقِ مخالف پر کیچڑ نہ اچھالیں

نئے اور تازہ مسائل میں غور وفکر اور اجتہاد کی کافی وسعت اور گنجائش ہے اور ظاہر ہے اس میں علماء کی آراء مختلف ہوتی ہیں اور جو عالم بھی کسی تازہ اور نئے مسئلہ میں غور وفکر سے اجتہاد کرتا ہے، وہ پوری دیانتداری اور خداخوفی سے اس کے حکم کو دلائل شرعیہ سے اخذ کرتا ہے۔ اگر کسی عالم کو اس سے اختلاف ہو تو اس کو دلائل کے ساتھ اپنا نظریہ تو بیان کرنا چاہیے لیکن فریق مخالف پر کیچڑ نہیں اچھالنی چاہیے اور طعن وتشنیع سے کام نہیں لینا چاہیے۔

بدقسمتی سے ہمارے ہاں لوگوں کا یہ مزاج نہیں ہے۔ لوگوں کا جس شخص سے کسی علمی مسئلہ میں اختلاف ہو، وہ اس کو جاہل، خائن اور اس نوع کے دیگر القابات سے نوازتے ہیں بلکہ اس کو دین اور ملت سے خارج کرنے سے بھی نہیں چوکتے۔

یہ بہت غلط رویہ ہے چاہے وہ کسی بھی مسلک یا فرقے کا ہو، جس کی اصلاح کی اشد ضرورت ہے۔

روحانی و مخفی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786

حضرت ڈاکٹر عبدالرحیم رندی کی مشہور و معروف محققانہ کتب جو پشاور سے کراچی تک مقبول ہیں

نمبر شمار	کتاب	قیمت
1	رحیم الجفر (حصہ اول) جفر سکھانے والی کتاب	400
2	رحیم الجفر (حصہ دوئم) کئی سوال حل کئے گئے ہیں	300
3	رحیم الجفر (حصہ سوئم) بہت عمدہ و اعلیٰ کتاب ہے	400
4	رحیم النجوم (حصہ اول) نجوم کے کرشمے	500
5	رحیم النجوم (حصہ دوئم) نجوم سکھانے کے لیے	400
6	رحیم النجوم (حصہ سوئم) اعلیٰ و ارفع کتابیں ہیں	400
7	رحیم النجوم (حصہ چہارم) سب کتابیں سوال و جواب	500
8	رحیم النجوم (حصہ پنجم) کی صورت میں لکھی گئی ہیں	500
9	مقام النجوم اثرات النجوم (احکام لگانے کی عمدہ کتابیں ہیں)	400
10	رحیم الطالع (طالع نکالنے کے لیے عمدہ کتاب ہے، مبتدی ایک منٹ میں طالع نکال سکتے ہیں)	400
11	اجتماع سیارگان (سیاروں کے جمع ہونے سے جو اثرات پیدا ہوتے ہیں، اس کی مفصل تشریح پیش کی گئی ہے)	300
12	رحیم الوقتی زائچہ (وقتی زائچہ میں احکام لگانے کے عمدہ طریقے پیش کیے گئے ہیں اور سوال و جواب کی صورت میں لکھی گئی ہے)	500
13	رحیم الرمل (حصہ اول) علم الرمل کے کرشمات ہیں	500
14	رحیم الرمل (حصہ دوئم) سوال و جواب کی صورت میں لکھی گئی ہے	500
15	رحیم الرمل (حصہ سوئم)	500
16	مستحصلات الرمل (رمل سکھانے کی عمدہ کتاب ہے)	400
17	علاج بالرمل (بیماریوں کی تشخیص کی بہترین کتاب ہے)	300
18	رحیم العملیات (حصہ اول) عامل بنانے والی کتابیں ہیں	500
19	رحیم العملیات (حصہ دوئم) عمل آسان اور بہدف ہے	400
20	رحیم العملیات (حصہ سوئم)	400
21	رحیم الاعداد (حصہ اول) اعداد کے اعجاز	500
22	رحیم الاعداد (حصہ دوئم) سوال و جواب کی صورت میں لکھی گئی ہے	400
23	رحیم الاعداد (حصہ سوئم)	400
24	رحیم الاعداد (حصہ چہارم)	500
25	قبض و بواسیر کا مجرب علاج (حصہ اول) موذی مرض کے علاج کے لیے بہترین جسمانی و روحانی علاج ہیں	400
26	قبض و بواسیر کا مجرب علاج (حصہ دوم)	400
27	حکیم غیب داں کے چار حصے (فی حصہ)	700
28	شوگر کا مؤثر علاج	350
29	1901ء سے لے کر 2050ء تک کی جنتریاں (فوٹوسٹیٹ فی سال)	120
30	دست شفاء (ایک بیماری کے دس علاج، نہایت سہل اور آسان زبان میں لکھی گئی ہے)	350
31	رحیم الدست شناسی (حصہ اول) ہاتھ آپ کے سامنے بولنے لگ گئے ہیں	400
32	رحیم الدست شناسی (حصہ دوئم)	500
33	آؤ نجوم سیکھیں	250
34	مردی امراض کے علاج کا انسائیکلوپیڈیا	800
35	جام جہاں نما کئی علوم کا مجموعہ	400
36	پتھروں کے سحری اثرات	250
37	جوڑوں کے درد سے نجات	250
38	فالج کا علاج ایسا کریں	200
39	قرعہ رمل صحیح اوزاں اور صبح کا وقت دستیاب ہو سکتا ہے	1000

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

آخر وہ بھڑکتی جہنم کا ایندھن بن گیا

مجدّی فتحی السیّد

سہل بن سعد ساعدی بیان کرتے ہیں کہ مسلمانوں اور مشرکین کی آپس میں لڑائی ہوئی۔ رسول ﷺ اپنے لشکر کی طرف اور دوسرے لوگ اپنے لشکر کی طرف گئے۔ رسول اللہ ﷺ کے لشکر میں ایک شخص تھا۔ اس کی جس دشمن پر نظر پڑتی، اس کے درپے ہو جاتا اور آخر اسے اپنی تلوار کا نشانہ بنا ڈالتا۔ وہ اس قدر جرأت و بہادری اور جاں فشانی سے لڑا کہ لوگوں میں سے کسی دوسرے نے نہیں کی۔ رسول اللہ ﷺ نے جب اس کے متعلق یہ ماجرا سنا تو فرمایا: ''وہ ہے تو جہنمی۔''

رسول اللہ ﷺ کی بات سن کر ایک آدمی کو تجسس ہوا کہ میں اس کی ٹوہ میں رہوں، اس کا پیچھا کرتا رہوں اور اس کے انجام کو دیکھوں وہ کس طرح جہنم کا ایندھن بنتا ہے..... کیونکہ بظاہر تو وہ مسلمانوں کا خیر خواہ اور وفادار ہے .....مگر ادھر اس کے متعلق اللہ کے رسول ﷺ فرما رہے ہیں کہ: ''یہ ہے تو جہنمی''۔

اس آدمی نے سوچا کہ میں اس کے ساتھ ساتھ رہ کر دیکھوں کہ آخر اس کا انجام کیا ہوتا ہے؟ وہ شخص کہتا ہے کہ میں مسلسل اس کے ساتھ ساتھ رہا اور بغور اس کی حرکات و سکنات کا مشاہدہ کرتا رہا..... وہ رکتا تو میں بھی رک جاتا .....وہ تیزی سے کسی طرف جاتا تو میں بھی تیزی سے اس کے ساتھ ساتھ چل پڑتا..... بالآخر وہ شخص شدید زخمی ہو گیا..... زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے اور عدم برداشت اور صبر کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس نے تکلیف سے بچنے کی خاطر جلد از جلد مرنا چاہا..... چنانچہ اس نے اپنی تلوار زمین پر رکھ دی اور اس کی نوک اپنے سینے کے درمیان رکھ کے خود کو اس کے اوپر گرا کر اپنے آپ کو قتل کر ڈالا۔

یہ جاسوسی کرنے والا شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں گیا اور جاتے ہی پکارا ''أَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُوْلُ اللهِ''

''میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ واقعی اللہ کے رسول ہیں''۔

وہ آدمی چونکہ پہلے سے ہی مسلمان تھا۔ اس لیے اس کے اس انداز کو دیکھتے ہوئے رسول اللہ ﷺ نے دریافت فرمایا:

''کیوں؟ کیا بات ہوئی؟ اس نے عرض کیا: آپ ﷺ نے ابھی ابھی جس آدمی کے متعلق ارشاد فرمایا تھا کہ وہ ''جہنمی ہے'' اور آپ ﷺ کی اس بات پر لوگوں نے تعجب کا اظہار کیا تھا۔ تو میں نے دل میں کہا تھا کہ تمہارے لیے اس کی آنکھوں دیکھی خبر لے کر آؤں گا..... چنانچہ میں اس کی تاڑ میں لگا رہا ..... بالآخر وہ لڑتے لڑتے شدید زخمی ہو گیا..... اس نے جلد مرنے کی خاطر اپنی تلوار کا دستہ زمین پر اور اس کی نوک اپنے سینے کی پسلیوں کے درمیان کر کے اپنا بوجھ اس پر ڈال کر خود کو قتل کر ڈالا..... اس کی بات سن کر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِيمَا يَبْدُوْا لِلنَّاسِ وَهُوَمِنْ أَهْلِ النَّارِ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ النَّارِ فِيمَا يَبْدُوْ لِلنَّاسِ وَ هُوَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ

''کوئی آدمی بظاہر اہل جنت کے سے عمل کرتا رہتا ہے حالانکہ وہ انجام کار جہنمی ہوتا ہے..... اسی طرح کوئی آدمی بظاہر اہل جہنم کے سے عمل کرتا رہتا ہے، حالانکہ انجام کار وہ اہل جنت میں سے ہوتا ہے''۔

ابن الجوزیؒ نے بیان کیا ہے کہ اس آدمی کا نام ''قزمان ظفری'' تھا۔ غزوۂ احد کے موقع پر وہ پیچھے رہ گیا اور غزوہ میں شامل نہ ہوا تھا۔ عورتوں نے اسے جنگ سے پیچھے رہ جانے پر عار دلائی تو وہ غیرت و حمیت کے جذبے سے روانہ ہوا۔ پہلی صف میں جا کھڑا ہوا۔ اسی نے سب سے پہلے تیر چلایا اور تلوار کے ایسے جوہر دکھائے کہ لوگ دنگ رہ گئے۔

بعد ازاں جب کفار کے حملہ کے نتیجہ میں مسلمانوں کی جمعیت بکھر گئی تو اس نے اپنی تلوار کی میان توڑ ڈالی اور کہنے لگا: ''اب فرار کی نسبت مر جانا ہی بہتر ہے''۔ قتادہ بن نعمانؓ اس کے پاس سے گزرے تو فرمایا:

''تمہیں شہادت کی مبارک ہو''۔

تو اس نے جواب دیا: ''اللہ کی قسم! میں دین کے دفاع کی خاطر نہیں بلکہ اپنی قوم کے تفاخر اور دفاع کی خاطر لڑا ہوں۔ پھر اسے اس کے زخموں نے بے چین کیا تو اس نے اپنے آپ کو قتل کر ڈالا''۔

یَا مُقْتَدِرُ کے خواص اور اثرات

مولانا نظر شاہ کشمیری نور اللہ مرقدہٗ

یہ اسم جمالی ہے بعض کے نزدیک جلالی ہے اور اس کے اعداد سات سو چوالیس (۷۴۴) ہیں۔

اپنے نفس کو مطیع کرنا

اپنے نفس کو مطیع کرنے کے لیے رات میں ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ اس کا وظیفہ پڑھے۔

دشمن کو ہلاک کرنا

دشمن کو ہلاک کرنے کے لیے ترکِ حیوانات کر کے ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ روزانہ پڑھے۔

تمام کام پورے ہوں

غفلت کو ہوشیاری سے بدلنے کے لیے صبح سویرے ایک سو بیس (۱۲۰) مرتبہ پڑھے اور اپنے تمام کام اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے۔ تمام کام پورے ہو جائیں۔

جو مراد ہو پوری ہو

اگر صبح سویرے اس مقدس اسم کو بکثرت پڑھے تو جو اس کی مراد ہوگی، وہ پوری ہو جائے گی۔

کام کی تدبیر سمجھ میں آجائے

اگر صبح سویرے اس مقدس اسم کو بکثرت پڑھے تو جس کام میں تدبیر سمجھ میں نہ آتی ہو، سمجھ آجائے گی۔

اَلْمُقْتَدِرُ کا نقش معظم

نقش حرفی

۷۸۶

د	ق	ر	ت	م
م	ر	د	ق	ت
ق	م	ت	ر	د
ت	د	ق	م	ر
ر	ت	م	د	ق

نقش عددی

۷۸۶

۴	۱۰۰	۲۰۰	۴۰۰	۴۰
۴۰	۲۰۰	۴	۱۰۰	۴۰۰
۱۰۰	۴۰	۴۰۰	۲۰۰	۴
۴۰۰	۴	۱۰۰	۴۰	۲۰۰
۲۰۰	۴۰۰	۴۰	۴	۱۰۰

نکاح کے لیے

اگر کسی کی بیٹی کنواری ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کی جلد از جلد کسی اچھی جگہ پر شادی ہو جائے، اس کے لیے وہ بہت تگ و دو کرتا ہو مگر کسی بھی جگہ سے رشتہ کا پیغام نہ آتا ہو تو چاہیے کہ نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے، اس کے بعد قبلہ رو بیٹھ کر توجہ و یکسوئی کے ساتھ گیارہ مرتبہ درود شریف خضری پڑھے۔ پھر اللہ تعالیٰ کا اسم حسنیٰ "یَا لَطِیْفُ" ایک سو مرتبہ پڑھے، اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود خضری پڑھے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔ دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور وہ شخص بیٹی کے فرض سے بہ حسن و خوبی سبکدوش ہو جائے گا۔ درود خضری یہ ہے:

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ

خواص حٰمٓ عٓسٓقٓ

صوفی غلام سرور شباب صاحب

جوکوئی حٰمٓ کو ہرن کی جھلی پر لکھے اور اسے اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ دشمنوں کے فریب دھوکے سے بچا رہے گا۔ جوکوئی اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور حٰمٓ کو الیہ تک ستر ہزار بار جلسہ واحد میں پڑھے گا سب مشکلیں آسان ہو جائیں گی۔ اگر تاجر ہے تو اس کی تجارت میں برکت ہوگی۔ اگر بیروزگار ہے تو روزگار اچھا ملے گا اور اگر بیمار کے واسطے پڑھے تو بیمار شفا پائے گا۔ اگر کوئی شخص حاکم سے ڈرتا ہو تو حٰمٓ عٓسٓقٓ لاحول ولا قوۃ الاباللہ العلی العظیم پڑھا کرے۔ اس کے قہر سے محفوظ رہے گا۔ جو کوئی حٰمٓ عٓسٓقٓ العزیز الحکیم تک لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ جملہ آفات سے بچا رہے گا اور عزیز خلائق ہو اور نعمائے الٰہی سے سرفرازی پائے گا اور جو مشک وزعفران سے لکھ کے اپنے گلے میں ڈالے گا، ہیضہ سے بچے رہے گا اور میں نے کسی شخص کو نہیں دیکھا کہ جس کے پاس یہ تعویذ ہو اور کسی مرض میں مبتلا ہوا ہو۔ شیطان اس پر غالب ہوا ہو یا جن نے اسے ستایا ہو یا دریا میں ڈوبا ہو یا آگ میں جل گیا ہو۔ اور جوکوئی آب باراں سے لکھ کے گھول کر پیا کرے گا اس کا حافظہ تیز ہو جائے گا اور جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کے گلے میں ڈال دے، نکاح ہو جائے گا اور مرد صالح ملے گا۔

عمل حٰمٓ عٓسٓقٓ

یہ حروف پچیسویں پارے کی سورۂ شوریٰ کے شروع میں ہیں۔ ان حروف کے اعداد دوسو اٹھتر (278) ہیں اور ان کی لکھی ہوئی تختی بھی ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ سے ہدیۃً منگوا سکتے ہیں۔ ان کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس دن تک ان حروف کو تختی پر دیکھ کر دوسو اٹھتر (278) بار دل ہی دل میں پڑھے۔ پھر دوسرا چلہ بن دیکھے آنکھیں بند کر کے دوسو اٹھتر بار پڑھنے کا کرے۔ پھر تیسرا چلہ حٰمٓ میم کی طرح کیا جائے کہ دوسو اٹھتر بار دائیں طرف اور دوسو اٹھتر بار بائیں طرف اور دوسو اٹھتر بار زمین کو دیکھ کر اور دوسو اٹھتر دفعہ آسمان کو دیکھ کر اور دوسو اٹھتر دفعہ سامنے دیکھ کر روزانہ چالیس دن تک پڑھے۔ اس کے بعد عامل اس عمل میں کامل ہو جائے گا اور جس مراد کے لئے پانچوں خانوں والا تعویذ کسی کو دے گا، وہ مراد پوری ہوگی۔

حٰمٓ عٓسٓقٓ	
حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ
حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ

اور جس مراد کے لئے اس عمل کو دوسو اٹھتر بار پڑھ کر خدا سے دعا مانگے گا وہ دعا قبول ہوگی۔

ایک خاص دعا

جوکوئی اس دعا کو پڑھے یا پاس رکھے تو جو اللہ سے مانگے، ملے گا۔ اگر فقیر ہوگا تو نگر ہو جائے گا اور اگر جاہل ہووے گا تو عالم بن جاوے گا۔ اور بیماری سے صحت پاوے گا اور سب مرادیں حاصل ہوں گی۔ اگر غمگین ہوگا تو خوشی ہووے گی، اگر قیدی ہوگا تو خلاصی پائے گا، اگر بے شادی ہوگا تو شادی ہو جاوے گی، اگر سفر میں ہوگا سلامت آوے گا۔

اگر اعتماد درست ہے اور سو مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ نبی کریم ﷺ کو خواب میں دکھاوے گا۔

وہ دعا بزرگوار یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَارَجَائِیْ یَامَنَائِیْ یَادَوَائِیْ یَاشِفَائِیْ یَاکَفَائِیْ کَفِّیْ یُحْیِیْ یَاغَفُوْرُ یَاغَفُوْرُ اِغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ یَوْمَ یُبْعَثُوْنَ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَارَحِیْمُ یَارَحِیْمُ یَاغَفُوْرُ یَاغَفُوْرُ یَاغَفُوْرُ یَاکَرِیْمُ یَاکَرِیْمُ یَاکَرِیْمُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ وَ نُوْرِ عَرْشِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

دارالعمل چشتیہ

کی روحانی علاج گاہ کی

خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل دی جارہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہوسکتا ہے۔

معاشی مسائل: قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہوجانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل: سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل: رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہوکر یا رشتہ طے ہوکر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

زوجین کے مسائل: زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل: جان کا دشمن ہوجانا، ناجائز مقدمہ کردینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کرلینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی ترکیب کاریاں: رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش ونقصان کرنا۔

جنات کی مستقل پریشانیاں: نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہوکر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض: علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل وجگر ودماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض: اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولادِ نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض: غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، email کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کرلیں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

مولانا محمد عرفان **0321-4661681** (اوقات: دوپہر 2 تا 5 بجے علاوہ جمعہ واتوار) مولانا سلیم اللہ ظفر **0300-4686217** (اوقات: صبح 8 بجے تا رات 8 بجے علاوہ جمعہ)

ruhaniilajgah

+ruhaniilajgah96 ruhaniilajgah

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): **042-35410586** موبائل (دفتر): **0343-7772772** (صبح 11 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ واتوار)

darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com +92-322-7772772

درود شریف کے اعمال برائے نکاح و شادی

مرتب: مولانا محمد عرفان صاحب

رشتہ کے لیے

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی نہ ہوتی ہو، منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو یا سرے سے کوئی رشتہ ہی نہ آتا ہو یا اگر رشتہ آتا ہو تو کوئی بھی بات طے نہ ہوتی ہو، رشتہ والے ناپسند کر کے چلے جاتے ہیں تو ایسی صورت میں بھی درود شریف کی تلاوت اس مشکل سے نجات دلا دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مدد فرماتا ہے اور درود شریف کی برکت سے دلی مراد جلد ہی پوری ہو جاتی ہے۔

چنانچہ جو کوئی یہ چاہے کہ کسی اچھی اور نیک جگہ پر اس کا نکاح ہو جائے اور اس معاملے میں اسے کامیابی نصیب ہو، اس کا گھر بس جائے تو اسے چاہیے کہ وہ نماز فجر اور نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد کسی سے کلام نہ کرے، چالیس یوم تک ہر روز بلا ناغہ ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر ہی مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اور کوئی اچھا اور نیک رشتہ آجائے گا۔

اگر بالفرض چالیس یوم تک مقصد پورا نہ ہوتا ہو تو مایوس نہ ہو، اس عمل کو مزید چالیس یوم تک جاری رکھے۔ بفضل باری تعالیٰ ضرور مقصد میں کامیابی ہوگی اور جلد ہی کسی اچھی جگہ نکاح ہو جائے گا اور اچھے طریقے سے شادی کا مرحلہ کامیابی کے ساتھ طے پا جائے گا۔

نکاح کے لیے

اگر کسی کی بیٹی کنواری ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کی جلد از جلد کسی اچھی جگہ پر شادی ہو جائے، اس کے لئے وہ بہت تگ و دو کرتا ہو مگر کسی بھی جگہ سے رشتہ کا پیغام نہ آتا ہو تو چاہیے کہ نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے، اس کے بعد قبلہ رو بیٹھ کر توجہ و یکسوئی کے ساتھ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر اللہ تعالیٰ کا اسم حسنیٰ "یَالَطِیْفُ" ایک سو مرتبہ پڑھے، پہلے و آخر گیارہ گیارہ بار درود پاک پڑھے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔ دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور وہ شخص بیٹی کے فرض سے بہ حسن و خوبی سبکدوش ہو جائے گا۔

رشتہ کے لیے

اگر کسی لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو تو اسے چاہئے کہ دو رکعت نماز نفل پڑھے پھر ایک سو مرتبہ اس درود شریف کا ورد کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ کے اندر اندر مراد پوری ہو جائے گی۔ اس درود کو درود بوصیری بھی کہا جاتا ہے۔

درود شریف یہ ہے:

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

یا اس طرح پڑھیں:

یَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

رشتہ کے لیے

جس بچی کی شادی نہ ہوتی ہو، اسے وہ انگشتری پہنائے جس میں درود بوصیری کندہ ہو تو جلد رشتہ آئے گا۔

ہر طرح کی مشکلات سے نجات پانے کا خاص وقت

عطارد تثلیث زحل کے وقت کا خاص عمل

مولانا محمد عرفان صاحب

عطارد تثلیث زحل کا وقت ''حل المشکلات'' کا ایک خاص وقت ہے۔ اس وقت میں ایسے اعمال کرنے چاہئیں، جو مشکلات سے نجات حاصل کرنے کے لیے ہوں۔ ایسے تعویذات اور الواح بنانی چاہئیں، جو ہر طرح کی مشکلات سے نجات حاصل کرنے کے لیے بنائی جاتی ہیں۔

عمل کا وقت

29 مارچ ۲۰۱۶ کو رات 8:21 پر ابتداء ہوگی اور 30 مارچ ۲۰۱۶ کو رات 7:54 پر خاتمہ ہوگا۔ اس دورانیہ میں عمل کا آغاز ساعتِ عطارد یا زحل میں کرنا ہے۔ متعلقہ بخور رات جلانے ہیں۔

عمل کا طریقہ

ساعتِ عطارد یا زحل کا آغاز ہوتے ہی عمل کا آغاز کریں۔ باوضو پاک وصاف کپڑے پہنیں۔ متعلقہ بخور جلائیں۔ درج ذیل اعمال میں سے کوئی بھی عمل کرلیں۔

❶ چار سیر پانی کو آگ پر گرم کرنے کے لیے رکھیں۔ پانی میں ایک پرچہ پر یہ نام لکھ کر ڈال دیں: ''قارون۔ فرعون۔ ابلیس۔ شداد۔ نمرود''

پھر اسی پانی کے پاس بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ باوضو یہ آیت پڑھیں:

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ (المزمل:۱۵)

پانی گرم ہوتا رہے اور آپ پڑھتے رہیں۔ عمل مکمل کرنے کے بعد اپنی مشکل سے خلاصی کی دعا مانگیں اور آگ بند کرکے پانی کو گھر سے دور کسی ویرانے میں گڑھا کھود کر ڈال دیں۔

❷ اگر کوئی بڑی مشکل ہے اور فوری خلاصی مطلوب ہے۔ پڑھنے والے بھی زیادہ افراد ہیں تو اس خاص وقت کے دوران سورۂ یٰسین کا ختم پڑھیں۔ سب لوگ اول و آخر گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں اور درمیان میں سب مل کر اکتالیس بار سورۂ یٰسین پڑھیں۔ پھر جو بھی پڑھنے والوں میں زیادہ متقی اور پرہیزگار ہو، وہ مشکل سے نجات کی اجتماعی دعا کروادے۔

عمل کون لوگ کریں؟

یہ عمل ہر اس فرد کو کرنا چاہئے، جو مشکلات میں پھنسا ہوا ہو اور کسی طرح بھی مشکلات سے نجات نہ مل رہی ہو۔ مثلاً

** ناجائز مقدمہ میں پھنس گیا ہو۔

** دفتر میں کوئی الزام لگ گیا ہو اور نوکری سے نکالنے کا ڈر ہو۔

** کسی جگہ کاروباری مال پھنس گیا ہو اور نقصان ہونے کا ڈر ہو۔

** دشمن پیچھے پڑا ہو اور نقصان دینے کے درپے ہو۔

** کسی کا ضامن بنا ہو اور اب ضمانت کی وجہ سے خود پھنس رہا ہو۔

** قرض وصول کرنے والے حد سے زیادہ تنگ کر رہے ہوں۔

** کوئی گمشدہ یا اغواء کرلیا گیا ہو۔

** میاں بیوی میں نوبت طلاق تک پہنچ گئی ہو۔

** دانستہ یا نادانستہ کسی کا نقصان کر بیٹھا ہو اور اب مشکل میں گرفتار ہو۔

** ساحر پیچھے پڑ گئے ہوں اور جان نہ چھوڑتے ہوں۔

الغرض، ہر فرد اپنی مشکل کے مطابق ان اعمال کو کرسکتا ہے۔

عمل کی اجازت

اس عمل کی ہر کسی کو عام اجازت ہے۔ ہر کوئی اپنی مشکلات سے نجات حاصل کرنے کے لیے یہ اعمال کرسکتا ہے۔

گھر بیٹھے "اسمِ اعظم کورس" کریں

اسمِ اعظم کو عموماً صرف نام کے اعداد نکال کر ہی معلوم کیا جاتا ہے اور بہت سے پہلو نظر انداز کر دئے جاتے ہیں جن کی وجہ سے اس اسمِ اعظم کا خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوتا۔ اسمِ اعظم معلوم کرنے کے لئے متعدد پہلو مدِ نظر رکھنے پڑتے ہیں۔ تب جا کر اسمِ اعظم صحیح طور پر معلوم ہوتا ہے۔ اس کورس کو کرنے کے بعد آپ ماہرانہ طور پر اسمِ اعظم معلوم کر سکیں گے۔ اسمِ اعظم کو استعمال کرنا، پڑھنا اور اس کی مختلف طرح سے چلہ کشی کرنے کے طریقے بھی سیکھ سکیں گے۔ کورس کی فیس: روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لئے **2100** روپے، رسالے کے ممبران کے لئے **2600** روپے، غیر ممبران کے لئے **3100** روپے۔

نوٹ: صرف موجودہ ممبران اور طالب علم رعایت لے سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

نورانی مندرہ

ھدیہ 7100 روپے

ہر طرح کے جادو اور جنات سے نجات اور ہر طرح کے عمل کو واپس کرنے کا خاص عمل۔ یہ وہ واحد عمل ہے جو ہر قسم کے مندروں کا بھی توڑ ہے۔ اس کے عامل پر آسانی سے جنات اور جادو کا حملہ نہیں ہوتا۔ اور چھوٹے جنات و شیاطین تو اس کے عامل سے مقابلہ ہی نہیں کرتے، بھاگ جاتے ہیں۔

جادو، جنات کے اثرات کے علاوہ پیچیدہ قسم کی بیماریوں کے لیے بھی مجرب ہے۔ خاص کر وہ بیماریاں، جو جادو اور جنات کی وجہ سے بنی ہوں۔ اس عمل کا بھی چلہ کرنا ضروری ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

+92-322-7772772

"انسان کا کام تدبیر کرنا ہے نتیجہ مرتب کرنا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، لہٰذا رجوع الی اللہ کبھی نہ چھوڑیں"

سفر اور رزق کی بندش: کاروبار نہ چلنا، ملازمت کا نہ ملنا یا مل کر چھوٹ جانا، کاموں کے بنتے بنتے بگڑ جانا، بیرون ملک جانے میں رکاوٹ اور بندش کا سامنا۔

گھریلو مسائل: خاوند، بیوی اور بچوں میں ناچاقی اور طلاق تک نوبت۔

رشتوں کی بندش: جوان اولاد کے رشتے نہ ملنا، پسند نہ آنا یا پسند کے بعد انکار ہو جانا، منگنی کے بعد نکاح یا نکاح کے بعد رخصتی میں رکاوٹ۔

صحت کی بندش: بیماری کا علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہونا یا بار بار بیمار ہونا، تمام لیبارٹری ٹیسٹ کے درست ہونے کے باوجود بھی صحت کا بحال نہ ہونا۔

اولاد کی بندش: اولاد کا نہ ہونا یا پیدا ہو کر مر جانا، پیدائشی طور پر بچوں میں مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہونا، صرف لڑکیاں ہی پیدا ہونا، نرینہ اولاد کیلئے۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، بدزبانی، دیگر غلط عادات اور سوسائٹی کے شکار افراد۔

معاشرتی مسائل: قرض کی ادائیگی، کسی شخص کا جائز کام میں رکاوٹ بننا، قرض واپس نہ کرنا، دشمن ہو جانا، پیسے یا چیزیں مثلاً دکان، مکان پر قبضہ کر لینا وغیرہ۔

تدبیر ہماری تقدیر تمہاری

نوٹ ملاقات کیلئے فون پر وقت ضرور طے کر لیں

اب مولانا صاحب ہفتہ کے 7 دن مریضوں سے ملاقات کریں گے۔

کشائش رزق، بندش کاروبار، بندش رشتہ و ہر قسم کی بندش اور تمام پریشانیوں کے حل کیلئے اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔

خیر و برکت:۔ گھر، دکان، فیکٹری اور دفتر کی خیر و برکت کیلئے

طبیب روحانی و جسمانی

مولانا ڈاکٹر علی آفاق

(ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس)

Mobile: 0321-4168008

www.afaqspiritualclinic.com

facebook.com/afaqspiritualclinic

77/C، ماڈل ٹاؤن لاہور۔

نوروز عالم افروز کا تہوار کیا ہے؟

صفدر ہمدانی (لندن)

فارسی، عربی اور اردو کے مختلف مضامین سے حاصل کردہ معلومات کی بنیاد پر تحریر کردہ ایک معلوماتی تحقیقی مضمون

فارسی کے اس لفظ کا لغوی معنی ہے ''نیا دن''۔ نوروز سال نو اور بہار کا ایک ساتھ استقبال ہے اور یہ دن مغربی چین سے ترکی تک، کروڑوں لوگ 20 مارچ کو مناتے ہیں۔ نوروز شمسی سال کے آغاز اور بہار کی آمد کا جشن بھی ہے اور ایران، افغانستان، تاجکستان، ازبکستان، پاکستان، بھارت کے کچھ حصوں اور شمالی عراق اور ترکی کے کچھ علاقوں میں کیلنڈر سال کا نقطہ آغاز بھی۔

لوگ جشن کے اس وقت پر ایک دوسرے کو مبارک باد دیتے اور زور شور سے گاتے بجاتے ہیں اور اسے عید کے تہوار کی طرح منایا جاتا ہے اور اس کے ساتھ آنے والے نئے سال میں سلامتی اور ترقی کی دعائیں کی جاتی ہیں۔

ماہر فلکیات کے لیے اب نوروز کے بالکل صحیح وقت کا تعین کرنا بھی ممکن ہوگیا ہے مثلاً اس سال 20 مارچ 2016 بروز اتوار اس کا وقت پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق صبح 9 بج کر 30 منٹ 07 سیکنڈ ہوگا۔ یاد رہے کہ اس وقت کو تحویل آفتاب کا وقت کہا جاتا ہے۔

اہل تشیع کے ہاں روایت ہے کہ اسی نوروز کے دن بارہویں امام حضرت مہدی ابن العسکری دنیا میں ظہور فرمائیں گے اور اسی طرح اسلامی تاریخ میں تقویم کے اعتبار سے نوروز ہی کا دن ہے جب پہلی بار دنیا میں سورج طلوع ہوا، درختوں پر شگوفے پھوٹے، حضرت نوحؑ کی کشتی کوہ جودی پر اتری اور طوفانِ نوح ختم ہوا، نبی آخر الزمان ﷺ پر نزول وحی کا آغاز ہوا، حضرت ابراہیمؑ نے بتوں کو توڑا اور مقام غدیر خم پر ولایت امیر المومنین علی ابن ابی طالب کا اعلان ہوا۔

کئی مسالک میں اس روز کی مخصوص عبادات بھی ہیں جن کا بنیادی وصف آنے والے سال کے لیے خوش بختی، امن وسلامتی اور ترقی کی دعائیں مانگنا اور گزرے ہوئے وقت کے لیے رب العزت کا شکر ادا کرنا ہے۔

آیئے نوروز کی تاریخ پر ایک مختصر سی نظر ڈالتے ہیں کہ اس دن گولڈ فش نوروز کی علامت بھی سمجھی جاتی ہے۔

ہزاروں برس پہلے قدیم فارس میں شروع ہونے والا یہ تہوار موسم سرما کے اختتام پر زندگی کے از سر نو جاگنے کی نوید دیتا ہے۔ یہ زرتشت مذہب کا حصہ بھی رہا اور پھر اسلامی سلطنت کا بھی۔ کہا جاتا ہے کہ بیماری اور بدقسمتی سے پیچھا چھڑانے کے لیے آگ کے الاؤ کو پھلانگنا اور اس جیسی کئی رسومات ایران کے زرتشتی ورثے کا حصہ سمجھی جاتی ہیں۔ قدیم فارس میں زرتشت تہذیب زندگی کی تخلیق کا جشن اپنے دیوتا اہورا مزدا کو بھینٹ چڑھا کر منایا کرتی تھی۔

قدیم زمانے میں سیانوں کا خیال تھا کہ سورج زمین کے گرد گردش کرتا ہے اور نوروز ہر سال کے دوران آنے والا وہ مقام یا وقت ہے، جب سورج برج دلو کو چھوڑ کر برج حمل میں داخل ہوتا ہے اور اس لیے اس مقام یا مرحلے کو موسم بہار کا مقام اعتدال بھی کہا جاتا ہے۔ گویا دوسرے الفاظ میں نوروز سخت موسم سرما کے بعد موسم بہار کی نوید ہے۔

ایران میں چونکہ نوروز کا تہوار سرکاری طور پر منایا جاتا ہے اور ملک بھر میں عام تعطیل ہوتی ہے، حکومتی دفاتر پانچ دن کے لیے بند رہتے ہیں اور لوگ دو ہفتے تک خاندان کے افراد اور دوستوں کے ساتھ تفریح کرتے ہیں اور دعوتیں اڑاتے ہیں۔

ایران میں نئے سال یا نوروز کا جشن تیرہ دن تک منایا جاتا ہے اور عام تعطیل ہوتی ہے۔ ان چھٹیوں کا تیرہواں دن منحوس گردانا جاتا ہے اور خاندان کے افراد اس دن گھر چھوڑ کر باہر نکل جاتے ہیں اور پورا دن گھر سے باہر کھانے پینے اور کھیلنے کودنے میں گزار دیتے ہیں اور اس طرح وہ اپنی

تعطیلات کا اختتام مناتے ہیں۔

افغانستان میں چند برس سے دوبارہ یہ تہوار اہتمام سے منایا جاتا ہے کیونکہ طالبان انتظامیہ نے اس تہوار کو غیر اسلامی قرار دے کر ممنوع قرار دیا تھا۔ اب نہ صرف وہ پابندی اٹھالی گئی ہے بلکہ ملک کے عبوری رہنما خود نوروز کے اہتمام میں آگے آگے ہیں۔

وسطی ایشیا میں نوروز منانے کا رواج سوویت یونین کے ٹوٹنے کے بعد ہی شروع ہوا لیکن اب تک لوگ اس کے نہ صرف عادی ہو گئے ہیں بلکہ آذربائیجان میں تو رسومات کئی ہفتے پہلے ہی شروع ہو جاتی ہیں۔ نوروز سے بہت پہلے ہی جگہ جگہ لوگ آگ کے الاؤ جلا کر اور بچے گھر گھر ٹافیاں مانگ کر اس دن کی تیاری کرتے رہے ہیں۔

پرانے وقتوں کے فارس میں جشن نوروز کا آغاز توپ داغ کر کیا جاتا تھا اور ریاست کا سربراہ قوم سے خطاب کیا کرتا تھا۔ ایران میں یہ رواج اب بھی قائم ہے۔ ایرانی نوروز کے رواج سوفرے ہفت سین یا سین سے شروع ہونے والے سات کھانوں کی میز کو ایک تاریخی اہمیت حاصل ہے۔

یہ بھینٹ یا نذرانہ مختلف علامتی اشیاء سے سجی سات سینیوں پر مشتمل ہوتی تھی۔ یہ اشیاء زندگی میں سچ، انصاف، مثبت سوچ، اچھے عمل، خوش قسمتی، خوشحالی، سخاوت اور بقاء کی علامت کے طور پر شامل کی جاتی تھیں۔

آج کے دور میں بھی یہ رواج 'سوفرے ہفت سین' کی صورت میں زندہ ہے۔ سوفرے ہفت سین یا سن کا مطلب سات سین کی میز ہے۔ 'س' اردو کی طرح فارسی زبان کا ایک حرف ہے اور سوفرے کا مطلب میز ہے جس پر سات ایسے کھانے سجائے جاتے ہے جن کے نام حرف 'س' سے شروع ہوتے ہیں۔

یہ میز عام طور پر ہاتھ سے بُنے کپڑے سے ڈھانکی جاتی ہے جسے 'ترماہ' کہا جاتا ہے۔ اس کے اوپر دعاؤں کی کتاب رکھی ہوتی ہے جسے 'کلام اللہ' کہتے ہیں اور اس کے علاوہ زندگی کے عکس کی علامت کے طور پہ ایک آئینہ بھی رکھا جاتا ہے۔

ان چیزوں کے ساتھ ساتھ موم بتیاں، کنبہ کے ہر فرد کے نام کا ایک رنگا ہوا انڈا، آنے والے سال میں خوشحالی کی علامت کے طور پر روایتی مٹھائیاں اور روٹی بھی سجائی جاتی ہے۔

نوروز کے وقت سے کچھ پہلے پورا کنبہ اس میز کے گرد بیٹھتا ہے اور گھر کا بڑا دعاؤں کی کتاب سے نئے سال کی دعا پڑھتا ہے۔

اس دوران وہ کتاب کے مختلف صفحوں کے درمیان کچھ رقم بھی رکھتا جاتا ہے جو بعد میں خاندان کے افراد میں تقسیم کر دی جاتی ہے۔ یہ شکرانے کا ایک انداز ہے۔ پھر ایک روایتی کھانا پیش ہوتا ہے جو مچھلی، چاول، ہرا دھنیا، خراسانی اجوائین اور پیاز پر مشتمل ہوتا ہے۔

میز پر ایک اور اہم چیز سنہری مچھلی کا پیالہ ہے۔ قدیم فارس میں یہ عقیدہ بھی رائج تھا کہ نئے سال سے کچھ پہلے یہ مچھلی ساکت ہو جاتی ہے اور نیا سال شروع ہوتے ہی اس میں دوبارہ جان آ جاتی ہے۔

نوروز کا ایک اور دلچسپ رواج آگ پر سے پھاندنا ہے۔ آج کل یہ رواج کچھ زیادہ عام نہیں، زیادہ تر کنبے صرف موم بتیاں جلا لیتے ہیں یا لکڑی کی کچھ شاخوں کی مدد سے ایک چھوٹا سا الاؤ جلا لیا جاتا ہے۔ یہ رواج قدیم فارس کی یادگار کے طور پر اب بھی رائج ہے۔

اسی دن کے حوالے سے فال گوش ایک اور قدیم روایت ہے جو نوجوان لڑکیاں اپنے ہونے والے شوہروں کے بارے میں جاننے کے لئے اختیار کرتی ہیں۔ فال گوش کے لیے ایسی لڑکیاں ایک اندھیرے کونے میں چھپ کر راستے پر آتے جاتے لوگوں کی گفتگو سنتی ہیں اور اس گفتگو کی صحیح تفسیر سے وہ اپنے مستقبل کے بارے میں جان سکتی ہیں۔

سنگ مرمر کی میڈیم کوالٹی تسبیحات قیمت: **150** روپے

مختلف دیدہ زیب رنگوں میں یہ تسبیحات دستیاب ہے۔ میڈیم کوالٹی، موٹے دانے، پڑھنے میں آسان۔ سنگ مرمر ایک چکنا پتھر ہے۔ خانہ کعبہ کا فرش بھی سنگ مرمر کا ہے۔ قائداعظم اور اقبال مرحوم کے مزارات میں بھی سنگ مرمر کا استعمال کیا گیا ہے۔ پاکستان کے کئی مقامات پر یہ پتھر دستیاب ہیں۔ خوبصورت ماربل کی 32 دانوں والی تسبیحات۔ خود استعمال کریں، تحفہ میں دیں اور ثواب دارین حاصل کریں۔

روحانی دکان: 042-35410586, 0334-4312272

تسخیر بھوت

حکیم غلام سرور شباب صاحب

تسخیرِ بھوت کا یہ عمل بھی برادرِ عزیز محترم شاہد الیاس سلیمی جفار کا عطا کردہ ہے۔ ارواح کی تسخیر کے اعمال کا زیادہ تر حصہ فراعنہ کے عہد میں ہوا۔ فراعنہ جو مصری زبان کے فر PHRA یا PRA ہے۔ اس کو فرانسیسی میں PHAROCH، یونانی میں PHAROO، عبرانی میں PARAOH اور انگریزی میں PHARAOH کہتے ہیں۔ مصری زبان کے لفظ ''فر'' کے معنی کتاب کے ہیں۔ یہ مصر کے قدیم بادشاہوں کا لقب تھا۔ عربوں کے مطابق مصر کے اٹھارہویں حکمران خاندان کے بادشاہوں نے سب سے پہلے اس لقب کو اختیار کیا۔ انجیل مقدس میں دس (۱۰) فراعنہ کا ذکر موجود ہے۔

اوّل فرعون جس نے خدا ہونے کا دعویٰ کیا تھا۔ اسی کے عہد میں اس وقت کے قبطیوں نے مخفی علوم خصوصاً سحر جادو پر بہت کام کیا۔ بالکل انہی کی نقل میں برِصغیر پاک و ہند میں یہاں آریاؤں نے بھی کیا۔ چنانچہ بھوت پریت، ڈاکنی اور دیگر ارواحِ خبیثہ کے جس قدر بھی اعمال سنسکرت، ہندی یا تامل زبان میں یہاں دستیاب ہیں، سبھی اسی عہد یا اس سے قریب تر عہد کے ہیں۔ البتہ اس کے بعد ان میں مزید تحقیق کا دور جب شروع ہوا تو پھر ان کے خدوخال میں تبدیلی کی گئی۔ چنانچہ ہمارے عہد تک آتے آتے بہت سی تبدیلیوں کے بعد آسان تر طریق پر یہ قواعد ہمیں میسر آئے۔ پھر بھی ایسے اعمال ہیں کہ طبیعت اس طرف مائل نہیں ہوتی۔

تسخیرِ بھوت کا تفصیلی عمل درج ذیل ہے:

عمل عروج ماہ میں بعد از عشاء قبرستان میں بیٹھ کر ایسی جگہ کریں جہاں آپ کے نزدیک مدار کا پودا ہو۔ عمل کا تذکرہ کسی سے نہ کریں ورنہ ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا البتہ جس استاد کی اجازت یا نگرانی میں کر رہے ہیں اُسے ضرور بتادیں۔ صبح سویرے طہارت کے بعد بچا ہوا پانی اس مدار کے پودے کی جڑ میں ڈال دیا کریں اور پھر واپسی پر پیچھے مُڑ کر نہ دیکھیں۔ جڑ کے انتہائی قریب بیٹھ کر روزانہ تین (۳) تسبیح پڑھا کریں۔ عمل کی مدت صرف سات (۷) یوم ہے۔

حاضری پر خوب سوچ سمجھ کر عہد و پیمان کریں۔ اسی وقت جتنی مدت پاس رکھنا ہو مقرر کرلیں۔ اس کی حاضری کا قاعدہ اور دیگر کاموں کی تفصیل بھی دریافت کرلیں۔ نشانی لے کر رخصت کردیں۔ پھر جب بھی کام لینا ہو تنہائی میں حاضر کر کے اس کے ذمہ کام لگا دیں، وہ فوراً کرے گا۔ خلافِ شرع اُمور میں اس سے کام نہ لیں۔

جب بھی وہ حاضر ہو تو اس کی طے شدہ خوراک اس کو دینا ہوگی۔ بعض اوقات حاضری کے وقت عامل کو ڈراتا دھمکاتا بھی ہے، اس سے خوب سختی سے گفتگو کریں ورنہ آپ پر وہ غالب رہ کر پریشان کرے گا۔ عمل باحصار کریں۔ عمل عروج ماہ میں اتوار سے شروع کریں۔ دورانِ عمل ہر وقت بھوت کی حاضری کا تصور رکھیں۔ دورانِ عمل بہت سے چھوٹے چھوٹے بچے وہاں محسوس ہوں گے، ان سے ڈریں مت!! عمل درج ذیل ہے:

''قبراں چٹ مچٹیاں وچ کھیڈن بال، میں بالانوں آکھیا کر پا کرو پال۔ کندھاں ڈھا کے آؤ جندرے مار۔ جے بھوت تساں سچ دے۔ سچ دیو دکھا۔ چلے منتر پھرے واچہ۔ دیکھاں پیر استاد تیرے علم دا تماشہ''

نوٹ: بغیر مصنف کی اجازت کے ہرگز عمل کرنے کی غلطی نہ کریں۔

لڑکا یا لڑکی کا اچھا رشتہ ملے

سید ذیشان نظامی

نماز فجر کے بعد، سورج طلوع ہونے کے بعد بوقت نماز اشراق دو رکعت نماز نفل اس نیت سے پڑھیں کہ اللہ تعالیٰ اس لڑکے یا لڑکی کا اچھا رشتہ ملادے۔ بعد از سلام اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک سو مرتبہ ''یَالَطِیْفُ'' پڑھیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد رشتہ طے ہو جائے گا۔

تسخیرِ جنات

حکیم غلام سرور شباب صاحب

تسخیرِ جنات کے اس عمل کے لیے اصرافِ عامر سورۃ الکافرون ہے۔ تسخیرِ جنات کے اس عمل کی ریاضت کے لیے آٹھ (۸) یوم خلوت اختیار کریں۔ عمل عروج ماہ میں شروع کریں اور روزانہ عمل پڑھتے وقت حلتیت کا بخور روشن کریں۔ تسخیرِ جنات کے لیے یہ اسماء ہیں۔ ان کو روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ صبح کے وقت پڑھیں اور ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ عشاء کے وقت پڑھیں: اِیُوشِ۔ بِیُوشِ۔ جِیُوشِ۔ وِیُوشِ۔ حِیُوشِ۔ وَبُوشِ۔ زَیُوشِ۔ حَبُوشِ۔ طَیُوشِ۔

اور روزانہ سوتے وقت اِسے دو ہزار (۲۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر سو جایا کریں: اُحْضُرِیْ یَا اَبْجَدَہٗ وَیَا زَوْحَطْ۔

آٹھویں رات تمہارے سامنے ایک مرد اور ایک عورت بغیر سر کے حاضر ہوں گے۔ یعنی صرف ان کا دھڑ ہوگا۔ جس وقت وہ اس شکل میں حاضر ہوں آپ بار بار یہ پڑھیں:

اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِحَقِّ الْحُرُوْہ اَنْ تَاْتُوْنِیْ فِیْ اَحْسَنِ صُوْرَۃٍ۔

یہاں تک کہ وہ اپنی اصل ناری شکل میں ظاہر ہو جائیں۔ اس وقت آپ کے پاس ایک انار کی لکڑی ہونی چاہیے، چار (۴) کونوں والی دو (۲) بالشت لمبی جس پر آیۃ الکرسی اور سورۃ اخلاص لکھی گئی ہو۔ اس لکڑی کو اپنے ہاتھ میں لے کر اُن کی طرف کر دیں۔ پس وہ آپ سے دوستی کا عہد کریں گے۔ وہ اپنی اشکال تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ ان سے خوف نہ کھائیں۔ آپ کے ہر حکم کی تعمیل کریں گے۔ تمام امور میں معاون ہوں گے۔ دور دراز کی خبریں دیں گے اور آپ کے طلب کرنے پر مختلف چیزیں لا کر دیں گے۔

مگر آپ کے لیے لازم ہے کہ ناجائز امور میں ان سے کبھی بھی معاونت طلب نہ کریں اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہیں۔ اور اپنے عہد کا پاس رکھیں تاکہ وہ ہمیشہ کے لیے مسخر رہیں۔

دارالعمل چشتیہ کی شائع کردہ 3 اہم روحانی کتب

۱ اللہ اکبر عمل قرآنی — قیمت: 30 روپے

حضرت مولانا محمد سالم قاسمی مدظلہ آستانہ قاسمی دیوبند

پسند فرمودہ: مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ

یہ عمل اللہ تعالیٰ کے غیبی خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ یہ عمل ان اعمال میں سے ہے، جو ہر طرح کے جائز مقصد کے حصول اور ہر طرح کی پریشانیوں سے نجات کیلئے اکسیر ہیں۔

۲ ۴۰ رَبَّنَا وَ اَللّٰھُمَّ — ہدیہ: فی سبیل اللہ

قرآن وحدیث کی دعاؤں مع ترجمہ پر مشتمل عظیم الشان مستند کتاب، جس میں بہت سی اہم دعاؤں کو یکجا کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں ۴۰ ربنا اور اللھم سے شروع ہونے والی دعائیں درج کی گئی ہیں۔

۳ دعائے استعاذہ — ہدیہ: فی سبیل اللہ

آج کے اس پُرفتن دور میں جہاں مختلف فتنے چاروں طرف سے امت مسلمہ کو گھیرے ہوئے ہیں، ان خاص دعاؤں کا مجموعہ ہر طرح کی پریشانیوں، مصیبتوں، آفات وحادثات سے حفاظت کیلئے از حد ضروری ہے۔

شعبہ نشرواشاعت، دارالعمل چشتیہ، لاہور۔ پاکستان

042-35410586, 0322-4773786

darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص قرآنی عمل — 50 روپے

ایک ایسا قرآنی عمل، جس کے کرنے سے ہر قسم کے آسیب و شیطان کی طاقت کو کمزور کیا جا سکتا ہے۔ اگر عامل کی روحانی طاقت زیادہ ہو تو وہ اپنی جگہ پر بیٹھے ہوئے دنیا میں کہیں بھی موجود شیطان اور آسیب کے متاثرہ مریض کو دم کر سکتا ہے اور مسلط شیطان اور آسیب کی طاقت کو کمزور کر سکتا ہے۔ شیاطین مقابلہ نہیں کر پاتے اور مجبور ہو کر مریض کو چھوڑ دیتے ہیں۔

ایک بہت مضبوط اور طاقت ور رقیہ شرعیہ

شعبہ نشرواشاعت 042-35410586, 0322-4773786

خواص المفردات

سید شاہ بخاری مرحوم

یہ وہ نادر و نایاب چیز ہے جس کے لئے ہمیں قلمی کتب کا ایک انبار چھاننا پڑا ہے، باوجود اپنی انتہائی مصرفیتوں کے ہم نے یہ گوارا نہ کیا کہ یہ عجیب و غریب چیز پبلک سے پوشیدہ رہ جائے۔ ہم چاہتے ہیں کہ چشمہ فیاض کے پڑھنے والے ساری دنیا کے عاملوں سے بے نیاز ہو جائیں۔ حتیٰ کہ ناچیز کی بھی ان کو کوئی ضرورت باقی نہ رہے۔ موت زیست سب کے ساتھ ہیں۔ مرنے کے بعد لوگ یہ نہیں کہیں کہ کاش سید شاہ بخاری زندہ ہوتے، ان سے تعویذ لکھا لیتے۔ ہم چاہتے ہیں کہ عاشقان عملیات کو ایک ایسی مکمل چیز دے جائیں جو نہایت مختصر ہونے کے ساتھ نہایت ہی جامع ہو اور پھر سہل اس قدر کہ ہر حال میں ہر شخص اسے باآسانی سرانجام دے سکے۔ یوں تو ابھی بڑی بڑی ضخیم کتابیں ایسی موجود ہیں جن کو اس کتاب کی تکمیل کے لیے ہاتھ تک بھی نہیں لگایا گیا۔ لیکن ان ضخیم کتابوں کے عملیات دشوار اور سخت اس قدر ہیں کہ آج کل کے سہل پسند اور آرام طلب لوگ ان سے کوئی فائدہ بھی نہیں اٹھا سکتے۔ دنیا روز بروز زیادہ آرام طلب ہوتی جا رہی ہے۔ اس لئے مناسب یہی معلوم ہوا کہ صرف وہی چیزیں پیش کی جائیں جن سے پبلک ہر حال میں فائدہ اٹھا سکے چنانچہ یہ خواص المفردات بھی انہی آسان چیزوں میں سے ایک ہے۔ جن لوگوں نے دوسری عملیات کی کتابوں کا مطالعہ کیا ہوگا وہ خود اندازہ لگا سکیں گے کہ یہ چھوٹی سی کتاب ہزاروں بڑی بڑی کتابوں سے زیادہ مفید، زیادہ آسان، زیادہ جامع اور زیادہ کارآمد ہے۔

جہاں تک ہمارا خیال ہے، مفرد حروف کے خواص آج تک کسی مطبوعہ کتاب میں نہیں دیکھے گئے۔ اس مضمون میں کسی مطبوعہ کتاب سے کوئی لفظ نہیں لکھا گیا کیونکہ جس عمل کا ہمیں خود علم نہیں کہ وہ کیسا ہے، اسے کس اعتبار اور بھروسہ پر دنیا کے سامنے پیش کیا جائے۔ اس میں صرف وہی چیزیں درج ہیں جو ہمارے اپنے خاندان میں ہمیشہ زیر عمل رہی ہیں اور انہی مستند چیزوں میں مفردات کے خواص بھی شامل ہیں جو حسب ذیل ہیں۔

ا..... روز جمعہ

(۱) جمعہ کی رات کو گیارہ بار ''ا'' لکھ کر اپنے ساتھ رکھو۔ اس کے بعد بادشاہ، وائسرائے، گورنر یا کسی حاکم کے پاس جاؤ، وہ تمہاری عزت کرے گا، تم ان کی نظروں میں معزز ہو گے۔ دل میں نرمی اور روشنی پیدا ہو گی۔ دل سے تردد اور شبہات دور ہوں گے۔ ہر قابل پذیرائی حاجت پوری ہو گی لیکن لکھتے وقت ان دونا موں کو متواتر پڑھتے رہو ''یا سبحان یا اللہ''۔

ب..... روز یکشنبہ

(۲) یکشنبہ کے روز بارہ بار ''ب'' لکھو۔ پڑھتے ہوئے چاند کا زمانہ ہو۔ اور جو شخص متکبر، مغرور اور لوگوں کو ستانے والا ہو، اس کا غرور توڑنے اور لوگوں کو اس کے ظلم سے محفوظ رکھنے کے لئے اور اس کے دل میں ظلم کی جگہ رحم اور ہمدردی پیدا کرنے کے لئے اس متکبر اور ظالم شخص کے مکان میں کسی مناسب جگہ عمل ب کو دفن کر دو تا کہ اس کا ظلم ٹوٹ جائے اور وہ رحمدل بن جائے۔

اگر کسی سے دوستی کرنی چاہو تو ایسے وقت جبکہ وہ باتیں کر رہا ہو، بارہ (ب) لکھ کر اپنے پاس رکھ لو، شخص عزیز دوست بن جائے گا۔

اور اگر کسی مریض کو صحت نہیں ہوتی تو یہی (ب ۱۲ عدد) چینی کے پیالے میں لکھو اور پانی سے دھو کر مریض کو پلاؤ یا اس نقش شدہ پیالے میں دوا مریض کو پلاؤ شفا پائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ ب لکھتے وقت یہ نام کثرت سے پڑھو ''یا حیی۔ یا اللہ۔ یا رحمٰن''۔

ت..... روز چہار شنبہ

(۳) چہار شنبہ کے دن چار سو دس ''ت'' لکھو جس وقت کہ سورج ڈوب رہا ہو۔ اس کے کھانے سے دل کی کدورتیں دور ہوں گی۔ حافظہ ترقی کرے گا۔ علم حاصل ہو گا۔ جو سبق یاد کیا جائے گا۔ فراموش نہ ہو گا۔ (بچوں اور طالب علم لڑکوں کے لئے بہت مفید ہے)

اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہے تو لکھ کر قرآن میں رکھو۔ لکھتے وقت یہ نام کثرت سے متواتر زبان پر جاری رہیں ''یا قیوم یا واحد''۔

ث..... روز سہ شنبہ

(۴) سہ شنبہ کے دن بوقت زوال (یعنی جب آفتاب نصف النہار سے گزر رہا ہو) پانچ سو ''ث'' لکھو اور گھر کی دیوار میں لٹکا دو۔ جو کام شروع کرو گے اس میں متزلزل نہ ہو گے اور ثابت قدم رہو گے۔

اگر کسی عورت کا شوہر ناراض ہو گیا ہو اور بات نہ کرتا ہو تو اسے چاہیے کہ اپنے شوہر کو (پانچ سو "ث" بطور تعویذ) لکھ کر پانی کے پیالے میں پلا دے۔ آپس میں صلح ہو جائے گی اور آئندہ کبھی جنگ نہ ہو گی۔ لکھتے وقت ان ناموں کو برابر پڑھنا چاہیے "یادائم یاحمید"۔

ح ..... روز سہ شنبہ

(۵) سہ شنبہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت (53) "ح" لکھ کر اپنے پاس محفوظ رکھو۔ حاسد لوگوں کی زبان اس کے مال اور کام پر بند ہو جائے گی۔ دشمن مائل بدوستی ہو جائیں گے۔ تمام جائز خواہشیں اور حاجتیں پوری ہوں گی، عمر میں برکت ہو گی۔ لکھتے وقت یہ دو نام کثرت سے پڑھو "یابارُ یا کبیر"۔

خ ..... روز پنجشنبہ

(۶) شب پنجشنبہ کو جبکہ چاند چڑھنے والا ہو۔ اٹھارہ "خ" لکھ کر اپنے پاس محفوظ رکھو۔ کوئی جادو اثر نہ کرے گا۔ کوئی تکلیف نہ پہنچے گی۔ بیماری سے محفوظ رہو گے۔ حلال رزق پاؤ گے۔ اگر کوئی مشک و زعفران سے لکھ کر اور حریر یا کسی عمدہ کپڑے میں لپیٹ کر اور سفید موم سے موم جامہ کر کے دانت کے نیچے دبائے اور سو رہے تو رات کو تمام قسم کی روحوں کو خواب میں دیکھ سکتا ہے۔ لیکن ڈرے نہیں۔ اگر ڈر گیا تو موت کا اندیشہ ہے۔ لکھتے وقت یہ دو نام پڑھتا رہے "یابارِی یازاکی"۔ (چاہئے کہ 40 سال سے کم عمر کے لوگ روحوں کو دیکھنے کی کوشش نہ کریں)۔

د ..... روز چہار شنبہ

(۸) چہار شنبہ کو آدمی رات کے وقت کسی ایسی جگہ جہاں کوئی دوسرا آدمی نہ ہو یا ہوں تو سو رہے ہوں تو مشک و زعفران سے 35 "د" لکھو اور اپنے پاس محفوظ رکھو۔ ہمیشہ دست و دل کشادہ رہے گا اور لوگ عزت کی نظر سے دیکھیں گے اور قابل اعتبار سمجھیں گے اور اگر قرضدار ہو تو قرض سے نجات پاؤ گے لکھتے وقت ان دو ناموں کا ورد کرو "یاحنان یامنان"۔

ذ ..... روز شنبہ

(۹) شنبہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت اکیلی مسجد میں بیٹھ کر سات سو اکتیس "ذ" لکھو اور پاک مقام میں یا مسجد کے کسی کونے میں دفن کرو۔ اگر مال کسی خطرے کی جگہ میں ہے تو محفوظ رہے گا اور اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ لکھتے وقت کثرت سے ان دونوں ناموں کو پڑھنا چاہیے "یادیان یاخالق"۔

ر ..... روز دوشنبہ

(۱۰) دوشنبہ کی رات کو جبکہ چاند مکمل ہو پچاس "ر" (دو جگہ 20-20 اور ایک جگہ 10) لکھیں۔ اپنے پاس رکھنے سے جائز عشق میں جانبین سے اضافہ ہو گا۔ عجائبات دیکھنے میں آئیں گے۔ حاکم و رئیس کی نظروں میں معزز ہو گا اور مصائب سے محفوظ رہے گا۔ لکھتے وقت کثرت سے پڑھو "یارحیم یاتام"۔

ز ..... روز شنبہ

(۱۱) شنبہ کے دن شام کو سورج ڈوبتے وقت 70 "ز" لکھ کر پرانے قبرستان میں دفن کرنے سے چند علوم معرفت اس پر ایسے منکشف ہوں گے جو مخلوق سے پوشیدہ ہیں لیکن ان علوم سے واقف ہو کر عمل پڑھنے والا جلد ہی ہلاک ہو جائے گا۔ لکھتے وقت یہ دو نام کثرت سے پڑھے جائیں "یامبدئُ یاعلام"۔ یہ سلسلہ حروف میں درج کر دیا گیا ہے۔ لیکن کسی کو میری طرف سے اجازت نہیں ہے۔

س ..... روز جمعہ

(۱۲) جمعہ کے روز دو ہزار "س" لکھ کر اپنے پاس محفوظ رکھو۔ اگر وطن سے جدا ہو جلد وطن نصیب ہو۔ کاموں میں فتح و نصرت پاؤ۔ خطرات سے محفوظ رہو۔ دیکھنے والے مرعوب ہوں اور حاسدین کی زبانیں برائی پر نہ کھلیں۔ لکھتے وقت برابر پڑھتے رہو "یاحلیم یامعید"۔

ش ..... روز چہار شنبہ

(۱۳) چہار شنبہ کے دن تین ہزار ساٹھ بار "ش" لکھو اور کام میں جا کر طشت کے پانی میں گھول دو اور اس پانی سے غسل کرو، مال و دولت حاصل ہو گی۔ اس عمل

کے بعد ہمیشہ پاک رہنا نہایت ضروری ہے۔ ورنہ دولتمندی دوریشی میں تبدیل ہو جائے گی۔ لکھتے وقت یہ دونام برابر پڑھتے رہو"یاحمید یاعزیز"۔

ص.....جمعہ

(۱۴) شب جمعہ چینی کے برتن میں پچانوے "ص" مشک وزعفران سے لکھ کر اس میں پانی پیو حتیٰ کہ پیالہ صاف ہو جائے۔ اگر کسی نے کچھ کر دیا ہے یعنی مردانگی کو باندھ دیا ہے تو کھل جائے گی یا عورت کی نسوانیت کو باندھ دیا ہے تو حمام میں جا کر سر پر اس پانی کو ڈالے۔ جس میں یہ عمل گھلا ہوا ہے تو کشادگی ہو گی اور بندش کھل جائے گی۔ اگر دو گروہوں میں جنگ ہے تو صلح ہو جائے گی یا برابر رہیں گے۔ کسی کو شکست و فتح نہ ہو گی لکھتے وقت یہ دونام پڑھتے رہو" یاقاھر یاقریب"۔

ض.....شنبہ

(۱۵) شنبہ کی رات کو آٹھ سو پانچ "ض" لکھو اور انار کی لکڑی پر باندھ دو، جس طرح عَلَم ہوتا ہے اور ایک خالی مکان کی اس دیوار میں جو قبلہ کی طرف ہو پوشیدہ کر دو۔ اگر تم نے کسی کے پاس کوئی امانت رکھی ہے اور وہ انکاری ہو گیا ہے تو آپ کی امانت واپس کر دے گا۔ اس کی بدنیتی دوستی میں تبدیل ہو جائے گی بشرطیکہ قرآن کے درمیان اسی عمل کو رکھ دیا جائے۔ لکھتے وقت یہ نام پڑھتے رہو "یاحنل یانور"۔

ط.....جمعہ

(۱۶) جمعہ کی رات کو مشک وزعفران سے نوے "ط" لکھو اور پاک وصاف ہو کر درود شریف پڑھتے ہوئے سر کے نیچے رکھ کر سو جاؤ۔ خواب میں پیغمبر خدا ﷺ کا دیدار فرحت آثار میسر ہو گا۔ اگر اس عمل کو شمشیر پر کندہ کرایا جائے تو اس کی ہر ضرب کارگر ہو گی۔

بیان کیا جاتا ہے اور قدیم قلمی کتب میں درج ہے کہ ضحاک بادشاہ کی شمشیر پر کندہ تھا اور اس سے بہت کام لیا کرتا تھا۔ اگر اسی نقش کو قرآن کریم میں رکھا جائے تو دشمن کی تباہی کا موجب ہو گا اور اگر اپنے پاس رکھا جائے تو لوگوں کی نظروں میں عزیز ہو اور مال و دولت سے بہرہ اندوز ہو اور جس پاک مقصد کے لئے اس کو نیک نیتی سے لکھا جائے اس میں کامیابی نصیب ہو۔ لکھتے وقت ان دو ناموں کا ورد جاری رہے"یاعلی یاقدوس"۔

ظ.....پنجشنبہ

(۱۷) پنجشنبہ کی رات کو نو سو "ظ" لکھو اور چینی کے پیالے میں گھول کر مریض کو پلا دو۔ بفضل ایزدی جلد شفایاب ہو گا۔ لکھتے وقت یہ دونام پڑھتے رہو "یامبدی یاجلیل"۔

ع.....روز پنجشنبہ

(۱۸) پنجشنبہ کے دن تین ہزار "ع" لکھ کر اپنے پاس محفوظ رکھو (بعد نماز فجر یا بعد نماز عصر بہتر اوقات ہیں)۔ شہرت ایسی نصیب ہو گی کہ سارے ملک میں مشہور ہو جاؤ گے اور ایمان کامل نصیب ہو گا اور عمل کرنے والے پر کوئی غصہ اور قہر نہ کر سکے گا۔ لکھتے وقت یہ دونام برابر پڑھتے رہو"یامحمود یاکریم"۔

غ.....جمعہ

(۱۹) جمعہ کے دن ایک ہزار ساٹھ "غ" لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے انسان کسی کا محتاج نہیں رہے گا اور تمام نیک ارادوں میں برکت ہو گی۔ اور دشمنوں کی زبان بندی ہو جائے گی۔ اور عجائبات دیکھنے میں آئیں گے۔ لکھتے وقت یہ دونام بہت زیادہ پڑھنے چاہئیں"یاعظیم یاعجیب"۔

ف.....چہارشنبہ

(۲۰) چہارشنبہ کے دن نو "ف" لکھو۔ خداوند کریم دینی و دنیوی مقاصد پورے کرے گا۔ دینوی مقاصد میں خلاف دین بات کوئی نہ ہو۔ یہ جائز اور پاک مقصد کے لیے ہے۔ لکھتے وقت یہ ایک نام کثرت سے پڑھنا چاہئے "یاغیاثُ"۔

ق

(۲۱) ایک سو اکیاسی "ق" لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے قید و بند سے نجات ملے گی اور روزی کشادہ ہو گی۔ لکھتے وقت یہ دو نام پڑھنے چاہئے" یا ملك یامھیمن "(وقت کی قید نہیں)۔

ک

(۲۲) ایک سو ایک "ک" لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے تمام رنج و مصائب سے چھٹکارا نصیب ہو گا اور امداد خداوندی لکھنے والے کے کاموں میں شامل ہو گی۔ اس کو ہر وقت لکھ سکتے ہیں۔ لکھتے وقت یہ دونام پڑھو"یاکلیم یاکریم"۔

ل ..... چہار شنبہ

(۲۳) چہار شنبہ کی آدھی رات کے وقت بہتر (۷۲) ''ل'' لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے مکاروں کے مکر سے محفوظ رہو گے اور کوئی شخص اونچی آواز سے تمہارے سامنے بات بھی نہ کر سکے گا۔ لکھتے وقت یہ نام پڑھتے رہو ''یاشکور''۔

م ..... روز جمعہ

(۲۴) جمعہ کے دن آفتاب نکلنے سے پہلے نوے ''م'' لکھ کر اپنے پاس بطور تعویذ رکھنے سے جس شخص سے جو کام ہو گا پورا ہو گا اور اگر باغ یا کھیت میں لٹکایا جائے تو اس میں برکت ہو گی اور آفات ارضی وسماوی سے محفوظ رہے گا۔ لکھتے وقت یہ دو نام ورد زبان رہیں ''یا خالق یا محیط''۔

ن ..... سہ شنبہ

(۲۵) سہ شنبہ کی رات کو ایک سو تیس یا تین ہزار ''ن'' لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے علم سیکھنا آسان ہو جائے گا۔ بزرگوں سے جلال و بزرگی میں حصے ملے گا۔ امراض سے حفاظت میں رہو گے اور اللہ تعالیٰ کی نعمتیں میسر ہوں گی۔ لکھتے وقت یہ دو نام ضرور پڑھتے رہو ''یا احیا یا اعلا''۔

و ..... روز جمعہ

(۲۶) جمعہ کے دن تیرہ ''و'' لکھ کر قرآن شریف میں رکھنے سے ہر وہ مقصد جس کے لئے یہ عمل لکھا گیا پورا ہو گا۔ لکھتے وقت چاہئے کہ دو نام زبان پر جاری رہیں ''یا حلیم یا شکور''۔

ہ

(۲۷) پندرہ ''ہ'' لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے بعض باتیں خواب میں اس پر منکشف ہوں گی اور اسرار غیبیہ سے آگاہی نصیب ہو گی (افسوس کہ اس حرف کے عمل کا دن اور وقت نہ معلوم ہو سکا۔ اس لئے اس سے پورا فائدہ اٹھانا دشوار ہے۔ بہر نوع تسلسل میں لکھ دیا گیا ہے اگر کسی عامل کامل یا خدا رسیدہ بزرگ کی نظر سے یہ کتاب گزرے اور اسے اس عمل کے متعلق مزید معلومات ہوں تو مستند کتاب کا حوالہ دے کر ہمیں مشکور فرمائیں۔ (بخاری)

لکھتے وقت پڑھو ''یا کبیر یا کبیر یا ھادی''۔

ی

(۲۸) بیس عدد ''ی'' لکھ کر اپنے پاس رکھو تمام حاجتیں پوری ہوں گی اور جو کام دوسرے سے حروف سے پورے ہوں گے۔ تقریباً وہ سب حرف ''ی'' سے بھی پورے ہوتے ہیں۔ لیکن جو بات جدا جدا حرفوں کے خواص میں ہے وہ صرف ایک ہی سے بہمہ وجوہ پورے ہونے کسی قدر مشکل نظر آئیں گے۔ اس لئے بہتر یہی ہے کہ جو حرف جو خاصیت رکھتا ہے اس سے اسی کے مطابق فائدہ اٹھایا جائے۔ حروف ''ی'' چونکہ آخری حروف ہے۔ اس لئے اس میں دوسرے حروف کے خواص بھی کسی مناسب حد تک موجود ہیں۔ لکھتے وقت پڑھو ''یا سلام یا دائم''۔ وقت اور دن کی کوئی قید نہیں ہے۔

لکھنے کی ترکیب

اگر تمام عملیات مشک وزعفران سے لکھے جائیں تو زیادہ مؤثر ہو سکتے ہیں۔ نیز نقوش یا عمل کے وقت غذا کو بھی مدنظر رکھا جائے تو مناسب ہو گا۔ بعض نقوش اور بعض عملیات میں تو لازماً خیال رکھنا پڑتا ہے اور بعض میں یہ قید نہیں ہے۔ جن چیزوں سے اکثر پرہیز کیا جاتا ہے۔ وہ حسب ذیل ہیں گوشت، پیاز، لہسن، ادرک، ہینگ، مولی، تیل سرسوں کا، زیادہ گرم چیزیں، ماش کی دال اور گوبھی اور دیگر بادی اغذیہ، مثلاً عمل حب، تسخیر عالم، دست غیب یا زیارت حبیب پاک ﷺ کا عمل یا اسی قسم کے تعویذات وغیرہ میں خیال رکھا جائے۔

لعنت اللہ علی الکاذبین ترجمہ: ''جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت''

صدق بیان کی تمام حدود کو ملحوظ رکھ کر یہ کہا جا سکتا ہے کہ نسخہ جوہر میتھی کی ایک ہی خوراک ان شاء اللہ ایک مرتبہ تو مریض دمہ کو بستر مرگ سے اٹھا دیتی ہے

جوہر میتھی الرجی، دمہ، مسلسل چھینکوں کا مکمل علاج

فوائد جوہر میتھی: جوہر میتھی: پھیپھڑوں کی کمزوری ختم کرتا ہے۔ جوہر میتھی: سانس کی نالیوں میں سوزش ختم کرتا ہے۔ جوہر میتھی: بلغم، کھانسی، دائمی نزلہ زکام کو ختم کرتا ہے۔ جوہر میتھی: مسلسل چھینکوں کا یقینی خاتمہ کرتا ہے۔ جوہر میتھی: دمے سے ہونے والی تمام تکالیف کو ختم کرتا ہے۔

جوہر میتھی جس کے متعلق حضور سرور کائنات ﷺ کا ارشاد ہے کہ اگر میری اُمت جان لے کہ میتھی کے اندر کیا فائدے ہیں تو وہ اسے سونے کے عوض لینے سے گریز نہ کرے۔ دمہ سانس کی رکاوٹ کا ایک ایسا موذی مرض ہے جو کہ سالہا سال تک دور ہونے کا نام نہیں لیتا بلکہ ایک کہاوت ہے کہ دمہ دم کے ساتھ ہی جاتا ہے لیکن اس کہاوت کو جوہر میتھی نے غلط ثابت کر دیا۔

جوہر میتھی مریضوں کیلئے عطیہ خداوندی ہے۔

قیمت بمعہ ڈاک خرچ 1575 روپے

قائم شدہ: 1950 | رجسٹریشن نمبر: 1195 | شعبہ طب نبوی ﷺ دارالحذمت

جوہر میتھی بذریعہ ڈاک منگوانے کیلئے 24 گھنٹے ہیلپ لائن

0308-7575668, 0340-9674760

نکاح کے لیے درود مستغاث کے اعمال

محمد علی ارسلان قریشی ہاشمی

شادی میں رکاوٹ دور ہو

اگر کسی وجہ سے شادی میں رکاوٹ پیدا ہوگئی ہو یا کوئی ایسا مسئلہ پیدا ہو گیا ہو جس کی وجہ سے شادی کھٹائی میں پڑ گئی ہو تو ایسے میں فریقین میں سے ناراض فریق کو راضی کرنے کے لئے ذیل کا عمل کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر روز بعد نماز فجر اول و آخر درود شریف مستغاث گیارہ گیارہ مرتبہ اور اکیس مرتبہ بسم اللہ شریف اور بعد از نماز عشاء اول و آخر درود شریف ابراہیمی اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور بسم اللہ شریف تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر تصور میں فریق مخالف پر دم کریں اور اللہ کے حضور دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ اکتالیس یوم کے عمل سے فریق مخالف راضی ہو جائے گا اور ہنسی خوشی شادی بخیر و خوبی انجام پائے گی۔

رشتے کا حصول

جس کسی کے بچے یا بچی کی شادی کا رشتہ نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ رات کو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اول و آخر درود شریف حل مشکلات یا دو درود شریف ہزارہ اور درود شریف مستغاث اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ اور اسم حسنیٰ "یالطیف" سو مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگا کرے۔

ان شاء اللہ ایک ماہ کے عمل کی بدولت مقصود حاصل ہو جائے گا اور کسی اچھی جگہ رشتہ طے ہو جائے گا۔

رشتہ کے لیے

اے مضبوطی والے! مجھے دینی امور پر مضبوط اور میرے یقین کو خاص قوت عطا فرمایئے!

(56) اَلْوَلِيُّ: يَا وَلِيُّ اِجْعَلْنِيْ بِوِلَايَتِكَ إِيَّايَ وَلِيًّا وَبِرِعَايَةِ حَقِّكَ وَفِيًّا.

اے کامل دوست! مجھے اپنی خاص ولایت سے ہمکنار فرمایئے اور اپنے حقوق کی صحیح ادائیگی کی توفیق عطا فرمایئے!

(57) اَلْحَمِيْدُ: يَا حَمِيْدُ اِجْعَلْنِيْ مِنَ الْحَامِدِيْنَ لَكَ وَالشَّاكِرِيْنَ

وَاحْشُرْنِیْ تَحْتَ لِوَآءِ الْحَمْدِ فِیْ زُمْرَةِ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِیْنَ.

اے قابل تعریف! مجھے اپنی حمد اور شکر میں مصروف رہنے والا بنایئے اور مجھے اپنی حمد کے جھنڈے تلے انبیاءؑ، صدیقین، شہداء اور صالحین کے ساتھ اٹھایئے!

(58) اَلْمُحْصِیْ : یَا مُحْصِیَ کُلَّ شَیْءٍ عَدَداً وَّإِحَاطَةً وَّقُدْرَا اِجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُحْصِیْنَ لِأَسْمَائِكَ عَقْدًا وَّطَاقَةً وَّحَضْرَا.

اے شمار کرنے والے! اے ہر چیز کی تعداد شمار کرنے والے! پورا اندازہ اور احاطہ کرنے والے! اپنے مبارک ناموں کو پوری باقاعدگی سے مجھے شمار میں لانے کی توفیق عطا فرمایئے!

(59+60) اَلْمُبْدِئُ + اَلْمُعِیْدُ : یَا مُبْدِیءُ یَا مُعِیْدُ اِجْعَلْنِیْ مِمَّنْ یَبْدَأُ بِمُخَالَفَةِ نَفْسِهٖ عَلٰی مُرَادِهٖ وَاِخْتِیَارِهٖ وَیَعُوْدُ إِلٰی بَابِكَ بِصِدْقِ اِجْتِهَادِهٖ وَاِعْتِمَادِهٖ وَاِفْتِقَارِهٖ.

اے ابتداء میں پیدا کرنے والے اور دوبارہ لوٹانے والے! اپنی مراد اور نیکی حاصل کرنے کیلئے مجھے اپنے نفس کو ٹھکرانے والا بنایئے تاکہ آپ کے در پر پوری محنت، چاہت اور اعتماد سے لوٹ کر آنا نصیب ہو!

(61+62) اَلْمُحْیِیْ + اَلْمُمِیْتُ : یَا مُحْیِ یَا مُمِیْتُ اَحْیِ قَلْبِیْ بِمَعْرِفَتِكَ وَأَمِتْ نَفْسِیْ بِشُهُوْدِ عَظْمَتِكَ وَهَیْبَتِكَ.

اے زندہ کرنے والے اے موت دینے والے! اپنی معرفت کے ساتھ میرے دل کو زندہ فرما دیجئے اور اپنی عظمت و ہیبت کے سامنے اسے دم بخود فرمایئے!

(63) اَلْحَیُّ : یَا حَیُّ أَحْیِنِیْ حَیَاةً طَیِّبَةً وَّاَسْقِنِیْ مِنْ شَرَابِ مَحَبَّتِكَ أَعْذَبَهٗ.

اے زندہ! مجھے پاکیزہ زندگی سے نوازیئے اور مجھے اپنی شراب محبت کی لذت عطا فرمایئے!

(64) اَلْقَیُّوْمُ : یَا قَیُّوْمُ هَبْ لِیْ مِنْ مَّعْرِفَةِ قَیُّوْمِیَّتِكَ مَا أَسْتَرِیْحُ بِهٖ مِنْ كَدِرِ التَّدْبِیْرِ وَمِنْ مُشَاهَدَةِ لَطَائِفِكَ مَا یَتَیَسَّرُ لِیْ بِهٖ كُلُّ عَسِیْرٍ.

اے تھامنے والے! اپنی قیومیت کی معرفت دے کر ارادوں کی کدورت سے راحت بخشیے اور اپنے الطاف باری کا مجھے ایسا مشاہدہ عطا فرمایئے کہ میری ہر مشکل آسان ہو جائے!

(65) اَلْوَاجِدُ : یَا وَاجِدُ اَوْجِدْنِیْ مِنْ جُوْدِكَ وُجْدًا بَالِغًا وُجُوْدًا وَأَنِلْنِیْ مِنْ عِرْفَانِ وَأَجْدِیَّتِكَ عَطَاءً سَابِغًا وَجُوْدًا.

اے پانے والے! مجھے اپنی مہربانی سے کمال بزرگی عطا فرمایئے اور اپنی بزرگی کا بے انتہا عرفان عطا فرمایئے!

(66) اَلْمَاجِدُ : یَا مَاجِدُ أَوْصَافُهٗ مَجْدٌ وَّأَسْمَاؤُهٗ حُسْنٰی أَعْطِنِیْ مِنَ الْهِمَّةِ مَا أَرْقٰی بِهٖ إِلَی الْمَحَلِّ الْأَسْنٰی.

اے بزرگی والے! جس کے اوصاف بزرگی والے اور اسماء پاکیزہ ہیں، مجھے ایسی بلند ہمت دے کہ میں جس کے ساتھ بلند مرتبے تک رسائی حاصل کرلوں!

(67) اَلْوَاحِدُ + اَلْاَحَدُ : یَا وَاحِدُ اِجْعَلْنِیْ مُوَحِّداً بِوُجُوْدِ وَحْدَانِیَّتِكَ مُؤْثِراً بِشُهُوْدِ فَنَائِیَّتِكَ.

اے تنہا اور اکیلی ذات! اپنی وحدانیت کا سچا پیروکار اور اپنی ذات پر سب کچھ فدا کر دینے والے بنا دیجئے!

(68) اَلصَّمَدُ : یَا صَمَدُ اُرْزُقْنِیْ صَمَدِیَّةً تَقْتَضِیْ دَوَامَ الْحُصُوْلِ وَاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ یَصْمُدُ إِلَیْكَ بِهِمَّتِهٖ فِیْ جَمِیْعِ الْأُمُوْرِ.

اے بے نیاز ذات! مجھے ایسا استغناء عطا فرمایئے کہ جو ہر چیز کے حصول میں دائمی طور پر کام آئے اور میں تمام امور میں آپ کی طرف ہی متوجہ رہوں!

(69) اَلْقَادِرُ : یَا قَادِرُ اَخْلِقْ لِیْ قُدْرَةً صَالِحَةً لِاِكْتِسَابِ الطَّاعَاتِ وَقُوَّةً مَانِعَةً عَنِ ارْتِكَابِ الْمُخَالَفَاتِ.

اے قدرت والے! مجھے ایسی کامل صلاحیت بخشیے کہ ہر نیکی پا سکوں اور آپ کی مرضیات کے مخالف ہر کام کے ارتکاب سے باز رہوں!

(70)اَلْمُقْتَدِرُ : یَا مُقْتَدِرُ اِجْعَلْنِیْ بِشُهُوْدِ اِقْتِدَارِكَ وَهَیْبَةً مِمَّنْ یَتَقَرَّبُ بَیْنَ یَدَیْكَ فِیْ سُكُوْنِهٖ وَحَرَكَتِهٖ.

اے اقتدار والے! مجھے اپنے اقتدار اور ہیبت کا استحضار عطا کر کے ان لوگوں میں سے کر دے جو اپنی تمام تر حرکات وسکنات کے ذریعے تیرا قرب پاتے ہیں۔

(71+72)اَلْمُقَدِّمُ + اَلْمُؤَخِّرُ : یَا مُقَدِّمُ یَا مُؤَخِّرُ قَدِّمْنِیْ فِیْ حَلْبَةِ السَّابِقِیْنَ اِلٰی دَارِ السَّلَامِ وَلَا تُؤَخِّرْنِیْ مَعَ الْهَالِكِیْنَ بِاِجْتِرَاحِ الْاٰثَامِ.

اے آگے بڑھانے والے اور پیچھے ہٹانے والے! سلامتی کے گھر کی جانب سبقت لے جانے کیلئے مجھے آگے بڑھایئے اور بُرے کاموں کی وجہ سے ہلاکت کے پیچھے پڑ جانے میں شامل نہ فرمایئے!

(73+74)اَلْاَوَّلُ + اَلْاٰخِرُ : یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ اُكْتُبْنِیْ عِنْدَكَ فِیْ اَوَائِلِ السَّابِقِیْنَ.

مجھے اپنی بارگاہ میں سبقت لے جانے والے اولین لوگوں میں شامل فرما دیجئے!

(75+76)اَلظَّاهِرُ + اَلْبَاطِنُ : یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ اِحْفَظْ بَاطِنِیْ وَظَاهِرِیْ مِمَّا لَا تَرْضَاهُ وَلَا تَرْضٰی بِهٖ عَنْ عَبْدٍ اَتَاكَ.

اے ظاہر و پوشیدہ ذات! میرے ظاہر و باطن کی ہر ایسی چیز سے حفاظت فرمایئے جو کوئی بندہ آپ کی بارگاہ میں لے کر آئے اور وہ آپ کو پسند نہ ہو!

(77)اَلْوَالِیْ : یَا وَلِیُّ تَوَلَّنِیْ بِهِدَایَتِكَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ اَهْلِ وِلَایَتِكَ وَخَاصَّتِكَ.

اے حقیقی دوستی والے! مجھے اپنی خاص دوستی سے نوازیے اور اپنے خاص بندوں اور ولیوں میں شامل فرما دیجئے!

(78)اَلْمُتَعَالُ : یَا مُتَعَالِیْ اُرْزُقْنِیْ مِنْ شُهُوْدِ تَعَالِیْكَ مَا یُنَوِّرُ الظُّلَمَاتِ وَیُوْضِحُ الْمُشْكِلَاتِ.

اے بلندی والے! مجھے اپنی بلندیوں کا ایسا مشاہدہ عطا فرمایئے جو تاریکیوں کو روشن اور مشکلات کو حل کر دے!

(79)اَلْبَرُّ : یَا بَرُّ اِجْعَلْنِیْ عِنْدَكَ بَارًّا نَقِیًّا وَّمِمَّنْ نَزَلَ بِیْ بَرًّا حَفِیًّا مَرْضِیًّا.

اے احسان کرنے والے! مجھے اپنے ہاں سے فرماں بردار اور پرہیز گار بنا دیجئے اور جو میرے پاس آئے اسے بھی اپنی مرضیات کا پابند بنا دیجئے!

(80)اَلتَّوَّابُ : یَا تَوَّابُ اُرْزُقْنِیْ اِلَیْكَ تَوْبَةً نَّصُوْحًا لَا تَدَعُ لِیْ اِلَی الْمُخَالَفَةِ مَیْلًا وَلَا جُنُوْحًا.

اے توبہ قبول کرنے والے! مجھے اپنی بارگاہ میں ایسی سچی توبہ کی توفیق عطا فرمایئے جس سے مجھے توبہ کے خلاف کرنے کا رجحان اور میلان ہی نہ رہے!

(81) اَلْمُنْتَقِمُ : یَا مُنْتَقِمُ لَا تَنْتَقِمْ مَنِّیْ بِاِقْتِرَافِ الزَّلَلِ وَوَفِّقْنِیْ لِلْقَبُوْلِ وَالْعَمَلِ.

اے بدلہ لینے والے! مجھے سیدھے راستے سے بہک جانے پر سزا نہ دیجئے اور مجھے مقبول اعمال کی توفیق عطا فرمایئے!

(82)اَلْعَفُوُّ : یَا عَفُوُّ اُعْفُ عَنِّیْ بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ وَعَامِلْنِیْ بِكَرَمِكَ وَامْتِنَانِكَ.

اے درگزر کرنے والے! اپنے فضل واحسان سے مجھ سے درگزر فرمایئے اور میرے ساتھ اپنے لطف واحسان والا معاملہ فرمایئے!

(83)اَلرَّءُوْفُ : یَا رَءُوْفُ كُنْ لِیْ فِی الدَّارَیْنِ رَؤُوْفاً رَحِیْماً وَاَقْسِمْ لِیْ مِنَ الرَّاْفَةِ بِالْمُؤْمِنِیْنَ قِسْماً وَافِراً وَحَظّاً عَظِیْماً.

اے مہربان ذات! دارین میں میرے لیے مہربان اور رحیم بن جایئے اور مجھے ایمان والوں کے ساتھ خاص نرمی اور محبت کرنے والا بنا دیجئے!

(84) مَالِكُ الْمُلْكِ: یَا مَالِكَ الْمُلْكِ وَالْاَمْلَاكِ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مَسَالِكِ الْهَلَاكِ.

اے حقیقی بادشاہت والے! اے حقیقی بادشاہ! میں آپ سے ہلاکت کے رستوں پر چلنے سے پناہ مانگتا ہوں!

(85+86)ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ: یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَعِذْنِیْ مِنَ الضَّلَالِ وَالْاِجْرَامِ.

اے عزت وتکریم والے! مجھے خطا کاری اور جہالت سے بچایئے!

(87) اَلْمُقْسِطُ : يَا مُقْسِطُ اِسْتَعْمِلْنِيْ بِالْقِسْطِ فِيْ جَمِيْعِ الْأَحْوَالِ بِفَضْلِكَ وَلَا تُعَامِلْنِيْ بِقِسْطِكَ وَعَدْلِكَ.

اے عدل کرنے والے! مجھے اپنے فضل سے تمام حالات میں عدل کے تقاضوں کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمایئے لیکن میں آپ سے آپ کے عدل کا سوال نہیں کرتا!

(88) اَلْجَامِعُ : يَا جَامِعُ اِجْمَعْ مُتَفَرِّقَاتِ كَوْنِيْ فِيْ جَمْعِ الْجَمْعِ بَيْنَ يَدَيْكَ وَارْزُقْنِيْ يَوْمَ الْجَمْعِ قُرْبَكَ وَالنَّظَرَ إِلَيْكَ.

اے جمع کرنے والے! جب آپ کائنات کے سب لوگوں کو اپنے سامنے جمع کریں تو اس دن مجھے اپنا قرب اور لذت دیدار نصیب فرمانا!

(89) اَلْغَنِيُّ + اَلْمُغْنِيُّ: يَا غَنِيُّ اِجْعَلْنِيْ غَنِيًّا بِاِفْتِقَارِيْ إِلَى كَرَمِكَ وَ أَفْضَالِكَ وَ كُنْ بِيْ حَفِيًّا يَوْمَ وُرُوْدِيْ عَلَيْكَ بِإِحْسَانِكَ وَ إِجْمَالِكَ.

اے بے پرواہ اور بے پرواہ کردینے والا! مجھے اپنے کرم واحسان سے تنگ دستی سے غنی فرمادیجئے اور اس روز بھی اپنے فضل وکرم سے مجھے اپنی رحمت کی آغوش میں لے لینا!

(90) اَلْمَانِعُ : يَا مَانِعُ اِمْنَعْنِيْ عَنِ الْعَوَالِمِ كُلِّهَا بِاِنْقِطَاعِيْ إِلَيْكَ وَأَعِنِّيْ عَلَى أُمُوْرِيْ بِصِدْقِ التَّوَكُّلِ عَلَيْكَ.

اے روکنے والے! مجھے تمام جہانوں سے کاٹ کر اپنا بنالیجئے اور تمام کاموں میں اپنے اوپر بھروسہ نصیب فرمایئے!

(91+92) اَلضَّارُّ + اَلنَّافِعُ : يَا ضَارُّ يَا نَافِعُ اِجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَضُرُّ بِدُنْيَاهُ لِطَلَبِ الْآخِرَةِ وَيَذَرُ هُدَاهُ فِيْ مَنَاهُ لِشُهُوْدِ الْمَنَافِعِ الْفَاخِرَةِ.

اے نفع ونقصان کے مالک! مجھے ایسا بنادیجئے کہ آخرت کی طلب میں دنیا کا نقصان برداشت کرلوں اور قابل فخر نفع کیلئے دنیا کی خواہشات سے بچ جاؤں!

(93) اَلنُّوْرُ : يَا نُوْرُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ اِجْعَلْ لِيْ نُوْرًا أَمْشِيْ بِهِ بَيْنَ الْعِبَادِ.

اے آسمان وزمین کے نور! مجھے ایسا نور عطا فرمایئے کہ جس کے ساتھ میں چلوں پھروں!

(94) اَلْهَادِيْ : يَا هَادِيْ اِهْدِنِيْ لِأَحْسَنِ الْأَعْمَالِ.

اے ہدایت دینے والے! اچھے اعمال کی طرف میری رہنمائی فرمایئے!

(95) اَلْبَدِيْعُ : يَا بَدِيْعُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَنْ غَيْرِ قِيَاسٍ وَّلَا مِثَالٍ أَظْهِرْ لِيْ مِنْ بَدَائِعِ حِكْمَتِكَ مَا يَنْفِيْ كُلَّ الْتِبَاسٍ وَيُوْضِحُ كُلَّ إِشْكَالٍ.

اے آسمان وزمین کو بغیر کسی مثال وقیاس کے انوکھی طرز میں بنانے والے! میرے لیے انوکھی حکمتیں ظاہر فرمادیجئے جو ہر شک کو دور کردیں اور ہر مشکل کو آسان کردیں!

(96) اَلْبَاقِيْ : يَا بَاقِيْ فَلَا اِنْتِهَاءَ لِنِهَايَتِكَ وَلَا آخِرَ أَسْهِمْ لِيْ مِنْ مَقَامِ الْبَقَاءِ بِكَ الْحَظِّ الْوَافِرِ.

اے باقی رہنے والے! آپ کی نہایت کی کوئی انتہا نہیں، اپنی ہر دم باقی رہنے والی شان سے مجھے خاص شان عطا فرمایئے!

(97) اَلْوَارِثُ : يَا وَارِثُ خُصَّنِيْ مِنْ وِرَاثَةِ خَوَاصِّكَ بِمَقَامٍ كَرِيْمٍ وَاجْعَلْنِيْ بِفَضْلِكَ مِنْ وَرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ.

اے حقیقی وارث! مجھے اپنے خاص بندوں کی وارثت سے اچھا مقام عطا فرمایئے اور اپنی مہربانی سے مجھے نعمتوں والی جنت کا وارث بنایئے!

(98) اَلرَّشِيْدُ : يَا رَشِيْدُ أَرْشِدْنِيْ إِلَى طَاعَتِكَ وَمَحَبَّتِكَ وَاجْعَلْنِيْ مُرْشِدًا لِعِبَادِكَ إِلَى طَرِيْقِ تَوْحِيْدِكَ وَمَعْرِفَتِكَ.

اے رشد وہدایت دینے والے! مجھے اپنی اطاعت اور محبت کی راہ دکھلایئے اور مجھے ایسا بنادیجئے کہ آپ کے بندوں کو توحید ومعرفت کی راہ دکھلاؤں!

(99) اَلصَّبُوْرُ : يَا صَبُوْرُ صَبِّرْنِيْ عَلَى طَاعَتِكَ وَاجْعَلْنِيْ صَبُوْرًا فِيْ بَلْوَاكَ وَعَافِيَتِكَ.

اے بہت صبر والے! مجھے اپنی اطاعت پر کاربند رکھیے اور مجھے پریشانیوں میں شان صبر عطا فرما کر عافیت بخشیے!

اَللّٰھُمَّ إِنِّیْ أَسْأَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَبِمُنْتَھَی الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِأَسْمَائِكَ الْحُسْنٰی كُلِّھَا مَا عَلِمْتُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ أَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ وَأَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ بِرَحْمَتِكَ یَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِهٖ وَصَحْبِهٖ أَجْمَعِیْنَ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ.

اے اللہ! میں آپ کے عرش کی عزت والی گرہوں کا سوال کرتا ہوں اور آپ کی کتاب کی رحمتوں کا انتہائی درجہ چاہتا ہوں اور آپ کے پاکیزہ ناموں کے ساتھ سوال کرتا ہوں جنہیں میں جانتا ہوں یا نہیں جانتا۔

آپ رحمتوں کا نزول فرمائیں ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ اور آپؐ کے آل واصحاب پر اور اپنی رحمت سے میری حاجت کو پورا فرمایئے۔ اے بے حد رحمت کرنے والے۔

وصلی اللہ علیٰ سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین سبحان ربك رب العزة عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین

خزینۂ اعمال (نئی کتاب) قیمت: 750 روپے

نہایت آسان اور مجرب عملیات کا انمول۔۔۔دستی بیاض

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ کاغذ) صفحات: 135

محبت کے اعمال ☆عمل برائے محبت ☆محبت میں دیوانہ بنانے کے لئے ☆مرغی کے انڈے پر یہ عمل لکھیں ☆تسخیر کے لیے ☆ہزاروں کام کا جائزہ منتر ☆عمل محبت محبوب ☆تابعدار بنانے کے لیے ☆محبت کا عمل ☆سورۃ اخلاص کا عمل ☆تباہی و بربادی کے اعمال ☆دشمن کے گھر میں لڑائی ڈالنے کے لیے ☆دشمن کو برباد کرنے کے لیے ☆تباہی و بربادی کے لیے ☆بغض وعداوت ☆عمل برائے زبان بندی ☆نقش زبان بندی ☆عمل جدائی ☆عمل ہلاکت ☆دشمن کے گھر والوں کو بیمار کرنے کے لئے ☆دشمن کی ہلاکت کے لئے ☆اپنا مرض دشمن پر ڈالنے کیلئے ☆بدچلن شوہر ☆بدمزاج شوہر ☆نافرمان بیوی ☆زن وشوہر میں موافقت ☆آوارہ مزاج شوہر ☆زن وشوہر میں محبت ☆شوہر کو مطیع کرنے کا عمل ☆خاندان رزاقیہ کا عمل ☆دکان میں ترقی کا تعویذ ☆رزق میں فراخی کے لیے وظیفہ غوثیہ ☆افلاس کا روحانی علاج ☆برائے ادائیگی قرض.....وغیرہ

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

روحانی معالجین کے لئے منفرد پیشکش

چھپے چھپائے تعویذات، آیات شفاء کی پلیٹیں، یٰسین شریف کی پلیٹیں، خالی پلیٹیں، بخور دان، بخور، مشک نافہ، روحانی آبِ شفاء، عطر حفاظت، عرق گلاب، زعفران، روغنی کاغذ، عنبر، چینی کی پلیٹیں، بڑے اور چھوٹے سائز کی ہانڈیاں، پلاسٹک کی بوتلیں، بھوج پتر، ہرن کی جھلی، پیالے، عطر تسخیر، لوبان، لوبان کوریا اور عود وصندل کی اگر بتیاں، تالے مختلف قسم کے دم شدہ روحانی تیل اور چراغ۔ عطر حاضری، ہرمل، گوگل، تمام پنساری آئٹم، زعفرانی تعویذات، روحانی سکونی تیل، روحانی روغنی بادام، روحانی سرسوں کا تیل، دم شدہ شہد، روحانی علاج لیکوریا، آلہ یکسوئی، روحانی پھکی، تعویذ (حفظ جان، خیر و برکت، بندش رشتہ، بغض و جدائی، خوشحالی، محبت زوجین، سہولت نکاح وغیرہ)، روحانی اگربتی (دافع جادو جنات، خیر و برکت، دفع نحوست وغیرہ)، فتح نامہ، کھلی اگربتی، اگربتیوں کی تمام ورائٹی نیز چلہ کشی کے دوران استعمال ہونے والی اشیاء تھوک و پرچون نرخوں پر حاصل کریں۔

تمام روحانی معالجین/عاملین ہول سیل ریٹ پر تمام روحانی اشیاء اعتماد سے منگوائیں

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272
Web: darulamal.org/ruhanishop
مکمل تفصیلات کیلئے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

تعویذ دفع بندشِ رشتہ

ھدیہ: 1100 روپے

رشتہ کی بندش کو توڑنے کا مجرب تعویذ۔ تعویذ کے ساتھ اکیس یوم کا وظیفہ بھی دیا جاتا ہے۔ رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، منگنی یا رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جانا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ وغیرہ الغرض رشتے کی تمام اقسام کی بندشوں میں یہ تعویذ نہایت مجرب ہے۔ اس کے استعمال سے رشتے (بحکم خداوندی) خوب آتے ہیں، ہر قسم کی بندش دور ہو جاتی ہے اور جلد بہترین رشتہ مل جاتا ہے۔ darulamal.org/ruhanishop

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272

جلّہ اللہ الصمد

محمد ارشد صاحب

مختصر تاریخی پس منظر

تحقیق کے مطابق حضرت آدم علیہ السلام کے بعد سریانی زبان میں اللہ کے لیے جو اسم منسوب کیا، وہ ''دیوہ، کالیوہ'' تھا۔ حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے میں اللہ کو پہچاننے کے لیے جو اسم استعمال ہوتا تھا، وہ ''اللہ'' اور ''الا للہ'' کے ہم معنی تھا۔ پھر حضرت نوح علیہ السلام کے بعد ''تمخا'' اور ''تمخیا'' اپنالیا گیا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام سے صدیوں پہلے اللہ اور الا للہ کو اسم الٰہی قرار دیا گیا۔ فونیقی زبان میں خدا کو ''ایلون (Elon یا Elion)'' کہتے تھے۔ جو امتدادِ زمانہ کے باعث اہرامک میں الہ، آشوری میں ایلو اور عبرانی میں ایل میں تبدیل ہوگیا۔ حضرت ابراہیمؑ نے ایل کو اسم الٰہی فرمایا۔

اللہ

سیریل نمبر	مصحف رسول	اسم	موکل
1	ادریسؑ	معزوسن	اسرافیل تمسیال عفریال حجرقتال عقھیال
2	سلیمانؑ	کریر	اسرافیل جرمھیائیل کشمشخ ھیلخ مھلشط
3	موسیٰؑ	ایل، یھوواہ، ایلوھم	اسرافیل
4	عیسیٰؑ	ایل، تھیوس، کوریوس	اسرافیل
5	قرآن	اللہ	اسرافیل کھیال

الصمد

سیریل نمبر	مصحف رسول	اسم	موکل
1	ادریسؑ	کفکف ارفحشد	اھجمائیل عفریال شعیال جیسیال خییال
2	عیسیٰؑ	قرشیا	اھرائیل
3	قرآن	الصمد	اھجمائیل نوریائیل

مثال:

مصحف ادریسؑ میں ''اللہ الصمد'' کے لیے ''معزوسن کفکف ارفحشد'' اسما آئے ہیں اور اسماء موکلات ''اسرافیل اھجمائیل''۔

عبارت عمل اس طور پر ہوگی:

یااسرافیل یااھجمائیل بحق معزوسن کفکف ارفحشد

اور

یااسرافیل یااھجمائیل یاتمسیال یاعفریال یاحجرقتال یاعقھیال یاشعیال یاجیسیال یاخییال بحق معزوسن کفکف ارفحشد

جلّہ اللہ الصمد

تسبیح

- ..... اللہ الصمد اجب یااسرافیل یااھجمائیل (باعتبار سر حروف تہجی)
- ..... اللہ الصمد اجب یانوریائیل یاکھیال (باعتبار موکلین تسبیحات اسم مذکور)
- ..... اللہ الصمد یااسرافیل یااھجمائیل یانوریائیل یاکھیال (باعتبار سر حروف تہجی اور موکلین تسبیح)

وضاحت

جلّہ اللہ الصمد کو ''دعوۃ صمدیہ'' کے نام سے بھی جانا جاتا ہے اور اکثر

وپیشتر اس دعوۃ کو دعوۃِ سورۂ اخلاص سے منسلک بھی کیا جاتا ہے جو کہ غلط مفروضہ ہے۔ اس کی وضاحت ذیلی پیراگراف میں کرتا ہوں۔ میں نے چلّہ اللہ الصمد کے سلسلے میں سینکڑوں قلمی اور مطبوعہ کتب مطالعہ کی ہیں تاکہ مصدقہ عمل نقل ہو۔ بعد مطالعہ، سر پیٹنے کو دل کرتا تھا اور یہاں تک جی کرتا تھا کہ سب کتب کو آگ لگادوں کیونکہ ایک بھی کتاب میں صحیح عبارتِ عمل نہیں ملی۔ جی جناب! یہی درست ہے۔ بالآخر، میں نے اپنی کوشش کو جاری رکھا، اپنا دائرہ کار دیگر کتب اور رسائل تک بڑھایا۔ عبارتوں کا طائرانہ اور عمیق مطالعہ کیا۔ علیحدہ علیحدہ اسماء کو اور یکجا عبارتِ عمل کو اور ان کے ذیل میں تسبیحات مؤکلات کو جانچا اور ایسی جماعت عاملین سے ملاقات بھی کی، جنہوں نے دعوۃ صمدیہ مکمل کی۔ اوپر متذکرہ تسبیح میرا ذاتی ورژن نہیں ہے۔ اس کی تفصیل درج ذیل میں آئے گی۔ اب وضاحت کرتا ہوں:

جن عاملین نے دعوۃ صمدیہ دی، ان سے ملاقات کے بعد پتا چلا کہ جیسا کہ دعوۃ صمدیہ کے ذیل میں مختلف تسخیرات کے عمل ہیں، وہ احباب ان سے کماحقہ فائدہ نہ اٹھا پائے ہیں اور دعوۃ ناقص ثابت ہوئی۔ وجہ یہی تھی کہ مؤکلین درست نہیں تھے یا پھر کچھ احباب یہ فرض کر لیتے تھے کہ جو اعمال درج تھے، وہ فرضی اور کتابی تھے۔

ایک عامل کامل کا یہ بیان تھا کہ اللہ الصمد کا مؤکل وہی ہے جو سورۃ الاخلاص کی عبارت میں ملتا ہے جو کہ ''عبدالصمد'' ہے (عبدالواحد اور عبداللہ/ عبدالرحمن دیگر مؤکلین سورۃ الاخلاص ہیں)۔ میں نے ان کی اس بات کی تردید کی۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ متذکرہ مؤکلین کی تسبیح مکمل سورۃ الاخلاص ہے اور وہ خدام سورۃ الاخلاص ہیں نہ کہ اسماء اللہ الصمد، حکمائے روحانیات میری اس بات سے مکمل اتفاق کریں گے کہ حرف، الفاظ اور عبارت (جن میں ایک سا لفظ آیا ہو) کے تحت مؤکلین مختلف ہوتے ہیں کیونکہ تسبیح اور عبارت عمل مختلف ہو جاتی ہے۔

سورۃ الاخلاص کی تسبیح بھی بطور ریفرنس یہاں نقل کرتا ہوں

قل هو الله احد یاجبرائیل الله الصمد یامیکائیل لم یلد و لم یولد یااسرافیل ولم یکن له کفوا احد یادردائیل یاحمید یاجمیل یامجید یاغفران یابرهان یا ذاالجود والکرم و المنان یاقدیر یاستار بحق سورة التوحید

دیگر

قل هو الله احد الله الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد۔ اقسمت علیکم یاخدام السورة الشریفة یاعبدالله ویاعبدالصمد ویاعبدالواحد ان تحفظوا حامل کتابی هذا من الجن والانس والمردة والشیاطین اجمعین بحق هذه الآیات والاسماء والاقسام و انه لقسم لو تعلمون عظیم ولا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم وصلی الله علی سیدنا محمد وعلی اله وصحبه وسلم

دیگر

بسم الله الرحمن الرحیم بسم الله الواحد الاحد الفرد الصمد الذی رفع السموات بغیر عمد وجعل الارض مهادا وخلق الخلق واحصاهم عددا ومنهم ارواح ونفوس من غیر اجساد ومنهم ارواح ونفوس واجساد خلقهم بقدرته و امدهم بحکمته فهو رب کل شیء عز من یخافه و یرجوه و یقصد اجیبوا یاخدام قل هو الله احد بعزة الله الواحد الاحد الفرد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد۔ احضروا ولا تعجزوا ولا یتخلف منکم احد۔ اسمعوا واطیعوا ولا تتاخروا ولا یتجرد علینا منکم احد بحق قل هو الله احد الله الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد احضروا بحق الملك النافذ امره علیکم السید عبدالواحد عبد الصمد عبدالرحمن الواحا الواحا العجل العجل اساعه الساعه هیا هیا ایها السید الجلیل حبیب الموحدین اجب یاعبدالواحد بالواحد الاحد یاعبد الصمد یاعبد الرحمن و کن عونالی علی ما اورید بارك الله فیك وعلیك وزادك نورا علی نور وضاعف لك الاجور

مجھے چند ایک جماعت روحانی (مثلاً نقشبندی مجددی سلسلہ، صوفیائے

شاذلیہ سلسلہ، صوفی برکت علی لدھیانویؒ) کا یہ طرزِ عمل بہت پسند آیا ہے کہ یہ جماعت روحانی بلا مؤکل کے تسبیح پڑھتے ہیں یعنی صرف ''اللہ الصمد''۔ ان کے مطابق اوصافِ حمیدہ، لطائفِ قلبی اور نفسِ مطمئنہ کے ذریعے اپنی روحانی استطاعت کو بڑھا کر مؤکل کی تسخیر ممکن بنائی جائے۔ اس طرح عمل سے مؤکلین کے معائنہ کے وقت قلب مضبوط اور نڈر رہتا ہے اور خطا نہیں ہوتی۔ جبکہ بامؤکل عمل میں اگر اپنے سے بڑی روحانی قوت کو تسخیر کرنا مقصود ہو تو بعض اوقات سخت ہزیمت اور رجعت سے دوچار ہونا پڑ جاتا ہے جو کہ اکثر جان لیوا بھی ثابت ہوتا ہے۔

صوفیائے سوڈان اور صوفیائے برہانوی دسوقی سلسلہ کے عاملین مؤکلات کا بھرپور سہارا لیتے ہیں۔ ان کے ہاں عبارت عمل میں کئی طرح کے مؤکلین سے استمداد لی جاتی ہے۔

پاکستان ہندوستان میں چلّہ کشی کے لیے بھی ملا جلا ردِعمل ملتا ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ یہاں عبارتِ عمل کی مکمل چھان بین کیے بغیر چلّہ کشی شروع کر دی جاتی ہے جو اکثر و بیشتر جان لیوا ثابت ہوتی ہے۔

خصوصی نوٹ

''اللہ الصمد اجب یا اسرافیل یا مدد فائیل یا ھو کلان''

جیسا کہ یہ عمل کتاب گلشنِ اسرار اور بعینہٖ جواہر اولیا میں نقل ہے، میرے مطابق شاید علم الروحانی کے استخراج مؤکلات کے قواعد وضوابط کی ایسی قسم ہو جس سے تاحال میں لاعلم ہوں۔ بسیار کوشش کے بھی ''یا مدد فائیل یا ھو کلان'' کو کیسے استخراج کیا گیا ہے؟ سمجھ نا پایا ہوں۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ مؤکلین (یا مدد فائیل یا ھو کلان) استخراجی رخدام مؤکلات تو ہو سکتے ہیں مگر رئیس مؤکلات نہیں ہیں جیسا کہ آئندہ الفاظ میں اپنی اس بات کی تائید کروں گا۔

عبارت عمل (تسبیح) کی تشریح وتوضیح:

اسم اللہ .....اس اسم کا مؤکل ''ھلال ھیاکل کھیال'' اور ''کھیال/کھیائیل'' مشہور ومعروف کتب میں لکھا ملتا ہے تاہم زیادہ مستند نام ''کھیال'' ہی ہے۔ یہ سردار مؤکلوں کا ہے۔ اس کے ماتحت مؤکلوں کی 66 قطاریں ہیں اور ہر قطار میں 66 مؤکل ہیں۔

اسم الصمد .....اس اسم کا مؤکل ''نوریائیل'' ہے، جس کے ماتحت 4 رئیس مؤکلات ہیں۔ ہر رئیس 34 قطاروں کا سردار ہے اور ہر قطار میں 134 مؤکلات ہیں۔

زکوٰۃ اللہ الصمد

1۔ خذ حرفا قل الفا (ہر حروف تہجی کے بدلے ہزار کا عدد لینا)

2۔ خذ حرفا قل مائتہ (ہر حروف تہجی کے بدلے سو کا عدد لینا)

3۔ خذ حرفا قل عشرا (ہر حروف تہجی کے بدلے دس کا عدد لینا)

اس کو ایک مثال بطریقہ خذ حرفا قل الفا سے سمجھا دیتا ہوں:

اگر عبارت میں 46 حروف ہوں تو ہر حروف پر 1000 کا عدد لے اور اس 46000 کے عدد کو 46 میں ضرب دے تو نصاب (21,16,000) مرتب ہوگا۔ اب اس کا نصف سے زکوٰۃ (10,58,000) اور اس کے نصف سے عشر (5,29,000) اور قفل کے 10,000 اور دور مدور برابر نصاب (21,16,000) کے ہے۔ بذل کے 7000 اور ختم کے 12000۔ اس کے بعد بہ نیت دعوت 46 روز تک 46000 بار روز پڑھے۔

اہم اور ضروری نکات

ایک سوال یہاں غور طلب ہے کہ اسم میں اسماء مؤکلین تسبیحات (یانور یائیل یا کھیال) کے ساتھ ساتھ اسم مؤکل باعتبار سر حروف تہجی (یا اسرافیل یا اھجمائیل) کی ضرورت کیوں محسوس ہوتی ہے؟ میں آپ کو یقین سے کہہ سکتا ہوں یہ راز کی بات آج تک کبھی صفحۂ قرطاس پہ نہیں آئی ہے۔ ایسے دقیق نکات بس سینہ بہ سینہ منتقل ہوئے ہیں۔ خیر راز کی بات یہ ہے کہ اگر دورانِ عمل، دعوت مستجاب نہ ہو رہی ہو تو مؤکل سر حروف تہجی (یا اسرافیل یا اھجمائیل) بھی ساتھ استعمال کیے جاتے ہیں جو کہ مؤکلات تسبیحات مذکورہ اسم (یانور یائیل یا کھیال) اور عامل کے درمیان رابطہ یقینی بنانے میں کام آتے ہیں۔

ایک اور اہم راز کی بات بھی بتاتا چلوں۔ اس میں بھی سرِ عظیم ہے۔ وہ یہ

کہ اگر عبارتِ عمل میں اسم مذکورہ کے مؤکلین باعتبار سرحروف تہجی (یااسرافیل یااھجمائیل) لیے گئے ہوں تو حروف تہجی کے مؤکلات کی پہلے زکوٰۃ دینی پڑے گی (یااسرافیل بحق الف یااھجمائیل بحق صاد)۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ ہم ایک اسم کے معاملے میں ایسے مؤکلات سے استمداد طلب کررہے ہیں جو اسم کہ ان مؤکلات کی تسبیح نہیں ہے۔ تاہم اگر اسم کے ساتھ مؤکلات ایسے لیے گئے ہیں جو کہ اس اسم کی تسبیح کرتے رہتے ہیں (یانور یائیل یاکھیال) تو اس صورت میں حروف تہجی کے مؤکلات کی زکوٰۃ قطعی درکار نہیں ہو گی۔ بعینہٖ اگر دونوں مؤکلات (یااسرافیل یااھجمائیل یانور یائیل یاکھیال) استعمال کیے گئے ہیں، تب بھی حروف تہجی کے مؤکلات کی پہلے زکوٰۃ دینی پڑے گی۔

قابل لوگ شروع دن سے ہی دونوں مؤکلین کو اسم کے ساتھ لگا کر پڑھائی کرتے ہیں تاکہ بروقت عمل مکمل ہو اور مستجاب بھی ہو۔ مگر اس طرح عمل کرنے میں محنت زیادہ درکار ہوتی ہے۔

سوگند

سوگند بھی دعوتِ اسم میں، جبکہ دعوت مستجاب نہ ہو رہی ہو، بہت اہمیت کی حامل ہو جاتی ہے۔ حکمائے فلاسفہ کے نزدیک سوگند، تلوار سے تیز کام کرتی ہے اور مؤکلینِ اسم کو جکڑ کر عامل کے سامنے لا کھڑا کرتی ہے۔

اسم اللہ الصمد کے کیس میں سوگند یہ ہے

بحق اسرافیل اھجمائیل وبحق تورات وزبورو انجیل وفرقان

عزیمت

عزیمت کا استعمال بھی مختلف اوقات میں کیا جاتا ہے۔ اکثر و بیشتر جب کسی خاص مقصد کے لیے اسم کی دعوت دی جارہی ہو یا پھر دیگر روحانی قوتوں سے بھی ساتھ ساتھ امداد طلب کی جارہی ہو۔

عزائم اسم اللہ الصمد کے لیے

اللّٰھم انی اسئلك بحق اسمك یااللہ یااللہ یااللہ یاحی یاقیوم احینی حیاۃ طیبۃ اعیش بھا علی شاطی بحر محبتك والبسنی مھابته عند العوالم العلویة وافتح عینی قلبی بصری بنورك حتی ینفتح قلبی لتلقی الاسرار وتنطبق بمکنون جواھر و قایتك وافض علی من بحر فیضك الاقدس وسھله علی حلی اصل الی ساحل اللطف وخذ اخذہ لطیفة اجر حلاوتھا ایام لقائك یالطیف یالطیف یالطیف۔ اللّٰھم انی اسئلك بتفرّغ نسیم نسمات نفخات اسرارك و کشف سر اسمك الذی القیته لتلقی عطش اکبادٍ و اردی حوض برك وقاصدی سرك یامن له الاسم الاعظم وھو الاعظم یامن لا له حدّ یعظم وھو اعلم۔ یاقدیم اسئلك بسر اسمك وبماجری به قلمك وبما الھمت به عیسٰی بن مریم وبمانا جیت یدموسی علی طور سینا ونادیت بلسان القدرۃ انا اللہ ابل ابل الوھیم ابل الوھیم ابل وبحق ما انزلته علی نبیك محمد صلی اللہ علیه وسلم عجل بنجح مطالبی وتسھیل ماربی واکشف لی عن عالم الملك والملکوت واجری مرادی فیما یرضیك من القضاء واکشف لی عن ارواح الملکوتیات المخفیات المستمرۃ من سر اسمك الجامع للاسمآء والصفات الذی تسمّیت به فی کل اللغات وسبحت لك کل المخلوقات یااللہ یااللہ یااللہ یاحی یاقیوم یانعم المولیٰ ونعم النصیر۔ یااللہ اسئلك ان تسخرلی خادم ھذا الاسم کھیائیل انك علی کل شیء قدیر۔ یاصمد انت الذی یصمد الیك فی الحوائج الملتجی الیك فی لکرب والشدائد وانت الذی وتمنع من فضلك عواعد العوائد۔ اسئلك باستغنائك عن خنقك وافتقارھم الیك ان تجعلنی بمقصد العباد فی المھمات وان تجری علی لسانی وبدی قضآء الحاجات وتعصمنی من الموبقات انك انت دلیل الخیرات۔

darulamal.org/bookshop
اسماء الحسنیٰ نمبر

برکات اسماء الحسنیٰ

پروفیسر حکیم صوفی عبدالرؤف نظامی (رینالہ خورد)

علم اور طاقت کی دو قسمیں ہیں:

(۱) ظاہری علم اور مادی طاقت

(۲) روحانی علم اور روحانی طاقت

ہمارا مادی جسم ہماری روح اور اس کے ارادے کے تابع ہے۔ اسی طرح مادی کائنات اور اس کی مادی طاقتیں روحانی علم اور روحانی طاقت کے تابع ہیں۔ یہ علم اور طاقت اصل میں لامحدود شکل میں صرف اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے مگر ہر انسان اپنے ظرف کے لحاظ سے روحانی علم اور طاقت کے اس لامحدود سمندر سے کچھ قطرے حاصل کرسکتا ہے۔ جنگ خیبر میں حضرت علیؓ نے قلعہ خیبر کا دروازہ ایک ہاتھ سے اکھاڑ دیا۔ صحابہ کرامؓ کہتے ہیں کہ جنگ ختم ہونے کے بعد ہم نے اس دروازے کو ہلانے کی کوشش کی مگر سترہ افراد مل کر اسے ہلا بھی نہ سکے۔ بعد میں جب ہم نے حضرت علیؓ سے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا کہ ”میں نے خیبر کا دروازہ اپنی جسمانی قوت سے نہیں، اللہ کی قوت سے اکھاڑا تھا“۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اس علم اور طاقت سے فیض یاب ہونے کے لیے اسمائے حسنیٰ کی تعلیم دی چنانچہ ارشاد فرمایا: ”سب خوبصورت نام صرف اللہ کے ہیں پس تم انہی کے ذریعے اسے پکارو“۔ (سورۃ اعراف:180)

روحانی طریقہ علاج کا فلسفہ شفا

Philosophy of Spiritual Healing

روحانی طریقہ علاج کے مطابق معالج یا حکیم قرآن پاک کی آیات مبارکہ و مسنون دعاؤں کی برکات سے اسمائے الٰہی کی روحانیات کے وسیلہ جلیلہ سے یا اپنی ارتکازِ توجہ یا قوت ارادی کے زور سے مریض میں قوتِ شفاء (Healing Power-Healing Energy) داخل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اگر معالج یہ قوت مریض میں داخل کرنے میں کامیاب ہو جائے تو شفاء یقینی ہو جاتی ہے۔ معالج یا روحانی حکیم کی ارتکازِ توجہ یا قوتِ ارادی جتنی زیادہ مضبوط ہوتی ہے یا عامل کا اپنا ہمزاد یا عامل کا اپنا نفس اس کے جتنا زیادہ تابع ہوتا ہے۔ اتنی ہی زیادہ جلدی وہ اپنے اعمال یا دم کے ذریعے اپنے مریض کو شفاء سے ہمکنار کرسکتا ہے۔

سانپ، بچھو اور دیگر موذی حشرات الارض کے کاٹے پر اسماء الحسنیٰ پر مبنی دم

دم کی عبارت:

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ یا اللہ شافی یا اللہ کافی

اس دم میں یہ پانچ اسمائے الٰہی۔ اللہ، الرحمن، الرحیم، شافی، کافی ہیں۔

زکوٰۃ کی ادائیگی کا طریقہ:

سانپ، بچھو و دیگر موذی حشرات الارض کے زہر اتارنے کی نیت سے عامل ہونے کے لیے عمر بھر ساون اور بھادروں کی درمیانی رات یعنی ماہ اگست 15,16 کی درمیانی رات، عشاء کی نماز کے بعد سانپ وغیرہ کے کاٹے کے دم کی زکوٰۃ کی نیت سے پاکیزہ لباس پہن کر پاک و صاف مصلّے پر بیٹھ جائیں اور یہ عبارت بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا اللہ شافی یا اللہ کافی اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ نماز عشاء کے بعد اور اذان فجر تک بغیر کسی مقررہ تعداد کے ورد کیا کریں پھر روزانہ 121 بار پڑھتے رہیں یہ زکوٰۃ ایک سال کام دے گی۔

سانپوں کے بادشاہ کو گوگا پیر کہتے ہیں۔ ان کی بے شمار قسمیں ہیں۔ ان میں لونا، سنگ، کیال، آسک، باسگ، آنت راج، پھول مالا، کالا مشکی، ککولا، ٹولا، پیلا، ذرد مشکی، ذرد رئی، کبرا مشکی، پرم، تیر، مشکی، بث ریر، ککھڑ مشکی،

گولایا، ویس ویک، انگڑ، گھوڑ، ڈینگ، کھاخان، نیل گڑھ، نیل کنٹھ، تھوڑا، سنکھا سنگ چوڑا۔ ان میں سے ایک سانپ ایسا ہے جس کے سر پر سینگ ہوتا ہے۔ اگن جھاڑ اور کپالی کی مونچھیں ہوتی ہیں اور اس کے جسم پہ بال بھی ہوتے ہیں، اس کی پھنکار سے شعلہ نکلتا ہے اور سنکھا سنگ چوڑا اگر کسی کو کاٹے تو گلا بند ہوجانے سے موت واقع ہوجاتی ہے۔ نیل کنٹھ سے بھی فوراً آدمی مرجاتا ہے۔ ہر قسم کا سانپ زہریلا ہوتا ہے اور بہت سے سانپ ایسے بھی ہیں، جن میں زہر انتہائی کم ہوتا ہے۔ ایک سانپ ایسا بھی ہے جس کو نیندوا کہتے ہیں، اگر اس کی دم پہ پاؤں اٹک جائے تو انسان تڑپ کر دم توڑ دیتا ہے اور اگر کاٹے تو جسم جل کر راکھ ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ سانس لینے والے اور پیروں اور پروں والے سانپ بھی پائے جاتے ہیں۔ سانپ کی بعض زہریلی قسمیں اگر نہ بھی کاٹیں تو صرف ان کے سونگھنے سے بھی ان کا زہر انسان کو شدید طور پر بیمار کردیتا ہے۔ سانپ کے زہر سے شدید درد، شدید سوجن، شدید بخار اور بے تحاشا بے چینی ہوا کرتی ہے۔ ساون بھادوں کی درمیانی رات سانپ کی افزائش نسل کے لئے اہم ہوتی ہے۔ اس رات کو سانپ کی مادہ مستی میں ہوتی ہے اور نر سانپ سے ملاپ کے لیے بے چین ہو کر ادھر ادھر بھاگ دوڑ کرتی ہے۔ اس ملاپ کے لیے سانپ بھی بے چینی کے عالم میں مادہ سانپ کی تلاش میں بھاگ دوڑ کرتا ہے۔ اس بے چینی کے عالم میں اگر سانپ انسان پر حملہ کردے تو انسان شدید تکلیف میں مبتلا ہوجاتا ہے پھر ایسے مریض کو سانپ ہر سال کاٹتا رہتا ہے۔ اس دم کا مقصد اس کی لامحدود روحانی قوت کے ذریعے سانپ کے زہر کی بندش مقصود ہوتی ہے۔

دم کرنے کا طریقہ

مریض کو اپنے سامنے بٹھائیں یا لٹائیں جیسا کہ حالات ہوں۔ گیارہ بار درود شریف کی تلاوت کرنے کے بعد ایک لوٹے میں پانی بھرلیں۔ لوٹا بائیں ہاتھ سے پکڑیں، اپنے دائیں ہاتھ کی پشت پہ پانی کی دھار ڈالیں۔ یہ پانی مریض کے زخم یا چھالے کے اوپر گرائیں، اب گیارہ مرتبہ یہ عبارت پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ شافی یا اللہ کافی

گیارہ مرتبہ پڑھیں اور ایک پھونک لگا کر پانی زخم پہ گرائیں۔ اس طرح 11 مرتبہ کریں، ہر 11 بار پڑھنے کے بعد پھونک لگائیں اور پانی گرائیں پھر مریض سے درد وغیرہ کی کیفیت پوچھیں۔ اگر کچھ درد ہو تو دوبارہ دم کریں۔ پڑھنے کے دوران مکمل طور پر آپ کی توجہ مریض کے زخم یا چھالے پر رہے اور پانی کی دھار بھی مسلسل مریض کے زخم وغیرہ پر ڈالتے رہیں۔ اگر مریض کو زیادہ تکلیف ہو تو دن میں میں چند بار دم کیا جاسکتا ہے۔ اگر تکلیف کم ہو تو صرف صبح و شام دم کرنا کافی ہوتا ہے۔ ایک دن سے لے کر تین دن میں بفضل خدا مکمل آرام آجاتا ہے۔

اس عمل پہ مزید تحقیق و تجربات:

(۱) جناتی اثرات کا علاج

(۲) سحر جادو کے بد اثرات کا علاج

(۳) ہر لاعلاج مریض کا علاج

(۴) ہر قسم کے درد و الم کا علاج۔ ان سب کے طریقہ کار اور تفصیل کے لیے دیکھیں فقیر کی کتاب ''روحانیت روحانی معالجہ''

(جسمانی و نفسیاتی امراض کی تشخیص، تحقیق و راہنمائی)

اجازت عمل

(۱) میری طرف سے تمام مسلمان مردوں اور عورتوں کو خصوصی اجازت ہے۔

(۲) تاہم جو کوئی صاحب/صاحبہ اس دم کے عمل کو اختیار کرنا چاہیں۔ عمل شروع کرنے سے قبل وہ مجھے اپنے نام و پتہ سے بذریعہ جوابی لفافہ آگاہ ضرور کریں تاکہ ان کو تحریری اجازت نامہ بھیج دوں۔

(۳) عاملین پہ لازم ہے کہ وہ حسب توفیق ہر جمعرات کو پنجتن پاک، اصحاب رسول ﷺ اور اولیائے کاملین کی ارواح مقدسہ کیلئے ختم شریف پڑھ کر نیاز ضرور تقسیم کیا کریں۔

اللہ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ٦٦	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

آسیب دور کرنا

اگر کسی کو آسیب لپٹ گیا ہو یا آسیب اس کو طرح طرح سے تنگ کرتا ہو یا اس کے کاموں میں رکاوٹ ڈالتا ہو یا اس کو پڑھنے لکھنے نہ دیتا ہو یا اسے آوارہ پھراتا ہو اور گھر میں بیٹھنے نہ دیتا ہو تو ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ کا اسم پاک ''اللہ'' کو ایک پاک صاف چینی کی پلیٹ پر باوضو، زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر، اس سے لکھے اور اس طرح لکھے کہ پلیٹ پر کوئی جگہ خالی نہ بچے بلکہ ساری پلیٹ اسم پاک ''اللہ'' سے بھری ہو۔ پھر اس پلیٹ کو پانی سے دھو کر ایک بوتل میں پانی بھر لے اور اس پانی کے چھینٹے دن میں چار وقت آسیب زدہ کے چہرے پر مارے۔ اوقات یہ ہیں: (۱) صبح ناشتہ سے قبل، (۲) دوپہر گیارہ بجے، (۳) بعد نماز عصر (سورج غروب ہونے سے قبل)، (۴) بعد نماز عشاء (رات دس بجے)۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔

غیب کی حقیقتوں کا بھی مشاہدہ

اگر روزانہ اس اسم کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھا جائے تو نگاہ سے پردے ہٹ جاتے ہیں اور انسان اس دنیا میں غیب کی حقیقتوں کا بھی مشاہدہ کرتا ہے۔ پڑھنے کا خاص طریقہ ہے۔ جس کو خواہش ہو، وہ رابطہ کرلے۔

دنیا کی بے شمار نعمتیں حاصل ہوں

''یااللہ'' بعد نماز عشاء، روزانہ چھے ہزار چھے سو چھیاسٹھ (٦٦٦٦) مرتبہ پڑھا جائے تو اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کو دنیا کی تمام نعمتیں، جو اس کی سرخروئی میں اضافہ کرنے والی ہوں، عطا فرماتے ہیں اور اس کو تمام مقاصد حسنہ میں کامیابی عطا ہوتی ہے۔

صاحب مال وزر (مالدار) بنے

اگر اس نام ''یااللہ'' کو گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ مالدار ہونے کی نیت سے پڑھا جائے تو چند ماہ کے اندر اندر پڑھنے والا صاحب مال وزر ہو جاتا ہے۔

قوت ایمان ویقین میں اضافہ

اگر روزانہ اس اسم کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھا جائے تو قوت ایمان ویقین میں اضافہ ہوتا ہے۔

دنیوی مشکلات ومالی پریشانیاں دور ہوں

اگر کوئی شخص کامل یقین کے ساتھ اس اسم ''یااللہ'' کو جمعہ کے دن عصر ومغرب کے درمیان دوسو (۲۰۰) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے، اس کی دنیوی مشکلات ختم ہو جائیں اور مالی پریشانیاں بھی رفع ہو جائیں۔

دنیا میں عزت ومقبولیت حاصل ہو

''یااللہ'' کو روزانہ چوبیس ہزار (۲۴۰۰۰) مرتبہ پڑھے تو اسے دنیا میں عزت ومقبولیت کی دولت بیش بہا حاصل ہوگی۔

ہر قسم کے مرض سے شفاء

اگر کوئی مریض اچھا نہ ہوتا ہو اور اطباء اس کے علاج سے عاجز آگئے ہوں تو چھے (٦) مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر مریض پر دم کریں اور چھیاسٹھ (٦٦) مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں تو ان شاء اللہ مریض شفایاب ہوگا۔

اسم اللہ کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ

اکابرین نے یہ فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص پاک وصاف ہو کر کسی پاک جگہ بیٹھ کر اور خوشبو وغیرہ لگا کر اس ''اسم اعظم'' کی زکوٰۃ ادا کرے یعنی چالیس (۴۰) روز تک بلاناغہ ''یااللہ'' تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے اور دوران چلّہ شریعت کی پابندی کرے، ممنوعات سے پرہیز کرے، بالخصوص جھوٹ اور غیبت سے اپنی زبان کو روکے رکھے اور نماز جماعت کے ساتھ ادا کرے اور لقمۂ حرام سے خود کو محفوظ رکھے۔ اور بہتر ہے کہ پرہیز جمالی بھی کرے۔ اور دورانِ چلّہ ''یااللہ'' ایک ہی کاغذ پر چھیاسٹھ (٦٦) مرتبہ لکھ کر آٹے میں اس کاغذ کی گولی بنا کر دریا میں ڈالے تو ایسا شخص ''یااللہ'' کا عامل ہو جائے گا۔ چلّے کی شروعات نوچندی جمعرات سے کی جائے۔ بغیر اجازت نہ کریں۔

اَلرَّحْمٰنُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۲۹۸	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

دل کی غفلت کا علاج

شیخ بونیؒ فرماتے ہیں کہ جو شخص نماز کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ ''یَارَحْمٰنُ'' پڑھنا معمول بنالے تو اللہ اس کے دل کی غفلت کو ختم کردے۔

مخلوق میں عزت اور دشمن مہربان

جو شخص اس اسم ''یَارَحْمٰنُ'' کو روزانہ دو سو اٹھانوے (۲۹۸) مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے گا تو تمام مخلوق کی نظروں میں اس کی وقعت پیدا ہوگی اور دشمن مہربان ہوں گے۔

مرض سے شفایابی

جو شخص اس اسم ''یَارَحْمٰنُ'' کو روزانہ دو سو اٹھانوے (۲۹۸) مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے گا تو وہ صحت مند ہوجائے گا اور بیماری سے اسے نجات مل جائے گی۔

آسیب دور بھگانا

''یَارَحْمٰنُ'' کو کسی آسیب زدہ پر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر دم کردیا جائے تو اس کا آسیب دور ہوجائے۔

سحر کا علاج

اگر تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ ''یَارَحْمٰنُ'' پانی پر دم کرکے کسی سحر زدہ کو پانی سات (۷) روز تک صبح وشام پلایا جاتا رہے تو بفضلِ رحمٰن، اس کا سحر باطل ہوجائے گا۔

قید سے رہائی

اگر قیدی ''یَارَحْمٰنُ'' دو سو اٹھانوے (۲۹۸) مرتبہ اس کو پڑھے تو جلد قید سے رہائی نصیب ہو۔

بانجھ پن دور ہو

اگر بانجھ عورت اپنے نام کے اعداد کے مطابق ''یَارَحْمٰنُ'' پڑھتی رہے اور ایک کاغذ پر پندرہ (۱۵) مرتبہ تین سطروں میں (پانچ پانچ مرتبہ فی سطر) لکھ کر اپنے بائیں بازو پر باندھ لے تو اللہ کے فضل وکرم سے وہ حاملہ ہو جائے۔

رزق میں بے پناہ وسعت ہو

''یَارَحْمٰنُ'' کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرکے اپنے پاس رکھے اور ہر فرض نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ یہ اسم پڑھ کر تلاوت کرکے انگوٹھی پر دم کرتا رہے تو رزق میں بے پناہ وسعت پیدا ہو۔

باغ سے زیادہ پھل حاصل ہو

''یَارَحْمٰنُ'' کو پندرہ (۱۵) مرتبہ لکھ کر کسی درخت کی جڑ میں دبا دیا جائے اور ایک تعویذ درخت کی شاخ پر باندھ دیا جائے تو اس پر بے انتہا پھل پیدا ہوں گے۔

پڑھائی میں دل نہ لگنے کا علاج

جو بچے پڑھنے سے بھاگتے ہوں اور ان کا پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو انہیں پانچوں وقت کی نماز کے بعد ایک کٹورہ پانی پر دو سو اٹھانوے (۲۹۸) مرتبہ اسم ''یَارَحْمٰنُ'' پڑھ کر پلائیں۔ ان شاء اللہ پڑھنے کا ذوق پیدا ہوگا۔

مرگی کے دوروں سے نجات

جسے مرگی کے دورے پڑھتے ہوں اس کے کان میں ایک سانس میں چالیس (۴۰) مرتبہ اسم مبارک ''یَارَحْمٰنُ'' پڑھ کر دم کرنے سے مرگی ختم ہو جاتی ہے۔ مرض شدید ہو تو متعدد مرتبہ یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ رفتہ رفتہ صحت نصیب ہوگی اور مرگی سے نجات ملے گی۔

مشکل آسان ہو

اگر کوئی شخص ''یَارَحْمٰنُ الدُّنْیَا وَ رَحِیْمَھَا'' پڑھے گا تو اس کی ہر مشکل آسان ہوگی اور کوئی ضرورت اٹکی نہ رہے گی۔

اَلرَّحِیْمُ کے خواص واعمال

اعداد ملفوظی: ۳۱۱	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

سوکھے پن کا علاج

بعض مرتبہ بچے سوکھے کے مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور یہ مرض بچوں کو ہڈیوں کا ڈھانچہ بنا دیتا ہے۔ بچے کا گوشت گھل کر ختم ہو جاتا ہے۔ وہ چمڑے اور ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ جاتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ باوضو چینی کی پلیٹ پر یا کاغذ پر ''یَارَحِیْمُ'' گیارہ (۱۱) بار عرق گلاب میں زعفران گھول کر یا کالی کچی روشنائی سے لکھیں اور شروع میں بسم اللہ شریف لکھ کر روزانہ پانی سے دھو کر بچے کو پلائیں۔ اکتالیس (۴۱) دن تک مسلسل بلاناغہ یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ سوکھے کے مرض سے صحت یاب ہو گا اور تندرست وتوانا ہو جائے گا۔

امیر کبیر بننے کا وظیفہ

علامہ بونیؒ نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ''یَارَحِیْمُ'' روزانہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھے تو وہ کچھ عرصے کے بعد امیر کبیر بن جائے اور اس کی مالی مشکلات دور ہو جائیں۔

دنیوی آفات سے محفوظ رہنا

جو شخص ہر فرض نماز کے بعد اسم ''یَارَحِیْمُ'' کو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا، وہ تمام آفات دنیوی سے محفوظ ہو جائے گا۔

ایمان پر خاتمہ، موت کی سختی سے حفاظت، حشر میں نرمی

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرمایا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص ''یَارَحِیْمُ'' دو سو اٹھاون (۲۵۸) مرتبہ روزانہ پڑھا کرے تو اس کا انجام بخیر ہو گا۔ اس دنیا سے رخصت ہوتے وقت اس کا خاتمہ ایمان پر ہو گا۔ موت کی سختی سے محفوظ رہے گا۔ اور حشر کے میدان میں اس کے ساتھ نرمی کا معاملہ کیا جائے گا۔

تمام مخلوق اور دشمن کے دل کو نرم کرنے کا عمل

جو شخص فجر کی نماز کے بعد پانچ سو (۵۰۰) بار ''یَارَحِیْمُ'' پوری توجہ کے ساتھ پڑھے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام مخلوق اس پر مہربان ہو گی۔ اگر دشمن اسے کوئی نقصان پہنچانا چاہتا ہے تو وہ بھی نرم ہو جائے اور نقصان پہنچانے سے رک جائے گا۔

ادائیگی قرض اور وسعتِ رزق

ادائے قرض کے لیے اسم ''یَارَحِیْمُ'' کو دو ہزار پانچ سو نوّے (۲۵۹۰) مرتبہ پڑھنے والا ایسی وسعت رزق اور مال میں برکت دیکھے گا کہ قرض کی ادائیگی کی سبیل پیدا ہو جائے گی۔

بچہ زیادہ روتا ہو

جو بچہ مسلسل روتا ہو، اس کے کھانے پینے کی اشیاء پر اسم ''یَارَحِیْمُ'' کو دو سو انچاس (۲۵۹) مرتبہ دم کر کے دینے سے اور اسم ''یَارَحِیْمُ'' کو بارہ (۱۲) مرتبہ گلاب وزعفران سے لکھ کر گلے میں لٹکانے سے اس کا رونا بند ہو جاتا ہے۔

امراض سینہ سے شفاء

روٹی کے سولہ (۱۶) ٹکڑوں پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر کھانے سے سینے میں نور پیدا ہوتا ہے۔ امراضِ سینہ سے شفا حاصل ہوتی ہے۔

چشم خلائق میں عزت ہو

اس کا مربع پُر کر کے پاس رکھنے سے چشم خلائق میں عزت ملتی ہے۔

۷۸۶

۲۳۲	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۲۳۱	۱۲
۳	۱۶	۹	۲۳۰
۱۰	۲۲۹	۴	۱۵

اَلْمَلِكُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۹۰	عنصر: خاکی	طبیعت: مشترک

دل کو روشن اور پاک وصاف کرنا

اگر کوئی شخص اپنا دل روشن کرنے کی نیت سے اپنے نام کے مجموعی اعداد کے مطابق ''اَلْمَلِكُ'' کو روزانہ پڑھے گا تو دل میں نور پیدا ہوگا اور دل شرک وگمراہی کی تاریکیوں سے مطلقاً پاک وصاف ہوجائے گا۔

بادشاہت حاصل کرنا

شیخ جلال الدین محمود تبریزیؒ کا ارشاد ہے کہ ''اگر کوئی شخص ترکِ حیوانات کے ساتھ نوّے (۹۰) دن تک لگاتار اس اسم مبارک ''اَلْمَلِكُ'' کو نوّے ہزار (۹۰۰۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اسے بادشاہت کا عہدہ نصیب ہوجائے۔

عزت حاصل ہو..... اسرارِ الٰہی کا مشاہدہ ہو

عزت اور حرمت کو حاصل کرنے کے لیے اسم ''اَلْمَلِكُ'' کی مداومت نہایت کارآمد ہے۔ جو شخص اس کی مداومت کرے گا، حق تعالیٰ سے اسرار کا دروازہ کھلا پائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی ملکیت کا دائرہ وسیع کردے گا۔

مراتب میں اضافہ

اسم ''اَلْمَلِكُ'' کو پیر کے دن چاندی کی تختی پر کندہ کرکے اس کے گرد مؤکل کا نام لکھ کر پاس رکھے اور اس کے عدد کو آپس میں ضرب کرکے ذکر کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ مراتب میں اضافہ کرے گا۔

حصولِ غنا

جو شخص صبح کی نماز کے بعد ایک سو بیس (۱۲۰) بار اس اسم پاک کی تلاوت کرے، اللہ تعالیٰ اسے غنی فرمادیں گے اور اس کے جاہ ومرتبہ میں زیادتی فرمائیں گے۔

اَلْقُدُّوْسُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۷۰	عنصر: آبی	طبیعت: جمالی

شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہنا

''اَلْقُدُّوْسُ'' اسم مبارک کو روزانہ ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ پڑھے تو وساوس شیطانی سے محفوظ رہے۔

باطن کو پاک کرنا

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ ایک وقت مقرر کرکے اس اسم مبارک ''اَلْقُدُّوْسُ'' کو پڑھے گا، اس کا باطن بالکل پاک ہوجائے۔

فرشتوں جیسی صفات پیدا ہوں

جو شخص اسم پاک ''اَلْقُدُّوْسُ'' کو بعد نمازِ جمعہ، روٹی پر لکھ کر اس میں کلمہ سبوح کا اضافہ کرکے کھالے، اس کے اندر فرشتوں جیسی صفات پیدا ہوں۔

فسق وفجور سے حفاظت..... دل میں نور پیدا ہو

''اَلْقُدُّوْسُ'' کو زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر پینا فسق اور فجور سے بچاتا ہے۔ دل میں روشنی اور نور پیدا ہوتا ہے۔

اولاد پاک باطن ونیک خصلت ہو

جب استقرارِ حمل ہو اور اس حمل کا علم ہوجائے تو بچہ کے پیدا ہونے تک روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ ''اَلْقُدُّوْسُ'' پانی وغیرہ پر دم کرکے حاملہ کو پلایا جائے۔ ان شاء اللہ، بچہ نہایت بااخلاق وپاک باطن اور والدین کا تابع فرمان پیدا ہوگا۔ عمر بھر والدین کی نافرمانی اور ایذا رسانی کو پسند نہ کرے۔

اَلسَّلَامُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۳۱	عنصر: بادی	طبیعت: جمالی

دشمن کو مہربان کرنا

اگر کسی کا دشمن خطرناک اور ہر قسم کے نقصان پہنچانے میں لگا رہتا ہو تو اس کے دل کو نرم کرنے اور اپنے اوپر مہربان کرنے کے لیے یہ عمل انتہائی مجرب ہے۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن دشمنی چھوڑ دے گا اور مہربانی سے پیش آتا رہے گا۔ عمل یہ ہے کہ تین سو اٹھارہ (۳۱۸) مرتبہ ''یَاسَلَامُ'' پڑھ کر میٹھی چیز پر دم کر کے کسی ترکیب سے دشمن کو کھلا دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ مہربان ہو جائے گا اور دوستی کا ہاتھ بڑھائے گا۔

جنگلی اور موذی جانوروں سے حفاظت

اگر کوئی شخص ریگستانی علاقے میں رہتا ہو یا جنگلوں اور پہاڑوں میں اس کی رہائش ہو جہاں جنگلی جانور، درندے یا موذی جانور سانپ بچھو کثرت سے ہوں اور ہر وقت ان سے نقصان کا اندیشہ ہو تو اسے چاہیے کہ روزانہ ایک سو اکتیس (۱۳۱) بار ''یَاسَلَامُ'' پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ اسے کوئی جنگلی جانور نقصان نہ پہنچا سکے گا اور نہ کوئی موذی جانور نقصان پہنچائے گا۔

پیشاب میں جلن کا مرض

بعض لوگوں کو پیشاب میں شدید جلن ہوتی ہے۔ اس سے مریض کو سخت تکلیف ہوتی ہے اور پیشاب میں رکاوٹ ہوتی ہے۔ اس کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔

سوا پاؤ (تین سو گرام) خالص شہد لے کر باوضو ایک سو اکتیس (۱۳۱) بار ''یَاسَلَامُ'' پڑھ کر اس پر دم کریں۔ صبح و شام تین تین چائے کے چمچے مریض کو کھلائیں۔ اس دوران تیز نمک اور سرخ مرچ کا پرہیز کرنا ضروری ہے۔ چالیس دن کے استعمال سے ان شاء اللہ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

ہر قسم کی بیماری سے حفاظت

اگر شہر میں مختلف قسم کی بیماریاں پھیل رہی ہوں اور ہر وقت اندیشہ لگا ہو کہ کب کونسی بیماری مصیبت کا باعث بن جائے تو ان تمام وبائی بیماریوں سے بچنے کے لیے اسم پاک ''سَلَامٌ'' کا نقش بہت مفید ہے۔ اس نقش کو بعد نمازِ فجر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے سب گھر کے افراد کے گلے میں ڈال دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ گھر کے تمام افراد ہر قسم کی وباء اور بیماری سے محفوظ رہیں گے اور اگر یہی نقش موٹے قلم سے بڑا بڑا لکھ کر گھر کے دروازے پر لگا دے تو اہل خانہ تمام آفات اور بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔

وہ نقش معظم یہ ہے:

س	ل	ا	م
م	ا	ل	س
ل	س	م	ا
ا	م	س	ل

بچوں کو بری عادت سے بچانا

بعض بچے بہت سی بُری عادتوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں مثلاً بعض بچے ہر وقت انگوٹھا چوستے رہتے ہیں یا بعض بچے ہر وقت چینی پھانکتے رہتے ہیں یا بعض بچے ٹھیکری اور مٹی کھاتے ہیں اور اپنی ان عادتوں سے باز نہیں آتے۔ مار پیٹ اس سلسلے میں بیکار ہے کیونکہ بچہ تھوڑی دیر بعد وہی کام کرے گا۔ ایسے بچوں کی غلط عادت چھڑانے کے لیے روزانہ باوضو ایک سو اکتیس (۱۳۱) مرتبہ ''یَاسَلَامُ'' پڑھ کر بچے پر دم کر دیا کریں اور یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں جب تک بچہ اس عادت سے باز نہ آ جائے اور اس بُری عادت کو چھوڑ نہ دے۔ ان شاء اللہ، اس عمل کی برکت سے جلد ہی بچہ رک جائے گا اور بری عادت چھوڑ دے گا۔

شفائے امراض

اگر مریض کے پاس سرہانے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اٹھا کر اس اسم پاک کو ایک سو چھتیس بار (۱۳۶) اس قدر بلند آواز سے پڑھے کہ مریض بھی سن لے تو ان شاء اللہ اس کو شفا ہوگی۔

اَلْمُؤْمِنُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۳۶	عنصر: بادی	طبیعت: جمالی

وساوس شیطانی سے نجات

بعض لوگوں کو شیطان مختلف وسوسے ڈال کر گمراہ کرتا ہے اور انہیں طرح طرح سے پریشان رکھتا ہے۔ جو شخص روزانہ ایک جگہ بیٹھ کر باوضو ایک سو ستاسٹھ (۱۶۷) بار اسم مبارک ''اَلْمُؤْمِنُ'' پڑھے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ شیطان کے وسوسوں سے نجات پائے گا۔

لوگوں کی بدگوئی اور امراض خبیثہ سے نجات

بعض لوگ بلاوجہ کسی نہ کسی کی بدگوئی میں لگے رہتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی بدگوئی سے محفوظ رہنے کے لیے اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک گیارہ سو بتیس (۱۱۳۲) مرتبہ باوضو پڑھنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ بدگو کی بدگوئی اور امراض خبیثہ سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ اسم مبارک یہ ہے: ''اَلْمُؤْمِنُ''۔

خوف ودہشت سے حفاظت

جو شخص خوف اور دہشت کے وقت اس اسم مبارک کو باوضو چھ سو تیس (۶۳۰) مرتبہ روزانہ پابندی وقت کے ساتھ پڑھے گا، اس کا دل ہر قسم کے خوف اور ہر قسم کی دہشت سے نجات پائے گا۔ وہ اسم مبارک یہ ہے: ''اَلْمُؤْمِنُ''۔

طاعون کا علاج

اگر کسی جگہ طاعون پھیل جائے اور گھر گھر سے جنازے اٹھنے لگیں تو ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک ''اَلْمُؤْمِنُ'' کو روزانہ باوضو ہر شخص ایک ہزار ایک سو تیس (۱۱۳۰) بار پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ پڑھنے والا اور اس کے اہل خانہ طاعون سے محفوظ رہیں گے۔

اَلْمُهَيْمِنُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۴۵	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

لوگوں پر رعب قائم ہو، تسخیر قلوب ہو، دلی باتوں سے مطلع ہو

جو چاہے لوگوں پر اپنا رعب طاری کرے۔ اس کے زیرِ کفالت اور زیرِ اثر افراد اس کے حکم کی بجا آوری میں فوراً تیار ہو جائیں، اس کے لیے اس اسم کی مداومت بہترین ہے۔ اس کو چاہیے کہ صبح بعد غسل، اس اسم ''یَامُهَيْمِنُ'' کو اٹھارہ ہزار چار سو چھیانوے (۱۸۴۹۶) مرتبہ خلوصِ دل سے تلاوت کرے اور ختمِ عمل تک کسی سے بات نہ کرے۔ ایسی عظمت اور تسخیرِ قلوب ہو کہ طبیعت نہال ہو جائے۔ لوگوں کے عیوب سے مطلع ہو جائے۔ دل میں پوشیدہ باتوں کو سمجھے۔ لیکن لازم ہے کہ دوسرے کے عیب پر طعنہ زنی نہ کرے۔ نہ ہی کسی تیسرے کو بتلائے ورنہ مبتلائے آفت عظیم ہو گا، وبال ہوگا، مرتبہ چھن جائے۔

ناحق مقدمہ کا خوف

جس شخص کو اعلیٰ حکام سے خوف وخطر ہو یا مقدمہ عدالت میں زیر سماعت ہو لیکن ناکافی شہادتوں کی وجہ سے حق مارا جا رہا ہو یا مخالف ایسی پارٹی ہو کہ جس سے ظاہری مقابلے کی تاب نہ ہو تو ایسا شخص شرفِ قمر یا شرفِ مریخ میں اس کا مربع بنا کر اپنے پاس رکھے اور اس کے عدد کے مطابق پڑھے، اپنے حق کو پائے۔ لیکن ضروری ہے کہ نااہل سے اس کو بچائے۔

۷۸۶

۳۹	۳۶	۲۸	۴۲
۲۹	۴۱	۴۰	۳۵
۴۴	۳۰	۳۴	۳۷
۳۳	۳۸	۴۳	۳۱

اَلعَزِیزُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۹۴	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

عزت کا مقام حاصل کرنا

عزت کا مقام حاصل کرنے کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اس عمل کی برکت سے دشمنوں کے شر سے بھی حفاظت رہتی ہے۔ باوضو بعد نماز عشاء، اول تین بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) بار ''یَا عَزِیْزُ'' پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ معاشرتی زندگی میں عزت وعظمت کا مقام حاصل ہوگا۔ دشمن ناکام ہوں گے۔

اپنے مقصد میں کامیابی

اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے ''یَا عَزِیْزُ'' کثرت سے پڑھے۔ اگر زیادہ نہ پڑھ سکے تو کم از کم ایک سو (۱۰۰) بار ضرور کسی بھی وقت مقررہ پر پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اپنے ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

برائے تسخیر

حضرت گنگوہی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ''یَا عَزِیْزُ'' کی کثرت کرے۔ کوئی تعداد مقرر نہیں۔ شوہر اور حاکم، دونوں کے لئے بہت آزمودہ ہے۔

ہر دل عزیز ہو

روزانہ کسی بھی نماز کے بعد اکتالیس (۴۱) بار ''یَا عَزِیْزُ'' پابندی سے پڑھے۔ ناغہ نہ کرے۔ ہمیشہ پابندی سے پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ تمام دنیا سے بے نیاز ہو جائے گا۔ اس کی عزت وعظمت لوگوں کے دلوں میں بیٹھ جائے گی۔

جان ومال کی حفاظت

اگر کوئی شخص اپنی جان کو خطرہ اور مال کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ محسوس کرے تو جان ومال کی حفاظت کے لیے ترکِ حیوانات اور پرہیز جلالی کے ساتھ دس ہزار (۱۰۰۰۰) مرتبہ روزانہ ''یَا عَزِیْزُ'' پڑھے تو قاضی الحاجات کی طرف سے اس کے لیے فرشتے نگہبان ہو جائیں اور اس کے جان ومال کی حفاظت کریں گے اور اس شخص پر مسلسل عجائب اور غرائب ظاہر ہوں گے۔

عزت وعظمت میں اضافہ

بعد نمازِ عشاء روزانہ پابندی کے ساتھ اول تین بار درود شریف پڑھے، اس کے بعد چورانوے (۹۴) بار ''یَا عَزِیْزُ'' پڑھے۔ اس کے بعد تین بار یہ پڑھے: ''یَا عَزِیْزُ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِكَ یَا عَزِیْزُ''

آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر اپنی عزت وعظمت میں اضافہ کی دعا کرے۔ چند ہفتے دعا کرنے کے بعد ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی عزت و عظمت میں اضافہ ہوگا۔

وجاہت ومقبولیت تامہ حاصل ہو

''یَا عَزِیْزُ'' ایک لاکھ مرتبہ پڑھ کر روغن زیتون پر دم کر لیا جائے۔ ہر صبح اسے چہرے پر مل لیا جائے تو ان شاء اللہ وجاہت ومقبولیت تامہ نصیب ہوگی۔ بشرطیکہ بے عمل، بے عقیدہ نہ ہو۔

دنیا میں معزز ومکرم بننا

جو شخص یہ چاہے کہ وہ عوام میں ہر دل عزیز اور معزز شمار ہو اور لوگ اس کی عزت کریں اور اسے قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھیں تو اسے چاہیے کہ چالیس (۴۰) دن تک مسلسل بلاناغہ نمازِ فجر کے بعد چالیس (۴۰) بار ''یَا عَزِیْزُ'' پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اس کی برکت سے وہ لوگوں میں معزز ومکرم ہوگا اور اس کی ہر طرح کی محتاجگی ختم ہو جائے گی۔

مراد بر آوری

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ نے فرمایا کہ یہ اسم مبارک جس مقصد کے لیے ایک سو پچپن (۱۵۵) مرتبہ ہر نماز کے بعد اور خصوصیت کے ساتھ نماز فجر کے بعد پڑھے گا، جلد مراد کو پہنچے گا۔

اَلْجَبَّارُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۲۰۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

دشمن کے شر سے بچنا

جس شخص کو اپنے کسی طاقت ور دشمن سے خوف ہو تو اس کو چاہیے کہ اسم مبارک ''یَا جَبَّارُ'' کو تین سو اڑسٹھ (۳۶۸) کے مطابق ہر نماز کے بعد پڑھے۔ دشمن مغلوب ہو۔

دشمن سے محفوظ رہنا

کسی طاقت ور دشمن سے محفوظ رہنے کے لیے سات جمعہ، نماز جمعہ کے بعد ''یَا جَبَّارُ'' دوسو چھ (۲۰۶) مرتبہ پڑھے، دشمن منتشر اور برباد ہو۔

ظالموں سے تحفظ

جو شخص روزانہ صبح وشام دوسو چھبیس (۲۲۶) بار ''یَا جَبَّارُ'' کی تلاوت کرے گا۔ ان شاء اللہ، ظالموں کے قہر سے محفوظ رہے گا۔

کمزوری و لاغری دور ہو

اگر کوئی بچہ یا بیمار کمزور اور لاغر ہو تو سرسوں کا تیل لے کر اس پر ایک ہزار ایک سو (۱۱۰۰) مرتبہ یہ اسم پاک ''یَا جَبَّارُ'' پڑھ کر دم کرے اور اس کی مالش کرے، سات دن تک روزانہ تیل کی مالش کی جائے۔ ان شاء اللہ بدن میں طاقت اور توانائی جلد واپس آئے گی۔

مختلف فوائد حاصل کرنا

شیخ ابوالعباس احمد بن علی البونیؒ فرماتے ہیں کہ اس اسم پاک کی دعوت کے لیے چالیس روز تک پابندی شرائط کے ساتھ خلوت میں ''یَا جَبَّارُ'' روزانہ دس ہزار (۱۰۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ نفس میں پاکیزگی اور طبیعت میں انکساری پیدا ہو، مقاصد میں کامیابی اور دشمن پر غلبہ حاصل ہو۔

اَلْمُتَکَبِّرُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۶۶۲	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

دشمنی برائے دفع جن و دیو و پری

اسم الٰہی ''اَلْمُتَکَبِّرُ'' سرکنڈے پر باوضو لکھے اور اس میں آگ لگا کر اس کا دھواں مریض کی ناک میں پہنچائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، جن، بھوت، دیو، پری اور دیگر خبیث دفع ہوں گے اور مریض اپنی اصلی حالت میں آجائے گا۔

حصول برکت، دفع نحوست اور بلاؤں سے نجات

اس اسم مبارک ''اَلْمُتَکَبِّرُ'' کو اعداد ابجد کے مطابق پڑھ کر دم کر کے مکان اور دکان کے کونوں میں چھڑکنا، باعث برکت اور دفع نحوست اور بلاؤں سے نجات کا باعث ثابت ہوتا ہے۔

یَا مُتَکَبِّرُ کا عامل بننے کا طریقہ

اسم یَا مُتَکَبِّرُ کے عامل بننے کا طریقہ یہ کہ چالیس (۴۰) دن تک ترک حیوانات کے ساتھ اور پرہیز جلالی کے ساتھ پندرہ سو چالیس (۱۵۴۰) مرتبہ کوئی ایک وقت اور ایک جگہ مقرر کر کے اس اسم مبارک کا ورد کرے۔ کامل تنہائی میں عمل کرے اور دوران عمل حصار کرے اور زرد رنگ کا لباس پہنے۔ آخری ہفتے میں مختلف ڈراؤنی شکلیں دکھائی دیں گی۔ لیکن ذاکر کو ان سے ڈرنا نہیں چاہیے اور عمل کو جاری رکھنا چاہیے۔ یہ بات یاد رہے کہ اکیس (۲۱) دن کے بعد اگر عمل کو ترک کر دیا جائے تو عمل کی رجعت سے عامل کو مختلف قسم کی پریشانیاں گھیر لیتی ہیں اور عامل کا دل اور دماغ دونوں متاثر ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا عمل کے ۳ ہفتے گزرنے کے بعد اگر عامل کسی بڑی بیماری کا شکار ہو جائے تو عمل کو مستقل مزاجی کے ساتھ جاری رکھنا چاہیے اور یقین رکھنا چاہیے کہ اب کامیابی کی منزل قریب سے قریب تر آگئی ہے۔

الخالق کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۷۳۱	عنصر: خاکی	طبیعت: جلالی

حمل قرار پائے

حمل کے قائم ہونے کے لیے اس نقش کو باوضو تیس (۳۰) عدد لکھیں اور روزانہ باوضو ایک عدد پانی میں گھول کر وہ پانی عورت کو پلائیں۔ اس دوران شوہر ہمبستری کرتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ حیض سے فارغ ہو کر غسل کرنے کے بعد نقش پینا شروع کریں۔ وہ نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

یاخالق	یاخالق	یاخالق
یاخالق	یاخالق	یاخالق
یاخالق	یاخالق	یاخالق

نازک مزاج کو ختم کرنے کے لیے

جو شخص نازک، فنکارانہ اور تخلیقی امور میں منہمک ہو، اس کے لیے اس اسم ''یَا خَالِقُ'' کا ذکر نہایت انسب ہے۔

بے اولادی کے خاتمے کے لیے

بے اولاد خواتین و حضرات جو کہ ہر علاج سے تنگ ہو چکے ہوں، ان کے لیے اس اسم کی برکتیں بہت خاص ہیں۔ جو بے اولاد مرد اپنی بیوی سے صحبت سے قبل اس اسم ''یَا خَالِقُ'' کو انگوٹھی پر نقش کر کے جب کہ طالع برج نار میں مصروف ہو، تو اس کی بیوی کو حمل قرار پائے گا۔ اسم ''یَا خَالِقُ'' کے فوائد بہت زیادہ ہیں۔

آفات سے محفوظ رہنے کے لیے

جو شخص اس اسم پاک ''یَا خَالِقُ'' کو سات روز تک سو بار (۱۰۰) روزانہ پڑھے گا۔ ان شاء اللہ، تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

عطر حفاظت

قیمت 150 روپے

آج کل جس طرح جادو، جنات اور شیاطین کے اثرات ہو رہے ہیں، اتنی تیزی سے پہلے کبھی نہ تھے۔ وجہ ہمارے گناہ اور ماحول کی خرابیاں ہیں۔ رحمت کے فرشتوں سے دوری، قرآن سے دوری، نیکیوں سے دوری، فرائض و واجبات میں غفلت۔ پھر پڑھنے میں اثر کیسے ہو؟ اس لئے ان باتوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ''عطر حفاظت'' تیار کیا گیا ہے۔ جس کو لگانے سے جنات، جادو، شیاطین، نظر بد، حاسد کے شر، ناگہانی آفات و مصائب، زمینی و آسمانی حادثات وغیرہ سے ان شاء اللہ حفاظت رہے گی۔ عاملین حضرات کے لئے خاص تحفہ ہے۔

خوشخبری نیا دم شدہ عطر حفاظت تیار ہو چکا ہے۔ آج ہی طلب فرمائیں۔ عاملین حضرات ہول سیل ریٹ پر حاصل کریں۔

روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور
042-35410586, 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop

آلۂ یکسوئی

حضرت انسان علم الخیال کی اتھاہ گہرائیوں کو سمجھنے کی کوشش صدیوں سے کر رہا ہے مگر جن علماء نے قوت خیال کو سمجھ لیا، انہوں نے بہت سے علوم کی بنیاد رکھی۔ اگر یہ کہا جائے کہ تمام روحانی علوم میں قوت خیال ہی کلید اعظم ہے تو بے جا نہ ہوگا۔ قوت خیال تمام دنیاوی طاقتوں سے زبردست طاقت ہے۔ اجتماع خیالات سے ہی قوتِ ارادی اور تصور پختہ ہوتا ہے۔ پوشیدہ قلبی طاقتوں میں کامل عروج حاصل کرنے کے لیے خیالات کو کنٹرول کر کے نگاہ کو ایک نقطہ پر مرکوز کرنا نہایت ضروری ہوتا ہے اس کے بغیر یکسوئی کی مخفی طاقت حاصل نہیں ہو سکتی۔ قیامِ نگاہ ہی اصل راز ہے۔

آلہ یکسوئی بڑی محنت سے تیار کیا گیا ہے۔ جو خیالات کو کنٹرول کر کے نگاہ کو ایک نقطے پر مرکوز کر دیتا ہے اور انسان کے اندر غیب میں دیکھنے والی نگاہ کو متحرک کر کے ماورائی دنیا کو سامنے لے آتا ہے۔ عملیات میں یقینی کامیابی کے لیے آج ہی آلہ یکسوئی براہ راست ہم سے طلب فرمائیں۔ طریقہ استعمال تفصیلاً ہمراہ ارسال کیا جائے گا۔

قیمت 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ / قیمت بذریعہ کوریئر 950 روپے

منگوانے کا پتہ: روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور
رابطہ: 042-35410586, 0334-4312272

اَلْبَارِئُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۲۱۳	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

قوت برداشت اور طاقت پیدا ہو

اس اسم مبارک ''یَا بَارِئُ'' کا ذکر مزدوروں، محنت سے کام کرنے والوں کے لیے بہت مفید ہے۔ کیونکہ اس کی خصوصیات میں ہے کہ یہ اپنے ذاکر کے اندر بے پناہ قوتِ برداشت اور طاقت پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ سو ایسے تمام افراد جو کہ اپنے اندر طاقت اور قوت کی کمی محسوس کرتے ہیں، ان کے لیے یہ اسم بے حد نافع ہے۔

ڈاکٹر، حکماء حضرات کا علاج معالجہ خوب چلے

جو لوگ حکمت اور میڈیسن سے وابستہ ہیں اور علاج معالجہ کرتے ہیں، ان کے لیے اس اسم ''یَا بَارِئُ'' کی مواظبت بہت مفید ہے۔ تشخیص اور نسخے میں سوگنا اضافہ ہو جاتا ہے۔ علاج موافق پڑتا ہے، مریضوں کی بھیڑ لگی رہتی ہے، پیچیدہ امراض کے علاج میں مہارت حاصل ہو جاتی ہے۔

محبت پیدا ہو

مرض محبت میں مبتلا فرد اگر چنبلی کے پھول یا گلاب کے پھول پر اعداد ابجد کے مطابق ''یَا بَارِئُ'' پڑھ کر دم کرے اور مطلوب کو سنگھائے تو محبت پیدا ہو۔

عجیب وغریب خواص کا مشاہدہ ہو

جو شخص ہر روز بعد نماز فجر اعداد ملفوظی کے مطابق باقاعدگی سے پڑھے، عجیب وغریب خواص کا مشاہدہ کرے۔ حق تعالیٰ اس کو اسرار غیب سے مطلع فرمائے۔

لوگوں کے دلوں میں محبت پیدا کرنے کے لیے

''یَا بَارِئُ'' کے ذاکر کی قبولیت لوگوں کے دلوں میں پیدا ہوتی ہے۔

اَلْمُصَوِّرُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۳۳۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

حصول اولاد

حصول اولاد کے خواہش مند زوجین کو چاہیے کہ روزانہ فجر کے بعد ''یَا مُصَوِّرُ'' کا وظیفہ ایک ہزار (۱۰۰۰) بار کریں۔ جب اولاد کی خواہش ہو اور عملی اقدام کریں تو اس وقت سے اولاد ہونے تک، اس عمل کو کریں۔ ان شاء اللہ، صاحبِ اولاد ہوں گے۔

بانجھ عورت کے نیک اولاد نرینہ ہو

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد سے محروم ہو تو اسے چاہیے مسلسل کہ سات روزے رکھے۔ درمیان میں ناغہ نہ کرے اور روزانہ روزہ کھولنے سے قبل باوضو ''یَا مُصَوِّرُ'' اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لے اور اسی پانی سے روزہ افطار کرے۔ اس دوران میاں سے قربت کرتی رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہو گی اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نیک لڑکا پیدا ہو گا۔

سخت سے سخت مشکل آسان

اگر کوئی شخص کسی مشکل میں پھنس گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اس مشکل سے آسانی سے نجات مل جائے تو اسے چاہئے کہ روزانہ سات (۷) دن تک ایک وقت مقرر کر کے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے، پھر پانچ ہزار (۵۰۰۰) بار ''یَا مُصَوِّرُ'' پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مشکل کے آسان ہونے کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل آسان ہو گی۔ یہ عمل قرض سے نجات حاصل کرنے، مقدمہ میں کامیابی کے لیے اور مفرور یا غائب کی واپسی، اچھے رشتے کے حصول کے لیے کیا جائے تو بھی کامیابی ہو گی۔

اَلْغَفَّارُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۲۸۱	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

دشمن کے شر سے محفوظ رہنا

اسم ''یَاغَفَّارُ'' کا مربع شیشے پر لکھے، مہینے کی آخری رات میں اور تعداد اعداد اسم کے مطابق پڑھے۔ اللہ تعالیٰ ہر دشمن کے شر سے محفوظ اور مامون رکھے۔

اپنے حال پر قابو رکھنا

جو افراد عبادت کے دوران اسرارِ غیبی کی تاب نہ لاسکیں اور حقائق کو چھپا نہ سکیں تو ''یَاغَفَّارُ'' کا ذکر کریں۔ اپنے حال پر قابو پائیں گے۔

نعمت ظاہرہ اور باطنہ کا حصول

ہر نماز کے بعد ''یَاغَفَّارُ'' کو ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پڑھنا نعمت ظاہرہ اور باطنہ کا باعث ہوتا ہے۔

مغفرت و وسعت رزق

جو شخص نماز جمعہ کے بعد اس اسم ''یَاغَفَّارُ'' کو سو (۱۰۰) بار پڑھے گا، اس پر ان شاء اللہ تعالیٰ مغفرت خداوندی کے آثار ظاہر ہونے لگیں گے اور ہر تنگی رفع ہوگی اور بے شمار رزق ملے گا۔

مخالف سے صلح کرنے کے لیے

اگر کوئی شخص مقدمہ میں راضی نامہ کرنا چاہے اور فریق ثانی نہ مانتا ہو تو ظہر کی نماز کے بعد تین ہزار (۳۰۰۰) بار ''یَاغَفَّارُ'' پڑھے اور پھر دعا کرے تو فوراً مقصود حاصل ہوگا اور مخالف خود بخود التجا کرے گا۔

گناہوں سے مغفرت کے لیے

توبہ پر قائم رہنے اور گناہوں سے مغفرت کے لیے ایک ہزار دو سو اکیاسی (۱۲۸۱) دفعہ ورد میں رکھنا چاہیے۔

''انسان کا کام تدبیر کرنا ہے نتیجہ مرتب کرنا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، لہٰذا رجوع الی اللہ کبھی نہ چھوڑیں''

سفر اور رزق کی بندش: کاروبار نہ چلنا، ملازمت کا نہ ملنا یا مل کر چھوٹ جانا، کاموں کے بنتے بنتے بگڑ جانا، بیرون ملک جانے میں رکاوٹ اور بندش کا سامنا۔

گھریلو مسائل: خاوند، بیوی اور بچوں میں ناچاقی اور طلاق تک نوبت۔

رشتوں کی بندش: جوان اولاد کے رشتے نہ ملنا، پسند نہ آنا یا پسند کے بعد انکار ہو جانا، منگنی کے بعد نکاح یا نکاح کے بعد رخصتی میں رکاوٹ۔

صحت کی بندش: بیماری کا علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہونا یا بار بار بیمار ہونا، تمام لیبارٹری ٹیسٹ کے درست ہونے کے باوجود بھی صحت کا بحال نہ ہونا۔

اولاد کی بندش: اولاد کا نہ ہونا یا پیدا ہو کر مر جانا، پیدائشی طور پر بچوں میں مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہونا، صرف لڑکیاں ہی پیدا ہونا، نرینہ اولاد کیلئے۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، بدزبانی، دیگر غلط عادات اور سوسائٹی کے شکار افراد۔

معاشرتی مسائل: قرض کی ادائیگی، کسی شخص کا جائز کام میں رکاوٹ بننا، قرض واپس نہ کرنا، دشمن ہو جانا، پیسے یا چیزیں مثلاً دکان، مکان پر قبضہ کر لینا وغیرہ۔

تدبیر ہماری تقدیر تمہاری

کشائش رزق، بندش کاروبار، بندش رشتہ و ہر قسم کی بندش اور تمام پریشانیوں کے حل کیلئے اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔

نوٹ ملاقات کیلئے فون پر وقت ضرور طے کر لیں

اب مولانا صاحب ہفتہ کے 7 دن مریضوں سے ملاقات کریں گے۔

طبیب روحانی وجسمانی
مولانا ڈاکٹر علی آفاق
(ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس)

خیروبرکت:۔
گھر، دکان، فیکٹری اور دفتر کی خیروبرکت کیلئے

Mobile: 0321-4168008
www.afaqspiritualclinic.com
facebook.com/afaqspiritualclinic
77/C، ماڈل ٹاؤن لاہور۔

القہار کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۳۰۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

ناجائز دوستی ختم کرانا ..... دشمنوں میں جدائی

اگر دو شخصوں میں یا کسی مرد عورت میں ناجائز محبت ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو یا دو افراد مل کر کسی دوسرے کو نقصان پہنچانا چاہتے ہوں یا شرارت کر کے تنگ کرتے ہوں تو ان کے درمیان جدائی پیدا کرنا ضروری ہے تاکہ وہ آئندہ کسی قسم کی شرارت نہ کر سکیں۔ یہ نقش چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد لکھ کر کسی پلاسٹک یا شیشے کی بوتل یا ڈبیہ میں بند کر کے دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کر دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جدائی ہو جائے گی۔ شرط یہ ہے کہ جائز کام میں استعمال کرے۔ ناجائز کام میں استعمال کرے گا تو نقصان اٹھائے گا۔

یاقهار	ذالبطش	الشدید	انت الذی
ذالبطش	الشدید	انت الذی	لایطاق
الشدید	انت الذی	لایطاق	انتقامه
انت الذی	لایطاق	انتقامه	یاقهار

دشمن کو ذلیل کرنے کا عمل

جو شخص فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے (یعنی فجر کی دو سنتیں پڑھ کر یہ عمل کرے) سو (۱۰۰) مرتبہ گیارہ (۱۱) روز تک ''یَا قَهَّارُ'' پڑھے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل و خوار ہوگا۔

پریشانیوں سے چھٹکارا حاصل ہو

جو شخص کسی پریشانی میں مبتلا ہو، اسم ''یَا قَهَّارُ'' کو تعداد ابجد کے مطابق ہر نماز کے بعد پڑھے۔ حق تعالیٰ سبحانہ ہر مشکل کو آسان فرمائے۔

دشمن، دشمنی سے باز آئیں

جس کو دشمن پریشان کرتے ہوں، فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اعداد ملفوظی یعنی چار سو ننانوے (۴۹۹) مرتبہ پڑھے۔ دشمن، دشمنی سے باز آجائیں۔

حب دنیا سے نجات

ہر مہم کے لیے اس کو سو (۱۰۰) بار پڑھے، مہم آسان ہوگی۔ اگر اس پر مداومت کرے، دنیا کی محبت اس کے دل سے جاتی رہے۔

امراض اطفال

اگر کوئی بچہ شیر خوار نہایت دبلا ہو جیسے اکثر ام الصبیان کی وجہ سے بچوں کو سوکھا لگ جاتا ہے تو آدھ کلو سرسوں کا تیل لے کر سامنے رکھا جائے اور قبلہ رُو باوضو ہو کر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ''یَا قَهَّارُ'' پڑھ کر تیل پر دم کر دیا جائے۔ وہ تیل صبح و شام اکیس (۲۱) روز تک بچے کے جسم پر مالش کیا جائے۔ ان شاء اللہ بچہ جلد تندرست ہو جائے گا۔

برائے دفع سحر

اگر کوئی شخص سحر کی وجہ سے عورت پر قادر نہ ہو، یہ اسم پاک چینی کے برتن پر لکھ کر اس شخص کو دھو کر پلایا جائے۔ ان شاء اللہ سحر دفع ہوگا۔

حفاظت از شر نفس

مریدوں اور اہل ریاضت کے لیے بہت ضروری ہے۔ اس سے ان کا نفس مغلوب رہتا ہے۔ شہوت سے حفاظت رہتی ہے۔

''یَا قَهَّارُ'' کا عامل بننے کے لیے

اکابرین سے منقول ہے کہ ''یَا قَهَّارُ'' کا عامل بننے کے لیے روزانہ اس اسم مبارک کو بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) بار ورد میں رکھیں۔ چالیس (۴۰) دن کے بعد صرف ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ پڑھ لینا کافی ہے۔

نوٹ: ''یَا قَهَّارُ'' کا عمل بہت جلالی عمل ہے۔ اس کے عامل سے جنات بہت ڈرتے ہیں۔ بغیر اجازت و نگرانی کے عمل نہ کریں۔

اَلوَھَّابُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۴	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

قرض سے نجات، آمدنی میں اضافہ و مسلسل خیر و برکت

نمازِ عشاء کی سنت و نفل پڑھ کر وتر سے پہلے اول درود شریف گیارہ بار پڑھیں، پھر چودہ سو (۱۴۰۰) بار ''یَاوَھَّابُ'' پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔ اس عمل کی برکت سے قرض سے نجات حاصل ہوگی۔ آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ گھر میں خیر و برکت ہوگی۔

فقر و فاقہ دور کرنا

جو شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور قرض میں بندھا ہوا ہو اور طرح طرح کے مسائل کا شکار ہو تو اسے چاہیے کہ چاشت کی نماز میں آخری سجدے میں چالیس (۴۰) بار ''اَلْوَھَّابُ'' پڑھے۔ اگر چالیس (۴۰) دن تک پابندی کے ساتھ یہ عمل کرتا رہے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ فقر و فاقہ سے نجات حاصل ہو گی اور اللہ تعالیٰ اسے اتنا دیں گے کہ مخلوق سے بے نیاز ہو جائے گا۔ عمل شرط ہے۔

رزق کے دروازے کھولنا

جو شخص رزق کی کمی کا شکار ہو یا روزگار کے سلسلے میں پریشان ہو، وہ شخص باوضو بعد نمازِ فجر اسم مبارک ''یَاوَھَّابُ'' کو تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل چالیس (۴۰) دن کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس شخص پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

غربت دور کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص غریب ہو اور گھر میں غربت کا راج ہو، کھانے پینے میں تنگی ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو ''یَاوَھَّابُ'' تین سو (۳۰۰) مرتبہ آدھی رات کو گھر کے صحن میں کھڑے ہو کر پڑھے۔ چالیس (۴۰) دن عمل کرنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی غربت دور ہو جائے گی۔

بے روزگاری کا خاتمہ

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور اسے ملازمت یا روزگار نہ ملتا ہو تو اس کے لیے یہ عمل بہت کامیاب ہے۔ چاند کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھے اور چاولوں کی سفید کھیر سے روزہ افطار کرے۔ عشاء کی نماز تک کوئی نمکین چیز نہ کھائے۔ عشاء کی نماز کے بعد باوضو چودہ مرتبہ درود شریف اس کے بعد ''یَاوَھَّابُ'' چار ہزار ایک سو (۴۱۰۰) مرتبہ، اس کے بعد چودہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کو ملازمت مل جائے گی۔

ہر حاجت پوری ہو

اگر کوئی حاجت پیش آ گئی ہو تو آدھی رات کو اٹھ کر وضو کر کے تین سجدے کرے۔ پھر ہاتھ اٹھا کر ایک سو (۱۰۰) بار ''یَاوَھَّابُ'' پڑھے۔ تین روز مسلسل بلاناغہ یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے ہر حاجت پوری ہو جائے گی۔

غربت سے نجات..... مالدار ہو جائے

اگر کوئی شخص غریب ہے اور غربت سے نجات نہیں ملتی بلکہ روز بروز اس میں اضافہ ہوتا جاتا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ کسی طرح نجات مل جائے تو اس کا آسان عمل یہ ہے کہ دن کے دس بجے تازہ وضو کرے۔ پھر چار رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجت ادا کرے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدے میں جائے اور ایک سو چار (۱۰۴) مرتبہ ''یَاوَھَّابُ'' پڑھے۔ ہر مہینے میں سات مرتبہ یہ عمل کر لیا کرے تو اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ چند ماہ میں مالدار ہو جائے گا اور غربت دور ہو جائے گی۔ رزق میں خوب برکت ہوگی۔

تنگ دستی اور قرض سے نجات

بعد نمازِ عشاء، تنہا بیٹھ کر ''یَاوَھَّابُ'' چودہ سو چودہ (۱۴۱۴) بار پڑھ کر یہ دعا ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھا کریں۔ دعا یہ ہے: ''یَاوَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَھَّابُ''۔ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ہو۔

اَلرَّزَّاقُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۳۰۸	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

نوکری کی تلاش

جو شخص روزگار کے سلسلے میں پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ جلد نوکری لگ جائے یا نوکری سے برخاست کر دیا گیا ہو اور چاہتا ہو کہ جلد ملازمت بحال ہو جائے تو اسے چاہیے کہ اول تین روزے رکھے اور روزے کی حالت میں بعد نمازِ فجر اول سات بار یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

اس کے بعد دس ہزار (۱۰۰۰۰) مرتبہ روزانہ ''یَارَزَّاقُ'' پڑھے۔

اس کے بعد یہ درود شریف سات بار پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

پھر دعا کرے۔ یہ عمل تین دن تک کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ملازمت مل جائے گی یا ملازمت سے برخاست ہوا ہے تو ملازمت بحال ہو جائے گی۔

سال بھر فراوانی رزق کی لذت اٹھائے

نصف شعبان کی نصف شب میں اس اسم ''یَارَزَّاقُ'' کو تین ہزار اسی (۳۰۸۰) مرتبہ پڑھے اور اپنی انگوٹھی پر اسم مبارک کو کندہ کر کے دم کرے۔ سال بھر تک فراوانی رزق کی لذت اٹھائے۔

گھر اور کاروبار میں برکت

جو شخص گھر اور کاروبار میں برکت چاہے، وہ اپنے گھر کے چاروں کونوں میں اس اسم ''یَارَزَّاقُ'' کو بلحاظ ابجد پڑھ کر دم کرے مگر ابتدا دائیں ہاتھ کے گوشے سے کرے اور روز اس کا معمول بنا لے تو جو برکت اور بخشش ملے، وہ زمانہ دیکھے۔

کشادگی رزق

جو شخص نماز صبح سے قبل مکان کے چاروں کونوں میں دس دس (۱۰/۱۰) بار اسم مبارک ''یَارَزَّاقُ'' کو پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس پر رزق کی کشادگی فرمائیں گے۔ ان شاء اللہ، اس گھر میں کبھی رنج اور مفلسی نہ آئے گی۔ لیکن دائیں کونے سے شروع کرے اور منہ قبلہ کی جانب سے نہ پھیرے۔

وسعت رزق

جو کوئی ''یَارَزَّاقُ'' کو پانچ سو پینتالیس (۵۴۵) مرتبہ پڑھے، رزق اس کا کشادہ ہو اور کوئی دشواری اور درماندگی نہ دیکھے۔

ملاقات خضر علیہ السلام

اگر ہزار بار تنہائی میں ''یَارَزَّاقُ'' پڑھے تو ان شاء اللہ خضر علیہ السلام سے ملاقات حاصل ہو لیکن شرط ہے کہ روزی وجہ حلال سے پیدا کر کے کھائے۔

فہم ختم نبوت، خط و کتابت کورس

سکول و کالجز و دینی مدارس کے طلباء و طالبات نیز تمام خواتین و حضرات کیلئے شاندار موقع

داخلہ جاری ہے (داخلہ بذریعہ ایس ایم ایس بھی ہو سکتا ہے) مفت

خط و کتابت کے ذریعے گھر بیٹھے عقیدۂ ختم نبوت سے مکمل آگاہی اور منکرین ختم نبوت کے عقائد و نظریات سے واقفیت حاصل کریں۔ داخلہ کیلئے سادہ کاغذ پر اپنا نام، ولدیت، تعلیم و پیشہ، فون نمبر اور ڈاک کا مکمل پتا لکھ کر ارسال کریں ایک لفافہ میں صرف ایک ہی درخواست بھیجیں۔ کورس مکمل کرنے پر ایک خوبصورت سند، جبکہ نمایاں کارکردگی پر شرکاء کو خصوصی تحائف دیئے جائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

رابطہ: دفتر مجلس احرارِ اسلام
جامع مسجد سیدنا ابوبکر صدیقؓ
محلہ صدیق اکبر تلہ گنگ (غرب) ضلع چکوال

فون/فیکس: 0543-412201
ڈاکٹر محمد عمر فاروق 0300-5780390
(مولانا) تنویر الحسن 0300-4716780

اَلفَتَّاحُ کے خواص و اعمال

اعداد ابجد: ۴۸۹	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

دست غیب کا عمل

نیا چاند دیکھ کر بروز جمعرات دو سو روپے کا سرسوں کا تیل لے کر بعد نماز عشاء نہا دھو کر پاک وصاف کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر اور ایک نیا اور کورا چراغ (وہ مٹی کا دیا جو کمہار کی دوکان سے لیا گیا ہو لیکن اس کو پانی سے دھویا نہ گیا ہو بلکہ مٹی وغیرہ کو کپڑے سے صاف کیا گیا ہو، کورا چراغ کہلاتا ہے) لے کر روئی کی بتی بنا کر اس چراغ میں رکھ کر اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر چراغ جلائے۔ ایک پاک وصاف مصلے (نماز پڑھنے کی دری یا قالین) لے کر اس مصلّہ کے چاروں کونوں کے نیچے ایک ایک ٹھیکری (پھوٹے ہوئے مٹکے، صراحی کے ٹکڑے) رکھ دے اور ایک ٹھیکری اپنے سامنے مصلّہ کے نیچے سجدے کی جگہ رکھے۔ اس کے بعد سامنے مصلّہ کے نیچے والی ٹھیکری سب سے پہلے نکال کر اس پر ''حضرت ابراہیم علیہ السلام'' لکھے۔ اس مصلّہ کے سیدھی (دائیں طرف والی) طرف کونے کی ٹھیکری پر ''حضرت جبرائیل علیہ السلام'' لکھے۔ اس کے بعد مصلّہ کے سامنے بائیں طرف کونے کی ٹھیکری پر ''حضرت میکائیل علیہ السلام'' لکھے۔ اس کے بعد پچھلے حصے کی بائیں جانب کونے کے نیچے کی ٹھیکری پر ''حضرت اسرافیل علیہ السلام'' لکھے۔ اس کے بعد مصلّہ کے پچھلے حصے کے دائیں جانب کونے کے نیچے کی ٹھیکری پر ''حضرت عزرائیل علیہ السلام'' لکھے۔ اس کے بعد اوّل آخر تین تین بار درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

پڑھے۔ درمیان میں سات ہزار سات سو ستتر (۷۷۷۷) مرتبہ ''یَافَتَّاحُ'' پڑھے۔ یہ عمل مسلسل بلاناغہ اکیس (۲۱) دن پڑھے۔ اکیس دن کے بعد روزانہ سات سو (۷۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ جو نصیب میں ہوگا، مصلّٰی کے نیچے سے ملے گا اور آئندہ ملتا رہے گا۔ یہ راز ہے کسی پر ظاہر نہ کرے ورنہ آمد بند ہو جائے گی۔ دوسری بات گناہوں سے بچنا، جھوٹ، چغلی، غیبت، حرام مال کھانا یا یہ رقم حرام کام میں صرف کرنا یا بے جا خرچ کرنا، جھوٹ سے پرہیز کرنا ہے۔ ورنہ یہ فیض بند ہو جائے گا۔

لڑکیوں کی شادی کا پیغام آئے اور رکاوٹ دور ہو

جس لڑکی کی شادی کا پیغام نہ آتا ہو یا اس کی شادی میں رکاوٹ ہو تو اس کی شادی کے لیے تہجد کی نماز پڑھ کر دعا مانگے اور لڑکی کے دائیں بازو پر یہ تعویذ بندھوا دیں۔ تعویذ یہ ہے:

تعویذ کی چال یہ ہے

۱۳	۹	۵	۱
۳	۷	۱۱	۱۵
۱۰	۱۴	۲	۶
۸	۴	۱۶	۱۲

۷۸۶

ح	ا	ت	ف
ف	ت	ا	ح
ا	ح	ف	ت
ت	ف	ح	ا

اہم ضرورت پوری ہو

کوئی سخت ضرورت پیش ہو اور پریشانی کا عالم ہو تو اس صورت میں بعد نمازِ عشاء سو (۱۰۰) مرتبہ ''یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ'' پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرورت پوری ہوگی۔

دفع نسیان

اگر مرض نسیان ہو تو اس کے دفعیہ کے لیے ستر (۷۰) بار اس اسم پاک ''یَافَتَّاحُ'' کا پڑھنا سریع التاثیر ہے۔

اَلْعَلِیْمُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۵۰	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

رزق کی زیادتی اور رزق میں برکت

بعض مرتبہ انسان تنگی رزق کا شکار ہو جاتا ہے۔ چاہے کتنا ہی کما لے لیکن قرض سے چھٹکارا نصیب نہیں ہوتا۔ طرح طرح کے تفکرات اس کو سنبھلنے نہیں دیتے۔ وہ جتنا کماتا ہے، اس سے زیادہ خرچ ہو جاتا ہے۔ اس کے لیے یہ عمل بہت مفید اور کار آمد ہے۔ مغرب کی نماز کے بعد باوضو ''یَاعَلِیْمُ'' دوسو بیالیس (۲۴۲) بار پڑھا کرے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی ضرور پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں خوب برکت ہوگی اور روزی کے دروازے کھل جائیں گے۔

حفظ قرآن پاک مضبوط ہو

جو طالب علم قرآن مجید یاد کرنے کے دوران بھول جاتے ہو، وہ ''یَاعَلِیْمُ'' ایک سو پچاس (۱۵۰) بار بعد از نمازِ فجر پڑھ کر قلب پر دم کر لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حفظ مضبوط ہو جائے گا۔

ذہن کھل جائے

ہر نماز کے بعد ''یَاعَلِیْمُ'' اکیس (۲۱) بار پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ذہن کھل جائے گا۔

امتحان میں کامیابی ملے

روزانہ ''یَاعَلِیْمُ'' ڈیڑھ سو (۱۵۰) مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھ کر دعا کیا کریں۔ امتحان کے روز اس کی کثرت بلا تعداد رکھیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

امتحان میں سہولت اور آسانی ہو

کمرۂ امتحان میں سہولت اور آسانی اور یکسوئی کے لیے ''یَاعَلِیْمُ'' کثرت سے پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ گھبراہٹ دور ہوگی۔

علم میں بے پناہ اضافہ

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک ''یَاعَلِیْمُ'' کو ہر فرض نماز کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ پڑھنے کی عادت ڈالے تو اللہ تعالیٰ اس کے علم میں بے پناہ اضافہ کر دیں گے اور علوم باطن منکشف ہوں گے۔

خواب میں نیک وبد کی رہنمائی

اگر کوئی شخص استخارہ کی نیت سے شب جمعہ میں عشاء کی نماز کے بعد دو نفلیں پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر سجدے میں جا کر ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ ''یَاعَلِیْمُ'' پڑھے۔ پھر کسی سے بات کئے بغیر سو جائے تو اسی رات پورا پورا حال اس پر منکشف ہوگا اور مقصد کے نیک وبد ہونے میں منجانب اللہ رہنمائی ہوگی۔

اپنی، اپنے گھر والوں کی..... اپنی دکان، دفتر، گھر اور اپنی کسی بھی جگہ کی تشخیص خود کریں

روحانی تشخیص کرنا ہر شخص کو آنا چاہیے تاکہ بروقت پتہ لگ سکے کہ جادو یا جنات کا معاملہ ہے یا نہیں۔ تاکہ جعلی اور فراڈ قسم کے عاملین سے بچا جا سکے۔ اس کے لیے روحانی درسگاہ کی طرف سے فرد اور جگہ کی تشخیص کرنے کے طریقے مکمل تفصیل کے ساتھ ویب سائٹ پر موجود ہیں۔ جو افراد کرنا چاہیں، وہ درج ذیل لنک پر جائیں اور مین پیج (main page) پر ہی دونوں طرح کی تشخیص کے طریقوں سے فائدہ اٹھائیں۔ مزید راہنمائی درکار ہو تو اعتماد کے ساتھ ''روحانی درسگاہ'' سے رابطہ فرمائیں۔

تشخیص کے طریقے کے لیے -- darulamal.org

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

اَلقَابِضُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۹۰۳	عنصر: بادی	طبیعت: جلالی

بھوک سے محفوظ

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص چالیس (۴۰) دن تک چار نوالوں پر "یاقابض" لکھ کر کھائے گا، وہ ہمیشہ بھوک سے محفوظ رہے گا۔

جادو، جن، بھوت اور بددعا کا اثر نہ ہو

جو شخص صبح اور مغرب کی نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ "یَا قَابِضُ" پڑھے گا، کوئی جادو اس پر اثر نہیں کرے گا اور کسی کی بددعا اس پر اثر انداز نہیں ہوگی اور کبھی جن اور بھوت کا اثر بھی اس پر نہیں ہوگا۔ ہر ایک قسم کی بالائی بلاؤں کو دفع کرنے میں یہ اسم دراصل اعظم کی حیثیت رکھتا ہے اور یہ اسم، عجیب التاثیر اسم ہے۔

دشمنوں کی مکاری اور ضرر رسانی سے حفاظت

اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کو روزانہ ایک سو اسی (۱۸۰) مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے تو دشمنوں کی مکاری اور ضرر رسانی سے محفوظ رہے۔

بدکار عورت کی اصلاح

ایسی عورت جو بدچلن اور آوارہ ہو اور خاوند کے لیے دل آزاری کا سبب بنتی ہو۔ اس کی اصلاح کے لیے یہ عمل ہے کہ روزانہ بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کرے۔ لگاتار چالیس (۴۰) دن تک پلائیں۔ اگر نہ پلا سکیں تو عورت اور اس کی ماں کا نام لکھ کر اس پانی میں یہ پرچہ رکھ کر پانی کسی بہتے ہوئے پانی میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ وہ عورت بدکاری سے محفوظ ہو جائے گی۔

برائے حب

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی بیوی، بہن بھائی، والد، والدہ اس سے خوش ہو جائیں اور محبت کرنے لگیں تو چاہیے کہ اول اکیس (۲۱) بار درود شریف پڑھے۔ درمیان میں یہ الفاظ تین سو (۳۰۰) بار پڑھے:

یَا قَابِضُ اَقْبِضْ ثُمَّ قَبَضْنَاهُ اِلَیْنَا قَبْضًا یَّسِیْرًا

آخر میں اکیس (۲۱) مرتبہ درود شریف۔ اکتالیس (۴۱) روز پابندی سے عمل کرے۔ منہ مطلوب کے گھر کی طرف کرے یا گھر میں پڑھے تو متعلقہ شخص کا تصور کر کے پڑھے۔

تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لیے کرے۔ ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا بلکہ نقصان اٹھائے گا۔

حمل گرنے سے محفوظ رہے

پیٹ پر یہ تعویذ باندھا جائے۔

یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض
یاقابض	یاقابض	یاقابض
اللہ الذی رفع السموات بغیر عمدٍ ترونھا		

تحفظ از سحر

اگر کوئی فجر و مغرب کی نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ "یَا قَابِضُ" ہمیشہ پڑھے، کوئی جادو اس پر اثر انداز نہ کرے گا، اس کے لیے کسی کی بددعا مؤثر نہ ہوگی اور جن، بھوت اور آسیب کا اثر نہ ہو۔ ہر قسم کی مصیبت و بلا کو دفع کرنے کیلئے یہ نام اسم اعظم ہے اور نہایت عجیب الاثر ہے۔

"یَا قَابِضُ" کا عامل بننے کا طریقہ

"یَا قَابِضُ" کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ اس اسم مبارک کو گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے اور لگاتار سو (۱۰۰) دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ عامل ہو جائے گا اور پھر اس اسم کے ہر عمل میں مکمل کامیابی ملے گی۔

تسہیل المشکلات

اس اسم پاک "یَا قَابِضُ" کا ورد کرنے سے مشکلات آسان ہوتی ہیں۔ قوت و ہیبت میں اضافہ ہوتا ہے۔

اَلْبَاسِطُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۷۲	عنصر: بادی	طبیعت: جمالی

کسی کا محتاج نہ ہو

اکابرین نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم مبارک کو بہتر (۷۲) مرتبہ پڑھ کر ہر فرض نماز کے بعد اپنے ہاتھوں کو اپنے چہرے پر مل لیا کرے تو وہ کبھی کسی کا محتاج نہیں ہوگا۔

بداخلاق خاوند کی اصلاح کرنا

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس عورت کا خاوند بداخلاق، آوارہ اور بدمزاج ہو۔ وہ عورت اگر تین سو (۳۰۰) مرتبہ ''یَابَاسِطُ'' پڑھ کر پانی پر دم کر کے خاوند کو پلادے یا کھانے کی کسی چیز میں ملادے اور تین دن تک لگاتار اس عمل کو جاری رکھے تو شوہر کی بداخلاقی اور آوارگی رفع ہوگی اور فوری طور پر اس میں کمی پیدا ہوجائے گی۔ ان شاءاللہ۔

رزق کی فراخی کے لئے

رزق کی فراخی کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) بار ''یَابَاسِطُ'' پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر رزق کی فراخی کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تھوڑے رزق میں برکت ہوگی اور رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ یہ عمل بعد نماز عشاء کرے۔

روزگار میں ترقی

اگر کوئی شخص روزگار کے سلسلہ میں پریشان ہو یا آمدنی میں کمی کی وجہ سے گزارہ مشکل ہوتا ہے تو اس کے لیے مندرجہ ذیل اسم ''یَابَاسِطُ'' باوضو ایک ہزار اکیاسی (۱۰۸۱) بار بعد نماز عشاء روزانہ پڑھے۔ اول وآخرہ گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل بلاناغہ روزانہ وقت مقررہ پر پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بے روزگار ہے تو روزگار کا انتظام ہوجائے گا اور روزگار میں برکت اور ترقی چاہتا ہے تو وہ بھی حاصل ہوگی۔

برائے دردسر

''یَابَاسِطُ'' مریض کی پریشانی پر انگلی سے بغیر روشنائی کے لکھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ سر درد سے آرام ہوگا۔

برائے رزق در جومات مع الفتوحات

اول وآخر گیارہ (۱۱) گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف درمیان میں سورۂ یٰسین پڑھے اور پہلے مبین پر پہنچ کر بہتر (۷۲) بار ''یَابَاسِطُ'' پڑھے۔ پھر شروع سے پڑھے۔ دوسرے مبین پر پہنچے تو بہتر (۷۲) بار ''یَابَاسِطُ'' پڑھے۔ اسی طرح سات مبین پر ہر بار ''یَابَاسِطُ'' بہتر (۷۲) بار پڑھے۔ بلاناغہ یہ وظیفہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق وسیع ملے گا اور مخلوق خدا کا رجوع ہوگا۔

قرض سے نجات ملے

قرض سے نجات کے لیے ''یَابَاسِطُ'' بہتر (۷۲) مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا کریں۔ ان شاءاللہ تعالیٰ حسب وعدہ قرض ادا ہوگا۔

تنگی معاش سے نجات

بعد از فجر اول آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کے گیارہ سو (۱۱۰۰) دفعہ ''یَابَاسِطُ'' کا ورد کریں۔ اس عمل میں ناغہ نہ آنے دیں اور بعد از ذکر اپنی مشکل کے حل کے لیے اللہ سے دعا کریں۔

اللہ تعالیٰ روزی کے دروازے کھول دیں

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ ''یَابَاسِطُ'' کا ایک خصوصی عمل دست غیب کے دروازے کھول دیتا ہے اور بارہا کا آزمودہ ہے۔

خاوند کی بداخلاقی سے تحفظ

خاوند بداخلاق وبدمزاج ہو تو عورت یہ اسم پاک ''یَابَاسِطُ'' تین سو (۳۰۰) دفعہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے یا کھلائے اور تین روز عمل کرے، وہ کبھی بداخلاقی نہ کرے گا۔

اَلْخَافِضُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۴۸۱	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

دشمن پر فتح پانا

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص تین روزے رکھے اور چوتھے دن بعد نمازِ عشاء سات ہزار (۷۰۰۰) مرتبہ اس اسم کو پڑھے تو دشمن پر فتح پائے۔

دشمن ذلیل وخوار کرنے کا خاص عمل

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ ''یَاخَافِضُ'' کو ایک ہزار چار سو اکیاسی (۱۴۸۱) مرتبہ چالیس دن تک کوئی پڑھے تو اس کا دشمن ذلیل وخوار ہوگا اور اس کو اپنے بُرے ارادوں میں ہرگز ہرگز کامیابی نصیب نہیں ہوگی۔

دشمن کو زیر کرنے کا عمل

بعد نمازِ عصر ''یَاخَافِضُ'' پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ دشمن پر غالب آئے گا۔ مجرب ہے۔

لڑکی کو بُرے آدمیوں سے بچانے کا کام

اگر کوئی بُرا آدمی کسی شریف لڑکی کے پیچھے پڑ جائے اور اس کی عزت کے درپے ہو تو ''یَاخَافِضُ'' کو لگاتار گیارہ (۱۱) دن تک سورج غروب ہونے سے کچھ دیر پہلے آٹھ ہزار آٹھ سو چھیاسی (۸۸۸۶) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ گیارہ (۱۱) دن کے اندر اندر اس کی خباثتوں سے نجات مل جائے گی۔

''یَاخَافِضُ'' کی زکوٰۃ ادا کرنا

زکوٰۃ ادا کرنے سے عمل میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے بہت زیادہ تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ''یَاخَافِضُ'' کو روزانہ باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) بار پڑھیں اور بلاناغہ اکتالیس (۴۱) دن تک مسلسل پڑھیں۔ چلّہ پورا کرنے کے بعد اس اسم کو روزانہ باوضو ایک سو بار (۱۰۰) پڑھ لیا کریں تاکہ عمل قابو میں رہے۔

اَلرَّافِعُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۳۵۱	عنصر: بادی	طبیعت: جمالی

عظیم مرتبے کا حصول..... دشمن کے خوف سے نجات

اگر کوئی شخص اس اسم کو روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھے تو عظیم مرتبہ حاصل ہو اور دشمنوں کا خوف دل سے نکل جائے۔

مخلوقِ خدا میں معزز بننا

جو چاہے کہ وہ مخلوقِ خدا میں معزز ہو، ہستی اس کی ولیوں میں گنی جائے، وہ تہجد کی پابندی کرے اور اس اسم پاک کو کلمہ ندا ''یا'' کے اضافے کے ساتھ خلوص نیت سے تین ہزار پانچ سو دس (۳۵۱۰) مرتبہ پڑھے۔ بہت جلد اپنا مرتبہ اپنی آنکھوں سے دیکھے۔

حصولِ مراد

جو شخص ۱۲، ۱۳، ۱۴ کے دن کو روزہ رکھے اور رات میں ستر ہزار (۷۰۰۰۰) بار تلاوتِ اسم کرے، وہ شخص حصولِ مراد کو پہنچے۔

رزق کی فراخی

اگر ہر قمری ماہ کی چودھویں شب میں آدھی رات کے وقت سو بار (۱۰۰) بار ''اَلرَّافِعُ'' کی تلاوت کی جائے۔ اللہ تعالیٰ اسے تونگری عطا فرمائیں اور مخلوق سے بے نیاز فرمائیں۔

خوف حاکم نہ رہے

اگر کوئی شخص کسی حاکم یا بڑے شخص کے سامنے جانے سے ڈرتا ہو وہ تین (۳) دن تک تین ہزار (۳۰۰۰) دفعہ ''یَارَافِعُ'' پڑھے اور پھر حاکم کے سامنے جائے۔ ان شاء اللہ حاکم عزت سے اور شفقت سے پیش آئے گا۔

اَلْمُعِزُّ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۱۷	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

عورت کی سسرال میں بہت عزت ہو

اگر کسی عورت کی، اس کی سسرال میں قدر نہ ہو اور بات بات پر اس کو ذلیل کیا جاتا ہو تو اس کو چاہیے کہ ایک گلاس پانی پر ''یَامُعِزُّ'' تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پی لے اور اس عمل کو لگاتار چالیس (۴۰) دن تک جاری رکھے۔ ان شاء اللہ، اس عمل کی برکت سے تمام خاندان کی نظروں میں وہ محبوب و مقبول ہو جائے گی۔ اور ہر فرد و بشر اس کی عزت کرنے پر مجبور ہوگا۔

المعز کے عامل بنیں

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس اسم مبارک کا عامل بن جائے تو وہ اس اسم کو تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھے اور چالیس دن کے بعد ایک سو سترہ (۱۱۷) مرتبہ روزانہ ہمیشہ پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی اور پھر اس اسم مبارک کا نقش جسے بھی دے گا، اس کو عزت و توقیر حاصل ہوگی۔

روزی با فراغت اور روزی میں برکت

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ با فراغت روزی ملتی رہے اور روزی میں خوب برکت ہو تو اس کے لیے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں گیارہ سو (۱۱۰۰) بار ''یَامُعِزُّ'' پڑھ کر با فراغت اور برکت والی روزی کی دعا کیا کرے۔ یہ عمل عشاء کی نماز کے بعد باوضو کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ فراغت اور برکت نصیب ہوگی۔

مخلوق میں معزز ہو

اگر کوئی شخص پیر یا جمعہ کے دن بعد نماز مغرب ایک سو چالیس (۱۴۰) بار ''یَامُعِزُّ'' پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا کر دے گا اور وہ لوگوں کی نظروں میں عزیز ہوگا۔

اَلْمُذِلُّ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۷۷۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

دشمنوں کے خوف سے نجات

اگر کسی شخص کو دشمنوں سے خوف ہو تو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر سلام پھیرنے کے بعد سجدے میں جا کر ''یَامُذِلُّ'' سات سو ستر (۷۷۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ اس کے دل سے دشمنوں کا خوف نکل جائے گا اور وہ امن و امان میں رہے گا۔

ظالم یا کافر کا غرور توڑنا

اگر کسی ظالم یا کافر کا غرور توڑنا ہو اور اس کو ذلیل و خوار کرنا ہو تو سات مرتبہ ''یَامُذِلَّ کُلَّ جَبَّارٍ عَنِیْد'' پڑھ کر ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ''یَامُذِلُّ'' پڑھیں اور ظالم و کافر کی ذلت و خواری کی دعا کریں۔ اس عمل کو سات (۷) روز تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ وہ ظالم و کافر انسان ذلت و پسپائی سے ہمکنار ہوگا اور اس کا غرور ٹوٹ کر رہے گا۔ اپنے نفس کی آگ بجھانے کے لیے یہ عمل نہ کیا جائے۔

حاکم یا افسر کی زبان بند کرنے کا دم

اگر کوئی شخص کسی حاکم یا افسر سے پریشان ہو تو چالیس (۴۰) دن تک اس اسم مبارک کا ورد روزانہ چھ ہزار دو سو پچاس (۶۲۵۰) مرتبہ کرے۔ ان شاء اللہ افسر کی زبان بندی ہو جائے گی۔

نفسیاتی خواہشات کو کنٹرول کرنے کا دم

اگر کسی کو نفسانی خواہشات بہت زیادہ پریشان کرتی ہوں تو اس کو چاہیے کہ ایک گلاس پانی پر روزانہ سات سو ستر (۷۷۰) مرتبہ ''یَامُذِلُّ'' پڑھ کر دم کر کے پی لیا کرے۔ ان شاء اللہ خواہشات کنٹرول میں آجائیں گی۔

اسماء الحسنیٰ نمبر
darulamal.org/ruhanishop/sale/agarbatti.htm

اَلسَّمِیْعُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۸۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

دعا قبول ہوگی

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر جمعرات کے دن چاشت کے وقت کوئی شخص پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ ''اَلسَّمِیْعُ'' پڑھ کر دعا کرے گا تو دعا ضرور قبول ہوگی۔

بہرا پن کو ختم کرنے کا دم

اگر کوئی شخص ہر فرض نماز کے بعد اس اسم مبارک ''یَاسَمِیْعُ'' کو گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو تمام عمر بہرے پن کی بیماری سے محفوظ رہے گا۔

بواسیر کو ختم کرنے کا دم

اگر بواسیر کا مرض ختم نہ ہوتا ہو تو دوا پر بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھ کر دم کردیں۔ اس کے بعد دوا کا استعمال وقت مقررہ پر کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ بواسیر ختم ہوگی۔

سماعت (اونچا سنائی دینا یا کم سنائی دینا) کا علاج

اگر کوئی شخص اپنی کمزور سماعت کے باعث پریشان ہو یا اسے اونچا سنائی دیتا ہو تو روغن بادام (بادام کے تیل) پر باوضو پانچ سو (۵۰۰) بار ''یَاسَمِیْعُ'' پڑھ کر دم کریں۔ پڑھنے سے قبل بسم اللہ الرحمن الرحیم ایک مرتبہ ضرور پڑھ لیں۔ اور عمل پڑھنے کے بعد ایک بار صلی اللہ علیہ وسلم کہہ دیں۔ پھر تیل پر دم کردیں اور اس تیل کو حفاظت سے رکھ لیں۔ اس تیل کا سوتے وقت، ایک ایک قطرہ دونوں کانوں میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہرے پن کی شکایت دور ہوجائے گی۔

ف: یہ بات یاد رکھیں کہ تیل ڈالنے سے قبل اسے ذرا سا گرم کرلیں اور نیم گرم ڈالیں۔

کان کے درد کا علاج

اگر کسی شخص کے کان میں اکثر درد رہتا ہو تو اس کے لیے باوضو اکیس (۲۱) مرتبہ ''یَاسَمِیْعُ'' پڑھ کر مریض کے کان میں پھونک دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ درد ٹھیک ہوجائے گا۔

دعا کی قبولیت

جو شخص ہر نماز کے بعد ''یَاسَمِیْعُ'' ایک سو اسی (۱۸۰) مرتبہ پڑھے، جو دعا مانگے وہ مقبول ہو۔

تسخیر خلائق

جس شخص کی خواہش ہو کہ وہ قابل عزت ہو وہ ''یَاسَمِیْعُ'' کے نقش کو شرفِ قمر میں انگوٹھی میں کندہ کرکے پہنے۔ لوگ اس پر ہجوم کریں۔

قبولیت دعا

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص جمعرات کے دن چاشت کی نماز کے بعد ''یَاسَمِیْعُ'' پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھے اور وظیفہ کے دوران کوئی بات نہ کرے۔ وظیفہ کے اختتام پر جو دعا مانگے گا وہ ان شاء اللہ، قبول ہوگی۔

کان کی تکلیف رفع ہو

اگر کسی شخص کے کان میں درد ہو یا کوئی پھنسی کان کے اندر پیدا ہوئی ہو جس سے تکلیف ہو تو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ''یَاسَمِیْعُ'' پڑھے اور روئی پر دم کرکے کان میں رکھ لے۔

''یَاسَمِیْعُ'' کا عامل بننے کے لیے

چالیس (۴۰) دن دس ہزار (۱۰۰۰۰) مرتبہ پڑھنے سے زکوٰۃ ادا ہوگی۔

ذاکر کی ہر دعا قبول ہو

اگر اس اسم پاک ''یَاسَمِیْعُ'' کو اس کے اعداد ''۱۸۰'' کے مطابق روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھتا رہے تو اس کا ذاکر ہوجائے۔ جو دعا مانگے قبول ہو۔

اَلْبَصِیْرُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۳۰۲	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

بینائی کی دولت سے محروم نہ ہو

ہر فرض نماز کے بعد ''یَابَصِیْرُ'' پڑھنے والا کبھی بینائی کی دولت سے محروم نہیں ہوتا۔

ناگہانی آفت سے حفاظت رہے

اگر عصر کی نماز کے بعد تینتیس (۳۳) مرتبہ اس اسم کا ورد کیا جائے تو ورد کرنے والا ناگہانی آفت سے محفوظ رہتا ہے۔

سفید موتیے سے حفاظت..... سفید موتیے کا آپریشن کامیاب

بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص چالیس (۴۰) دن تک گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھنے کے بعد اس اسم کو ہمیشہ گیارہ (۱۱) مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے تو سفید موتیے کی بیماری سے محفوظ رہے۔

اگر سفید موتیا آنکھوں میں خدانخواستہ پیدا ہو جائے تو آپریشن سے پہلے بکثرت ''یَابَصِیْرُ'' پڑھنے سے آپریشن کامیاب ہو جاتا ہے اور سفید موتیے سے نجات مل جاتی ہے۔

آنکھوں کی بینائی تیز ہو اور قائم رہے

اگر کسی کو آنکھوں سے کم دکھائی دیتا ہو یا آنکھوں کی بینائی کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو بعد نماز عشاء باوضو تین بار ''یَابَصِیْرُ'' پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی انگلیوں پر دم کر کے انہیں اپنی آنکھوں پر پھیر لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بینائی تیز ہو جائے گی اور قائم رہے گی۔ یہ عمل ناغہ کر کے کرنا یا چھوڑ دینا نہیں ہے بلکہ ہمیشہ کرتا رہے تب ہی فائدہ ہوگا۔

نظر کی کمزوری سے محفوظ رہنا

جو شخص کتاب پڑھنے سے پہلے پانچ (۵) مرتبہ ''یَابَصِیْرُ'' پڑھ کر شروع کرے، اس کی نظر نہ کمزور ہو۔

ناگہانی موت سے تحفظ

اگر کوئی اس اسم پاک ''یَابَصِیْرُ'' کو نماز عصر کے بعد سات مرتبہ پڑھے گا، اس رات دن میں ان شاء اللہ ناگہانی موت سے محفوظ رہے گا اور عصر کے بعد ہمیشہ پڑھنے والا شخص ساری عمر آفت اور ناگہانی موت سے بچا رہے گا۔

اللہ کی عنایات

جو کوئی اس اسم پاک ''یَابَصِیْرُ'' کو نماز فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے پورے اعتقاد سے تین سو دو (۳۰۲) مرتبہ پڑھے گا اور اس پر ہمیشہ کاربند رہے گا، اللہ تعالیٰ کی خاص عنایت اس پر رہے گی۔ اور دونوں جہانوں میں اس کی مرادیں پوری ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ اس کے دل کو ہدایت سے منور فرمائیں گے۔

بینائی تیز ہو

جو شخص نماز جمعہ کے بعد اس اسم ''یَابَصِیْرُ'' کو سو (۱۰۰) بار پڑھے گا، نگاہوں میں روشنی پیدا ہو اور نیک اعمال کی توفیق ہو۔

آنکھوں سے پانی بہنا

جس شخص کی آنکھوں میں پانی اترنا شروع ہو جائے اور آئندہ کے لئے حالت خطرناک معلوم ہوتی ہو، وہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار اسم مبارک ''یَابَصِیْرُ'' پڑھے اور اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چند دنوں میں آنکھوں میں پانی اترنا بند ہو کر شفا حاصل ہو گی لیکن ایسے شخص کو لازم ہے کہ اس عمل کو ہمیشہ کرتا رہے۔

''یَابَصِیْرُ'' کا عامل بنیں

اس اسم مبارک کا عامل بننے کے لیے چالیس (۴۰) دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کریں اور اکتالیسوے دن بچوں میں شیرینی تقسیم کریں۔ اس کے بعد آپ جس عمل کے لیے ''یَابَصِیْرُ'' کا استعمال کریں گے، کامیابی ملے گی۔

اَلْحَکَمُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۶۸	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

عقل وذہانت میں اضافہ

اسم پاک ''یَا حَکَمُ'' کو ہر نماز کے بعد ایک سو اڑسٹھ (۱۶۸) مرتبہ پڑھنا، عقل وذہانت میں اضافہ کرتا ہے۔

حصولِ عزت

''یَا حَکَمُ'' جو شخص اس کو زعفران اور گلاب سے لکھ کر شرف قمر میں پیئے اور پاس رکھے، اس کی عزت میں اضافہ ہو۔ گفتگو میں ایسی متانت اور شیرینی پیدا ہو کہ ایک عالم اس کا اسیر ہو جائے۔

محتاج نہ ہو

جو شخص نماز پنجگانہ کے بعد اس نام کو اسی (۸۰) دفعہ پڑھے گا۔ کبھی محتاج نہ ہوگا۔

باطن روشن ہو

جو کوئی اس اسم ''یَا حَکَمُ'' کو ٹھیک نصف شب کے وقت باوضو بیٹھ کر پڑھنا شروع کرے اور اس طرح پڑھے کہ پڑھتے پڑھتے بے ہوش ہو جائے۔ حق تعالیٰ اس کا باطن روشن فرمائے گا۔

دل کو محل اسرار وانوار بنادے

جو کوئی شخص اخیر شب میں باوضو ہو کر ننانوے (۹۹) مرتبہ ''یَا حَکَمُ'' پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کے دل کو محل اسرار وانوار بنادے گا۔ ان شاء اللہ

''یَا حَکَمُ'' کا عامل بننے کا طریقہ

اس اسم مبارک ''یَا حَکَمُ'' کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے۔ ڈھائی ہزار (۲۵۰۰) مرتبہ پڑھے اور لگاتار چالیس (۴۰) دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عامل بن جائے گا۔

اَلْعَدْلُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۰۴	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

نورانی صفات پیدا ہوں

جو شخص ہر شب جمعہ اکیس (۲۱) ٹکڑے روٹی پر ''یَا عَدْلُ'' لکھ کر کھائے، اس کے اندر نورانی صفات پیدا ہوں۔

دشمن ذلیل ہوں..... آسیب اور بلاؤں سے حفاظت

جو شخص صبح بعد نمازِ فجر، بنا گفتگو کیے، اس اسم ''یَا عَدْلُ'' کو دو ہزار تین سو ساٹھ (۲۳۶۰) مرتبہ پڑھے۔ دشمن اس کے ذلیل ہو، شر اس سے پناہ مانگے، آسیب اور بھوت اس کے قریب نہ آئیں۔ گھر میں بلائیں داخل نہ ہوں۔

ناانصافی کا خوف

جس شخص کو مقدمے میں حاکم یا منصف کی طرف سے ظلم یا ناانصافی کا اندیشہ ہو، وہ مقدمے کے دوران ہر روز تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ اسم مبارک ''یَا عَدْلُ'' پڑھ کر حاکم یا منصف کی طرف خیال کر کے دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ناانصافی نہیں ہوگی اور فیصلہ درست اور اس کے حق میں ہوگا۔

آسمانی بلاؤں سے حفاظت

جو کوئی مغرب کی نماز کے بعد اسم مبارک ''یَا عَدْلُ'' ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی آسمانی آفات سے محفوظ رہے گا۔

''یَا عَدْلُ'' کا عامل بننے کے لیے

اگر کوئی اس اسم مبارک ''یَا عَدْلُ'' کا عامل بننا چاہے تو روزانہ گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ سو (۱۰۰) دن تک پڑھے۔ العدل کا عامل خود بھی انصاف پسند ہوتا ہے اور یہ جس ظالم کے خلاف کوئی بھی اقدام کرے گا۔ اللہ کے فضل سے اسے زبردست کامیابی ملے گی۔

اَللَّطِیفُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۲۹	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

تمام مشکلات کا حل

تمام مشکلات کے حل کے لیے اسم ''یَالَطِیفُ'' بعد نماز عشاء گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ پڑھے، اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے اور پھر دعا کرے۔

کنواری لڑکی کی شادی

جس شخص کی کنواری لڑکی ہو اور کوئی شخص پیغام نہ دیتا ہو اور نہ کوئی رشتہ آتا ہو تو تازہ وضو کرکے دو رکعت نماز نفل ادا کرے پھر ایک سو (۱۰۰) بار لڑکی کی شادی کی نیت سے ''یَالَطِیفُ'' پڑھے۔ چالیس (۴۰) دن یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عمل کے دوران ہی مناسب رشتہ آجائے گا۔

ہمزاد کو تابع کرنا

نہا دھو کر پاک وصاف کپڑے پہن کر، عطر لگا کر ایک کمرہ جس میں کوئی دوسرا موجود نہ ہو اور اس کمرہ کو دن کے وقت پانی سے دھو کر پاک کرلیا گیا ہو، اس میں دروازہ بند کرکے پاک مصلّے پر بیٹھے اور آیۃ الکرسی گیارہ (۱۱) بار پڑھ کر ایک چھری پر دم کرکے اور چھری سے اپنے مصلّے کے چاروں طرف گول دائرہ کھینچ لے۔ اس کے بعد اس طرح بیٹھے کہ سامنے کی دیوار پر نظر پڑے اور سرسوں کا تیل ڈال کر مٹی کا چراغ روئی کی بتی بنا کر روشن کرلے اور پیٹھ کے پیچھے اس چراغ کو رکھ لے۔ اور سایہ پر (جو دیوار پر بنا ہے) سینہ پر یا اس سے اوپر ایک جگہ جمائے اور سانس روک روک کر اسم الٰہی ''یَالَطِیفُ'' ایک ہزار چار سو چوبیس (۱۴۲۴) مرتبہ پڑھے۔ اس عمل کے دوران اول وآخر درود شریف (نماز میں جو درود شریف پڑھا جاتا ہے) گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ اور نظر میں ''یَالَطِیفُ'' کا تصور کرے کہ سامنے ''یَالَطِیفُ'' لکھا ہے اور سانس روک روک کر پڑھے۔ مثلاً سانس روکا اور جلدی جلدی ''یَالَطِیفُ یَالَطِیفُ'' پڑھ لیا۔ اور عمل پڑھنے کے بعد دعا کرے کہ ''اے اللہ! اس اسم اعظم کے تصور کے ذریعہ سے میرے ہمزاد کو تابع وفرمانبردار کردے۔ آمین''۔

تیسرے ہفتہ میں ہمزاد متحرک ہوگا (یعنی ادھر ادھر چلتا پھرتا محسوس ہو گا)۔ چوتھے ہفتہ میں بات چیت کرے گا اور کام کو دریافت کرے گا۔ اس وقت اس سے کہا جائے کہ ''پہلے تو مسلمان ہوجا۔ اس وقت کام بتلاؤں گا''۔ وہ غائب ہوجائے گا۔ پھر ایک ہفتہ بعد حاضر ہوگا۔ جس قدر زیادہ دیر سانس روکا جائے گا، اسی قدر جلد کام ہوگا۔ اس کے بعد وہ مسلمان ہوجائے گا۔ اس وقت جب وہ کام معلوم کرے تو اس سے پانچ سو (۵۰۰) روپے روزانہ کا وعدہ کرلینا۔ آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اللہ کے نام پر خیرات کردے اور آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اپنے خرچ میں لے آئے۔ جس قدر حبس دم (سانس روک کر پڑھو گے) کرو گے اور تصور سایہ زیادہ ہوگا، جلد مطیع ہوگا۔ اس عمل میں کسی قسم کا خوف نہ کرے اور یہ تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ کے عرش کے نیچے بیٹھا ہوں۔ پڑھنے کے دوران حصار سے باہر نہ نکلے۔ پڑھنے کے دوران بالکل بات نہ کرے، عمل ختم کرنے کے بعد کرے۔ ہمزاد ایک دم پچاس ہزار روپیہ لے کر آزاد کرسکتے ہو مگر قول وقرار نہایت احتیاط سے کرے۔ جب ضرورت ہو، بلاوے یا روپیہ لے کر آزاد کردے۔ یہ بھی دریافت کرے کہ ''اگر ہم کسی وقت آزاد کرنا چاہیں تو کس طرح پر ہوگا؟''۔

عورتوں کا نصیب کھلنے اور شادی کے لیے عمل

نمازِ عشاء کے بعد ''یَالَطِیفُ'' گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) بار پڑھے۔ اوّل وآخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ بار۔ پھر سجدہ میں جاکر دعا مانگیں۔ گیارہ روز یہ عمل کرے۔ باقی ہر نماز کے بعد اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا دس (۱۰) مرتبہ پڑھے۔ اوّل وآخر درود شریف دس بار۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، کامیابی حاصل ہوگی۔

اَلْخَبِیْرُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۸۱۲	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

علم میں بے پناہ اضافہ

اسم مبارک ''اَلْخَبِیْرُ'' کو ساعتِ عطارد میں جب کہ عطارد درشرف ہو، آٹھ ہزار ایک سو بیس (۸۱۲۰) مرتبہ پڑھ کر اس کو اپنی انگوٹھی میں نقش کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کے علم اور فضل میں بے پناہ اضافہ کرے۔

امورِ پوشیدہ سے مطلع ہو

جو شخص اسم ''اَلْخَبِیْرُ'' کو بہ خلوص نیت آٹھ سو بارہ (۸۱۲) مرتبہ بعد نمازِ عشاء ہمیشہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو خواب میں امورِ پوشیدہ سے مطلع کرے۔ جو چاہے معلوم کرے۔

اچھا بُرا معلوم کرنا ہو

اگر کسی کے گھر یا کہیں سے نکاح کا پیغام آیا ہو اور اس کے اچھے بُرے کی معلومات کرنی ہوں تو والدین میں سے کوئی سات دن تک تنہائی میں بیٹھ کر روزانہ تین ہزار دو سو اڑتالیس (۳۲۴۸) مرتبہ ''اَلْخَبِیْرُ'' پڑھے اور بغیر کسی سے بات کئے ہوئے سو جائے۔ اور سوتے وقت مقصد کا خیال دل میں رکھے۔ ان شاء اللہ ۳ راتوں میں اللہ تعالیٰ کی مرضی معلوم ہو جائے گی۔

اسرار مخفیہ ظاہر ہوں

اس اسم پاک ''اَلْخَبِیْرُ'' کو سات روز تک بکثرت پڑھنے سے اسرار مخفیہ ظاہر ہونے لگتے ہیں۔

''اَلْخَبِیْرُ'' کا عامل بننے کے لیے

اس اسم مبارک ''اَلْخَبِیْرُ'' کا عامل بننے کے لیے بارہ ہزار نو سو بانوے (۱۲۹۹۲) مرتبہ اس اسم کو روزانہ پڑھنا چاہیے۔ چالیس (۴۰) دن میں زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

اَلْحَلِیْمُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۸۸	عنصر: آبی	طبیعت: جمالی

حال مثل بزرگ سنور جائے

جو شخص بد اطوار ہو اور اپنے حال کو ٹھیک کرنا چاہے، اس کو شرف قمر میں ''یَاحَلِیْمُ'' لکھ کر سیدھے بازو میں باندھے اور ایک پیالے میں اسم مبارک کو بہ تعداد ملفوظی ایک سو اٹھاسی (۱۸۸) مرتبہ کندہ کرائے اور اس میں کھائے پیے۔ اللہ تعالیٰ اس کا حال مثل بزرگ سنوارے۔ صاحب عزت اور وقار ہو۔

کھیتوں میں برکت ہو اور کیڑا نہ لگے

جو کاشتکار ''یَا حَلِیْمُ'' کو لکھ کر ایسی جگہ پانی میں ڈالے جہاں سے سارے کھیت کو پانی ملے تو فصل میں برکت ہو اور وہ کیڑا لگنے سے محفوظ رہے۔

بچہ با آسانی پیدا ہو

''یَا حَلِیْمُ'' حاملہ کو لکھ کر پلائے، زچگی کے دور میں تکلیف کم ہو جائے اور بچہ با آسانی پیدا ہو۔

کاروبار میں برکت کے لیے

اگر اس اسم مبارک کو کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر اپنے پیشہ کے آلات واوزار پر ملے یا چھڑک دے تو اس پیشہ میں برکت ہوگی۔

''یَاحَلِیْمُ'' کا عامل بننے کے لیے

جو شخص ''یَا حَلِیْم'' کا عامل بننا چاہے تو اس اسم مبارک کو چالیس دن میں پانچ لاکھ مرتبہ پڑھے۔ ایک دن کی تعداد ہوگی بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ۔ پرہیز کچھ نہیں۔ صرف خلوت میں بیٹھ کر پڑھنا شرط ہے۔ تعداد پوری ہو جانے پر عامل بن جائے گا اور بے پناہ فوائد کا ظہور ہوگا۔

اَلْعَظِیْمُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۰۲۰	عنصر: آبی	طبیعت: مشترک

عروج حاصل ہو

جو شرفِ قمر میں ''یَا عَظِیْمُ'' کو ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے لکھے اور اپنے پاس رکھے، اللہ تعالیٰ اس کو عروج سے ہم کنار کرے۔

لوگ تعظیم کریں

''یَا عَظِیْمُ'' کے ذاکر کی جس پر نظر پڑ جائے، وہ بے ساختہ تعظیم کے لیے کھڑا ہو جائے۔

پیٹ میں درد

اگر کسی شخص کے پیٹ میں درد ہو تو سات (۷) مرتبہ اسم مبارک ''یَا عَظِیْمُ'' کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے فوراً آرام ہوگا۔

دوست دشمن کی نظر میں عزیز

جو شخص اس نام کو ایک ہزار گیارہ (۱۰۱۱) دفعہ ہر روز پڑھے گا، دوست دشمن سب کی نظر میں عزیز اور قابل تعظیم سمجھا جائے گا، مخالفت یا موافقت کرنے والے جس کے سامنے جائے گا، وہی محبت اور شفقت سے پیش آئے گا۔ ساری عمر اقبال زیادہ ہی ہوتا جائے گا۔

''یَا عَظِیْمُ'' کا عامل بننے کے لیے

''یَا عَظِیْمُ'' کا عامل بننے کیلئے بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ روزانہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھیں۔ اس چلّے کے بعد اس اسم مبارک کا تعویذ عامل ضرورتمندوں کو دے سکتا ہے۔ ان شاء اللہ، فوری فائدہ ہوگا۔

اچھے کالج میں داخلہ مل جائے

''یَا عَظِیْمُ'' ہر جمعرات کو بعد نماز عشاء، ایک ہزار بیس (۱۰۲۰) بار پڑھ لیا کریں۔ اول وآخر سات بار درود شریف ضرور پڑھیں۔

اَلْغَفُوْرُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۲۸۶	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

بخار سر درد کے لیے

اگر کسی شخص کو بخار آتا ہو اور سر میں درد ہوتا ہو تو وہ اسم مبارک ''یَا غَفُوْرُ'' کو تین (۳) مرتبہ کاغذ پر لکھ کر اس کی گیلی سیاہی پر روٹی کا ٹکڑا لگا کر وہ نقش روٹی میں جذب کر لے اور روٹی کے اس ٹکڑے کو کھا لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تین روز میں بخار جاتا رہے گا اور سر کا درد فوراً دور ہوگا۔

رسوائی سے بچنے کے لیے

اگر بات کے ظاہر ہو جانے میں رسوائی کا اندیشہ ہو تو ''یَا غَفُوْرُ'' کو ایک سو بیس (۱۲۰) مرتبہ پڑھ کر کسی کالے رنگ کے پتھر پر دم کر کے کسی کنوئیں میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رسوائی سے محفوظ رہیں گے اور بات کا چرچا نہیں ہوگا۔

دل کی سیاہی دور ہو

جو شخص اس اسم مبارک ''یَا غَفُوْرُ'' کو ہر فرض نماز کے بعد اکہتر (۷۱) مرتبہ پڑھے گا۔ حق تعالیٰ اس کے دل کی سیاہی کو دور کر دیں گے اور اس کے باطن کو روشن کر دیں گے۔

کاروبار بند ہو گیا ہو

اگر کوئی شخص مالی تنگی میں مبتلا ہو گیا ہو یا کسی شخص کا چلتا چلاتا کاروبار اچانک بند ہو گیا ہو۔ یہ بند ہو جانا کسی گردش کی وجہ سے ہو یا کسی بندش کی وجہ سے اس اسم مبارک ''یَا غَفُوْرُ'' کو تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ چالیس (۴۰) روز تک پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، مالی تنگی سے نجات ملے گی۔ اور کاروبار کی رکاوٹیں بفضل خداوندی ختم ہو جائیں گی۔ کاروبار میں ترقی ہونا شروع ہو جائے گی۔

اَلشَّکُوْرُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۵۲۶	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

آشوب چشم کے مرض سے حفاظت

جو شخص آشوب چشم یا آنکھ کے دیگر کسی مرض میں مبتلا ہو، چلّو میں پانی بھر کے ''یَا شَکُوْرُ'' تیرہ (۱۳) مرتبہ دم کر کے آنکھوں کو اس میں ڈبوئے۔ اللہ تعالیٰ اس کو امراض چشم سے محفوظ رکھے۔

بصارت ٹھیک ہو

اگر آنکھوں کی روشنی کم ہو جائے یا بصارت ختم ہو جائے تو اس اسم پاک ''یَا شَکُوْرُ'' کو ۴۱ بار پڑھ کر اپنے ہاتھوں میں پانی لے کر دم کر کے منہ پر ڈالے اور آنکھوں پر ملے، اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں کی روشنی واپس لوٹا دیں۔

گھریلو پریشانیوں سے تنگ

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص گھریلو پریشانیوں سے تنگ آ گیا ہو اور ہر وقت اس کا دل پریشان اور اداس رہتا ہو تو اس اسم مبارک ''یَاشَکُوْرُ'' کو چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کرے اس کی پریشانی دور ہو گی اور دل کو ایک قسم کا سکون حاصل ہو گا۔

غربت اور قرض سے نجات

اگر کوئی حد سے زیادہ غریب ہو یا غیر معمولی طور پر مقروض ہو تو اس اسم مبارک ''یَاشَکُوْرُ'' کو روزانہ پانچ ہزار (۵۰۰۰) مرتبہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ، غربت ختم ہو گی، غیب سے کوئی مدد ہو گی اور قرض ادا ہو گا۔

دنیوی عزت کا خواہش مند

اگر کوئی دنیوی عزت کا خواہش مند ہو تو ایک سو بیس دن تک روزانہ تین ہزار مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے اور پھر کرشمہ خداوندی دیکھئے۔

اَلْعَلِیُّ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۱۰	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

دلوں میں عظمت اور ہیبت قائم ہو

''اَلْعَلِیُّ'' کو جو شخص کسی سعد ستارے کے شرف میں سونے کی انگوٹھی پہ نقش کر کے پہنے اور اس کو پڑھے، اللہ اس کی ہیبت اور عظمت دلوں پر نقش کر دے۔ لازمی ہے کہ اس کو عود اور عنبر کی دھونی دے کر پہنے۔

نکاح کا پیغام آئے

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کو سونے کی انگوٹھی میں اس کا نقش شرف قمر میں تیار کرا کر پہنائے تو حسب مرتبہ نکاح کا پیام آئے۔

عوام میں مقبولیت قائم رہے

جس لیڈر کی عوام، اس کی گرفت سے نکل جاتے ہوں، وہ اس کا نقش سعد ستارے میں تیار کر کے پاس رکھے تو عوام اس کے حلقۂ اثر سے باہر نہ جائے۔

نافرمان بیوی

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس شخص کی بیوی نافرمان ہو تو اس کو چاہیے اکیس (۲۱) دن تک روزانہ گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ اس اسم مبارک ''اَلْعَلِیُّ'' کا ورد کر کے دعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بیوی مطیع ہو جائے گی۔

درد کو آرام

اگر کسی جگہ درد ہو تو ''اَلْعَلِیُّ'' تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھ کر وہاں دم کر دے تو درد اسی وقت موقوف ہو گا۔

''اَلْعَلِیُّ'' کا عامل بننے کے لیے

اس کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ اس اسم مبارک ''اَلْعَلِیُّ'' کا ورد لگاتار ایک سو دس (۱۱۰) دن تک کریں۔ اور اس دوران ترک جلالی کریں، مچھلی، گوشت، انڈے سے مکمل پرہیز کریں۔

اَلکَبِیرُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۲۳۲	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

تسخیر خلق

''یَا کَبِیرُ''، تسخیر خلق کے لیے شب کو دو ہزار تین سو بیس (۲۳۲۰) مرتبہ پڑھنا نہایت مفید ہے۔

عالی مرتبت

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص اسم مبارک ''یَا کَبِیرُ'' کو روزانہ دو سو بتیس (۲۳۲) مرتبہ پڑھے گا، وہ عالی مرتبت ہو جائے گا۔

رعب و دبدبہ قائم رکھنا

اگر کوئی صاحب اقتدار شخص اس کو دو سو بتیس (۲۳۲) مرتبہ ''یَا کَبِیرُ'' کو پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کا رعب اور دبدبہ بڑھتا چلا جائے اور اس کی عزت و عظمت کبھی کم نہ ہو۔

بیماری سے نجات

اگر کوئی بیمار شخص روزانہ نوے (۹۰) مرتبہ ''یَا کَبِیرُ'' پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے تو بہت جلد صحت یاب ہو جائے۔

والدین، بہن بھائی یا بیوی گھر چھوڑ کر چلے گئے

اگر کسی کے رشتے دار یعنی والدین، بہن، بھائی یا بیوی بچے کسی ناراضگی کی بنا پر یا کسی اور وجہ سے جدا ہو گئے ہوں یا کسی کی بیوی اپنے شوہر سے ناراض ہو کر چلی گئی ہو اور واپس آنے کا نام نہ لیتی ہو تو اس کو چاہئے کہ ''یَا کَبِیرُ'' روزانہ چودہ ہزار آٹھ سو اڑتالیس (۱۴۸۴۸) مرتبہ لگاتار گیارہ (۱۱) روز تک پڑھے۔ ان شاء اللہ، ناراضگی ختم ہو گی اور روٹھے ہوئے لوگ مان جائیں گے اور واپس آجائیں گے۔

مختلف طریقوں سے روحانی تشخیص کرنا سیکھیں

آج کے دور میں ایک طرف تو جنات، شیاطین اور جادو کے اثرات بہت تیزی سے پھیل رہے ہیں تو دوسری طرف غلط قسم کے عاملین اور روحانی معالجین بھی تیزی سے پھیل رہے ہیں۔ مریضوں اور سائلوں کو غلط تشخیص بلکہ جھوٹی تشخیص کر کے ڈراتے ہیں اور ان سے پیسے بٹورتے ہیں۔ اور بھی بے شمار غلط کام کرواتے ہیں۔

صحیح علاج کے لئے صحیح تشخیص ہونا نہایت ضروری ہے۔ غلط تشخیص سے معالج آغاز سے ہی غلط طرف چل پڑتا ہے۔ اسی طرح ہر گھر میں ایک فرد ایسا ضرور ہونا چاہئے جس کو روحانی تشخیص کرنا کسی نہ کسی درجے میں آتی ہو تا کہ بوقتِ ضرورت وہ تشخیص کر کے فیصلہ کر سکے کہ مریض کو روحانی معالج کی ضرورت ہے یا جسمانی معالج کی۔ اور فراڈ اور غلط قسم کے عاملوں سے خود، اپنے گھر والوں اور دوسروں کو بھی بچا سکے۔

اسی ضرورت کے تحت دار العمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ نے علم التشخیص کا ابتدائی کورس مرتب کیا ہے۔ اس کورس کو کرنے کے بعد ایک عام آدمی بھی اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ مختلف طریقوں سے مریض کی روحانی تشخیص کر کے با آسانی بتا سکتا ہے کہ مسئلہ جسمانی ہے یا روحانی۔

یہ کورس ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔ بہت سے عاملین تشخیص کے فن سے ناواقف ہوتے ہیں۔ ان کے لئے کورس بہت مفید ہے۔ اس میں کئی طرح کے اعمال کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔ کورس کی فیس **3000** روپے ہے۔ مدت دو سے تین ماہ ہے۔ جو افراد پہلے سے عملیات سے منسلک ہیں یا چلہ کشی نہیں کر سکتے، وقت نہیں ہے، وہ خاص اجازت لے کر سیکھ سکتے ہیں۔ ان کے لئے فیس **6000** روپے ہے۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

فون دفتر: 042-35410586 موبائل دفتر: 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

اَلحفِیظُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۹۹۸	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

سفر میں کامیابی اور حفاظت

اگر کوئی شخص تذبذب کا شکار ہو کہ یہ سفر کامیاب ہوتا ہے یا ناکام رہتا ہے تو اس کے لیے سفر میں جانے سے قبل باوضو ایک ہزار (۱۰۰۰) بار ''یَاحَفِیظُ'' پڑھ کر گھر سے روانہ ہو تو ان شاء اللہ تعالیٰ سفر میں ہر قسم کے حادثات سے حفاظت رہے اور سفر ہر طرح کامیاب رہے گا۔

مقدمہ میں کامیابی

بعض لوگ اپنی غلطی سے یا بعض مرتبہ دشمنوں اور حاسدوں کی چال کے سبب مقدمات میں الجھ جاتے ہیں اور عدالت کے چکر لگا لگا کر وقت اور رقم، دونوں برباد کر دیتے ہیں لیکن مقدمہ میں جگہ جگہ ناکامی ہوتی ہے۔ مقدمہ میں کامیابی کے لیے گھر کے سب افراد مرد و عورت کثرت سے ''یَاحَفِیظُ'' پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مقدمہ میں کامیابی ہوگی۔

ہچکی کا علاج

بعض مرتبہ ہچکیاں اس قدر آتی ہیں کہ آدمی کے سینے میں درد ہونے لگتا ہے اور وہ حد سے زیادہ پریشان ہو جاتا ہے۔ ہچکی بند کرنے کے لیے ایک گلاس پانی تین سانس میں پئیں اور ہر سانس میں سات مرتبہ ''یَاحَفِیظُ'' پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہچکی آنا بند ہو جائے گی۔

ہر قسم کی الجھن سے نجات

اگر کوئی شخص کسی الجھن میں گرفتار ہو جائے اور الجھن کی وجہ سے دل کا سکون، چین آرام اور رات کی نیند ختم ہو جائے تو اس کے لیے ایک تسبیح (ایک سو بار) یا دو تسبیح (دو سو بار) یا تین تسبیح (تین سو بار) ''یَاحَفِیظُ'' پڑھے۔ اوّل آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ہر قسم کی الجھن دور ہو گی اور سکون قلبی حاصل ہو گا۔ ہر قسم کی پریشانی سے نجات ملے گی۔ بعض مرتبہ بلا سبب بھی الجھن پیدا ہو جاتی ہے، دل بے چین ہو جاتا ہے، بلا وجہ گھبراہٹ ہو جاتی ہے۔ اس کا بھی یہی علاج ہے۔

خونی دست کا روحانی علاج

خونی دست کے ازالہ کے لیے اسم باری تعالیٰ ''یَاحَفِیظُ'' تین سو (۳۰۰) بار پانی پر دم کر کے پلانا مفید ہے۔

بچوں کی برے اثرات سے حفاظت

اکثر ممبران کی ممبر شپ اپریل 2016 میں ختم ہورہی ہے۔ براہ مہربانی یکم اپریل 2016 سے پہلے سالانہ چندہ عام ڈاک (650 روپے) یا رجسٹرڈ ڈاک (1000 روپے) ارسال فرمایئے تاکہ آپ کو مئی 2016 کا نیا شمارہ ارسال کیا جاسکے۔ سرکولیشن مینجر 0322-4773786

اَلْقَیُّوْمُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۵۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

تازندگی غربت وافلاس سے بچنے کے لیے

تازندگی غربت وافلاس سے بچنے کے لیے ایک سوچھپن (۱۵۶) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

نیند کے بے جا غلبے کو دور کرنے کے لیے

نیند کے بے جا غلبے کو دور کرنے کے لیے ایک سوچھپن (۱۵۶) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے

کسی کو اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے دو ہزار چار سو بتیس (۲۴۳۲) مرتبہ گیارہ (۱۱) دن تک پڑھیں۔

پاؤں پر کمزوری کی وجہ سے کھڑے ہونے کے لیے

اپنے پاؤں پر کمزوری کی وجہ سے نہ کھڑے ہو سکنے والے مریض کثرت سے پڑھیں، دم کریں۔ دم شدہ پانی پئیں اور نقش بنا کر باندھیں۔

"یاقَیُّوْمُ" کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کے لیے پندرہ ہزار دو سو (۱۵۲۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلّہ کریں۔

حمل مرتفع ہو

مانع اسقاط حمل ہے۔ اس اسم "یَاقَیُّوْمُ" کو ہر شب وصبح ایک سوچھپن (۱۵۶) مرتبہ حاملہ کے پیٹ پر دم کر دیا جائے۔ حمل پختہ ہو، ولادت آسانی سے ہو۔

نیند کا غلبہ ختم ہو

جو شخص یا قیوم کا ذکر کرے گا، اس سے نیند کا غلبہ جاتا رہے گا اور جو شخص نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب تک یا حی یا قیوم کا ورد کرتا رہے گا، اس کی طبیعت میں مستعدی پیدا ہوگی اور سستی وکاہلی دور ہو جائے گی اور لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت قائم ہو۔

غرق سے تحفظ

سمندری یا دریائی سفر کے دوران جوان ہر دو اسماء کی تلاوت کرے گا، اللہ تعالیٰ اسے غرق ہونے سے محفوظ فرمائیں گے۔

کام سرانجام پائیں

اگر کوئی شخص اس کو پڑھنے کا معمول بنالے تو اس کے تمام دلی مقاصد پورے ہوتے رہیں اور ہر نیک کام اس کا پورا ہو جایا کرے اور ہمیشہ خوش وخرم رہے گا۔

مفلسی دور ہو

اگر کوئی شخص تنہائی میں اس اسم پاک یا قیوم کو بکثرت پڑھے، اگر غریب ہو تو مالدار ہو جائے۔ جملہ مقاصد پورے ہوں۔

حاسدوں اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو

اگر کوئی شخص اپنے حاسدوں کی شرارتوں اور دشمنوں کی چالوں سے سخت پریشان اور آزردہ خاطر ہو، وہ اسم مبارک "یا قیوم" کا ورد کثرت سے کرے، اللہ تعالیٰ تبارک العزیز اس اسم مبارک کی برکت سے اور اپنے فضل وکرم کے ساتھ اسے حاسدوں اور دشمنوں کے تمام فتنوں سے نجات دلائے گا اور اسے حاسدوں اور دشمنوں پر غلبہ عطا فرمائے گا۔

تصرف دلوں میں ظاہر ہو

سحری کے وقت جو کوئی بلند آواز سے اس اسم کو پڑھے گا، اس کا تصرف دلوں میں ظاہر ہوگا یعنی لوگ اسے دوست رکھیں گے۔

ہر مقصد میں کامیابی کے لیے

بزرگوں کا کہنا ہے کہ "یاحیی یاقیوم" اسم اعظم ہے۔ اس کو ہر مقصد میں کامیابی کے لیے پڑھیں۔

سخت پریشانی سے نجات کے لیے

سخت پریشانی میں گھر کے سب افراد مل کر تین (۳) دن روزانہ تریسٹھ ہزار (۶۳۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

الواجِدُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۴	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

دولت مند بننے کے لیے

دولت مند بننے کے لیے "یَاوَاجِدُ" کو روزانہ بعد نمازِ مغرب تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ پڑھیں۔

دل میں نورانیت پیدا کرنے کے لیے

دل میں نورانیت پیدا کرنے کے لیے کھانے کے ہر لقمے پر پڑھ کر کھائیں۔

کاروباری بندشیں ختم کرنے کے لیے

کاروباری بندشیں ختم کرنے کے لیے چالیس (۴۰) دن تک روزانہ کاروباری جگہ پر تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ "یَاوَاجِدُ" پڑھیں۔

بندش رشتہ کو ختم کرنے کے لیے

بندش رشتہ کو ختم کرنے کے لیے گیارہ (۱۱) جمعرات مسلسل گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

ہر مقصد میں کامیابی اور مراد حاصل کرنے کے لیے

ہر مقصد میں کامیابی اور مراد حاصل کرنے کے لیے کثرت سے پڑھیں۔

اس اسم کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کے لیے تیرہ ہزار سات سو پچاس (۱۳۷۵۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر اسی (۸۰) دن کا چلّہ کریں۔

تونگری حاصل ہو

بزرگوں نے نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص کسی تاریک جگہ میں نصف رات کو گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھے گا تو اس کو تونگری حاصل ہوگی۔

الماجِدُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۴۸	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

ملازمت سے معطل ملازمین کی بحالی کے لیے

ملازمت سے معطل ملازمین اپنی بحالی کے لیے چالیس (۴۰) دن روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھیں۔

جرم سے بری اور الزام سے برأت کے لیے

جرم سے بری اور الزام سے برأت کے لیے بھی چالیس (۴۰) دن روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھیں۔

مریدوں اور عقیدت مندوں میں اضافے کے لیے

مریدوں اور عقیدت مندوں میں اضافے کے لیے رمضان کے آخری عشرے میں اکتالیس ہزار (۴۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل روزانہ کرنا ہے۔

کاروبار بڑھانے اور گاہکوں کے رش کیلئے

کاروبار بڑھانے اور گاہکوں کے رش میں اضافہ چاہنے والے روزانہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

ہر قسم کی ذلت، رسوائی، شرمندگی سے بچنے کے لیے

ہر قسم کی ذلت، رسوائی، شرمندگی اور ندامت سے بچنے کے لیے صبح شام اڑتالیس (۴۸) بار پڑھیں۔

"یَاماجِدُ" کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کے لیے نو ہزار دو سو (۹۲۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں اور چالیس (۴۰) دن کا چلّہ کریں۔

روحانی صلاحیت کے لیے

جو کوئی خلوت میں اس کو اتنا پڑھے کہ خودی سے بے خود ہو جائے تو اس کے دل پر انوار ظاہر ہوں۔

الواحِدُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۹	عنصر: بادی	طبیعت: مشترک

ہر طرح کے خطرات سے حفاظت کے لیے

ہر طرح کے خطرات سے حفاظت کے لیے چالیس (۴۰) دن تک بارہ سو سولہ (۱۲۱۶) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

گندے خیالات سے چھٹکارا کے لیے

ہر طرح کے گندے خیالات سے چھٹکارا کے لیے روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

کسی کے پاس اپنے مقصد کے لیے

کسی کے پاس اپنے مقصد کے لیے جاتے ہوئے اس کے انکار سے بچنے کے لیے انیس (۱۹) مرتبہ پڑھ کر اس کے پاس جا کر غیر محسوس طریقے سے پھونک ماریں۔

رجعت میں مبتلا رجعت کو ختم کرنے کے لیے

رجعت میں مبتلا رجعت کو ختم کرنے کے لیے 11 دن بلاناغہ تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

نرینہ اولاد سے مایوس افراد کے لیے

نرینہ اولاد سے مایوس رمضان المبارک کے پہلے جمعہ کو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ ۲ کاغذوں پر لکھ کر دونوں میاں بیوی باندھیں۔

مرد یا عورت کو بانجھ کرنا

مرد یا عورت کو بانجھ کرنے کے لیے اس اسم میں بڑی تاثیر ہے مگر اللہ کے نام سے کسی کو ستانا درست نہیں۔

اس اسم کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کے لیے سات ہزار چھ سو (۷۶۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلّہ کریں۔

الاَحَدُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۳	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

دنیا کی مالی محبت دل سے ختم کرنے کے لیے

دنیا اور مال و دولت کی محبت دل سے ختم کرنے کے لیے بکثرت پڑھیں۔

گناہوں کی دلدل سے بچنے کے لیے

گناہوں کی دلدل سے نکلنے اور بچنے کے لیے صبح شام ایک تسبیح پڑھیں۔

زہریلے جانوروں کے ڈسے ہوئے کے لیے

سانپ، بچھو اور دیگر زہریلے جانوروں کے ڈسے شخص پر ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

نفسانی خواہشات کے غلبے کو دور کرنے کے لیے

نفسانی خواہشات کے غلبے کو دور کرنے کے لیے چالیس (۴۰) دن تک باون سو (۵۲۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

عذاب قبر سے محفوظ رہنے کے لیے

عذاب قبر سے محفوظ رہنے کے لیے روزانہ ایک ہزار ایک سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

ظالم کے ظلم سے بچاؤ

جو کوئی اس اسم کو پڑھے گا، ان شاء اللہ ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔

عزت و سرفرازی پائے

جو کوئی اس اسم کو ۹ مرتبہ پڑھ کر حاکم کے سامنے جائے گا، ان شاء اللہ عزت و سرفرازی پائے گا۔

اس اسم کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کے لیے پانچ ہزار دو سو (۵۲۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلّہ کریں۔

اَلصَّمَدُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۳۴	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

مخالفین کی زبان بندی

مخالفین کی زبان بندی کے لیے تہجد کے وقت دو رکعت نفل ادا کریں اور سجدے میں جا کر ایک سو پندرہ (۱۱۵) مرتبہ پڑھیں۔

غربت اور فقر فاقہ سے نجات

غربت اور فقر فاقہ سے نجات کے لیے فجر اور مغرب کی نماز کے بعد ایک سو چونتیس (۱۳۴) مرتبہ پڑھیں۔

زبان میں تاثیر پیدا ہو

زبان میں تاثیر پیدا کرنے کے لیے گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

زوجین میں مثالی محبت پیدا ہو

زوجین میں مثالی محبت پیدا کرنے کے لیے چینی پر چودہ سو (۱۴۰۰) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

ظاہری و باطنی استغناء کا حصول

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اسے ظاہری غنا حاصل ہو، اسی طرح اس کا باطن بھی عطیہ خداوندی پر راضی ہو، دل میں کسی قسم کا شکوہ شکایت پیدا نہ ہو تو اس کے لیے اول گیارہ بار درودِ ابراہیمی پڑھے، اس کے بعد اسم الٰہی ''اَللّٰہُ الصَّمَدُ'' تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ اور آخر میں گیارہ بار درودِ ابراہیمی پڑھا کرے۔ یہ عمل چالیس دن تک بلاناغہ کرے۔ چالیس دن کے بعد روزانہ بعد نمازِ عشاء اول وآخر درودِ ابراہیمی گیارہ گیارہ بار درمیان میں ''اَللّٰہُ الصَّمَدُ'' پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھا کرے اور ہمیشہ یہ عمل کرتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ غناء ظاہری وباطنی حاصل ہوگا۔ اہل دنیا سے مال ودولت کا لالچ ختم ہو جائے گا اور طبیعت کو سکون حاصل ہوگا۔

ف: یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ اگر عشاء کے بعد پڑھنے والا عمل پانچ سو مرتبہ والا، اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن ایک ہزار بار پڑھے۔ اگر دو دن ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن پندرہ سو بار پڑھے اور اگر مسلسل تین دن پڑھنے کا ناغہ ہو جائے اور تین دن برابر نہیں پڑھا تو عمل ختم ہو گیا۔ اب پھر چالیس (۴۰) دن تک تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھ کر جلد مکمل کرے ورنہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھنے سے کچھ فائدہ نہ ہوگا۔

بدکاری، شراب نوشی، چوری کی عادت چھڑوانا

اس اسم کا ورد اور نقش بدکاری، شراب نوشی، چوری کی عادت چھڑوانے کے لیے دیں۔

''اَللّٰہُ الصَّمَدُ'' کا عامل بننا

''اَللّٰہُ الصَّمَدُ'' کا عامل بننے کے لیے روزانہ دس ہزار (۱۰۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر اسّی (۸۰) دن کا چلّہ کریں۔

عیب جوئی سے نجات حاصل ہو

اگر کوئی شخص نصف رات گزر جانے کے بعد سجدے میں جا کر ۱۵ ہزار مرتبہ ''یا صمد'' پڑھے تو غیبت، جھوٹ، نفاق اور لوگوں کی عیب جوئی سے نجات حاصل ہو۔

ظالم کے ظلم کا شکار

اگر کوئی شخص کسی ظالم کے ظلم کا شکار ہو تو مغرب کی نماز کے بعد ''اللہ الصمد'' ایک ہزار مرتبہ ۱۱ روز تک پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے اور قید سے نجات حاصل ہوگی۔

دنیا کی محبت دل سے نکل جائے

جو شخص چاہے کہ دنیا کی محبت سے دامن بچائے، وہ اس کو ہر نماز کے بعد ایک سو چونتیس (۱۳۴) مرتبہ پڑھے۔ دنیا سے بے پرواہ ہوگا۔

اَلقَادِرُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۳۰۵	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

ہر دلی مراد کے حصول کیلئے

ہر دلی مراد کے حصول کیلئے روزانہ ۳۰۵ مرتبہ پڑھیں۔

ہر مقام پر برتری حاصل ہو

ہر جگہ ہر مقام پر برتری حاصل کرنے کیلئے ہر نماز کے بعد ۳۳ مرتبہ پڑھیں۔

اپنا حق لینے کی قدرت نہ رکھنے والے

اپنا حق لینے کی قدرت نہ رکھنے والے ۴۰ دن تک روزانہ تین سو پانچ (۳۰۵) مرتبہ پڑھیں۔

حاسدین، مخالفین اور شریروں کے شر سے بچنے

حاسدین، مخالفین اور شریروں کے شر سے بچنے اور حفاظت کیلئے دوران وضو بکثرت پڑھیں۔

بیوی پر جماع کی طاقت وقدرت نہ رکھنے والے

بیوی پر جماع کی طاقت وقدرت نہ رکھنے والے ۴۰ دن تک روزانہ تین سو پانچ (۳۰۵) مرتبہ پڑھیں اور پانی یا دودھ پر دم کر کے پی لیں۔

اس اسم کا عامل بننے کیلئے

اس اسم کا عامل بننے کیلئے روزانہ نو ہزار دو سو پچھتر (۹۲۷۵) مرتبہ پڑھ کر ۴۱ دن کا چلّہ کریں۔

دشمنوں کے لیے اللہ کافی ہو

جو شخص صبح وشام اس کو تین سو پانچ (۳۰۵) مرتبہ خلوص نیت سے پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اس کے دشمنوں کے لیے خود کافی ہو جائے گا۔

شدید مشکل سے نجات

جو کسی شدید مشکل میں پھنس جائے، وہ ہر نماز کے بعد آٹھ سو اٹھائیس (۸۲۸) مرتبہ پڑھے، پریشانی زائل ہو۔

اَلمُقتَدِرُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۷۴۴	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے

اپنے مقصد میں کامیابی وکامرانی کے لیے گیارہ (۱۱) دن لگاتار تین ہزار سات سو بیس (۳۷۲۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

مقدمات، لڑائی میں فتح، دشمنوں پر رعب

مقدمات میں کامیابی، لڑائی میں فتح، دشمنوں پر رعب اور دوستوں پر اپنا اثر قائم کرنے کیلئے یا قادر یا مقتدر کا مشترکہ نقش تیر بہدف ہے۔ بنوائیں اور پہنیں۔

نقش مبارک

۲۶۲	۲۶۵	۲۶۸	۲۵۴
۲۶۷	۲۵۵	۲۶۱	۲۶۶
۲۵۶	۲۷۰	۲۶۳	۲۶۰
۲۶۴	۲۵۹	۲۵۷	۲۹۹

اس اسم کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کیلئے چھ ہزار دو پچاس (۶۲۵۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر ۴ ماہ ریاضت کریں۔

قدرت ظاہر کرنے والا

اگر اس اسم کو ہمیشہ پڑھے، اس کی غفلت آگاہی سے بدل جائے اور جو کوئی سونے سے اٹھتے کے وقت اس کو بیس بار پڑھے، اس کے تمام کام آسانی سے ہوں گے۔

رحمت الٰہی میں رہے گا

جو اس اسم کو روزانہ بیس (۲۰) مرتبہ ورد رکھے گا، ان شاء اللہ رحمت الٰہی میں رہے گا۔

اَلْمُقَدِّمُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۱۸۴	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

ہر کام، ہر مقصد، ہر جگہ، ہر وقت ہر ایک سے سبقت

ہر کام، ہر مقصد، ہر جگہ، ہر وقت اور ہر ایک سے سبقت لینے یعنی آگے بڑھنے کیلئے تازندگی صبح شام ایک سو چوراسی (۱۸۴) مرتبہ پڑھیں۔

دنیا، آخرت میں اپنا نام اونچا اور سربلند کرنے کیلئے

دنیا، آخرت میں اپنا نام اونچا اور سربلند کرنے کیلئے کثرت سے پڑھیں۔

ملازمت میں ترقی کیلئے

ملازمت میں ترقی کیلئے ترقی ہونے تک روزانہ ایک سو چوراسی (۱۸۴) مرتبہ پڑھیں۔

پڑوسیوں کے شر سے بچے

پڑوسیوں کے شر سے بچنے کیلئے صبح شام تینتیس (۳۳) مرتبہ پڑھیں۔

اس اسم کا عامل بننے کیلئے

اس اسم کا عامل بننے کے لیے گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ روزانہ ۴ مہینہ ریاضت کریں۔

کمزور طاقتور ہو جائے

اگر کوئی کمزور چاہے کہ مجھ میں اتنی طاقت آجائے کہ میں اللہ جل شانہ کی اطاعت اور وظائف وغیرہ پڑھنے میں اپنے اندر بشاشت اور قوت محسوس کرنے لگوں تو اس کو چاہئے کہ روزانہ سو (۱۰۰) مرتبہ ''یا مقدم'' پڑھا کرے۔

محبت کرنے لگے

اگر چوّن (۵۴) مرتبہ اس اسم الٰہی کو پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کسی کو کھلائے تو وہ محبت کرنے لگے گا۔

اَلْمُؤَخِّرُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۸۴۶	عنصر: خاکی	طبیعت: مشترک

ہر کام کا انجام بہتر بنانا

ہر کام کا انجام بہتر بنانے کیلئے اس کو شروع کرنے سے پہلے ۷ دن تک آٹھ سو چھیالیس (۸۴۶) مرتبہ پڑھیں۔

بیماری کے آخری سٹیج پر پہنچے ہوئے مریض کیلئے

بیماری کے آخری سٹیج پر پہنچے ہوئے مریض کو دم کریں، دم شدہ پانی پلائیں اور اس کا نقش باندھنے کو دیں۔

اللہ کی سرپرستی کے لیے

اپنے تمام کاموں میں اللہ کی سرپرستی کیلئے روزانہ ایک تسبیح پڑھیں۔

اس اسم کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کیلئے روزانہ چار ہزار (۴۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر ۴۰ دن کا چلّہ کریں۔

دل یادِ خداوندی سے غافل نہ ہو

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص روزانہ اس اسم الٰہی کی ۸ تسبیح پڑھے گا، اس کا دل یادِ خداوندی سے کبھی غافل نہیں رہے گا۔

دلی مقاصد پورے ہوں

اگر کوئی شخص ہر فرض نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) مرتبہ ''یا مؤخر'' پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کے تمام دلی مقاصد پورے ہو جائیں اور اس کا نفس اس کا مطیع ہو جائے۔

سخت بیماری سے نجات پائے

جو لوگ کسی بیماری سے تنگ آگئے ہوں اور علاج کے باوجود مکمل صحت نہیں ہو پا رہی ہو تو اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے ''یا مؤخر'' بلاتعداد پڑھیں۔ ان شاء اللہ، چند ماہ میں بیماری سے نجات مل جائے گی۔

اَلْاَوَّلُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۳۷	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

غیر ملک میں یا غیروں کے ہاتھ پر غمال کیلئے

غیر ملک میں یا غیروں کے ہاتھ پر غمال ۲۱ دن تک ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

رزلٹ وغیرہ میں اول آنے کیلئے

رزلٹ وغیرہ میں اول آنے کیلئے رزلٹ آنے تک ہر نماز کے بعد سینتیس (۳۷) مرتبہ پڑھیں۔

ذہن کی کشادگی، علم وفہم کے اضافے، کند ذہنی ختم ہو

اس اسم کا نقش ذہن کی کشادگی، علم وفہم کے اضافے، کند ذہنی ختم ہو جانے، بے خوابی، درد دماغ، درد جگر، رعشہ فالج، لقوے وغیرہ میں استعمال کریں اور شفایابی کے جوہر سمیٹیں۔

نقش مبارک

ل	وّ	لا	ا
۹۲	۳	۲۸	۸
۵	۵۳	۲	۶۲
۴	۲۴	۷	۳۳

اسم کا عامل بننے کے لیے

اس اسم کا عامل بننے کیلئے تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھ کر ۴۰ دن کا چلہ کریں۔

اولاد نرینہ

جو شخص نرینہ اولاد سے محروم ہو اس کو چاہئے کہ ۴۰ دن تک روزانہ چالیس مرتبہ پڑھے اور اس کی بیوی بھی پڑھے، ان شاء اللہ اس کے بعد جب حمل ٹھہرے گا تو لڑکا ہی پیدا ہوگا۔

اَلْآخِرُ کے خواص واعمال

اعداد ابجد: ۸۰۱	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

سخت یرقان کے مریض کیلئے

سخت سے سخت یرقان کے مریض کو اکتالیس سو (۴۱۰۰) مرتبہ عرق مکو پر دم کر کے پلائیں۔

پنچائیت یا فیصلے کی جگہ پر اپنی دھاک بٹھانا

پنچائیت یا فیصلے کی جگہ پر اپنی دھاک بٹھانے کیلئے آٹھ سو ایک (۸۰۱) مرتبہ پڑھ کر جائیں۔

اس اسم کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کیلئے تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھ کر ۴۰ دن کا چلہ کریں۔

خاتمہ ایمان پر ہو

اگر کوئی شخص آخری عمر کو پہنچ گیا ہو اور زندگی کا اکثر حصہ غفلت خداوندی میں گزرا ہو تو اس کو چاہئے کہ نماز کی پابندی کرے اور بکثرت اس اسم مبارک کا ورد صبح وشام کرے، ان شاء اللہ خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

روحانیت کی ترقی، الہام کی بارش اور کشف کی دولت عطا ہو

اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا ورد روزانہ اکیس (۲۱) مرتبہ نماز عشاء کے بعد پڑھے اور لگاتار ۲ سال تک اس عمل کو جاری رکھے تو اس کی روحانیت اتنی بڑھ جائے کہ لوگ اس کو دیکھ کر عش عش کریں، اس پر الہام کی بارش ہونے لگے اور اس کو کشف کی دولت بیکراں وافر مقدار میں عطا ہو جائے، اس کی دعائیں قبول ہونے لگیں۔ اور اس کے اشاروں پر کام بننے لگیں، اس عمل کے دوران عبادت خداوندی کے ساتھ ساتھ رزق حلال کا اہتمام رکھے۔

اَلظَّاھِرُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۱۱۰۶	عنصر: خاکی	طبیعت: مشترک

دشمنوں کی خفیہ سازشوں کو ظاہر کرنا

دشمنوں کی خفیہ سازشوں کو ظاہر کرنے کیلئے گیارہ (۱۱) دن تک گیارہ سو چھ (۱۱۰۶) مرتبہ پڑھیں۔

زمین میں پوشیدہ خزانوں کو ظاہر کرنا

زمین میں پوشیدہ خزانوں کو ظاہر کرنے کیلئے گیارہ (۱۱) دن تک گیارہ سو چھ (۱۱۰۶) مرتبہ پڑھیں۔

جادو کروانے والے کا نام جاننا

جادو کروانے والے کا نام جاننے کیلئے بکثرت پڑھیں۔

چور کی شناخت

چور کی شناخت کیلئے 7 دن تک روزانہ سونے سے پہلے گیارہ سو چھ (۱۱۰۶) مرتبہ پڑھیں۔

روحانی صلاحیت کے لیے

جو کوئی اسم ''اَلظَّاھِرُ'' کو بعد نماز اشراق کے پانچ سو بار پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کی آنکھ روشن کردے گا۔

لوگوں کے دل کھلی کتاب کی طرح پڑھے

کشف القلوب کے لیے اس کو ہر شب گیارہ ہزار ایک سو اسی (۱۱۱۸۰) مرتبہ پڑھے، لوگوں کے دل کھلی کتاب کی طرح پڑھے۔

''اَلظَّاھِرُ'' کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کیلئے چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلہ کریں۔

اَلبَاطِنُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۶۲	عنصر: خاکی	طبیعت: مشترک

پوشیدہ چیز کا سراغ لگانا

کسی بھی پوشیدہ چیز کا سراغ لگانے کیلئے بعد نماز عشا سونے سے پہلے گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھیں اور بغیر بات کیے سو جائیں۔

چھپے دشمنوں کو دوست بنانا ○○○○○ چھپی خبریں معلوم ہوں

چھپے دشمنوں کو دوست بنانے کے لیے باسٹھ (۶۲) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ ہر طرح کی پوشیدہ خبریں معلوم کرنے کیلئے رات سوتے وقت بکثرت پڑھیں۔

کسی کے دل میں آپ کی محبت یا نفرت جاننا

کسی کے دل میں آپ کے بارے میں محبت یا نفرت کو جاننے کے لیے تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ رات سوتے وقت سات (۷) دن تک پڑھیں۔

روحانی صلاحیت کے لیے

جو کوئی ہر روز ''اَلبَاطِنُ'' تینتیس (۳۳) بار کہے تو اسرار الٰہی کے جاننے والوں میں سے ہو جائے گا۔

اللہ ﷻ حکمت کے دروازے کھول دے

جو شخص ہر نماز کے بعد اس کو تین سو بیس (۳۲۰) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس پر حکمت کے دروازے کھول دے۔

''یَا بَاطِنُ'' کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کیلئے تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلہ کریں۔

اَلْوَالِیُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۴۷	عنصر: بادی	طبیعت: مشترک

دشمن سے سخت انتقام

دشمن سے سخت انتقام کیلئے رات (۱۲) بجے تیرہ سو (۱۳۰۰) مرتبہ تیرہ (۱۳) دن تک پڑھیں۔

نئے مکان کی حفاظت

نئے مکان کی ہمیشہ حفاظت کیلئے مکان شروع کرتے وقت تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پانی پر دم کر کے اس کی بنیادوں میں چھڑکیں۔

اناج کے ذخائر کی حفاظت

اناج کے ذخیرے میں آڑھتی حضرات اور سٹاکسٹ حضرات سامان کی کیڑوں وغیرہ سے حفاظت کیلئے ایک کاغذ پر سینتالیس مرتبہ لکھ کر اس میں رکھیں۔

ٹھیکیدار کا کام مزید بڑھانا

ٹھیکیدار حضرات کام کو مزید بڑھانے کیلئے گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

"اَلْوَالِیُ" کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کے لیے چار ہزار (۴۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلہ کریں۔

گھر کی حفاظت کے لیے

جس کو منظور ہو کہ اس کا گھر یا دوسرے کا معمور اور آباد ہو اور آندھی اور بارش اور تمام آفتوں سے محفوظ رہے تو اس کو کورے آبخورے پر لکھے اور اس آبخورہ میں پانی بھرے اور اس سے دیواروں پر پانی چھڑکے تو وہ گھر سب آفتوں سے محفوظ رہے اور اگر کسی کی تسخیر کی نیت سے پڑھے تو گیارہ مرتبہ پڑھے، وہ آدمی مطیع وفرمانبردار ہو۔

اَلْمُتَعَالُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۵۵۱	عنصر: بادی	طبیعت: مشترک

حیض کی تکالیف

حیض کی مختلف تکالیف میں مبتلا عورتیں دوران حیض روزانہ پانچ سو اکیاون (۵۵۱) مرتبہ پڑھیں۔

قضائے حاجت کے لیے

قضائے حاجت کیلئے حاجت کی تکمیل تک بکثرت پڑھیں۔

ناجائز مقدمات کا خاتمہ

ناجائز مقدمات کے خاتمے اور وکیل پیشہ لوگ بعد نماز عشاء ایک تسبیح پڑھ لیں۔

نیک رشتوں کے خواہش مند

نیک رشتوں کے خواہش مند اکیس (۲۱) دن پانچ سو اکیاون (۵۵۱) مرتبہ پڑھیں۔

مکان کی شیاطین سے حفاظت ہو

واسطے دفع شیاطین کے ہر شب اس کو پانچ سو اکیاون (۵۵۱) مرتبہ پڑھنا، مکان کو محفوظ رکھتا ہے۔

حاکم حاجت پوری کرے

حاکم سے حاجت ہو تو اس کو تین شب آٹھ سو چودہ (۸۱۴) مرتبہ پڑھے۔ پھر حاکم کے پاس جائے۔ مطلب حاصل ہو۔

"اَلْمُتَعَالُ" کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کیلئے بارہ ہزار پانچ سو (۱۲۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھ کر (۴۰) دن کا چلہ کریں۔

اَلْبَرُّ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۲۰۲	عنصر: خاکی	طبیعت: جمالی

گندے وساوس سے چھٹکارے کیلئے

گندے وساوس، نماز میں خیالات کی کثرت، برے خیالات کے غلبے سے چھٹکارا پانے کیلئے روزانہ دوسو دو (۲۰۲) مرتبہ پڑھیں۔

برے حالات کے خاتمے

برے حالات کے خاتمے اور حالات کے سدھار کیلئے روزانہ ایک تسبیح پڑھیں۔

بچپن میں بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنا

بچپن میں بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے والدین ستر (۷۰) بار پڑھ کر دم کریں۔

بچوں کو نیک اور ایماندار بنانا

بچوں کو دودھ پلاتے وقت بکثرت پڑھیں، بچے نیک اور ایماندر بنیں گے۔

حادثات سے بچنا

سواری پر سوار ہوتے وقت حادثات سے بچنے کیلئے (۷) بار پڑھیں۔

گناہوں سے توبہ کی توفیق ہو

جو ہر روز سات سو (۷۰۰) بار پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو لازمی گناہوں سے توبہ کی توفیق بخش دیں گے۔

"اَلْبَرُّ" کا عامل بننا

اس اسم کا عامل بننے کیلئے تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھ کر چالیس (۴۰) دن کا چلہ کریں۔

اَلتَّوَّابُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۴۰۹	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

گناہوں کی بخشش کے لیے

جو کوئی "اَلتَّوَّابُ" کو بعد نماز چاشت تین سو ساٹھ بار پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو توبہ نصوح عطا کرے اور اگر اس کی کثرت کرے، اس کے کام درست ہوں اور اس کا نفس طاعت الٰہی میں آرام پکڑے۔

حج کے اسباب مہیا ہوں

جو شخص حج کی خواہش رکھتا ہو، وہ خالص توبہ کر کے ہر شب سولہ سو چھ (۱۶۰۶) مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ حج کے اسباب مہیا کرے۔

قبولیت توبہ

اگر کوئی شخص نماز چاشت کے بعد اسم پاک کو تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے، حق تعالیٰ اسے سچی توبہ نصیب فرمائے۔ اور اس کے نفس کو طاعت الٰہی میں آرام حاصل ہوگا۔ اگر اس کو پڑھنے کا معمول بنالے تو ان شاء اللہ توبہ پر قائم رہنا بھی نصیب ہوگا۔ اگر گناہوں کے عادی شخص کو لکھ کر پلائیں تو اسے بھی توبہ نصیب ہو۔

ظالم سے نجات

اگر ظالم سے نجات مطلوب ہو تو دس بار پڑھ کر ظالم پر پھونکے، ان شاء اللہ ظالم سے نجات ملے گی۔

فوائد کثیرہ

ابوالعباس بونیؒ شمس المعارف میں لکھتے ہیں کہ اس اسم پاک کے ذاکر کو اللہ تعالیٰ کے مبداء کی طرف لوٹنا آسان ہوگا۔ اس لیے ہر شخص کو دن رات اس کا ذکر کرنا چاہئے۔ اس اسم میں جسم سے مکھیاں اور حشرات دور کرنے کی بھی خاصیت ہے۔

اَلْمُنْتَقِمُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۶۳۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

حد سے زیادہ ظالم کی بربادی

جو شخص بہت ظالم قسم کا ہو اور از حد سنگ دل ہو۔ لوگوں کی جان، ان کا مال، ان کی عزت اس سے محفوظ نہ ہو تو ایسے شخص کی تباہی اور بربادی کے لیے یہ عمل بہت کارگر ہے۔ روزانہ زوال کے بعد ظہر کی نماز سے پہلے تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ ''یَامُنْتَقِمُ'' پڑھا کریں۔ آگے پیچھے درود شریف پڑھنے کی ضرورت نہیں، نہ پڑھیں۔ پڑھائی کے دوران دشمن کا تصوّر باندھیں۔ دل و دماغ میں اس کی شکل سامنے رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ کے اندر اندر وہ ظالم شخص اپنے کیے کی سزا بھگتے گا اور تباہ و برباد ہو جائے گا۔

تنبیہ: یہ عمل بہت مجبوری میں کرنے کا ہے۔ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ دشمن کو معاف کر دیا جائے کیونکہ بعض مرتبہ ایسا عمل اُلٹا ہو جاتا ہے اور عامل کی زندگی خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ لہٰذا اس عمل کو کرنے سے قبل کسی نیک متقی اور فاضل عالمِ دین سے مشورہ کر کے عمل کریں تو بہتر ہے۔

دشمن سے نجات

جو شخص دشمن سے پریشان ہو، عزت اور آبرو خطرے میں ہو، اس اسم کو زوالِ ماہ میں ننگے سر، کھلے آسمان تلے، آٹھ ہزار چھ سو اسی (۸۶۸۰) مرتبہ پڑھے اور دشمن سے نجات چاہے۔ اللہ تعالیٰ دشمن کو مبتلائے عذاب کرے۔ خبردار دشمن کے مرنے کی بددعا نہ کرنا۔

دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رہنا

دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رہنے کے لیے اور لوگوں کے قلوب کو مسخر کرنے کے لیے ہر جمعہ کو بعد نمازِ جمعہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ''یَامُنْتَقِمُ'' پڑھے۔

قبولیت دُعا

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص نصف شب کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ ''یَامُنْتَقِمُ'' پڑھ کر کوئی دُعا کرے گا تو اس کی دُعا قبول ہوگی۔

دشمن سے نجات

اگر کوئی شخص کسی دشمن کے نرغے میں ہو اور دشمن سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس کو چاہئے کہ لگاتار تین (۳) جمعوں تک جمعہ کی نماز کے بعد سات ہزار (۷۰۰۰) مرتبہ ''یَامُنْتَقِمُ'' پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن سے نجات مل جائے گی۔

ناجائز مقدمہ سے نجات

اگر کوئی شخص کسی ناجائز مقدمہ میں پھنس گیا ہو تو دن کے بارہ 12 بجے اور رات کے بارہ بجے ''یَامُنْتَقِمُ'' پانچ ہزار (۵۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ، مقدمہ سے نجات مل جائے گی۔

آسان عملیات وتعویذات (23 جلدیں)

عملیات وتعویذات کا عظیم انسائیکلوپیڈیا۔ کوئی ایسا موضوع نہیں، جس کے لئے ڈھیروں اعمال ان جلدوں میں نہ ملیں۔ مثلاً روحانی تشخیص، ہر قسم کے جادو اور جنات سے نجات، ہر قسم کی بندش کا علاج، دشمن کی زبان بندی و فتح، جائز مقاصد میں کامیابی، ہر قسم کی پریشانی سے نجات، جائز حاجتوں کا حصول، باہمی جھگڑوں کا حل، ہر قسم کی بیماری سے نجات، محبت، شادی وغیرہ۔

عام قیمت فی جلد: **300** روپے رعایتی قیمت فی جلد: **225** روپے

رعایتی قیمت برائے ممبران فی جلد: **210** روپے

مکمل سیٹ 23 جلدیں رعایتی قیمت: **4500** روپے

رابطہ 042-35410586, 0332-4487877

darulamal.org/bookshop, info@darulamal.org

دارالعمل چشتیہ
کی روحانی علاج گاہ کی
خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل دی جارہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہوسکتا ہے۔

معاشی مسائل: قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہوجانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل: سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل: رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہوکر یا رشتہ طے ہوکر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

زوجین کے مسائل: زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل: جان کا دشمن ہوجانا، ناجائز مقدمہ کردینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کرلینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی تخریب کاریاں: رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش ونقصان کرنا۔

جنات کی مختلف قسم کی شیطانیاں: نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہوکر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض: علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل وجگر ودماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض: اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولادِ نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض: غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، email کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کرلیں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

سید عامر علوی **0344-8439477** (اوقات: دوپہر 3 تا 9 بجے علاوہ جمعہ واتوار) مولانا سلیم اللہ ظفر **0343-4686217** (اوقات: صبح 8 بجے تا رات 8 بجے علاوہ جمعہ)

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ruhaniilajgah
+ruhaniilajgah96 ruhaniilajgah
خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772 (صبح 11 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ واتوار)
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com +92-322-7772772

اَلْعَفُوُّ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۱۵۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی

بلاناغہ پابندی کے ساتھ اس کا ورد کرتے رہنا چاہیے، ایسا کرنے سے ان شاء اللہ سخت گنہ گار کو بھی صالح اور نیک بننے میں مدد ملے گی اور اللہ تعالیٰ اس کے ورد کرنے والے کے گناہوں کو معاف کردے گا۔

(اس مقدس نام کو خاص طور سے جنت میں داخلے کے لیے پڑھا جاتا ہے)

گناہوں کی بخشش کے لیے

جس کے گناہ بہت ہوں تو اس کو بلاناغہ پڑے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ بخش دیں گے۔

مرتبہ پر فائز رہے

ہر نماز کے بعد ایک سو چھپن (۱۵۶) مرتبہ پڑھنے سے اپنے مرتبہ پر فائز رہے۔

اللہ ﷻ توبہ قبول کرے

جو شخص حضوری قلب سے ہر شب دو ہزار دو سو چالیس (۲۲۴۰) مرتبہ پڑھے، اللہ ﷻ تمام گناہوں سے توبہ قبول کرے۔

زبردست روحانی طاقت

اگر کوئی شخص ''یَا عَفُوُّ'' گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھے تو اس کے اندر زبردست روحانی طاقت پیدا ہوجائے گی اور اس کے گناہ بھی معاف ہوجائیں گے۔

''یَا عَفُوُّ'' کا عامل بننا

اس اسم الٰہی کا عامل بننے کے لیے اس کو روزانہ چھ ہزار دو سو پچاس مرتبہ بہ نیت زکوٰۃ اکتالیس (۴۱) دن تک پڑھنا چاہیے۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ کی دائیگی کے بعد اس اسم الٰہی کے تعویذات میں زبردست تاثیر پیدا ہوگی۔

اَلرَّؤُوْفُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۲۸۶	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

ظالم وجابر حکمران کے چنگل سے آزادی

پابندی کے ساتھ اس کا ورد کرنا چاہیے۔ دس مرتبہ اس کو پڑھ کر ظالم وجابر حکمران کی سمت میں (یا اگر ممکن ہو تو ٹھیک اس کے منہ پر) پھونک دیجیے۔ ایسا کرنے سے ان شاء اللہ۔ (۱) اللہ تعالیٰ اس کو اپنے سایے میں رکھے گا (۲) پڑھنے والے کی روح بلند ہوگی اور دوسروں کی جانب سے مزید مہربان اور نرم دل بن جائے گا۔ (۳) پریشان وہراساں شخص ظالم وجابر حکمران کے چنگل سے نکل آئے گا۔ (اگر اس کا ورد کرنے اور اپنے لیے کر رہا ہے، تب بھی دونوں کو فائدہ ہوگا)۔

''اَلرَّؤُوْفُ'' کا عامل بننا

یہ اسم مبارک تسخیر ومحبت اور دشمن کے پنجہ ظلم سے رہائی کے لیے پڑھنا چاہیے، اس کے عامل کو ہر فرد انسانیت ومحبت سے دیکھے۔ اگر اس کے عامل کے پاس ایک پیسہ نہ ہو اور وہ بڑے سے بڑا کاروبار کرنا چاہے تو لوگ اسے بخوشی قرض دیں اور تقاضا نہ کریں۔ کیونکہ عامل کو قرض دینے والے کو اللہ تعالیٰ بڑی برکت دیتا ہے۔ اگر کوئی بہ نیت خیانت اس عمل کو کرے تو ذلیل وخوار ہو اور نہ عظمت وقار اس کے قدم چومے۔

چہرے پر نور آئے

جو شخص ہر نماز کے بعد دو سو چھیاسی (۲۸۶) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کے چہرے پر نور عطا کرے۔

مخلوق مطیع ہو، دعائیں قبول ہوں

جو شخص ہر صبح اور شام دو سو پچانوے (۲۹۵) مرتبہ پڑھے، مخلوق اس کی مطیع ہو۔ کام سیدھے ہوں۔ دُعائیں قبول ہوں۔ مخلوق میں سربلند ہو۔

مَالِکُ المُلک کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۲۱۲	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

ہولِ دل اور قلبی گھبراہٹ کا علاج

اگر کسی کا دل لرزتا ہو اور انجانا اندیشہ اس کے دل میں پیدا ہوتا ہو اور ہولِ دل کا مرض محسوس ہوتا ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل نقش باوضو چالیس (۴۰) عدد لکھ کر رکھ لے یا ایک نقش روزانہ فجر کی نماز کے بعد لکھ لیا کرے اور باوضو اس نقش کو پانی میں گھول کر ناشتہ سے قبل پی لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دل کی گھبراہٹ، ہولِ دل، دل کا کانپنا سب ختم ہو جائے گا۔

وہ نقشِ معظم یہ ہے:

ا	ل	م	ل	ك
ل	م	ل	ك	ا
م	ل	ك	ا	ل
ل	ك	ا	ل	م
ك	ا	ل	م	ل

عامل بننے کا طریقہ

اس اسم الٰہی کا عامل بننے کے لیے اس اسم کو روزانہ انیس ہزار اسّی (۱۹۰۸۰) مرتبہ چالیس (۴۰) دن تک پڑھے، دورانِ چلّہ گرم چیزوں سے پرہیز رکھے، سادہ اور معتدل قسم کی غذا لے، گوشت سے بھی پرہیز کرے، اکتالیس (۴۱) ویں دن شیرینی تقسیم کرے۔

پابندی کے ساتھ اس کا ورد کرنے سے ان شاء اللہ تمام سعی وکوشش میں کامیابی ملے گی (۲) ساتھیوں کی جانب سے عزت ملے گی (۳) حکمران اس کا ورد اس لیے کرتے ہیں تاکہ ان کی حکومت باقی رہے اور مسلسل وہ حکمران رہیں (۴) دولت حاصل ہوگی (۵) جو نماز اس نام کے ساتھ ملا کر پڑھی جائے، قبول ہوگی۔

ذُوالجَلَالِ وَالاِکرَام کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۱۱۰۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

جمیع مقاصد ودلی مراد حاصل کرنا

یہ دونوں اسم خواص میں یکتا ہیں۔ حضرت امام علی رضاؑ فرماتے ہیں (ان میں سے کوئی) اسم اگر سات روز تک روٹی کے ایک ٹکڑے پر لکھ کر خود کھائے، باقی روٹی صدقہ کر دے تو تمام مخلوق مسخر ہو اور بااکرام پیش آئے۔ اس اسم کا پڑھنے والا خدا اور بندگان خدا کے سامنے معزز ومکرم ہو اور جمیع مقاصد ومرادیں حاصل ہوں۔ اگر سفید کاغذ پر لکھ کر مکان میں رکھے، برکت ہو۔ لوگ اس کی جانب رجوع کریں۔

"ذوالجلال والاکرام" کے فوائد

حاملہ عورت باندھے تو حمل اسقاط سے محفوظ رہے اور بچہ جن وآسیب ام صبیان کے خلل سے مامون رہے۔ اگر کھانے یا پینے پر دم کر کے طرفین کو کھلائیں تو صلح ہو، سیسہ کی تختی پر لکھ کر مطلوب کی صورت بنا کر اس کے مکان میں رکھ دیں، نکسیر جاری ہو اور مٹی کا پتلا بنا کر لکھ کر سُکھا کر برادہ بنا کر ظالم کے گھر میں ڈالے، برباد ہو جائے۔

حاجت روائی کے لیے

جو کوئی اس اسم کو ہمیشہ پڑھتا رہے تونگر ہو جائے گا۔ کوئی بھی حاجت اور مشکل لوگوں کی طرف نہ رہے گی۔

تمام دن خوشحالی سے گذرے

جو شخص اس کو ہر صبح گیارہ سو مرتبہ پڑھے، تمام دن خوشحالی نصیب ہو۔

خاص شخص حاجت پوری کرے

جو شخص پریشان حال ہو اور کسی سے کوئی جائز غرض رکھتا ہو، اس اسم کو دو ہزار اکتالیس (۲۰۴۱) مرتبہ قرأت کرے اور اس کے پاس جائے۔ وہ اس کا کام بخوشی کرے۔

اَلْمُقْسِطُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۲۰۹	عنصر: آتشی	طبیعت: جلالی

بگڑے کام سنور جائیں

ہر نماز کے بعد دوسونو (۲۰۹) مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام بگڑے کام سنوارے۔

توفیق انصاف ملے

اگر کوئی قاضی، مصنف یا جج یہ چاہے کہ جب وہ کرسیٔ عدالت پر بیٹھے، اس سے صحیح صحیح انصاف کا فیصلہ صادر ہو، کسی سے زیادتی نہ ہو اور ہر فریق کو اس کا اصل حق ملے۔ تو اسے چاہئے کہ اس اسم پاک کا بکثرت ذکر کیا کرے، وہ صحیح معنوں میں منصف بن جائے گا۔

شیطانی وساوس کا علاج

دل میں آنے والے وسوسوں اور شیطان کے مکروفریب سے بچنے کے لیے روزانہ ۲۰۹ مرتبہ اس کا ورد کرے۔ ان شاء اللہ ذاکر کا نفس اس کے قابو میں رہے گا۔

خاوند سے طلب انصاف کیلئے

اگر کسی شخص کی دو یا دو سے زیادہ بیویاں ہوں اور وہ ان میں سے کسی ایک بیوی کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کرتا ہو تو وہ بیوی روزانہ اپنے خاوند کو ۲۰۹۰ مرتبہ یہ اسم پاک پڑھ کر پانی یا کسی خوردنی چیز پر دم کر کے کھلائے۔ ان شاء اللہ وہ اپنی اس بیوی سے منصفانہ سلوک کرے گا۔

کاروباری لوگوں کیلئے بہترین عمل

ابوالعباس بونیؒ نے شمس المعارف میں لکھا ہے کہ اس اسم پاک کے ذاکر کے دل سے افراط وتفریط دور ہو جاتی ہے اور خالص عادل ہو جاتا ہے، دُکانداروں اور کاریگروں کے لیے فائدہ مند ہے۔

اَلْجَامِعُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۱۱۴	عنصر: خاکی	طبیعت: مشترک

بچھڑے ہوئے مل جائیں

جو شخص عزیزوں سے بچھڑ گیا ہو، وہ طلوع آفتاب کے وقت اس کو تین ہزار آٹھ سو چالیس (۳۸۴۰) مرتبہ پڑھے۔ بچھڑے ہوئے مل جائیں۔

گمشدہ کی خبر ملے

جو ایسا گمشدہ ہو کہ اس کی کوئی خبر نہ آئے تو اس شخص کے نام، ماں کا نام اور جس روز گم ہوا ہے، اس دن کے تمام اعداد جمع کرے۔ پھر اس اسم کے اعداد جمع کرے اور کل تعداد کے مطابق اس اسم کو پڑھے۔ ان شاء اللہ وہ بخیر واپس آئے یا اس کی معتبر اطلاع ملے۔

بچھڑے اقارب کو ملانے کا ایک اور عمل

بعض علما نے بچھڑے ہوئے عزیز واقارب کو ملانے کا یہ مجرب عمل بھی لکھا ہے کہ چاشت کے وقت غسل کر کے آسمان کی طرف منہ کر کے دس بار اسم مبارک ''یاجامع'' پڑھے اور ایک انگلی بند کرے، اسی طرح ہر دس بار پڑھ کر انگلیاں بند کرتا جائے۔ جب تمام انگلیاں بند ہو جائیں تو پھر اپنے ہاتھوں کو اپنے منہ پر مل لے۔ ان شاء اللہ ان کے درمیان جلد اجتماع ہو جائے گا۔

فوائد کثیرہ

اگر بیوی ناراض ہو کر سسرال سے چلی جائے، یا اولاد یا کوئی اچھا ملازم ناراض ہو کر کام چھوڑ جائے۔ یا کسی نے جائیداد پر ناجائز قبضہ کر رکھا ہو تو طالب اس اسم پاک کو ۱۱۴۰ مرتبہ روزانہ پڑھ کر اول آخر درود شریف اور پھر اپنے مطلب کی دعا کرے۔ اگر چاہے کہ بہت جلد اس اسم پاک کا اثر ظاہر ہو تو ایک ہزار چار سو (۱۴۰۰) بار روزانہ ورد کرے۔ ان شاء اللہ بہت جلد اثرات ظاہر ہوں گے۔

اَلْغَنِیُّ کے خواص و اعمال

اعداد قمری: ۱۰۶۰	عنصر: آتشی	طبیعت: مشترک

حصولِ غنیٰ

جو شخص طلوع آفتاب سے قبل اس کی جانب منہ کر کے اس اسم کو گیارہ سو ستتر (۱۱۷۷) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو غنی کر دے۔

تمام مرادیں پوری ہوں

جو شخص ہر نماز کے بعد اس کو ایک سو چھ (۱۰۶) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کی تمام مرادیں پورے کرے۔

شفائے امراض

جو شخص کسی مرض یا بلا میں گرفتار ہو، وہ اپنے اعضائے بدن پر اسم پاک ''اَلْغَنِیُّ'' کو پڑھ کر دم کرے۔ ان شاء اللہ مرض سے نجات ملے گی۔

عادت بد سے نجات

اگر کسی شخص میں عادات بد مثلاً لالچ، طمع، حسد اور بغض وغیرہ ہوں تو وہ اس اسم پاک کو ایک ہزار ساٹھ (۱۰۶۰) مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے، اس کی سب بری عادات جاتی رہیں گی اور اخلاق حسنہ ایسے شخص میں پیدا ہو جائیں گے۔

حصولِ غنائے ظاہر و باطن

اگر کوئی شخص ظاہری و باطنی غنا کا طالب ہو تو ''یَامُغْنِیُ'' گیارہ سو بار روزانہ تلاوت کیا کرے، اول آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل یا تو صبح کی نماز کے بعد پڑھے یا عشاء کے بعد۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اسے صبح کی نماز کے بعد پڑھتے اور اس کے ساتھ سورۃ مزمل بھی تلاوت کرتے۔ یہی معمول حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کا تھا۔ اور ان کے سلسلے میں رائج ہے۔

ہر قسم جادو، نظرِ بد، جنات سے نجات و حفاظت کا عمل

''عمل باندھ جادو'' ایک ایسا عمل ہے، جس سے ہر طرح کی نظرِ بد..... غیبی مخلوق جیسے جن، پری، بھوت، ڈائن، خبیث، شیطان، ابلیس وغیرہ..... ہر قسم کا جادو ٹونہ جو مختلف طریقوں سے کیا ہوا جیسے گڈا (پُتلہ) بنایا ہو، مسان کا عمل کیا ہو، تعویذ کیے ہوں، کھلایا پلایا ہو، کہیں عمل کر کے دبایا ہو، آگ پر رکھا ہو، گرہوں پر پڑھ کر پھونکا ہو یا کسی بھی قسم کا عمل کیا ہو..... ان سب کو باندھا اور علاج کیا جا سکتا ہے۔ اس عمل کے عامل پر جادو کا وار بہت مشکل سے چلتا ہے۔ دو چلّوں کے بعد، اس عمل کا عامل بنا جا سکتا ہے۔ تیسرا چلّہ مزید ترقی کیلیے ہے۔

عمل کی فیس: 1600 روپے

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

+92-322-7772772

عمل عصائے کلیم اللہ

ھدیہ 1100 روپے

سخت جادو کی کاٹ کا ایک خاص عمل۔ یہ عمل بھی مندرے کی طرح کام کرتا ہے، مگر تاثیر میں مندرے سے کافی کم ہے۔ مریض کو دم کرنے سے فوری فرق پڑتا ہے اور مسلسل دم کرنے سے جادو بہت جلد کٹ جاتا ہے۔

ایک آسان عمل ہے، جو آج کل کے ماحول کے لحاظ سے خوب کام کرتا ہے۔ اس عمل کا چلّہ کرنا ہوتا ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

+92-322-7772772

اَلْمُغْنِیُ کے خواص و اعمال

اعداد قمری: ۱۱۰۰	عنصر: آتشی	طبیعت: جمالی

رزق کا دروازہ کھلنے کا عمل

رزق کی تنگی دُور کرنے اور غیب سے رزق کا دروازہ کھلنے کے واسطے یہ عمل مکمل اور مسلسل بلاناغہ چالیس (۴۰) روز کرنا ہے۔

ایک وقت مقرر کر کے باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پھر گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ ''یَامُغْنِیُ'' پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار سورۂ مزمّل پڑھے اور پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

یہ عمل بہت مُجرّب ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے روزگار کے دروازے کھل جائیں گے اور ہر قسم کی مالی پریشانی سے نجات حاصل ہو گی۔ عمل شرط ہے۔

غنائے ظاہری و باطنی اور مالداری کا حصول

اگر کسی شخص کی آمدنی کم ہو اور خرچ زیادہ ہوتا ہو اور بظاہر آمدنی بڑھنے کا امکان بھی نہ ہو اور قرض ملنا بھی دشوار ہو تو ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرنی چاہیے اور اسی سے مدد طلب کرنی چاہیے۔ اس کے لیے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔

بعد نمازِ عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ''یَامُغْنِیُ'' تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) بار پڑھے۔ آخر میں درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ یہ عمل بلاناغہ چالیس (۴۰) دن تک برابر کرے۔ اس طرح پڑھنے سے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اب روزانہ بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف، اس کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ ''یَامُغْنِیُ''، آخر میں تین بار درود شریف پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جیب خالی نہ رہے گی اور آمدنی کا غیب سے ذریعہ بن جائے گا۔ یہ عمل مسلسل اور بلاناغہ کرے۔ اگر تین دن مسلسل نہ کیا تو عمل ٹوٹ جائے اور چلّہ دوبارہ کرنے پڑے گا۔

سفر میں یا کسی بھی حالت میں ناغہ نہ کرے۔ اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دوگنا کر لے اور اگر دو دن ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن تین گنا کر کے پڑھے اور اگر مسلسل تین دن ناغہ ہو گیا تو عمل ٹوٹ گیا، عمل دوبارہ کرے اور چالیس (۴۰) دن تک تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ یہ عمل مسجد میں بیٹھ کر نہ کرے۔ دنیا کے لیے عمل مسجد میں کرنا بہت بُرا ہے۔ یہ عمل گھر یا کسی دوسری جگہ پڑھے۔

روزی میں برکت ہو

روزی میں برکت اور آمدنی میں تنگی کو دور کرنے کے لیے یہ عمل بہت مفید اور مؤثر ہے۔ وقتِ مقررہ پر روزانہ اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے، اس کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار ''یَامُغْنِیُ'' پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر روزی میں برکت کی دُعا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تنگدستی دور ہو گی اور رزق کی پریشانی دور ہو گی۔

تسخیر خلائق کے لیے

جو کوئی اسم ''اَلْمُغْنِیُ'' کو دس جمعہ بلاناغہ ہمیشہ پڑھے، ہر جمعہ کو ہزار (۱۰۰۰) دفعہ پڑھے، مخلوق سے بے پرواہ ہو اور جناب شیخ المشائخ شاہ ولی اللہ صاحبؒ نے اپنی بعض تصانیف میں لکھا ہے کہ گیارہ (۱۱) بار درود شریف اول و آخر اور ''یَامُغْنِیُ'' بقدر تعداد اعداد حروف یعنی گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ ہر روز وظیفہ کرنا، غنائے ظاہر و باطن کے لیے نہایت مفید ہے۔

روحانی عرق گلاب نمبر 1

(برائے امراض جسمانی) قیمت: **200** روپے (750ml)

☆ شوگر کے مریضوں کیلئے ایک بہترین زبردست روحانی شفائی تحفہ ہے!
☆ معدہ اور آنتوں کی اکثر بیماریوں کو ہمیشہ کیلئے ختم کرتا ہے!
☆ جسم سے ریاح کی زیادتی کا جڑ سے خاتمہ کرتا ہے!
☆ پیاس کی شدت، ہونٹوں، منہ اور گلے کی خشکی کا خاتمہ کرتا ہے!
☆ دارالعمل چشتیہ کے روحانی عاملین نے انتہائی محنت اور طویل قرآنی دم سے تیار کیا ہے!

مطب العارف 042-35410586, 0307-5525103

سات سلام اور چہل کاف کے عامل بنیں

تعارف سات سلام اور چہل کاف کا عمل ''پیرانِ پیر غوثِ اعظم حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ'' سے منقول ہے۔ یہ عمل سایہ اور جادو کا خاص توڑ ہے۔ اس عمل کا عامل بننے کے لئے صرف اجازت کی ضرورت ہے۔ اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔ اجازت حاصل کرنے کے بعد اس عمل کے ذریعے سے جنات، جادوٹونہ اور نظرِ بد کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ چہل کاف کے عامل اور اہلِ خانہ پر جادو اور سایہ اثر نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سب محفوظ رہتے ہیں بشرطیکہ وہ اجازت لیتے وقت پہلے سے جادو اور جنات کے مریض نہ ہوں۔

کل چھ درجوں کی زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ 5100 روپے میں پہلے تین درجوں کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔

چہل کاف وہ عمل ہے جو عاملین میں بہت مقبول ہے۔ دنیا کا شاید ہی کوئی جائز کام ایسا ہو، جو اس عمل سے ممکن نہ ہو۔ شرط یہ ہے کہ اس عمل کا ماہرانہ استعمال کرنا آتا ہو۔ اسلحہ تو بہت لوگوں کے پاس ہوتا ہے مگر اچھی طرح چلانا کسی کسی کو ہی آتا ہے۔ یہی روحانی اسلحہ کا بھی معاملہ ہوتا ہے۔ اگر اسلحہ کو صحیح استعمال نہ کرنا آتا ہو یا پھر بوقت ضرورت پاس نہ ہو، بیشک سامنے رکھا ہو، تو دشمن مارجائے گا۔ اس لئے دنیاوی اسلحہ کی طرح روحانی اسلحہ کو بھی ہر وقت لوڈڈ رکھنا چاہئے تاکہ بوقت ضرورت فوری استعمال کیا جاسکے۔

اجازت لینے کے بعد کیا حاصل ہوگا اس عمل کے لئے کسی چلّہ کشی کی شرط نہیں ہے۔ اجازت لینے کے بعد آپ کو سات سلام اور چہل کاف کی ایک معمولی تعداد روزانہ (جب تک عمل رکھنا چاہیں) پڑھنی ہوتی ہے۔ اس کے پڑھنے سے آپ کی روزانہ حاضری لگتی رہے گی اور اس عمل کے پیچھے جنات آپ کی بوقت ضرورت مدد کریں گے۔ اس عمل کے پیچھے چونکہ جنات کی ایک بڑی تعداد ہے، اور وہ سب ہی جادو اور جنات کے علاج کرنے میں ماہر ہونے کے ساتھ دیگر دنیاوی کاموں میں بھی معاون ہوتے ہیں۔ اس لئے روزانہ پڑھتے رہنے سے وہ بھی مدد کو تیار رہتے ہیں۔

فیس چوتھا درجہ 1100، پانچواں درجہ 2100 اور چھٹا درجا 3100 روپے ہے۔

اس کی مثال ایسی ہے کہ جب پولیس کی ضرورت پڑتی ہے تو 15 پر کال کی جاتی ہے۔ کون آتا ہے؟ اس کا کوئی نہیں سوچتا، بس آنا چاہئے۔ اسی طرح جب اجازت یافتہ پڑھتا ہے تو اس کی کال بھی چہل کاف والوں کو جاتی ہے اور وہ آتے ہیں اور جس کام کے لئے پڑھا گیا ہوتا ہے، اس میں معاونت کرتے ہیں۔ اگر کسی کی نظر کھلی ہو تو اس کو جنات واضح نظر بھی آتے ہیں۔

اجازت کون لے روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، ایسے مریض جو عرصہ سے جادو اور جنات کی پکڑ میں ہوں، جو لوگ اپنی اور اپنے گھر والوں کی جادو اور جنات سے حفاظت چاہتے ہوں، جادو اور جنات سے متاثرہ لوگوں کا علاج سیکھ کر علاج کرنے والے افراد، خود کو اور اپنے گھر والوں کو جادو اور جنات سے خود عمل کر کے نجات دلانے والے افراد۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ بالغ مرد اور عورت اجازت لے سکتے ہیں۔

darulamal.org/ruhanidarsgah

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ھدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔ **نقد ھدیہ مع اعمال کی کاپی -/5100 روپے، علاوہ ڈاک خرچ**

رابطہ روحانی درسگاہ (فون دفتر) 042-35410586 (موبائل دفتر) 0343-7772772 مولانا محمد عرفان 0321-4661681

اَلْمَانِعُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۲۰۱	عنصر: آبی	طبیعت: جلالی

گناہوں سے حفاظت

جو شخص گناہوں سے باوجود کوشش کے باز نہ رہ پاتا ہو، وہ اس کو ہر نماز کے بعد دو سو ایک (۲۰۱) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اسے گناہوں سے باز رکھے گا۔

زوجین کی اصلاح

جو شخص بیوی سے بوجہ نافرمانی پریشان ہو، رات سونے سے قبل چار سو دس (۴۱۰) مرتبہ پڑھے، بیوی راستی پر آئے، یہی عمل شوہر کے لیے بیوی بھی کرسکتی ہے۔

اختلاف زوجین دور ہو

اگر میاں بیوی کے درمیان اختلاف ہوجائے، ان میں سے اختلاف کا سبب کوئی بھی ہو، طالب بستر پر رات کو لیٹ کر اس اسم پاک کو بیس بار پڑھے۔ ان شاء اللہ طرف ثانی کا غصہ دور ہوگا اور اختلاف ختم ہوکر ان کے مابین انس ومحبت پیدا ہوگی۔

عادت بد کا ختم کرنا

جو شخص کسی عادت بد کا شکار ہو اس اسم پاک کا بکثرت ذکر کرے تو عادت بد دفع ہو اور اگر کوئی بدکار مرد یا عورت کسی دوسرے شریف مرد یا عورت کو گناہ کی طرف راغب کرنے کی کوشش کرے یا کسی برے آدمی کو اپنے گھر میں آنے سے روکنا چاہتا ہو مگر اس کے شر سے خوف زدہ ہو تو اس اسم پاک کا بکثرت ذکر کرے اور اس شخص کے شر سے بچنے کی دعا کرے۔ ان شاء اللہ، اللہ پاک اس کی حفاظت فرمائیں گے۔

ان مقاصد کے لیے اسی اسم پاک کا پانی دم کرکے بھی پلایا جاسکتا ہے۔

اَلضَّارُّ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۱۰۰۱	عنصر: آبی	طبیعت: جلالی

روحانی صلاحیت کے لیے

جو کوئی کسی حال اور مقام عرفان پر پہنچ جائے اور جمعہ کی راتوں میں اسم ''اَلضَّارُّ'' کو سو (۱۰۰) بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کو اس مقام میں ثابت قدمی عنایت کرے اور انجام کو اہل قرب کے مرتبہ پر پہنچے۔

نفس کو دبانے کے لیے

اگر کوئی سالک ابواب معرفت کے مفتوح ہونے اور نفس کو دبانے کے لیے روزانہ اکتالیس (۴۱) بار پڑھے یا معمول بنالے تو مقصد میں کامیاب ہوگا۔

حق تعالیٰ کی معرفت حاصل ہو

شب جمعہ ایک سو (۱۰۰) بار پڑھے تو حق تعالیٰ کی معرفت حاصل ہو۔

قرب الٰہی کا حصول

اگر ہر دو اسماء ''یا ضار یا نافع'' ملا کر بکثرت تلاوت کرے تو بہت جلد قرب الٰہی کا حصول ہو۔

تمام ظاہری اور باطنی آفتوں سے محفوظ رہے

جو شخص شب جمعہ میں سو مرتبہ ''الضار'' پڑھا کرے، وہ ان شاء اللہ تمام ظاہری اور باطنی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور قرب خداوندی اسے حاصل ہوگا۔

عزت وجاہ کا مقام عطا ہوگا

جو شخص اسم مبارک ''یا ضار'' کا بکثرت ورد کرے گا، اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اسے خلائق کی نظروں میں عزت وجاہ کا مقام عطا فرمائے گا، وہ جہاں جہاں جائے گا۔ ان شاء اللہ لوگ اس کی تعظیم وتکریم کریں گے اور سر آنکھوں پر بٹھائیں گے۔

اسمائے الحسنیٰ نمبر
darulamal.org/ruhanishop/sale/agarbatti.htm

اَلنَّافِعُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۱۶۱	عنصر: آبی	طبیعت: جمالی

حاجت روائی کے لیے

اگر ہر کام کے شروع میں اکتالیس (۴۱) بار پڑھ لیا کرے تو سب کام اس کے خاطر خواہ سرانجام ہوں۔

اسرار غیب سے مطلع ہو

جو شخص اس کو چار ہزار تین سو ستر (۴۳۷۰) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ اس کو اسرار غیب سے مطلع کرے۔

تمام کام سیدھے ہوں

جو شخص ہر کام کے شروع میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے بعد اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ لے، اس کے تمام کام سیدھے ہوں۔

فراوانی رزق، رتبہ میں بلندی

فراوانی رزق اور رتبہ میں بلندی کے لیے سو بار روزانہ پڑھنے کا معمول بنائے۔

کشتی سوار کا سفر سلامتی سے گزرے

کشتی میں سوار ہو کر سو بار پڑھے تو سفر سلامتی سے گزرے اور غرق سے محفوظ رہے۔

اولاد صالح پیدا ہو

زوجین صحبت سے پہلے اس اسم کی تلاوت کریں تو اولاد صالح پیدا ہو اور اس میں محبت بڑھے۔

تجارت میں نفع، کاروبار میں ترقی

اس اسم پاک کی بکثرت تلاوت سے تجارت میں نفع ہو۔ کاروبار میں ترقی ہو اور روزی میں برکت ہو۔

اَلنُّوْرُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۲۵۶	عنصر: آبی	طبیعت: مشترک

روحانی صلاحیت کے لیے

جو کوئی جمعہ کی شب سات (۷) دفعہ سورۂ نور اور ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار اسم ''اَلنُّوْرُ'' کو پڑھے، اس کا دل منور ہو اور اگر صبح کے وقت اس کے پڑھنے کی مداومت کرے تو اس کا دل ہمیشہ روشن رہے۔

دردِ سر کا علاج

دردِ سر کے لیے مندرجہ ذیل کلمات سات (۷) بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام سر پر پھیر لے۔ اگر کسی دوسرے کے سر میں درد ہو تو مندرجہ ذیل کلمات سات (۷) بار پڑھ کر اس کے دونوں ہاتھوں پر دم کر دے۔ وہ اپنے سر پر ہاتھ پھیر لے۔ وہ کلمات یہ ہیں:

یَانُوْرَ النُّوْرِ یَامُنَوِّرَ النُّوْرِ یَاخَالِقَ النُّوْرِ یَانُوْرَ کُلِّ نُوْرٍ یَا مَصْدَرَ النُّوْرِ۔ یَانُوْرَ قَبْلَ نُوْرٍ یَانُوْرَ بَعْدَ النُّوْرِ یَانُوْرَ فَوْقَ کُلِّ نُوْرٍ یَانُوْرَ فِیْ کُلِّ نُوْرٍ یَانُوْرَ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ نُوْرٌ۔ سُبْحَانَکَ یَامَنْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلِّصْنَا مِنَ الْغَمِّ وَالْھَمِّ وَالنَّارِ یَارَبُّ۔

نگاہ کی تیزی اور حفاظت

ہر فرض نماز کے بعد جو شخص انگلیوں کے پوروں پر گیارہ (۱۱) بار ''یَانُوْرُ'' پڑھ کر آنکھوں پر پھیرے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی آنکھ کی روشنی کم نہ ہوگی اور نگاہ صحیح کام کرے گی۔

تنویر قلب

اس اسم پاک کے بکثرت ذکر سے نور ایمان کے ساتھ دل منور ہوتا ہے۔ اس کی موت حالت ایمان پر ہوگی۔

اسماء الحسنیٰ نمبر
darulamal.org/ruhanishop/sale/printed_taweez

اَلْھَادِیُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۲۰	عنصر: آبی	طبیعت: جمالی

برائے محبت

''یَاھَادِیُ'' پچھتر (۷۵) بار پڑھ کر گلاب یا موتیا یا چنبیلی کے پھول پر دم کر کے اور طالب ومطلوب کے نام لے اور دم کرے اور اس کو دے، ان شاء اللہ محبت میں والا وشیدا ہوگا۔

جمیع امور میں خیر کے حصول کے لیے

جو شخص اس کو پابندی سے صبح وشام طلوع آفتاب وغروب آفتاب کے وقت ایک سو تریسٹھ (۱۶۳) مرتبہ پڑھے، اللہ تعالیٰ جمیع امور میں خیر عطا فرمائے۔

تمام امور میں بھلائی ملے

جو شخص شرف قمر میں چاندی کی انگوٹھی پر اس کا مربع نقش کرے تو اس کو تمام امور میں بھی بھلائی عطا ہو۔

پیر ومرشد کی تلاش

اگر کوئی شخص پیر ومرشد کی تلاش میں ہو اور صحیح رہنمائی اس سلسلے میں نہ ہو پا رہی ہو تو ایسے شخص کو چاہئے کہ تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ ''یَاھَادِیُ'' کا ورد چالیس (۴۰) روز تک کرے۔ ان شاء اللہ چالیس دن کے اندر یا کچھ دنوں کے بعد اُسے معتبر قسم کے پیر ومرشد کی رہنمائی خواب میں یا حقیقت میں کسی بزرگ کے ذریعہ نصیب ہوگی۔

فیصلہ حق میں ہو

حاکم، قاضی، مفتی اور قوم کے پیشوا اور سردار اگر کسی بھی فیصلے سے پہلے اس نام ''یَاھَادِیُ'' کو سات (۷) مرتبہ پڑھ لیں تو وہ حق کا فیصلہ کرنے پر مجبور ہوں۔

اَلْبَدِیْعُ کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۸۶	عنصر: خاکی	طبیعت: مشترک

مشکلات کے لیے

جس کو کوئی غم یا مہم پیش آئے اور ستر بار اور ایک روایت میں ہزار بار ''یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ'' کہے تو وہ مہم کفایت کو پہنچے اور اگر باوضو اس قدر پڑھے کہ سو جائے تو جو کچھ چاہے خواب میں معلوم ہو۔

عمل برائے حل مشکلات

قضائے حاجات مہمہ (مشکل کام کے پورا ہونے) کے لیے روزانہ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اوّل وآخر درود شریف گیارہ (۱۱) گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھیں۔ وہ کلمات یہ ہیں: یَابَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

عمل برائے شفاء مرض

اگر کوئی شخص سخت بیمار ہو تو اس مرض سے شفاء کے لیے مندرجہ ذیل کلمات روزانہ بلا ناغہ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر درود شریف گیارہ (۱۱) گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحت یاب ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

یَابَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالشِّفَآءِ یَابَدِیْعُ

عمل برائے مقہوری دشمن

اگر کوئی دشمن ہر وقت نقصان پہنچانے کے موقع کی تلاش میں رہتا ہو تو اس کی مقہوری کے لیے اور اس کی دشمنی سے حفاظت کے لیے مندرجہ ذیل کلمات بارہ سو (۱۲۰۰) بار روزانہ بلا ناغہ پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ (۱۱) گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور ناکام رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

یَابَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْقَھْرِ یَابَدِیْعُ

darulamal.org/ruhanishop/sale/alwah.htm

اَلبَاقِی کے خواص واعمال

اعداد قمری: ۱۱۳	عنصر: آبی	طبیعت: جمالی

حاجت روائی کے لیے

جو کوئی شب جمعہ کو سو بار پڑھے اس کے تمام عمل قبول ہوں اور کسی سے اس کو رنج و سختی نہ پہنچے اور دشمن کے مقہور و مغلوب ہونے کیلئے اور دکھ رنج و بیماری کے دور ہونے کو اس کی کثرت کرے۔

حکومت ہمیشہ قائم رہے

جو شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ اس کی حکومت ہمیشہ قائم رہے، لوگ ہمیشہ اس سے محبت کریں، وہ اس کا ہر شب تین ہزار اکسٹھ (۳۰۶۱) مرتبہ ذکر کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کی ملکیت، محبت اور حکومت ہمیشہ قائم رکھے۔

حافظہ کی بہتری

اگر کسی شخص کا حافظہ کمزور ہو تو اس کے لیے اس اسم پاک کا ذکر بہت مناسب ہے۔ اسی طرح اگر کسی چیز کے خراب ہونے کا خطرہ ہو تو وہاں اس کا نقش تحریر کر کے رکھا جائے، وہ چیز خراب نہ ہوگی۔

دشمن آپ کا گرویدہ ہو جائے

اگر کوئی عصر کی نماز کے بعد سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کے دشمن بھی اس کے مطیع ہو جائیں۔

دل عبادت الٰہی میں لگے

اگر کوئی شخص ہر فرض نماز کے بعد ایک سو تیرہ (۱۱۳) مرتبہ پڑھنے کی عادت ڈالے تو دنیائے فانی سے اس کا دل اچاٹ ہو کر عبادت الٰہی میں لگے۔

مقدمہ میں فتح یابی کیلئے

مقدمہ میں فتح یابی کے لئے ہفتے کے دن ظہر کی نماز کے بعد سات ہزار (۷۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔

علم الدفاع کورس

یہ کورس اُن عاملین کے لئے ہے، جو جادو اور جنات کے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔ اور ساتھ ہی عوام کے لئے بھی انتہائی مفید ہے جو جادو زدہ ہیں یا پھر جنات نے ان کا جینا دشوار کیا ہوا ہے۔

اس کورس کے دو درجے ہیں۔ ایک ''ابتدائی'' جو عاملین کے ساتھ عوام کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ دوسرا درجہ ''ماہر'' کا ہے، جو صرف عاملین کے لئے خاص ہے۔

سخت جادو اور جنات کے علاج کے لئے مضبوط دفاع کا ہونا لازم ہے۔ ورنہ علاج کرنے والے کو خود بھی بہت نقصان ہوتا ہے اور اس کے گھر والوں اور زیر استعمال اشیاء کو بھی زبردست نقصان ہوتا ہے۔

علم الدفاع کورس کرنے والے کے اردگرد مضبوط حصارات قائم ہو جاتے ہیں۔ جب بھی کسی ایسی جگہ جانا ہو جہاں یہ جادو یا جنات وشیاطین کا بسیرا ہو تو وہ ایسے فرد سے دور بھاگتے ہیں اور مقابلہ کرنے سے کتراتے ہیں۔ اگر ماہر کورس کیا ہوگا تو عامل کے آس پاس مضبوط جنات کا پہرا لگ جاتا ہے۔ اور بڑے بڑے علاج میں بھی باآسانی کامیابی ملتی ہے۔ مخالف لڑے بغیر ہی میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔

جو لوگ عاملین پر ہزاروں روپے برباد کر چکے ہیں، ان کو چاہئے کہ گھر میں سے کوئی ایک فرد علم الدفاع کا کورس کرے اور اپنے گھر کا دفاع کرے۔ جب تک جنات اور جادو کی روک نہ کی جائے، علاج سے مکمل فائدہ نہیں ہوتا۔ مضبوط حصار کی وجہ سے فوری روک لگائی جاسکتی ہے۔ پھر عام علاج بھی فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

ابتدائی کورس: 5000 | **ماہر کورس: 10000**

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7727772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

اَلوَارِث کے خواص واعمال

اعدادقمری: ۷۰۷	عنصر: آبی	طبیعت: جلالی

وحشت دور ہوگی

راولپنڈی/ اسلام آباد۔۔۔۔۔ہر انگریزی مہینے کا پہلا اتوار

دیگر شہروں کے شیڈول کا بھی بہت جلدی اعلان کر دیا جائے گا!

مئی 2016ء کا شیڈول

پشاور۔۔۔۔۔مورخہ 7 مئی 2016ء بروز ہفتہ

راولپنڈی/ اسلام آباد۔۔۔۔۔مورخہ 8 مئی 2016ء اتوار

اگر آپ بھی اپنے علاقے میں دارالعمل چشتیہ کی روحانی خدمات حاصل کرنا چاہتے ہیں یا روحانی کیمپ کا انعقاد کروانا چاہتے ہیں تو جلد از جلد رابطہ مندرجہ ذیل فون نمبرز پر رابطہ کریں تاکہ شیڈول میں آپ کے علاقے کو بھی شامل کیا جاسکے۔ **0343-4686217, 0346-4661681**

کراچی کے پروگرام کا خصوصی شیڈول

کراچی کا سفر شوال المکرم 1437ھ کے پہلے عشرہ (7 تا 17 جولائی 2016ء) میں متوقع ہے ان شاءاللہ۔

روحانی علوم سیکھنے کے خواہشمند اور ہماری روحانی علاج گاہ سے روحانی علاج کے سلسلے میں رابطہ کرنے والے دوست واحباب اس پروگرام کو نوٹ فرمالیں۔ (ادارہ)

اہم گزارشات برائے قارئین

۱) دارالعمل چشتیہ کے اوقات کار صبح 10 بجے تا شام 7 بجے۔ چھٹی بروز جمعۃ المبارک۔ ان اوقات کے علاوہ تشریف نہ لائیں۔ ہمیشہ فون کر کے اور اپنا آرڈر کنفرم کر کے آئیں۔

۲) روحانی ملاقات یا علاج کے لئے بروز اتوار شام 4 بجے سے 7 بجے کے درمیان تشریف لائیں۔ شکریہ

۳) اپنے متعلقہ شعبہ کے نمبر پر رابطہ فرمائیں، دوسرے شعبوں کے نمبروں پر کال کر کے اپنا اور ادارہ کا وقت ضائع نہ کریں۔

۴) نمبر نہ ملنے کی صورت میں SMS کریں۔ دوسرے نمبروں پر مختلف نمبروں سے کال ہرگز نہ کریں۔ ایک ہی مسئلے کے لئے مختلف نمبروں پر کال کر کے ادارے کا وقت ضائع نہ کریں۔

۵) ابتداءً اپنے، آرڈر، سوال یا مسئلے کے لئے کال کریں، SMS پر کوئی جواب نہیں دیا جائے گا۔ بعد میں اہم پیغام کے لئے Sms کریں۔

۶) براہ کرم مس کال یا فضول SMS ہرگز نہ کریں۔

اوقات کار و فون نمبرز کی تفصیلات

■ مکتبہ العارف: 0332-4487877

■ مطب العارف والعارفی شہد SMS: 0307-5525103

■ روحانی دکان: 0334-4312272

■ دارالعمل چشتیہ (جنرل معلومات): 042-35410586

(فون نہ ملنے پر 0322-4773786 پر کال کریں)

■ چھٹی: بروز جمعۃ المبارک (ملاقات کرنے یا فون سننے سے معذرت)

■ ماہنامہ خزینہ روحانیات سرکولیشن، اشتہارات، مالی معاملات و شکایات: 0322-4773786

(اوقات فون: صبح 10 بجے.....شام 7 بجے، چھٹی بروز جمعہ)

■ جنرل روحانی معلومات و خط و کتابت: 0343-7772772

(اوقات فون: صبح 11 بجے.....شام 5 بجے علاوہ جمعہ، اتوار)

■ روحانی درسگاہ: مولانا عرفان صاحب 0345-4661681

(اوقات فون: دوپہر 2 بجے.....مغرب علاوہ جمعہ اتوار)

■ برائے جسمانی علاج و مشورہ و روحانی درسگاہ:

مولانا سلیم اللہ ظفر مدظلہ 0343-4686217

(اوقات فون: صبح 9 بجے.....مغرب)

■ زونگ نمبر: 0315-4777677 (جن حضرات کا زونگ کا پیکج ہو وہ اس نمبر پر کال کر سکتے ہیں)

■ گذارشات: ☆مختصر، جامع اور کام کی بات کریں ☆جو حضرات لمبی بات کرتے ہیں وہ SMS کریں ☆جن کسٹمرز کو SMS کا کہ دیا جائے وہ صرف SMS کریں، کال ہرگز نہ کریں ☆اگر آپ کا پیکج ہے تو اپنے مطلوبہ نیٹ ورک پر کال کر سکتے ہیں ☆SMS کرنے سے گریز کریں، فون پر بات کریں ☆رقم جمع کروانے سے پہلے بل کا ٹوٹل بمع ڈاک خرچ معلوم کریں۔

روحانی علاج کروانے والے متوجہ ہوں

ہمارے ادارے کی روحانی علاج گاہ سے علاج کروانے کے خواہشمند حضرات و خواتین سے گذارش ہے کہ درج ذیل اصولوں کی پابندی کریں۔

۱).....ہم فون پر یا online روحانی تشخیص نہیں کرتے۔ اس سلسلے میں اپنا اور ہمارا وقت ضائع نہ فرمائیں۔

۲).....تشخیص کا طریقہ ہم نے اپنی ویب سائٹ darulamal.org ردیا ہوا ہے۔ اب کسی شخص کی یا کسی جگہ کی تشخیص با آسانی خود کی جا سکتی ہے۔

۳).....روحانی علاج کے سلسلے میں مشورہ کرنا ہو تو رابطے کی تفصیل یہ ہے

**.....ای میل: ruhaniilajgah@gmail.com

**.....موبائل: سید محمد عامر صاحب۔ دوپہر 3 بجے تا رات 9 بجے۔ ناغہ بروز جمعہ و اتوار 0344-8439477۔ روحانی علاج گاہ۔ صبح 11 بجے تا شام 5 بجے۔ ناغہ بروز جمعہ و اتوار 0343-7772772

**.....خط و کتابت: روحانی علاج گاہ، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119 لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570۔ (جوابی لفافہ لازمی ساتھ بھیجیں)

+92-322-7772772

اداریہ...

مولانا علی آفاق صاحب

مئی کا مہینہ ہر سال مزدوروں کے حقوق کی یاد دلاتا ہے اور بات کانفرنس، تقاریر، ریلیوں اور مختلف سیمینارز تک جا پہنچتی ہے۔ مگر عملی اقدام صفر ہی رہتا ہے۔ مزدور اس یوم مئی کے عالمی دن بھی مزدوری کیلئے، بچوں کی نگہداشت، دوادارو اور بوڑھی ماں کی شوگر، بلڈ پریشر کی دوا کے حصول کیلئے پیسے اکٹھے کرنے نکلتا ہے۔ صاحب لوگ، میم خواتین صبح سویرے اٹھ کر تیار ہو کر فائیو سٹار ہوٹل پہنچ کر صرف تقریر، تصاویر اور گلا پھاڑ پھاڑ کر غریبوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے بعد ان کے حقوق کی دہائی دیتے نظر آتے ہیں۔

اب بات کر لیتے ہیں ماہ رجب کے مقدس مہینے کی آمد کی، جس کے چاند نظر آنے پر حضور اقدس ﷺ ایک بہت مبارک دعا پڑھتے تھے اور یہ امت کیلئے بڑی اہم تعلیم ہے۔

''اللّٰھم بارك لنا فی رجب وشعبان وبلغنا رمضان''

یا اللہ ہمارے لیے رجب اور شعبان کے مہینوں کو بابرکت بنا اور ہمیں رمضان تک (عافیت) والی زندگی (رمضان کے روزوں اور برکات کے حصول کیلئے عطا فرما)۔

اللہ تعالیٰ ہمیں بھی رمضان المبارک کی تیاری، آداب و فضائل کو مدنظر رکھ کر زندگی گزارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اپریل کے مہینہ میں خاص نمبر کی اشاعت کا اہتمام، ہمارے میگزین کا طرہ امتیاز ہے۔ اس مرتبہ خاص نمبر ''اسمائے الحسنیٰ'' کے مبارک موضوع پر تھا۔ آسان وظائف، اعمال، دعاؤں اور اعمال کی عام اجازت کے حوالے سے ایک خاص اور شاہکار نمبر تھا۔ یہ بات میرے منہ یا قلم کی نہیں ہے بلکہ فیڈ بیک کے طور پر سینکڑوں خطوط، ای میلز، ٹیلی فونز کے ذریعے اس میگزین کی پذیرائی پر ہم تمام قارئین، محبین، معاونین اور طالبین کے انتہائی مشکور ہیں۔ اس موقع پر ایک اہم بات کی طرف توجہ دلانا ضروری سمجھتا ہوں کہ ساری کتب، انٹرنیٹ، فیس بک پیجز پر موجود وظائف کیلئے عام اجازت ہوتی ہے۔ اس کے لئے کسی سے بھی اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس بات کو ہم ادارہ کی جانب سے بار ہا ذکر کرتے رہتے ہیں۔ مگر پھر بھی یہ بات اداریہ میں ذکر کرنے کی ضرورت اس وجہ سے پیش آئی ہے کہ مختلف دوستوں نے پوچھا کہ کیا اس وظیفہ کو ہم پڑھ سکتے ہیں؟ ہمیں اجازت ہے؟

تو ہم نے اپنے رسائل میں ہر صفحے پر اور ہر وظیفے کے ساتھ جس کی عام اجازت ہوتی ہے، تحریر کر دیا ہے کہ یہ وظیفہ ہے۔ جناتی اور روحانی طاقت یا نیٹ ورک کا عمل نہیں لہٰذا اس کو پڑھنے اور معمول بنانے کیلئے کسی اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔

لہٰذا اس معاملے میں کسی میگزین کے اس جملے سے ہرگز دھوکہ مت کھائیں کہ ''عام اجازت ہے''

پچھلے کئی سالوں سے مختلف شہروں اور دور دراز علاقوں سے اس بات کی درخواست اور خواہشات کا اظہار کیا جا رہا تھا کہ ادارہ کی جانب سے ایک جماعت مختلف شہروں کا دورہ کرنے اور مشکلات میں گھرے ہوئے بہن، بھائیوں کی روحانی امداد کیلئے جائے۔ لوگوں کو گھروں میں جادو، جنات کا سامنا ہے، کاروبار پر شیاطین مسلط ہیں۔ مدارس میں مختلف مشکلات کا رونا ہے۔ اس مسئلے کو مدنظر رکھتے ہوئے مجلس عاملہ اور حضرت سیدی مرشدی و مولائی خالد مقبول صاحب نے فیصلہ فرمایا ہے کہ ہر ماہ اسلام آباد، راولپنڈی اور پشاور سمیت تمام شہروں کے دورہ کیلئے شیڈول طے کیا جائے۔ آپ سب قارئین اس شیڈول کو میگزین خزینہ روحانیات کے مختلف صفحات میں ملاحظہ فرما سکیں گے۔ روحانی دورہ جات کی تفصیلات کیلئے دیئے گئے موبائل نمبرز سے تفصیلات اور معاملات طے کیے جا سکتے ہیں۔ شکریہ

چوبیس (24) انسانی خواہشات اور روحانی امراض کا حل

ارشاداتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں

تحریر: صوفی غلام سرور شباب صاحب قادری مدظلہٗ (حویلی لکھا)

قانونِ فطرت کے تحت اس جہانِ فانی کی ہر ایک قوم اور اس کا ایک ایک فرد کسی نہ کسی مسئلہ سے برسرِ پیکار رہا ہے اور آئندہ بھی رہے گا۔ مگر ہم سب اپنے رحیم وکریم آقا حضرت محمد مصطفی ﷺ کے فرموداتِ عالیہ پر عمل پیرا ہو کر ان مسائل اور مشکلات پر غالب آسکتے ہیں۔ ذیل میں سرکارِ دو عالم ﷺ اور ایک بدوی کے درمیان سوالات اور جوابات کی صورت میں ایک مکالمہ پیش آیا تھا۔ اس وقت دربارِ رسالت مآب میں جلیل القدر صحابی حضرت خالد بن ولیدؓ موجود تھے۔ (بحوالہ سیرِ احمد در کنز الایمان)

حدیثِ پاک کا سلیس اور بامحاورہ ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔ اس پر عمل پیرا ہو کر دینی ودنیوی مصائب اور مشکلات سے نجات حاصل کریں اور ساتھ ساتھ سنتِ رسول اللہ ﷺ پر عمل کرنے کا ثواب بھی حاصل کریں۔

(1)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں امیر (غنی، دولت مند) یعنی امیر کبیر بننا چاہتا ہوں۔ اس مسئلہ میں میری راہنمائی فرمائیں''۔

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''قناعت اختیار کرو! تم امیر ہو جاؤ گے''۔

(2)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں سب سے بڑا عالم بننا چاہتا ہوں۔ اس مسئلہ میں میری راہنمائی فرمائیں''۔

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تقویٰ اختیار کرو عالم بن جاؤ گے''۔

(3)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! عزت والا بننا چاہتا ہوں۔ اس مسئلہ میں میری راہنمائی فرمائیں''۔

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''لوگوں کو نفع پہنچاؤ''۔

(4)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! عادل بننا چاہتا ہوں۔ اس مسئلہ میں میری راہنمائی فرمائیں''۔

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو اپنے لیے اچھا سمجھتے ہو وہی دوسروں کے لیے پسند کرو''۔

(5)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! طاقتور بننا چاہتا ہوں۔ اس سلسلہ میں مجھے کیا کرنا چاہئے''۔

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ پر توکل کرو''۔

(6)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں اللہ رب العزت کے حضور خاص الخاص مرتبہ اور درجہ حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ اس سلسلے میں کیا کچھ کرنا چاہئے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ذکرِ الٰہی بکثرت کیا کرو''۔

(7)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! روزی ورزق کی کشادگی چاہتا ہوں۔ اس کے لیے مجھے کیا کچھ کرنا ہوگا؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ہمیشہ باوضو رہو''۔

(8)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں چاہتا ہوں کہ میری ہر دُعا اللہ تعالیٰ کے حضور مقبول ہو تو اس مقصد کے لیے مجھے کیا کچھ کرنا چاہیے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کبھی بھی کوئی حرام مال نہ کھاؤ''۔

(9)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں ایمان کی تکمیل چاہتا ہوں۔ اس مقصد کے لیے مجھے کیا کچھ کرنا چاہیے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اپنے اخلاق وعادات اچھے کرلو''۔

(10)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں قیامت کے روز اللہ تعالیٰ سے ملاقات کا خواہش مند ہوں مگر گناہوں سے بالکل پاک ہو کر۔ تو اس کارِ عظیم کے لیے مجھے کیا عمل اختیار کرنا ہوگا؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جنابت کے فوراً بعد غسل کیا کرو''۔

(11)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں گناہوں میں کمی چاہتا ہوں۔ تو اس مقصد کے لیے مجھے کون سا عمل کرنا چاہیے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کثرت سے استغفار کیا کرو''۔

(12)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں روزِ قیامت نور میں اُٹھنا چاہتا ہوں۔ تو اس مقصد کے حصول کے لیے مجھے کون سا عمل کرنا چاہیے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ظلم کرنا چھوڑ دو''۔

(13)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں چاہتا ہوں کہ اللہ مجھ پر رحم کرے۔ تو اس مقصد کے لیے مجھے کون سا عمل کرنا چاہیے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر رحم کیا کرو۔ اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے گا''۔

(14)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے گناہوں کی پردہ پوشی فرمائے۔ تو اس مقصدِ عظیم کے حصول کے لیے مجھے کون سا عمل اختیار کرنا چاہیے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''لوگوں کے عیبوں پر پردہ ڈالو۔ اللہ تعالیٰ تمہارے عیبوں پر پردہ ڈالے گا''۔

(15)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں رسوائی سے بچنا چاہتا ہوں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے مجھے کیا کچھ کرنا چاہیے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''زنا سے بچو''۔

(16)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں چاہتا ہوں کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا محبوب بن جاؤں۔ اس عظیم مقصد کی خاطر مجھے کیا کچھ کرنا چاہیے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو جو بھی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کو محبوب ہے، تم اس اس کو اپنا محبوب بنالو''۔

(17)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار بندہ بننا چاہتا ہوں۔ میری راہنمائی فرمائیں''۔

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''فرائض کی ادائیگی کا اہتمام کرو''۔

(18)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں احسان کرنے والا بننا چاہتا ہوں۔ تو مجھے کیا کچھ کرنا چاہیے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ کی بندگی اس یقین کے ساتھ کرو کہ تم اسے دیکھ رہے ہو۔ اگر یہ تصور نہ کرسکو تو پھر یہ یقین کرلو کہ اللہ رب العزت تمہیں دیکھ رہا ہے''۔

(19)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! مجھے گناہوں سے کون سی چیز معافی دلائے گی؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تین چیزیں ہیں: (۱) خوفِ خداوندی اور ندامت کے آنسو (۲) عاجزی وانکساری (۳) بیماری''۔

(20)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! دوزخ کی آگ کو کون سی چیز ٹھنڈا کرے گی؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''دنیا کی مصیبتوں پر صبر کرو۔ یہ کام دوزخ کی آگ کو ٹھنڈا کردے گا''۔

(21)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! اللہ قادر وقہار کے غصے کو کیا چیز سرد کرتی ہے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''دو عمل ہیں: ایک چھپا کر صدقہ کرنا اور دوسرے صلہ رحمی کرنا''۔

(22)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! فرمایئے کہ سب سے بڑی برائی کون سی ہے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ایک بخل اور دوسری بداخلاقی''۔

(23)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! سب سے بڑی اچھائی کون سی ہے؟''

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تین ہیں: (۱) اچھے اخلاق (۲) تواضع (۳) صبر''۔

(24)۔ بدوی نے سوال کیا ''یارسول ﷺ! میں اللہ تعالیٰ کے غصے سے بچنا چاہتا ہوں۔ اس سلسلہ میں میری راہنمائی فرمائیں''۔

رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر غصہ کرنا چھوڑ دو۔ اللہ تعالیٰ کے غصہ سے بچے رہو گے''۔ (تحت الثریٰ)

نوٹ (۱) یہ ترجمہ تحت اللفظ نہیں ہے۔ (۲) یہ ترجمہ اصطلاحی اور سلیس ترجمہ ہے۔ (۳) یہ ترجمہ عشقِ رسول اللہ ﷺ اور ادبِ رسول اللہ ﷺ کو مدنظر رکھ کر کیا گیا ہے۔ (۴) ذرا حُبِ نبی ﷺ میں ڈوب کر غور وفکر کریں اور روحانی فیوض وبرکات مشاہدہ کریں۔

اخلاقِ حمیدہ... توبہ

تحریر: امام غزالی رحمہ اللہ (تلخیص شدہ مضمون)

توبہ سے اللہ تعالیٰ کی خوشی کا اندازہ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ''مسلمانو! تم سب اللہ کی طرف رجوع کرو، بے شک وہ توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے''۔ اور جناب رسول مقبول ﷺ فرماتے ہیں ''جس نے گناہ کے بعد توبہ کر لی، وہ گویا بے گناہ ہو گیا''۔

توبہ کے معنی اور ابتدائی درجہ

توبہ کے معنی رجوع کرنے اور بعید سے قریب کی طرف لوٹ آنے کے ہیں۔ مگر اس کے لیے بھی ایک ابتداء ہے اور ایک انتہاء ہے۔ ابتداء تو یہ ہے کہ قلب پر نورِ معرفت کی شعاعیں پھیل جائیں اور دل کو اس مضمون کی پوری آگاہی حاصل ہو جائے کہ گناہ سمِ قاتل ہے اور تباہ کر دینے والی شے ہے اور پھر خوف وندامت پیدا ہو کر گناہ کی تلافی کرنے کی سچی اور خالص رغبت اتنی پیدا ہو جائے کہ جس گناہ میں مبتلا تھا، اس کو فوراً چھوڑ دے اور اس کے ساتھ ساتھ ہی جہاں تک ہو سکے گزشتہ تقصیر و کوتاہی کا تدارک کرے۔ جب ماضی اور مستقبل اور حال..... تینوں زمانوں کے متعلق توبہ کا ثمرہ پیدا ہو جائے تو گویا توبہ کا وہ کمال حاصل ہو گیا جس کا نام توبہ کی انتہا ہے۔

فصل..... توبہ ہر شخص پر واجب ہے

توبہ ہر شخص پر واجب ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو مخاطب بنا کر فرماتا ہے کہ ''**ایمان والو! تم سب توبہ کرو تا کہ فلاح پاؤ**''۔ اس لئے ہر مومن پر اس کا واجب اور ضروری ہونا تو ظاہر ہے۔ اب رہا تمام بنی آدم اور ہر فردِ بشر پر توبہ کا وجوب، سو اس کی وجہ یہ ہے کہ آدمی چار قسم کی صفات سے مرکب ہے کیونکہ اس کے خمیر میں بہائم کی خصلت اور درندوں کی خصلت، مکر و فریب اور عزت کی طلب کا مادہ شامل ہے۔ وہ چار صفات یہ ہیں:

اول: حرص و شہوت اور فسق و فجور داخل ہے جو بہائم کی خصلت ہے۔

دوم: غصہ اور حسد اور بغض و عداوت کا وہ مادہ اس کے اندر موجود ہے جو درندوں کی خاصیت ہے۔

سوم: مکر و فریب اور دھوکہ مکاری اس میں رکھی ہوئی ہے جو شیطانی اخلاق ہیں۔

چہارم: کبر و غرور و تعلّی و تفاخر، حبِّ مدح و حبِّ جاہ، حکمرانی و سلطنت، حکومت و شان اور غلبہ و عزت کی طلب کا مادہ اس میں موجود ہے اور یہ سب ربوبیت (رب ہونا) کی صفات ہیں۔

معصوم و بے گناہ کو بھی توبہ کی حاجت ہے

اور اگر یہ بھی مان لیا جائے کہ کوئی انسان فرشتہ سیرت اور ایسا مہذب بن گیا کہ اس کی کوئی عادت اور کوئی خصلت بھی ایسی نہیں ہے، جس کی اصلاح کی ضرورت ہو، تب بھی کوئی وقت تو ایسا ضرور ہو گا جس میں اللہ تعالیٰ کی یاد سے اس کو غفلت ہو گی اور چونکہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ جب پروردگار کو بھولو تو فوراً یاد کر لیا کرو اس لئے پھر بھی اس حالت سے رجوع کرنے اور غفلت سے یاد کی طرف پلٹنے کی ضرورت ہوئی اور اس رجوع کا نام توبہ ہے۔

اور اگر یہ بھی مان لیا جائے کہ کوئی شخص اللہ کی یاد میں ہر آن مستغرق اور محو ہے کہ کوئی لحظہ بھی قلب کو غفلت نہیں ہوتی، اگرچہ اس درجہ استغراق دشوار بلکہ قریب قریب ناممکن کے ہے، تاہم اگر ایسا مان بھی لیا جائے تو ہمیں کہیں گے کہ انسان جس مقام اور جس مرتبہ میں ہے اس سے عالی مرتبہ پر پہنچنے سے پہلے پھر بھی توبہ کا محتاج ہے کیونکہ ہر مقام اور مرتبہ اپنے سے عالی اور مافوق مقام و مرتبہ کے اعتبار سے ناقص کہلاتا ہے اور ناقص سے باہر نکلنا اور عالی و کامل پر پہنچنا ہر شخص پر لازمی ہے۔ پس جب تک بھی اس میں رہے گا تو ضرور توبہ کا محتاج رہے گا اور جب دوسرے درجہ پر پہنچے گا تو چونکہ وہ درجہ بھی اپنے مافوق درجہ کے اعتبار سے ناقص ہے، اس لئے جب تک اس سے باہر نہ نکلے اور اوپر نہ پہنچے اس وقت تک وہاں بھی توبہ کا حاجت مند ہو گا، اسی طرح سلسلہ چڑھتا رہے گا اور جوں جوں ترقی کرے گا توں توں توبہ کا

ضرورت مند ہوگا۔ چونکہ مراتب قرب خداوندی غیر متناہی (نہ ختم ہونے والے) ہیں یعنی کوئی مرتبہ بھی ایسا نہیں ہے جس کے مافوق اور بالا کوئی دوسرا مرتبہ نہ ہو لہٰذا کوئی حالت بھی ایسی نہ نکلے گی جس میں انسان کو نسبتاً ناقص مرتبہ میں رہنے کی وجہ سے خطاوار وعاجز اور عالی مرتبہ تک پہنچنے کے سبب توبہ کا ضرورت مند نہ کہا جائے۔ یہی بات ہے جناب رسول مقبول ﷺ اپنی معصوم اور بے گناہ ذات کے لئے فرماتے ہیں کہ ''میں رات دن میں ستر مرتبہ توبہ اور استغفار کیا کرتا ہوں''۔

ہاں یہ ضرور ہے کہ عام لوگوں کی توبہ ظاہری گناہوں سے ہوا کرتی ہے اور صالحین کی توبہ باطنی گناہوں اور مذموم اخلاق سے ہوا کرتی ہے اور متقین کی توبہ شک وشبہات کے ابتلا (مبتلا ہونا) سے ہوتی ہے اور محبین کی توبہ اس غفلت سے ہوتی ہے جس نے ذکر الٰہی کو کسی لحظہ میں بھلا دیا تھا اور عارفین کی توبہ اس مقام سے ہوتی ہے جس پر پہنچے ہوئے ہیں مگر اس کے مافوق دوسرا مرتبہ ہے جس پر ان کو پہنچنا چاہئے اور چونکہ حق تعالیٰ کے قرب کے مراتب و مقامات غیر متناہی وبیشمار ہیں، اس لئے عارفین کی توبہ کا منتہی (انتہا) نہیں اور نہ اس کے خاتمہ کا کوئی وقت متعین ہے۔

شرائط توبہ کے پورے ہوجانے پر قبولیت میں شک نہیں

توبہ کی جب تمام شرائط پوری ہوجائیں گی تو اس کی قبولیت میں شک نہ ہوگا کیونکہ قبول ہونے کے معنی یہ ہیں کہ انسان کے قلب میں انوار معرفت کی تجلیات کے قبول کرنے کی استعداد پیدا ہوجائے اور ظاہر ہے کہ انسان کا قلب آئینہ کی مانند ہے جس پر خواہشات نفسانیہ اور حرص وہوا کے باعث غبار جم جاتا ہے یا گناہ کی وجہ سے سیاہی چھا جاتی ہے مگر نیک کام جو بمنزلہ نور کے ہیں اپنی روشنی اور چمک دمک سے اس تاریکی کو دور کر کے آئینہ قلب کو صیقل کرتے رہتے ہیں، اس لئے جب انسان کوئی برا کام کرے گا اور نادم وپشیمان ہو کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوگا تو ضرور ایسی حالت ہوگی جیسے کپڑے پر صابن لگانے سے ہوتی ہے کہ اگر صابن باقاعدہ لگایا گیا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ میل نہ اترے۔ اسی طرح اگر دل اخلاص وتوجہ کے ساتھ اللہ کی طرف متوجہ ہوا ہے تو ناممکن ہے کہ قلب میں صفائی وانشراح (کھل جانا یا فرحت) اور تجلیات معرفت کی استعداد وقابلیت نہ پیدا ہوں، ہاں بعض بزرگوں کو توبہ کے بعد قبولیت توبہ میں جو شک ہوا ہے وہ حقیقت میں قبولیت توبہ کے شرائط جمع ہونے میں شک ہوا ہے۔ نامعلوم ساری شرطیں پوری ہوئیں یا نہیں۔ اسی طرح اگر توبہ کے تمام شرائط جمع ہونے کا پورا یقین ہوجائے تو پھر اس کی قبولیت میں شک ہونے کے کوئی معنی نہیں۔ غرض جب ثابت ہوگیا کہ ہر شخص کو توبہ کی ضرورت ہے اور ہر فرد بشر اس معالجہ کا محتاج ہے تو اس میں غفلت کرنا ٹھیک نہیں ہے کیونکہ غفلت اور ہوائے نفس ایسا مہلک مرض ہے جس کی وجہ سے انسان اللہ کی معصیت اور گناہ کے کام پر اصرار اور مداومت کرنے لگتا ہے اور ظاہر ہے کہ اصرار یعنی بار بار کرنے سے صغیرہ گناہ بھی کبیرہ گناہ ہوجاتا ہے پس جب اس اصرار کو چھوڑ دو گے تو اس باطنی مرض سے نجات مل جائے گی۔

خزینہ روحانیات کے سابقہ شمارے

الحمدللہ! قبل ازیں چار جلدوں کی بے پناہ شہرت اور کامیابی کے بعد اب پانچوں جلد قارئین کی خدمت میں پیش کی جارہی ہے۔ یہ جلد انمول بکھرے موتیوں کو سمیٹے ہوئے ہے جو کہ درج ذیل ہیں اپنی روح کو مسخر کرنے، سحر وجادو کو جلانے، گھریلو ناچاقیوں وپریشانیوں سے نجات، الفت ومحبت، بندش کے علاج، دنیائے حاضرات اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں سے بھرپور ہے جو کہ آپ کی نسلوں کا روحانی، جسمانی، طبی ونفسیاتی معالج ثابت ہوگی۔

جلد نمبر 6 کی قیمت: 650 روپے، اکٹھی 6 جلدیں: 3400 روپے

خوشخبری چھ جلدیں اکٹھی خریدنے پر زبردست آفر 20% ڈسکاؤنٹ

اپریل 2016 تک کے تمام شمارے 2700 روپے (علاوہ ڈاک خرچ) میں حاصل کریں۔

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0322-4773786
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

روحانی ومخفی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط وکتابت: مکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786

ممبران، علماء، عاملین اور خواص کے لیے زبردست ڈسکاؤنٹ

کتب خانے، بک سٹالز، بک شاپس، نیوز ایجنسیز، خصوصی رعایت حاصل کرنے کے لیے رابطہ فرمائیں۔

روحانی، طبی اور اسلامی Printed کتب کی مکمل فہرستیں طلب فرمائیں اور جلد ہی اپنا آرڈر بک کروائیں۔

نام کتاب	مصنف	قیمت
تحفۃ المریض	الشیخ محمد بن صالح القحطانی	274
جنات کے پُراسرار حالات	شبیر حسین چشتی نظامی	180
جن ہمزاد اور اسلام	سید اقتدار احمد سہسوانی	120
جواہر خمسہ	ترجمہ: مولانا مرزا محمد بیگ نقشبندی دہلویؒ	180
جناتی اور شیطانی چالوں کا توڑ	عبداللہ محمد بن احمد الطیار	450
جواہر العملیات	استاد الکبیر شیخ علی ابوجی اللہ لمرزوقی	240
جعلی عاملوں اور جادوگروں کے پُرفریب ہتھکنڈے	محمد انور بن اختر	225
جسمانی بیماریوں کا قرآنی علاج	علامہ محمد جاوید	350
جادو، جنات، آسیب، سایہ کا قرآنی آیات سے علاج	حضرت مولانا محمد طاہر	120
جادو کا توڑ	حضرت پیر سید ابوالاسد وارثی	300
جادو ٹونے، مرگی اور نظر بد کا علاج	ڈاکٹر عبداللہ بن محمد احمد الطیار	300
جنات اور جادو کے سربستہ راز	عبیداللہ طارق ڈار	280
جادو، علم نجوم، پامسٹری اور جنات کی حقیقت	پروفیسر عبداللہ شاہین	100
جادو کا علاج	وحید بن عبدالسلام بالی	175
جادو کی حقیقت، خطرات، احتیاطی تدابیر اور علاج	غازی عزیر مبارکپوری	290 Net
ٹیلی پیتھی ہپناٹزم		180
جنات وشیاطین سے حفاظت	حافظ شبیر احمد قصوری	300
تعبیر الرؤیا	حضرت علامہ ابن سیرینؒ	160
تعویذات جہانگیری	صوفی پیر علی عباس صدیقی	225
پتھروں کا انسائیکلوپیڈیا	انجم سلطان شہباز	600
تہجد کی برکتیں	الشیخ محمد بن صالح المصیری	459
انسان اور قدرتی پتھر	صفدر شاہین	60

اسلامی وظائف نمبر	عباس اختر اعوان	300
اسرار النجوم	ملک زاہد محمود اعوان	350
آسان نیکیوں کے حیرت انگیز فضائل	حکیم محمد طارق محمود چغتائی	250
آپ کی مشکلات کا حل قرآنی سورتوں سے	فخر الدین الغلانی	160
آفتاب الرمل	سید دلدار حسین شاہ	120
آسان مجرب عملیات	حضرت مولانا قادری سید صدیق احمد باندوی	200
آپ کے مسائل اور ان کا روحانی علاج	عشرت گورداسپوری	200
تسخیر جنات		150
اصلی عملیات محبت اور شادی	محمد ندیم اسلم	300
جادو اور جنات سے مکمل شرطیہ نجات	حکیم حافظ عبدالرؤف	500
اسرار روحانیت اور کامیاب زندگی	قمر اقبال صوفی	400
اللہ حاجت روا	ابوالحسن قادری	350
بارہ مہینوں کے فضائل واحکام	مجموعہ رسائلؒ	200
پریشانیوں اور مصیبتوں کے حل کے نبوی طریقے اور جدید تحقیقات	محمد انور بن اختر	262
پراسرار روحانی امراض اور ان کا علاج	میاں محمد اکرم مارتھ	200
بیاض محمدی اصلی	عطاء المنان	170
بارہ ماہ کی نفلی عبادت	عالم فقری	100
بیماریوں کا نبوی ﷺ علاج	الشیخ ابورفع مصطفی ابراہیم	260
پامسٹری گائیڈ	محمد افضل شیخ	180
اللہ اللہ کرتے رہیے	خواجہ انیس اقبال بھیروی	120
بسم اللہ کے فضائل وبرکات	مولانا محمد روح اللہ نقشبندی	250
اعمال حزب البحر اور تعویذات	حضرت خواجہ سید حسن نظامی دہلوی	150
اسماء الحسنیٰ سے مشکلات کا حل	محمد اطہر	480
حاسدوں کے شر سے بچو	امام ابن قیم الجوزی	200
حرز سلیمانی	خواجہ اشرف علی لکھنوی	300

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

matabalaarif.blogspot.com ہر قسم کی جسمانی بیماریوں کا مختلف طریقہ سے علاج

مختلف طریقوں سے روحانی تشخیص کرنا سیکھیں

آج کے دور میں ایک طرف تو جنات، شیاطین اور جادو کے اثرات بہت تیزی سے پھیل رہے ہیں تو دوسری طرف غلط قسم کے عاملین اور روحانی معالجین بھی تیزی سے پھیل رہے ہیں۔ مریضوں اور سائلوں کو غلط تشخیص بلکہ جھوٹی تشخیص کر کے ڈراتے ہیں اور ان سے پیسے بٹورتے ہیں۔ اور بھی بے شمار غلط کام کرواتے ہیں۔

صحیح علاج کے لئے صحیح تشخیص ہونا نہایت ضروری ہے۔ غلط تشخیص سے معالج آغاز سے ہی غلط طرف چل پڑتا ہے۔ اسی طرح ہر گھر میں ایک فرد ایسا ضرور ہونا چاہئے جس کو روحانی تشخیص کرنا کسی نہ کسی درجے میں آتی ہو تاکہ بوقتِ ضرورت وہ تشخیص کر کے فیصلہ کر سکے کہ مریض کو روحانی معالج کی ضرورت ہے یا جسمانی معالج کی۔ اور فراڈ اور غلط قسم کے عاملوں سے خود، اپنے گھر والوں اور دوسروں کو بھی بچا سکے۔

اسی ضرورت کے تحت دار العمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ نے علم التشخیص کا ابتدائی کورس مرتب کیا ہے۔ اس کورس کو کرنے کے بعد ایک عام آدمی بھی اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ مختلف طریقوں سے مریض کی روحانی تشخیص کر کے با آسانی بتا سکتا ہے کہ مسئلہ جسمانی ہے یا روحانی۔

یہ کورس ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔ بہت سے عاملین تشخیص کے فن سے ناواقف ہوتے ہیں۔ ان کے لئے کورس بہت مفید ہے۔ اس میں کئی طرح کے اعمال کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔ کورس کی فیس **3000** روپے ہے۔ مدت دو سے تین ماہ ہے۔ جو افراد پہلے سے عملیات سے منسلک ہیں یا چلہ کشی نہیں کر سکتے، وقت نہیں ہے، وہ خاص اجازت لے کر سیکھ سکتے ہیں۔ ان کے لئے فیس **6000** روپے ہے۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

فون دفتر: **042-35410586** موبائل دفتر: **0343-7772772**

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

سخت جادو اور جنات کا خاص توڑ "سری والا عمل"



سخت قسم کے جادو اور جنات سے نجات کے لئے "سری والا عمل" خاص مجرب عمل ہے، جس کے فوری اثرات دیکھنے میں آتے ہیں۔ اس عمل کے پیچھے جو مخلوق کام کرتی ہے، وہ جادو اور جنات سے نمٹنے کی ماہر ہے۔

اس عمل کو اس وقت کیا جاتا ہے جب سخت قسم کے جادو اور جنات کے ضدی اثرات سے نجات نہ مل رہی ہو۔

ھدیہ: 3100 روپے

یہ عمل صرف عاملین کے لئے ہے یا پھر ان افراد کے لئے، جنہوں نے چند بنیادی اعمال کئے ہوئے ہوں۔ اور روحانی دفاع بھی ان کو حاصل ہو۔

اس عمل کی اجازت لینے کے بعد عامل جب چاہے، اس عمل کو استعمال کر سکتا ہے۔ روزانہ کا ورد کرنے میں بمشکل ایک منٹ لگتا ہے۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

فون (دفتر): **042-35410586** موبائل (دفتر): **0343-7772772**

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

اپنا اسم اعظم معلوم کریں

اپنے نام کے مطابق اسم اعظم معلوم کریں اور اس کے ورد سے فائدہ اٹھائیں۔ ہر شخص کی مختلف خواہشات اور حاجات ہوتی ہیں۔ مگر ہر حاجت یا خواہش کے لئے الگ الگ وظائف پڑھنا بہت مشکل ہے۔ اس کی جگہ اپنا اسم اعظم کا ورد کرنا، جملہ حاجات کے لئے بہت فائدہ مند ہے۔

فیس 1000 روپے

اسم اعظم کی تجویز کے لئے اپنا نام مع والدہ و تاریخ پیدائش اور مختصراً حاجات کی تفصیل لکھیں۔

رابطہ: روحانی علاج گاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ 54570

فون: **042-35410586** موبائل: **0343-7772772**

یَا مُقَدِّمُ اور یَا مُؤَخِّرُ کے خواص اور اثرات

حضرت مولانا انظر شاہ کاشمیریؒ

یَا مُقَدِّمُ کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور بعض کے نزدیک مشترک ہے۔ اس کے اعداد ایک سو چوراسی (۱۸۴) ہیں۔

عبادت کرنے کی طاقت اور فرمانبرداری نفس

اگر کوئی کمزور یہ چاہے کہ مجھ میں اتنی طاقت آجائے کہ میں اللہ جل شانہ کی اطاعت اور وظائف وغیرہ پڑھنے میں اپنے اندر قوت محسوس کرنے لگوں تو وہ اس اسم پاک کو ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ وظیفہ پڑھے تو قوتِ بجا آوری طاعات اسے حاصل ہو اور اس کا نفس اطاعت الٰہی اور فرماں برداری کرنے لگے۔

لڑائی کے موقع پر تکلیف و سختی سے حفاظت

اگر کوئی جہاد کے موقع پر یا کسی لڑائی میں اس اسم کو پڑھے یا اس کا تعویذ باندھے، کوئی تکلیف اسے نہ پہنچے اور نہ کوئی سختی اور رنج اٹھائے۔

کسی کو عاشق بنانا

اگر کوئی ۵۴ مرتبہ پڑھے اور کسی قسم کی مٹھائی پر دم کر کے کسی کو کھلائے، وہ اس کا عاشق ہو جائے۔

المقدم کا نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۴۱	۵۲	۵۳	۳۸
۴۷	۴۴	۴۳	۵۰
۴۲	۴۹	۴۸	۴۵
۵۴	۳۹	۴۰	۵۱

یَا مُؤَخِّرُ کے خواص اور اثرات

یہ اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد آٹھ سو چھیالیس (۸۴۶) ہیں۔

اللہ کی یاد کے علاوہ آرام نہ پائے

جو شخص اس کی مداومت کرے، اس کا دل اللہ تعالیٰ کی یاد کے سوا آرام نہ پائے۔

دلی مقاصد پورے ہوں

جو کوئی ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ اس کو پڑھے، اس کے دلی مقاصد پورے ہو جائیں۔

نفس مطیع ہو

جو شخص اکتالیس (۴۱) مرتبہ ہر ایک نماز کے بعد پڑھے، اس نفس اس کا مطیع ہو جائے۔

المؤخر کا نقش معظم:

۷۸۶

۲۰۷	۲۱۷	۲۱۸	۲۰۴
۲۱۲	۲۱۰	۲۰۹	۲۱۵
۲۰۸	۲۱۴	۲۱۳	۲۱۱
۲۱۹	۲۰۵	۲۰۶	۲۱۶

ادارے سے بذریعہ انٹرنیٹ رابطے کے طریقے

Skype: darulamalchishtia, KiK: Darulamal

ادارے کے مختلف شعبوں کی جنرل معلومات حاصل کرنے کے لئے درج ذیل سروسز استعمال کرنے والے افراد یہ نمبر لکھیں

+92-322-7772772

WhatsApp, WeChat, Viber,
Nimbuzz, IMO Fringe,
Line, Tango, BBM

سورۂ فاتحہ کے اعمال

مرتب: سید محمد عامر علوی

اپنی خواہش اور جائز تمناؤں کو پورا کرنا

علامہ بونی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی شہرہ آفاق کتاب ''شمس المعارف ''میں ''کنز المقربین لا بن السبعین '' کے حوالہ سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور امام غزالی رحمہ اللہ کے اعمال سے نقل کیا ہے کہ جو شخص سو(۱۰۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے گا، وہ بہت جلد اپنی خواہش اور جائز تمناؤں کو پورا ہوتے ہوئے دیکھے گا۔ اور اسے ہر قسم کی بے اطمینانی اور دشمن کی گرفت سے امن حاصل ہوگا۔

ضرورت پوری ہو

جس شخص کو کوئی ضرورت پیش آجائے، وہ مغرب کی نماز کے بعد چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ لے، ان شاء اللہ، اس کے اپنی جگہ سے اٹھنے سے قبل ہی وہ ضرورت پوری ہوجائے گی۔

برائے قبولیت دعا

سورۃ الفاتحہ (فاتحۃ الکتاب) اس سورت کا دوسرا نام ''منجیۃ '' یعنی نجات دلانے والی بھی ہے۔

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: ''یہ سورت ہر اس مقصد کے لیے مفید ہے، جس کے لیے اسے پڑھا جائے''۔ ((در منثور ۱/ ۲۳-۲۴))

اس سورت میں اللہ رب العزت کے پانچ انتہائی عظیم الشان اور شرف و مرتبہ والے اسماء مذکور ہیں۔ انہی میں اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم بھی ہے، جس کی فضیلت یہ ہے کہ اگر اس کے ساتھ دعا کی جائے تو قبول ہوتی ہے اور سوال کیا جائے تو عطاء کیا جاتا ہے۔

وسعت رزق، دوسروں سے بے نیاز

جو شخص دوسروں سے بے نیازی اور رزق میں وسعت چاہتا ہو، وہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد اٹھائیس مرتبہ سورۂ فاتحہ کی تلاوت کرے۔

نامردی کا علاج

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ (الفاتحہ:۴)

ہر روز نمازِ فجر کے بعد سورۂ فاتحہ کی یہ آیت مبارکہ تین سو(۳۰۰) مرتبہ پڑھ لیں اور یہ عمل ایک سو بیس (۱۲۰) دن تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ، نامردی کا خاتمہ ہوجائے گا۔

نزلہ وزکام کا علاج.....وظیفہ

تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر نزلہ وزکام کے مریض پر دم کیا جائے تو ان شاء اللہ، وہ اچھا ہوجائے گا۔

طاعون اور ہیضہ کا علاج

سورۂ الفاتحہ بمعہ بسم اللہ، اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے طاعون اور ہیضہ کے مرض سے شفاء نصیب ہوگی۔

کینسر کا علاج

فجر کی سنتوں کے بعد اور فرضوں سے پہلے اکتالیس (۴۱) مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی میم کو الحمد کے لام سے ملا کر پوری سورۃ الفاتحہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دیں۔ نہایت ہی مجرب عمل ہے۔

اگر کسی کو قرآن مجید حفظ نہ ہوتا ہو تو

سورۃ الفاتحہ ایک سو(۱۰۰) مرتبہ بعد نمازِ عشاء پڑھے۔ ان شاء اللہ، اس کی برکت سے قرآن کریم حفظ ہوگا۔

پیاس کی شدت کا علاج

صبح صادق کے وقت دونوں ہاتھوں پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے چہرے اور تمام بدن پر پھیرنے سے اس روز پیاس کا غلبہ نہ ہوگا۔

سارا سال امن وامان، تنگ دستی سے حفاظت

جو شخص سورۂ فاتحہ کو رمضان کی پہلی شب اکتالیس بار پڑھ لے، وہ سارا سال امن وامان اور حفاظت میں رہے، پورا سال تنگدستی پیش نہ آئے۔

آسان عملیات حب (شومنتر) (نئی کتاب)

قیمت 750 روپے

مصنف: سلیم قادری اشاعت: دستی بیاض

صفحات: 153 / فوٹوسٹیٹ / امپورٹڈ کاغذ

تسخیر حب لاجواب ☆حب کاتیر ☆حب قرآنی ☆حب موکل ☆منتر نوری ☆منتر یاودود ☆ عمل آیت الکرسی ☆مٹھائی کا دم ☆ حب بادام ☆ موہنی کاجل ☆حب الائچی ☆حب کریم ☆ حب عطر ☆حب آیت کریمہ ☆ سفلی اعمال غیر مسلم ☆ عطر محبت ☆ طلسمی سرمہ ☆ ساوھنی موہنی ☆ محبت کے پھول ☆ حب گڑ ☆منتر حب موہن ☆لاجواب منتر ☆حب اکسیری ☆ موہنی منتر ☆ حب کاجادو اثر عمل ☆حب کالی دیوی ☆حب ڈھائیہ ☆حب تکبیر ☆حب خاص ☆سرمہ تسخیر ☆ حب پھول ☆حب بھیروں ☆ہنومان کی چوکی ☆حب مسلمہ ☆ عمل حب ☆دھرم داس ☆حب اصحاب کہف ☆حب لونا چماری ☆ حب اشوپ دیوی ☆ حب پھول دیوی ☆حب یامزمل ☆حب کچھیہ دیوی ☆حب مرچ سیاہ ☆حب کالی ناگنی ☆منتر اسرار خفیہ ☆منتر بیر بتال ☆منتر کالا کلوا ☆مطلوب حاضر ☆پریم کاجل ☆ تسخیر محبوب ☆روٹھے مطلوب کو منانا

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

مجربات قلندری (نئی کتاب)

مصنف: پیر ناصر قلندری کوہاٹ

امپورٹڈ کاغذ (فوٹوسٹیٹ)

صفحات: 160 قیمت: 750 روپے

عملیات وتعویذات کے بنیادی اصول ☆ بروج ☆ ستارے ☆ نقشہ جات ☆ ساعات وسیارگان ☆ دافع جادو وسحر ☆ سخت سے سخت کالے جادو کا توڑ ☆ بندش گھریلو جھگڑے ☆ جادو پلٹانا ☆ ہر قسم کی بندش ختم ☆ دفع آسیب وجنات ☆ رجعت وپاگل پن ☆ حاضری جنات ☆ جن، بھوت، پری دیو کو حاضر کرانا ☆ سفلی علم کا خاتمہ ☆ شفائے امراض ☆ تعویذات محبت ☆ آتشی ☆ آبی ☆ خاکی ☆ بادی ☆ عملیات عداوت ودشمنی وجدائی ☆ تباہی دشمن ☆ زبان بندی ☆ تیغ بندی ☆ خواب بندی ☆ غائب اور مفرور کی واپسی ☆ لاپتہ کو معلوم کرنا ☆ استخارے ☆ چوری شدہ مال کی واپسی ☆ دریافت دفینہ وخزانہ غائب ☆ عامل کا عمل ختم کرانا ☆ منسوخی تبادلہ ☆ مکان خالی کرانا ☆ بے اولادی ☆ اولاد نرینہ ☆ آیات شفاء ☆ قہر سے خلاصی ورہائی ☆ طلسمی حاضرات ☆ حاضرات اسمائے ظہیری ☆ طلسمات حب وتسخیر ☆ روحانی علاج

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

کلید الحوائج (نئی کتاب)

تعداد صفحات رجسٹرڈ سائز 293

تالیف: حکیم محمد شریف سعیدی پاک پتنیؒ

بزرگان دین کے نہایت آسان اور مجرب اعمال

خوشخط کتابت (فوٹوسٹیٹ) امپورٹڈ کاغذ

قیمت 1050 روپے

غمگین شخص اور اذان۔ نظر بد کا علاج۔ لاعلاج مرض کا علاج۔ محبت کا پان۔ حفاظت ہر قسم۔ حب کا نادر عمل۔ روحانی مخلوق سے ملاقات۔ استخارہ۔ محبت کی الائچی۔ زیارت فوت شدگان۔ دشمن کو جو چاہے سزا دیں۔ حب کیلئے۔ لاعلاج امراض۔ کامیاب عمل حب۔ رزق میں برکت۔ عالم اور عامل جن سے دوستی۔ حب کیلئے راکھ ارنڈ۔ دانت، داڑھ، کان درد۔ مجرب استخارہ۔ چور خود بخود حاضر۔ ایک رات میں حاجت پوری۔ خارش بالکل ختم۔ انسانی روح سے ملاقات۔ تسخیر کا کامیاب عمل۔ خواب میں ڈرنا۔ سفید، پیلا اور کالا یرقان۔ دوستی۔ ہر مرض کا علاج۔ جوڑ درد۔ دولت مندی۔ شوہر زوجہ میں موافقت وغیرہ

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, info@darulamal.org

طلسمات بخاری (نئی کتاب)

حضرت سید صفدر شاہ بخاریؒ کے عطا کردہ مجرب طلسمات وعملیات

مرتب: فیصل حمید نقشبندی قادری تعداد صفحات: 79

دستی بیاض (فوٹوسٹیٹ) امپورٹڈ کاغذ قیمت: 340 روپے

طلسمات سبع سیارگان۔ طلسم حب خاص۔ طلسم زبان بندی۔ طلسم تسخیر ومحبت۔ طلسم بخت کشائی دختران۔ طلسم فروخت مال ومتاع۔ طلسم دفع آسیب۔ عمل وطلسم برائے ختم بندش۔ طلسم عجائب۔ طلسم دفع جن پری۔ طلسم برائے آسیب وجن۔ طلسم حیض بند۔ طلسم حفاظت جان۔ طلسم بخار۔ طلسم برائے بچاؤ نظر بد۔ طلسم برائے بستہ مرد وزن۔ طلسم برائے کشادگی بخت دختران۔ طلسم برائے امان سفر۔ طلسم برائے برکت واغناء وغیرہ۔

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, info@darulamal.org

خوشخبری عارف باللہ حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر رحمۃ اللہ علیہ کی CD اور مواعظ نئے ٹائٹل میں چھپ کر آگئے ہیں۔ آج ہی مفت منگوائیں۔ عام ڈاک کے لیے 20 کا لوڈ اور رجسٹرڈ ڈاک کیلئے 60 کا لوڈ اس نمبر پر کروائیں اور اپنا پتہ sms کریں۔ 0322-4773786

facebook.com/darulamalchishtia ادارہ دارالعمل چشتیہ کا فیس بک

حجۃ الاسلام امام ابو حامد محمد ابن محمد الغزالی

نور اللہ مرقدہ کے اعمال

مرتب: مولانا محمد عرفان صاحب

دشمن کا حصار اور اس کو لڑنے سے روک دینا

مندرجہ ذیل یہ آیات لکھو۔ اور ایسے درخت پر لٹکا دو، جس میں کانٹے نہ ہوں، ایسے شخص کے ذریعہ جو خائف القلب (دل کا ڈرا ہوا) اور کمزور ہو تو دشمن نہ ہتھیار اور نہ نیزے اٹھائیں گے ہمیشہ، آیاتِ حرمت کی وجہ سے۔ اور نہ وہ دشمنی کو عملی شکل دینے پر قادر ہوں گے، جب کہ آیات درخت پر معلق ہوں۔ آیات یہ ہیں:

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ. وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ. اربطت باسماء اللہ تعالی و بھذہ الآیات ایدی قبیلۃ فلاں۔ اللّٰھم اربط عنا ھذہ القبیلۃ المذکورہ بید کل جائر و فاسد و قاتل و کافر و منافق و فاسق و ظالم من قبیلۃ بنی فلاں بنوں الآیات ایدی قبیلۃ وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ. مِّنْ وَّرَآىِٕهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ. يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ وَمِنْ وَّرَآىِٕهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ. مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰى شَيْءٍ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ. اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ. وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ. وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ. اللّٰھم ابط عنا ھذہ القبیلۃ المذکورۃ بید کل جائر و فاسد و قاتل و کافر و منافق و ظالم من قبیلۃ بنی فلاں بنوں وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ.

اس تعویذ کو باوضو لکھنا اور قبلہ رُخ ہو کر صلوٰۃ الحاجت پڑھنا شرط ہے۔

سر درد کا علاج

جس شخص نے مکھی کو پکڑا اور اس کو ایک کالے کپڑے میں ڈال کر اس کو اس طرح باندھا کہ سانس لینے کے لیے مکھی کو ہوا جاتی رہے، پھر اس کپڑے کو اس شخص کے سر پر باندھ دیا، جس کو سر درد کی شکایت ہے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کے سر کا درد ختم ہو جائے گا۔

چور کا پیشاب بند کرنے کا تعویذ

مندرجہ ذیل کلمات کو ایک کاغذ پر لکھو۔ پھر اس کو شیشی میں ڈال دو اور مضبوط بند کر دو۔ پھر کسی قبر میں دفن کر دو اور ان کلمات کو پڑھو: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللّٰھم انی حصرت و حبست بول سارق متاع فلاں ابن فلانۃ بحرمۃ ھذہ الاسماء شمخیثا شمخیثا شمخیثا شمخیثا شمخیثا شمخیثا شمخیثا شمخیثا شمخیثا شمخیثا شمخیثا شمخیثا ھیا ھیا ھیا ھیا ھیا شراھیا شراھیا شراھیا شراھیا شراھیا شراھیا شراھیا آل شدای اصباوت آل شدای لح لح لح لح لح لح اب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س ع ف ص ق ر ش ت اللّٰھم انی اسالک یا ذا العز یا ذا الجلال والاکرام ان تحضر بول سارق متاع فلاں بن فلانۃ بحرمۃ ھذہ السماء العظیمۃ یا عظیم۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن کن چیزوں سے پناہ طلب کی

محمد عمران فردوسی

مصائب، آلام، فتن، عذاب، بُری عادات، بُرے افعال، بیماریاں، حادثات، آزمائشیں، ظلم، زیادتی، شیطانی وسوسے اور دیگر اشیاء کہ جن سے رسول اللہ ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے پناہ طلب فرمائی، وہ مندرجہ ذیل ہیں۔ ان کی ادائیگی کا طریقہ یہ ہے کہ 90 نمبر دعا تک اگر اپنے لیے پناہ مطلوب ہو تو الفاظ کے شروع میں (اللھم انی اعوذبك من) کے الفاظ لگائیں لیکن اگر پہلے سے (من) موجود ہے تو (من) لگانے کی ضرورت نہیں اور اگر ایک سے زیادہ کے لیے پناہ چاہتے ہیں، مثلاً: اپنے بچوں، گھر والوں، مقتدیوں اور دیگر افراد کے لیے تو (اللھم انا نعوذبك) لگائیں گے اور 90 سے آخر تک مکمل دعا ہی لکھ دی گئی ہے۔

1	ضِيْقِ الْمَقَامِ يَوْمَ الْقِيَامَة	”قیامت کے دن جگہ کی تنگی سے“۔ (سنن النسائی:5537)
2	اَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا	”سانپ، بچھو کے ڈسنے کی بنا پر موت واقع ہونے سے“۔ (سنن النسائی:5536)
3	اَنْ اَمُوتَ فِيْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا	”میدان جنگ سے پیٹھ پھیر کر مرنے (موت) سے“۔ (سنن النسائی:5533)
4	اَنْ يَّتَخَبَّطَنِيَ الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ	”وفات کے وقت شیطان کے خبطی (بدحواس) بنا دینے سے“ (سنن النسائی:5533)
5	مِنْ شَرِّ مَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَالَمْ اَعْمَلْ	”جو میں نے کیا اور جو میں نے نہیں کیا اس کے شر سے“۔ (صحیح مسلم:2716)
6	اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ	”اچانک اپنے نیچے سے ہلاک کیے (زمین میں دھنس) جانے سے“۔ (سنن النسائی:5532)
7	مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ	”جو میں نے کیا اس کے شر سے“۔ (صحیح مسلم:6323۔ سنن النسائی:5524)
8	فِتْنَةِ الْاَحْيَاءِ وَالْاَمْوَاتِ	”زندہ اور مردوں کے فتنہ سے“۔ (سنن النسائی:5510)
9	سُوْءِ الْمَنْظَرِ فِي الْاَهْلِ وَالْمَالِ	”اہل وعیال میں بُری صورت حال نظر آنے سے“۔ (صحیح مسلم:1343، جامع الترمذی:3439)
10	الْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ	”نفع کے بعد نقصان سے، کمال کے بعد تنزل سے“۔ (صحیح مسلم:1343، جامع الترمذی:3439)

11	مِنْ اَنْ اَزِلَّ اَوْ اَضِلَّ	”یہ کہ میں لغزش کا شکار ہو جاؤں یا میں گمراہ ہو جاؤں“۔(سنن النسائی:5488۔5541)
12	اَنْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ	”کسی سے بدتمیزی کرنے یا مجھ سے بدتمیزی ہونے سے“۔(سنن النسائی:5488،5541)
13	شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا	”جو آسمان سے اترتا اور چڑھتا ہے اس کے شر سے“۔(السلسلۃ الصحیحہ :6/237،2738)
14	شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ	”دجال کے فتنہ کے شر سے“۔(صحیح البخاری:6377،النسائی:5468)
15	اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ	”ظلم کرنے یا مظلوم ہونے سے“۔(النسائی:5462)
16	فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ	”زندگی و موت کے فتنہ سے“۔(صحیح البخاری:6367)
17	عَذَابِ الْقَبْرِ	”قبر کے عذاب سے“(صحیح البخاری:6364)
18	عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ	”بے فائدہ علم سے“۔(صحیح مسلم:2722،النسائی:5444)
19	قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ	”ایسے دل سے جس میں عاجزی نہیں“۔(صحیح مسلم:2722،النسائی،5444)
20	دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ	”نہ سنی جانے والی دعا سے“۔(سنن النسائی:5444)
21	نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ	”سیر نہ ہونے والے نفس سے“۔(صحیح مسلم:2722)
22	مِنْ شَرِّ سَمْعِيْ	”اپنے کانوں کے شر سے“۔(جامع الترمذی:3492،النسائی:5446)
23	شَرِّ بَصَرِيْ	”اپنی آنکھوں کے شر سے“۔(جامع الترمذی:3492،النسائی:5446)
24	شَرِّ لِسَانِيْ	”اپنی زبان کے شر سے“۔(جامع الترمذی:3492،النسائی:5446)
25	شَرِّ قَلْبِيْ	”اپنے دل کے شر سے“۔(جامع الترمذی:3492،النسائی:5446)
26	شَرِّ مَنِيِّيْ	”اپنی منی (شرمگاہ) کے شر سے“۔(جامع الترمذی:3492،النسائی:5446)
27	شَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى	”غنی کے فتنہ کے شر سے“۔(صحیح البخار6368)
28	شَرِّ مَا ذَرَاَ فِي الْاَرْضِ وَبَرَاَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا	’جو اس نے زمین میں پھیلائی، پیدا کی اور جو اس سے نکلتی ہے اس کے شر سے“۔ (السلسلۃ الصحیحہ 2/339،حدیث:840)
29	اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ	”رذیل عمر (انتہائی بڑھاپے) کی طرف لوٹائے جانے سے“۔(صحیح البخاری:6365)
30	فِتْنَةِ الدُّنْيَا	”دنیا کے فتنہ سے“۔(صحیح البخاری:6365)
31	دَرَكِ الشَّقَاءِ	”بدبختی میں پڑنے سے“۔(صحیح البخاری:6616،6347،النسائی:5494)
32	سُوْءِ الْقَضَاءِ	”بُرے فیصلے سے“(صحیح البخاری:6616،6347،النسائی:5494)
33	جَهْدِ الْبَلَاءِ	”سخت آزمائش سے“۔(صحیح البخاری:6616،6347،النسائی:5494)

34	اَلْجُبْنِ	''بزدلی سے''۔(صحیح البخاری:6363)
35	اَلْبُخْلِ	''بخیلی سے''۔(صحیح البخاری:6363)
36	اَلْجُنُونِ	''پاگل پن سے''۔(النسائی:5495)
37	اَلْجُذَامِ	''کوڑھ کی بیماری سے''۔(النسائی:5495)
38	اَلْبَرَصِ	''برص (پھل بہری) کی بیماری سے''۔(النسائی:5495)
39	سَيِّئِ الْاَسْقَامِ	''بری، خطرناک بیماریوں سے''۔(النسائی:5495)
40	وَعْثَاءِ السَّفَرِ	''سفر کی مشقت سے''۔(صحیح مسلم:1343، جامع الترمذی:3438، النسائی:5500)
41	كَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ	''سفر سے پریشان کن واپسی سے''۔ (صحیح مسلم:1343، جامع الترمذی:3438، النسائی:5500)
42	دَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ	''مظلوم کی بددعا سے''۔(صحیح مسلم:1343، النسائی:5500)
43	مِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ	''رات اور دن کے فتنوں کے شر سے''۔(السلسۃ الصحیحہ، 2/339،840)
44	اَلْكَسَلِ	''سستی (کاہلی) سے''۔(صحیح البخاری:6363)
45	اَلْعَجْزِ	''عاجزی سے''۔(صحیح البخاری:6363)
46	اَلْهَرَمِ	''انتہائی بڑھاپے سے''۔(صحیح البخاری:6371، النسائی:5534)
47	اَلْهَمِّ	''فکر سے''۔(صحیح البخاری:6363)
48	اَلْحُزْنِ	''غم سے''۔(صحیح البخاری:6363)
49	غَلَبَةِ الرِّجَالِ	''لوگوں کے غالب آنے سے''۔(صحیح البخاری:6363)
50	ضَلَعِ الدَّيْنِ	''قرض کے چڑھ جانے سے''۔(صحیح البخاری:6363)
51	اَلْمَغْرَمِ	''چٹی پڑنے/تاوان سے''۔(صحیح البخاری:6368)
52	عَذَابِ النَّارِ	''آگ کے عذاب سے''۔(صحیح البخاری:6368)
53	عَذَابِ جَهَنَّمَ	''جہنم کے عذاب سے''۔(صحیح مسلم:128)
54	مِنْ حَرِّ النَّارِ	''آگ کی حرارت (تپش) سے''۔(سنن النسائی:5521)
55	اَلتَّرَدِّيْ	''زوال، اور گر جانے سے''۔(سنن النسائی:5533)
56	اَلْهَدْمِ	''دیوار کے گرنے سے (موت واقع ہونے سے)''۔(سنن النسائی:5533)
57	اَلْغَرَقِ	''پانی میں ڈوبنے سے''۔(سنن النسائی:5533)

58	الْحَرِيْقِ	”آگ کے عذاب (میں جلنے) سے“۔(سنن النسائی:5533)
59	مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ	”جو میں پاتا ہوں اور جس سے میں ڈرتا ہوں اس کے شر سے“۔(صحیح مسلم:2202)
60	الْمَأْثَمِ	”گناہ سے“۔(صحیح البخاری:6368)
61	الْفَقْرِ	”فقیری سے“۔(سنن النسائی:5463)
62	القِلَّةِ	”قلت، کمی سے“۔(سنن النسائی:5463)
63	الذِّلَّةِ	”ذلت سے“۔(سنن النسائی:5463)
64	فِتْنَةِ النَّارِ	”آگ کے فتنہ سے“۔(صحیح البخاری:6368)
65	فِتْنَةِ الْقَبْرِ	”قبر کے فتنہ سے“۔(صحیح البخاری:6368)
66	الْجُوْعِ	”بھوک سے“۔(صحیح البخاری:6368)
67	شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ	”شیطان کے شر اور اس کے شرک سے“۔(السلسلۃ الصحیحہ :6/252، حدیث:2753)
68	مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ	”ہر قسم کے شیطان سے“۔(صحیح البخاری:3371)
69	كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ	”ہر لگ جانے والی نظر سے“۔(صحیح البخاری:3371)
70	فُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ	”تیری ناگہانی گرفت سے“۔(صحیح مسلم:2739)
71	الْخِيَانَةِ	”امانت میں خیانت سے“۔(سنن النسائی:5470)
72	شَرِّ عِبَادِهٖ	”اس کے بندوں کے شر سے“۔(السلسلۃ الصحیحہ :1/263، حدیث:264)
73	الشِّقَاقِ	”(احکام الٰہی کی) مخالفت سے“۔(سنن النسائی:5473)
74	سُوْءِ الْأَخْلَاقِ	”بُرے اخلاق سے“۔(سنن النسائی:5473)
75	غَلَبَةِ الْعَدُوِّ	”دشمن کے غلبہ سے“۔(سنن النسائی:5477)
76	شَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ	”دشمن کے خوش ہونے سے“۔(سنن النسائی:5477)
77	مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ	”اپنے نفس کے شر سے“۔(السلسلۃ الصحیحہ :6/2525، حدیث:2753)
78	مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ	”جو اس نے پیدا کیا اس کے شر سے“۔(صحیح مسلم:2708، جامع الترمذی:3437)
79	هَامَّةٍ	”زہریلے جانور سے“۔(صحیح البخاری:3371)
80	زَوَالِ نِعْمَتِكَ	”تیری نعمت کے زائل ہو جانے سے“۔(صحیح مسلم:2739)
81	تَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ	”مصیبت آنے سے تیری عافیت کے چلے جانے سے“۔(صحیح مسلم:2739)
82	جَمِيْعِ سَخَطِكَ	”ہر قسم کی ناراضگی سے“۔(صحیح مسلم:2739)

83	شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ	''رات کو لڑنے والے کے شر سے''۔(السلسلۃ الصحیحہ :339/2،حدیث:840)
84	غَلَبَةِ الدَّيْنِ	''سخت مقروض ہونے سے''۔(سنن النسائی:5477)
85	شَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ	''غریبی کے فتنہ کے شر سے''۔(صحیح البخاری:6377)
86	الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ	''خبیث جنوں اور جنیوں سے''۔(صحیح مسلم:375)
87	مِنْ مُنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَاءِ	''بُرے اخلاق، اعمال اور خواہشات سے''۔(جامع الترمذی:3591)
88	مِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِي الْعُقَدِ	''گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے''۔(مسند احمد:9756)
89	مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ	''حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے''۔(مسند احمد:9756)
90	مِنَ الشَّرِّ كُلِّهِ عَاجِلِهِ وَاٰجِلِهِ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ	''ہر قسم کے شر سے جلدی آنے والے سے بھی اور دیر سے آنے والے سے بھی، جس کا مجھے علم ہے، اس سے بھی اور جس کا مجھے علم نہیں، اس سے بھی''۔(ابن ماجہ:3846، الأدب المفرد:639)
91	اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عِقَابِكَ	''تیرے درگزر کرنے کے ساتھ تیری سزا سے پناہ مانگتا/مانگتی ہوں''۔ (صحیح مسلم:486، سنن النسائی:5534)
92	اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ	''تیری رضا کے ساتھ تیری ناراضگی سے پناہ مانگتا ہوں''۔ (صحیح مسلم:486، سنن النسائی:5531)
93	اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ	''تیرے ساتھ تجھ سے پناہ''۔(یعنی تیری رحمت کے ساتھ تیری عقوبت سے)(صحیح مسلم:486)
94	اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ	''میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں اس کے غصے اور ناراضگی سے''۔(صحیح مسلم:2739)
95	رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ	''شیطانوں کے چونکوں اور ان کے اپنے پاس حاضر ہونے سے''۔(المؤمنون:23:97)
96	اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ	''تیرے درگزر کرنے کے ساتھ تیری سزا سے''۔(صحیح مسلم:486)

نوٹ رسولِ اکرم ﷺ کا پناہ طلب کرنا، دراصل امت کو سکھانا ہے کہ ان چیزوں سے پناہ طلب کرو۔ آج کے پُرفتن دور میں، بہت ضروری ہے کہ ہم اللہ ﷻ کی پناہ مانگتے رہیں۔ سوال یہ ہے کہ کن کن چیزوں سے پناہ مانگی جائے۔ تو اسی کے لیے یہ مضمون قارئین کی خدمت میں پیش کیا گیا ہے تاکہ وہ ان الفاظ میں پناہ مانگ سکیں جو اللہ ﷻ کے محبوب ﷺ نے ادا کیے اور جو یقیناً یقیناً اللہ ﷻ کے ہاں محبوب و مقبول ہیں۔ ان الفاظ کی مقبولیت یقینی ہے۔

جو احباب عربی صحیح پڑھ اور سمجھ سکتے ہوں، وہ تو عربی ہی پڑھ لیں۔ عربی صحیح پڑھ نہ سکتے ہوں تو وہ اردو کا ترجمہ دیکھیں اور وہی الفاظ دہرائیں۔ جو عربی پڑھ سکتے ہوں مگر سمجھ نہ سکتے ہوں، وہ عربی کے ساتھ اردو بھی لازمی پڑھیں۔ ایک بات یاد رکھیں کہ دعائیں پڑھی نہیں جاتیں، مانگی جاتی ہیں۔ خ

عام اجازت کے اعمال

مرتب: مولانا قاری ممتاز صاحب

مصاحب کا تجربہ

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب مدظلہٗ فرماتے ہیں کہ روزانہ نصف رات کے بعد گھر کے سب افراد یا جتنے بھی افراد یہ عمل کرسکیں، کرلیا کریں اور اس عمل کو 120 دن تک برابر جاری رکھیں۔

طریقہ عمل یہ ہے کہ بیت اللہ کی طرف رخ کرکے ننگے پاؤں اور ننگے سر یہ عمل کریں۔ ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ ان کلمات کو پڑھیں:

یا مسبب الاسباب یا ارحم الراحمین یا رشید الحسیب یا عزیز الخلائق الباری الخالق المصور یا اکرم الاکرمین بحق محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

یہ عمل ان دنوں میں عورتوں کو نہیں کرنا چاہئے جن دنوں میں وہ نماز نہیں پڑھتیں۔ ان شاء اللہ 120 دن کے اندر رحمتِ خداوندی جوش میں آئے گی اور اللہ مدد کا کوئی راستہ کھولے گا۔

بے روزگاری سے نجات پانے کے لیے

اگر کوئی شخص بے روزگاری کا شکار ہو تو ہر فرض نماز کے بعد سات (۷) مرتبہ اور مغرب کی نماز اور جمعہ کی نماز کے بعد ستر (۷۰) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ بہت جلد بے روزگاری سے نجات نصیب ہوجائے گی۔

درود یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَھَبْ لَنَا۔ اَللّٰھُمَّ مِنْ رِزْقِكَ الْحَلَالِ الطَّیِّبِ الْمُبَارَكَ مَاتُقْصُوْنَ بِهٖ وَ جُوْھَنَا عَنِ التَعَرِّضِ اِلٰی اَحدٍ مِنْ خَلْقِكَ وَاجْعَلْ لَّنَا۔ اَللّٰھُمَّ اِلَیْه طَرِیْقًا سَھْلًا مِنْ غَیْرِ تَعَبٍ وَلَا نَصَبٍ وَلَا مِنَّةٍ وَلَا تَبِعَةٍ وَجَنِّبْنَا۔ اَللّٰھُمَّ الحرامَ حَیْثُ كَافَ وَ اَیْنَ كَانَ وَ عِنْدَ مِنْ كَانَ وَحُلْ بَیْنَنَا وَبَیْنِ اَھْلِهٖ وَاقْبِضْ عَنَّا اَیْدِیْھِمْ وَاصْرِفْ عَنَّا قُلُوْبَھُمْ حَتّٰی لَا نَتَقَلَّبَ اِلَّا فِیْمَا یُرْضِیْكَ وَلَا نَسْتَعِیْنُ بِنَعْمَتِكَ اِلَّا عَلٰی مَا تُحِبُّ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

نظر بد کا تعویذ

اگر کسی بچے کو بار بار نظر لگتی ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھ کر بچے کے گلے میں موم جامہ کرکے ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد سے محفوظ ہوجائے گا۔

۷۸۶

یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ
یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ
یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ

نوٹ اگر غیر عامل لکھے تو ''یاحافظ'' نوسو اناسی (۹۸۹) مرتبہ، اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر تعویذ پر دم کرکے دیں۔

بے راہ روی اور دماغی خلل کا علاج

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب مدظلہٗ فرماتے ہیں کہ اس کا علاج سورۂ یٰسین کے ذریعہ کریں۔ سورۂ یٰسین کا نقش کسی عامل سے لکھوا کر اس کے گلے میں ڈالیں اور ایک بوتل پانی پر سورۂ یٰسین تیرہ (۱۳) مرتبہ پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں۔ صبح و شام یہ پانی اپنے بھائی کو پلائیں۔ لگاتار چالیس (۴۰) دن تک پلائیں اور ہر جمعہ کی شب میں سورۂ یٰسین پڑھ کر، جب وہ سوجائے، اس کے دونوں کانوں میں دم کریں۔ ان شاء اللہ بے راہ روی سے بھی نجات ملے گی اور دماغی خلل اور اوپری اثرات سے بھی چھٹکارا نصیب ہوگا۔

ہچکیوں کا علاج

جب ہچکیاں آرہی ہوں تو ایک گلاس پانی ۳ سانسوں میں پئیں اور ہر سانس میں سات مرتبہ ''یَاحَفِیْظُ'' پڑھیں۔ ان شاء اللہ ہچکیاں فوراً بند ہوں گی۔

جنات سے تنگ مریض پڑھیں!!

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

جنات کا وجود برحق ہے، قرآن وحدیث میں بے شمار جگہ پر جنات کے وجود اور ان کے حالات کا تذکرہ ملتا ہے۔

ان کی تعداد انسانوں سے کہیں زیادہ ہے، جنات کا انسانوں کو تنگ کرنا جسم میں داخل ہو کر دورہ ڈالنا، وغیرہ احادیث اور اقوال سے ثابت ہے! بعض لوگ بالکل ہی ان کا انکار کر دیتے ہیں جو حقیقت میں قرآن وحدیث کا انکار ہے اور بعض بالکل ہی ہر معاملے میں جادو جنات کے وہم کا شکار ہو جاتے ہیں، یہ دونوں چیزیں ہی غلط ہیں۔ اعتدال میں رہ کر ماننا یہ بالکل ٹھیک ہے!! آج کل نوے فیصد لوگ جناتی مریض ہیں، اس کی وجہ شریعت سے دوری ہے، بغیر بسم اللہ شریف کے کھانا پینا بھی اس کی ایک بڑی وجہ ہے۔ احادیث میں آتا ہے کہ بغیر بسم اللہ شریف پڑھے کھانے میں شیطان شامل ہو جاتا ہے، شیطان کا تعلق جنات سے ہے۔ لہٰذا آپ کے کھانے پینے میں جناتی اثرات آپ کے پیٹ میں معدے میں گئے اور وہاں جا کر کئی بیماریوں کا سبب بنے۔ دوسری بڑی وجہ یہ ہے کہ احادیث میں آتا ہے کہ قضائے حاجت کیلئے جاؤ تو دعا پڑھو، یعنی آج کل کے دور میں جدید شکل اگر آپ لیٹرین، غسل خانہ میں یا پھر قدیم طرز جنگل میں ہی پیشاب پاخانہ کیلئے جائیں تو دعا پڑھیں اس دعا کے ترجمے اور مفہوم پر آپ غور کریں گے تو سارا مسئلہ سمجھ آجائے گا، لیکن نہ تو کوئی دعا پڑھتا ہے اور نہ ہی کوئی محفوظ ہے۔ کسی کے گھر میں جا کر آپ ان کے اثر سے کیسے محفوظ رہ سکتے ہیں؟ باقی اور بہت ساری اقسام اور وجوہات ہیں جو کسی اور مضمون میں ذکر کی جائیں گی، ان شاء اللہ۔ لہٰذا اگر آپ یا آپ کے گھر والوں، آپ کے رشتہ داروں، آپ کے دوستوں، آپ کے جاننے والوں، آپ کے محلہ، گلی، قصبے، گاؤں، شہر میں کوئی ایسا مریض یا گھر یا فیکٹری، کارخانہ، شادی ہال وغیرہ جنات کے زیر اثر ہوں اور آپ کو یا ان کو کہیں سے فائدہ یا مسئلے کا حل نہ مل رہا ہو تو آپ مسئلے کا حل نہ مل رہا ہو تو آپ خود یا ان کو پورے، اعتماد، یقین کے ساتھ دارالعمل چشتیہ بھیجیں، ان شاء اللہ آپ کے تمام مسائل حل ہو جائیں گے۔

..........*.....*.....*

جادو سے تنگ مریض پڑھیں!!

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

قرآن وحدیث کی روشنی میں جادو کرنے والا اور جادو کروانے والا دونوں کافر ہو جاتے ہیں!! لیکن پھر بھی لوگ باز نہیں آتے، یہ حرکتیں نہیں چھوڑتے۔ حیرانگی اس بات پر ہوتی ہے کہ کسی کا نقصان کر کے، کسی کو تکلیف میں مبتلا کر کے کسی کا کاروبار تباہ کر کے، فیکٹریاں بند کروا کے، دوکانیں، مارکیٹیں اجڑوا کے، چلتی گاڑیوں کو بند کروا کے، گھروں میں، خاندانوں اور فیملیوں میں لڑائی جھگڑا کروا کے، ہنستے بستے جوڑوں میں تفرقہ ڈال کے، جادو کے ذریعے کسی کو پاگل دیوانہ کر کے بیماریوں میں مبتلا کر کے اس کو ہمیشہ کیلئے بستر مرگ پر ڈال کے، کسی کے بچے بچیوں کے مستقبل کو تباہ کر کے، ان کو آوارہ بنا کے، ان کے رشتے بند کر کے، ان کی اولاد بند کر کے، بھینسوں بکریوں، مرغیوں جیسے بے زبان، جانوروں کو مار کے، کسی کو روپے پیسے کا محتاج بنا کے، اس کی خوشیاں، مسرتیں، شادمانیاں سکون وچین، آرام، عزت، چھین کر تمہیں کیا ملا، کتنے نفلوں کا ثواب ملا، کیا وہ سب کچھ تمہیں مل گیا، یا مل جائے گا، نہیں ہرگز نہیں ایسے لوگ اپنی دنیا اور آخرت دونوں ہی برباد کر لیتے ہیں، دوسروں کو تباہ کرنے والے خود تباہ ہو جاتے ہیں، دوسروں کی خوشیاں چھیننے والے خود ہمیشہ کیلئے خوشیوں سے محروم ہو جاتے ہیں!

کاش کہ ایسے لوگوں کو سمجھ آجائے!! ایسے ہزاروں لوگ دارالعمل چشتیہ سے رابطہ کرتے ہیں، الحمدللہ! اللہ نے سب کی پریشانیاں دور فرما دیں۔ اگر آپ بھی ایسی کسی پریشانی میں مبتلا ہیں اور آپ کو کہیں سے فائدہ فیض نہیں مل رہا تو آپ دارالعمل چشتیہ سے رابطہ فرمائیں۔ ان شاء اللہ آپ کی تمام پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔

مستحصلہ طرح عناصر الرسول ..... اظہر عنایت شاہ صاحب (کوہاٹ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یہ قاعدہ حکیم سرفراز زاہد مرحوم کی کتاب انکشافات جفر کا ہے۔ وہ قواعد جو انتہائی آسان لیکن جواب دینے میں بہت عمدہ ہوں، ان میں یہ قاعدہ سرتاج ہے۔ جوابیہ سطر کتنے فیصدی خود ناطق، باربط اور تسلسل کے ساتھ ہوتی ہے، اس کا فیصلہ درج ذیل امثلہ دیکھ کر آپ خود کرلیں۔ آیئے چند امثلہ ملاحظہ فرمائیں۔

پہلے قاعدہ کی تشریح حکیم صاحب مرحوم کے الفاظ میں:

1۔ صدق دل سے بسم اللہ پڑھ کر مکمل سوال معہ نام سائل لکھیں۔ سوال میں تمام معلومات مثلاً تاریخ، ماہ، سن عیسوی وغیرہ کا اضافہ کریں (محوری سوال میں) اور تمام سوال کو بسط کرلیں۔

2۔ اب طرح اربعہ عناصر کے مطابق چار چار کی گنتی سے حروف چن لیں۔ یعنی تمام حروف بسط سے چوتھا چوتھا حرف الگ کرلیں۔ یہی حروف مستحضرہ جواب دیں گے۔

3۔ حروف مستحضرہ کی تخلیص کرلیں اور چار بار مؤخر صدر کرلیں۔

4۔ مؤخر صدر کی چوتھی سطر میں ہی جواب ہے۔ اسے ناطق کریں۔ ناطق کرنے کے لیے درج ذیل تین قوانین کا استعمال ہوگا۔ (۱) حروف خود ناطق ہوں گے (۲) یا نظیرہ سے (۳) ورنہ ایقع سے ناطق کریں۔

مثال نمبر 1: یا علیم۔ تسخیر خلق کے لیے سورۂ توبہ کی آخر دو آیات کتنی تعداد میں ورد کرنی چاہئیں؟

اساس	ی	ق	ر	ب	ا	د	ز	ک	ت	و	ن
مؤخر صدر 1	ن	ی	و	ق	ت	ر	ک	ب	ز	ا	د
2	د	ن	ا	ی	ز	و	ب	ق	ک	ت	ر
3	ر	د	ت	ن	ک	ا	ق	ی	ب	ز	و
4	و	ر	ز	د	ب	ت	ی	ن	ق	ک	ا
ناطق	ر	و	ز	د	ع	ت	ی	ن	100	ک	ا
جواب	روز			عدّ			تین		100	کا	

واللہ اعلم بالصواب

مثال نمبر 2: یا علیم۔ جنات کو بذریعہ عمل تسخیر کرنا کیسا ہے؟

اساس	ت	ذ	ھ	ر	ا
مؤخر صدر 1	ا	ت	ر	ذ	ھ
2	ھ	ا	ذ	ت	ر
3	ر	ھ	ت	ا	ذ
4	ذ	ر	ا	ھ	ت
ناطق	ک	ر	ا	ھ	ت

جواب	کراہت

واللہ اعلم باالصواب

مثال نمبر 3: یاعلیم۔ نفسیاتی امراض کی سب سے بڑی وجہ کیا ہے؟

اساس	ی	ا	ض	ب	ر	ھ
مؤخرصدر 1	ھ	ی	ر	ا	ب	ض
2	ض	ھ	ب	ی	ا	ر
3	ر	ض	ا	ھ	ی	ب
4	ب	ر	ی	ض	ھ	ا
ناطق	ب	ر	ی	ف	ق	س
جواب	بڑی			فسق		

واللہ اعلم باالصواب

مثال نمبر 4: یاعلیم۔ دنیا میں آبِ حیات کا وجود ہے یا نہیں؟

اساس	ا	و	ھ	ن
مؤخرصدر 1	ن	ا	ھ	و
2	و	ن	ھ	ا
3	ا	و	ھ	ن
4	ن	ا	ھ	و
ناطق	ن	ا	ھ	و
جواب	نا		ھو	

واللہ اعلم باالصواب

مثال نمبر 5: یاعلیم۔ جزائر برموڈہ کے پیچھے کیا حقائق ہیں؟

اساس	ی	م	ک	ج	ا
مؤخرصدر 1	ا	ی	ج	م	ک
2	ک	ا	م	ی	ج
3	ج	ک	ی	ا	م
4	م	ج	ا	ک	ی
ناطق	م	ج	ا	ذ	ی
جواب	مجازی				

واللہ اعلم باالصواب

مثال نمبر 6: یا علیم۔ علم جفر کا شمار کن علوم میں ہوتا ہے؟

اساس	ج	ا	ر	ل	ی	ت
مؤخرصدر 1	ت	ج	ی	ا	ل	ر
2	ر	ت	ل	ج	ا	ی
3	ی	ر	ا	ت	ج	ل
4	ل	ی	ج	ر	ت	ا
ناطق	ل	ی	ف	ر	ت	ا
جواب		لی	فرِتا			

فرتاء کے معنی الہام کے ہیں۔

واللہ اعلم باالصواب

مثال نمبر 7: یا علیم۔ علم جفر اخبار کو اظہر عنایت شاہ بن..... کس حد تک سمجھ سکے گا؟

اساس	ج	خ	ک	ھ	ا	ن	ت	ی
مؤخرصدر 1	ی	ج	ت	خ	ن	ک	ا	ھ
2	ھ	ی	ا	ج	ک	ت	ن	خ
3	خ	ھ	ن	ی	ت	ا	ک	ج
4	ج	خ	ک	ھ	ا	ن	ت	ی
ناطق	ف	ی	ذ	ھ	ا	ن	ت	۔
جواب		فی		ذہانت				

واللہ اعلم باالصواب

نوٹ اگر اساس کے حروف کی تعداد سات اور آٹھ ہو تو مؤخر صدر کی چوتھی سطر بعینہ سطر اساس ہوگی۔

حکیم سرفراز احمد زاہد صاحب مرحوم اس قاعدہ کے بارے میں آخر میں لکھتے ہیں کہ ''قارئین کرام! طرح اربعہ عناصر کا یہ مستحصلہ نادر و نایاب ہے۔ انتہائی آسان سا قاعدہ ہے۔ آپ اس سے دنیوی ہر قسم کے سوالات چند منٹوں میں حل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو ابجد ایقع پر عبور حاصل ہو جائے تو مستحصلہ چٹکی بجاتے بجاتے ہی حل ہو جائے''۔

التماس خاص! ان عالمان جفر سے، جن کے پاس واقعی ایسے حقیقی قواعد موجود ہیں جو اب تک منظر عام پر نہیں آئے۔ ان کو کتابی شکل میں لے آئیں۔

نوٹ: ماہر علومِ مخفی صوفی غلام سرور شباب صاحب کی علم الجفر پر انتہائی مفید کتاب ''فیضان الجفر'' ان شاء اللہ، جلد ہی چھپ کر مارکیٹ میں دستیاب ہوگی۔ یہ کتاب حقیقت میں ایک استاد کتاب کی حیثیت رکھتی ہے۔ ع

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

سخت جادو کی وجہ سے شدید سر درد

سوال میرے سر میں رات تین بجے سخت درد اٹھتا ہے جو کسی بھی طرح کنٹرول نہیں ہو رہا ہے۔ میں نے کئی ڈاکٹروں کو دکھایا ہے۔ مگر کوئی فائدہ نہیں ہو رہا ہے۔ میری مرنے والی حالت ہو جاتی ہے۔ ناقابلِ برداشت درد ہوتا ہے۔ مجھے کسی نے روحانی طور پر چیک کروانے کا کہا ہے تاکہ پتہ لگ جائے کہ کہیں جادو کا معاملہ تو نہیں؟ مہربانی فرما کر آپ تشخیص فرما دیں۔ اور اگر معاملہ ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟ (ش۔ف، کراچی)

جواب آپ کے حاسدین بہت ہیں۔ آپ پر سخت جادو کا حملہ ہوا ہے۔ یہ جادو صرف وظائف سے دور نہیں ہو سکتا۔ فوری طور پر کسی قریبی عامل سے رجوع فرمائیں یا ہمارے ادارے کی روحانی علاج گاہ سے رابطہ فرمائیں تاکہ باقاعدہ کوئی روحانی معالج آپ پر کیے ہوئے جادو کی کاٹ کر سکے۔

وقتی علاج کے لیے مکہ کی اذان سر میں درد ہونے سے قبل یعنی رات تین بجے سے قبل، تین یا پانچ مرتبہ سنیں۔ کانوں میں ہیڈ فون لگا کر سنیں تاکہ پوری آواز صحیح طرح سن سکیں۔ ان شاء اللہ، اس عمل سے اس دن درد نہیں ہوگا۔

..........*.....*.....*

چاکلیٹ مشین مسلسل خراب ہو رہی ہے

سوال میں نے ایک چاکلیٹ مشین لی ہے۔ جب سے مشین لی ہے، اس وقت سے مسلسل اس پر خرچہ ہو رہا ہے۔ میرا بہت نقصان ہو رہا ہے۔ مہربانی کر کے چیک کر لیں کہ کیا معاملہ ہے؟ (دل محمد، لاہور)

جواب کوئی جادو اور جنات کا معاملہ نہیں ہے۔ قدرتی معاملہ ہے۔ اللہ ﷻ کا کلام بکثرت پڑھا کریں۔ سورۂ توبہ کی آخری دو آیات ستر (۷۰) مرتبہ بعد نمازِ عشاء پابندی سے پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔ ان شاء اللہ، حالات میں بہتری ہو جائے گی۔

..........*.....*.....*

اسکول میں کچا گوشت اور ہڈیاں

سوال میرا ایک اسکول ہے۔ اس کے باتھ روم اور گراؤنڈ میں ہڈیاں اور کچے گوشت کے ٹکڑے ملے ہیں۔ یہ دو ہفتوں کے دوران ہوا ہے۔ انہی دو ہفتوں میں دو بار یہ ہوا کہ جب میں اسکول داخل ہوا تو میرے جوتوں پر جانوروں کے فضلات لگے ہوئے تھے۔ مجھے اس سے پریشانی ہو گئی ہے۔ مہربانی فرما کر یہ بتائیں کہ یہ کوئی جادو یا جنات کا معاملہ ہے یا کوئی اتفاق ہے؟ اگر ہے تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟ (م۔ع، لاہور)

جواب پریشانی کی کوئی بات نہیں ہے۔ آپ کے اسکول میں جنات کا آنا جانا ہے۔ انہی کی شرارت ہے لیکن وہ آپ کے لیے نقصان دہ نہیں ہیں۔ اس لیے ان کو کچھ نہ کہیں۔

جوتوں والی بات اتفاق ہے۔ کوئی خطرے کی بات نہیں ہے۔ ہفتے میں ایک بار سورۂ بقرہ اسکول میں پڑھوا لیا کریں اور پانی پر دم کروا کر اسکول کی پاک جگہوں پر چھڑک دیا کریں۔ چھڑکنے کا کام روزانہ کریں۔ احتیاط رہے کہ مقدس پانی ہے، بے ادبی نہ ہو۔

..........*.....*.....*

جنات اور جادو کی وجہ سے سخت لڑائیاں اور معاشی نقصان

سوال ہمارے گھر میں ہر وقت لڑائیاں رہتی ہیں۔ میرے شوہر بہت غصہ والے ہیں۔ ان ہی کی وجہ سے زیادہ لڑائیاں ہوتی ہیں۔ میرے بچوں کے درمیان بھی اب شدید لڑائیاں ہونا شروع ہو گئی ہیں۔ میرے لڑکے والد سے بہت زیادہ پریشان ہیں۔ وہ میرے بیٹوں کو بہت بری طرح ڈانٹتے اور گالیاں دیتے ہیں۔ میرے لڑکے اب بڑے ہو گئے ہیں۔ ان سے بھی برداشت نہیں ہوتی۔ میرے شوہر نے حقیقت میں بچوں کو پیار دیا ہی نہیں۔ شروع ہی سے غصہ والا رویہ اپنایا ہے۔

دوسرا مسئلہ ہمارے کاروباری حالات کا ہے۔ پچھلے دوسالوں میں بہت زیادہ نقصان ہوا ہے۔ یہ سمجھ لیں کہ اب مسلسل نقصان ہی ہو رہا ہے۔ حالات کسی طرح بھی سنبھلنے میں نہیں آ رہے۔ میری اس سلسلے میں رہنمائی کریں۔ (س، لاہور)

جواب میری تشخیص میں مسئلہ جنات اور جادو کا ہے۔ جادو سے زیادہ جناتی معاملہ اب ہو گیا ہے۔ اور جنات آپ کے گھر رہائش پذیر ہیں۔ یہ جو گھر کا ماحول مسلسل خراب ہو رہا ہے، یہ انہی کی کارستانی ہے۔ اور کاروباری نقصان میں زیادہ دخل جادو کا ہے۔ قدرتی معاملہ بھی ہے۔

میرا مشورہ یہ ہے کہ آپ باقاعدہ کسی عامل سے ہی علاج کروائیں۔ سب سے پہلے اپنے گھر والے جنات سے نجات حاصل کریں ورنہ جادو بھی ختم نہیں ہوگا اور معاملہ زیادہ سے زیادہ بگڑ جائے گا۔

گھر والے جنات کو نکالنا بھی آسان نہیں کیونکہ وہ بھی لڑنے والے ہیں، بات ماننے والے نہیں۔ اس لیے خود سے کچھ پڑھ کر ان کو نکالنے کی کوشش سوائے نقصان کے، کچھ نہیں دے گی۔ اور میرے علم کے مطابق آپ پہلے بھی اس طرح کی کئی کوششیں کر چکی ہیں، جن کی وجہ سے جنات بھی اب بات سننے کو تیار نہیں۔ لہٰذا، ہماری روحانی علاج گاہ کے کسی بھی معالج سے رابطہ کر کے ان کو گھر بلوائیں اور گھر والے جنات کا معاملہ انہی کے سپرد کر دیں۔

..........*.....*.....*

دفتری حاسدین کی وجہ سے بیمار

سوال میری اہلیہ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ بہت سستی، نیند کا غلبہ، پورے جسم میں درد، خاص طور پر ٹانگوں میں بہت درد ہے۔ جس کی وجہ سے وہ دفتر بھی نہیں جا رہیں۔ مہربانی فرما کر اس معاملے میں رہنمائی فرمائیں اور تشخیص بھی فرما دیں کہ ایسا کیوں ہو رہا ہے؟ (ن، لاہور)

جواب آپ کی اہلیہ جادو اور حسد کا شکار ہیں۔ ان کے دفتر والے ان سے شدید حسد کرتے ہیں اور حسد کے یہ اثرات وہیں سے آئے ہیں۔ آپ کی اہلیہ حفاظت کے اعمال کی پابندی نہیں کرتیں۔ حسد سے بچنے کا بہترین طریقہ مسنون دعائیں اور حفاظتی اعمال کی پابندی کرنا ہے۔

آپ کو کچھ علاج بھجوایا جا رہا ہے۔ جسم پر ملنے کے تعویذات ہیں جو صبح سو کر اٹھنے کے بعد اور رات کو سونے سے پہلے مل کر جلانے ہیں۔ زعفرانی تعویذ پانی کی بوتل میں ڈال کر اسی پانی کو پینا ہے۔ ایک ہفتہ کا ایک تعویذ ہے۔ باقی مسنون اعمال اور ہر نماز کے بعد، دفتر جاتے وقت، سونے سے قبل اول و آخر ایک ایک بار درود شریف اور ایک ایک بار آیت الکرسی چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے کا معمول بنائیں۔ یہ عمل اپنی اہلیہ کو پابندی سے کرائیں۔ بہتر ہے کہ خود بھی اس عمل کی پابندی کریں۔

جادو کا معاملہ تھوڑا ہی ہے۔ ان شاء اللہ، دو ہفتہ کے علاج سے ختم ہو جائے گا۔

..........*.....*.....*

آسیبی اثرات کی وجہ سے ٹانگوں میں درد

سوال میری بیٹی کی عمر پندرہ سال ہے۔ اس کی ٹانگوں میں کافی درد رہنا شروع ہو گیا ہے۔ ڈاکٹروں کو دکھایا ہے، کوئی وجہ سامنے نہیں آ رہی۔ کوئی کمزوری بھی نہیں۔ خوراک بھی ٹھیک ہے۔ کوئی مشقت کا کام بھی ایسا نہیں ہے۔ مجھے بڑی پریشانی ہے۔ میری ایک ہی بیٹی ہے۔ مہربانی کر کے میری مدد فرمائیں۔ (ف، لاہور)

جواب آپ کی بیٹی کی ٹانگوں میں درد کی وجہ طبی نہیں، روحانی ہے۔ اس پر آسیبی اثرات ہیں۔ آپ کو علاج بھیجا جا رہا ہے۔ جسم پر ملنے والے تعویذات، صبح اٹھنے کے بعد، نمازِ عصر اور مغرب کے درمیان اور رات کو سونے سے قبل، ٹانگوں کی اچھی طرح مالش کریں اور پھر اسی وقت جلا دیں۔ یہ عمل ایک ہفتہ مسلسل اور بلاناغہ کریں۔ ساتھ ہی روحانی تیل بھی ہے۔ اس کی رات کو ٹانگوں پر مالش کیا کریں۔ رات کو پہلے تعویذ ملنا ہے، پھر مالش کرنی ہے۔ ان شاء اللہ، ایک ہفتہ میں درد ختم ہو جائے گا۔

..........*.....*.....*

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے 11 انمول خاص نمبرز

جنات نمبر (فوٹو سیٹ)



قیمت: 100 روپے

جادو ٹونہ نمبر



قیمت: 70 روپے

درود شریف نمبر (فوٹو سیٹ)



قیمت: 120 روپے

کشائش رزق نمبر (فوٹو سیٹ)



قیمت: 150 روپے

شفائے جسمانی امراض نمبر (فوٹو سیٹ)



قیمت: 150 روپے

حب و تسخیر نمبر



قیمت: 100 روپے

حل المشکلات نمبر



قیمت: 100 روپے

نکاح نمبر



قیمت: 80 روپے

حفاظت نمبر



قیمت: 80 روپے

بندش نمبر



قیمت: 80 روپے

اسماء الحسنیٰ نمبر



قیمت: 80 روپے

ڈسکاؤنٹ آفر

11 خاص نمبرز صرف 890 روپے میں (علاوہ ڈاک خرچ) خریدیئے اور 20% ڈسکاؤنٹ حاصل کریں۔

یہ آفر 31 مئی 2016 تک ہے

11 خاص نمبرز سے کم لینے والوں کو یہ رعایت نہیں دی جائے گی۔ شکریہ

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
E-mail: khazinaeruhaniyaat@gmail.com
Ph: 042-35410586
Cell: 0322-4773786
شعبہ نشرواشاعت دارالعمل چشتیہ لاہور، پاکستان

darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/naqad_ijazat/handi.htm

عدد تقدیر کیا ظاہر کرتا ہے؟

حضرت مولانا حسن الٰہاشمی مدظلہ

علم الاعداد پر ایک انتہائی اہم مضمون۔ ہر شخص اپنا عددِ تقدیر معلوم کر کے اپنے بارے میں جان سکتا ہے۔

ا۔جس شخص کی تقدیر کا عدد ایک ہوگا، وہ ہمیشہ آزادی کا شائق رہے گا۔ کسی کی غلامی اور پابندی اس سے ہرگز ہرگز برداشت نہیں ہوگی۔ مزاج میں قدرے نرمی کے باوجود غرور و تکبر بھی ہوگا۔ کسی کی رائے پر عمل کرنا اس کے مزاج کے خلاف ہوگا۔ لیکن اس میں ذمہ دری نبھانے کی صلاحیت حد سے زیادہ ہوگی اور طبیعت میں بے پناہ استقلال بھی ہوگا۔ ایسا شخص بالعموم لوگوں پر اپنا تسلط جمائے رکھے گا۔ یہ شخص فطرتاً بہادر بھی ہوگا اور حوصلہ مند بھی۔ جس شخص کی تقدیر کا عدد ایک ہوگا، اس کو کسی بھی وقت عارضہ قلب لاحق ہوسکتا ہے۔ عام طور پر اس شخص کی صحت اچھی رہے گی اور اس کے چہرے کا رنگ سرخ و سفید ہوگا۔ جسم بھاری ہوگا۔ آنکھوں میں کشش ہوگی۔

۲۔جس شخص کی تقدیر کا عدد ۲ ہوگا، وہ عمومی طور پر کم نصیب ہوگا۔ بالخصوص عورتوں کے معالات میں وہ بد بخت ثابت ہوگا۔ اس کی اگر کوئی چیز گم ہوجائے گی تو مشکل ہی سے ملے گی۔ اس شخص کے مزاج میں ٹھہراؤ نہیں ہوگا۔ اس وجہ سے اکثر اس کے بنے بنائے کام بھی بگڑ جایا کریں گے۔ اس شخص کی زندگی میں سفر بے انتہا ہوں گے اور اس کو زندگی کی خوشیاں اور راحتیں حاصل کرنے کیلئے زحمتیں بہت برداشت کرنی پڑیں گی۔ جس شخص کا عدد ۲ ہوگا، اس کی صحت بہت زیادہ اچھی نہیں ہوگی۔

۳۔جس شخص کا عدد تقدیر ۳ ہوگا، وہ حد سے زیادہ فیاض اور دریادل ہو گا۔ اس کی فیاضی فضول خرچی کی حد تک ہوگی۔ مخلوق سے ہمدردی کا جذبہ حد سے زیادہ ہوگا۔ دوسروں کی خاطر ایسا شخص اکثر مسائل کا شکار نظر آئے گا۔ اس کے دوست کافی ہوں گے۔ لیکن اسے دوستوں سے کوئی فائدہ نہیں پہنچے گا۔ ۳ عدد والے کے خیالات میں بلندی ہوگی۔ اس کی خواہش یہ ہوگی کہ ہمیشہ مالدار رہے اور خوب پیسہ کمائے اور جمع کرے۔ لیکن پیسہ جمع ہونے کی کبھی نوبت نہیں آئے گی۔ ۳ عدد والے کو پیٹ کی بیماریوں سے تکلیف اٹھانی پڑے گی۔ اس شخص کو بحری سفر کبھی راس نہیں آئے گا۔ بلکہ خطرہ اس بات کا ہوگا کہ بحری سفر اس کے لیے ہلاکت کا باعث نہ بنے۔

۴۔جس شخص کا عدد تقدیر ۴ ہوگا، وہ اکثر مالی مشکلات کا شکار رہے گا۔ اس کے مزاج میں ضد اور ہٹ دھرمی ہوگی۔ طبیعت میں غصہ اور کسی قدر کینہ پروری بھی ہوگی۔ نظریات کے معاملے کا ایسا شخص لکیر کا فقیر ہوگا۔ اس میں مذہبی عصبیت حد درجہ ہوگی۔ خود کو نمایاں کرنے کا شوق ہوگا۔ عمر کے آخیر میں یہ شخص خرابی خون کا شکار ہوسکتا ہے۔ عام طور پر ایسے لوگوں کی صحت متاثر ہوتی ہے۔ اس شخص کے تعلقات اعلیٰ افسروں سے قائم ہوسکتے ہیں۔ اس کو سفر میں کبھی راحت نصیب نہیں ہوگی۔

۵۔جس شخص کا عدد تقدیر ۵ ہوگا، وہ طویل قامت ہوگا۔ اس کی آنکھیں چھوٹی ہوں گی اور بہت چمک دار ہوں گی۔ ۵ عدد والے افراد بچوں سے بہت محبت کرتے ہیں۔ ۵ عدد والے شخص عمر کے آخیر میں لقوے اور فالج کا شکار ہوسکتے ہیں۔

۶۔جس شخص کا عدد تقدیر ۶ ہوگا، وہ صلح جو، امن پسند اور محبت نواز ہوگا۔ اس شخص کو بات چیت پر مکمل قدرت حاصل ہوگی۔ یہ شخص بہت نازک مزاج ہوگا اور چھوٹی سی تکلیف بھی اس کے لیے ناقابل برداشت ہوگی۔ جسمانی طور پر یہ شخص فربہ ہوگا۔ اس کے اعضاء معتدل ہوں گے۔ ۶ عدد والے افراد بالعموم خوبصورت اور پرکشش ہوا کرتے ہیں۔ ۶ عدد والا شخص خواتین کے معاملے میں بھی خوش نصیب ہوگا۔ صنفِ نازک میں اس شخص کو ایک طرح کی مقبولیت حاصل رہے گی۔ ۶ عدد والے کو سفر میں آرام ملے گا اور سفر اس کے لیے باعث نفع بھی ثابت ہوں گے۔ عمر کے آخری حصے میں اس کو گردوں کی بیماری ہوسکتی ہے۔

۷۔جس کا عدد تقدیر ۷ ہوگا، اس میں اپنے منہ سے اپنی تعریف کرنے کی عادت ہوگی۔ ایسا شخص تعریف کا بھوکا ہوگا۔ ہر وقت یہ چاہے گا کہ لوگ اس کی تعریف میں مشغول رہیں۔ ایسے لوگ تنقید کو برداشت نہیں کر پاتے۔ اس شخص کو سیر و تفریح کا شوق ہوگا۔ عمر کے آخری حصے میں پیٹ کے کسی سنگین مرض کا اندیشہ رہے گا۔

۸۔جس کا عدد تقدیر ۸ ہوگا، وہ زندگی کے بیشتر معاملات میں کم نصیب ثابت ہوگا۔ لوگ اس پر اعتبار کرنا پسند نہیں کریں گے۔ اس کی زندگی حادثوں میں گھری رہے گی۔ اس کی بیماریاں بھی طویل ہوں گی۔ ایسے شخص کو عمر کے آخیر میں جنون اور دیوانگی کے خطرات لاحق رہیں گے۔

۹۔جس شخص کا عدد تقدیر ۹ ہو، وہ عمومی طور پر تند خو اور بدمزاج ہوگا۔ لیکن طبیعت کی صفائی کی وجہ سے لوگ اسے عزیز سمجھیں گے۔ یہ شخص کبھی کسی کو نقصان نہیں پہنچائے گا۔ لیکن اس شخص کا انتقامی جذبہ بہت سخت ہوگا۔ اگر اس کی کوئی چیز گم ہوگی تو جلدی مل جائے گی۔ ۹ عدد والے کو ناگہانی حادثات سے اکثر تکالیف پہنچیں گی۔ ایسے شخص کو اکثر دماغی امراض کی شکایت رہے گی۔ ۹ عدد والے کے قویٰ اچھے ہوں گے۔ رنگ سرخ ہوگا۔ عمر کے آخر حصے میں عارضہ قلب کا خطرہ رہے گا۔

ذہنی و نفسیاتی مسائل کا علاج جلد کروائیں

جادو، جنات کے مریض عموماً نفسیاتی مریض بن جاتے ہیں، جن کا علاج نہ کیا جائے تو مریض یہی سمجھتا ہے کہ جادو یا جنات کا اثر ختم نہیں ہوا۔ ان امراض کا علاج جلد کروانا چاہئے اور غفلت نہیں کرنی چاہئے۔ ٹینشن، ڈپریشن، ہر قسم کا خوف، مایوسی، غصہ کی زیادتی، شک، وہم، گھبراہٹ، خیالات کا ہجوم، لوگوں میں گھبراہٹ، اکیلے رہنے کی خواہش، احساسِ کمتری، خود اعتمادی کی کمی، تشویش وغیرہ جیسے امراض کے علاج کے لئے رابطہ فرمائیں۔ **مطب العارف**

0300-4686217, 042-35410586

روحانی معالجین کے لئے منفرد پیشکش

چھپے چھپائے تعویذات، آیات شفاء کی پلیٹیں، یٰسین شریف کی پلیٹیں، خالی پلیٹیں، بخوردان، بخور، مشک نافہ، روحانی آبِ شفاء، عطر حفاظت، عرق گلاب، زعفران، روغنی کاغذ، عنبر، چینی کی پلیٹیں، بڑے اور چھوٹے سائز کی ہانڈیاں، پلاسٹک کی بوتلیں، بھوج پتر، ہرن کی جھلی، پیالے، عطر تسخیر، لوبان، لوبان کوریا اور عود و صندل کی اگربتیاں، تالے مختلف قسم کے دم شدہ روحانی تیل اور چراغ۔ عطر حاضری، ہرمل، گوگل، تمام پنساری آئٹم، زعفرانی تعویذات، روحانی سکونی تیل، روحانی روغنی بادام، روحانی سرسوں کا تیل، دم شدہ شہد، روحانی علاج لیکوریا، آلہ یکسوئی، روحانی پھکی، تعویذ (حفظ جان، خیر و برکت، بندش رشتہ، بغض و جدائی، خوشحالی، محبت زوجین، سہولت نکاح وغیرہ)، روحانی اگربتی (دافع جادو جنات، خیر و برکت، دفع نحوست وغیرہ)، فتح نامہ، کھلی اگربتی، اگربتیوں کی تمام ورائٹی نیز چلہ کشی کے دوران استعمال ہونے والی اشیاء تھوک و پرچون نرخوں پر حاصل کریں۔

تمام روحانی معالجین/عاملین ہول سیل ریٹ پر تمام روحانی اشیاء اعتماد سے منگوائیں

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272

Web: darulamal.org/ruhanishop

مکمل تفصیلات کیلئے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

لعنت اللہ علی الکاذبین ترجمہ: ''جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت''

صدق بیان کی تمام حدود کو ملحوظ رکھ کر یہ کہا جا سکتا ہے کہ نسخہ جوہر میتھی کی ایک ہی خوراک ان شاء اللہ ایک مرتبہ تو مریض دمہ کو بستر مرگ سے اٹھا دیتی ہے

جوہر میتھی الرجی، دمہ، مسلسل چھینکوں کا مکمل علاج

فوائد جوہر میتھی: جوہر میتھی: پھیپھڑوں کی کمزوری ختم کرتا ہے۔ جوہر میتھی: سانس کی نالیوں میں سوزش ختم کرتا ہے۔ جوہر میتھی: بلغم، کھانسی، دائمی نزلہ زکام کو ختم کرتا ہے۔ جوہر میتھی: مسلسل چھینکوں کا یقینی خاتمہ کرتا ہے۔ جوہر میتھی: دمے سے ہونے والی تمام تکالیف کو ختم کرتا ہے۔

جوہر میتھی جس کے متعلق حضور سرور کائنات ﷺ کا ارشاد ہے کہ اگر میری اُمت جان لے کہ میتھی کے اندر کیا فائدے ہیں تو وہ اِسے سونے کے عوض لینے سے گریز نہ کرے۔ دمہ سانس کی رکاوٹ کا ایک ایسا موذی مرض ہے جو کہ سالہا سال تک دور ہونے کا نام نہیں لیتا بلکہ ایک کہاوت ہے کہ دمہ دم کے ساتھ ہی جاتا ہے لیکن اس کہاوت کو جوہر میتھی نے غلط ثابت کر دیا۔

قیمت بمعہ ڈاک خرچ 1575 روپے

جوہر میتھی مریضوں کیلئے عطیہ خداوندی ہے۔

قائم شدہ:1950 رجسٹریشن نمبر:1195 شعبہ طب نبوی ﷺ دارالخدمت

جوہر میتھی بذریعہ ڈاک منگوانے کیلئے 24 گھنٹے ہیلپ لائن

0308-7575668, 0340-9674760

کیا مردے بھی زندہ ہو جاتے ہیں

مسز خورشید خان (پی ضلع نوشہرہ)

میرا تعلق ضلع نوشہرہ کے ایک شہر پبی سے ہے۔ میں ایک دینی مدرسہ جامعہ خدیجۃ الکبریٰ میں معلمہ ہوں۔ میرے خاوند بیرون ملک بسلسلہ روزگار مقیم ہیں۔ میں کافی عرصہ سے شدید بیمار رہتی تھی۔ میرا پورا وجود بیماریوں کا گھر تھا۔ ہر وقت بیمار رہنے اور بہت ساری بیماریاں لگ جانے کی وجہ سے مجھے یہ یقین ہی نہیں آتا تھا کہ میں بھی کبھی صحت مند ہو سکتی ہوں۔ ہر وقت دوائی اور روزانہ ڈاکٹروں کے پاس جا جا کر میں بہت ہی زیادہ پریشان رہنے لگی۔ میرے بیمار رہنے کی وجہ سے میرے خاوند اور میرے سب گھر والے بہت ہی تکلیف میں تھے۔ ادویات سے بالکل ہی فرق نہیں پڑ رہا تھا۔ میں ذہنی طور پر مکمل مایوس ہو چکی تھی۔

اسی مایوسی اور بے چینی کے عالم میں ہم نے دارالعمل چشتیہ والوں سے رابطہ کیا تو انہوں نے بتلایا کہ آپ پر شدید قسم کے جادو، جنات کے اثرات پائے جا رہے ہیں اور یہ اثرات کافی پرانے ہیں اور اثرات پرانے ہونے کی وجہ سے پورے جسم میں بیماریوں کی شکل اختیار کر گئے ہیں۔ لیکن آپ ہم سے علاج کروائیں، ان شاء اللہ آپ بالکل ٹھیک ہو جائیں گی۔ دارالعمل چشتیہ والے ہمارے گھر تشریف لائے۔ پورے گھر کی تشخیص کرنے کے بعد ہمیں روحانی علاج دیا۔ میں نے علاج شروع تو کر دیا لیکن ڈاکٹروں کی باتیں ہر وقت میرے ذہن اور خیالات میں رہنے کی وجہ سے میں یہ سمجھتی تھی کہ اب میں کبھی بھی ٹھیک نہیں ہو پاؤں گی۔ چونکہ ڈاکٹروں نے بتلایا تھا کہ میرے پیٹ میں انفکیشن بہت زیادہ ہے۔ معدہ اور آنتوں میں زخم ہیں۔ میری طبیعت ہر وقت نڈھال رہتی تھی۔ موت کا خوف ہر وقت دل و دماغ پر سوار رہنے لگا تھا۔ مدرسہ میں اسباق پڑھانے بھی چھوٹ گئے تھے۔

لیکن اب الحمدللہ میں بہت بہتر ہوں۔ طبیعت کافی حد تک ٹھیک ہو گئی ہے۔ روحانی علاج مسلسل کر رہی ہوں اور دن بدن میری صحت بہت اچھی ہوتی جا رہی ہے۔ اور اب مجھے یقین ہو گیا ہے کہ میں بالکل شفایاب ہو جاؤں گی۔ ان شاء اللہ۔

ایک دن میں اپنے ابو جان کے ساتھ جب ڈاکٹر کے پاس گئی تو ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ اب پیٹ والے زخم ٹھیک ہو گئے ہیں۔ پھر ڈاکٹر صاحب کی ایک بات نے مجھے بہت خوش کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے پہلی دفعہ دیکھا ہے کہ مردے بھی زندہ ہو جاتے ہیں۔ تو میں نے ان کو بتلایا کہ میرا علاج ''روحانی علاج گاہ، دارالعمل چشتیہ لاہور'' سے چل رہا ہے۔ میں دن رات صبح و شام دارالعمل چشتیہ والوں کے لیے دعائیں کرتی ہوں۔ میں اور میرے سب گھر والے دارالعمل چشتیہ سے بہت خوش ہیں اور ان کے لیے بہت زیادہ دعائیں کرتے ہیں۔ میری خزینۂ روحانیات کی وساطت سے اپنی تمام اسلامی ماؤں، بہنوں سے گزارش ہے کہ آپ دارالعمل چشتیہ والوں سے وابستہ ہو جائیں اور اپنی بیماری کے سلسلے میں ان لوگوں سے ضرور رابطہ اور مشورہ کریں۔ اللہ دارالعمل چشتیہ والوں کا فیض پوری دنیا میں عام فرمائیں۔ آمین

علم پھیلانے میں اپنا حصہ ڈالیں

اگر آپ کے پاس وظائف، عملیات، روحانیات، تصوف، اسلامی کتب (کوئی بھی موضوع ہو)، سماجی مسائل، طب و حکمت، ڈاکٹری، الٹرنیٹیو میڈیسن وغیرہ کی کتب/رسائل/تحریریں ہوں اور وہ آپ کے پاس اضافی ہوں یا استعمال میں نہ ہوں تو ادارے کو ارسال فرما کر علم پھیلانے میں اپنا حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجر عظیم عطا فرمائیں گے۔ سرکولیشن منیجر

darulamalchishtia@gmail.com
042-35410586, 0322-4773786
darulamal.org/maktabatulaarif

روحانی عرق گلاب (ڈراپر) قیمت: 50 روپے

نظر کی کمزوری کیلئے انتہائی فائدہ مند ہے ☆ آنکھوں سے گندی رطوبات کو ختم کرتا ہے ☆ آنکھوں کا بوجھل پن دور کرتا ہے ☆ آنکھوں کے غبار، جالا، میلا پن کو صاف کرتا ہے ☆ آنکھوں کی خارش، آنکھوں کی جلن کو دور کرتا ہے ☆ نظر کو زبردست طاقت دیتا ہے ☆ آنکھوں میں قدرتی چمک پیدا کرتا ہے

روحانی روغن بادام 4 قیمت: 300 روپے

☆ جادو/ جنات کی وجہ سے ثقل سماعت کو ٹھیک کرتا ہے ☆ دماغی کمزوری کو ختم کرتا ہے ☆ معدہ میں زخم اور سوزش میں مفید ہے ☆ شدید قبض کو ختم کرتا ہے ☆ خارش کو ختم کرتا ہے ☆ سر کی خشکی، خارش، بال گرنے، بالوں اور سر کے جملہ امراض کے لیے آزمودہ ہے ☆ ناک میں رہنے والی خارش کو ختم کرتا ہے

عربی، انڈین اور پھولوں کی خوشبوؤں والی اگربتیاں

صندل، شملۃ العنبر، عود، المسک، موتیا اور مختلف قسم کی سحر انگیز خوشبوؤں والی اگر بتیاں جن کا استعمال گھروں کو مہکانے اور وظائف وعملیات میں تاثیر پیدا کرنے کیلئے کثرت سے کرنا چاہئے۔ جس سے غیبی مخلوق آپ کی ہمنوا بن جاتی ہے۔

بخوردان

بخورات کو جلانے کیلئے الیکٹرک، کوئلے والے، فینسی، مختلف سائز کے لوکل، امپورٹڈ بخوردان جن کے استعمال سے گھر خوشبوؤں کا مرکز بن جاتا ہے اور سنت بھی زندہ ہو جاتی ہے۔ چلہ کشی کے دوران ان کا جلانا ازحد مفید ہے۔

بخورات

بخورات ٹکیوں، گولیوں، پیکنگ ٹن، CD Style، ڈبہ پیک، عود اور عربی بخورات کی زبردست ورائٹی کے لیے ایک بار ضرور تشریف لائیں۔ اپنے گھر اور دفتر کو معطر رکھنے کیلئے۔ چلہ کشی کے دوران ان کا جلانا ازحد مفید ہے۔

روغنی کاغذ

زعفران و کالی سیاہی سے تعویذات لکھنے کے لیے روغنی کاغذ وسفید کاغذ (100 روپے کلو) اور بٹر پیپر دستیاب ہے۔

لوح زحل ہدیہ: 3500 روپے

تسخیر سلطنت وفتوحات نامور، حکمت، قیام واستحکام مرتبہ، حصول برکت، دفع نحوست، تسلط برخلق، حصول جائیداد اور غلبہ برمخلوق کیلئے اس لوح کو اپنے پاس رکھیں اور اس کے روحانی کرشمات ملاحظہ فرمائیں۔

لوح مشتری ہدیہ: 3500 روپے

حصول مال ودولت اور مالی امور میں خوش بختی لانے کیلئے نہایت مجرب ہے۔ اس کے پہننے سے قدرت ایسے اسباب پیدا فرمائے گی جن سے چند سالوں میں زندگی بن جائے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

لوح مریخ ہدیہ: 3500 روپے

لوح شرف مریخ حصول قوت وشجاعت، دل کو قوی کرنا، غلبہ براعداء، دشمنوں کے شر سے تحفظ کیلئے مؤثر ترین اور مقدمات میں فتح یابی، میاں بیوی میں تفرقہ ختم کرنے میں کارآمد ہے۔ جس شخص کے پاس یہ لوح ہوگی اس کا مقابلہ کرنے والا ذلیل خوار ہوگا اور کبھی غلبہ نہ پاسکے گا۔

لوح شمس ہدیہ: 3500 روپے

عروج وترقی، تسخیر خلائق، حصول شان وشوکت، علومرتبت، رعب ودبدبہ کو قائم رکھنے، عوام الناس کو مسخر اور فرمانبردار کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔ تاجر، ڈاکٹر، لیڈر، وکلاء سب اس لوح مبارک سے فائدہ حاصل کرسکتے ہیں۔

زعفران

زعفران کو روحانی علاج میں خاص مقام حاصل۔ موکلات کو زعفران بہت پسند ہے، اس لئے زعفرانی سیاہی سے تیار شدہ اعمال پُرتاثیر ہوتے ہیں۔

اصلی ایرانی زعفران قیمت: 3400 روپے فی تولہ
1 گرام اور 3 گرام کی پیکنگ میں بھی دستیاب ہے۔

زعفران (Spain)
2 گرام: 1300 روپے

کھلی اگربتی

عاملین حضرات کے لئے خوشبوؤں والی کھلی اگربتی بہترین فی کلو کے حساب سے دستیاب ہے۔ قیمت فی کلو..... 300 روپے، آدھا کلو..... 175 روپے

روحانی دکان، دارالعمل چشتیہ، لاہور
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop
ruhanishop@gmail.com

محسن الملت، استاذ العاملین
سرپرست اعلیٰ ہاشمی روحانی مرکز دیوبند

حضرت مولانا **سید حسن الہاشمی** دامت برکاتہم العالی

ایڈیٹر ماہنامہ طلسماتی دنیا کی دیوبند (انڈیا)
کی اصل کتب کی فوٹوسٹیٹ دستیاب ہیں

1	علم الاسرار.....قیمت: 320	9	اعداد کی دنیا.....قیمت: 300	17	سورۃ فاتحہ کی عظمت وافادیت.....قیمت: 250		
2	اعداد بولتے ہیں.....قیمت: 400	10	اعمال ناسوتی.....قیمت: 215	18	سورۃ یٰسین کی عظمت وافادیت.....قیمت: 150		
3	تعلقات اعداد.....قیمت: 250	11	مجموعہ آیاتِ قرآنی.....قیمت: 190	19	سورۃ رحمن کی عظمت وافادیت.....قیمت: 270		
4	اعمال حزب البحر.....قیمت: 180	12	تحفۃ العاملین.....قیمت: 500	20	آیۃ الکرسی کی عظمت وافادیت.....قیمت: 160		
5	اسماء حسنیٰ کے ذریعے علاج.....قیمت: 900	13	علم الحروف.....قیمت: 340	21	سورۃ مزمل کی عظمت وافادیت.....قیمت: 240		
6	اعداد کا جادو.....قیمت: 250	14	کشکول عملیات.....قیمت: 500	22	جانوروں کے طبی اور روحانی فائدے.....قیمت: 240		
7	کرشمۂ اعداد.....قیمت: 215	15	پتھروں کی خصوصیات.....قیمت: 300	23	مشکلات کا روحانی حل.....قیمت: 250		
8	بچوں کے نام رکھنے کا فن.....قیمت: 370	16	بسم اللہ کی عظمت وافادیت.....قیمت: 240				

طلسماتی دنیا کے درج ذیل خاص نمبرز کی فوٹوسٹیٹ آج ہی حاصل کریں

جنات نمبر — قیمت: 500


شیطان نمبر — قیمت: 600


جادوٹونا نمبر — قیمت: 600


روحانی ڈاک نمبر — قیمت: 500


حاضرات نمبر — قیمت: 600


ہمزاد نمبر — قیمت: 600


امراض جسمانی نمبر — قیمت: 600


موکلات نمبر — قیمت: 600


عملیات محبت نمبر — قیمت: 600


روحانی مسائل نمبر — قیمت: 600


استخارہ نمبر — قیمت: 500


اعمال شر نمبر — قیمت: 600


درود وسلام نمبر — قیمت: 500


مجرب عملیات نمبر — قیمت: 600


علمِ جفر نمبر — قیمت: 500


دستِ غیب نمبر — قیمت: 600


امراض روحانی نمبر — قیمت: 600


رداعتراضات نمبر — قیمت: 500


خوفناک واقعات نمبر — قیمت: 500


عملیات اکابرین نمبر — قیمت: 600


بندش نمبر — قیمت: 700


خوشخبری ماہنامہ طلسماتی دنیا (انڈیا) کی سابقہ مکمل جلدیں (7,12,14,15,16,17) اور طلسماتی دنیا کے سابقہ شمارے دستیاب ہیں جو کہ شائقین علوم روحانیہ کے لئے ایک گرانقدر مخفی گنجینہ ہیں۔

رابطہ المکتبۃ العارف، دار العمل چشتیہ
042-35033371, 0322-4773786, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, info@darulamal.org

darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/naqad_ijazat/bandish_sartaj_amal.htm

عطر حفاظت

قیمت 150 روپے

آج کل جس طرح جادو، جنات اور شیاطین کے اثرات ہو رہے ہیں، اتنی تیزی سے پہلے کبھی نہ تھے۔ وجہ ہمارے گناہ اور ماحول کی خرابیاں ہیں۔ رحمت کے فرشتوں سے دوری، قرآن سے دوری، نیکیوں سے دوری، فرائض وواجبات میں غفلت۔ پھر پڑھنے میں اثر کیسے ہو؟ اس لئے ان باتوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے "عطر حفاظت" تیار کیا گیا ہے جس کو لگانے سے جنات، جادو، شیاطین، نظر بد، حاسد کے شر، ناگہانی آفات ومصائب، زمینی وآسمانی حادثات وغیرہ سے ان شاء اللہ حفاظت رہے گی۔ عاملین حضرات کے لئے خاص تحفہ ہے۔

خوشخبری نیا دم شدہ عطر حفاظت تیار ہو چکا ہے۔ آج ہی طلب فرمائیں۔ عاملین حضرات ہول سیل ریٹ پر حاصل کریں۔

روحانی دکان، دار العمل چشتیہ، لاہور

042-35410586, 0334-4312272

darulamal.org/ruhanishop

اس ماہ کی نئی کتب کی زبردست ورائٹی دستیاب ہے

۱ خواتین کے مسائل کا روحانی حل مصنف: ملازم حسین عام قیمت: 300 روپے
خواتین کے مسائل کا روحانی حل پہلے مارکیٹ میں 1500 روپے
(فوٹوسٹیٹ) sale ہو رہی تھی، اب صرف رعائتی قیمت 225 روپے میں حاصل کریں۔

۲ اصلی عملیات محبت اور شادی مصنف: محمد ندیم اسلم عام قیمت: 300 روپے
☆ کامیابی کا زینہ ☆ گیارہ دنوں میں محبوب قدموں میں ☆ ظالم کو مہربان کرنا
☆ میاں بیوی میں محبت کی زیادتی کیلئے ☆ عمل حب ☆ محبت کا حلوہ

۳ احکام البروج مصنف: مولانا عبدالجبار عام قیمت: 240 روپے

۴ قرآنی دعاؤں کا انسائیکلوپیڈیا عام قیمت: 340 روپے

۵ تسخیر جنات عام قیمت: 150 روپے

خوشخبری حضرت مولانا سید حسن الہاشمی (دیوبند انڈیا) کی 2 کتب چھپ کر منظر عام پر آگئی ہیں۔ آج ہی اپنا آڈر بک کروائیں۔

۶ علم الاسرار عام قیمت: 160 روپے ۷ تحفۃ العاملین عام قیمت: 250 روپے

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877

darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

کشائش رزق کے مجرب عملیات وتعویذات (نئی کتاب)

مصنف: روحانی وجسمانی معالج حکیم حافظ عبدالرؤف صاحب

عام قیمت: 300 روپے

رعایتی قیمت: 200 روپے رعایتی قیمت برائے ممبران: 180 روپے

دعا کی فضیلت۔ کاروبار کو بابرکت بلکہ عبادت بنایئے۔ روزی میں برکت وترقی کے اسباب کیلئے، تنگی ومفلسی کیلئے، ادائیگی قرض کیلئے، کشادہ تنگی معاش کیلئے، دست غیب کیلئے، دشمنوں پر فتح اور کئی مقاصد کیلئے، مقروض کیلئے، تنگدستی اور ظالم شوہر کے ظلم سے نجات کیلئے، حصول ملازمت کے لیے، ہمیشہ غنی رہنے کا عمل، کاروبار میں خسارے کے وقت کا عمل، فاقہ دور کرنے کا عمل، باغ میں خوب پھل لگے، فاقہ سے محفوظ رہنے کیلئے، مال ومتاع میں خیر وبرکت کیلئے، بے محنت حلال روزی ملنے کیلئے، اگر گھر میں پیسے گم ہو جاتے ہوں، برائے تجارت وترقی روزگار، دفیعہ افلاس، درخت پر پھل نہ لگتا ہو، اگر نوکری نہ ملتی ہو، سورہ مزمل کا عمل، رزق کی بندش کھولنا، بدبختی کے سبب مالی پریشانی آجائے، غنی ہونے کیلئے، یا باسط کا عمل، کسی سے حق وصول کرنا، دوکان میں برکت وچوری سے حفاظت کیلئے، تسخیر خلائق کا مجرب عمل، قرض ادا کرنے کی دعا، قرض سے تحفظ اور نجات کیلئے عملیات وتعویذات پر مشتمل ایک لاجواب کتاب

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877

darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

خوشخبری

اگربتی کی 3 نئی ورائٹیاں مارکیٹ میں آگئی ہیں۔ مسحور کن لاجواب خوشبو
۱) لوبان: Rs-75 ۲) حنا: Rs-75 ۳) صندل دلدار: Rs-50 (فی پیکٹ)
بخورات کی نئی رینج، نہایت اعلیٰ کوالٹی امپورٹڈ بخورات بہت مناسب قیمت
۱) بخور عود لوبان: Rs-300، ۲) بخور العروسہ: Rs-1000،
۳) صندل عود مع العطر: Rs-1000، ۴) بخور نبیل: Rs-1170،
۵) بخور عود مع نبیل: Rs-660، ۶) البخور الحبیب: Rs-200،
۷) راحتہ الطیبہ، راحتہ الامارات، راحتہ العود، راحتہ الفل، راحتہ الوردہ: Rs-250
تسبیحات کی مکمل ورائٹی ڈیزائن والی، سنگ مرمر کی، چمکیلی، موٹے دانے والی اور مختلف قسم کی اعلیٰ، میڈیم اور مناسب کوالٹی تسبیحات ہول سیل اور پرچون نرخوں پر حاصل کریں۔

عربی عطورات کی نئی ورائٹی فی تولہ ۱) صحرا العرب: 504 روپے
۲) ملتزم مکہ: 600 روپے ۳) مزیان: 625 روپے ۴) باب عمرہ: 600 روپے
۵) عود الحرمین: 530 روپے ۶) بریرہ: 360 روپے
۷) عود الشیوخ: 600 روپے ۸) وائٹ عود: 550 روپے

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272

Web: darulamal.org/ruhanishop

روحانی درسگاہ

میں روحانی حفاظت کے لیے سکھائے جانے والے اعمال

بغیر فیس والے اعمال

عوام ❶ آیت الکرسی ❷ معوذتین ❸ عمل حفاظت یا حافظ یا حفیظ ❹ حصار کا بنیادی عمل

خزینہ روحانیات کے ممبران ❶ حصار کا خاص عمل ❷ دعائے حزب البحر ❸ دعائے حزب النصر ❹ درود تنجینا ❺ منزل (پہلے درجہ کا عمل)

علمائے کرام ❶ دعائے حزب البحر ❷ دعائے حزب النصر ❸ درود تنجینا ❹ منزل (پہلے دو درجوں کے عمل) ❺ معوذتین کا خاص عمل ❻ عمل تہدیدی نامہ مبارک ❼ جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت کا خاص عمل ❽ آیت الکرسی کا خاص عمل

خواتین ❶ آیت الکرسی ❷ معوذتین ❸ عمل حفاظت یا حافظ یا حفیظ ❹ حصار کا بنیادی عمل

فیس والے اعمال

مزید کئی طرح کے روحانی حفاظت کے اعمال سکھائے جاتے ہیں

منزل 2100	حصارِ خاص 2100	حصارِ قرآنی کبیر 2100	سات سلام چہل کاف 5100
امنت باللہ کا عمل 6100	آیت الکرسی باموکل 8100	سورۃ مزمل باموکل 15000	سورۃ جن باموکل 15000

علم الدفاع کورس (بنیادی) 5000

علم الدفاع کورس (ماہر) 10000

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

ruhanidarsgah

+ruhanidarsgah97 darulamalchishtia

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور - پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772 (صبح 11 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ و اتوار)

darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com ruhanidarsgah.wordpress.com

ruhanidarsgah.blogspot.com ruhanidarsgah +92-322-7772772

حضرت سید احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ کے عملیات و وظائف

جمع و ترتیب: عبدالہادی اعظمی ندوی (شعبہ عربی علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ)

حضرت امیر المؤمنین سید احمد شہید کی ذات جامع کمالات ذات تھی، ایک روحانی پیشوا اور امام ہونے کی وجہ سے لوگ آپ سے اپنی حاجتیں اور پریشانیاں ذکر کر کے ان کا حل طلب کیا کرتے تھے، آپ کے شیخ حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ بھی اپنے اعزاء و اقارب و مریدین کو دعا و توجہ کے لیے سید صاحب کے پاس بھیجا کرتے تھے۔ وقائع سید احمد شہید نیز سید صاحب کی حیات پر لکھی گئی دیگر کتابوں میں ان کے بتائے ہوئے بہت سے روحانی عملیات و وظائف نظر سے گزرے، اسی طرح بعض عملیات کی کتابوں میں ان کی طرف جو اعمال منسوب ملے، ان ہی کو اس مضمون میں جمع کرنے کی کوشش کی ہے:

برائے زیارت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

(۱) مندرجہ ذیل درود شریف بدھ کی رات کو شروع کریں، اور جمعرات و جمعہ کی رات کو بھی پڑھیں، ہر روز ایک ہزار مرتبہ پڑھیں، نہ کم نہ زیادہ، پڑھتے وقت جگہ و لباس وغیرہ پاک ہو اور خوشبو کا استعمال کریں، باوضو پاک بستر پر سوئیں، ان شاء اللہ ان تین راتوں میں مطلب پورا ہوگا:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْبَرِیْ وَالْوَرِیْ وَالثَّرِیْ۔

آخرت کی فلاح کے واسطے

(۲) سَلٰمٌ قَوْلًا مِنْ رَبٍّ رَّحِیْم کی کثرت کریں۔

حسن خاتمہ کے لیے

(۳) روزانہ کثرت سے رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَبِمُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وسلم نَبِیًّا پڑھتے رہیں۔

شیطانی خیالات و وساوس کو دور کرنے کے لیے

(۴) اَعوذ باللہ من الشیطان الرجیم، لا حول ولا قوۃ اِلَّا باللہ العلی العظیم ایک سو گیارہ بار استحضار کے ساتھ پڑھیں۔

عبادات و طاعات کی طرف رغبت پیدا کرنے کے لیے

(۵) بسم اللہ الرحمن الرحیم، لا اِلٰہ اِلا اللہ محمد رسول اکتالیس مرتبہ پڑھیں۔

نماز میں آنے والے خیالات و وساوس سے حفاظت کے لیے

(۶) نماز سے پہلے گیارہ مرتبہ لا حول ولا قوۃ اِلَّا باللہ العلی العظیم پڑھیں، نماز سے فارغ ہونے کے بعد سات مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھیں۔

(۷) وضو کرنے کے بعد فرض نماز سے پہلے گیارہ بار لاحول ولا قوۃ اِلَّا باللہ العلی العظیم، ایک بار آیت الکرسی اور سات یا تین بار سورہ فاتحہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ، نماز میں ہر طرح کے غلط خیالات سے حفاظت ہوگی۔

نماز میں حضوری قلب کے لیے

(۸) ہر فرض نماز سے پہلے اکیس مرتبہ لاحول ولا قوۃ اِلَّا باللہ العلی العظیم، اَعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھیں اور نماز کے بعد ایک بار آیت الکرسی اور گیارہ بار سورہ فاتحہ پڑھیں، ان آیات کی برکت سے ان شاء اللہ نماز میں حضوری میسر ہو جائے گی۔

پڑھائی میں بچہ کا دل لگانے کے لیے

(۹) صبح کے وقت گیارہ بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔

رزق میں برکت کے وظائف

(۱۰) سوالاکھ مرتبہ سورہ مزمل پڑھیں، اس طور سے کہ پاک جگہ ہو اور پاک تن اور پاک لباس، اور کچھ خوشبو بھی سلگاتے رہیں، روز بعد نماز عشاء علیحدہ مکان میں گیارہ بار درود اور گیارہ بار سورہ فاتحہ پڑھیں، پھر جتنی مرتبہ سورہ مزمل پڑھی جا سکے پڑھیں، پھر آخر میں وہی گیارہ بار درود اور گیارہ بار سورہ فاتحہ پڑھیں، جب کچھ مدت میں سوالاکھ بار سورہ مزمل ہو جائے تو موقوف کر دیں۔ ان شاء اللہ اس قدر روزی کی فراخی ہو گی کہ اس کا بیان نہیں ہو سکتا۔(۱۰)

(۱۱) اکتالیس روز تک روزانہ گیارہ ہزار بار یا مُغْنِی اور گیارہ ہزار بار یا بَاسِطُ پڑھیں، اول و آخر سات سات بار درود اور سورہ فاتحہ پڑھیں، جگہ اور لباس کی پاکی کا خیال رکھتے ہوئے پڑھیں، کچھ خوشبو بھی سلگاتے رہیں، اکتالیس روز پڑھنے کے بعد موقوف کر دیں۔

(۱۲) روز گیارہ سو بار اَللّٰهُ الصَّمَد پڑھیں، اول و آخر درود شریف پڑھیں۔

(۱۳) روزہ گیارہ سو بار اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْن پڑھیں، اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔(۱۳)

(۱۴) بسم اللہ کا چلہ: ایک چلہ تک اول و آخر پانچ سو بار درود شریف، درمیان میں گیارہ سو بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں۔ ان شاء اللہ قرض سے نجات حاصل ہو گی اور خوشحالی کی زندگی بسر ہو گی۔

(۱۵) وسعت رزق کے لیے روزانہ گیارہ ہزار مرتبہ یا وَهَّابُ پڑھنا مجرب ہے۔

برائے ادائیگی قرض

(۱۶) روزانہ بعد نماز عشاء گیارہ سو بار یا یا وَهَّابُ پڑھیں، اول و آخر درود شریف۔ اگر زیادہ تاثیر مطلوب ہو تو روزانہ بعد نماز عشاء تین ہزار بار یا وَهَّابُ پڑھیں، اول و آخر درود شریف۔

(۱۷) اگر قرض زیادہ ہو تو روزانہ ایک سو گیارہ بار سورہ الم نشرح پڑھیں جب تک کہ قرض ادا نہ ہو جائے، شروع میں ستر مرتبہ أستغفر الله ربي من كل ذنب وأتوب إليه پڑھیں۔(۱۷)

ہر طرح کی دینی و دنیوی ترقی و کشائش رزق و مال و اولاد میں برکت کے لیے

(۱۸) ہر مہینہ پندرہ تاریخ تک آنے والی ہر جمعرات کو پاک جگہ پر، پاک و صاف لباس میں، خوشبو لگا کر، تین سو اسی (۳۸۰) مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھیں، اول و آخر ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ مندرجہ ذیل درود پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَآلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

دشمن کی دشمنی و لڑائی ختم کرنے اور آپس میں اتفاق پیدا کرنے کے لیے

(۱۹) تہجد کے وقت تین سو اکتالیس مرتبہ اَللّٰهُ الصَّمَد پڑھیں، اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ چالیس یا ساٹھ روز تک پڑھیں۔

برائے حفاظت از شر دشمنان و بدگویان

(۲۰) روزانہ بعد نماز فجر و بعد نماز مغرب گیارہ گیارہ بار سورہ قریش مع بسم اللہ پڑھیں۔ مجرب ہے۔

خطرہ کے موقع پر حفاظت کے لیے بھی ان آیات کا پڑھنا مجرب ہے۔

برائے حفاظت و رد سحر

(۲۱) روزانہ صبح و شام گیارہ مرتبہ سورہ قریش پڑھنے کے بعد لا حول ولا قوة إلا بالله العلي العظيم، أعوذ بالله من الشيطان الرجيم، بسم الله الرحمن الرحيم گیارہ گیارہ بار پڑھیں۔(۲۱)

برائے رد سحر

(۲۲) مندرجہ ذیل درود شریف کو اکیس مرتبہ پڑھنا رد سحر میں بہت مفید ہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْوَرٰى وَالْبَرٰى

وَالذّٰرِیٰ۔

برائے کثرت جمعیت وحصول امارت

(۲۳) شروع ماہ میں بدھ کے روز سے روزانہ ایک ہزار بار پڑھنا شروع کریں: لا إله إلا الله محمد رسول الله صلى الله عليه وسلم، شرط یہ ہے کہ ایک مرتبہ کی پوری پڑھائی ایک ہی نشست اور ایک ہی وضو میں ہو، نیز روزانہ ایک وقت مقرر کر کے پڑھیں اور روزانہ بیٹھنے کا انداز بھی ایک ہی ہو۔

برائے مسان دمرگی وچیچک


(۲۴) بسم الله الرحمن الرحيم، فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ بہت مفید ہے۔

ناف ٹل جائے تو

(۲۵) یہ نقش لکھ کر باندھ دیا جائے:



(۲۶) یہ نقش لکھ کر باندھ دیا جائے:




برائے تسخیر وکسی کو مہربان کرنے کے لیے

(۲۷) عروج ماہ میں جمعرات کے دن پاک لباس پہن کر اور خوشبو لگا کر گیارہ سو گیارہ بار یا لطيف يا رحيم يا ودود پڑھیں۔ مجرب ہے۔

تعویذ برائے حقیقہ

(۲۸) عقیمہ کے پیٹ پر یہ تعویذ لکھ کر باندھ دیا جائے:



جب بچہ پیدا ہو جائے تو یہی تعویذ بچہ کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ نیز بغیر بسم اللہ کے یہ تعویذ ہر مقصد میں مفید ہے۔

سمندر کے سفر میں حفاظت اور آرام کے لیے

(۲۹) روزانہ صبح سورۃ الزخرف کے پہلے رکوع کی تلاوت کی جائے۔

حضرت سید احمد شہیدؒ سمندری سفر کے دوران روزانہ صبح حزب البحر پڑھا کرتے تھے۔

حواشی

(۱) ملہمات احمدیہ از مفتی الٰہی بخش کاندھلوی، مطبع مفید عام-آگرہ، ۱۲۹۹ھ، ص ۴۲۔ (۲) وقائع سید احمد شہید، ناشر: سید احمد شہید اکیڈمی، لاہور، طبع اول ۲۰۰۷ء، ص ۶۵۳۔ وقائع سید احمد شہید سے ماخوذ عملیات کے ساتھ اس سے متعلق قصہ بھی مذکور ہے، ان قصوں کے لیے اصل کتاب کا مطالعہ کیا جائے۔ (۳) ملہمات احمدی، صفحہ ۴۲۔ (۴) ایضاً، صفحہ ۴۲۔ (۵) ایضاً، صفحہ ۴۲۔ (۶) ایضاً، صفحہ ۴۲۔ (۷) ایضاً، صفحہ ۴۳۔ (۸) ایضاً، صفحہ ۴۲۔ (۹) ایضاً، صفحہ ۴۲۔ (۱۰) وقائع سید احمد شہید، صفحہ ۱۲۹-۱۳۰۔ (۱۱) ایضاً، صفحہ ۱۳۰۔ (۱۲) ایضاً، صفحہ ۱۴۵-۱۴۶۔ (۱۳) ایضاً، صفحہ ۱۴۶، ۶۵۳۔ (۱۴) ایضاً، صفحہ ۱۷۱۔ (۱۵) ملہمات احمدیہ: ص ۴۲۔ (۱۶) ایضاً، صفحہ ۴۲۔ (۱۷) ایضاً، صفحہ ۴۲۔ (۱۸) ایضاً، صفحہ ۴۳-۴۴۔ (۱۹) وقائع: ص ۶۷۵۔ (۲۰) ملہمات احمدیہ: ص ۴۳۔ (۲۱) ایضاً، صفحہ ۴۲۔ (۲۲) ایضاً، صفحہ ۴۲۔ (۲۳) ایضاً، صفحہ ۴۲۔ (۲۴) ایضاً، صفحہ ۴۲۔ (۲۵) ایضاً، صفحہ ۴۲۔ (۲۶) بیاض محمدی از شیخ محمد تھانوی، کتب خانہ اعزازیہ، دیوبند، طبع ۱۹۹۹ء، صفحہ ۵۸۔ (۲۷) ملہمات احمدیہ: ص ۴۲۔ (۲۸) ایضاً، صفحہ ۴۳۔ (۲۹) وقائع: ص ۱۰۲۷۔ (۳۰) ایضاً، صفحہ ۱۰۲۹۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دارالعمل چشتیہ کے ارکان کا دورہ کراچی

مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

(نائب ناظم روحانی درسگاہ وعلاج گاہ)

دارالعمل چشتیہ کے شعبہ روحانی درسگاہ وشعبہ روحانی علاج گاہ سے رجوع کرنے والے افراد کی ایک کثیر تعداد کراچی سے تعلق رکھتی ہے۔ بیشتر افراد اس بات پر اصرار کرتے ہیں کہ آپ ہر ماہ کیلئے کراچی کا شیڈول ترتیب دیں لیکن یہ چیز ہمارے لیے ابھی فی الحال انتہائی ناممکن ہے۔ اصل وجہ یہ ہے کہ آپ حضرات سمیت ملک بھر سے کثیر تعداد میں عوام دارالعمل چشتیہ پر دلی اطمینان کا اظہار کرتے ہیں کیونکہ عوام فراڈی عاملوں، اشتہاری عاملوں اور جعلی عاملوں سے بیزار اور ان کی شرمناک حرکتوں سے خوب واقف ہو چکے ہیں۔ ہم عوام الناس کے اس بھرپور اعتماد پر جہاں عوام الناس کا شکریہ ادا کرتے ہیں اس کے ساتھ رب العزت کے حضور سربسجود اور اس ذات کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ جس نے ہمیں اپنی مخلوق کی خدمت کی توفیق اور اپنی مخلوق کا بے حد اعتماد نصیب فرمایا۔

اللّٰھم لك الحمد كله ولك الشكر كله۔

دارالعمل چشتیہ اور سیدی مرشدی حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کا فیض پاکستان کے کونے کونے سے لے کر الحمدللہ، ثم الحمدللہ، بیرون ممالک تک پہنچ رہا ہے۔ کثیر تعداد میں لوگ اپنی روحانی بیماریوں کے علاج اور روحانی علوم سیکھنے کیلئے رجوع فرما رہے ہیں۔ اس وجہ سے اگر بعض دوست احباب کو اس بات کا شکوہ ہے کہ رابطہ نہیں ہو پاتا، فون مصروف ملتے ہیں یا وہ تفصیلی بات نہیں کر پاتے تو اس سلسلے میں ہم آپ سے معذرت خواہ ہیں۔ چونکہ سارا دن فون کالز آتی رہتی ہیں اور بعض اوقات تو فون ایک منٹ کیلئے بھی خاموش نہیں رہتے۔

بہرحال، اس دفعہ سفر کراچی بہت خوب رہا۔ اکابرین سے ملاقاتیں، درگاہوں پر حاضریاں، روحانی علوم سیکھنے اور روحانی علاج کیلئے رابطہ کرنے والوں کے ساتھ نشستیں اور ان کے گھروں میں جا کر مکمل گھر اور افراد خانہ کو جادو، جنات سے نجات و چھٹکارا دلانے کیلئے لمبی طویل مختتوں میں 10 دن گزرنے کا احساس تک نہ ہوا۔

اکابرین میں مفتی اعظم پاکستان مفتی رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ، مفتی نعیم اشرف عثمانی صاحب، بزرگ روحانی پیشوا حضرت مولانا یعقوب صاحب، بابائے حاضرات قیصر احمد صاحب (بی۔اے) اور درگاہوں میں کراچی کی خاص درگاہ، درگاہ حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ، درگاہ حضرت حافظ محمد حسن صاحب المعروف بابا منگھوسرکارؒ، حضرت مفتی اعظم مفتی محمد شفیع صاحب، حضرت ڈاکٹر عبدالحئی عارفیؒ، حضرت مفتی رشید احمد لدھیانویؒ، حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی، حضرت مولانا شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ، حضرت مولانا شبیر احمد عثمانیؒ، حضرت ابوالحسن علی ندویؒ، حضرت شاہ احمد نورانی صدیقیؒ اور بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ اور دیگر مزارات پر حاضری کا اتفاق ہوا۔ اکثر درگاہوں پر بذریعہ کشف صاحب مزار بزرگوں سے ہم کلامی اور دعاؤں کی درخواست کا بھی شرف حاصل ہوا اور بعض درگاہوں پر باقاعدہ چلہ کشی کی سعادت بھی حاصل ہوئی۔ آخر میں جزیرہ سمندر منوڑہ جا کر 3 دن کی ریاضتِ خاص، جو سمندر کے پانی میں بیٹھ کر کرنی تھی اور جس کا خاص حکم سیدی مرشدی استاذ العاملین حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کی طرف سے تھا، وہ مرحلہ بھی بخیر وخوبی طے ہوا۔ بہت سارے کام جو حضرت استاد جی کی طرف سے ذمہ لگے تھے، وقت کی قلت کی وجہ سے نامکمل رہ گئے۔ اس سلسلے میں حضرت استاد جی سے معذرت خواہ ہوں۔ جو دوست احباب ملاقات سے محروم رہ گئے، جو روحانی مریض رجوع نہ کر سکے، وقت کی قلت کی بنا پر میں ان سب سے معذرت خواہ ہوں اور جن دوست واحباب نے روحانی علاج کے لیے رجوع فرمایا، استفادہ کیا، میں ان کے لئے اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دست بدعا ہوں کہ اللہ ان کو شفاء کاملہ نصیب فرمائے اور جن دوستوں نے روحانی علوم سیکھے، اللہ ان کو مخلوق خدا کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے اور بالخصوص میرے رفیق سفر مولانا محمد ممتاز صاحب، رکن مجلس شوریٰ دارالعمل چشتیہ، جو دن رات میرے ساتھ رہے۔ اگر ان کی خدمت اور رفاقت میں مجھ سے کوئی کوتاہی سرزد ہوئی تو میں ان سے بھی دل کی گہرائیوں سے معذرت خواہ ہوں۔

اُمنت باللہ کا خاص عمل

تعارف امنت باللہ کا عمل ایک خاص عمل ہے، جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بہت بڑی بڑی جماعتیں کام کرتی ہیں۔ ان جنات کا تعلق زیادہ تر مدارس سے ہے۔ کوئی حافظ ہے تو کوئی قاری۔ کوئی عالم ہے تو کوئی شیخ الحدیث۔ اسی لئے یہ جنات ایسے افراد کی معاونت زیادہ کرتے ہیں جن کا تعلق بھی مدارس سے ہوتا ہے یا پھر وہ دین سے جڑے ہوں اور دین کا کام کر رہے ہوں۔

اس عمل کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ عرب ممالک میں بہت اچھا کام کرتا ہے۔ پاکستان سے بیٹھے عرب ممالک کا کام ہو جیسے سعودی عرب میں کوئی مریض ہے تو صرف مریض کے لئے پڑھنے سے اس کا فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اس کے پیچھے جو بڑے جنات ہیں، ان کا پیچھے سے تعلق سعودی عرب کے بڑے جنات سے ہے۔ اور پاکستان میں ان کی ایک بڑی جیل ٹھٹھہ کی طرف ہے جہاں سرکش قسم کے جنات اور شیاطین کو قید کیا جاتا ہے۔

کل چھ درجوں کی زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ 6100 روپے میں پہلے تین درجوں کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔

اجازت کون لے؟ روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، علمائے کرام اور مفتیانِ عظام، دین سے جڑے افراد۔

اجازت لینے کے فائدے امنت باللہ کے پیچھے جو جنات ہیں، اجازت ملتے ہی، اجازت یافتہ کا نام ان کی فہرست میں لکھ دیا جاتا ہے، اس لئے عامل فوراً کام لینا شروع کر سکتا ہے۔ اس عمل سے ہر جائز کام لیا جا سکتا ہے، مختصراً چند درج ذیل ہیں: * ہر قسم کے جادو کا علاج * ہر طرح کی بندش سے نجات * ہر طرح کے جنات سے نجات * مسلط جن کو حاضر کرنا * جنات کو جلانا * جنات کو بوتل میں بند کرنا * جگہ سے جادو جنات نکالنا * روحانی تشخیص * محبت اور حاضری مطلوب * زبان بندی اور جدائی * مختلف بیماریوں کا علاج * تسخیر و شادی کے لئے * ہر جائز مقصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

چوتھے درجے کی فیس 1100 روپے، پانچویں کی فیس 2100 روپے اور چھٹے درجے کی فیس 3100 روپے ہے۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا پہلے سے فنِ عملیات سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ بالغ مرد اور عورت اجازت لے سکتے ہیں۔ جتنا دیندار ہوگا، اتنا زیادہ فائدہ ہوگا۔

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ہدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ہدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔ **نقد ہدیہ مع اعمال کی کاپی -/6100 روپے، علاوہ ڈاک خرچ/کوریئر چارجز**

جنات کی جماعت اجازت لینے سے صرف اس عمل کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی چاہتا ہے کہ مجھے جنات کی جماعت ملے اور خاص میرے لئے ہو تو اس کے لئے چلّہ کرنا شرط ہے۔ چلہ کی کامیابی پر مسلمان مردوں اور عورتوں پر مشتمل جماعت حاصل ہوتی ہے جو عامل کے ہر جائز کام میں غیبی معاونت کرتی ہے۔ اگر عامل کی نظر کھلی ہو تو وہ آمنے سامنے بات چیت کر سکتا ہے۔ ورنہ کسی بھی ایسے بچے، مرد یا عورت کے ذریعے آمنے سامنے بات چیت کر سکتا ہے، جس کی نظر کھلی ہو۔ چلہ بہت آسان ہے۔ کوئی پرہیز نہیں۔ نہ ہی کسی قسم کا ڈر اور خوف اور نہ ہی رجعت ہوتی ہے۔

رابطہ روحانی درسگاہ (فون دفتر) 042-35410586 (موبائل دفتر) 0343-7772772 مولانا محمد عرفان 0345-4661681
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah.blogspot.com, ruhanidarsgah@gmail.com

شناخت

قسط ۱

عنایت حسین چشتی

وہ حجرے میں داخل ہوا تو میں نے اسے بطور خاص بہت غور سے دیکھا، کھوسو قبیلے کا ایک سردار ہونے کیوجہ سے اس کی شہرت دور دور تک تھی، ہزاروں ارادت مند اس کے ایک اشارے پر جان دینے کو آمادہ رہتے تھے، دوسرے سردار اور وڈیروں کے مقابلے میں وہ زیادہ رحم دل اور اچھی شہرت کا مالک تھا، اندر کا حال خدا ہی بہتر جانتا تھا، اس کا نام قلندر خان کھوسو تھا، مشہور سردار کھوسو ہی تھا۔

اس نے اپنے علاقے کا روایتی لباس پہن رکھا تھا، چوڑے گھیر کی سفید، اجلی اجلی شلوار قمیض، اوپر سے ایک قیمتی اجرک اوڑھ رکھی تھی، سر پر سرخ اور سیاہ رنگ کے شیشوں کی باریک کام والی قیمتی ٹوپی سجا رکھی تھی، وہ درمیانہ قد اور دہرے جسم کا مالک تھا، بڑی بڑی مونچھوں اور بھری بھری داڑھی نے اس کی شخصیت کو بارعب بنا رکھا تھا، چہرے کے نقوش اور سرخ و سپید رنگت کی وجہ سے اسے خوب رو بھی کہا جاسکتا تھا، بڑی بڑی روشن سیاہ آنکھیں اس کی شخصیت میں چار چاند لگا رہی تھیں۔ اس کی عمر چالیس بیالیس کے درمیان ہوگی مگر وہ صحت مند ہونے اور رکھ رکھاؤ، کے باعث اپنی عمر سے کم نظر آرہا تھا۔

حجرے میں داخل ہونے کے بعد اس نے کسی سردار ہی کے انداز میں مجھے دیکھا لیکن پھر فوراً ہی بڑے ادب سے سلام کر کے جوتے اتارے اور چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا میرے قریب آیا۔ میرے گھٹنوں کو ہاتھ لگایا پھر الٹی پالتی مار کر سامنے بیٹھ گیا۔ میری نظریں بدستور اس کے سراپا کا حاطہ کر رہی تھیں۔

تین روز قبل اس کا ایک آدمی مجھے ساتھ لے جانے کی خاطر آیا تھا، وہ شاید درویشوں کے مزاج اور اطوار سے ناواقف تھا، اس لئے اس میں اکھڑ پن تھا، حجرے میں آنے کے بعد اس نے کچھ تحکمانہ انداز میں یہی کہا تھا، ''میاں سائیں۔۔۔ آپ کو سردار نے یاد کیا ہے۔ میں سواری لایا ہوں، کل صبح آپ کو میرے ساتھ چلنا ہوگا۔''

اس کے عقب میں سکندر علی کھڑا اپنی بے بسی کا اظہار کر رہا تھا، غالباً وہ اس مسلح شخص سے خائف تھا۔ اس کے چہرے پر بائیں جانب گہرے زخم کا ایک نشان بھی اس بات کی غمازی کر رہا تھا کہ وہ صرف اپنے سردار کا علم ماننے کا عادی ہے خواہ اس کے لئے سیکڑوں زخم کیوں نہ برداشت کرنے پڑیں۔

''تمہارے سردار کا نام کیا ہے؟''

''قلندر خان کھوسہ.....'' وہ اپنی مونچھوں پر تاؤ دے کر بولا۔

''مجھے کس لیے یاد کیا ہے؟'' میں نے سنجیدگی سے دریافت کیا۔

''اس کا پتا آپ کو ادھر ہی چل کر پڑے گا، ہم کو صرف یہی حکم ملا ہے کہ آپ کو ساتھ لے آؤں۔'' اس کا لہجہ بدستور سپاٹ تھا۔

''میں صرف بہت ہی خاص خاص مواقع پر کہیں جاتا ہوں ورنہ ضرورت مند یہیں آجاتے ہیں''۔ میں نے اسے سمجھانے کی کوشش کی۔ ''تم اپنے سردار کو لے آؤ، ضرورت محسوس ہوئی تو میں اس کے ساتھ.....''

''میاں سائیں!'' اس کے لہجے میں تلخی پیدا ہوگئی۔ ''ہم سردار کی جوتیوں کی خاک ہیں۔ اس کا حکم ماننے کی خاطر ہم اپنی جان کی بھی پروا نہیں کرتے''۔

''لیکن.....''

''سردار کوئی انکار نہیں سنتا۔'' اس نے دوبارہ میرا جملہ کاٹا تو میں سنبھل کر بیٹھ گیا۔

''کیا تم مجھے زبردستی اپنے ساتھ لے چلو گے؟'' میں نے اسے قدرے بدلی ہوئی نگاہوں سے دیکھا۔

''میاں سائیں۔'' اس نے جھلاہٹ میں ہاتھ جوڑ کر کہا۔ ''آپ ہم کو مجبور نہ کرو''۔

سکندر علی دم بخود کھڑا تھا۔ نووارد کے تیور بتا رہے تھے کہ اس نے

جوارادہ کرلیا ہے اس سے پیچھے ہٹنے کی کوشش نہیں کرے گا، یہ پہلا اتفاق تھا جب مجھے کسی ایسی ناگفتہ بہ صورت حال سے دوچار ہونا پڑا تھا، میرے اندر ایک ابال سا آیا مگر میں نے خود سنبھال لیا، اللہ کی مشیت پر قانع سب کچھ اس پر چھوڑ دیتے ہیں۔

یہ نکتہ ذہن میں ابھرتے ہی میں نے اپنے چٹختے ہوئے اعصاب کو قابو کیا اور صبر وتحمل سے بولا۔ ''میرے عزیز! گستاخی کے مرتکب ہورہے ہو، کیا تم یہ بات پسند کروگے کہ میں تمہارے ساتھ مجبوراً چلوں اور تمہارے سردار سے تمہارے نازیبا گفتگو اور بے ادبی کی شکایت کروں؟''

میرے جملے کا خاطر خواہ اثر ہوا، وہ تذبذب کی کیفیت سے دوچار نظر آنے لگا، ایک لمحے کی خاموشی کے بعد بولا۔ ''ٹھیک ہے میاں سائیں! میں خالی ہاتھ واپس لوٹ جاتا ہوں پر ایک بات کا خیال رکھنا۔ سردار کو تمہارا انکار پسند نہیں آئے گا''۔

وہ خلاف توقع تلملا کر حجرے سے باہر نکل گیا تھا اور پھر تین روز بعد خود قلندر خان کھوسو میرے روبرو موجود تھا، چند لمحے ہم ایک دوسرے کو نگاہوں، نگاہوں میں ٹٹولتے رہے پھر گفتگو کی ابتدا دوسری جانب سے ہوئی۔

''پیر سائیں .....'' ہاتھ جوڑ کر سنجیدگی سے کہا۔ ''سب سے پہلے میں آپ سے معافی چاہتا ہوں''۔

''کس بات کی؟''

''میرے آدمی نے جو آپ کے ساتھ بے ادبی کی تھی، میں نے اسے خوب ڈانٹا پھٹکارا ہے.....''

''برا کیا .....'' میں نے کہا۔ ''غلطی اس غریب کی نہیں تھی، وہ شاید صرف حکم بجالانے کا عادی ہے۔''

''بجا فرمایا پیر سائیں!'' اس نے ادب سے کہا۔۔

''میں تمہارے کس کام آسکتا ہوں؟'' میں نے اصل مقصد کی جانب آتے ہوئے دریافت کیا۔

''میں ایک مصیبت میں گرفتار ہوں پیر سائیں .....'' وہ تھوڑے توقف سے بولا۔ ''چار سال سے کسی کم ذات نے مجھے پریشان کررکھا ہے''۔

''پریشانی کیا ہے؟'' میں نے اس کے چہرے پر نظر جمائے سوال کیا۔

''میں شادی شدہ ہوں،'' قلندر خان نے کہنا شروع کیا۔ ''چار سال پہلے میرے بچے کی خوشی ہوئی تھی لیکن سال پورا ہونے سے پہلے پہلے وہ خدا کو پیارا ہوگیا۔ مرنا جینا مقدر کی بات ہے، اوپر والا جب چاہے اپنی امانت واپس لے سکتا ہے اس لئے میں نے بھی صبر وشکر کرلیا لیکن چار سال کے عرصے میں میرے تین بچے فوت ہوچکے ہیں، وہ ایک سال کی مدت پوری نہیں کرسکے۔''

''چار سال میں تین بچے! میں نے حیرت کا اظہار کیا۔

''میری دو بیویاں ہیں پیر سائیں!'' وہ پہلو بدل کر بولا۔ ''لوگوں کا خیال ہے کہ میرے کسی دشمن نے میرے خلاف کوئی کالا جادو کروادیا ہے''۔

''کیا تم اس ضمن میں کسی بزرگ سے مل چکے ہو؟'' میں نے اپنی معلومات کی خاطر دریافت کیا۔

''جی ہاں .....'' وہ کسمسا کر بولا ''دو تین جگہ قسمت آزما چکا ہوں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔''

''کیا بچوں کی موت کسی خاص عمر تک پہنچنے کے بعد واقع ہوئی ہے؟''

''جی ہاں .....'' اسے نے سوچ کر جواب دیا، ''دس اور گیارہ مہینے کے اندر اندر وہ تینوں فوت ہوگئے تھے۔''

''کیا تمہیں کسی پر شبہ ہے؟'' میں نے پوچھا۔

''جی نہیں؟ لیکن جہاں ہزاروں دوست ہوتے ہیں، ممکن ہے کسی دشمن نے کسی وجہ سے مجھے پریشان کررکھا ہو؟''

''کیا اس دشمنی کی وجہ تمہارے علم میں نہیں ہے؟''

''جی نہیں''۔

''تم نے جن بزرگوں اور پیروں سے رابطہ کیا تھا ان کا کیا کہنا تھا؟''

''گستاخی معاف پیر سائیں!'' اس نے دوبارہ ہاتھ باندھ کر کہا ''میں نے جن لوگوں کی چوکھٹ پر حاضری دی تھی ان میں سے صرف ایک ہی سچا

معلوم ہوتا ہے.....اس نے کہا تھا کہ کسی نے مجھے کالے جادو سے باندھ دیا ہے، اس غریب نے میری خاطر بڑی کوششیں بھی کی تھیں لیکن پھر بھی وہ کامیاب نہیں ہوسکا''۔

''ناکامی کا سبب کیا بتایا تھا؟''

''غیب کا حال اوپر والا ہی جانتا ہے لیکن اس نے کہا تھا کہ جو شخص اس عمل کو توڑ کرنے کی کوشش کرے گا وہ خود بھی مرجائے گا؟''

میں نے فوری طور پر کوئی جواب نہیں دیا۔ قلندر خان کھوسو نے جس بزرگ یا پیر کے حوالے سے جو بات کہی تھی وہ سچ بھی ہوسکتی تھی۔ میں اپنے پڑھنے والوں کو کئی مواقع پر بتا چکا ہوں کہ جادو برحق ہے لیکن اس کو کرنے والا کافر ہے، جادو ٹونے کے بھی ہزاروں طریقے ہوتے ہیں لیکن خاص طور پر سفلی کا لاعمل انتہائی خطرناک اور جان لیوا ہوتا ہے، یہ عمل زیادہ تر نجس قسم کے غیر مسلم اور بھنگی قسم کے لوگ کرتے ہیں۔ اس عمل کے ذریعے دشمن کو اس طرح باندھ دیا جاتا ہے کہ وہ ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرتا ہے یا کسی عذاب میں مرتے دم تک مبتلا رہتا ہے اور ایسے عمل کا توڑ کرنا ہر کس وناکس کے بس کی بات نہیں ہوتی، توڑ کرنے والے کی ایک معمولی سی غلطی خود اس کی ہلاکت کا سبب بن جاتی ہے، دوسری شکل میں وہ گندہ عمل اسی شخص کی سمت واپس لوٹ جاتا ہے جس نے اسے کیا ہو، بہرحال دونوں صورتوں میں کسی ایک کی جان جاتی تقریباً یقینی ہوتی ہے۔

بہرحال، قلندر خان کی بات سننے کے بعد میں نے آنکھیں بند کرلیں، کچھ دیر تک مراقبے کی حالت سے دوچار ہوا پھر میں نے دریافت کیا، ''قلندر خان.....''تم جس مکان میں رہتے ہو وہاں صحن میں کوئی پرانا درخت بھی موجود ہے؟''۔

''جی، پیر سائیں!'' وہ تیزی سے بولا۔ ''برگد کا ایک درخت ہے''۔

''صحن کچا ہے یا پکا؟''

''کچا ہے پیر سائیں!'' وہ مجھے پرامید نظروں سے دیکھتے ہوئے بولا۔ ''برگد کے درخت کے علاوہ میں نے دیواروں کے ساتھ پھلواری لگا رکھی ہے لیکن آپ حکم دیں تو صحن پکا کرادوں''۔

''میں.....فی الحال اس کی ضرورت نہیں ہے.....''

''آپ سے ایک بات اور عرض کرنی ہے'' اس نے پریشان کن لہجے میں کہا۔ ''میری بڑی بیوی کا پاؤں پھر بھاری ہے لیکن وہ اپنے ایک بچے کی موت کی وجہ سے بہت پریشان ہے۔ نہ کچھ کھاتی ہے نہ پیتی ہے۔ ہر وقت غم سے دوچار رہتی ہے۔ آپ کوئی ایسا تعویذ دے دیں کہ اس کی تسلی ہو جائے۔''

''اس سے پہلے میں تمہارے ساتھ چل کر تمہارے مکان دیکھنا پسند کروں گا۔'' میں نے مراقبے کے دوران نظر آنے والی علامتوں کے پیش نظر جواب دیا۔

اس کا چہرہ کھل گیا۔ اس نے کہا۔ ''یہ آپ کا بڑا ہی کرم ہوگا پیر سائیں۔ اب آپ ہی میری مدد کردیں۔''

''بری بات ہے میرے عزیز۔'' میں نے اسے ٹوکا ''مدد کرنا صرف اس کے اختیار کی بات ہے۔ بندہ خاکی تو صرف سجدہ ریز ہوکر اس کے حضور میں گڑگڑا سکتا ہے، دعا کا قبول کرنا یا نہ کرنا اس کی مرضی پر منحصر ہے لیکن اب بات پر یقین ہے، اس کی مصلحتوں کو اس کے سوا کوئی اور نہیں جان سکتا اور یہ بھی صداقت ہے کہ وہ جو کچھ کرتا ہے اس میں انسان کی کوئی نہ کوئی بھلائی ضرور ہوتی ہے جسے انسان سمجھنے سے قاصر ہوتا ہے.....''

''پھر.....آپ کب تشریف لے چلیں گے؟'' اس نے بڑے ادب سے پوچھا۔

''تمہارا قیام کہاں ہے؟''

''یہیں حیدرآباد میں ہوں، آپ جب حکم دیں حاضر ہوجاؤں۔''

''دو روز بعد مجھ سے ملنا، اس عرصے میں، میں کچھ اور بھی غور کرنا چاہتا ہوں''۔

''پیر سائیں.....میری مشکل آسان تو ہوجائے گی؟''

''مشکل کشا اس کی ذات ہے، میں حتیٰ الامکان کوشش کروں گا۔''

اوقات: شام 4 بجے تا 8 بجے (جمعہ و اتوار کو فون نہ کریں)

ساحروں اور دشمن پر ان کا جادو واپس پلٹنا سیکھیں

جب سحر مسلسل کا معاملہ ہو تو مریض علاج کرواتا رہتا ہے اور دشمن وار کرتا رہتا ہے اس طرح مریض کی حالت مکمل ٹھیک نہیں ہو پاتی۔ ایسی صورت میں دشمنوں کے اعمال ان پر واپس کر دینا ایک مجرب طریقہ ہے۔ اس پر مستقل عمل کرنے سے مریض کی سحر سے جان چھوٹ جاتی ہے اور آئندہ بہت حد تک حفاظت بھی رہتی ہے۔ شرعاً جادو کا پلٹنا جائز ہے۔

کورس کی مدت 3 ماہ ہے

واپسی سحر کورس

فیس 5000 روپے ہے

اس کورس میں ایسے عملیات سکھائے جاتے ہیں جن کی مدد سے ساحروں اور دشمنوں پر ان کے کئے ہوئے اعمال واپس پلٹے جاتے ہیں۔ یہ کورس صرف عاملین کے لئے ہے۔ عام آدمی یا غیر عامل اگر واپسی کے اعمال کسی ساحر یا جادوگر پر کرے گا تو اس کا شدید نقصان دیکھنے میں آیا ہے۔

وقت کی کمی کے باعث جو افراد چلّہ نہیں کر سکتے، وہ نقد صدقہ -/10000 دے کر مختلف واپسی سحر کورس کے اعمال کی اجازت حاصل کر سکتے ہیں۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

darulamal.org/library دارالعمل چشتیہ کی لائبریری کی تفصیل

شناخت (قسط۲)

عنایت حسین چشتی

جس دن قلندر خان کھوسو میرے پاس آیا تھا وہ بدھ تھا، جمعرات اور جمعے والی درمیانی شب کو میں نے حسب عادت قلندر خان کے حالات کے سلسلے میں استخارہ لیا۔ استخارے کے دوران بھی مجھے ایک پرانا گھنا درخت نظر آیا جس پر بے شمار گدھ منڈلا رہے تھے۔ بہر حال استخارے کے دوران مجھے ایک اشارہ اور بھی ملا جو میری سمجھ میں نہیں آسکا، وہ روئی کے گالوں کی طرح سفید بالوں کا گچھا تھا جو کسی عمارت کے اوپر پوری شدت سے منڈلا رہا تھا، گدھ عام طور پر نحوست کی علامت سمجھا جاتا ہے لیکن سفید بالوں کا الجھا ہوا گچھا میرے لئے نا قابل فہم ہی تھا۔ میں نے دوسرے روز بھی استخارہ لیا۔ اس روز بھی وہی چیزیں نظر آئیں جو پہلے آچکی تھیں اور میں کسی آخری نتیجے پر نہیں پہنچ سکا۔

سنیچر کی صبح قلندر خان مجھے لینے آگیا۔ میں نے حجرے سے رخصت ہونے سے قبل وہاں ایک تختی آویزاں کرادی تھی کہ دو روز کے لئے باہر جارہا ہوں..... سکندر علی کو میں نے خاص طور پر اپنے ہمراہ لے لیا تھا، اس لئے کہ وہ میری ہر ضرورت کا خیال رکھتا تھا۔

قلندر خان کی حویلی خاصی بڑی تھی، میں شام کے جھٹ پٹے کے وقت وہاں پہنچا تھا، اس لئے میں نے آرام کیا۔ دوسری صبح ناشتے کے بعد میں نے قلندر خان کے ساتھ حویلی کے اندر جا کر اس کے صحن کو دیکھا۔ صحن بھی خاصا بڑا تھا، اس کے مشرقی گوشے میں برگد کا تقریباً پچاس ساٹھ سال پرانا ایک درخت موجود تھا، درخت کے ساتھ ہی ایک کنواں تھا جو بند کر دیا گیا تھا۔

میں کچھ دیر کسی سراغ رساں کی طرح ماحول کا جائزہ لیتا رہا پھر میں نے قلندر خان سے دریافت کیا۔

''اس کنویں کو کب بند کیا گیا؟''

''بہت پرانی بات ہے پیر سائیں۔'' وہ بولا۔ ''اس کا پانی ختم ہو گیا تھا اور ہمیں اس کی ضرورت بھی نہیں تھی اس لئے بند کرا دیا گیا تھا؟''

''کیا تمہاری صرف دو بیویاں ہیں؟'' میں نے دبی زبان میں سوال کیا۔

''جی ہاں۔'' اس نے کچھ توقف سے جواب دیا۔ فی الحال میرے نکاح میں دو ہی ہیں''۔

''فی الحال سے تمہاری کیا مراد ہے؟'' میں نے وضاحت چاہی، مجھے علم تھا کہ وڈیرے اور سردار قسم کے مقامی لوگ ایک ایک وقت میں کئی کئی عورتیں رکھتے تھے جن میں سے کچھ کے ساتھ باقاعدہ نکاح ہوتا تھا اور کچھ کو بطور یرغمال مختلف مد میں تحویل میں لے لیا جاتا تھا۔

''میں اس سے پہلے بھی تین شادیاں کر چکا ہوں؟'' قلندر خان نے صاف گوئی کا مظاہرہ کیا۔

''ان تینوں کا کیا بنا؟''

''ایک مر گئی تھی اور دو کو میں نے طلاق دے دی تھی۔''

''ان کے علاوہ کیا کچھ اور عورتیں بھی تمہارے تصرف میں رہ چکی ہیں؟'' میں نے رازدارانہ انداز میں پوچھا کہ سکندر علی نہ سن سکے۔

قلندر خان میرے سوال پر کسمسا کر رہ گیا۔ اس کی خاموشی نیم رضا مندی کے مترادف تھی۔ وہ خاموش رہا تو میں نے بھی اصرار نہیں کیا۔ بات کا رخ بدل کر بولا۔ ''کیا میں تمہاری بڑی بیگم سے کچھ سوال کر سکتا ہوں؟''

''حرج تو کوئی نہیں پیر سائیں لیکن ہم اپنی عورتوں کو کسی اور سے بات چیت کی اجازت نہیں دیتے۔'' اس نے کسی قدر تذبذب سے کہا۔

''اچھی بات ہے۔'' میں نے اس کا مفہوم سمجھتے ہوئے بات بنا دی۔ ''عورت کا کسی نامحرم کے سامنے آنا یا اس سے بات کرنا مناسب بھی نہیں ہے۔''

''آپ اس غریب کے لئے کوئی تعویذ لکھ دیں تو میں آپ کا احسان کبھی فراموش نہیں کروں گا۔''

قلندر خان نے عاجزی سے کہا۔

دو روز اور رک جاؤ میرے عزیز..... ہوسکتا ہے کہ میں اس عرصے میں خدا کی مرضی سے کوئی اور صورت تلاش کرنے میں کامیاب ہو جاؤں۔ میں نے اسے تسلی دی۔

دوپہر کے کھانے کے بعد میں قیلولہ کرنے کی خاطر لیٹا تو سکندر علی نے میرے پیر دبانے شروع کر دیئے۔ میں قلندر خان کے بارے میں غور کر رہا تھا، سفید بالوں کا گچھا اس وقت بھی میرے ذہن میں الجھ رہا تھا جب سکندر علی نے دبی زبان میں کہا۔ ''میاں جی'' آپ نے کیا اندازہ لگایا ہے، قلندر خان کے بارے میں؟''

''کیا مطلب؟''

''میرا خیال ہے کہ قلندر خان یہ سب کچھ دنیا دکھاوے کو کر رہا ہے۔'' سکندر علی نے جواب دیا۔

''تم نے کیسے سوچ لیا؟'' میں نے اسے وضاحت طلب نظروں سے گھورا۔

''مجھے اس کے ایک پرانے ملازم نے بتایا ہے''۔

''کیا؟''

''تینوں مرنے والی بچیاں تھیں۔'' سکندر علی نے ادھر ادھر دیکھ کر کہا۔

''اس کا خیال ہے کہ خود قلندر خان نے ان تینوں لڑکیوں کو پروان چڑھنے سے پیشتر ہی ختم کرا دیا اور اب لوگوں کو وہم میں مبتلا کرنے کی خاطر الٹے سیدھے تماشے کر رہا ہے۔''

''لیکن لڑکیوں کی موت سے اسے کیا حاصل ہوسکتا ہے؟''

''یہ تو وہی بتا سکے گا لیکن کہنے والے نے بتایا ہے کہ قلندر خان بچیوں کو پسند نہیں کرتا۔ اس سے پہلے بھی اس نے جو تین بیویوں کو نمٹایا ہے۔ ان کے ساتھ بھی قدرت نے یہی کیا تھا۔ میرا مطلب ہے کہ جن دو بیویوں کو طلاق دی اور ان کے گھر بھی بچیاں پیدا ہوئی تھیں لیکن مردہ حالت میں۔ تیسری غریب ولادت ہونے سے پیشتر ہی اللہ کو پیاری ہوگئی تھی..... ہوسکتا ہے کہ مردہ بچیوں کی پیدائش کے اندر بھی اسی کا شیطانی ہاتھ شامل ہو ورنہ ایک ہی اتفاق پانچ بار تو نہیں ہوسکتا۔ سکندر علی نے گفتگو جاری رکھتے ہوئے کہا۔'' ملازم کا کہنا ہے کہ ایک بیوی جسے طلاق دی گئی تھی، بڑی ہی نیک اور خدا ترس تھی، سب کا خیال رکھتی تھی، بلا کی حسین تھی، اس لئے قلندر خان اسے بہت چاہتا تھا لیکن اسے یہ بات پسند نہیں تھی کہ وہ غریب ملازموں کو منہ لگائے یا ان کے دکھ درد بانٹنے کی کوشش کرے۔ ولادت سے ایک مہینے پیشتر ہی دونوں کے درمیان ہونے والے بچے کے سلسلے میں کھینچا تانی شروع ہوگئی تھی، قلندر خان نے اس سے کہا تھا کہ اسے بیٹا چاہئے اور اس غریب نے یہی جواب دیا تھا کہ جو بات خدا کے اختیار میں ہے اس کے سلسلے میں وہ کیا کر سکتی ہے۔ ملازم کا خیال ہے کہ اس کے ہاں جنم لینے والی لڑکی زندہ تھی لیکن قلندر خان نے لیڈی ڈاکٹر سے مل کر اسے بھی ٹھکانے لگوا دیا۔ پرانے زمانے میں بھی یہی ہوا کرتا تھا کہ لڑکیوں کو زندہ درگور کرا دیا جاتا تھا.....''

''وہ جہالت کا زمانہ تھا۔'' میں نے کہا۔

''اب بھی جاہلوں کی تعداد پڑھے لکھے لوگوں سے زیادہ ہے اور پھر ہمارے ہاں دین سے دوری بھی ہے۔'' سکندر علی نے مدبرانہ جواب دیا۔

سکندر علی نے غلط نہیں کہا تھا۔ اس کی فراہم کردہ معلومات میرے لئے قابل نظر انداز نہیں تھیں، اس لئے کہ قلندر خان کے دو بچے جو حیات تھے وہ دونوں لڑکے تھے چنانچہ شام کو جب وہ مجھ سے ملنے آیا تو تین بچوں کی اموات کے سلسلے میں ذکر چھیڑ دیا۔ وہ مجھے محتاط انداز میں تفصیل بتاتا رہا، میں اس کے چہرے کے تاثرات کو پڑھتا رہا۔ بظاہر وہ غلط بیانی سے کام نہیں لے رہا تھا لیکن پھر بھی میں نے اپنی تسلی کی خاطر پوچھ ہی لیا۔

''قلندر خان، کیا مرنے والے بچوں کا تعلق ایک ہی جنس سے تو نہیں تھا؟''

وہ میرا سوال سن کر چونکا، کچھ توقف سے بولا۔ ''آپ کا اندازہ درست ہے، وہ تینوں لڑکیاں تھیں۔''

''کیا تمہاری پہلی تین بیویوں کے یہاں بھی کوئی ولادت ہوئی تھی؟''

''جی ہاں۔'' وہ پہلو بدل کر بولا۔ ''دو کے ہاں مردہ لڑکیاں پیدا ہوئی تھیں اور تیسری یہ حسرت لیے دنیا سے کوچ کر گئی۔''

جو معلومات سکندر علی نے فراہم کی تھیں وہ معمولی ردو بدل کے ساتھ درست ہی ثابت ہوئیں، اس لئے میں بھی سوچ میں پڑ گیا کہ ہوسکتا ہے کہ ان تمام حادثات میں خود قلندر خان کھوسو ہی کا ہاتھ شامل ہو لیکن ایسا نہیں تھا۔ وقتی طور پر مجھے خود وہم لاحق ہوا تھا وہ اسی رات تیسری بار استخارہ لینے پر دور ہو گیا۔ اس روز مجھے جو غیبی اشارے ملے تھے اس سے میں نے یہی نتیجہ اخذ کیا تھا کہ قلندر خان بچیوں کی موت کی حد تک بے قصور ہے، اب تک جو اموات ہوئی تھیں اس میں البتہ کسی نادیدہ قوت کا دخل تھا۔ تیسری بار استخارہ لینے پر میں نے خاص طور پر اس کنویں کو بھی دیکھا جو بند کرایا جا چکا تھا۔ کنویں اور برگد کے درخت کے درمیان، میں نے زمین کو اس طرح حرکت کرتے دیکھا تھا جیسے کوئی جان دار شے اس سے باہر آنے کی جدوجہد کر رہی ہو پھر زمین کا وہ مخصوص ٹکڑا زلزلے کی کیفیت سے دوچار ہو۔

دوسرے صبح میں نے قلندر خان کے ساتھ جا کر پھر اس جگہ کو غور سے دیکھا جو مجھے متحرک نظر آئی تھی۔ خاصی دیر تک میں مختلف زاویوں سے اسے بغور دیکھتا رہا پھر میں نے سکندر علی کو مخاطب کیا اور زمین کے اس حصے کو کھودنے کی ہدایت کی۔

''خیریت تو ہے پیر سائیں؟'' قلندر خان نے اضطراب سے پوچھا۔ ''کیا آپ نے کچھ معلوم کر لیا ہے۔''

''غیب کا حال اس کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ میں اپنی سی کوشش کر رہا ہوں''۔

میں قلندر خان کے ساتھ کرسیوں پر بیٹھا تھا اور سکندر علی کدال سے اس حصے کی آہستہ آہستہ کھدائی کر رہا تھا جس کی نشان دہی مجھے گزشتہ رات استخارے میں کی گئی۔ تقریباً ایک فٹ زمین کھودنے کے بعد سکندر علی گھبرا کر ایک طرف ہو گیا۔ اس کے چہرے سے خوف جھلک رہا تھا۔

''کیا بات ہے سکندر علی، تم رک کیوں گئے؟ میں نے دریافت کیا۔

''میاں جی .....ایک درخواست کروں .....؟'' سکندر علی نے عجیب سے انداز میں کہا۔ ''آپ زمین کی کھدائی کا کام کسی اور سے کرا لیں۔''

''کیوں؟ کیا تم تھک گئے ہو؟'' میں نے کریدنے کی غرض سے کہا۔

''بات تھکنے کی نہیں ہے''۔

''پھر اور کیا وجہ ہے؟''۔

''مجھے خوف محسوس ہو رہا ہے۔'' سکندر علی نے سہمے سہمے لہجے میں جواب دیا۔ ''ہوسکتا ہے یہ میرا وہم ہو لیکن مجھے ایسے لگا ہے جیسے کوئی مجھے اس کام سے روکنے کی کوشش کر رہا ہے، منع کر رہا ہے۔''

''میں تمہارے قریب ہوں۔'' میں نے اسے دلاسا دیا۔ ''خدا نے چاہا تمہیں کچھ نہیں ہوگا۔''

''مجھے کسی بات کا ڈر نہیں ہے میاں جی، لیکن آپ.....سکندر علی کچھ کہتے کہتے رک گیا۔

''میری فکر مت کرو۔'' میں نے یقین سے جواب دیا۔ ''خدا کی مرضی کی خلاف کچھ نہیں ہوتا، تم کھدائی کا کام شروع کرو۔''

قلندر خان خاموش بیٹھا تھا، سکندر علی کی بات نے ایک لمحے کو اسے بھی پریشان کر دیا تھا لیکن پھر وہ مطمئن نظر آنے لگا، سکندر علی نے آگے بڑھ کر کدال دوبارہ سنبھال لی اور کھدائی کا کام شروع کر دیا لیکن دس منٹ بعد ہی وہ چیخ مار کر ایک طرف ہو گیا۔ اس کے چیخنے کی وجہ وہ گاڑھا گاڑھا خون تھا جو زمین سے ابل کر باہر آ رہا تھا۔ قلندر خان نے متوحش نگاہوں سے میری طرف دیکھا لیکن میری نگاہوں کا مرکز زمین کا وہ ٹکڑا تھا جہاں سے تازہ تازہ خون ابل رہا تھا۔

صحن کی کھدائی سے پہلے ایسی کوئی علامت نظر نہیں آتی تھی جس سے ظاہر ہوتا کہ کسی حصے کی تازہ کھدائی کرنے کے بعد اسے دوبارہ بند کیا گیا ہو لیکن تازہ تازہ خون اس بات کی گواہی دے رہا تھا کہ وہاں کوئی دفن تھا جسے دفنائے زیادہ وقت نہیں گزرا تھا۔

سکندر علی کے چہرے پر بدستور ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔ وہ ڈرپوک قسم کا

آدمی نہیں تھا مگر اس وقت اس کی کیفیت قابل دید تھی۔ اس کی نگاہیں پھٹی پھٹی تھیں جن سے خوف جھانک رہا تھا، دور سے نظر آرہا تھا کہ اس کی دل کی دھڑکنیں بتدریج تیز سے تیز تر ہورہی تھیں۔

''یہ..... یہ کیا ہے پیرسائیں؟'' قلندر خان کی گھبرائی ہوئی آواز میرے کانوں میں گونجی۔ ''یہ خون کیسا ہے؟''۔

''کیا کبھی یہاں کسی کو دفن کیا گیا تھا؟'' میں نے قلندر خان کی جانب دیکھے بغیر سوال کیا۔

''میرے علم میں نہیں ہے''۔

''اس حصے کی ابھی حال میں کھدائی تو نہیں ہوئی تھی؟''

''جی نہیں''۔

''یہ حویلی کب سے آباد ہے؟''

''ہمارے پرکھوں کے زمانے سے لیکن.....''

''صحن کا یہ حصہ زیادہ استعمال میں تو نہیں رہتا؟''

''اب نہیں رہتا۔'' قلندر خان نے سنجیدگی سے جواب دیا۔ ''ایک مہینے پہلے یہاں برگد کی شاخ سے ایک جھولا پڑا تھا'' ہمارے گھر کی عورتیں باہر نہیں نکلتیں، گھر کے اندر ہی اندر اپنی تفریح کا سامان پیدا کرلیتی ہیں۔''

''جھولا ہٹوانے کی وجہ کیا تھا؟'' میں نے خون پر نظر جمائے پوچھا۔

''میری بڑی بیوی! اس سے گرتے گرتے بچی تھی، اس لئے میں نے اسے ہٹوادیا''۔

زمین سے ابلنے والا خون بند ہونے لگا تھا، میرا دل گواہی دے رہا تھا کہ زمین کے اس ٹکڑے سے قلندر خان کی پریشانی کا کوئی نہ کوئی بہت گہرا تعلق ضرور ہے۔ بعض جان لیوا عمل میں خون کا پایا جانا میرے لئے کوئی تعجب خیز بات نہیں تھی، ہندو اور بھنگی اسے جیودھاری جنتر منتر کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ ایسے عمل کی خاصیت یہ ہوتی ہے کہ وہ سال میں ایک نہ ایک جان ضرور لیتا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ پڑھنے والوں کے ذہن میں کوئی ایسی جھیل، کنواں یا کوئی اور دوسرا ایسا مقام ہو جہاں ہر سال ایک مخصوص مدت میں کسی نہ کسی کی موت واقع ہوتی ہو۔ (ہندوستان میں ایسی بے شمار جگہیں پائی جاتی ہیں) بہرحال جب خون مکمل طور پر جم گیا تو میں نے سکندر علی کی طرف دیکھا۔

''کیا تم اس جگہ کی تھوڑی کھدائی اور کرسکتے ہو؟''

''میاں جی..... وہ..... میں.....''

''خدا پر بھروسا رکھو سکندر علی۔ تمہیں کچھ نہیں ہوگا۔'' میں نے اسے دلاسا دیا۔

''آپ بجا فرمارہے ہیں لیکن جان بوجھ کر.....''

''ٹھیک..... ہے'' میں اس کا جملہ کاٹ کر اٹھتے ہوئے بولا۔ ''کھدائی کا بقیہ کام میں خود انجام دے لوں گا۔''

''نہیں میاں جی، نہیں.....'' سکندر علی جو بری طرح سہما ہوا تھا، مجھے اٹھتا دیکھ کر تیزی سے کھڑا ہوگیا اور کدال اٹھا کر بولا۔ ''آپ پر سے ہزاروں سکندر علی قربان میں آپ کو کھدائی نہیں کرنے دوں گا۔'' (جاری ہے)

عطر تسخیر

قیمت: 200 روپے

شائقین تسخیرات کیلئے یہ خبر یقیناً باعث مسرت ہوگی کہ ان کی آرزوئے دیرینہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں ہماری کوششیں بارآور ہوئیں اور روحانی دکان دارالعمل چشتیہ کی جانب سے ''عطر تسخیر'' تیار کرنے کا مرحلہ مکمل ہوا۔ ایسے افراد جو کسی بھی وجہ سے محفل کی جان بنتے ہوں اور بار بار تنزلی کا شکار ہوجاتے ہوں، وہ اس خاص دم شدہ عطر سے تالیف قلوب، سنگدل محبوب کی تسخیر، تسخیر قلوب، قائم النکاح، دائمی دوستی و محبت پیدا کرنا، حکمران کے دل میں اپنا رعب ڈالنا، گاہکوں میں اضافہ کرنا، لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرنا، من پسند رشتے کا حصول، زوجین میں الفت، محبت و کشش پیدا کرنا، رجوع خلقت وغیرہ باآسانی کرسکتے ہیں۔ ایسے تمام افراد جن کا تعلق پبلک سے ہے مثلاً ڈاکٹرز، وکلاء، دوکاندار یا سیاستدان اگر اس روحانی عطر کو استعمال کریں تو تسخیر خلق ہوگی اور دوست، احباب، عزیز و اقارب سے اچھے تعلقات اور رشتوں میں استحکام پیدا کرنے کیلئے یہ ''عطر تسخیر'' سریع التاثیر ہے۔

نیا عطر تسخیر 2 مسحور کن خوشبوؤں میں تیار ہوچکا ہے

عاملین حضرات ہول سیل ریٹ پر منگوائیں

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

رمضان المبارک کے عملیات

جمع و ترتیب: عبدالہادی اعظمی ندوی (علی گڑھ انڈیا)

ماہ رمضان المبارک کی مناسبت سے چند منتخب عملیات پیش خدمت ہیں:

(۱).....سانپ کا مجرب عمل

اول وضو بہتے یا گرتے پانی سے کریں۔ ۲۷ رشب ماہ رمضان نیک ساعت میں اس عمل کو کریں۔ وضو کے بعد ۱۲۱ رچنے نخود لیں۔ نیم کے درخت کے نیچے بیٹھ کر حسب ذیل رباعی ۱۲۱ رمرتبہ مع درود شریف اول آخر گیارہ مرتبہ پڑھیں، یعنی ہر دانہ پر ایک مرتبہ رباعی پڑھیں اور دانہ پر پھونک مار کر دوسری طرف رکھتے جائیں، اس کے بعد فاتحہ بروح حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم دیں، اور سرکار کے وسیلہ سے اس کا ثواب حضرت یحیی منیر الدینؒ کی روح کو دیں۔ اس کے بعد ۱۲۱ چنے نگل جائیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ کوئی چنا دانت کو نہ لگے۔

اس کے بعد نیم کے درخت پر سیدھا ہاتھ الٹ اور بایاں ہاتھ سیدھا رکھ کر درخت سے کہیں: ''اے درخت میں نے سانپ کا عمل کیا ہے، تو گواہ رہنا، اس کے بعد گواہ رہنا۔'' اور اس کے بعد جواب میں دو مسلمان ہوں جو یہ سن کر کہیں کہ ہم گواہ ہیں، پھر شیرینی پر فاتحہ دے کر بچوں میں تقسیم کر دیں، پہلے سال جب عمل کریں تو ۱۲۱ دانے نگلنا ہوں گے، دوسرے سال سو دانے، تیسرے سال ۲۱ دانے، چوتھے سال ۱۱ دانے نگلنا چاہئیں اور جو دانے بچ جائیں اس کو فی کس ایک دانہ کھلا سکتے ہیں، جو شخص ایک دانہ کھالے گا سال بھر سانپ کے کاٹے سے محفوظ رہے گا، ہر سال ۱۱ دانے نگلنا ہوں گے۔

اگر کوئی آ کر اطلاع دے کہ فلاں کو سانپ نے کاٹا ہے فوراً اٹھ کر اس کو یعنی اطلاع دینے والے کے منہ پر یا ہاتھ پر ماریں اور کہیں کہ سانپ کا زہر اتر گیا ہے۔

پرہیز: گائے کا گوشت مطلقاً ترک کر دیں اور پیشاب دونوں پیروں کے درمیان سے نہ گزرے۔

اگر مارنے سے زہر نہ اترے تو عامل مریض کے پاس جا کر بہتے پانی میں دستی تر کرے اور ایک بار عمل پڑھ کر دستی سے پانی نچوڑ کر مریض کے منہ پر مارے اور منہ کو پونچھ کر جھٹک دیں، زہر اتر جائے گا۔

رباعی یہ ہے:

کالا کو برا کالا بس --- جیسے کاٹے بس اسے چڑھے بس
حضرت یحیی منیر الدین کی دہائی --- اتر بس اتر بس اتر بس

(۲).....سانپ کاٹے کا عمل

رمضان شریف کی ستائیسویں شب کو مندرجہ ذیل کلمات ۱۰۱ مرتبہ پڑھے، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے، یہ عمل پکا ہو گیا۔ اب روزانہ کسی وقت بھی سات مرتبہ پڑھ لیا کرے۔

جب کسی کو سانپ کاٹے تو اس ورد کو پانی پر پڑھ کر سات مرتبہ چھینٹے آدمی کے منہ پر مارے اور پڑھتا جائے اور منہ پر پانی مارتا جائے، ان شاء اللہ تعالیٰ کامل فائدہ ہوگا۔ وہ ورد یہ ہے: خدا کہے سنے محمد سانپن کا بس کیسا .....دور سے کہے نبی محمد جہاں رہے گھر بیٹھا..... آدم چام لپیٹیاں سن ماتھے ٹھہراؤں..... ہانک ماروں بس جھڑے نرل کرے خدا

(۳).....فراخی رزق کا ایک روزہ نوکسا عمل

رمضان شریف کا چاند دیکھ کر سورۂ إنّا أنزلناہ پڑھنا شروع کر دیں، اور نماز عشاء کی اذان تک بلا تعداد پڑھتے رہیں، اول آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں، اس عمل کی برکت سے بفضل خدا تمام سال روزی فراخ ہوگی، کاروبار میں برکت ہوگی اور مالی نقصان سے محفوظ رہے گا۔

(۴).....عمل رزق لاجواب

۲۷ رماہ رمضان کی رات کو بعد نماز عشاء سات دانے جو لے لیں اور ہر دانہ جَو پر ۷۰ مرتبہ یا رزاق پڑھیں، ان سات عدد جَو کو اپنے بٹوہ میں ڈال دیں، ان شاء اللہ ایک سال تک وہ بٹوہ روپیوں سے ہمیشہ پُر رہے گا۔

روحانی دکان میں موجود اشیاء کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop

خزینہ روحانیات کے قارئین کیلئے ادویات پر 25% خصوصی رعایت

نام دوائی	ادویات کے خواص	عام قیمت	رعایتی قیمت
معجون مغلظ جواھردار (300 گرام)	مغلظ اورافزائش مادہ منویہ میں معاون، بڑی ہوئی حس کیلئے	615	461
معجون آردخرمہ (300 گرام)	مادہ تولید کی افزائش اور مقوی باہ، جریان کی خاص دوا	240	180
خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا (300 گرام)	اعضاء رئیسہ دل ودماغ وجگر کو تقویت دے کر طبعی قوت بڑھاتا ہے	1050	787
دوالمسک (300 گرام)	ضعف جگر ومعدہ، افزائش خون کرتی ہے، غشی، بیہوشی کو دفع کرتی ہے	930	697
لبوبِ کبیر قسم اعلیٰ (300 گرام)	مقوی باہ، بدن کو چست وطبیعت کو ہشاش بشاش رکھتا ہے	720	540
معجون سپاری پاک (100 گرام)	نسوانی اعضائے نسل کو مضبوطی، افعال رحم کو درست کرتی ہے	110	82
دواالمسک حار (100 گرام)	سرد امراض، لقوہ، فالج، رعشہ کے لئے مفید مقوی اعضاء رئیسہ	140	105
حب نزلہ (20عدد گولیاں)	دماغی نزلہ اور زکام، کھانسی گلے کی خراش میں مفید ہے	65	49
روغن بیضۂ مرغ (50ملی لیٹر)	عضلات کو طاقت بخشتا اور فربہی لاتا ہے، سر کے بالوں کو مضبوط کرتا ہے	300	225
طلاء پستئی (10ملی لیٹر)	جلق سے تباہ شدہ اثرات کو دور کرنے کے لئے مجرب طلاء	150	112
جمال (کریم)	عضو مخصوص کے نقائص دور کرتا ہے	90	67
حب عنبر (20عدد گولیاں)	مقوی اعصاب وباہ ہے، سرعت کو رفع کرتی ہے	110	82

نام دوائی	ادویات کے خواص	عام قیمت	رعایتی قیمت
جوارش جالینوس (100 گرام)	تقویت معدہ کیلئے مسلمہ دوا ہے، ریح البواسیر، بدہضمی وغیرہ دور کرتی ہے	200	150
اطریفل اسطخودوس (300 گرام)	نزلہ وزکام اور دردسر کیلئے مفید ہے، کان کے درد اور بہنے میں سودمند ہے	90	67
اطریفل زمانی (300 گرام)	دائمی قبض، مالیخولیا کی شکایتوں کیلئے طب کی خاص دوا ہے	255	168
لعوقِ سپستان (300 گرام)	گلے، پھیپھڑوں اور ہوائی نالیوں کے ورم کو دفع کرتا ہے	220	165
قرص ملین (20 گولیاں)	دست آور اور رفع قبض کیلئے بہترین	75	56
خمیرہ گاؤزبان سادہ (100 گرام)	مقوی دل ودماغ ہے، دائمی نزلہ، سردرد، مالیخولیا میں مفید ہے	90	67
جوارش کمونی (300 گرام)	معدہ کی تمام بیماریوں اور کمزوری دور کرنے کی خاص دوا ہے	240	180
جوارش سنبل الطیب (100 گرام)	قبض کی دافع، دردشکم اور عورتوں کے ایام ماہواری کی تکلیف میں مفید	65	48
اکسیر طمث (20عدد گولیاں)	فوائد زیادتی خون حیض کو بند کرتی ہے	45	34
بُرھانی پلس (40عدد گولیاں)	بلغمی وسرد امراض میں مفید نزلہ، زکام اور عام کمزوری دور کرتی ہے	120	90
تنگی (100 گرام)	سیلان الرحم، رطوبات کی بدبو اور رحم کے ڈھیلا پن کو دفع کرتی ہے	100	75
حب فیروزشاہی (24عدد گولیاں)	حرارت عزیزی کی محافظ ہے	225	169
طلاء مجلوق (6 گرام)	عضو خاص کے جملہ نقائص کو دور کرتا ہے	120	90

042-35410586, 0307-5525103 darulamal.org/matabalaarif, matabalaarif@gmail.com

اگربتیوں کی ورائٹی کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/sale/agarbatti.htm

مخفی علوم کے خزانوں سے منتخب اعمال

ماہر علومِ مخفی صوفی حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ (حویلی لکھا)

کاغذ کو کرنسی نوٹ میں تبدیل کرنا

جب کاغذ کے روپے بنانے کا ارادہ ہو تو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے جمعۃ المبارک کا روزہ رکھیں اور اور افطار کسی غیر رُوحی چیز سے کریں۔ دودھ گوشت اور ترکِ حیوانات کا مکمل پرہیز کرتے ہوئے۔ نماز مغرب کے بعد چالیس کاغذ اُس کرنسی نوٹ کے برابر کاٹ کر ایک نوٹ اُن کے نیچے اور ایک نوٹ اُن کے اُوپر رکھ دے، اوپر نیچے شیشے کا ٹکڑا رکھ کر اچھے طریقے سے باندھ دے اور اسے اپنی جائے نماز کے نیچے رکھیں اور پھر عمل کو پڑھنا شروع کریں اور بخور رجادی اور لوبان کا روشن کریں۔ نماز فجر تک اپنے عمل کو جاری رکھیں۔ پس نماز فجر ادا کرنے کے بعد اُسے اُٹھا کر دیکھ تمام کاغذ روپوں میں تبدیل ہو چکے ہوں گے۔ اگر پہلی رات ایسا نہ ہوں تو دوبارہ ایسا ہی کریں۔ سات یوم تک مسلسل اور روزانہ نماز فجر کے بعد دیکھیں۔ ساتویں یوم مراد حاصل ہو جائے گی۔ پڑھنے والا عمل یہ ہے:

"یَا اَعْمَادَائِیلُ دَرِیْرَہٗ وَدَرَارِشٍ۔ ھُمَ لِیْوَہٗ خَاخَادَمْ لِیْوَہٗ۔ اَجِبْ یَااَعْمَادَائِیلُ وَیَا عَمْھَائِیْلُ وَبَدِّلْ ھٰذَا الْکَاغِذَ بِکَرَنْسِی عَلٰی سِکَّہٖ رَائِجِ الْوَقْتِ وَھٰذَا مُلْکِہٖ ھٰذَا کَاغَذَۃٍ قَدِّرُوْھَا تَقْدِیْراً۔

دعائے نور

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّسَارِیْ نُوْرًا وَّمِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَّمِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا وَّمِنْ اَمَامِیْ نُوْرًا وَّ مِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ شَعْرِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ بَشَرَتِیْ نُوْرًا وَّ فِیْ لَحْمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ دَمِیْ نُوْرًا وَّفِیْ عِظَامِیْ نُوْرًا وَّفِیْ قَبْرِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَّاَعْطِنِیْ نُوْرًا وَّ اجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ۔

جو کوئی مندرجہ بالا دُعائے نور کو روزانہ اپنے ورد میں رکھے تو اللہ تعالیٰ اُس کے دِل کو منور فرمائے گا۔ اور اُس کے چہرہ پر ایک خاص قسم کا نور اہل نظر مشاہدہ کریں گے۔ اور اُس کے اردگرد ایک نورانی حصار غیبی طور پر قائم ہو جائے گا۔ جس کی وجہ سے کوئی بھی کالے پیلے علم کرنے والے جادوگروں اور سفلی عاملین کے کسی بھی طرح کے گندے اور غلیظ علم و عمل سے محفوظ رہے گا۔ اس دُعا کے عامل کو عجیب و غریب مشاہدات ہوں گے۔ جن کا تذکرہ یہاں مناسب نہیں ہے۔

اسماء عشرہ عصاء موسیٰ علیہ السلام

دافع جنات و آسیب اور سحر جادو۔ فارسی معانی کے ساتھ درج کئے جاتے ہیں۔

سَزَایُوْ (خدائے من) لِزَرْعِیْ (پروردگار من) جَوْسَا (رزق دھندہ من) مَّنُوْعًا (منع کنندہ من) عَالِمًا (داننده من) طُیُوْثُوْنَا (بتیندہ من) سَلِیْخَا (شنوندہ من) مَّلِیْخًا (پرورش کنندہ من) مَّلْقُوْمًا (پیدا کنندہ جہاں) یَاقَیُّوْمًا (پائیندہ دوام) بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ وَ بِحَقِّ اِھْیًا اَشَرْاِھْیًا۔ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

ان اسماء کی تفصیلات ہماری دیگر کتب مثلاً "ردِّ سحر حصہ اول دوم سوم" اور آسیبی قوتوں سے نجات" میں درج ہے۔ وہاں سے دیکھیں۔ اور فیض

عاملین کے لیے پرنٹڈ تعویذات کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/sale/printed_taweez

حاصل کریں۔

اسم اعظم سریانی اول

أَبِ۔ تُوْكٍ۔ جَلِيْلٍ۔ يَّادَارَعَآئِبٍ۔ يَاغَآئِبٍ۔ اَغِيْلٍ۔ يَّامٍ لَمِيْمٍ۔ قَآئِمٌ۔ نَّحْسٌم بَرُّغَاسٌ۔ سَلَامٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔

اسم اعظم سریانی دوم

اٰبِ۔ تُوْكٍ۔ جَلِيْلٍ۔ بَازَرِيٍّ۔ غَابٍ۔ اَغْيَالِبٍ۔ اَغْيِيْلٍ۔ عَيِيْلٍ۔ طَامٍ۔ طَامِيْمٍ۔ كَامٍ۔ نَّحِسٌم۔ بَرْغَاثٍ۔ سَلْمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔

اسم اعظم سریانی کے بارے میں ہماری دوسری تصنیف ''فیضان قرآن'' میں تمام تر تفصیل موجود ہے۔ ان میں کون سے اسمائے تورات اور کون سے اسماء انجیل مقدس اور کون سے اسماء قرآن مجید کے ہیں۔ اور ان اسماء سے متعلق حضرت علی کرم اللہ وجہہ تعالیٰ کا فرمان مبارک بھی آپ کو ہماری کتاب ''فیضان القرآن'' میں مل سکے گا۔ اسی طرح اسم اعظم کی مزید معلومات ہماری تصنیف ''عکس لوح محفوظ'' میں بھی درج ہیں۔ یہ کتاب حروف مقطعات (حروف نورانیہ) پر ایک جامع کتاب ہے۔ ان حروف کے مخفی راز معلوم کرنے کے لیے ضرور مطالعہ فرمائیں جو آپ کو بے شمار کتب سے بے نیاز کردے گی۔

آیت کریمہ مکمل

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ۔

آیت کریمہ جو کہ حضرت یونس علیہ السلام کی دُعا بھی ہے۔ اب تک جتنی بھی عملیات ورُوحانیات کی کتب شائع ہوئی ہیں، اُن سب میں یہ دُعا نامکمل ہی لکھی گئی تھی۔ اس عظیم دُعا کے مختلف اعمال آپ کو دیگر بے شمار کتب میں ملیں گے۔ مگر یہ دُعا وہاں مکمل نہ ہوگی۔ اسی لیے لوگوں نے سوا، سوا لاکھ اس دُعا کے مکمل کئے مگر گوہر مقصود حاصل نہ کر سکے۔ وجہ یہی تھی کہ جب عمل ہی نامکمل تھا تو پھر اس کے فیوض وبرکات کیسے حاصل ہوتے۔ استاد کامل کے بغیر یہی کچھ ہوا کرتا ہے۔

مختلف زبانوں میں اسم اعظم

زبان	ذاتی نام	جامع الصفات نام	متبادل عربی
عربی	الله	رَبّ	
فارسی	ایزد۔ خُدا یزداں	پروردگار۔ کردگار اے اُمیدِ اُمیدواراں۔ اے چارہِ بیچارگاں	الله۔ رب
عبرانی	اِیْلٌ	اِهْيًا اَشَرْ اِهْيًا	يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ
سریانی	يهوواه۔ يُوهِ	تجير جيوشا	
سنسکرت	اُوم	گنیش۔ برھسپت	الله

عمل کشف القبور

اس عمل کو عروج ماہ کی پہلی جمعرات کو قبرستان میں رات کو شروع کریں۔ تین ہزار پچاس (۳۰۵۰) مرتبہ قبروں کے درمیان بروئے شمال بیٹھ کر پڑھیں۔ آنکھیں بند رکھیں۔ اکتالیس (۴۱) روز مسلسل عمل جاری رکھیں۔ پرہیز جمالی وجلالی کے ساتھ اور اول وآخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مُردوں کے ساتھ بخوبی باتیں ہوں گی۔

اگر کسی صاحب مزار سے چاہیں تو اُس کے مزار پر اسی طریقہ پر عمل کریں۔ بات بھی ہوگی اور رُوحانی فیض بھی حاصل ہوگا۔

عمل یہ ہے:

''بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبَّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِكَةِ وَالرُّوْحِ۔''

عملیات حب و تسخیر

انور ادریس صاحب

پسند کی شادی اور مطلوب کو حاصل کرنا

یہ ایک ایسا راز ہے کہ کوئی لاکھوں روپے کے عوض بھی نہیں بتاتا۔ میرا مقصد یہ ہے کہ ہر ضرورت مند اپنے آپ میں ہمت پیدا کر کے ناممکن کو ممکن بنالے۔ وظیفہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) دفعہ "اللہ الصمد" پڑھیں۔ آنکھیں بند کر کے مطلوب کے تصور سے یا اگر کہیں شادی کرنی ہو تو جو انکاری ہوں، ان کے تصور سے پڑھیں۔ ان شاءاللہ اکیس (۲۱) دن میں آپ اپنی آنکھوں سے اس کا اثر دیکھ لیں گے۔

تسخیر وحب

تسخیرِ خلائق، عام لوگوں کو مسخر کرنے اور اپنی طرف متوجہ کرنے کے لیے مندرجہ ذیل آیات گیارہ (۱۱) مرتبہ بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ مغرب پڑھیں۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف (مجرب ہے)۔

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ

(سورہ بقرہ آیت نمبر 165)

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (سورہ آل عمران آیت نمبر 134)

اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ (سورہ الانعام آیت نمبر 122)

فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۖ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ۝ (سورہ یوسف آیت نمبر 31)

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

(سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر 111)

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ۝ (سورہ الاحزاب آیت نمبر 69)

شخصی جاہ وجلالت

شخصی جاہ وعزت اور تسخیر کے لیے ذیل کا عمل دس (۱۰) بار پڑھ کر اپنے منہ پر مل کر جس کے پاس جائے گا، وہ بے حد محبت کے ساتھ پیش آئے گا اور اس میں بہت سے فائدے ہیں۔ مجرب ہے۔

اَلَا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ یا خیر المقصودین یا خیر المطلوبین یا خیر المحبوبین يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

رجوع خلق

يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اول آخر دس دس (۱۰،۱۰) بار درود شریف۔ خدا کے فضل وکرم سے تمام لوگ تابع رہیں گے۔ کوئی وقت معین نہیں۔ کوئی سا بھی وقت مقرر کر لے۔ مجرب المجرب ہے۔

ہر قسم تسخیر کے لئے مجرب عمل

عمل اسم باری تعالیٰ (اللہ) تسخیر کے لئے مجرب ہے۔ اگر چاہیں کہ کسی کو دوست اور مسخر بنائیں یا کسی امیر سے نفع حاصل کرنا ہو تو چاہیے کہ عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے روز اس عمل کو شروع کریں۔ اس ترتیب سے کہ رات کے وقت دوزانو روبقبلہ ہو کر بیٹھیں اور اپنی آنکھیں بند کریں۔ پہلے گیارہ (۱۱) بار آیۃ الکرسی العلی العظیم تک پڑھیں۔ بعدہ ایک ہزار دس (۱۰۱۰) مرتبہ اسم ذات مع عبارت کے پڑھیں اور اپنے مطلوب کو سامنے دست بستہ کھڑا ہوا تصور کریں۔ جب اسم تمام ہو جائے، اس کے سینہ پر دم کریں۔ اور اپنے دل میں اشارہ کریں کہ میرا مطیع ہو جا۔ اسی طرح پندرہ روز تک بدستور پڑھیں۔ اگر ممکن ہو تو کسی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔ ان شاءاللہ مطیع اور فرمانبردار ہو جائے گا۔

باطنی قوت بڑھانے والے آلہ یکسوئی کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/sale/aalaeyaksui.htm

اگر اس اسم کی زکوٰۃ چالیس (۴۰) روز تک ہر روز ہزار، ہزار (۱۰۰۰، ۱۰۰۰) بار پڑھیں تو اس مبارک اسم کے عامل ہو جائیں۔ پس جب وہ تسخیر میں (خواہ اپنے لئے ہو خواہ غیر کے لئے) عمل مذکور کام آتا ہے یعنی جس چیز پر دم کر کے کھلائیں یا پلائیں بڑا اثر پیدا ہو۔ زکوۃ میں آیۃ الکرسی بدستور مذکور ہر روز پڑھنی چاہیے اور جب چلہ تمام ہو تو شربت پر دم کر کے پیغمبر پاک کی روح مبارک پر فاتحہ دیں اور تھوڑا تھوڑا وظیفہ جاری رکھیں تا کہ ہمیشہ عمل میں رہے۔ اسم ذات کے ساتھ یہ عبارت پڑھنی ہوگی یا مقلب القلوب قلب قلبه الی اور اگر عورت ہو تو کہیں قلبها الی۔

تسخیر عام

تسخیر عام کے لئے ذیل کا عمل بعد نماز فجر ایک سو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنا بے حد مجرب ہے۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ لِی ھٰذَا الْبَلَدَ وَالرِّجَال۔

خوشبو کا عمل

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿سُوْرَةُ صٓ: ۳۴﴾

اس آیت کو ۶۷۸ (چھ سو اٹھتر) مرتبہ پڑھ کر چنبیلی کے تیل پر دم کر کے جسے وہ تیل سنگھائے گا وہ مسخر ہو جائے گا۔

بادشاہ اور حکام کو تابع کرنا

بادشاہ، حکام اور روسا و امراء کے تابع کرنے کے لئے "یا رحمن کل شیء وراحمه" تین دن تک برابر ہر روز پانچ سو بار (۵۰۰) پڑھے اور چوتھے دن غسل کر کے ہزار مرتبہ (۱۰۰۰) پڑھے اور اپنی ہتھیلی پر لکھے۔ اور امیر کے پاس جا کر اس کے سامنے اکیاون بار (۵۱) پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ محبت سے پیش آئے گا۔

کسی کو بھی مسخر کرنا یا اپنی طرف رجوع کرنا

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو تو ہر روز ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ اس آیت اور اسماء کو پڑھ کر شیرینی یا پھولوں پر دم کریں اور محبوب کو کھلائیں یا سنگھائیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا، مجرب و آزمودہ ہے۔ آیت اور اسماء یہ ہیں: والله المستعان على ما تصفون يا رفيق يا شفيق نجني من كل ضيق

تسخیر عام و خاص مجرب المجرب

جو شخص لوگوں کے قلب میں اپنی محبت عظمت و ہیبت ڈالنا چاہے تو اس دعا کو پڑھے۔ یہ دعا حضرت سیدنا ابوالحسن شاذلی قدس سرہ سے منقول ہے۔

یا اللہ ۳ یا رب ۳ یا رحمن ۳ یا رحیم ۳ لا تکلنی الی نفسی فی حفظ ما ملکتنی کما انت املك به منی و امدنی بدا قائق اسمك الحفیظ الذی حفظت به نظام الموجودات و اکسنی بدرع من کفایتك و قلدنی نصرك و حمایتك و توجنی بتاج عزك و کرمك وردانی بردا ء منك ورکبنی مرکب النجاة فی المحیا و بعد الممات بحق فجش امته دنی بدقائق اسمك القهار تدفع به عنی من ارادنی سوء من جمیع الموذیات و تولنی بولایة العز تخضع لی بها کل جبار عنید و شیطان مرید یا عزیز یا جبار ۳ مرتبه اللهم الق من زینتك و من محبتك و کرامتك و من نعوت ربوبیتك بها تهویه القلوب و تذل به

محبت زوجین اور ناچاقی

جس شخص سے اس کا بادشاہ یا آقا خفا ہو گیا ہو یا زوجین میں ناچاقی ہو گئی ہو۔ تو ملاقات کے وقت پوشیدہ طور پر ان آیات کا ورد رکھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد کامیاب ہوگا۔

وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۖ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ

﴿سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ: ۱۵۴﴾

پھر یہ پڑھے:

اطفات غضب کذا و کذا بلا اله الا الله و استجبت مودته بمحمد رسول الله صلی الله علیه وسلم۔

صرف پریشان حال ہی پڑھیں!!

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ میں اکثر رابطہ کرنے والی خواتین بیچاری غم کی ماری اپنے خاوند کی بے وفائی اور بے انتہائی ہر جائی پن کی شکایات لے کر حاضر ہوتی ہیں۔ شوہر کے ظلم کی داستانیں، ہر وقت کی مار پیٹ ، گالم گلوچ، خرچہ نہ دینا، انٹرنیٹ میں ہر وقت مصروف رہنا، غیر عورتوں سے ناجائز تعلقات، اکثر رات کو گھر سے غائب رہنا، رات کو گھر لیٹ آنا، نشے پر لگ جانا، اگر گھر میں ہے تو سارا سارا دن اور رات بھر مختلف لڑکیوں سے فون پر بات کرتے رہنا، بچوں کی تعلیم کی طرف توجہ نہ دینا، بچیاں جوان ہیں، ان کی شادی وغیرہ کی طرف بالکل عدم دلچسپی، بیوی کا زیور تک بیچ کر نا جائز کاموں میں لگا دینا۔ بہت ساری نہیں تو بعض بیچاری خودکشی تک کیلئے مجبور ہو گئیں، ان کے مظالم کی داستانیں سن کر دل بہت غمگین ہوتا ہے، چونکہ ہم بھی بہنوں والے ہیں، اللہ تعالیٰ ہماری سب بہنوں کی تمام پریشانیاں دور فرمائیں۔ ایسی بے شمار بہنوں کے خطوط دارالعمل چشتیہ میں آتے ہیں۔ الحمدللہ اکثر بہنوں کے تمام مسائل حل ہو گئے اور اب راضی خوشی اپنے شوہر کے ساتھ پہلے سے زیادہ محبت کے ساتھ زندگی بسر کر رہی ہیں، ہماری جو بھی پریشان حال بہنیں ہیں وہ آج ہی سے نماز کی پابندی فرمائیں چونکہ جب اللہ تعالیٰ راضی ہو جائیں گے تو ہمارے سب کام سنور جائیں گے۔

روزانہ 2 رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھیں، پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی پڑھیں اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص پڑھیں، سلام پھیرنے کے بعد یا ھادی ایک سانس میں لگاتار پڑھیں، سانس ٹوٹنے پر سجدے میں جا کر اپنے رب سے اپنی تمام پریشانیوں سے نجات کی دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ اس عمل سے بہت جلدی آپ کی تمام پریشانیاں ختم ہو جائیں گی، تمام بہنوں کو اس کی اجازت ہے، اس سلسلے میں اپنی تمام بہنوں کو ہم ایک خاص تعویذ تیار کر کے دیتے ہیں۔ تعویذ کیلئے دارالعمل چشتیہ تشریف لائیں، یا بذریعہ فون وغیرہ منگوانے کا طریقہ پوچھ لیں۔

بہت ساری بہنوں کے مسائل حل ہوئے، انہوں نے شکریہ کے خطوط لکھے، ان کے خطوط بھی عنقریب چھاپنے کا سلسلہ شروع کیا جا رہا ہے۔

قوت حافظہ میں اضافہ

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب مدظلہ فرماتے ہیں کہ قوت حافظہ کے لئے ہر فرض نماز کے بعد تین (۳) مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھا کریں۔ اور صبح کو نہار منہ ایک گلاس پانی پر سات (۷) مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھ کر دم کر کے پی لیا کریں۔

اگر قوت حافظہ زیادہ متاثر ہو گئی ہو تو گیارہ دن تک یہ عمل کریں کہ تین (۳) چینی کی پلیٹوں پر گلاب و زعفران سے ایک ایک مرتبہ سورۃ الم نشرح لکھیں اور بارش کے پانی سے انہیں دھو کر ایک پلیٹ نہار منہ، ایک پلیٹ عصر و مغرب کے درمیان اور ایک پلیٹ سوتے وقت پیا کریں۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے قوت حافظہ میں زبردست اضافہ ہوگا۔ اور آپ جو بھی یاد کریں گی وہ یاد رہے گا۔ اور قوت حافظہ کے ساتھ ساتھ قوتِ ادراک بھی بڑھے گی۔

قوت حافظہ متاثر ہو جانے کی کوئی خاص وجہ نہیں ہے بلکہ آج کل غذائیں اس طرح کی چل رہی ہیں جو انسان کے تمام اعصاب کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔ خصوصاً اعضائے رئیسہ کی قوتیں مروجہ غذاؤں سے پامال ہو رہی ہیں۔ اگر غذاؤں میں ملاوٹ کا یہی حال رہا تو خدا ہی جانے انسانی زندگیوں کا کیا حشر ہوگا۔

خوشخبری عارف باللہ حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر رحمۃ اللہ علیہ کی CD اور مواعظ نئے ٹائٹل میں چھپ کر آ گئے ہیں۔ آج ہی مفت منگوائیں۔ عام ڈاک کے لیے 20 کالو ڈاور رجسٹرڈ ڈاک کیلئے 60 کالو ڈاس نمبر پر کروائیں اور اپنا پتہ sms کریں۔ 0322-4773786

بنتِ حوا اور بازارِ حُسن

کفایت حسین

یہ پوسٹ خاص طور پر ان جاہل مردوں کے لئے ہے جو بیٹی کی پیدائش کو جرم سمجھتے ہیں!!!!

ماں مجھے بیچ دو! دنیا میں کسی بھی ماں کے لئے ایک بیٹی کی منہ سے نکلے ہوئے یہ الفاظ یقیناً ناقابل برداشت ہیں اور ایسا کرنا تو رہا دور کی بات کوئی بھی ماں اپنی اُولاد کے لیے ایسا سوچ بھی نہیں سکتی۔ لیکن کیا بھوک، غربت، بے بسی اور لاچاری ایک بے بس ماں کو ایسا کرنے پر مجبور کر سکتی ہے، شاید میں یہ کالم نہ لکھتا اگر میرا قریبی دوست عزیز الرحمان شاکر حاصل پور سے کال کر کے مجھے سلیم کی بے حسی اور زرین کی بے بسی کی داستاں نہ سناتا۔ اپنے دوست کی زبانی سارا واقعہ سننے کے بعد میں اپنے آپ کو لکھنے سے روک نہ سکا کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ میں اس تحریر کے ذریعے سلیم کی حیوانیت کا پردہ فاش کروں تا کہ سلیم جیسے انسانی کھال میں چھپے ہوئے بھیڑیوں کے اصلی چہرے دنیا کے سامنے بے نقاب ہو سکیں۔

ضلع بہاولپور کے ایک چھوٹے سے قصبے قائم پور میں رہنے والا سلیم ایک نہایت ہی لالچی انسان تھا۔ اسے بیٹیوں سے سخت نفرت تھی۔ اس کا یہ سوچنا تھا کہ بیٹیوں کی اچھی پرورش اور تعلیم پر پیسہ خرچ کرنا بالکل فضول اور نقصان ہے کیونکہ بیٹیوں کو اچھی تعلیم دینے کا فائدہ صرف ان کو ملتا ہے جہاں وہ بیاہ کر جاتی ہیں جبکہ بیٹوں کی پرورش پر پیسہ خرچ کرنا ایک اچھی انوسٹمنٹ ہے جو والدین کو ان کے بڑھاپے میں سود سمیت واپس مل جاتی ہے۔ ایسی گھٹیا سوچ رکھنے والا صرف سلیم ہی نہیں ہے بلکہ ایسے بے شمار لوگ ہمارے معاشرے میں موجود ہیں جو انسانیت کے ماتھے پر بدنما داغ ہیں۔

سلیم کی جب شادی ہوئی تو اس نے اپنی بیوی زرین کو پہلے ہی سے آگاہ کر دیا کہ اسے بیٹیوں سے سخت نفرت ہے، اس لئے اسے بیٹا ہی چاہیے لیکن شاید وہ بد بخت یہ نہیں جانتا تھا کہ بیٹا یا بیٹی کا پیدا ہونا انسان کے ہاتھ میں نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے اور اُس کی مرضی کے بغیر کچھ بھی نہیں ہو سکتا ہے پھر ایسے میں کسی انسان کو قصوروار ٹھہرانا سراسر جہالت اور کفر ہے۔ سلیم بھی ایسے جاہلوں میں سے ایک تھا کیونکہ جب اللہ تعالیٰ نے سلیم کے گھر اپنی رحمت بھیجی یعنی اس کے گھر بیٹی پیدا ہوئی تو اس نے پورا گھر سر پر اُٹھا لیا، بیوی پر تشدد کیا اور نفرت کی انتہا دیکھئے کہ اس بد بخت انسان نے اپنی پہلی اُولاد اپنی بیٹی کو دیکھنا بھی گوارا نہ کیا۔ تقریباً تین چار ماہ بعد گھر کے بڑے بزرگوں اور دوستوں کے سمجھانے پر اس کا غصہ ٹھنڈا ہوا اور بڑی مشکل سے اس نے اپنی بیٹی کو اپنایا اور وہ بھی اس سوچ کے ساتھ کے شاید اگلی بار بیٹا پیدا ہو جائے۔

لیکن خدا کو کچھ اور ہی منظور تھا کیونکہ اس بار بھی اس کی خواہش کے برعکس اس کے گھر ایک نہیں بلکہ جڑواں بیٹیاں پیدا ہوئیں لیکن اس بار جو سلیم نے کیا اس نے حیوانیت کو بھی شرمندہ کر دیا پہلے تو اس نے اپنی بیوی پر اتنا تشدد کیا کہ وہ بے ہوش ہو گئی لیکن اس کے غصے کی آگ تب بھی ٹھنڈی نہ ہوئی تو اس حیوان صفت ظالم انسان نے نومولود بے گناہ بچیوں کے منہ پر تماچے مارنا شروع کر دیئے۔ معزز قارئین یہ الفاظ لکھتے ہوئے بھی میرے ہاتھ کانپ رہے ہیں لیکن جن کے ساتھ اور جن کے سامنے یہ سارا واقعہ پیش آیا ہو گا، ان پر کیا بیتی ہو گی شاید میں وہ الفاظ میں بیان نہیں کر سکتا۔ اس حیوان کی اس حرکت کی وجہ سے پورے محلے میں کہرام برپا ہو گیا اور ہر کوئی اسے ایسا کرنے پر لعنتیں دے رہا تھا لیکن یہ کمینہ اپنی درندگی سے پھر بھی بعض نہ آیا اور اس نے غصے میں بہک کر اپنی بیوی کو طلاق دے دی جس کا قصور صرف یہ تھا کہ اس نے تین بیٹیوں کو پیدا کیوں کیا۔

طلاق دینے کے بعد اس خبیث نے زرین کو اسی وقت تینوں بیٹیوں کے ساتھ اس کے گھر سے نکل جانے کو کہا اور دھمکی دی کہ اگر ابھی ابھی وہ اس کے گھر سے نہ گئی تو وہ اس کو بیٹیوں سمیت زندہ جلا دے گا۔ زرین بیچاری تو ابھی اس قابل بھی نہ تھی کہ سہارے کے بغیر بستر سے بھی اُٹھ سکے اور پھر ساتھ تین تین معصوم بچیاں ایسی حالت میں وہ کہاں جاتی اور کیسے جاتی۔

خیر چند نیک دل محلے داروں نے زرین اور اس کی بیٹیوں پر ترس کھایا اور ان کو سلیم کے ظلم سے محفوظ رکھنے کے لئے اپنے گھر لے گئے۔ کچھ عرصے کے بعد جب زرین کی حالت کافی بہتر ہوگئی تو زرین نے ان محلے داروں کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے مصیبت میں اس کا ساتھ دیا اور مدد کی تھی۔ زرین وہاں سے اپنے ایک چچازاد بھائی کے گھر پہنچی اور اسے ساری صورتحال بتائی جو کچھ اس کے ساتھ ہوا تھا لیکن بھائی نے بھی اُسے دلاسہ دینے کے بجائے زرین کو ہی بُرا بھلا کہنا شروع کر دیا۔

زرین کے بھائی اور اس کی بھابھی کا رویہ اس قابل نہ تھا کہ زرین کچھ عرصے یہاں پر رہ جاتی۔ لہٰذا زرین نے اپنے بھائی کا گھر بھی چھوڑ دیا۔ اب بے یارومددگار بیچاری زرین جاتی تو کہاں جاتی، کوئی بھی تو سہارا نہیں بچا تھا کیونکہ زرین کے ماں باپ تو پہلے ہی اس دنیا فانی سے کوچ کر چکے تھے، ایک بھائی کا سہارہ تھا لیکن اس نے بھی آنکھیں پھیر لیں۔ یہ ایک ماں کے لئے سب سے بڑا امتحان تھا کیونکہ زرین بالکل خالی ہاتھ تھی اور یہ غم اندر اندر اسے کاٹ رہا تھا کہ وہ تین تین بچیوں کی پرورش کیسے کرے گی اور بچے بھی اتنے چھوٹے تھے کہ انہیں کہیں چھوڑ کر وہ کوئی کام بھی نہیں کر سکتی تھی۔

اب زرین کے پاس بس ایک ہی راستہ بچا تھا جس سے وہ اپنے بچوں کا پیٹ پال سکتی تھی اور وہ راستہ زرین کو بُرائی کی ایسی دلدل میں لے گیا جہاں سے وہ پھر کبھی واپس نہ آ سکی۔

زرین اس بازارِ حُسن میں جا پہنچی تھی جہاں ہر روز وہ خود کو بیچ کر اپنی اولاد پالتی رہی۔ اب اسی بازار میں زرین کو پندرہ سال ہو چکے تھے لیکن زرین کی مصیبتیں ختم ہونے کو نہ تھیں اب زرین کی جوانی بھی بڑھاپے کی دہلیز پر قدم رکھ چکی تھی اور اس کی جوانی ڈھلنے کے ساتھ ساتھ اس کی آمدن میں بھی کمی آنا شروع ہوگی تھی لیکن اب اخراجات پہلے سے کہیں زیادہ ہو چکے تھے کیونکہ اب اس کی دو جڑواں بیٹیاں چودہ چودہ سال اور بڑی بیٹی سترہ سال کی ہوگئی تھی لیکن اب زرین کے لئے آہستہ آہستہ اس بازارِ حُسن کے دروازے بھی بند ہونا شروع ہو گئے تھے اور حالات پھر فاقوں پر آ گئے زرین کی بڑی بیٹی اب کافی سیانی ہوگئی تھی وہ اپنی ماں کی پریشانی سمجھ سکتی تھی، اس لئے اسے دلاسے دیتی کہ آپ فکر نہ کریں سب ٹھیک ہو جائے گا اور ساتھ میں اپنی چھوٹی بہنوں کو بھی سمجھاتی رہتی۔ زرین کی بڑی بیٹی اپنی ماں کے بارے میں سب کچھ جانتی تھی کہ وہ کیا کرتی ہے کیونکہ یہ اکثر دیکھتی تھی کہ ہر روز شام سات آٹھ بجے اس کی ماں تیار ہو کر گھر کے دروازے پر بیٹھ جایا کرتی تھی پھر کوئی نہ کوئی اسے پیسے دیتا اور اپنے ساتھ لے جاتا لیکن اب وہ دیکھتی تھی کہ کئی کئی گھنٹے تک اس کی ماں سج دھج کر بیٹھی رہتی تھی لیکن کوئی بھی اسے ساتھ لے کر نہیں جاتا تھا۔ جبکہ اس کی ماں سے جوان اور خوبصورت عورتوں کو لوگ اپنے ساتھ بڑی جلدی لے جاتے تھے۔

پھر ایک دن جیسے ہی زرین روز کی طرح اپنے دروازے پر آ کر بیٹھی تھوڑی ہی دیر بعد اس کی بغل میں ایک اور لڑکی بھی آ کر بیٹھ گئی جب زرین نے اس لڑکی کو غور سے دیکھا تو وہ کوئی اور نہیں بلکہ اس کی بڑی بیٹی تھی، جو اسی طرح سج دھج کر آئی ہوئی تھی جیسے جوانی میں وہ خود خوبصورت ہوا کرتی تھی۔ زرین نے اپنی بیٹی کو دیکھ کر غصے سے کہا تم یہاں کیوں آئی ہو اور یہ میک اپ کیوں کیا ہے، زرین کی بیٹی کی آنکھوں میں آنسوں تھے اور ڈرتے ڈرتے ماں سے بولی! اماں میں سب جانتی ہوں آپ کیا کرتی ہیں، میں آپ کو کئی دنوں سے دیکھ رہی ہوں کہ آپ یہاں پر کئی کئی گھنٹے بیٹھی رہتی ہیں، آپ کو کوئی بھی اپنے ساتھ نہیں لے جاتا لیکن جب آپ جوان اور خوبصورت تھیں تو آپ کو یہ لوگ بہت جلدی لے جاتے تھے۔

اماں آپ نے ہمارے لئے بہت کچھ کیا ہے، آپ خود تو بھوکی رہتی ہیں لیکن ہمارے لئے جیسے بھی ہو ہمیں بھوکا نہیں سونے دیا لیکن میں جانتی ہوں کہ اب دن بدن ہمارے حالات مزید خراب ہوں گے اور پھر میری چھوٹی بہنیں بھی تو بڑی ہو رہی ہیں، اس لئے ماں اب یہ سارا بوجھ آپ اکیلی نہیں اُٹھائیں گی، میں آپ کا ساتھ دوں گی۔ میں میک اپ کر کے اس لئے آئی ہوں کہ اگر آج یہ لوگ آپ کو نہیں خرید رہے ہیں تو آج آپ اپنی جگہ پر ماں مجھے بیچ دو۔ میں آپ کو اس طرح دکھی اور اپنی بہنوں کو بھوک سے مرتے ہوئے نہیں دیکھ سکتی۔ بیٹی کے منہ سے یہ باتیں سن کر زرین نے زور زور سے رونا شروع کر دیا اور اپنی بیٹی سے کہا تم نے آج مجھے جیتے جی مار ڈالا۔ مجھے

جتنا دکھ تمہاری یہ بات سن کر آج پہنچا ہے اتنا دکھ اس وقت بھی نہیں ہوا تھا جب تمہارے باپ نے مجھے طلاق دی تھی۔ بیٹی آج تو نے یہ باتیں کر کے میری ساری محنت رائیگاں کر دی۔ کیا میں نے یہی دن دیکھنے کے لئے اتنی تکلیفیں اٹھائی تھیں اور اگر آج میں نے تمہیں اس راستے پر چلنے دیا تو پھر تمہاری ماں کی ہار اور تمہارے اس باپ کی جیت ہوگی جس نے مجھے صرف اس لیے طلاق دی تھی کہ میں نے بیٹیاں کیوں پیدا کی ہیں اور اگر تم اس راستے پر چلتی ہو تو پھر یاد رکھو کہ کبھی کوئی بھی ماں بغیر باپ کے بیٹیوں کی پرورش نہیں کرے گی۔ تمہارا اس راستے پر چلنا نہ صرف میری ہار نہیں بلکہ ایک ماں اور ایک عورت کی ہار ہے۔ زرین کی باتیں سن کر بیٹی ماں کے سینے سے لپٹ کر رونے لگتی ہے اور ماں کا آنچل تھامے گھر کے اندر چلی جاتی ہے۔

آج تو زرین نے اپنی سترہ سال کی جوان بیٹی کو بازارِ حُسن میں بکنے سے بچا لیا لیکن کل کیا ہوگا؟ یہ ایک سوالیہ نشان ہے لیکن میرا ضمیر مجھے ملامت کرتا ہے اور مجھ سے یہ سوال کرتا ہے کہ کیا بازارِ حسن میں بکنے والی ہر عورت اپنی مرضی اور خوشی سے اپنے آپ کو بیچتی ہے، نہیں ایسا بالکل نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ عورت جو اگر ماں ہے تو اس کے قدموں تلے جنت ہے، بیٹی ہے تو باعث رحمت ہے، بہن ہے تو عزت کی علامت ہے اور اگر بیوی ہے تو نسلوں کی محافظ ہے۔ اتنے عظیم رتبوں کی مالک حوا کی بیٹی کیسے بازارِ حُسن کی زینت بن جاتی ہے۔ اگر حوا کی بیٹی گھر کی عزت سے بازارِ حُسن کی زینت بنتی ہے تو اس کے ذمہ دار ہم اور ہمارا معاشرہ ہے کیونکہ ہم ہی میں سلیم جیسے بھیڑیئے چھپے ہوئے ہیں جو عورت کو پاؤں کی جوتی سمجھتے ہیں اور بیٹیوں کو باعث زحمت اور سلیم جیسے ہی بے حس اور بے ضمیر مردوں کی ڈسی ہوئی زرین جیسی عورتیں مجبور ہو کر اس بازار میں بکنے پر مجبور ہو جاتی ہیں اور باقی کی رہی سہی کسر ہمارے معاشرے کی پیدا کردہ بیہودہ رسومات نے پوری کر دی ہے۔

جیسا کہ ہمارے معاشرے میں تیزی سے پھیلتی ہوئی جہیز کی لعنت ہے اور بیٹیوں کے پیدا ہونے سے نفرت کرنے والے لوگوں کی یہ بھی ایک اہم وجہ ہے اور اسی لعنت کی وجہ سے ہی آج بیٹی کو رحمت نہیں بلکہ زحمت سمجھا جاتا ہے۔ انسانی کھال میں چھپے ہوئے آج بھی بے شمار سلیم جیسے بھیڑیئے ہمارے معاشرے میں موجود ہیں جو صرف بھاری جہیز کے عوض شادیاں کرتے ہیں اور شادی کے بعد صرف بیٹے کی ہی پیدائش چاہتے ہیں کیونکہ ایسے لوگ شادی نہیں صرف بزنس کرتے ہیں اور یہ ایک نہیں بلکہ بے شمار شادیاں کرتے ہیں، ایسے بے ضمیر لوگوں سے بچنے کے لیے ہر والدین کا یہ فرض بنتا ہے کہ وہ بیٹیوں کو بوجھ نہ سمجھیں۔ ان کو سر سے اتارنے کے لئے جلد بازی میں اپنی بیٹیوں کو بیاہ نہ دیں۔ اپنی بیٹیوں کی شادیاں کرتے ہوئے اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ اگر کوئی ان سے بھاری جہیز لینے کا مطالبہ کرے اور صرف بیٹے پیدا کرنے کی خواہش کا بھی اظہار کرے تو ایسے لوگوں سے اپنی بیٹیوں کی شادیاں مت کریں کیونکہ ایسے لوگ شادی نہیں بلکہ بیوپار کرتے ہیں۔ بیٹیاں سب کی سانجھی ہوتی ہیں اس لئے بیٹی بیاہنے والے اور بیاہ کر لے جانے والے دونوں کو ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہیے۔ جہیز کے اس بڑھتے ہوئے فیشن نما لعنت کو اگر ختم نہیں کیا گیا اور اس کی کوئی حد مقرر نہ کی گئی تو پھر یاد رکھیں کل کوئی اور بیٹی زرین جیسی ماں سے یہ کہنے پر مجبور نہ ہو جائے! اماں مجھے بیچ دو۔

سیل سیل سیل

ماہ رمضان کی مبارک گھڑیوں میں اپنے محبوب کرم فرماؤں کیلئے العارفی عطورات نے زبردست دھماکہ آفر پیش کی ہے۔

تمام امپورٹڈ و لوکل عطریات کی قیمتوں میں 35 سے 45 فیصد کمی کر دی گئی ہے

سٹاک محدود ہے۔ جلد رابطہ فرمائیں | یہ آفر ماہ رمضان المبارک کیلئے ہے

رابطہ نمبر: 0334-4312272

ہرن کی کھال

قیمت: 100 روپے فی سکوائر انچ

معیاری اور بالکل اصلی ہرن کی کھال دستیاب ہے۔ حب کے اعمال کے تعویذات اس پر لکھنے سے عمل فوری اثر کرتا ہے۔ روٹھے ہوؤں کو منانے، محبوب کے دل میں محبت اجاگر کرنے، دوسروں کو تسخیر کرنے نیز ہر قسم کے حب کے اعمال کے تعویذات اس پر لکھیں اور اس کے کرشمات ملاحظہ کریں۔

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272

سوکنوں کا جھگڑا اور دوسری شادی

سید عبدالوھاب شیرازی صاحب

سعودی عرب کے ایک مشہور عالم محمد الامین لشنقیطی فرماتے ہیں:

بعض ملحد اور دشمنان دین کا دعویٰ ہے کہ ایک سے زائد بیویاں رکھنے کے نتیجے میں بیویوں میں کچھ جھگڑا فساد ہوتا ہے، اس سے زندگی کی رونق (اور مزا) کرکرا ہوجاتا ہے کیونکہ مرد جب کسی ایک زوجہ کو خوش کرنے کی کوشش کرتا ہے تو دوسری ناراض ہوجاتی ہے، دوسری کو خوش کرنا چاہتا ہے تو پہلی ناراض ہوجاتی ہے، یوں وہ ہمیشہ دو ناراضیوں میں سے ایک کا بہرحال شکار رہتا ہے اور خود کو ایسی پریشانی میں مبتلا کرنا حکمت اور مصلحت کا کام نہیں۔۔۔۔جو لوگ اس بنیاد پر تعدد زوجات کی مخالفت کرتے ہیں، ان کا کلام ایسا ساقط اور کمزور ہے کہ جس کا لغو اور بے کار ہونا کسی عقلمند پر مخفی نہیں، کیونکہ ایک گھر میں آپس میں نوک جھوک اور جھگڑے ایک ایسا کام ہے جس سے فرار کا کوئی راستہ ہی نہیں، بعض مرتبہ مرد کے اپنی اکلوتی بیوی سے اختلافات اور لڑائی جھگڑے شروع ہوجاتے ہیں، الغرض گھر کے مختلف افراد کی آپس میں نوک جھوک اور جھگڑے کو معاشرے میں ایک معمول کی بات سمجھا جاتا ہے اور ان اختلافات کو بہت زیادہ اہمیت نہیں دی جاتی، چنانچہ ایک سے زائد بیویاں رکھنے میں جو کچھ فسادات واختلاف ہوتے ہیں، ان فسادات واختلافات کی ان مصلحتوں کے مقابلے میں کچھ حیثیت نہیں جو مصلحتیں اس سنت پر عمل پیرا ہونے کے نتیجے میں حاصل ہوتی ہیں۔

مثلاً متعدد عورتوں کی کفالت اور ان کو عفت و پاکدامنی کی زندگی میسر ہونا، قوم کی تمام عورتوں میں سے ہر ایک عورت کے لئے ایک اچھے مرد سے نکاح کا حصول باآسانی ممکن ہوجاتا ہے، بچوں کی شرح پیدائش میں اضافہ تاکہ امت اپنی کثرت کے باعث (مختلف شعبوں میں) دشمنان اسلام کے سامنے ٹھہر سکے، الغرض (یہ اور اس جیسی اور) بڑی بڑی مصلحتوں اور فوائد کے مقابلے میں سوکنوں کے آپس کے جھگڑوں جیسے فسادات کچھ معنی نہیں رکھتے۔ لہٰذا ہم یہ فرض بھی کرلیں سوکنوں کے جھگڑے فساد کا سبب ہیں یا دوسری شادی کے نتیجے میں پہلی بیوی کو جو کچھ تکلیف ہوتی ہے تو بیوی کو ایسی تکلیف پہنچانا بھی فساد کا سبب ہے تو شریعت کی نظر میں ترجیح اس بات کو ہے کہ بڑی بڑی مصلحتوں کی خاطر ان چھوٹے فسادات کو برداشت کیا جائے۔

اس کی مثال یہ ہے کہ مثلاً انگور سے شراب نچوڑی جاتی ہے جو تمام برائیوں کی جڑ ہے مگر انگور سے جو بڑے بڑے فوائد حاصل ہوتے ہیں ان کے پیش نظر انگور کے وجود کو برقرار رکھنا ہی مناسب سمجھا جاتا ہے اور شراب کے نقصانات کو دیکھ کر انگور کے وجود ہی کو ختم کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی۔

پس قرآن نے مرد کے لئے ایک سے زیادہ بیویاں رکھنے کو حلال قرار دیا، عورتوں کی مصلحت کی خاطر تاکہ کوئی مرد ایک بیوی پر اکتفا کرکے نکاح سے وابستہ بہت سی مصلحتوں سے محروم نہ رہ سکے۔ اور اجتماعی سطح پر امت کی مصلحت کی خاطر تاکہ شرح پیدائش میں اضافہ کے باعث امت کی تعداد میں اضافہ ہو اور امت کے لئے (بذریعہ جہاد) اللہ کے کلمہ کو پوری دنیا میں بلند کرنا ممکن ہو۔

پس تعدد زوجات ایک ایسے باخبر کی طرف سے نازل کردہ حکم ہے جو حکمت والا ہے، اس حکم پر اعتراض وہی کرسکتا ہے جس کی بصیرت کو اللہ نے کفر کی گمراہیوں سے اندھا کردیا ہو اور بیویوں کی تعداد کو چار کے عدد میں منحصر کردینا بھی ایک حکمت والے اور باخبر کی طرف سے مقرر کردہ حد ہے، کیونکہ اس سے کم بیویاں رکھنے میں مرد نکاح سے وابستہ بعض فوائد سے محروم ہوسکتا ہے اور اس سے زائد بیویاں رکھنے میں اس کا زیادہ امکان ہے کہ عدل اور بیویوں کے حقوق ادا نہ ہوسکیں گے۔

محمد الامین الشنقیطی (فقہ تعدد ازدواجات بحوالہ اضواء البیان ج ۳ صفحہ ۳۷۷)

انسان کو تباہ کرنے والی 3 خوش فہمیاں

- توبہ کی اُمید پہ گناہ کرنا
- زندگی کی اُمید پہ توبہ نہ کرنا
- توبہ کے بغیر رحمت کی اُمید رکھنا

ٹھنڈک کورس

امراض گرما کا بہترین علاج مطب العارف کا ٹھنڈک کورس

پہلی خوراک ہی میں بفضل خدا مریض پرسکون ہوجاتا ہے

☆اگر آپ کا سر گرم رہتا ہے تو آپ کیلئے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کی آنکھوں میں بہت زیادہ جلن ہوتی ہے تو آپ کیلئے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کے جگر میں گرمی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کے معدہ میں گرمی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کے مثانہ میں گرمی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو پیلا یرقان ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو کالا یرقان ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کا بلڈ پریشر ہائی رہتا ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو بوجہ گرمی نکسیر آتی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو پیشاب میں جلن ہوتی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کے ہاتھ پاؤں جلتے ہیں تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو خونی بواسیر ہے تو خون روکنے کیلئے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو پیاس زیادہ لگتی ہے تو آپ کے لیے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو دست لگے ہوئے ہیں تو ان کو روکنے کیلئے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے ☆اگر آپ کو گرمی کی وجہ سے یا گرمیوں میں بخار ہے تو آپ کیلئے سب سے بہترین چیز ٹھنڈک کورس ہے

نوٹ تمام امراض گرما سے محفوظ رہنے کیلئے حفظ ماتقدم کے طور پر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

چھوٹی پیکنگ: **550** روپے

بڑی پیکنگ: **1100** روپے

پیغام جوانی کیپسول

☆طاقت وقوت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے ☆مخفی و پوشیدہ طاقتوں کا سرچشمہ ہے ☆زندگی کا ایک سچا اور بہترین ساتھی ہے ☆ہمیشہ کی شرمندگی سے نجات دلاتا ہے ☆مسرت وشادمانی کے لمحات میں اضافہ کرتا ہے ☆خاص اوقات میں زبردست اضافہ کرتا ہے ☆بلا مبالغہ حقیقت میں ہی جوانی کا پیغام ہے ☆ازدواجی تعلقات کو مستحکم ومضبوط بناتا ہے ☆روزانہ کی گھریلو لڑائیوں کو محبتوں میں تبدیل کرتا ہے ☆زوجین کے اعتماد کو ہمیشہ بحال رکھتا ہے ☆خاوند کو جلدی گھر آنے پر مجبور کرتا ہے ☆طلاق کے مطالبات کو ختم کروانے والا بہترین تحفہ ہے ☆مایوس الباہ دوستوں کے لیے ایک عظیم خوشخبری ہے ☆فوری اور پہلی خوراک میں رزلٹ دینے والا گفٹ ہے ☆منٹوں کو گھنٹوں میں بدلنے والا ایک خاص نسخہ ہے ☆ہر عمر کے مرد حضرات بلاخوف وخطر استعمال کرسکتے ہیں ☆ہر قسم کی نشہ آور اور مضر اثرات سے سو فیصد پاک ہے ☆آپ کی سوچ سے زیادہ قیمتی اجزاء سے تیار کیا گیا ہے ☆قدر دانوں کے لیے ایک انمول، بے مثال اور لاجواب چیز ہے ☆مطب العارف کی طرف سے عوام الناس کے لیے طب یونانی کا 100 فیصد رزلٹ دینے والا ایک خاص مثالی تحفہ ہے

چھوٹی پیکنگ: **750** روپے

بڑی پیکنگ: **1500** روپے

PEPRON

ہاضمے کا لاجواب شربت ہر فرد کی ضرورت

تیزابیت، سینے کی جلن، پیٹ درد، بدہضمی، بھوک کی کمی، ہیضہ، قے، متلی، سر چکرانا اور قبض کے لئے بہت مفید

45/- 60 ML روپے

70/- 120 ML روپے

مطب العارف 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ **042-35410586, 0307-5525103 darulamal.org/matabalaarif**

لڑکا یا لڑکی... اختیار مرد کا یا عورت کا؟

خالد مقبول حفظہ اللہ


ہمارے معاشرے کا ایک بہت بڑا المیہ ''جہالت'' ہے۔ علم کی کمی کی وجہ سے ایسے ایسے واقعات سننے میں آتے ہیں کہ اللہ ﷻ کی پناہ۔ اسی جہالت کے زمرے میں لڑکیاں پیدا ہونے کا ایک معاملہ ہے۔ آئے دن اخباروں میں خبریں چھپتی ہیں کہ لگاتار لڑکیاں ہونے کی وجہ سے بیوی کو مارا پیٹا، طلاق دے دی، بیوی کو میکے بھیج دیا، بیوی کو قتل کر دیا وغیرہ وغیرہ۔ صرف شوہر ہی نہیں، سسرال کے دیگر افراد بھی ایسے قبیح فعل میں بھرپور کردار ادا کرتے ہیں۔ خصوصاً ساس محترمہ جو زبان سے اس بیچاری پر نشتر چلا چلا کر اس کو زخمی کرتی رہتی ہیں۔ اور اس بات سے بالکل بے خبر اور لاعلم ہوتی ہیں کہ جس کام کی سزا اس بیچاری عورت کو دی جا رہی ہے، اس کا ایک فیصد بھی اس سلسلے میں کوئی قصور ہی نہیں۔ اگر قصور وار ٹھہرانا ہی ہے تو مرد کو ٹھہرایا جائے جس میں لڑکے پیدا کرنے کی صلاحیت ہی نہیں۔ اور یہ بات کوئی مرد بھی ماننے کو تیار نہیں بلکہ اس جملے کو تو گالی سمجھتے ہیں۔

میڈیکل سائنس کا احسان ہے کہ جس نے واضح کیا کہ لڑکا یا لڑکی پیدا ہونے کا معاملہ کیا ہے؟ شوہر بیوی میں کون اس کا ذمہ دار ہے، کون نہیں؟ لڑکے کے لئے کیا کیا جائے اور لڑکی کے لئے کیا کیا جائے؟

- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- محمد علیم صاحب (لاہور)
- محمد صالح صاحب (مظفر آباد)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات 0322-4773786

خط وکتابت کا پتہ پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

مشیر قانونی چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ
جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت فی شمارہ 50 روپے
سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 650 روپے
سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

ٹیلی نار 03437727721..... یو بی ایل اومنی 03437772772

03028401977..... یو پیسہ 33343082867

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔
برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین.....جولائی ۲۰۱۶ء.....شوال المکرم ۱۴۳۷ھ

اداریہ (مولانا علی آفاق)	5
عالمِ امثال اور ہفت منازل (صوفی غلام سرور شباب)	7
زہد کا بیان (حضرت امام غزالی رحمہ اللہ)	9
''یا ظاہر اور یا باطن'' کے خواص اور اثرات	12
آیت الکرسی کے اعمال (مرتب: مولانا محمد عرفان)	13
حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ کے اعمال	15
خزینۂ روحانیات کے ممبران کیلئے عام اجازت والے اعمال .....مرتب: مولانا علی آفاق	16
خواتین کیلئے خاص اعمال (اہلیہ مولانا سلیم اللہ ظفر)	17
''سورۃ الاخلاص'' خیر و برکت کا بے مثال وظیفہ	18
کینسر کا اکسیرِ اعظم (صلاح الدین صاحب، لاہور)	19
کاروبار کی بندش کا علاج (محمد عارف)	21
مریض کے بدن میں جنات کو حاضر کر کے جلانے کا خاص عمل	22
سحر سے نجات کا عظیم ترین عمل (محمد ارشد)	23
عمل کحل جنات، تسخیر مؤکل نورانی (سید پیر محبوب علی شاہؒ)	24
حاضرات کے خاص اعمال (قیصر احمد صاحب، کراچی)	25
آپ کے روحانی مسائل اور ان کا حل	26
پریشانیوں، مصائب، تکالیف، مشکلات میں گرفتار، خوشیوں سے ناامید، زندگی سے مایوس بے بس افراد کے لیے خوشخبری	28
اُف یہ بندش کیسے ختم ہوگی؟ (مولانا علی آفاق)	31
لوح ترقی دولت (مولانا سلیم اللہ ظفر)	36
لوح ترقی رزق (مولانا سلیم اللہ ظفر)	37
لوح تسخیرات (اہلِ خانہ) (مولانا سلیم اللہ ظفر)	38
لوح شفائے امراض (مولانا سلیم اللہ ظفر)	39
شناخت قسط:۳ (عنایت حسین چشتی)	41
ظالم دشمن اور چور کا بدن پھولانے کے مخفی اعمال	45
عمل حاضری مطلوب سات روزہ (غلام سرور شباب)	47
گھر سے بیماریاں کیوں نہیں جاتیں؟ (عبدالخالق عباس)	48
ہمارے بھائی کو نئی زندگی مل گئی (محمد عرفان)	50
آیئے ہمارا ساتھ دیجئے! (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	51
حکومت عوام کو کیسے خوش کرتی ہے (شازیہ اکرم)	51
مؤثر ترین لوگوں کی سات عادات (شکیل احمد)	52
بیوی سے مناظرانہ روش بدلنے کی نصیحت (سید عبدالوھاب)	54
بے شمار امراض میں کافور کے فوائد (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	55
آپ کے سوالات۔۔۔مطب العارف کے جوابات	57
ہائی بلڈ پریشر اور اس کا علاج (انتخاب: سعدالرحمٰن)	58
بغلوں سے آنے والی بدبو سے چھٹکارے کیلئے آسان اور مفید نسخے	61

دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ اور علاج گاہ کے نائب ناظم مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب کا دورۂ پشاور اور راولپنڈی/اسلام آباد۔

پشاور: جامع مسجد محمدی، گلی نمبر 4، فیصل کالونی، دلہ زاک روڈ، پشاور۔

راولپنڈی/اسلام آباد: جامع مسجد سیدنا صدیق اکبر، نیازی ٹاؤن، گلی نمبر 2 بالمقابل روتاس شادی ہال مصریال روڈ، راولپنڈی کینٹ۔

* جادو، جنات، نظر بد، بندش کے مریضوں کا روحانی علاج * جائز خواہشوں کے حصول میں ناکام لوگوں کی رہنمائی * روحانی درسگاہ کے طالب علموں کیلیے روحانی تربیتی کلاس * فیس/بغیر فیس کے تمام اعمال کی باقاعدہ اجازت اور رہنمائی * روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے مسائل کا حل * خزینہ روحانیات کی سالانہ ممبر شپ کا حصول * روحانی دکان سے ملنے والی تمام روحانی اشیاء کی دستیابی۔ رابطہ نمبر: 0346-4661681

حمد باری تعالیٰ

تجھ سے جو ہر گھڑی ڈرے مولا
کام کیسے برے کرے مولا

تو کہ شہ رگ سے بھی قریب مگر
ہے پرے سے بھی پرے مولا

پاگئے اصل میں سراغِ حیات
جو تری رہ میں کٹ مرے مولا

جو ترے نام پہ کریں خالی
ان کے دامن رہیں بھرے مولا

جو بھی مجذوبِ ذاتِ باری ہوا
بات کب غیر کی کرے مولا

مل گئی رمز لا الہ جسے
بھاگ اُس کے ہوئے ہرے مولا

کچھ بھی تو صابریؔ نہیں ممکن
وہی ممکن ہے جو کرے مولا

(محمد علی صابری)

نعت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رحمت للعالمیں کوئی نہیں
آپ سا کوئی نہیں کوئی نہیں

آپ ہی ٹھہرے ہیں فخرِ آسماں
آپ سا فخرِ زمیں کوئی نہیں

چاند سورج یا جبینِ کہکشاں
آپ سا روشن جبیں کوئی نہیں

شاہِ دو عالم سے نسبت ہے ہمیں
کیوں کہیں، اپنا کہیں کوئی نہیں

شافعِ محشر، رسولِ آخری
آئے گا اب شاہِ دیں کوئی نہیں

آپ کے پیکر کے جیسا یا نبی!
پیکرِ عزم و یقیں کوئی نہیں

ماسوا طیبہ کے اکرمؔ دہر میں
رحمتوں کی سرزمیں کوئی نہیں

(محمد اکرم اکرم)

انتقال پُر ملال

دارالعمل چشتیہ کے سرپرست جناب خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کی چچی ڈاکٹر فرحت فاطمہ جمیل قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئیں۔ مرحومہ کی خواہش تھی کہ اللہ ﷻ ان کو جمعہ کے روز موت دے جو کہ اللہ ﷻ نے قبول فرمائی اور شبِ جمعہ کو ان کا انتقال ہوا۔ قارئین سے ان کی مغفرت اور بلندیٔ درجات کیلئے دعاؤں کی درخواست ہے۔

(ادارہ)

کامیاب زندگی کا راز

زندگی کا راز عطا کرنے میں پنہاں ہے۔ اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ آپ کی زندگی ایک کامیاب زندگی ثابت ہو تو آپ کو اس امر سے آغاز کرنا ہوگا کہ عطا کیسے کرتے ہیں۔ بہت سے لوگ یہ سوچتے ہوئے اپنی زندگی کا آغاز کرتے ہیں کہ انہیں وصول کیسے کرنا ہے؟ وصول کرنا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ وصول کرنا ایک سمندر کی مانند ہے۔ لیکن آپ کو یہ یقین دہانی کرنی چاہیے کہ آپ دینے والے ہیں، آپ عطا کرنے والے ہیں تاکہ آپ اس عمل کو جاری وساری رکھ سکیں۔ وصول کرنے کا انتظار ہرگز نہ کریں۔ آپ یہ ہرگز نہ کہیں کہ میں نے عطا کر دیا ہے، اب اُس کی باری ہے کہ وہ عطا کرے۔ (شخصی ترقی کے حصول کی نئی سائنس)

عارف باللہ حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر ؒ کی CD اور مواعظ نئے ٹائٹل میں چھپ کر آگئے ہیں۔ آج ہی مفت منگوائیں۔ عام ڈاک کیلئے 20 کا لوڈ اور رجسٹرڈ ڈاک کیلئے 60 کا لوڈ اس نمبر پر کروائیں اور اپنا پتہ sms کریں۔ 0322-4773786

اداریہ...

مولانا علی آفاق صاحب

آہ! حسرت رمضان المبارک کا مہینہ ہم سے جدا ہو گیا۔ اس مبارک مہینے کا استقبال اور اس کی کماحقہ قدر نبی آخر الزمان حضور ﷺ کیا کرتے تھے۔ خود بھی جاگتے اور اہل بیت کو شب بیداری کرنے کی ترغیب دیا کرتے تھے۔ آپ ﷺ کی سخاوت اس مبارک مہینے میں سخت آندھی سے زیادہ تیزی سے لوگوں کو فیض پہنچایا کرتی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے برگزیدہ بندوں کے درجات میں اضافہ اور ہم جیسے گنہگاروں کیلئے بخشش اور مغفرت کا سامان اس مبارک ماہ میں رکھا ہے۔ دن کا روزہ، دن بھر میں دنیاوی لڑائی جھگڑوں سے اپنا دامن بچانا، غم خواری اور لوگوں کے کام آنا، محتاجوں، مسکینوں اور بیواؤں کیلئے اپنی جسمانی مشقت میں اضافہ کرتے ہوئے ان کیلئے راحت کا سامان مہیا کرنا۔ اپنے ملازموں پر سے کام کے بوجھ کو ہلکا کرنا، روزہ خود رکھنا اور افطاری کے وقت تک بے شمار حلال، جائز اور مباح اعمال سے صرف اللہ کی رضا اور نبی ﷺ کی اطاعت میں رکے رہنا۔ پھر جب افطاری کا وقت آن پہنچے تو دعا کیلئے ہاتھوں کو نا صرف بلند کرنا بلکہ پوری امت محمدیہ ﷺ کو اپنی دعاؤں میں رکھتے ہوئے اپنی بساط اور اوقات کے مطابق دیگر دوست، احباب اور مسکین وفقراء کو بھی افطاری میں شامل کرنا، یہ ساری عبادات یقیناً رمضان المبارک کا ہی خاصہ ہے۔

اسلام عمل اور جہد کا دین ہے۔ اس لئے مغرب کی نماز کے بعد پھر سے رب جلیل کی بارگاہ میں حاضری کی تیاری کیلئے کمر بستہ ہونا اور عشاء کی نماز باجماعت پڑھنے کے ساتھ ساتھ مسنون طریقہ پر پوری بیس رکعات تراویح کا اہتمام، پھر خاص مقرب اور برگزیدہ لوگوں کا ساری رات عبادات اور اوراد وظائف کی مشغولیت اللہ کے خاص قرب کا پتہ دیتی ہے۔ الغرض سارا مہینہ بھرپور اعمال کی مشق، باجماعت نمازوں کا مسجد میں اہتمام، ہر شخص کا اذان کی آواز سنتے ہی مسجد کی جانب لپکنا اس بات کی علامت ہے کہ دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف اور رسول ﷺ کی اطاعت کا جذبہ موجزن ہے، صرف ماحول بنانے کی ضرورت ہے۔ کیونکہ ہر شخص قائدانہ صلاحیتوں کا حامل نہیں ہوتا۔ اس کو معمولی توجہ اور ماحول اپنے رنگ میں رنگ لیتا ہے۔ لہٰذا آیئے عہد کریں کہ جس طرح سارا رمضان عبادات کا خیال رکھا، روزے کے ساتھ فحش گوئی اور بے ہودگی کلام وحرکات سے اجتناب کرتے ہوئے رمضان کو قیمتی بنانے کی فکر کی ہے۔ آئندہ گیارہ ماہ بھی اس رمضان کی عبادات، پرہیز اور تقویٰ کے پٹرول کے ذریعے ایمان اور اعمال کی گاڑی کو درست راستے اور ٹریک پر چلائیں گے۔ ہماری کوئی حرکت اور سکون اللہ تعالیٰ کے سامنے صفت احسان کے بغیر نہیں ہوگی۔ نماز کو اللہ تعالیٰ کی خاص رحمت اور حضور ﷺ کی آنکھوں کی ٹھنڈک سمجھتے ہوئے باجماعت مسجد میں ادا کرنے کا عزم کرتے ہوئے اپنے تمام شب وروز کو اخلاق نبوی ﷺ کا نمونہ بنا کر پیش کریں گے۔ جس طرح پورا مہینہ اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر جائز کاموں بلکہ بعض نیک اعمال سے کنارہ کیا۔ آئندہ ہمیشہ کیلئے برے اور ناراضگی والے اعمال سے کنارہ کشی کریں گے۔ اب آتے ہیں روحانی طلباء، شائقین اور روحانی درسگاہ سے اس مبارک مہینے میں فیض اٹھانے والے دوستوں کی طرف۔ الحمدللہ سینکڑوں کی تعداد میں افراد نے ادارہ دارالعمل چشتیہ کے نصاب کے مطابق درجات اور ریاضت کی کامیاب منازل طے کیں۔ ایسے تمام بہنوں اور بھائیوں کو مبارک باد۔ جن دوستوں نے اعمال کے بعد اپنے کاموں، مسائل، پریشانی، بے روزگاری اور تکالیف کو ختم ہوتے دیکھا ہے اور ان کا ارادہ ادارے کے دیگر اعمال کی چلہ کشی اور ریاضت کا ہے۔ ان سب کی کامیابی کے لئے ادارہ دعا گو ہے اور حضرت سیدی مرشدی خالد مقبول صاحب نے ان احباب کیلئے خصوصی دعا فرمائی ہے۔

پچھلے تمام سالوں کے مقابلے میں، کئی گنا زیادہ احباب نے، اس سال رمضان میں اعمال کی ریاضت مکمل کی۔ ماشاءاللہ، الحمدللہ یہ تعداد، ادارے پر اعتماد کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اللہ سب کو کامیابی عطا فرمائے اور ادارے کو ترقی عطا فرمائے۔ آخر میں تمام قارئین، ممبران، روحانی علاج گاہ اور روحانی درسگاہ کے طلباء کو ادارے کی جانب سے عید مبارک۔ اللہ تعالیٰ تمام امت کو عید سمیت دنیا کی تمام خوشیاں اور عافیت نصیب فرمائے۔ آمین

دارالعمل چشتیہ کے مختلف شعبوں کے رابطہ نمبرز

روحانی درسگاہ

روحانی درسگاہ میں روحانی علوم سیکھنے کے لیے رابطہ فرمائیں۔ روحانی درسگاہ کے طالب علموں کو اگر روحانی علاج کے سلسلے میں کوئی بات کرنی ہو تو وہ بھی روحانی درسگاہ پر ہی رابطہ کریں، روحانی علاج گاہ پر نہیں۔

ناظم صاحب: 0320/0345-4661681

اوقات: دوپہر 2 بجے تا 5 بجے (جمعہ و اتوار کو فون نہ کریں)

نائب ناظم صاحب: 0346-4661681

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

روحانی علاج گاہ

ہر طرح کے مسائل کے حل اور حاجات پوری ہونے کے سلسلے میں روحانی علاج گاہ کے ماہرین سے اعتماد کے ساتھ رابطہ فرمائیں۔

ناظم صاحب: 0324/0344-8439477

اوقات: شام 4 بجے تا 8 بجے (جمعہ و اتوار کو فون نہ کریں)

نائب ناظم صاحب: 0343-4686217

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

نوٹ روحانی درسگاہ اور روحانی علاج گاہ سے رابطہ کرنے والے پاکستان سے باہر والے حضرات و خواتین، اتوار کے روز، پاکستانی وقت کے مطابق شام 4 بجے سے 7 بجے، ادارے کے انٹرنیٹ والے نمبر پر رابطہ کر کے ناظم صاحب یا نائب ناظم صاحب سے بات کر سکتے ہیں۔ ادارے کا انٹرنیٹ کا نمبر Viber, IMO, Whatsapp-0322-7772772

مطب العارف

ہر طرح کے جسمانی امراض کے طبی علاج کے سلسلے میں مطب العارف کے معالجین سے اعتماد کے ساتھ رابطہ فرمائیں۔

شعبہ حکمت (یونانی علاج): 0300/0346-4686217

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

شعبہ ہومیوپیتھی: 0320/0341-4168008

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

شعبہ ہومیوپیتھی (خواتین): 0322/0340-8401978

اوقات: صبح 10 بجے تا 12 بجے (پیر کو فون نہ کریں)

خزینۂ روحانیات

خزینۂ روحانیات کے مضامین کے سلسلے میں تمام لکھاری حضرات، ممبران اور قارئین ان نمبرز پر رابطہ فرمائیں۔

مدیر: 0320/0341-4168008

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

معاون مدیر: 0343-4686217

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

نوٹ رقم کی ادائیگی اور سامان کی ترسیل کیلئے 0322-4773786

اوقات: صبح 10 بجے تا 7 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

*.....ادارے کی جنرل معلومات کے لیے 0343-7772772

اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

*.....درج بالا نمبرز کے علاوہ پرانے نمبرز پر رابطہ نہ فرمائیں۔ **ادارہ**

عالم امثال اور ہفت منازل

صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ

عالمِ امثال

اہلِ شرع اور اہلِ تصوف متعدد عوالم موجود مانتے ہیں۔ایک عالمِ شہود ہے۔وہ تو یہی عالم ہے جس میں ہم اور آپ سب اس زندگی کے ساتھ زندہ ہیں۔یہاں تمام اجسام مادہ اور عنصر سے بنے ہوئے ہیں۔اس کے علاوہ ایک عالمِ مثال ہے جس میں ہر وہ مخلوق جو اس عالمِ شہود میں ہے اُس عالم میں بھی ہے لیکن اس عالم میں مادہ اور عناصر کا وجود نہیں ہے وہاں جو اُس کا جسم ہے وہ جسمِ عنصری نہیں بلکہ جسمِ مثالی کہلاتا ہے۔

ہفت منازل

پہلی منزل وادی طلب وجستجو

دوسری منزل وادی عشق ومحبت

تیسری منزل وادی معرفت

چوتھی منزل وادی استغناء

پانچویں منزل وادی توحید

چھٹی منزل وادی حیرت وبے خودی

ساتویں منزل وادی فقر وغناء اور فنا ہے، اس سے مراد قرب حق اور ولایت ہے۔

منطق الطیر

منطق الطیر خواجہ فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ کی تحریر کردہ ایک تمثیلی مثنوی ہے جس میں چار ہزار چھے سو اشعار ہیں۔مثنوی کا آغاز اللہ تبارک وتعالیٰ کی حمد وثناء، رسول کریم ﷺ کی نعت اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ کی منقبت سے کیا گیا ہے۔مثنوی میں 45 مقالے ہیں، آخر میں ایک خاتمہ ہے۔مضمون پرندوں کے اجتماع سے شروع ہوتا ہے۔آپ پرندوں کا خیال بیان کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں کہ پرندوں (انسانوں) کے خیال میں کوئی ملک بادشاہ کے بغیر خوشحال نہیں رہ سکتا اور وہ اپنا بادشاہ سیمرغ (حق) کو خیال کرتے ہیں اور اسے تلاش کرنے کے لیے تمام پرندے ہدہد (راہ نما، پیامبر) کی راہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ہدہد (مرشد کامل) وعدہ کرتا ہے کہ وہ انہیں سیمرغ (فارسی زبان میں ''سی'' کا مطلب 30 اور ''مرغ'' پرندے کو کہتے ہیں) تک پہنچادے گا۔شرط یہ ہے کہ وہ راستے کی صعوبتیں برداشت کرنے کی ہمت رکھتے ہوں، ان پرندوں میں 30 پرندے ایسے ہوتے ہیں جن کی طلب صادق ہوتی ہے جن کو ''سالک'' کہا جاتا ہے۔سالک جو صعوبتیں برداشت کرتے ہیں وہ دراصل عارفین کی ریاضتیں ہیں۔راہ سلوک میں سالک کی سات وادیاں (بمعنی منازل) ہوتی ہیں۔

پہلی منزل (وادی).....طلب وجستجو

پہلی منزل (وادی) کا نام طلب وجستجو ہے۔جب تک کوئی سالک اپنے اندر طلب وجستجو پیدا نہ کرے گا وہ کمال کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتا۔بہت سارے پرندے ادھر سے ہی واپس ہوجاتے ہیں۔کیونکہ وہ اپنے اندر طلب وجستجو کا مادہ نہیں پاتے ہیں۔

دوسری منزل (وادی).....عشق ومحبت

دوسری منزل (وادی) کا نام عشق ومحبت ہے، اس کیلئے سالک کو منزل مقصود سے اتنی دل بستگی ہو یعنی ارادہ اتنا قوی وپختہ ہو کہ راہِ طریقت میں بلا اندیشہ نکل کھڑا ہو اور راستہ کی تکالیف اور مصائب کو خاطر میں نہ لائے۔اس منزل پر بہت سارے پرندے آکر رُک جاتے ہیں اور بہت سارے راستے میں ہی ہلاک ہوجاتے ہیں کیونکہ ان کا مادہ ان مصائب اور سختیوں کا متحمل نہیں ہوتا ہے۔

تیسری منزل (وادی).....معرفت

تیسری منزل (وادی) کا نام معرفت ہے اور یہ ہر سالک کی عقل

واستعداد کے مطابق ہوتی ہے یعنی جیسا اس کا مادہ ہوگا بعینہٖ معرفت ہوگی۔ اس منزل پر آکر بہت ساری باتوں کی معرفت حاصل ہوتی ہے۔علوم وفنون کی حقیقت منکشف ہوتی ہے اور بہت سارے ادھر ہی مشغول ہوجاتے ہیں۔

چوتھی منزل (وادی).....استغناء

چوتھی منزل (وادی) کا نام استغناء ہے۔اس وادی میں دنیا و مافیا سے بے نیاز سالک داخل ہوتا ہے۔خواہشات دنیا کا اسیر شخص اس وادی میں داخل ہوسکتا ہے۔کیونکہ یہ سالک بلند نظر ہوتا ہے اور اس کو نظر آتا ہے کہ یہ سب اعتبارات ہیں جن کو عوام الناس حقیقت سمجھ رہے ہیں،اس کی نظر میں دنیا اس نقش کی مانند ہے جس کو صحرا کی ریت پر لکھا جاتا ہے اور پھر ہوا کے بگولے اس کو مٹا دیتے ہیں۔

اس مقام پر بہت سارے پرندے مستقل رہائش اختیار کر لیتے ہیں کیونکہ وہ اپنے آپ میں آگے جانے کی استطاعت نہیں پاتے ہیں۔یہ مقام جذب ہے،اس مقام کا بندہ اٹھارہ ہزار عالم کا اپنے ناخن پر مشاہدہ کرتا ہے۔اور ایسے بندہ کی حرکات وسکنات پر غور کیا جائے تو وہ ہر قدم بہت پھونک پھونک کر رکھتا ہے کیونکہ دنیا اس کو ایک فٹبال کی مانند دِکھتی ہے اور وہ خیال کرتا ہے کہ اگر ایک قدم اور آگے بڑھایا تو نیچے گر جائے گا۔مزید جاننے کیلئے دیکھیں حاجی شریف زندنی کے واقعات جو کہ حضرت عثمان ہارونی رحمۃ اللہ علیہ کے مرشد تھے اور مؤخر الذکر حضرت خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے مرشد تھے۔

پانچویں منزل (وادی).....توحید

پانچویں منزل (وادی) کا نام توحید ہے،اس مقام پر سالک کو کثرت میں وحدت نظر آتی ہے،وہ ہر شئے میں تجلیات اسماء کا مشاہدہ کرتا ہے۔من وتو کا فرق مٹ جاتا ہے۔بہت سارے اسی مقام پر آکر رُک جاتے ہیں اور مستقل رہائش اختیار کر لیتے ہیں۔

چھٹی منزل (وادی).....حیرت و بے خودی

چھٹی منزل (وادی) کا نام حیرت و بے خودی ہے،اس مقام پر آکر سالک کو پتہ چلتا ہے کہ اس کی ساری معلومات محدود تھیں اور وہ محض لاعلم تھا تو وہ مبہوت ہوجاتا ہے یہاں تک کہ اپنی ہستی تک سے بھی بیگانہ ہوجاتا ہے۔

؎ دیوانگی میں حد سے گزر جانا چاہیئے
لیکن کبھی کبھی تو گھر آنا چاہیئے

ساتویں منزل (وادی).....فقر وفنا اور بقا

ساتویں منزل (وادی) کا نام فنا ہے۔یہاں پر سالک فنا کے بعد بقا پاتا ہے اور واصل بحق ہوجاتا ہے۔

خواجہ فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس مقام پر صرف 30 پرندے پہنچتے ہیں اور وہ سیمرغ کو پالیتے ہیں۔یعنی اپنی حقیقت کو پالیتے ہیں۔کیونکہ وہ یہ دیکھتے ہیں کہ ''سی مرغ'' اور ''اُن'' میں کوئی فرق نہیں ہے۔(من عرفہ نفسہ فقد عرف ربہ)

نہ جانے کیوں میرا دِل چاہتا ہے کہ میں ادھر ابھی اور اسی وقت شاد عظیم آبادی کی ایک غزل نقل کروں۔(عظیم آباد ''انڈیا'' حیدر آباد دکن کے قریب واقع ہے۔)

غزل

ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں، ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم
تعبیر ہے جس کی حسرت وغم، اے ہم نفسو وہ خواب ہیں ہم
اے دَرد بتا کچھ تو ہی پتہ، اب تک یہ معمہ حل نہ ہوا
ہم میں دِلِ بے تاب نہاں یا آپ دِل بیتاب ہیں ہم
لاکھوں ہی مسافر چلتے ہیں، منزل پہ پہنچتے ہیں دو ایک
اے اہلِ زمانہ قدر کرو، نایاب نہ ہوں کمیاب ہیں ہم
مرغان قفس کو پھولوں نے اے شادؔ یہ کہلا بھیجا ہے
آجاؤ! جو تم کو آنا ہو، ایسے میں ابھی شاداب ہیں ہم

(شاد عظیم آبادی)

زہد کا بیان

تحریر: حضرت امام غزالیؒ

زہد علم کا ثمرہ اور شرح صدر کی علامت ہے

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ”اے محمد (ﷺ) اس مال وجاہ کی طرف نظر اٹھا کر نہ دیکھو جو ہم نے کافروں کو دنیا کی تازگی کی جنس سے دے رکھا ہے کیونکہ اس سے مقصود ان کو فتنہ میں ڈالے رکھنا ہے اور تمہارے پروردگار ہی کی عطا بہتر اور زیادہ پائیدار ہے“۔

قارون ملعون کے قصہ میں ارشاد ہے کہ قارون بن سنور کو ٹھاٹ کے ساتھ جلوس میں نکلا اور بعض لوگوں کو یہ تزک واحتشام دیکھ کر حرص ہوئی تو جن لوگوں کو علم مرحمت ہوا تھا وہ کہنے لگے کہ ”افسوس تم اس ناپائیدار چیز کی حرص کرتے ہو، دیکھو اللہ تعالیٰ کا ثواب سب سے بہتر چیز ہے“۔

اس قصہ سے معلوم ہوا کہ زہد علم کا ثمرہ ہے۔ رسول مقبول ﷺ فرماتے ہیں کہ ”جو شخص صبح اٹھتے ہی دنیا کے غم میں گرفتار ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کا دل پریشان کر دیتا ہے اور ملتا اسی قدر ہے جتنا اس کی تقدیر میں لکھا جا چکا ہے اور جو شخص صبح اٹھتے ہی آخرت کی فکر میں لگ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا قلب مطمئن رکھتا ہے اور اس کی دنیا کی خود حفاظت وکفالت فرماتا ہے۔ اس نیک بندے کا دل غنی کر دیتا ہے اور دنیا اتنی مرحمت فرماتا ہے کہ یہ منہ پھیرتا ہے اور دنیا اس کے پیچھے بھاگی چلی آتی ہے“۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ”اللہ جس کو ہدایت دینا چاہتا ہے اس کو شرح صدر کر دیتا ہے“۔ اس کی تفسیر جناب رسول مقبول ﷺ نے اس طرح بیان فرمائی ہے کہ ”اس کے قلب میں ایک نور داخل فرما دیتا ہے جس سے اس کا سینہ شرح (کشادہ) ہو جاتا ہے“۔ صحابہؓ نے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ اس کی شناخت کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ”دنیا سے بے رغبتی اور دین کی جانب توجہ اور موت سے پہلے موت کا انتظام کرنا شرح صدر کی خاص پہچان ہے“۔

زہد کی حقیقت اور ثمرہ وثمر

حقیقی زہد یہ ہے کہ انسان دنیا کے مال ومتاع کی جانب التفات نہ کرے اور باوجود اس کے حاصل کرنے کی قدرت کی پھر اس کی جانب متوجہ نہ ہو۔

اور زہد کی اصل وہ نور اور علم ہے جو اللہ کی طرف سے بندہ کے قلب میں ڈال دیا جاتا ہے جس کی وجہ سے سینہ کھل جاتا ہے اور یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ دنیا کے جملہ ساز وسامان مکھی کے پر سے بھی زیادہ حقیر ہیں اور آخرت ہی بہتر اور پائیدار ہے۔ جس وقت یہ نور حاصل ہوتا ہے تو اس حقیر دنیا کی آخرت کے مقابلہ میں اتنی بھی وقعت نہیں رہتی جتنی کسی بیش قیمت جواہر کے مقابلے میں قلب میں ایک پھٹے پرانے چیتھڑے کی وقعت ہوا کرتی ہے۔

اور زہد کا ثمرہ یہ ہے کہ بقدر ضرورت کفایت دنیا پر قناعت حاصل ہو جائے پس زاہد اسی مقدار پر کفایت کیا کرتا ہے جتنا کسی مسافر کو سفر کا توشہ اپنے پاس رکھنا ضروری ہوتا ہے۔

زہد سے بھی زہد ہونا اعلیٰ درجہ ہے

زہد کا اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ زہد ہے بھی زہد حاصل ہو جاتا ہے یعنی دنیا کی جانب سے بے التفاتی کو بھی وقعت کی نظر سے نہ دیکھے بلکہ یوں سمجھے کہ دنیا کی کوئی چیز بھی ہو جس کا چھوڑنا ہمت اور بہادری سمجھی جائے یا مسرت کی نگاہ سے دیکھا جائے، اس کی تو اہل بصیرت کے نزدیک اتنی بھی وقعت نہیں ہے جتنی کسی بڑے بادشاہ کے نزدیک ایک پیسے کی قدر ہوا کرتی ہے۔ اس بے حیثیت دنیا کو چھوڑ کر یہ سمجھنا کہ ہم نے کچھ چھوڑ دیا، حقیقت میں اس کے درجہ کا اس کی حیثیت سے بڑھانا ہے۔ اس کی مثال تو ایسی سمجھو جیسے کہ کوئی شخص شاہی دربار میں داخل ہونا چاہے اور اس کو دروازے پر بیٹھا کتا داخلہ سے روک رہا ہو پس یہ اس کے سامنے ایک روٹی کا ٹکڑا ڈال دے تا کہ اس کے کھانے میں لگ جائے اور یہ اپنے مطلوب کے دربار میں جا داخل ہو، اسی طرح شیطان اللہ تعالیٰ کے دروازے کا کتا ہے جو سالک کو مطلوب تک پہنچنے سے روک رہا ہو اور ساری دنیا روٹی کے ایک ٹکڑے سے بھی زیادہ بے وقعت ہے جس کو اس کے سامنے ڈال کر سالک نے اپنے مطلوب تک پہنچنے کا راستہ صاف کر لیا ہے پس تم ہی سوچو کہ شاہی دربار کی حاضری کا اعزاز حاصل کرنے کیلئے جو کتے کو روٹی کا ٹکڑا ڈالا گیا ہے نہ اس کی ذہن میں وقعت ہوگی اور نہ اس کو قابل ذکر وخیال امر سمجھا جاوے گا بلکہ روٹی کے ٹکڑے اور دنیاوی بادشاہ میں تو کچھ مناسبت بھی معلوم ہوتی ہے کہ دونوں ایک دن فنا ہونے والے ہیں پس فانی شے کے حصول کیلئے ایک فانی شے کا ہاتھ سے کھو دینا جب وقعت کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا تو دنیا اور آخرت میں تو کوئی مناسبت ہی نہیں ہے، اس لئے کہ اگر دنیا لاکھوں بھی ہوں گی تو وہ بھی ایک دن فنا ہو جائیں گی۔ پس آخرت کی جاوید نعمتوں اور اس پائیدار ملک کی دائمی سلطنت حاصل کرنے کیلئے اگر دنیا کو ہاتھ سے چھوڑ دیا جائے اور شیطان کے حوالہ کر دیا جائے تو اس کا خیال اور ذکر ہی کرنا فضول ہے۔

maktabatulaarif.blogspot.com روحانی علوم پر عربی، اردو، فارسی اور انگریزی کتب کی فروخت

ماہنامہ طلسماتی دنیا (دیوبند انڈیا) کے 4 انمول خاص نمبر جو ہر فرد مریض، طالب روحانیات اور عامل کی اشد ضرورت ہیں

خزینہ روحانیات کے ممبران کیلئے زبردست ڈسکاونٹ

(۱) عملیات محبت نمبر جنوری، فروری 2004ء

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر) صفحات:250 قیمت:750روپے

کشکول عشق ومحبت ☆ محبت کی مجرب تکسیر کا عمل ☆ محبت کا مجرب عمل ☆ محبت کا ایک آزمودہ عمل ☆ عملیات محبت ☆ نقش حب کیلئے ☆ محبوب کو بے قرار کردینے والا طلسم ☆ زن وشوہر کے مابین محبت ☆ محبت کیلئے اسم اعظم کا عمل ☆ محبت کے نقش ☆ عورت کی تسخیر ☆ تعویذ برائے حب ☆ برائے حب وتسخیر خلائق ☆ مطیع کرنے کیلئے ☆ محبت کیلئے طلسم ☆ طلسم برائے تسخیر محبوب ☆ میاں بیوی کی محبت کیلئے ☆ مجرب عمل برائے بے قراری محبوب ☆ محبوب کو اپنا بنانے کا طریقہ ☆ روٹھے ہوئے محبوب کو منانے کیلئے ☆ ایک آسان ٹوٹکہ برائے حب ☆ محبوب طالب کے قدموں پر ☆ برائے تسخیر محبوب ☆ انگوٹھی برائے حب ☆ سرمہ برائے محبت ☆ آسان عمل برائے تسخیر محبوب ☆ محبوب کو گرویدہ کرنے کیلئے عمل ☆ لاجواب نسخہ برائے تسخیر محبوب ☆ حب وتسخیر کا موثر ترین وقت ☆ مطلوب کو حاضر کرنے کا بہترین وقت ☆ تسخیر ومحبت کے ٹوٹکے ☆ عورت فریفتہ ہو ☆ بہو کی عزت ومحبت کیلئے ☆ نافرمان بیوی کو تابع کرنا ☆ الودود ☆ جادو کا توڑ خود کیجئے ☆ سحر ہواتف کا علاج ☆ بدروحوں کا بسیرا ☆ عزیمت جفری کا عمل ☆ حرف ح کا عمل.....وغیرہ وغیرہ

(۲) امراض جسمانی نمبر جنوری، فروری 2002ء

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر) صفحات:202 قیمت:700روپے

اسماء حسنیٰ ☆ صنم خانہ عملیات ☆ علاج شمسی ☆ مریض کو کیا مرض لاحق ہے ☆ روحانی علاج کے مجرب طریقے ☆ پھلوں اور شہد کے فوائد ☆ حروف کے ذریعہ جسمانی علاج ☆ تمام مشکلات کا حل بذریعہ نقوش ☆ علاج بالقرآن ☆ اعمالِ شفاء ☆ مریض کتنے دنوں میں ٹھیک ہوگا؟ ☆ امراض جسمانی کا روحانی علاج ☆ آنکھوں کے امراض ☆ آنتوں کے امراض ☆ احساس کمتری ☆ احتلام کی بیماری ☆ اختلاج قلب ☆ بلڈ پریشر ☆ بواسیر ☆ بچوں کے امراض ☆ نظربد ☆ بچوں کے متفرق امراض ☆ پیشاب کے امراض ☆ ٹی بی کا علاج ☆ تلی کے بڑھ جانے کا علاج ☆ امراض جگر کیلئے ☆ جذام ☆ جریان ☆ خواتین کے امراض ☆ ایام کی زیادتی ☆ بانجھ پن ☆ حفاظت حمل ☆ اولاد نرینہ ☆ دوران حمل مختلف امراض ☆ بچہ پیدا ہونے کے بعد کی شکایات ☆ دانتوں کے امراض ☆ دمہ کا روحانی علاج ☆ رعشہ کا روحانی علاج ☆ ذخیرہ عملیات ☆ باری کے بخار کیلئے ☆ بانجھ عورت کے ہاں اولاد ☆ بخار اور درد شقیقہ سے تحفظ ☆ پاؤں کی ایڑیاں پھٹ جانا ☆ پھیپھڑے میں پانی ☆ تقویت دل ☆ جابر ظالم کا خوف ☆ جان ومال کی حفاظت.....وغیرہ وغیرہ

(۳) حاضرات نمبر جنوری، فروری 1999ء

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر) صفحات:194 قیمت:700روپے

اسمائے حسنیٰ کے ذریعہ جسمانی اور روحانی علاج ☆ باب الحاضرات ☆ حاضرات کے مجرب طریقے ☆ حاضرات سحر وتشخیص الامراض ☆ حاضرات گرفتاری چور ☆ حاضرات کلمہ طیبہ ☆ عمل حاضرات ☆ حاضرات شاہ بکتانوش ☆ حاضرات سید الشہداءؓ ☆ نایاب حاضرات ☆ جام جمشید یعنی آئینہ سکندری تیار کرنے کا طریقہ ☆ شیشے کی حاضرات ☆ حاضرات شہنشاہ جنات ☆ پریوں کی حاضرات ☆ شاہ جنات سے ملاقات ☆ حاضرات بڑوں اور چھوٹوں پر یکساں کارآمد ☆ حاضرات چہل کاف ☆ حاضرات خضر علیہ السلام ☆ حاضرات آبی کا نایاب عمل ☆ حاضرات سکندر شاہ ☆ حاضرات کی انگوٹھی ☆ حاضرات گم شدہ اشیاء چوری وغیرہ کا معلوم کرنا ☆ حاضرات سورۂ یٰسین ☆ حاضرات شیر ☆ جنات کا مشاہدہ کرنے کی نایاب حاضرات ☆ حاضرات غوث الاعظم ☆ حاضرات جلوۂ طور ☆ حاضرات شاہ نور ☆ حاضرات الغیب ☆ آسیب کو بذریعہ حاضرات حاضر کرنا.....وغیرہ وغیرہ

(۴) امراض روحانی نمبر جنوری، فروری 2012ء

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر) صفحات:162 قیمت:600روپے

ام الصبیان کیا ہے؟ ☆ تشخیص کا روحانی طریقہ ☆ سفلی اور جنات سحر سے نجات ☆ مسان ایک مہلک بیماری ☆ بند شہوت کھولنے کے طریقے ☆ اگر دولہا دلہن سے نفرت کرے ☆ اگر صرف لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں تو ☆ باطنی انوار وبرکات کیلئے ☆ تمام حاجات اور مشکلات کیلئے ☆ روحانی ترقی حاصل کرنے کیلئے ☆ ہر آفت سے محفوظ رہنے کیلئے ☆ زندگی میں خوشی لانے کیلئے ☆ جادو کیا ہے؟ ☆ تشخیص کا بے نظیر طریقہ ☆ طریقہ دریافت مرض، آسیب، جادو ☆ جنات اور آسیب سے نجات حاصل کرنے کیلئے ☆ سفلی اور جناتی سحر سے نجات حاصل کرنے کے روحانی فارمولے ☆ عمل باندھ جادو ☆ بچہ پیدا نہ ہونے کے اسباب ☆ لڑکوں اور لڑکیوں کی شادی کی بندش کھولنے کیلئے ☆ بندش کاروبار ختم کرنے کیلئے ☆ دکان بندش کھولنے کیلئے ☆ بستہ مرد کا عورت پر کشادہ کرنا ☆ ترقی رزق وبرکت کیلئے ☆ ۴۰ روحانی فارمولے ☆ عمل باندھ جادو ☆ آیت الکرسی ہمارے مسائل کا حل.....وغیرہ وغیرہ

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877 darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

دارالعمل چشتیہ کے شعبہ جسمانی علاج کے چند مجربات

دماغی یہ دوا طلباء، پروفیسروں، وکیلوں، عاملین، ذاکرین، چلہ کشی اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے بہت مفید ہے۔ چند فوائد یہ ہیں: بہتر حافظہ، نسیان ختم، دماغی کام کرنے سے تھکن اور دردِ سر نہیں ہوتا، دماغ طاقتور، سفید بال سیاہ، اس کے مسلسل استعمال سے دائمی نزلہ رک جاتا ہے۔ اس دوا کے کوئی مضر اثرات نہیں۔

نسوانی خواتین کی تمام بیماریوں کے لئے اکسیر ہے۔ حیض کی ہر قسم کی خرابی، سیلان الرحم (لیکوریا)، رحم کی کمزوری، سر چکرانا، بانجھ پن، بچوں کی پیدائش کے بعد کی تکالیف و کمزوری، خون کی کمی دور کر کے جسم کو طاقتور اور توانا بناتی ہے۔ تندرستی کی حالت میں بطور ٹانک استعمال کرنے سے بیماریوں سے تحفظ ملتا ہے۔

ٹانک یہ دوا مردانہ بیماریوں کے لئے اکسیر ہے۔ چند فوائد یہ ہیں: مادہ منویہ گاڑھا کرے، جریان واحتلام روکے، سرعتِ انزال اور نامردی کو دور کرے، قدرتی امساک پیدا کرے، مشت زنی کے برے اثرات ختم کرے۔ دماغ اور اعصاب کے لئے بھی مفید ہے۔ اس کے مسلسل استعمال سے مرد کبھی کمزور نہیں ہوتا۔

اکسیر قلب دل کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔ دل کی دھڑکن اور ڈوبنا ٹھیک ہو۔ دل فیل ہونے کا اندیشہ نہ رہے، امراض دل کے لئے بہترین ٹانک ہے۔

ایکنی وہ لڑکے اور لڑکیاں جو کیل مہاسوں سے پریشان ہیں اور مختلف علاج کر چکے ہیں، وہ ایک بار ضرور آزمائیں۔ ان شاء اللہ شفاء پائیں گے۔

مصفی جلدی امراض، پھوڑے پھنسیاں، خرابی خون، موسمی ابھاروں سے محفوظ رکھتی ہے۔ خون صاف کرتی ہے۔ تر اور خشک خارش میں بہت مفید ہے۔

اعصابی تیل پٹھے اور اعصاب متاثر ہونے کی بڑی وجہ ٹینشن ہے۔ نیز جنات اور جادو کے متاثر مریض کے پٹھے بھی بری طرح متاثر ہوتے ہیں۔ چونکہ عامل اس طرف توجہ نہیں دیتے، اس لئے مریض مکمل ٹھیک نہیں ہو پاتا۔ عاملین حضرات اس تیل پر اپنا عمل پڑھ کر مریض کے پٹھوں کی مالش کروائیں۔ نتیجہ خود دیکھ لیں۔ مضبوط اعصاب والے پر جنات بھی جلدی قابو نہیں پا سکتے۔ عاملین کے لئے بھی مفید ہے۔

کیا آپ اپنے بچوں کی بیماریوں اور مسائل کی وجہ سے پریشان ہیں؟

جھگڑالوں پن، پڑھائی سے بھاگنا، ضدی پن، سبق یاد نہ رہنا یعنی کمزور حافظہ، احساسِ کمتری کا شکار، ڈرپوک، بزدل، غصہ کی زیادتی، گالیاں دینا، جھوٹ بولنا، چوری کی عادت، کہنا نہ ماننا، چڑچڑا پن، مٹی کھانا، کھانا نہ کھانا، دودھ نہ پینا، بھوک نہ لگنا، بستر پر پیشاب کرنا، سوکھا پن وغیرہ کے علاج کے لیے رابطہ فرمائیں۔

ذہنی ونفسیاتی مسائل کا علاج جلد کروائیں

جادو، جنات کے مریض عموماً نفسیاتی مریض بن جاتے ہیں، جن کا علاج نہ کیا جائے تو مریض یہی سمجھتا ہے کہ جادو یا جنات کا اثر ختم نہیں ہوا۔ ان امراض کا علاج جلد کروانا چاہئے اور غفلت نہیں برتنی چاہئے۔ ٹینشن، ڈپریشن، ہر قسم کا خوف، مایوسی، غصہ کی زیادتی، شک، وہم، گھبراہٹ، خیالات کا ہجوم، لوگوں میں گھبراہٹ، اکیلے رہنے کی خواہش، احساسِ کمتری، خود اعتمادی کی کمی، تشویش وغیرہ جیسے امراض کے علاج کے لئے رابطہ فرمائیں۔

رابطہ: مطب العارف، دارالعمل چشتیہ، لاہور 042-35410586, 0307-5525103
matabalaarif@gmail.com, darulamal.org/matabalaarif

یا ظاہر اور یا باطن کے خواص اور اثرات

..... حضرت مولانا انظر شاہ کاشمیریؒ

یا ظاہر کے خواص اور اثرات

یہ اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد گیارہ سو چھ (۱۱۰۶) ہیں۔ اس کے اعداد کو ۴ سے ضرب دیا گیا ہے۔

آنکھوں کی روشنی واپس آئے

اگر کسی کی آنکھ کی روشنی کم ہوگئی ہو، وہ اس کا وظیفہ پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھے، اللہ تعالیٰ روشنی عطا فرمائیں۔

قلبی مشاہدات کے لیے

جو شخص اپنے دل کی صفائی کی نیت سے روزانہ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ اس کا وظیفہ پڑھے، مشاہدات قلبی اسے حاصل ہوں۔

مشکلات دور ہوں، دشمن پر فتح ہو

جو شخص مشکلات دور کرنے اور دشمن پر فتح پانے کے لیے روزانہ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ اس کا وظیفہ پڑھے، اس کی مشکلات دور ہو جائیں اور دشمن پر فتح پائے۔

آنکھ کی روشنی آجائے

جو کوئی اس وظیفہ کو بعد نمازِ اشراق پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ آنکھ روشن کرنے کیلئے پڑھے، اس کی آنکھ کی روشنی آجائے۔

ڈر و خوف کا علاج

جو کوئی بادو باراں اور بجلی کی کڑک سے ڈرتا ہو، اس اسم پاک کا وظیفہ کثرت سے پڑھے، خوف و خطرہ جاتا رہے۔

مکان گرنے سے محفوظ رہے

اگر اس کا تعویذ لکھ کر اپنے مکان میں لگادے، مکان گرنے سے بچا رہے۔

محبت کا سرمہ

اگر کوئی سرمہ پر گیارہ (۱۱) مرتبہ اس کو پڑھ کر دم کردے، جب سرمہ لگائے، لوگ اس سے محبت سے پیش آئیں۔

الظاہر کا نقش معظم:

۷۸۶

۲۷۲	۲۸۲	۲۸۳	۲۶۹
۲۷۷	۲۷۵	۲۷۴	۲۸۰
۲۷۳	۲۷۹	۲۷۸	۲۷۶
۲۸۴	۲۷۰	۲۷۱	۲۸۱

یا باطن کے خواص اور اثرات

یہ اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد باسٹھ (۶۲) ہیں۔

اسرارِ الٰہی منکشف ہوں

جو شخص اس کے وظیفہ کو تینتیس (۳۳) بار روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے، اس پر اسرارِ الٰہی منکشف ہونے لگیں۔

دل کے برے خیالات دور ہوں

جو شخص اپنے دل کے برے خیالات دور کرنے کیلئے روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ وظیفہ پڑھے، اسے اللہ تعالیٰ سے محبت ہو جائے اور اس کا دل نکھر جائے۔

اسرارِ الٰہی منکشف، ایمان کی پختگی، مخلوق کا محبوب ہو

اور جو کوئی صبح کی نماز کے بعد ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ اسرارِ الٰہی معلوم کرنے کی نیت سے پڑھے، اس کا دل منور ہو جائے اور ایمان کی پختگی پیدا ہو اور تمام مخلوق اس سے محبت کرنے لگے اور ان کے دلوں میں عزیز اور محبوب بن جائے۔ (بقیہ ص 57 پر)

آیت الکرسی کے اعمال

مرتب: مولانا محمد عرفان

آیت الکرسی نے سرکش جن کو ہلاک کر ڈالا

ابن قتیبہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے بنی کعب قبیلہ کے ایک شخص نے اپنا ایک واقعہ بیان کیا۔ اس نے کہا کہ میں کھجور فروخت کرنے بصرہ آیا۔ مگر رہائش کیلئے سوائے ایک گھر کے کوئی دوسری جگہ نہ مل سکی۔ وہ گھر اتنا ویران اور اجڑا ہوا تھا کہ مکڑیوں نے جابجا جالے تنے ہوئے تھے۔ میں نے جب لوگوں سے اس کی ویرانی کا سبب پوچھا تو انہوں نے بتلایا کہ اس گھر میں آسیب کا اثر ہے۔ میں نے اس کے مالک سے کہا "مجھے کرایہ پر اس مکان کی ضرورت ہے"۔ مالک نے کہا "کیوں اپنی جان کھوتے ہو؟ اس میں ایک سرکش جن ہے اور جو شخص بھی اس میں آتا ہے، اسے ہلاک کر دیتا ہے"۔ میں نے عرض کیا "بس! آپ مجھے کرایہ پر دے دیں، اللہ اس کے شر سے میری حفاظت اور مدد کرے گا"۔ اس نے میری بات مان لی اور مجھے مکان کرایہ پر دے دیا۔

چنانچہ میں نے اس میں رہائش اختیار کر لی۔ جب رات ہوئی تو میں نے دیکھا کہ انتہائی سیاہ رنگ کا ایک شخص میرے قریب آ رہا ہے۔ اس کی آنکھیں آگ کے شعلوں کی مانند چمک رہی تھیں اور اس پر اندھیرا سا چھایا ہوا تھا۔ اتنے میں وہ مجھ سے بہت زیادہ قریب ہو گیا تو میں نے "اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ" یعنی آیت الکرسی آخر تک پڑھی۔ جب بھی کوئی کلمہ پڑھتا تو وہ بھی اس کو اسی طرح دہراتا۔ یہاں تک کہ جب اللہ تعالیٰ کے ارشاد "وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ" پر پہنچا تو اس نے کچھ نہیں پڑھا۔ میں بار بار اس کلمہ کو پڑھتا رہا، جس سے وہ تاریکی ختم ہو گئی اور وہ شخص بھی غائب ہو گیا۔ پھر میں ایک گوشہ میں ہو کر سو گیا۔ صبح ہوئی تو اس آسیب کی جگہ پر جلنے کے کچھ نشانات اور راکھ نظر آئی اور کہنے والا کہہ رہا تھا "تم نے بہت بڑے سرکش جن کو ہلاک کر ڈالا"۔ میں نے پوچھا "وہ کس طرح ہلاک ہو گیا (جل گیا)؟" اس نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ کے ارشاد "وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ" کی وجہ سے۔

اس واقعہ کو امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے "خواص القرآن" میں ذکر کیا ہے۔

بلغمی امراض کے خاتمہ کے لیے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ (البقرۃ:۲۵۵)

جس شخص کو بلغمی مرض ہو، وہ سات چھوٹی چھوٹی لاہوری نمک کی کنکریاں (ڈلیاں) لے اور ہر کنکری پر سات مرتبہ آیت الکرسی دم کرے اور روزانہ ایک کنکری نہار منہ کھا لے۔ ان شاء اللہ عزوجل، مکمل شفایابی نصیب ہوگی۔

ناممکن کو ممکن بنانے کا خاص عمل

جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد وہیں بیٹھے رہیں اور مسلسل آیت الکرسی پڑھتے رہیں۔ جب اذانِ مغرب ہو جائے تو سجدے میں جائیں اور اللہ سے اپنی حاجت مانگیں، پریشانی دور ہونے کی دعا کریں۔

یہ عمل خاص خاص حاجات پوری ہونے اور پریشانیاں دور کرنے کیلئے بہت مجرب ہے۔

ایک، تین، پانچ، سات اور گیارہ جمعہ تک یہ عمل ضرورت کے تحت، کریں۔ خوب دعائیں مانگیں۔ یقین سے مانگیں۔ اللہ ﷻ کی ذاتِ کن فیکون کا دھیان رکھتے ہوئے مانگیں۔ پھر ناممکن کو ممکن ہوتا دیکھیں۔ اللہ ﷻ کے لیے کچھ ناممکن نہیں۔ ان شاء اللہ

کلید اسرارِ مخفی (نئی کتاب) قیمت: 385 روپے

زندگی کے حالات معلوم کرنے کے لیے علم نجوم کی حیرت انگیز کتاب

مصنف: پنڈت گردھاری لال (دہلی۔انڈیا) | فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ کاغذ)

فلاں مریض کو کیا بیماری ہے؟ ☆ فلاں شخص زندہ رہے گا یا مر جاوے گا؟ ☆ مریض کی موت کس جگہ پر واقع ہوگی؟ ☆ سوالات کے جوابات نکالنے کا آسان طریقہ ☆ مجھ کو فلاں جگہ سے فائدہ ہوگا یا نہیں؟ ☆ میرا فلاں کام کب سرانجام ہوگا؟ ☆ اس سال یا ماہ میں بارش ہوگی؟ میری شادی ہوگی کہ نہیں یا مجھ کو عورت ملے گی یا نہیں؟ ☆ عمر کتنی ہوگی؟ ☆ دو آدمی مقابلہ میں ہیں، کون فتح پائے گا؟ ☆ چوری کی ہوئی چیز کس جگہ رکھی ہے؟ ☆ غائب کتنے دنوں کے اندر واپس آجائے گا؟ ☆ میری مٹھی میں کیا چیز ہے؟ ☆ میرے امتحان کا کیا نتیجہ نکلے گا؟ ☆ مجھ کو فلاں کام میں نفع ہوگا؟ ☆ میرے لڑکے کی قسمت کیسی ہے؟ ☆ چوری گئی ہوئی چیز واپس مل جاوے گی؟ ☆ فلاں شخص اس وقت کیا کر رہا ہے؟ ☆ بیمار کو کیا مرض ہے؟ ☆ نشٹ جنم پتر کا بنانے کا طریقہ.....وغیرہ

500 سوال وجواب برائے جادو جنات

تالیف: ڈاکٹر رضا عبداللہ پاشا عام قیمت: 550 روپے

کیا ''جن'' نامی کوئی شے موجود ہے؟ ☆ کیا جنات پر ایمان لانا ضروری ہے؟ ☆ اللہ تعالیٰ نے جنات کو کیوں پیدا کیا؟ ☆ جنات کی کتنی قسمیں ہیں؟ ☆ کیا جنات کو دیکھنا ممکن ہے؟ ☆ کیا جنات بھی رسول ہوتے ہیں؟ ☆ کیا ہڈی جنوں کی خوراک ہے؟ ☆ کیا ہر گھر میں ''جن'' موجود ہوتے ہیں؟ ☆ کیا جنوں کو موت آتی ہے؟ ☆ کیا جن چوری کرتے ہیں؟ ☆ کیا جنات نبی کریم ﷺ سے قرآن سننے کے لیے حاضر خدمت ہوئے تھے؟ ☆ جب جنات نے سورۃ الرحمن سنی تو کیا کہا؟ ☆ میں جنات سے ڈرتا ہوں، میں کیا کروں؟ ☆ کیا کوئی شیطان سے بچ سکتا ہے؟ ☆ شیطان کی کتنی قوت ہے؟ ☆ کیا شیطان گھاٹیوں میں ہوتا ہے؟ ☆ کیا شیطان دن کو سوتا ہے؟ ☆ کیا طلاق کی نوبت شیطان کی وجہ سے پیش آتی ہے؟ ☆ میں شادی شدہ ہوں، اگر میں ایک عورت کو دیکھوں اور وہ مجھے اچھی لگے، تو کیا یہ شیطان کی طرف سے ہے اور ایسی صورت میں کیا کروں؟ ☆ کیا گانا شیطان کی بانسری ہے؟.....وغیرہ وغیرہ

ہپناٹزم کا انسائیکلوپیڈیا (نئی کتاب)

مصنف: اسلام حسین

قیمت: 440 روپے | فوٹوسٹیٹ | امپورٹڈ کاغذ

فن اور حقیقت ☆ ہپناٹزم کی ابتدائی تاریخ ☆ ہپناٹزم کے عملی طریقے ☆ آٹھ اہم عملی طریقے ☆ تدریجی سستی ☆ ڈاکٹر وہلو کا طریقہ ☆ کنفیوژن ☆ نیند کی کیفیت ☆ ہپناٹزم کیا ہے ☆ تحلیل نفسی ☆ ہپناٹزم کے مزید طریقے ☆ نظری فریب ☆ ہپناٹزم اور طب ☆ کئی افراد کو ایک ساتھ ہپناٹائیز کرنا ☆ ہپناسس سے بے حسی ☆ ہپناسس اور ذہنی گہرائیاں ☆ ایک بلاٹ ٹسٹ ☆ اثر کی شدت ☆ تنازع ذہنی ☆ راہ چلتے ہپناٹائز کرنا ☆ روحانی قوتیں ☆ طریق کار کی اقسام ☆ سمعی ☆ لمسی ☆ آٹھ اہم عملی طریقے ☆ نظری طریقہ ☆ ہاتھ کی پرواز ☆ براہ راست گھورنا ☆ دواؤں کا استعمال ☆ معمول اور القاء پذیری ☆ اثرپذیری ☆ القاء پذیری کی صلاحیت ☆ القاء بعد از نوم ☆ مشروط رجعی حرکات ☆ عضلاتی طریقے ☆ پیچھے گرنے کا طریقہ ☆ پیر کو سخت کرنا ☆ فالج کا علاج ☆ جذباتی الجھنوں کا علاج۔۔وغیرہ

سرچشمۂ حیات (نئی کتاب)

مرتب: فیروز نظامی قیمت: 340 روپے

دستی بیاض (فوٹوسٹیٹ) | امپورٹڈ کاغذ | تعداد صفحات: 196

دلی مرادیں حاصل کرنے کا راز۔کائنات کا ایک سرسری سا جائزہ۔ایک ہی قوت کے دو رُخ۔تخلیقی قوت۔خدائی قوت اور انسانی قوت کو ملانے والی کڑی۔ایک بیش قیمت عمل۔مستقل اور مسلسل تصور کے کرشمے۔قوت کشش کے ذریعے چیزوں کو اپنی طرف کھینچنے کا راز۔یقین کامل کی تعریف۔ایک اٹل حقیقت۔اٹل اصول۔ خیالی آلات۔محبت ہی کامیابی کا راز ہے۔مرکزی نقطہ اور دائرہ۔کائنات بھی ایک تصور ہے۔روح اور مادہ۔زندگی اور عقل کا سمندر۔بیج میں درخت اور درخت میں بیج۔خدائی تصور۔یقین کامل پیدا کرنے کیلئے ایک مشق۔اپنے دل کا دروازہ کھولو۔انسان اور کائنات خدائی ذہن کے اندر ہی ہیں۔مادی امراض کا روحانی علاج۔روحانی باتیں وغیرہ

مکتبۃ العارف darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org 042-35410586, 0332-4487877

ادارہ دارالعمل چشتیہ کا فیس بک facebook.com/darulamalchishtia

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ کے اعمال

مرتب: مولانا محمد عرفان صاحب

دشمن کی دشمنی سے حفاظت کیلئے

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾ (بقرۃ:۱۳۷)

یہ فقرہ سب چیزوں سے بہت نفع کا ہے، دشمنوں کے شر سے کفایت طلب کرنے کو۔ اگر پڑھنے والا نماز کا شوق رکھتا ہے تو آیت ہذا کو چار رکعت میں تین سو مرتبہ یعنی ہر رکعت میں پچھتر پچھتر (۷۵) بار پڑھے۔ اگر فرصت نہ ہو تو دو رکعت میں پڑھے اور ہر رکعت میں پچاس پچاس (۵۰) مرتبہ اور جو پڑھنے والا ذکر کا شوق رکھتا ہے تو ایک ہزار بار ہر روز ختم کرے۔

دشمن کو ساقط اور مغلوب کرنے کیلئے

دشمن کے ساقط اور مغلوب کرنے کے واسطے بارہ روز تک ہر روز تیس (۳۰) بار تمام حزب البحر پڑھے اور مطلب دل میں رکھے۔ تیسویں (۳۰) دفعہ پڑھنے میں جب وَاطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَائِنَا پر یا شَاهَتِ الْوُجُوْهُ پر پہنچے تو ستر (۷۰) بار کہے يَاقَاهِرُ ذَاالْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ وَيُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَاقَاهِرُ۔ اس کے بعد کہے ''خداوند! فلاں بن فلاں کو اپنے قہر میں مبتلا کر اور آنکھ اور کان اور زبان اس کی بند کر''۔

ہمارے حضرت ولیِ نعمت رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جو شخص دین میں دشمنی رکھتا ہو، اس کے واسطے شَاهَتِ الْوُجُوْهُ کے بعد اس کلام کا پڑھنا بہت مناسب ہے اور جو شخص دشمنی دنیا کے امور میں رکھتا ہو، اس کے واسطے وَاطْمِسْ کے بعد مناسب ہے۔

بیمار کی شفاء کے واسطے

بیمار کی شفاء کے واسطے بارہ دن تک ہر روز بارہ دفعہ حزب البحر پڑھے۔ جب اخیر دفعہ اس دعا بسم اللہ الذی آخر تک پر پہنچے تو ستر (۷۰) دفعہ پڑھے وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ یا شافی شفاء بخش فلاں کو۔

بارہ دن میں بادشاہ کو مسخر کریں

امیروں اور بادشاہوں کے مسخر کرنے کے واسطے بارہ دن تک بارہ مرتبہ حزب البحر پڑھے۔ جب پہنچے يَامَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ پر تو ستر (۷۰) بار کہے ''يَاعَزِيْزُ''۔ اس کے بعد کہے ''عرینہ کر مجھ کو فلاں بن فلاں کی آنکھ میں''۔ پھر تین بار انا انزلناہ مکمل سورت پڑھے۔ جب بارہ روز پورے ہو جائیں تو اس سے ملے۔ جب اس کے گھر جائے تو پہلے ایک دفعہ تمام حزب البحر پڑھے۔ وہ وقتِ ملاقات کے، بڑی مہربانی سے پیش آئے گا۔

دنیوی دشمنوں کی شرارت دفع کرنے کیلئے

دنیوی دشمنوں کی شرارت دفع کرنے کے لیے یہ دعا مجرب ہے۔ اسے پڑھتا رہے، طہارت اور گنتی اور دیگر شرائط کی قید نہیں۔ وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

سورۃ تبت یدا اور سورۃ الم ترکیف کا پڑھنا بھی دفع اعداء کے لیے مجرب ہے۔

مکان کی حفاظت کیلئے

جس مکان میں جن یا شیطان کا اثر ہو یا پتھر پھینکتا ہو تو چار لوہے کی لمبی کیلیں لیوے اور ہر کیل پر پچیس پچیس (۲۵) بار یہ آیات پڑھے:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾ (الطارق:۱۵-۱۷)

خزینۂ روحانیات کے ممبران کیلئے عام اجازت والے اعمال

مرتب: مولانا علی آفاق

قرضہ اترنے کا آزمودہ عمل

سورۂ کہف کو جمعہ کے دن پڑھنے والے کا قرضہ ایسے اترے گا کہ وہ خود حیران رہ جائے گا۔ آزمودہ ہے۔ بلاناغہ سات یا گیارہ جمعے اس عمل کو کریں۔

آمدنی کے نئے نئے دروازے کھولیے

اگر کسی کی روزی تنگ ہو اور وہ تنگدستی کا شکار ہو، کسی طرح بھی گھر کا خرچہ پورا نہ ہوتا ہو، فقر و فاقہ کی نوبت آ گئی ہو تو اس کیلئے باوضو سورۂ واقعہ بعد نماز عشاء ایک مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔

یہ عمل بلاناغہ روزانہ کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دن بعد آمدنی میں اضافہ شروع ہو جائے گا اور آمدنی کے نئے نئے دروازے کھلیں گے۔

تشخیص کا سو فیصد نورانی عمل

مریض کا استعمال شدہ کپڑا لیں اور اس کی پیمائش کریں۔ پھر کپڑا لپیٹ دیں اور اس پر پانچ مرتبہ سورۃ الفاتحہ، پانچ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ، پانچ مرتبہ یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ، ایک مرتبہ اللہ شافی اللہ کافی پڑھ کر دم کریں۔ کپڑا پہلے کی طرح کھولیں اور ناپ لیں۔

نتیجہ: کپڑا کم ہو تو آسیب ہے۔ کپڑا بڑھ جائے تو جادو ہے۔ کپڑا نارمل رہے تو جسمانی مرض ہے۔

عزت میں اضافہ..... تمام مشکل کام حل ہوں

جو شخص اس آیت کریمہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھا کرے، بادشاہ اور بڑے لوگوں کے دل میں اس کی عزت میں اضافہ ہو اور تمام مشکل کام حل ہو جائیں۔ اس وظیفے کو کم از کم اکیس یوم اور بہتر ہے کہ چالیس یوم لگاتار پڑھیں۔ اس دوران کوئی نماز قضا نہ ہو۔ چالیس یوم بعد بھی جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ، فیض جاری ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۚ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِیَدِكَ الْخَیْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ (اٰلِ عمران:۲۶)

اکیس یوم میں ملازمت ملے..... مالی حالات بہتر ہوں

جو شخص بیروزگار ہو اور ملازمت نہ ملتی ہو یا گھر میں تنگ دستی ہو اور فقر و فاقہ ہو، ایسے لوگوں کیلئے قرآن پاک کا یہ عمل تیر بہدف ہے۔ عمل کریں اور ملازمت نہ ملنے کی پریشانی یا گھریلو حالات میں تنگدستی کی پریشانی سے نجات پائیں۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ ملازمت بھی مل جائے گی اور گھریلو مالی حالات بھی آہستہ آہستہ بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ عمل یہ ہے: سورۂ المومن کی پہلی تین آیات کو نماز عشاء کے بعد باوضو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ اکیس (۲۱) یوم پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ وقت ایک ہی رکھیں۔ بہتر ہے کہ جگہ بھی ایک ہی ہو۔ اگر مجبوری ہو تو جائے نماز/ بڑا رومال/ چادر ایک رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

حٰمٓ ۝۱ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝۲ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ۙ ذِی الطَّوْلِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ۝۳ (المومن:۱-۳)

خواتین کیلئے خاص اعمال

اہلیہ مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

برائے پیغام شادی

مندرجہ ذیل آیاتِ قرآنی ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھ کر لڑکی کے بائیں بازو پر باندھ دیں۔ ہرے کپڑے میں اس کو پیک کرلیں۔ ان شاء اللہ تین (۳) ماہ کے اندر اندر کوئی اچھا پیغام موصول ہوگا۔ آیات یہ ہیں:

وَيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿سُوْرَةُ الْفَتْحِ: ۳﴾

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ﴿سُوْرَةُ الصَّفِّ: ۱۳﴾

اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ

﴿سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ: ۱۹﴾

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ﴿سُوْرَةُ الْفَتْحِ: ۱﴾

نوٹ اعراب نہیں لگانے۔ سورتوں کا حوالہ بھی نہیں لکھنا۔ ع

کثرت بلیڈنگ کا روحانی علاج

گرم مزاج، گرم آب ہوا، گرم خوراک یا گرم ادویات کے مسلسل استعمال کی وجہ سے اکثر خواتین کثرت بلیڈنگ کی وجہ سے بہت پریشان رہتی ہیں۔ دورانِ حیض خون کا بہت زیادہ آنا یا حیض کا جلدی آجانا یا دیر تک جاری رہنا۔ چونکہ حیض کی کم سے کم مدت 3 دن ہے اور زیادہ سے زیادہ مدت 10 دن تک ہے، اگر دس دن سے زیادہ خون حیض جاری رہے تو اس کا علاج کروانا ضروری ہے۔ خون جاری رہنے کی اکثر 2 وجوہات ہوتی ہیں۔

(1) جسمانی امراض (2) روحانی امراض..... تو اس میں سب سے پہلا کام روحانی تشخیص ہے کہ معلوم ہوجائے کہ یہ مسئلہ جسمانی ہے یا روحانی ہے۔ اگر جسمانی ہے تو اس کا علاج ادویات سے ہوگا اور اس کے لیے ایک بہترین علاج مطب العارف کا ''**ٹھنڈک کورس**'' بھی ہے اور گرم اشیاء کے استعمال سے پرہیز بھی۔

اور اگر روحانی مسئلہ ہے تو اس کا علاج قریبی روحانی معالج سے کروائیں یا دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ سے رجوع فرمائیں اور مکمل روحانی علاج کروائیں یا پھر اس نقش کو استعمال فرمائیں۔ یہ نقش ہر قسم کے اخراجِ خون کو روکنے کے لیے ایک زبردست چیز ہے۔ جاری شدہ خون حیض کا ہو یا دورانِ حمل داغ لگنا شروع ہوجائیں یا بلیڈنگ ہونی شروع ہوجائے تو یہ نقش لکھ کر ناف پر باندھنے سے بلیڈنگ رک جاتی ہے۔ (نکسیر، خونی بواسیر اور خونی الیٹوں کیلئے بھی آزمودہ ہے۔)

نقش مبارک یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم صلی اللہ علیہ وسلم

۲۲۵	۲۲۸	۲۳۱	۲۱۸
۲۳۰	۲۱۹	۲۲۴	۲۲۹
۲۲۰	۲۳۳	۲۲۶	۲۲۳
۲۲۷	۲۲۲	۲۲۱	۲۳۲

انت قابض یا قابض — انت قابض الذی لیس

بستم خون رواں فلاں بنت فلاں بحق یا قابض

چہرے کے داغ دھبے دور..... خوبصورتی حاصل ہو

جو بھی دواء یا کریم وغیرہ استعمال کریں، اس کے اوپر ''یَا سَلَامُ'' گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھ کر دم کرلیں۔ اس کے ساتھ ساتھ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر چہرے یا جس بھی عضو کی اصلاح مطلوب ہو، اس پر ہاتھ پھیر لیا کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ اگر درج ذیل نقش کو چاندی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھ لیں تو بھی مفید ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ہ	ل	ل	ل	ا	ر	و	ص	م	م	ا	ل	س	ہ	ل	ل	ا
م	م	ا	ص	ل	و	س	ر	ہ	ا	ل	ل	ل	ل	ا	ل	ہ
ہ	ر	ا	س	ل	و	ل	ل	ل	ل	ص	ل	ا	ا	م	ہ	م
ہ	ل	ص	ل	ل	و	ل	ا	ل	س	ا	م	ہ	ا	ر	م	ہ

”سورۃ الاخلاص“ خیر و برکت کا بے مثال وظیفہ

ساحر بھٹی

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ”جو شخص فجر کی نماز کے بعد بارہ (۱۲) مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھے گا، تو اُس کا ثواب پورے قرآن کی مثل ہوگا اور وہ اُس دن اہل زمین میں سب سے بہتر ہوگا جب کہ وہ متقی اور پرہیز گار ہوگا“۔ (بیہقی)

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”جو نماز فجر پڑھے اور بات کرنے سے قبل دس (۱۰) بار سورۃ اخلاص پڑھے تو اُس دن وہ سورۃ اخلاص کی برکت سے گناہ سے محفوظ رہے گا اور وہ شیطان سے بچا رہے گا“۔ (ابن عساکر)

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ”جو شخص ہر فرض نماز کے بعد سورۃ الاخلاص پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اپنی خوشی اور مغفرت لازم فرمادے گا“۔ (کنزالعمال)

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ ”جو عشاء کے بعد دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد پندرہ بار سورۃ الاخلاص پڑھے (ہر رکعت میں) تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے جنت میں دو ایسے محل تیار کرے گا، جنہیں اہل جنت دیکھنے کی کوشش کریں گے“۔

(در منثور جلد 6)

حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ سرکارِ دو عالم ﷺ نے فرمایا کہ ”جو شخص چار رکعتوں میں دو سو بار، سورۃ فاتحہ کے بعد ہر رکعت میں پچاس بار سورۃ اخلاص پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اُس کے سو سال یعنی پچاس سال اگلے اور پچاس سال پچھلے سالوں کے گناہ بخش دے گا“۔

(در منثور جلد 6)

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ”جو اپنے گھر پر پہنچتے وقت الحمدللہ اور قل ھو اللہ احد سورۃ پڑھتا ہے، اللہ اُس کی محتاجی دور فرما دیتا ہے اور اس کے گھر کی خیر و برکت بڑھ جاتی ہے، یہاں تک کہ اس کا فیض پڑوسیوں کو بھی پہنچے گا“۔ (در منثور)

حضرت کعب بن احبارؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ”جو رات اور دن میں دس بار سورۃ الاخلاص اور آیت الکرسی پڑھنے کی پابندی کرے گا، وہ اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی رضا و خوشنودی حاصل کرلے گا اور وہ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ہوگا اور شیطان سے محفوظ رہے گا“۔

(در منثور)

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ”جو شخص ہر فرض نماز کے بعد دس بار سورۃ اخلاص پڑھے گا، اللہ تعالیٰ اپنی خوشنودی اور مغفرت لازم کردے گا“۔ (در منثور)

حضرت جریرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ”جو شخص اپنے گھر میں داخل ہوتے وقت قل ھو اللہ احد سورۃ پڑھتا ہے تو یہ سورۃ اس گھر والوں کی اور پڑوسیوں کی غربت و افلاس دور کردیتی ہے“۔

(کنزالعمال)

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ”جو رات کو بستر پر سونے کا اِرادہ کرے، وہ اپنی داہنی کروٹ پر سوئے۔ پھر قل ھو اللہ احد سورۃ سو بار پڑھے۔ جب قیامت کا دن ہوگا، اُس سے اللہ تبارک وتعالیٰ فرمائے گا: اے میرے بندے! اپنی داہنی جانب سے جنت میں داخل ہوجاؤ“۔ (در منثور)

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے کہ ”جو مسلمان خواہ وہ غلام کیوں نہ ہو، اگر دن یا رات میں سو بار سورۃ الاخلاص پڑھے گا، تو اللہ تعالیٰ اِس کے پچاس سال کے گناہ ضرور بخش دے گا“۔

(کنزالعمال)

کینسر کا اکسیر اعظم عمل

کینسر لاعلاج نہیں

صلاح الدین
صاحب (لاہور)

کینسر لاعلاج نہیں۔اس مرض کا علاج قرآنی آیات سے کیجیے۔الحاج شیخ محمد حافظ بلتستانی کی شب و روز محنت اور عرق ریزی کا ثمر یہ آیاتِ مبارکہ ہیں، جن سے کینسر جیسے لاعلاج مرض سے صرف چالیس دن مسلسل پڑھنے سے شفاء ہوجاتی ہے۔اور ہر قسم کے لاعلاج امراض کیلئے مجرب ہے۔

عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*.....وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۲﴾ ﴿سُوْرَةُ بَنِيْ اِسْرَآءِيْلَ: ۸۲﴾

*.....وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿۸۰﴾ ﴿سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ: ۸۰﴾

*.....وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ﴿سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ: ۱۱۸﴾

*.....اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ ﴿۶۲﴾ ﴿سُوْرَةُ النَّمْلِ: ۶۲﴾

*.....قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۶۹﴾ ﴿سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ: ۶۹﴾

*..... وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾ ﴿سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ: ۸۳﴾

*..... رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾ ﴿سُوْرَةُ الْقَمَرِ: ۱۰﴾

*..... لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُـْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾ ﴿سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ: ۸۷-۸۸﴾

*..... اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۵۷﴾ ﴿سُوْرَةُ هُوْدٍ: ۵۷﴾

*..... حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾ ﴿سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ: ۱۷۳﴾

*..... وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۳﴾ ﴿سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ: ۳﴾

*..... اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ۭ ﴿۳۶﴾ ﴿سُوْرَةُ الزُّمَرِ: ۳۶﴾

*..... هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۷۸﴾ ﴿سُوْرَةُ الْحَجِّ: ۷۸﴾

*..... اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱﴾ ﴿سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ: ۱﴾

*..... نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۴۰﴾ ﴿سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ: ۴۰﴾

*..... فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ﴿سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ: ۱۴﴾

*..... لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

طریقہ

دو مرتبہ صبح و شام پانی پر دم کر کے سارا دن یہی پانی پینا ہے اور چہرے پر بھی اس پانی کے چھینٹے ماریں۔

اجازت

اس عمل کی عام اجازت ہے۔زیادہ سے زیادہ مریضوں کو دیں تا کہ آپ کیلئے صدقۂ جاریہ ہوجائے۔

عامل بننا

روحانی درسگاہ کی طرف سے اس عمل کے عامل بننے کے لیے چلہ کشی کروائی جاتی ہے۔عامل بننے کے بعد کینسر کے مریضوں کو کس کس طرح استعمال کروا سکتے ہیں، اس کیلئے کاپی دی جاتی ہے۔عامل بننے اور اس عمل کے مختلف طریقہ ہائے استعمال روحانی درسگاہ کی طرف سے دیے گئے ہیں، صلاح الدین صاحب کی طرف سے نہیں۔

عامل بننے کیلئے اس عمل کا چلّہ کرنا ہوگا۔صرف اجازت کافی نہیں ہوگی۔ عمل سیکھنے کی کوئی فیس نہیں۔صرف خزینہ روحانیات کا ممبر ہونا شرط ہے۔



سخت جادو اور جنات کا خاص توڑ ''سری والا عمل''

سخت قسم کے جادو اور جنات سے نجات کے لئے ''سری والا عمل'' خاص مجرب عمل ہے، جس کے فوری اثرات دیکھنے میں آتے ہیں۔ اس عمل کے پیچھے جو مخلوق کام کرتی ہے، وہ جادو اور جنات سے نمٹنے کی ماہر ہے۔

اس عمل کو اس وقت کیا جاتا ہے جب سخت قسم کے جادو اور جنات کے ضدی اثرات سے نجات نہ مل رہی ہو۔

ھدیہ: 3100 روپے

یہ عمل صرف عاملین کے لئے ہے یا پھر ان افراد کے لئے، جنہوں نے چند بنیادی اعمال کئے ہوئے ہوں۔ اور روحانی دفاع بھی ان کو حاصل ہو۔

اس عمل کی اجازت لینے کے بعد عامل جب چاہے، اس عمل کو استعمال کر سکتا ہے۔ روزانہ کا ورد کرنے میں بمشکل ایک منٹ لگتا ہے۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

اُنت باللہ کا خاص عمل

ایک خاص عمل جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بڑی بڑی جماعتیں چلتی ہیں اور عامل کی بھرپور مدد کرتی ہیں۔ ایسے عاملین کی زیادہ مدد کرتے ہیں، جو مدارس سے منسلک ہوں یا دین کے لئے کام کرتے ہوں۔

اس عمل سے ہر جائز کام لیا جا سکتا ہے، مختصراً چند درج ذیل ہیں:

* ہر قسم کے جادو کا علاج * ہر طرح کی بندش سے نجات * ہر طرح کے جنات سے نجات * جنات کو جلانا * جگہ سے جادو جنات نکالنا * روحانی تشخیص کرنا * محبت اور حاضری مطلوب * زبان بندی اور جدائی * مختلف بیماریوں کا علاج * تسخیر و شادی کے لئے * ہر مقصد کے لئے

نقد ھدیہ مع اعمال کی کاپی -/6100 روپے، علاوہ ڈاک خرچ

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

(فون دفتر) 042-35410586 (موبائل دفتر) 0343-7772772

خاندان میں ہر ایک آپ کی عزت کرے تو لوح تسخیر بنوائیں۔

لوح کے ساتھ خاص وظیفہ

لوح تسخیر کے ساتھ خاص وظیفہ برائے تسخیر، ممبران کو رابطہ کرنے پر اور دیگر احباب کو لوح لیتے وقت بتلایا جائے گا۔

لوح کی قیمت اور ہدایات

ہدیہ: گیارہ سو (۱۱۰۰) روپے۔ لوح کاغذ پر زعفران سے بنائی جائے گی۔ 6 جولائی سے قبل رابطہ فرمائیں۔

مکتبہ العارف۔۔۔مختلف موضوعات پر کتب کی فروخت darulamal.org/bookshop

لوح شفاء امراض

عطارد، مریخ، تثلیث کے
خاص وقت کا خاص عمل

مولانا سلیم اللہ ظفر

لوح شفائے امراض عطارد تثلیث مریخ کے خاص وقت میں تیار ہونے والی عجیب وغرائب فوائد کی حامل ایک خاص لوح ہے۔ جو کہ ہر مرض سے باذن اللہ مریض کو چھٹکارا اور نجات دلاتی ہے۔ مرض بڑا ہو یا چھوٹا، نیا ہو یا پرانا اس خاص لوح کے پہننے سے الحمدللہ دور ہو جاتا ہے۔ لوح شفائے امراض مریضوں، بیماروں کے علاوہ صحت مند دوست واحباب بھی بیماریوں سے بچاؤ کیلئے حفظ ماتقدم کے طور پر پہن کر ہر قسم کے جان لیوا اور موذی امراض سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ نت نئی بیماریوں کے اس ماحول اور دور میں لوح شفائے امراض کا ہر ایک بڑے چھوٹے مرد، عورت، بچہ/بچی کے پاس ہونا نہایت ہی ضروری ہے۔



یا اللہ! اس لوح خاص کی برکت سے فلاں بن فلاں کو تمام امراض جسمانیہ سے شفاء کاملہ نصیب فرمائیے! آمین

لوح تیار کرنے کا خاص وقت

عطارد، مریخ، تثلیث کی ابتداء مورخہ 10 جولائی بروز اتوار شام 6 بج کر 50 منٹ پر ہوگی اور اختتام 11 جولائی بروز پیر شام 7 بج کر 20 منٹ پر ہوگا!

لوح بنانے کی اجازت خاص

یہ لوح خاص برائے شفائے امراض تیار کرنے کی اجازت فقط ممبران خزینہ روحانیات کو حاصل ہے!!

(نوٹ) ایسے مواقع سے فائدہ اٹھانے کیلئے دوکان سے رسالہ خریدنے کے بجائے جلد از جلد خزینہ روحانیات کی سالانہ ممبر شپ حاصل کیجئے!

لوح بنانے کا طریقہ

الواح بنانے اور تیار کرنے والے کا باقاعدہ ہر قسم کے لوازمات، آداب، طریقہ کار، بخورات، ساعات کے بہترین اوقات سے واقف ہونا نہایت ہی ضروری ہوتا ہے تاکہ اس سے پورا پورا فائدہ اٹھایا جا سکے!

لوح شفائے امراض کا خاص وظیفہ

یہ خاص وظیفہ لوح خاص کے ساتھ پڑھنے سے ہر مرض گارنٹی سے ختم ہو جاتا ہے۔ بس یقین کامل شرط ہے۔ لوح بنوائیے، وظیفہ پڑھئے اور ہر قسم کی بیماریوں کو دور بھگائیے۔

لوح خاص کون کون بنوا سکتا ہے

ٹی بی کے مریض، کینسر کے مریض، ہیپاٹائیٹس کے مریض، بواسیر کے مریض، شوگر کے مریض، دائمی بخار کے مریض، پرانے سردرد کے مریض، معدے کے مریض، جوڑوں کے درد کے مریض، دل کے مریض، گردوں کے مریض، رحم کی بیماریوں میں مبتلا خواتین، ہر وقت بیمار رہنے والے مریض، کئی بیماریوں کے شکار مریض، ڈینگی بخار کے مریض، لاعلاج مریض، ہر مرض میں مبتلا مریض، نفسیاتی امراض مثلاً ذہنی ڈیپریشن، ٹینشن، مایوسی کے مریض، ہر طرف سے مایوس مریض وغیرہ۔

نوٹ بیماریوں سے حفاظت کے لیے حفظ ماتقدم کے طور پر صحت مند افراد بھی لوح شفاء امراض بنوا سکتے ہیں۔

خزینہ روحانیات کے قارئین کیلئے ادویات پر 25% خصوصی رعایت

نام دوائی	خواص	عام قیمت	رعایتی قیمت
طلاء نفیس (6 گرام)	عضو مخصوص کی کمزوری دور کر کے قوت وامساک پیدا کرتا ہے	150	113
تریاق الرحم (40عدد گولیاں)	نسوانی امراض مثلاً سیلانِ رحم ودردِ کمر میں مفید ہے	40	30
روغن مالکنگنی (50ملی لیٹر)	ہر طرح کے عضلاتی واعصابی درد اور فالج ولقوہ میں مالش نہایت مفید ہے	180	135
یاقوتی طبی	زائل شدہ قوت کو بحال کرتی ہے	230	173
ملذذ خاص الخاص (6 گرام)	لذت اور انبساط بڑھاتا اور کیف وسرور پیدا کرتا ہے	90	68
حب ممسک (20عدد گولیاں)	سُرعت انزال کی شکایت کو دور کرتی ہے، امساک کی قوت بڑھاتی ہے	220	165
حب مقوی باہ (12عدد گولیاں)	عصبیہ اور جنسی غدود کو طاقت پہنچاتی ہے	350	263
طمثی (120ملی لیٹر)	بے قاعدگی ماہواری، کثرت حیض، بندش حیض، درد حیض کے لیے مفید	60	45
حب خاص (20عدد گولیاں)	مقوی اعصاب وباہ ہے، فرحت پیدا کرتی ہے	160	120
تصفی (40عدد گولیاں)	مصفی خون ہے، خون سے فاسد مادہ کا اخراج کر کے جلدی امراض میں مفید ہے	50	38
اکسیر بواسیر خونی (20عدد گولیاں)	بواسیر کے خون کو بند کرنے میں نہایت مفید ہے	60	45
لبوب الاسرار (6 گرام)	قوت باہ اور اعصابی قوت کے لئے نہایت مقوی ہے	150	113

نام دوائی	خواص	عام قیمت	رعایتی قیمت
حب یاقوت (24عدد گولیاں)	مقوی باہ ہے، غدود اور اعضائے تناسلیہ کو تحریک دے کر قوی کرتی ہے	210	158
حب نقرہ شیر برگدوالی (20عدد گولیاں)	جریان کی خاص دوا ہے، مادہ تولید کو گاڑھا کرتی ہے	110	83
طلأ سرخ (6 گرام)	عضو خاص کے جملہ نقائص دور کرتا ہے	90	68
خمیرہ گاؤزبان سادہ (100 گرام)	دائمی نزلہ، سردرد، مالیخولیا اور خیالات فاسدہ کو دفع کرتا ہے	90	68
معجون حجرالیہود (100 گرام)	گردہ ومثانہ کی پتھری نکالتی اور پیشاب صاف لاتی ہے	90	68
معجون نانخواہ (100 گرام)	بدہضمی، ریاح، ڈکاروں کی زیادتی، معدہ کا بوجھ رفع کرتی ہے	70	53
خمیرہ ابریشم سادہ (100 گرام)	مفرح قلب، دماغ اور دل کو قوت دیتا ہے، خفقان کو مفید	85	64
معجون جلالی (100 گرام)	جنسی کمزوری دفع کرتی ہے، اعضائے رئیسہ اور امساک بڑھاتی ہے	250	188
خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا (100 گرام)	اختلاج قلب کیلئے مفید ہے، گرم مزاج والوں کیلئے مفید ہے	180	135
معجون مروح الارواح (100 گرام)	قوت کو بحال کرتی ہے، تفریح پیدا کرتی اور مادہ تولید کو گاڑھا کرتی ہے	580	435
معجون ثعلب (100 گرام)	مغلظ ومقوی باہ دوا ہے، غدود جنسی کو طاقت پہنچاتی ہے	160	120
اطریفل کبیر (100 گرام)	مقوی دماغ ہے، نزالہ دائمی کے لیے مفید ہے	80	60

042-35410586, 0307-5525103 darulamal.org/matabalaarif, matabalaarif@gmail.com

darulamal.org/library دارالعمل چشتیہ کی لائبریری کی تفصیل

شناخت (قسط ۳)

عنایت حسین چشتی

قلندر خان گنگ بیٹھا سب کچھ دیکھ رہا تھا، سکندر علی نے یا علی مدد کا نعرہ لگا کر دوبارہ کھدائی شروع کر دی۔ اس کے اندر وہ پہلے جیسی تیزی نہیں تھی، شاید تازہ خون ابھی تک اس کے اعصاب پر طاری تھا..... میں نے کچھ سوچ کر جلدی سے ایک آزمودہ عمل ورد کیا اور چاروں سمت حصار کھینچ دیا۔ ہماری نظریں زمین کے اس حصے پر مرکوز تھیں۔ کوئی پندرہ منٹ بعد سکندر علی پھر چھلانگ لگا کر ایک طرف ہو گیا، وہ بے حد خوفزدہ نظر آ رہا تھا۔ پھر میں نے کرسی سے اٹھ کر دیکھا تو میں بھی ہونٹ چبانے لگا۔ سفید بالوں کا ویسا ہی الجھا ہوا گچھا زمین سے جھانک رہا تھا جیسا میں نے استخارے میں دیکھا تھا۔ حیرت اس بات کی تھی کہ بال روئی کے گالوں کی طرح سفید اور بے داغ تھے۔ اس پر خون کا دھبا تک نہ تھا۔ میرے ساتھ ہی قلندر خان بھی اٹھ کھڑا ہوا۔ اب اس کی حالت بھی قدرے دگرگوں نظر آ رہی تھی۔

''پیر سائیں'' وہ گھبرائے ہوئے لہجے میں مخاطب ہوا۔ ''یہ بال.....'' اور خون..... یہ سب کیا ہے؟''

''فی الحال میں یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتا لیکن اتنا ضرور سمجھ رہا ہوں کہ یہ دونوں چیزیں ہی تمہاری تمام پریشانی کی وجہ ہیں''۔

''مسجد کے شاہ صاحب نے بھی یہی کہا تھا کہ کسی بدذات نے میری حویلی کی خوشیوں کو باندھ دیا ہے۔'' وہ ہونٹ چباتے ہوئے پریشان کن انداز میں بولا۔ ''پیر سائیں'' کیا آپ اس گندے عمل کا توڑ نہیں کر سکتے؟''

''میں کوشش کروں گا۔''

''میرا دل گواہی دے رہا ہے پیر سائیں کہ آپ میری مدد کرنے میں ضرور کامیاب ہو جائیں گے۔''

''کامیابی یا ناکامی اس کے اختیار میں ہے لیکن میں تمہارے حق میں دعا ضرور کروں گا''۔ میں نے جواب دیا، پھر زمین کے اس حصے کو دوبارہ برابر کرا دیا۔

سکندر علی بدستور گم صم نظر آ رہا تھا۔ خون اور اس کے بعد سفید بالوں کے الجھے ہوئے بے داغ گچھے نے یقیناً اس کے اعصاب کو شل کر دیا ہوگا۔

دوسرے دن میں واپس حیدر آباد گیا۔ قلندر خان کھوسو بھی میرے ہمراہ تھا۔

حیدر آباد پہنچ کر میں نے پیش آنے والی باتوں کے بارے میں از سر نو غور کیا پھر قلندر خان کو دوبارہ ٹٹولنے کی خاطر پوچھا۔ ''قلندر خان، تمہیں میری کچھ باتوں کا جواب دینا ہوگا''۔

''میں حاضر ہوں پیر سائیں''۔ اس نے تابع داری کا مظاہرہ کیا۔

''کیا تمہیں لڑکیوں کے مقابلے میں لڑکے زیادہ پسند ہیں؟''

''بندے کی کیا پسند سائیں''! وہ تھوڑے سوچ بچار کے بعد بولا۔ ''مالک کی دین کے آگے سر تو جھکانا ہی پڑتا ہے''۔

''میں تمہیں دو ایک تعویذ لکھ کر دوں گا لیکن اس سے پہلے یہ بتا دوں کہ اگر درمیان میں کوئی کڑی نہیں کھلی تو پھر عمل نقصان دہ بھی ثابت ہو سکتا ہے''۔

''میں سمجھا نہیں''۔ اس نے مجھے وضاحت طلب نظروں سے دیکھا۔

''تمہارے دل میں اگر کوئی بات ہو تو ابھی بتا دو بعد میں بات میرے اختیار سے نکل بھی سکتی ہے''۔ میں نے سکندر علی کی معلومات کے پیش نظر صاف گوئی کا مظاہرہ کیا۔

''ایک بار کوئی عمل کرنے کے بعد قدم پیچھے ہٹانا اکثر بے حد دشوار ثابت ہوتا ہے''۔

''آپ اللہ کا نام لے کر بسم اللہ کریں پیر سائیں، آگے جو اسے منظور ہو''۔

قلندر خان کا جواب کچھ مبہم سا تھا لیکن میں اپنا فرض پورا کر چکا تھا، اس لئے اس کی ایما پر میں نے اسے دو تعویذ دیئے، ایک اس بیوی کے بازو پر باندھنے کی خاطر جو امید سے تھی اور دوسرے کے بارے میں، میں نے تاکید کی تھی کہ اسے عین اسی مقام پر ایک گہرا گڑھا کھود کر دفن کر دیا جائے

جہاں سے خون ابلا تھا اور سفید بالوں کا الجھا ہوا گچھا برآمد ہوا تھا، قلندر خان نے تعویذ لے کر جاتے وقت مجھے کچھ رقم کی پیش کش کی جسے میں نے رد کر دیا اور کہا کہ اگر وہ مناسب سمجھے تو تو اس رقم میں سے کچھ کی مٹھائی خرید کر اور شیرینی پکوا کر غریب غربا میں تقسیم کرا دے اور خاص طور پر مٹھائی معصوم بچوں میں تقسیم کرا دے، قلندر خان مجھ سے وعدہ کر کے رخصت ہو گیا۔

اگلے دن قلندر خان دوبارہ میرے پاس آیا۔ وہ بے حد بوکھلایا ہوا تھا، میں نے وجہ دریافت کی تو ہونٹ کاٹتے ہوئے بولا۔ ''بیوی والا تعویذ اس نے اس کے گلے میں ڈال دیا ہے لیکن دوسرا تعویذ میری جان کے لئے عذاب بن گیا ہے''۔

''کیا مطلب''۔

''میں اسے اسی جگہ گڑھا کھود کر دفن کرانا چاہتا تھا جہاں آپ نے حکم دیا تھا جو شخص گڑھا کھود رہا تھا وہ پاگل ہو گیا۔ میں اسے گدو کے پاگل خانے میں داخل کرا کے آرہا ہوں، نہ جانے وہ کیا الٹی سیدھی باتیں کر رہا ہے۔ میں نے اس کے گھر والوں کا منہ بند کرنے کی خاطر روپے پیسے کے علاوہ اپنا اثر ورسوخ بھی استعمال کیا ہے۔ ان کی زبان تو بند ہو گئی، لیکن پاگل ہونے والا الٹی سیدھی بکواس کئے جا رہا ہے''۔

''تعویذ کا کیا بنا؟ میں نے حیرت سے پوچھا۔

''وہ اسی شخص کے پاس تھا لیکن اس کے پاگل ہونے کے بعد وہ بھی کہیں غائب ہو گیا۔ قلندر خان پہلو بدل کر بولا'' میں نے تمام جگہ چھان ماری، اس شخص کی جامہ تلاشی بھی خود اپنے ہاتھوں سے لی لیکن تعویذ کا کوئی اتا پتا نہیں چلا''۔

''اس تعویذ کا گم ہو جانا اچھی علامت نہیں ہے''۔ میں نے پر خیال انداز میں کہا۔ ''لیکن تم فکر مت کرو، میں کوئی اتا پتا نہیں چلا''۔

''پیر سائیں! مجھے تو یہ کوئی لمبا چکر ہی معلوم ہوتا ہے''۔ اس نے سہمے ہوئے انداز میں کہا۔ ''کیا یہ مناسب نہ ہوگا کہ میں وہ حویلی ہی خالی کر دوں؟''

''ابھی اس کی نوبت نہیں آئی؟''

''اس بندے کا کیا بنے گا جو پاگل ہو گیا ہے؟''

''پاگل ہونے کے بعد وہ کیا کچھ کہہ رہا ہے؟'' میں نے سنجیدگی سے دریافت کیا۔

''دیوانگی کی باتیں کر رہا ہے، کبھی خون خون کہہ کر چلانے لگتا ہے۔ کبھی چیخ چیخ کر کہتا ہے کہ مجھے نہ مارو میں بے قصور ہوں اور کبھی قاتل قاتل کی رٹ شروع کر دیتا ہے''۔

''تم کل صبح میرے پاس آنا..... میں کچھ کرتا ہوں''۔

قلندر خان کے جانے کے بعد میں سوچ میں پڑ گیا۔ میں نے جو تعویذ اسے دفن کرنے کی خاطر دیا تھا وہ میرا کئی بار کا آزمودہ تھا لیکن اس کا غائب ہو جانا اور دفن کرنے والے کا ذہنی توازن بگڑ جانا میرے لئے انتہائی حیران کن تھا۔ میں نے وہ تعویذ اس اثر کو ختم کرنے کو دیا تھا جو حویلی کے صحن میں دفن تھا۔ خون کا ابلنا اس بات کی ترجمانی کر چکا تھا کہ جس نے بھی وہ عمل کیا ہے وہ بہت زیادہ ہلاکت خیز ہے اور میرے خیال کے مطابق وہ پیدا ہونے والے بچوں کی موت کا سبب تھا۔ البتہ سفید بالوں کے گچھے والی بات میری سمجھ میں نہیں آسکی تھی۔

تین بار..... استخارے لینے کے بعد ایک اس عمل کو بار بار دہرانا مناسب نہیں تھا، چنانچہ اس رات میں نے ایک اور آزمودہ نفل پڑھے اور سو گیا۔ گہری نیند میں مجھے جو کچھ نظر آیا وہ میں حرف بحرف نقل کر رہا ہوں۔

وہ ایک مختصر مگر بے حد خوب صورت گڑیا گھر تھا جس کے اندر سے کثیف دھواں نکل رہا تھا۔ میں دبے قدموں اندر داخل ہوا تو وہاں ہر سمت ویرانی اور خاموشی مسلط تھی۔ در و دیوار اداس اور غمگین نظر آرہے تھے۔ ایک سمت خالی پالنا ہلکورے لے رہا تھا۔ پورے ماحول میں کافور کی خوشبو پھیلی ہوئی تھی۔ میں ایک ایک شے کو بغور دیکھ رہا تھا کہ کسی کے سسک سسک کر رونے کی آواز آہستہ آہستہ میرے قریب آکر گردش کرنے لگی۔

''کون ہو تم اور تمہارے رونے کا سبب کیا ہے''؟ میں نے سسکتی ہوئی مدہم آواز کو مخاطب کیا لیکن کوئی جواب نہیں ملا۔ رونے کی آواز اب آہستہ آہستہ سسکیوں میں تبدیل ہو رہی تھی۔

''میں تمہارا غم خوار ہوں۔ میں نے اسے دوبارہ مخاطب کیا۔'' مجھے اپنے رونے کا سبب بتاؤ، ہوسکتا ہے کہ تمہارے کسی کام آسکوں؟''

ہچکیوں اور سسکیوں کی آواز یک لخت مدہم پڑ گئی، پھر تیز و تند ہواؤں کا ایک جھکڑ آیا اور گڑیا گھر کو اڑا لے گیا۔ اب میں ایک لق و دق ویرانے میں کھڑا تھا جہاں ہر سمت ہو کا عالم تھا، میں نے اس جگہ کو غور سے دیکھا، وہ کوئی پرانا قبرستان تھا جس کی بیشتر قبریں یا تو کھنڈرات کا سماں پیش کر رہی تھیں یا منہدم ہو چکی تھیں۔ اسی قبرستان میں اچانک مجھے ایک انسانی ہیولا اپنی جانب بڑھتا نظر آیا۔ میں نے اس پر نظریں گاڑ دیں، وہ آہستہ آہستہ چلتا ہوا میرے سامنے آ کر رک گیا، وہ اس طرح تاریکی میں روپوش تھا کہ میں صرف اس کو حرکت کرتا دیکھ رہا تھا، اس کی شکل نہیں دیکھ سکتا تھا۔

''کسی کو بلاوجہ تنگ کرنا خداوند کریم کے نزدیک نا قابل معافی گناہ ہے''۔ میں نے کچھ سوچ کر سائے سے کہا۔'' میری درخواست کہ تم قلندر خان کا پیچھا چھوڑ دو''۔

اس بار جواب میں دور دور تک قہقہے گونجنے لگے۔ میں ان کی گونج واضح طور پر سن رہا تھا۔ وہ قہقہے یقیناً میری بات کا ردعمل تھے چنانچہ میں نے جلدی سے اسے دوبارہ مخاطب کیا۔'' میں بلاوجہ تمہیں پریشان نہیں کرنا چاہتا لیکن اگر تم نے میرا کہا نہ مانا تو پھر میرے پاس تمہارے خلاف کوئی سخت قدم اٹھانے کے سوا اور کوئی چارہ نہیں رہے گا''۔

قہقہوں کی گونج تھم گئی لیکن اب آسمان پر کڑاکڑاتی بجلیاں چمکنے لگی تھیں۔ بادلوں کی گھن گرج بھی اس میں شامل تھی۔ پھر اس سے پیشتر کہ میں ان علامتوں سے کوئی نتیجہ اخذ کرتا، میں نے ایک تناور درخت کو دیکھا جو تنکے کی طرح ہلکورے کھا رہا تھا۔ پھر اس کی شاخیں اور ڈالیاں ٹوٹ ٹوٹ کر گرنے لگیں۔ فضا میں چیخ کی آوازیں سنائی دینے لگیں پھر موسلا دھار بارش شروع ہوگئی۔ بارش کی شدت سے بچنے کی خاطر میں کسی پناہ گاہ کی تلاش میں پلٹا تو میری آنکھ کھل گئی۔ میں اپنی خواب گاہ میں بستر پر موجود تھا۔

میں خواب گاہ میں نظر آنے والی علامتوں کے بارے میں غور سے کرنے لگا اور ان کی کڑیوں کو ترتیب وار ملانے کی کوشش میں مصروف ہوگیا۔ میرا دل گواہی دے رہا تھا کہ میں نے خواب کی حالت میں جو کچھ دیکھا تھا اس کا تعلق یقینی طور پر قلندر خان کھوسو والے معاملے ہی سے تھا۔

گڑیا، گھر، قبرستان، سسکیوں اور ہچکیوں کی آوازیں، پھر بجلی کی کڑک اور بادل کی گرج، کسی درخت کا ٹوٹنا پھر بارش ہونا، یہ باتیں میرے ذہن میں باری باری گونج رہی تھیں، میں بڑی دیر تک خواب میں نظر آنے والی علامتوں پر غور کرتا رہا پھر میرے ذہن میں جو خیال آیا وہ یہ تھا کہ وہ کوئی جلالی عمل تھا جس کا توڑ میرے بس کی بات نہیں ہے یا پھر وہ علامتیں مجھے قلندر خان کھوسو کے معاملے سے دست کش ہونے پر مجبور کر رہی تھیں۔ دوسری صورت میں جو کچھ کرایا گیا تھا وہ کوئی گندہ عمل تھا جو مجھے ڈرا دھمکا کر خوف زدہ کرنا چاہتا تھا۔ خاصی دیر تک میں ان گتھیوں کو سلجھانے میں مصروف رہا، پھر چاروں قل اپنے اوپر دم کر کے سونے کے ارادے سے لیٹ گیا۔

دوسری صبح قلندر خان میرے پاس آیا تو بہت گھبرایا ہوا نظر آ رہا تھا،

''میاں سائیں! میں فوری طور پر اپنے علاقے میں واپس جا رہا ہوں''۔

''کوئی خاص وجہ!'' میں نے اس کی بوکھلاہٹ کو محسوس کرتے ہوئے دریافت کیا۔

''رات میرا ایک آدمی علاقے سے آیا ہے اس نے جو باتیں بتائیں، وہ میری سمجھ میں نہیں آ رہی ہیں۔'' قلندر خانے نے الجھتے ہوئے جواب دیا۔'' اب شاید موت ہی مجھے تمام پریشانیوں سے نجات دلا سکتی ہے''۔

''بات کیا ہے؟'' میں نے دوبارہ سے ٹٹولا۔'' آنے والے نے کیا بتایا ہے تمہیں''؟

''کل رات میری حویلی میں بھونچال آ گیا تھا۔'' وہ تھوڑے توقف کے

بعد بولا۔ ”مجھے یہی اطلاع ملی ہے کہ حویلی میں کئی جگہ ٹوٹ پھوٹ بھی ہوئی ہے، خاص طور پر اس حصے میں جو برگد کے درخت اور کنویں کے قریب ہے۔ بتانے والے نے یہ بھی کہا ہے کہ برگد کے درخت کی کئی تناور شاخیں بھی اس طرح ٹوٹ کر گری ہیں کہ کنواں اندر بیٹھ گیا ہے۔ اس کے علاوہ حویلی کے احاطے کے اندر تیز بارش بھی ہوئی ہے جبکہ دوسرے تمام علاقے خشک ہیں، زمین کا حصہ جہاں آپ نے تعویذ دفن کرانے کو دیا تھا، ایک چھوٹا سا غار بن گیا ہے“۔

میں نے کوئی جواب نہیں دیا، خواب میں نظر آنے والی علامتیں میرے ذہن میں پھر تازہ ہونے لگیں۔

”شاید ہم نے وہ جگہ کھود کر اچھا نہیں کیا۔“ قلندر خان نے ہاتھ ملتے ہوئے کہا۔ ”ہمیں وہاں ہاتھ نہیں ملانا چاہئے تھا“۔

”یہ خیال تمہیں اس وقت کیوں آرہا ہے؟“ میں نے چونک کر اس کے چہرے پر نظر ڈالی جو زردی مائل دکھائی دے رہا تھا۔

”میرا دل کہتا ہے کہ سب کچھ اسی کی وجہ سے ہوا ہے“۔ اس نے جواب دیا۔ ”تازہ تازہ خون اور بالوں کا وہ سفید گچھا بار بار میرے دماغ میں ابھرتا ہے۔ میرا خیال ہے کہ میرے دشمنوں نے اسی مقام پر کوئی جادو کی ہانڈی دفن کرادی ہے جسے چھیڑ کر ہم نے اور مصیبت مول لی ہے۔ اس کی بدولت میرا وہ آدمی بھی پاگل ہوگیا جس نے آپ کا دیا ہوا تعویذ دفن کرنے کی کوشش کی تھی۔ اب اسی حصے میں تباہی کا ہونا اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ کسی کم ذات نے میرے خلاف جو گندہ جادو کرایا ہے اس کا توڑ کرنا آپ کے اختیار میں بھی نہیں ہے“۔

اپنے بارے میں اس کی رائے کو میں نے نظر انداز کر دیا، اس لئے کہ وقتی طور پر اس کی جو کیفیت تھی اس میں کسی عقل یا ہوش مندی کی بات کی توقع نہیں کی جاسکتی تھی۔ میں خاموش رہا تو قلندر خان نے پہلو بدل کر سوال کیا۔ ”میرے لئے اب کیا حکم ہے پیر سائیں؟“

”میرا مشورہ ہے کہ تم اپنی بڑی بیوی کا جس کے پاؤں بھاری ہیں، حویلی سے کسی اور جگہ منتقل کر دو“۔ میں نے کچھ سوچ کر جواب دیا۔

”اس سے کیا فرق پڑ جائے گا؟“

”میں اس کیلئے تمہیں ایک تعویذ اور لکھ کر دیتا ہوں جسے تم حاملہ کی کمر سے باندھ دینا اور ولادت کے بعد ہی اسے کھول کر کسی ایسی جگہ دبا دینا جہاں کسی کے پاؤں پڑنے کی توقع نہ ہو“۔ میں نے گہری سنجیدگی سے کہا: ”موت اور زندگی خدا کے اختیار میں ہے قلندر خان لیکن اس کے کلام میں بڑی برکت ہے۔ مجھے بھروسہ ہے کہ وہ اس بار تمہیں مایوس نہیں کرے گا، تمہاری بڑی زوجہ کے گھر جو اولاد ہوگی اس کا کم از کم وہ انجام نہیں ہوگا جو پہلے تمہیں پریشان کر چکا ہے“۔

”اور کل رات جو کچھ ہوا ہے؟“

”اسے فی الحال بھول جاؤ“۔ میں نے مشورہ دیا۔ ”اپنے آدمی سے بھی کہہ دو کہ وہ اپنی زبان بند ہی رکھے، البتہ برگد کے درخت کی شاخ کی صفائی کرا دو اور ہو سکے تو جس حصے میں کنواں تھا وہ جگہ جہاں کھدائی کی گئی تھی اس کے اطراف احاطہ کھینچ کر پھول اور پودے لگا دو اور ملازموں کو تنبیہ کر دو کہ ادھر دن ڈھلے کے بعد کوئی جانے کی غلطی نہ کرے“۔

”پیر سائیں۔“ قلندر خان نے جو بدستور ذہنی طور پر الجھا نظر آرہا تھا، ہونٹ کاٹتے ہوئے بولا۔ ”کیا آپ کو بھروسہ ہے کہ جو گندہ جادو یا ٹونا میرے اوپر کرایا گیا ہے، آپ اس کا توڑ کر سکیں گے؟“

”خدا پر بھروسا رکھو قلندر خان، وہ اپنے بندوں کو آزمائش میں ضرور ڈالتا ہے لیکن اس کی ذات کڑی دھوپ میں بارش بھی برساتی ہے“۔ میں نے اسے سمجھاتے ہوئے کہا۔ ”فی الحال میرے کہنے پر عمل کرو اور میں تمہارے لئے کچھ اور راستہ اختیار کرتا ہوں“۔ (جاری ہے)

ہچکیاں بند کرنے کے ٹوٹکے

** ..... گنے کی گنڈیری کھانے سے اور کچھ دیر سانس روکنے سے ہچکیاں بند ہوجاتی ہیں۔

darulamal.org/multimedia/video دارالعمل چشتیہ کی ویڈیوز کی تفصیل

ظالم دشمن اور چور کا بدن پھولانے کے مخفی اعمال

ماہر علوم مخفی صوفی حکیم غلام سرور شباب صاحب مد ظلہ (حویلی لکھا)

ظالم دشمن کا بدن پھولانے کے لیے

چمڑے کی چھوٹی سی مشک لے کر اُس کی گردن پر ظالم دشمن کا نام مع والدہ لکھیں اور باقی مشک پر یہ عبارت تحریر کریں۔ عبارت یہ ہے:

طُحُوْبٍ۔ طَوْبٍ۔ کَمْشٍ۔ اَلَمْشٍ۔ طَیْطَمُوْشٍ۔ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَکْفَرَہٗ مِنْ اَیِّ شَیْءٍ خَلَقَہٗ فَقَدَّرَہٗ ثُمَّ السَّبِیْلَ یَسَّرَہٗ ثُمَّ اَمَاتَہٗ فَاَقْبَرَہٗ۔

پھر یہ عزیمت اکیس مرتبہ تلاوت کر کے مشک میں پھونک ماریں اور اُس کا منہ کسی ڈوری سے اچھی طرح باندھ دیں۔ پس ظالم دشمن کا بدن پھول جائے گا۔ عزیمت یہ ہے:

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیَّتُھَا الْاَرْھَاطُ التِّسْعَۃُ الْمُفْسِدِیْنَ فِی الْاَرْضِ اَجِیْبُوْا یَاھَوْشٍ۔ لَکَوْشٍ۔ کَمَوْشٍ۔ بِعَزِیْزٍ۔ بَھْیَلُیُوْنٍ۔ اَنَابِرَہٍ۔ اِنَابِیْلُ۔ طُوْبٍ۔ اَیُوَابٍ۔ بَرْھَفٍ۔ بِحَقِّ مَلْکٍ بِاَشْمَخٍ۔ شَمَاخٍ۔

چور کا بدن پھولانے کا خاص عمل

چمڑے کی چھوٹی سی مشک لے کر اُس کے درمیان میں آیت الکرسی الگ الگ حروف میں لکھیں اور سات انبیاء کرامؑ کے نام بھی تحریر کریں۔ جو مندرجہ ذیل ہیں۔

نوح علیہ السلام۔ لوط علیہ السلام۔ صالح علیہ السلام۔ ابراھیم علیہ السلام۔ موسیٰ علیہ السلام۔ عیسیٰ علیہ السلام۔ حضرت محمد ﷺ۔

پھر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر کہیں: "اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذَا النَّبِیِّ" (اور اشارہ کریں اپنی انگلی سے حضرت نوح علیہ السلام کے نام کی طرف) وَبِمَآ اَرْسَلْتَ بِہٖ ھٰذَا النَّبِیِّ اَنْ تَنْضَخُ بَطْنَ سَارِقِ مَتَاعِ (فلاں بن فلاں) یعنی جس کا مال چوری ہوا ہے اُس کا نام بمع والدہ لیں۔ پھر مشک میں تھوڑا سا پھونک ماریں۔ پھر آیت الکرسی پڑھیں۔ اور حسب سابق دوسرے نبی علیہ السلام کے نام کی طرف اشارہ کریں۔ یہاں تک کہ ساتوں انبیاء کرامؑ کے نام مکمل ہو جائیں۔ اور ہر نبی کے نام کے ساتھ تھوڑا سا پھونک ماریں۔ اور مشک کو بند کریں اور اُسے کسی دیوار کے ساتھ رکھ دیں۔ پس چور کا پیٹ پھول جائے گا۔ اور وہ مجبور ہو کر چوری شدہ مال واپس کر دے گا۔ جب وہ مال واپس کر دے تو آپ مشک کا منہ کھول دیں۔ اللہ تعالیٰ اُسے صحت مند کر دے گا۔

عطر تسخیر

قیمت: 200 روپے

شائقین تسخیرات کیلئے یہ خبر یقیناً باعث مسرت ہوگی کہ ان کی آرزوئے دیرینہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں ہماری کوششیں بارآور ہوئیں اور روحانی دکان دارالعمل چشتیہ کی جانب سے "عطر تسخیر" تیار کرنے کا مرحلہ مکمل ہوا۔ ایسے افراد جو کسی بھی وجہ سے محفل کی جان بنتے ہوں اور بار بار تنزلی کا شکار ہو جاتے ہوں، وہ اس خاص دم شدہ عطر سے تالیف قلوب، سنگدل محبوب کی تسخیر، تسخیر قلوب، قائم النکاح، دائمی دوستی و محبت پیدا کرنا، حکمران کے دل میں اپنا رعب ڈالنا، گاہکوں میں اضافہ کرنا، لوگوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کرنا، من پسند رشتے کا حصول، زوجین میں الفت، محبت و کشش پیدا کرنا، رجوع خلقت وغیرہ با آسانی کر سکتے ہیں۔ ایسے تمام افراد جن کا تعلق پبلک سے ہے مثلاً ڈاکٹرز، وکلاء، دوکاندار یا سیاستدان اگر اس روحانی عطر کو استعمال کریں تو تسخیر خلق ہوگی اور دوست، احباب، عزیز و اقارب سے اچھے تعلقات اور رشتوں میں استحکام پیدا کرنے کیلئے یہ "عطر تسخیر" سریع التاثیر ہے۔

نیا عطر تسخیر 2 مسحور کن خوشبوؤں میں تیار ہو چکا ہے

عاملین حضرات ہول سیل ریٹ پر منگوائیں

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

قطرے 30 ملی لیٹر DIABENE (Lehning, France)

خون اور پیشاب میں شکر، لبلبہ کا فعل ناقص، ذیابیطس میں مفید

عام طور پر جتنا سمجھا جاتا ہے، ذیابیطس کی تکالیف اس سے کہیں زیادہ ہیں۔ اس مرض میں پیشاب اور خون میں شکر کی زیادتی ہوجاتی ہے، پیاس بہت لگتی ہے، پیشاب بکثرت آتا ہے اور جلد پر خارش رہتی ہے۔ مرض بڑھ جائے تو خون کی رگیں تنگ ہوجاتی ہیں جن کا اثر دل پر پڑتا ہے۔ گردوں کی شکایت اور دیگر بہت سی بیماریاں لاحق ہوجاتی ہیں۔

ڈائبین ان تمام زہریلی رکاوٹوں کو دور کرتا ہے جو لبلبہ میں ''انسولین'' بننے کی راہ میں حائل ہوتی ہیں نیز:

☆ جسم میں کاربوہائڈریٹ کی بے اعتدالیوں کو ختم کرتا ہے اور گلوکوز کی تحلیل میں مدد دیتا ہے۔ ☆ لبلبہ کے خلیوں کو تحریک دیتا ہے، فعل معمول پر لاتا ہے اور شفاء وتقویت بخشتا ہے۔ ☆ جسم میں ''انسولین'' کے تناسب کے اعتدال عطا کرتا ہے اور خون میں شکر کی کمی بیشی کو متوزان کرتا ہے۔ ☆ جسم میں غیر ضروری پانی کے اجتماع کو تحلیل کرتا ہے، جسم کے کسی حصہ پر ورم وسوجن کو رفع کرتا ہے۔ ☆ پیشاب میں شکر کو دور کرتا ہے اور پیشاب کی زیادتی، بار بار یکا یک ناقابل برداشت حاجت کے لیے نافع ہے۔ ☆ پیاس کی زیادتی، پیشاب میں جلن، چھیلن، اینٹھن ودرد، نیز گردوں میں درد، ورم اور جلن کو ختم کرتا ہے۔ ☆ جگر کی ساخت میں خرابی یا تبدیلی دور کرکے اس کے فعل کو خراب یا معطل نہیں ہونے دیتا۔ ☆ اعصابی درد، گردن اور کمر کے پٹھوں میں درد، جوڑوں میں درد، پنڈلیوں میں کھنچاوٹ، اینٹھن وغیرہ دور کرتا ہے۔ ☆ عام جسمانی صحت کی صلاح کرتا ہے، غنودگی کی کیفیت، مزاج کا چڑچڑاپن، خارش، بھوک کی کمی اور جسمانی کمزوری کو رفع کرتا ہے۔

ڈائبین انسولین کا بدل نہیں۔ یہ انسولین پیدا کرنے والے جسمانی عوامل کی اصلاح کرتا ہے اور لبلبہ کی ذاتی کمزوری پر اثر انداز ہوکر انسولین کی مطلوبہ مقدار خون کو فراہم ہونے میں مدد دیتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ جگر کی خرابی کو بھی دور کرتا ہے جہاں شکر محفوظ رہتی ہے۔

ڈائبین کے استعمال سے خون میں ایسی کیفیت پیدا ہوجاتی ہے کہ چینی کے استعمال سے پرہیز رفتہ رفتہ کم ہوجاتا ہے نیز مریض میں شکر کی برداشت میں اضافہ ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ اس سے ذیابیطس کے پرانے زخم بھی درست ہوجاتے ہیں۔

قیمت: 490 روپے | برائے ممبران خزینۂ روحانیات: 440 روپے

کیپسول 60 DIACURE (Lehning, France)

پرانے ذیابیطس کا علاج.....انسولین کا نعم البدل

ڈایاکیور پرانے ذیابیطس میں شکر کو کم کرنے کے لیے انسولین کا نعم البدل

ذیابیطس کا مرض اچانک پیدا نہیں ہوتا، یہ رفتہ رفتہ بڑھتا ہے۔ ابتدائی علامات میں پیشاب زیادہ ہوتا ہے، پیاس زیادہ لگتی ہے، نیز بھوک کم، متلی، قے، ہاضمہ کی شکایت، ڈکاریں، پاخانہ کی بے قاعدگی، دردِ سر، نیند کا نہ آنا وغیرہ شامل ہیں۔ اس مرض کی آمد مریض کو معلوم ہی نہیں ہوتی۔ البتہ جب پیشاب کا بار بار ہونا، منہ کا خشک رہنا یا پیاس کا زیادہ ہونا، روز افزوں نقاہت، نگاہ کی کمی وغیرہ جیسی علامتیں بڑھتی ہیں۔ تب مریض کو احساس ہوتا ہے۔ اس مرض میں پیشاب کا قدرتی وزن بڑھ جاتا ہے۔ مقدار پیشاب بڑھ جاتی ہے۔ مریض کی سانس سے ایک خاص قسم کی بُو آنے لگتی ہے۔ نظام عصبی میں خرابی پیدا ہوتی ہے۔ مختلف عضو بدن سُن ہوجاتے ہیں یا سوجاتے ہیں۔ دردِ سر، چڑچڑاپن، مایوسی، کام سے نفرت، درد واینٹھن، قوت باہ اور نگاہ کی کمی پیدا ہوجاتی ہے۔ جلد خشک ہوجاتی ہے اور چھوٹی پھنسیاں نکلتی ہیں۔ ڈایاکیور ذیابیطس کے پرانے مریضوں میں خوراک کے خلاف مزاحمت کا تقویت بخش علاج ہے۔

ڈایاکیور انسولین اور خون میں شکر کی مقدار کو کم کرنے والے دیگر اجزاء کا بدل ثابت ہوتی ہے۔ یہ جسم میں انسولین کی مقدار کو متناسب کرتی ہے اور خون میں شکر کی کمی وزیادتی کو توازن عطا کرتی ہے۔

قیمت: 680 روپے | برائے ممبران خزینۂ روحانیات: 610 روپے

رابطہ: مطب العارف، دارالعمل چشتیہ، لاہور
042-35410586, 0307-5525103
darulamal.org/matabalaarif
matabalaarif@gmail.com

عمل حاضری مطلوب سات روزہ

ماہر علومِ مخفی صوفی حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ (حویلی لکھا)

یہ ایک ایسا عمل ہے کہ سات راتوں کی قلیل مدت میں پتھر دِل مطلوب بھی محبت میں دیوانہ ہوکر طالب کے قدموں میں آگرتا ہے۔ فاصلہ بے شک سات سمندر پار کا بھی ہوتو مطلوب بدحواس ہوکر حاضر ہوجاتا ہے۔ یہ ایک ایسا عمل ہے کہ اس کے موکلات مطلوب پر مسلط ہوجاتے ہیں اور مطلوب کو لحہ بہ لحہ بے چین و بے قرار کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ طالب کے پاس پہنچ جاتا ہے۔ ایسی دائمی محبت پیدا ہوتی ہے کہ پھر عمر بھر جدا نہیں ہوتا۔ مگر ناجائز کاموں میں استعمال کی ہرگز ہرگز اجازت نہ ہے۔ اگر کوئی ناجائز استعمال کرے گا تو اس عمل کے موکلات اُس کی زندگی اجیرن کردیں گے۔ اور وہ کسی کام کا نہ رہے گا۔

عمل کی ترکیب اس طرح ہے کہ عروج ماہ میں نوچندی اتوار کی رات سے شروع کریں۔ ایک کاغذ پر اتوار کی رات کی تمام منسوبات تحریر کریں اور پھر مقصد کی عزیمت تحریر کریں۔ پھر اس کاغذ پر سات دانے تفاح الجان کے رکھیں اور فلیتہ بنا کر جلائیں اور فلیتہ جلاتے وقت ستر مرتبہ مندرجہ ذیل آیت تلاوت کریں اور ہر مرتبہ یہ کہیں: ”سلبت عقل فلاں بنت فلاں لعشق والمحبتہ فلاں بن فلاں“

پھر سوموار کی منسوبات اور مقصد کی عزیمت اور حسب سابق فلیتہ بنا کر روشن کریں۔ اسی طرح روزانہ ہر دن کی منسوبات اور عزیمت تحریر کرنا ہوگی اور آیت ستر مرتبہ پڑھنا ہوگی۔

ان شاء اللہ تعالیٰ مطلوب محبت میں دیوانہ و بے قرار ہوکر حاضر ہوگا اور جدائی کا کبھی تصور بھی نہ کرے گا۔ سایہ کی طرح ہمیشہ ساتھ ساتھ رہے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ۔ (سورہ آل عمران آیت نمبر 14)

دنوں کی منسوبات کی جدول یہ ہے

شمار	دن	اسمائے قمریہ	موکل ارضی	موکل علوی
1	اتوار کی رات	لِيَاخِيْمٍ	المذهب	روقيائيل
2	سوموار کی رات	لِيَاغَوْرٍ	مرة الابيض	جبرائيل
3	منگل کی رات	لِيَافَوْرٍ	الاحمر	سمسميائيل
4	بدھ کی رات	لِيَارَوْثٍ	البرقان	ميكائيل
5	جمعرات کی رات	لِيَارُوْغٍ	الشمهورش	صرفيائيل
6	جمعہ کی رات	لِيَارُوْشٍ	زوبعه الابيض	عينيائيل
7	ہفتہ کی رات	لِيَاشَلْشٍ	ميمون سياف	كسفيائيل

عاملین کے لیے پرنٹڈ تعویذات کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/sale/printed_taweez

گھر سے بیماریاں کیوں نہیں جاتیں؟

تحقیق وتحریر: عبدالخالق عباس (کراچی)

قارئین کرام کو میری طرف سے السلام وعلیکم۔ کافی عرصے سے میں تحقیق کررہا ہوں۔ بیماریوں سے نجات کے لیے کافی ساری وجوہات میرے مشاہدے میں آئی ہیں۔ جوسب سے بڑی وجہ سامنے آئی کہ گھر سے بیماریاں کیوں نہیں جاتیں؟ اسلامی لحاظ سے ہر مسلمان کو اپنی صحت کا ضرور خیال رکھنا چاہیے کیونکہ کسی بھی لحاظ سے کمزور اور بیمار انسان اپنے رشتہ داروں، جاننے والوں، محلے کے لوگوں اور شہر کے ساتھیوں کیلئے تکلیف کا باعث ہوتا ہے جبکہ اگر انسان تندرست ہے تو وہ ملک اور قوم کی بہتری کیلئے کام کرتا ہے اور سوسائٹی کی بہتری اسی میں ہے کہ ہر شخص اپنے حصے کا کام کرے۔ بیماری دراصل ایک بہت بڑی پریشانی ہے۔ اگر بیماری کسی کو ہو تو سارا گھر پریشان ہوتا ہے۔ لیکن سب سے زیادہ پریشانی اس وقت ہوتی ہے جب گھر میں ایک سے زیادہ لوگ بیمار ہوں اور اگر کسی گھر میں بیماری لمبے عرصے کیلئے ہو تو اس گھر میں مالی، جسمانی اور نفسیاتی مشکلات پیدا ہوجاتی ہیں۔ عام طور پر اس طرح گھر کے بہت سے لوگوں کے مسلسل بیمار رہنے کی وجہ جادو ٹونہ سمجھتے ہیں اور مختلف قسم کے علاج کرا کر مزید نقصان برداشت کرتے ہیں۔ لیکن عام طور پر ان بیماریوں کی دوسری بہت سی وجوہات ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر بعض لوگ اپنے جسم کی صفائی نہیں رکھتے۔ اسلام میں صفائی پر خاص طور پر زور دیا گیا ہے اور صفائی کو ایمان کی آدھی تکمیل کہا گیا ہے۔ جسمانی صفائی کیلئے ضروری ہے کہ آپ روزانہ نہائیں۔ دنیا کے ٹھنڈے علاقوں میں بھی صفائی پسند لوگ اپنی جسمانی صفائی کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ ہمارے ہاں اگر پانی کی کمی کی شکایت ہو تو جتنا ممکن ہو، ایک ہفتے میں اتنی بار نہالینا چاہیے۔ اسی طرح ہم اپنے کپڑوں کی صفائی کا خیال نہیں رکھتے جو بیماریوں کا باعث بنتے ہیں۔ بہت سے لوگ ایسے بھی دکھائی دیتے ہیں جن کا بظاہر نظر آنے والا اوپر کا لباس تو بہت صاف ستھرا ہوتا ہے لیکن اندر پہنے ہوئے بنیان وغیرہ بہت میلے ہوتے ہیں۔ مغربی ممالک کے بہت سے علاقوں میں موسم ایسا ہوتا ہے کہ وہاں چند روز تک کپڑے مسلسل استعمال سے بھی میلے نہیں ہوتے لیکن ہمارے ہاں گرمی، مٹی اور پسینے کی وجہ سے کپڑے تھوڑی دیر میں ہی میلے ہوجاتے ہیں، جن کا مسلسل استعمال مختلف بیماریوں کو دعوت دیتا ہے۔

بیماری کی دوسری وجہ ذہنی طور پر صفائی نہ ہونا ہے۔ اگر آپ کے ذہن میں ایسے خیالات جنم لیتے ہیں جو اچھے نہیں مثلاً حسد، بغض، لالچ وغیرہ تو آپ کے گھر میں بیماری آسکتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر آپ کے کوئی پڑوسی یا رشتہ دار مالدار ہیں اور آپ خود بھی محنت کرتے ہیں لیکن اتنے مالدار نہیں ہیں اور آپ حسد کرنے لگیں تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کا ذہن صاف نہیں بلکہ اس میں میل ہے۔ اور اسی کی وجہ سے آپ جسمانی طور پر بیمار ہوسکتے ہیں۔ اسی طرح اگر آپ کے ذہن میں لالچ، خوف یا گندے خیال ہوں تو آپ کے ذہن کے خیالات، آپ کو جسمانی طور پر بیمار کرسکتے ہیں۔ اگر آپ پرائز بانڈ یا اس طرح کسی انعامی اسکیم کے ذریعے راتوں رات مالدار بننے کے خواب دیکھتے ہیں تو بھی آپ کی صحت خراب ہوسکتی ہے۔

صحت کی خرابی کی ایک وجہ خوف بھی ہوسکتی ہے۔ یہاں ایک بات ہمیں اپنے ذہن میں رکھنی چاہیے کہ ہمیں صرف خداوند کریم سے ڈرنا چاہیے کیونکہ جو شخص خدا سے ڈرتا ہے، اسے مخلوق میں سے کسی کا ڈر نہیں ہوتا اور اگر کوئی شخص خدا سے نہیں ڈرتا، اسے مخلوق میں سے ہر ایک سے ڈر لگتا ہے۔ اللہ کا خوف اگر آپ کے دل سے نکل جائے تو آپ کوئی ایسا کام کرسکتے ہیں جو ظلم ہو اور اگر آپ نے ظلم کیا تو کوئی نہ کوئی شخص آپ کو بلیک میل کرنے کے لیے خوفزدہ کرسکتا ہے اور یہ خوف آپ کو بیمار کرسکتا ہے۔ اس لیے آپ جب بھی گناہ کرنے کا خیال کریں تو خدا کا خوف اپنے دل میں پیدا کریں تاکہ آپ اس گناہ سے محفوظ رہیں۔ گناہ کرتے وقت جس طرح ہم پہلے یہ دیکھ لیتے ہیں کہ کوئی شخص ہمیں دیکھ نہ رہا ہو، بالکل اسی طرح اگر ہم یہ بھی خیال کریں کہ اللہ ہمیں دیکھ رہا ہے تو گناہ سے بچ سکتے ہیں۔ اللہ ہر جگہ موجود ہے اور وہ ہر وقت ہمیں دیکھتا ہے۔

اسی طرح بعض اوقات اللہ پر بھروسہ نہ کرنے کی وجہ سے بھی ذہن پریشان رہتا ہے اور بیماری گھر میں آسکتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر کسی شخص کی دو تین بیٹیاں ہیں اور وہ اللہ پر مکمل بھروسہ رکھنے کے بجائے خود پریشان ہونا

مختلف مقاصد کے لیے مختلف الواح کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/sale/alwah.htm

شروع کردے تو ذہنی پریشانی کے سوا کیا مل سکتا ہے۔ آپ ذہن میں صرف ایک بات رکھ لیں کہ بیٹیاں بھی اللہ نے دی ہیں اور وہی سب کی مشکلات حل کرنے والا اور سب کے عیب ڈھانکنے والا ہے۔ وہی دکھیاروں کا سہارا اور وہی بند راستوں کو کھولنے والا ہے۔ ہم اللہ کے بے بس بندے ہیں۔ اللہ نے ہر چیز کیلئے ایک وقت مقرر کیا ہے۔ ہم سوائے دعا کے کچھ نہیں کر سکتے۔ اللہ ہی ہماری دعاؤں کو سننے والا ہے اور وہ بھی ہماری خواہشات پوری کرنے والا ہے۔ اگر ہم سوچ لیں تو ہمارا ذہن صاف ہو جائے گا اور ہم بے شمار ذہنی اور جسمانی بیماریوں سے دور ہو جائیں گے۔

اسی طرح بعض اوقات ہمیں بھوت پلید کا خوف بھی بیمار کر دیتا ہے۔ ہمیں یہ خوف ہوتا ہے کہ ہمارے کسی دوست یا رشتہ دار یا پڑوسی نے ہم پر کوئی جادو کر دیا ہے، جس کی وجہ سے بدروحیں ہمارا پیچھا کرتی ہیں۔ ماہرین نفسیات نے کروڑوں لوگوں کی جو سائیکو ریسرچ کی ہے، اس میں یہ بات کھل کر سامنے آگئی ہے کہ جادو ٹونہ دنیا میں اتنا ہے نہیں، جتنا لوگوں کے دل میں اس کا خوف ہے۔ ایک اندازے کے مطابق ہمارے ملک میں اگر سو مرد اور عورتوں کا خیال ہے کہ ان پر جادو ٹونہ کیا گیا ہے یا ان کے گرد بدروحیں موجود ہیں تو ان میں سے صرف دس مرد اور دو عورتیں سچ مچ جادو ٹونہ کا شکار ہیں۔ باقی اٹھاسی فیصد لوگ وہم کا شکار ہیں اور ان کے ذہن اور جسم اسی لیے پریشان اور بیمار رہتے ہیں کہ وہ وہم میں مبتلا ہیں اور اس پریشانی کے عالم میں مختلف روحانی عاملوں کے پاس جاتے ہیں۔ اگر خدانخواستہ ان کو کوئی اناڑی عامل مل جائے تو مزید مشکلات پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس لیے اگر آپ کو جادو ٹونے کا خوف ہو تو بھی صرف اللہ سے مدد مانگیں کیونکہ وہی ہر مشکل میں ہمارا مددگار ہے۔

ایک اور خوف جو اکثر ہمارے ذہن میں آکر ہمیں نفسیاتی اور جسمانی طور پر بیمار کر دیتا ہے وہ زندگی میں ناکامی کا خوف ہے۔ اس بارے میں لڑکیوں کو یہ خوف ہوتا ہے کہ ان کی شادی خراب ہوگی اور وہ زندگی بھر سسرال والوں کا ظلم سہتی رہیں گی یا یہ کہ ان کی ازدواجی زندگی ناکام رہے گی۔ شادی شدہ خواتین کو اپنے بچوں کا مستقبل تاریک نظر آتا ہے اور وہ خوفزدہ رہتی ہیں۔ اسی طرح نوجوان لڑکے اور مرد یہ سوچ سوچ کر خوف کھاتے ہیں کہ زندگی میں اپنی نوکری یا بزنس میں وہ کامیابی حاصل نہیں کر سکیں گے، جو انہیں حاصل کرنی چاہیے اور اسی طرح کا خوف ان خواتین اور مردوں کو مختلف بیماریوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔

بیماریوں کی ایک وجہ گھر میں صفائی میں کوتاہی ہے۔ بہت سے لوگ ایسے نظر آتے ہیں جو جسم کو صاف رکھتے ہیں، کپڑے بھی صاف پہنتے ہیں لیکن ان کے گھر میں صفائی کا کوئی خیال نہیں رکھا جاتا۔ دراصل گھر میں صفائی کی ذمہ داری زیادہ تر عورتوں پر ہوتی ہے۔ لیکن اگر دیکھا جائے تو اس میں مرد کا بھی بڑا ہاتھ ہوتا ہے۔ گھر میں گندگی، لاپرواہی سے ہوتی ہے۔ چھوٹی چھوٹی گندگی کی طرف دھیان نہ دینے اور گھر کی چیزوں کو ان کی اصل جگہ رکھنے کے بجائے ادھر ادھر رکھ دینے سے گھر میں کاٹھ کباڑ بڑھ جاتا ہے اور پھر گھر میں گندگی بڑھنے لگتی ہے، جس کی وجہ سے بیماری گھر کا راستہ دیکھ لیتی ہے۔ اس لیے گھر میں تھوڑی گندگی شروع ہوتے ہی صفائی شروع کر دیں۔

گھر میں اگر سب لوگ مسلسل بیمار ہیں اور مسلسل ڈاکٹری علاج سے کوئی فائدہ نہ ہوتا ہو تو اس کی وجہ جادو ٹونہ بھی ہو سکتی ہے۔ کیونکہ دنیا میں ایسے بے شمار لوگ ہیں جو دوست بن کر آپ کے ساتھ رہتے ہیں لیکن آپ سے حسد کرتے ہیں، ان کے حسد کرنے کی کوئی بھی وجہ ہو سکتی ہے۔ وہ آپ کے مال و دولت کی وجہ سے حسد کرتے ہیں یا میاں بیوی میں بے حد محبت ہو تو ان کے دل میں حسد ہو سکتی ہے۔ آپ کے بچے ذہین اور سمجھ دار ہوں تو کوئی بھی آپ سے حسد کر سکتا ہے۔ اگر آپ کے گھر میں جادو ٹونے کی وجہ سے بیماری ہو تو ہر روز نماز ظہر کے بعد 333 بار اللہُ النور الکریم اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پئیں۔ جادو ٹونہ جیسی بیماری زائل ہو جائے گی اور اگر بغیر جادو ٹونے کے بیماری ہو، بیری کے پتوں کو پانی ڈال کر پکائیں۔ ٹھنڈا ہونے پر غسل کریں۔ ہر پیر کو دو فقیروں کو کھانا کھلائیں۔ نماز فجر کے بعد 131 بار سورۂ فاتحہ پانی یا آب زمزم پر دم کریں۔ وہ استعمال کریں 92 دن۔ ان شاء اللہ، بیماری دفع ہو جائے گی۔ اور اس بات کا دل میں کامل یقین کریں کہ خداوند کریم آپ کو شفاء دے گا۔ اور اپنے گھر کی صفائی کا خاص خیال رکھیں اور اپنے ذہن اور دل و دماغ کا بھی خیال رکھیں۔ کسی اور کا دل نہ دکھائیں۔ اللہ کے ہاں ہر بیماری کا علاج موجود ہے۔

باطنی قوت بڑھانے والے آلہ یکسوئی کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/sale/aalaeyaksui.htm

ہمارے بھائی کو نئی زندگی مل گئی

محمد عرفان (کماہاں کینٹ، لاہور)

بھائی اقبال صبح سویرے حسب عادت موٹر سائیکل پر دودھ کے برتن لٹکائے گھر سے دودھ لینے کیلئے نکلا، کافی دیر گزر جانے کے باوجود وہ واپس گھر نہیں آیا جب کہ وہ دودھ لے کر بہت جلدی آجایا کرتا تھا۔ اس کے گھر واپس نہ آنے کی وجہ سے ہم سب گھر والے کافی حیران و پریشان تھے کہ اچانک کسی جاننے والے کا فون آیا، فون سنتے ہی ہم سب سکتے میں آگئے چونکہ بھائی اقبال کے ایکسیڈنٹ کی اطلاع تھی۔ حادثے کی جگہ ہم سے کچھ زیادہ دور نہ تھی وہاں جا کر معلوم ہوا کہ موڑ کاٹتے ہوئے اچانک کچھ ایسا ہوا کہ موڑ نہیں کاٹا گیا اور بھائی سیدھا نیچے کھائی میں جو تقریباً 14 یا 15 فٹ گہری ہوگی، موٹر سائیکل سمیت اس میں جا گرا۔ گرتے ہی بھائی بے ہوش ہو گیا۔ موٹر سائیکل تباہ ہوگئی لیکن ایک بات جو ہماری سمجھ میں اب تک نہیں آئی کہ دودھ کے برتنوں سے دودھ کہاں غائب ہو گیا۔ ڈھکن بھی بند اور دودھ گرنے کا زمین پر کوئی اثر یا نشان بھی نہیں تھا۔ آخر دودھ گیا تو گیا کہاں کیونکہ اس میں سے دودھ کسی نے نکالا بھی نہیں تھا اور برتن بھی دودھ سے مکمل بھر کر لائے گئے تھے۔ بہرحال ہم نے بھائی کو اٹھایا اور فی الفور جنرل ہسپتال ایمرجنسی وارڈ میں پہنچ گئے۔ ڈاکٹروں نے فی الفور چیک اپ شروع کر دیئے، سارا دن چیک اپ میں ہی گزر گیا۔ سینئر پروفیسر حضرات بڑے ڈاکٹر صاحبان تمام ٹیسٹ اور میڈیکل رپورٹس لیکن بھائی ابھی تک بے ہوش تھا اور مزے کی بات یہ کہ تمام رپورٹس بالکل کلیئر تھیں، ڈاکٹرز حضرات بھی سر پکڑ کر بیٹھ گئے کہ مسئلہ کچھ ان کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا۔ آکسیجن، ڈرپس اور مکمل ٹریٹ منٹ مسلسل چل رہی تھی اور مسئلہ جوں کا توں ہی تھا بلکہ بعض ڈاکٹروں نے دعاؤں کا کہنا شروع کر دیا کہ آپ کا مریض قومہ میں چلا گیا ہے۔ اب اس کا کوئی حل نہیں ہے۔ بس آپ کی دعائیں ہی اس کو بچا سکتی ہیں، اسی حالت میں 3 دن گزر گئے۔ اچانک ہمارے ذہن میں دارالعمل چشتیہ کا خیال آیا تو ہم وہاں پہنچے، ان کو ساری صورتحال بتلائی تو انہوں نے بتلایا کہ آپ کے بھائی پر شدید قسم کے جادو کا جان لیوا وار کیا گیا ہے۔ بہرحال آپ پریشان نہ ہوں، اللہ سے آپ بھی دعا کریں ہم بھی کرتے ہیں اور روحانی علاج اور صدقے کا ایک خاص عمل انہوں نے ہمیں بتلایا۔ سب سے پہلے صدقے کا ایک خاص گوشت والا عمل ہم نے وہ آتے ہی کیا اور پھر ان کا دیا ہوا روحانی علاج ہم نے شروع کر دیا، یقین جانیے اللہ گواہ ہے گوشت کے صدقے کا عمل کرتے ہی بھائی کے جسم نے حرکت کرنا شروع کر دی اور جب ہم نے ان کی دی ہوئی ایک خاص بتی جس کو لال بتی کہتے ہیں، اس کو سونگھایا تو بھائی نے آنکھیں کھول دیں اور پھر جوں جوں روحانی علاج کرتے گئے بھائی ٹھیک ہوتا چلا گیا۔ پھر بھائی نے بولنا شروع کر دیا۔ ہسپتال سے ہم اس کو لے کر 3 دن میں ہی واپس آگئے۔ سب ڈاکٹر، پروفیسر ہسپتال کا عملہ، پورے وارڈ کے مریض اس اچانک حالت کے بدلنے پر خوش بھی تھے اور حیران بھی اور یہ کہہ رہے تھے کہ ہمیں یقین نہیں آرہا کہ یہ حقیقت میں ٹھیک ہو گیا یا ہم یہ کوئی خواب دیکھ رہے ہیں۔ ہم نے سب کو بتلایا کہ یہ دارالعمل چشتیہ کا فیض ہے۔ اللہ دارالعمل کا فیض جاری و ساری رکھے کہ واقعی اللہ کے فضل سے انہوں نے ہمارے بھائی کو دوبارہ سے زندہ کر دیا، ہم سب کی دعائیں دارالعمل کیلئے ہیں۔

دارالعمل چشتیہ کے علاج سے مریض کو دوبارہ زندگی مل گئی

خزینہ روحانیات جب نہ ملے تو کیا کریں؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو خزینہ روحانیات رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے۔ ایجنسی ہولڈرز کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ خزینہ روحانیات نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط، فون یا sms کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ ❶ بک سٹال جہاں رسالہ دستیاب نہ ہو؟ ❷ شہر اور علاقے کا نام؟ ❸ ممکن ہو تو بک سٹال کا فون یا موبائل نمبر۔ ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبر پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ خزینہ روحانیات بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔

سرکولیشن منیجر: 0322-4773786

آیئے ہمارا ساتھ دیجئے!

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

دارالعمل چشتیہ کا فیض سیدی ومرشدی حضرت اقدس ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ کے اخلاص اور تقویٰ کی وجہ سے صرف ملک عزیز ملک پاکستان ہی میں نہیں بلکہ دنیا بھر میں مثل آفتاب پہنچ رہا ہے، اس عزت وشرف اور خصوصی مقبولیت پر ہم اللہ رب العزت کے حضور سربسجود اور شکر گزار ہونے کے ساتھ ساتھ دست بدعا ہیں کہ یا اللہ ہمیں اسی اخلاص اور جذبے کے ساتھ اپنی دکھی، پریشان حال، مصیبتوں اور تکلیفوں کی ماری انسانیت کی بھرپور خدمت کرنے کی مزید ہمت وطاقت نصیب فرما، دارالعمل چشتیہ کا روز اول سے یہی عزم ہے کہ ہم روحانی فیض کو پوری دنیا میں عام کریں گے، اس کو ہر ملک، ہر صوبہ، ہر شہر، ہر محلے، ہر قصبے، گلی کوچے اور گھر گھر عام کریں گے۔

تاکہ لوگ اپنی تشخیص، اپنے مرض کی پہچان اور اس کا علاج خود کرسکیں اور جعلی لٹیرے عاملوں کے شکنجوں اور ہتھکنڈوں سے محفوظ رہ سکیں۔ اگر آپ بھی یہ شوق رکھتے ہیں اور واقعی اس کا شوق ہونا بھی چاہئے تو مزید انتظار کس بات کا، دیر کس چیز کی بذریعہ فون، ڈاک، ای میل اور بذریعہ انٹرنیٹ رابطہ فرمائیں۔ معلومات لیں یا براہ راست تشریف لائیں اور امت مسلمہ کی خدمت کے جذبے میں ہمارے ہم مشن بنیں!!

حکومت عوام کو کیسے خوش کرتی ہے

شازیہ اکرم

ایک بادشاہ تھا۔ بادشاہ کے دربار میں ایک گانا گانے والا آیا۔ بہت اچھا گانا گایا۔ اتنا اچھا گانا گایا، بادشاہ نے اس گانے والے کے گانے کو سن کر کہا ''اتنا اچھا گا رہا ہے، اس کو ہیرے دے دو''۔ وہ اور اچھا گانے لگا۔ بادشاہ نے کہا ''اس کو موتی دے دو''۔ اور اچھا گانے لگا۔ بادشاہ نے کہا ''اس کو اشرفی دے دو''۔ اور اچھا گانے لگا۔ بادشاہ نے کہا ''اس کو سونا دے دو''۔ اور اچھا گانے لگا۔ بادشاہ نے کہا ''اس کو چاندی دے دو''۔ اور اچھا گانے لگا۔ بادشاہ نے کہا ''اس کو جاگیر دے دو''۔ اور اچھا گانے لگا۔ بادشاہ نے کہا ''اس کو انعام دے دو''۔

اور وہ خوش ہوا۔ گانا گاتا گیا۔ گانا ختم ہوا۔ اپنے گھر واپس گیا۔

بیوی سے کہنے لگا ''بادشاہ نے آج مجھے میرے گانے کی صلاحیت اور قابلیت کے بنا پر ہیرے دے دیئے، موتی دے دیئے، سونا دے دیئے، زمین دے دیئے، جاگیر دے دیئے، انعام دے دیئے۔''

بیوی خوش ہوئی، بچے خوش ہوئے۔ ایک دن گزرا، دو دن گزرے، تین دن گزرے، چار دن گزرے، کئی دن گزر گئے۔ نہ کوئی اشرفی ملی، نہ کوئی سونا ملا، نہ کوئی ہیرا، نہ کوئی زمین ملی۔

تو پھر وہ گانا گانے والا بادشاہ کے دربار گیا۔ جا کر بولا ''سرکار! میں نے اتنا گایا اور میرے گانے کو سن کر آپ اعلانات کرتے رہے کہ موتی دے دو، زمین دے دو، سونا دے دو، جاگیر دے دو۔ مگر سرکار! اتنے دن ہوئے، کچھ نہیں ملا''۔

بادشاہ مسکراتا ہے اور مسکرا کے کہتا ہے ''یہ لینے دینے کی بات کہاں سے آئی بابا؟ تو نے میرے کان کو خوش کیا۔ میں نے تیرے کان کو خوش کیا''۔

سیل سیل سیل

ماہ رمضان کی مبارک گھڑیوں میں اپنے محبوب کرم فرماؤں کیلئے العارفی عطورات نے زبردست دھماکہ آفر پیش کی ہے۔

تمام امپورٹڈ ولوکل عطریات کی قیمتوں میں 35 سے 45 فیصد کمی کردی گئی ہے

سٹاک محدود ہے۔ جلد رابطہ فرمائیں | یہ آفر جولائی 2016ء کیلئے ہے۔

رابطہ نمبر: 0334-4312272

''مؤثر ترین لوگوں کی سات عادات'' سیلف ہیلپ پر سٹیفن کووے کی شہرت یافتہ کتاب کا خلاصہ

شکیل احمد

سٹیفن کووے 1932ء میں پیدا ہوا۔ وہ RockyMOunts کے علاقے اتاہ Utah میں اپنی بیوی ساندرہ اور بچوں کے ساتھ رہتا ہے۔ سیلف ہیلپ پر اس کی کتاب ''انتہائی مؤثر لوگوں کی سات عادات'' کے ضمن میں اس نے بین الاقوامی شہرت حاصل کی اور وہ دنیا بھر میں مشہور ہے۔ یہ کتاب سب سے پہلے سائمن اینڈ شٹر نے 1939ء میں شائع کی اور دنیا بھر میں اس کے ایک کروڑ 20 لاکھ نسخے فروخت ہو چکے ہیں۔ کووے نے ہارورڈ یونیورسٹی سے ایم بی اے کیا اور اپنی پیشہ ورانہ زندگی کا زیادہ تر حصہ پراءغم ینگ یونیورسٹی میں صرف کیا ہے جہاں وہ ادارہ جاتی انداز کا اور کاروباری انتظام کاری کا پروفیسر تھا۔ ایم بی اے کے علاوہ اس نے پراءغم ینگ یونیورسٹی میں قیام کے دوران ڈاکٹریٹ کی ڈگری بھی حاصل کی۔ ڈاکٹر سٹیفن کووے کو انسانیت کی مسلسل خدمت کے باعث تھامس موری لج میڈل دیا گیا ہے، اس کے علاوہ اسے چار اعزازی ڈاکٹریٹ کی ڈگریوں سے بھی نوازا گیا ہے۔

کووے، فرینکلن، کووے ادارے کا شریک بانی بھی ہے، جو بطور خاص کووے کے وضع کردہ اصولوں پر مبنی انداز فکر پر اپنی توجہ مرکوز کرتا ہے۔ پیشہ ورانہ ازندگی میں وقت کی مناسب تقسیم کے موضوع پر دنیا بھر میں سند کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا ہے۔ ''فارچون 500 اداروں'' سمیت ہزاروں کاروباری اور تجارتی اداروں نے قیادت، اجتماعی کارکردگی اور گاہک کے لیے خدمات کی فراہمی کے حوالے سے وضع کردہ جدید اور نئے طریقے اپنائے ہیں۔ وقت کی مناسب تقسیم کے موضوع پر اس نے اے راچر اینڈ رابیکا آرمیرل کے ساتھ مل کر ''ضروری کام پہلے'' نامی کتاب تصنیف کی ہے، جو سائمن اینڈ شٹر کے مطابق وقت کی مناسب تقسیم کے موضوع پر اب تک سب سے زیادہ فروخت ہونے والی کتاب ہے۔

''سات عادات'' نامی کتاب میں اس نے ان سات اصولوں کو واضح انداز میں بیان کیا ہے، جو انسان کی زندگی میں مثبت تبدیلی لا کر اسے متاثر کن شخصیت بناتے ہیں۔ مصنف کا کہنا ہے کہ یہ سات عادات دنیا کے تمام بڑے مذاہب کی تعلیمات میں شامل ہیں۔ وہ سمجھتا ہے کہ یہ اصول بذات خود ''کسی ثبوت کے محتاج نہیں'' یعنی آپ ان کے خلاف کوئی ثبوت بھی پیش نہیں کر سکتے۔ اس کا موقف یہ ہے کہ تمام انتہائی موثر افراد اور انتہائی موثر اداروں نے اپنی کامیابی برقرار رکھنے کی خاطر، کسی نہ کسی حد تک، ان سات عادات کو استعمال کیا ہے اور ان سے فائدہ اٹھایا ہے۔

کووے کا کہنا ہے کہ یہ سات عادات ''عمومی علم'' کی حیثیت رکھتی ہیں لیکن ساتھ ہی یہ بھی کہتا ہے ضروری نہیں کہ یہ سات عادات عمومی طور پر عملی انداز میں اپنائی بھی جائیں۔ درحقیقت یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ عادات، دراصل انسانی فطرت کے برعکس کارفرما ہوتی ہیں۔ بیرونی اور خارجی عمل کے مقابلے میں ردعمل کا اظہار انسانی فطرت میں شامل ہے اور ہم یہ رویہ صرف اپنے مفاد کو ہی پیش نظر رکھ کر اپناتے ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ ایک انسان کی حیثیت سے ہم اپنے اندر اعلیٰ سطحی خیالات اور افعال پیدا کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہیں اور پھر سخت محنت کے ذریعے ان سات عادات کو اپنانے کے باعث ہم خود میں پیش عملی (Proactiveness) پر مبنی رویہ اور طرز عمل پیدا کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ اپنی اس کوشش میں کامیاب ہونے کے بعد ہم اپنی قسمت کے خود مالک بن سکتے ہیں اور اجتماعی مفاد کی خاطر ہم دوسرے افراد پر اثر انداز ہونے کی صلاحیت حاصل کر لیتے ہیں۔

اس کتاب میں سے چند اقتباسات درج ہیں، جو ایک مفید مختصر خلاصے کی حیثیت رکھتے ہیں۔

(1).....پیش عملی اختیار کیجیے

پیش قدمی بلکہ پیش عملی (Proactiveness) سے مراد یہ نہیں کہ آپ

تعویذ خیر و برکت کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/taweezat/khairobarkat.htm

دوسروں کو دھکیل کر آگے بڑھیں۔ کامیابی کے لیے بے ہودہ طریقے اپنائیں یا جارحانہ طرز عمل اختیار کریں بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ اپنے مقاصد کو عملی طور پر حاصل کرنے کیلئے اہم اپنی ذمہ داری اور فرض کا ادراک اور فہم حاصل کریں۔

(۲).....نتائج کو ذہن میں رکھیں

اس عادت کی بنیاد تصور و تخیل ہے۔ یعنی، اپنے ذہن کے ذریعے ہم خود میں موجود اس صلاحیت کا ادراک حاصل کر سکیں، اسے اپنے تخیل و تصور کے ذریعے اپنے سامنے لا سکیں جسے ہم موجودہ لمحے میں اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتے۔

(۳).....ضروری کام پہلے پر مبنی روزیہ اور انداز کار اپنائیے

آپ کیلئے آپ کا کوئی مقصد زیادہ اہم ہوتا ہے، اس ضمن میں اپنے ذہن میں واضح ادراک اور فہم پیدا کریں، صرف اور صرف اپنے مطلوبہ مقصد پر نظر رکھیں، اسے حاصل کرنے کے طریقے کار کی طرف توجہ نہ دیں بلکہ صرف نتائج کو مدنظر رکھیں۔ وقت صرف کیجئے، صبر و تحمل سے کام لیجئے اور کام لیجئے اور مطلوبہ نتائج کو اپنے تصور و تخیل کے ذریعے پہلے ہی اپنے ذہن میں راسخ کر لیجئے۔

(۴).....کامیابی اور جیت کو ہی پیش نظر رکھیں

''کامیابی اور جیت'' ایک ایسا مثبت انداز فکر ہے جس کے ذریعے تمام انسان باہمی تعلقات کا استعمال کرتے ہوئے ایک دوسرے کے مفادات حاصل کرنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔ اس کو پیش نظر رکھنے سے مراد یہ ہے کہ ''اتفاق اور رضامندی باہمی طور پر مفید اور اطمینان بخش ہو''۔

(۵).....پہلے دوسرے فریق کا موقف سمجھئے، پھر اپنا سمجھائیے

یہ اصول، آپ کے رویے میں بنیادی تبدیلی کا مظہر ہے۔ عام طور پر ہم چاہتے ہیں کہ دوسرے لوگ ہماری بات سمجھیں۔ اکثر لوگ دوسرے فریق کی بات اسے لیے نہیں سنتے کہ ان کے موقف کو سمجھ لیا جائے بلکہ محض اس لیے سنتے ہیں کہ ان کی بات کا جواب دیا جائے۔ وہ یا تو اپنا موقف پیش کرتے ہیں، یا اپنا موقف پیش کرنے کو تیار رہتے ہیں۔ وہ ہر چیز کو اپنے نقطہ نظر کے مطابق دیکھتے ہیں۔ جب کہ دوسروں کے موقف سے درست طور پر آگاہی حاصل کر کے آپ کسی بھی صورتحال کا درست ردعمل دینے کی پوزیشن میں آجاتے ہیں۔

(۶).....اتحاد عمل

یہ اصول نہایت ہی کارگر اور مفید ہے۔ یہ تمام گزشتہ عادات سے حاصل ہونے والی سب سے بڑی کامیابی ہے۔ یہ باہمی انحصار پر مشتمل حقیقت کی اثر پذیری ہے۔ یہ اجتماعی کارکردگی ہے، اس کے باعث مل جل کر کام کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ اس کے ذریعے دوسرے افراد کے درمیان اتحاد اور تخلیقیت پیدا ہوتی ہے۔

(۷).....اپنی اصلاح جاری رکھئے

یہ عادت، خود اصلاحی رویے اور طرز عمل پر مبنی ہے۔ یہ عادت، دیگر تمام عادات پر محیط ہے۔ اس عادت کے ذریعے آپ اپنی مسلسل اصلاح کرتے رہتے ہیں جس کے باعث آپ کو نیا شعور اور ادراک حاصل ہوتا ہے اور آپ اچھی عادات کے مطابق زندگی بسر کرتے ہیں۔

فوربیز رسالے کے لکھ پتی بانی بی سی فوربیز نے 20 سال تک اوسطاً ہر ہفتے ''کامیابی کے حصول'' کے موضوع پر تین کتابوں کا مطالعہ کیا۔ کاروباری، صنعتی، تعلیمی، مذہبی، تفریح اور دیگر شعبہ جات زندگی سے تعلق رکھنے والے کامیاب افراد، مسلسل ترقی اور بہتری کے جذبے کے تحت اپنی اصلاح کی طرف توجہ دیتے رہتے ہیں۔ اکثر عالمی شہرت یافتہ رہنما اور قائدین، اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ وہ مثبت اور تعمیری سوچ کی حامل کتابوں کا مطالعہ کرتے ہیں، انسانی تعلقات کے موضوع پر شائع ہونے والی کتابوں سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں اور کامیابی کے حصول کے موضوع پر شائع ہونے والی کتاب ان کے زیر مطالعہ رہتی ہیں۔ مثبت کتابیں پڑھنے والے ہی اچھے لیڈر ثابت ہوتے ہیں۔ ایک دفعہ نپولین نے کہا تھا: ''مجھے قائدین کی ایک فوج دکھا دیجئے، میں آپ کو قارئین کی فوج دکھا دوں گا''۔

تعویذ حفظ وجان کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/taweezat/hifz-e-jaan.htm

بیوی سے مناظرانہ روش بدلنے کی نصیحت

سید عبدالوھاب شیرازی صاحب

ایک اصول یادرکھیئے! دنیا میں بہت ہی کم ایسے رشتے ہوتے ہیں جن میں مزاج کی ہم آہنگی ہوتی ہے لہٰذا چھوٹی چھوٹی باتوں کو لے کر بیٹھ جانا اور ان کی بنیاد پر کوئی بڑا فیصلہ کر دینا ایک مسلمان کی شان کے خلاف ہے۔

لہٰذا اپنے پرانے غم بھول جایئے اور نئے سرے سے اپنی زندگی گزارنا سیکھیں اور بیوی کو ہر بات مناظرہ کرتے ہوئے نہ سمجھایئے، جب آپ کے ذہن میں بیوی سے متعلق تکلیف دہ چیزیں بیٹھی ہوئی ہوں گی تو غیر محسوس طریقے سے آپ کا انداز مناظرہ ہو جائے گا۔ آپ سمجھیں گے کہ میں سمجھا سمجھا کر تھک گیا مگر یہ میری بات سنتی ہی نہیں تو مانے گی کیا؟

پھر آپ کسی نہ کسی چیز کا سہارا لیں گے کہ میری شادی اگر میری برادری میں ہوتی تو اچھا رہتا۔ میری شادی فلاں جگہ ہوتی تو اچھا رہتا۔ کاش میری والدہ یہاں نہ کرتی تو اچھا ہوتا۔ وغیرہ وغیرہ۔

لہٰذا یاد رکھیے! جو بات بھی بیوی کو کہنا چاہتے ہوں، نرمی سے کہیے۔ داعیانہ لہجے میں کہیے۔ وہ شوہر بہت ہی کامیاب شوہر ہے جو اپنی بیوی کو اپنا مصلح ہونا سمجھا دے کہ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں وہ اصلاح کیلئے کہہ رہا ہوں، طعنہ دینے کیلئے نہیں داعی بن کر کہہ رہا ہوں مناظر بن کر نہیں، گھر بنانے کیلئے کہہ رہا ہوں توڑنے کیلئے نہیں۔

یاد رکھئے! داعی بھی اپنی منزل کہکشاں سے ہو کر نہیں، کانٹوں اور پتھروں سے گزر کر حاصل کرتا ہے۔ جس بیوی کی اصلاح مطلوب ہے اس کو ذلیل نہیں کیا جاتا، اس سے پرانی غلطیاں یاد نہیں کروائی جاتیں، اسے پاس بٹھایا جاتا ہے، موقع دیکھ کر دلیل اور پیار سے سمجھایا جاتا ہے، اس کے اچھے کاموں پر تعریف کی جاتی ہے۔ یاد رکھئے! قیامت کے روز شوہر کو اس کا اجر و ثواب ضرور ملے گا کہ اس نے اپنے حسن کلام، ذاتی آثار، اچھے کردار، "قول حسن" اور نرم گفتگو سے بیوی کو کتنا دیندار بنایا، گھریلو زندگی صحیح گزارنے کا طریقہ سکھایا، بچوں کو دینی اور اخلاقی تربیت سکھائی۔ برخلاف اس کے اس کا کوئی بدلہ نہیں دیا جائے گا کہ شوہر نے اصلاح کی خاطر بیوی کو اپنے تند مزاج اور ہر وقت غصیلے انداز اور کٹیلے الفاظ سے بیوی کو دھتکارا اور دور بھگایا، بہر حال بیوی پر سختی اور رعب صرف کسی حد تک ہوتا ہے، ہر وقت اور ہر موقع پر نہیں۔

اگر یہ کوتاہیاں آپ کی بہن یا بیٹی میں ہوتیں تو.....

اگر آپ اس سارے معاملہ کو اس زاویہ سے دیکھیں کہ یہ جتنی کوتاہیاں آپ کو اپنی شریک حیات میں نظر آ رہی ہیں، انہی کی شکایات آپ کی ہمشیرہ سے ہوتیں اور سمدھیانے سے ان کی شکایتیں آپ کی والدہ کے پاس آتیں اور خود آپ کی ہمشیرہ اپنے شوہر یا سسرال والوں کے ناروا سلوک کی شکایت کرتیں تو آپ کے دل پر کیا گزرتی؟

آپ ہی کہتے نا؟ آخر بچی ہی تو ہے۔ ناتجربہ کار ہے۔ نئے گھر، نئے ماحول میں گئی ہے۔ دل لگتے لگتے بھی عرصہ لگتا ہے اور اتنی جلدی بھی سسرال کے رنگ میں رنگ جائے، اس کے میاں صاحب بڑے شہزادے معلوم ہوتے ہیں کہ ناک پر مکھی نہیں بیٹھنے دیتے۔

میری پیاری بہن یا میری پیاری بیٹی کو ستاتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔

اسی طرح آپ کی بیوی بھی آخر کسی کی بیٹی ہے، کسی کی پیاری بہن ہے، اس کی کوتاہیوں کو بھی ایسے ہی عذر تراش کر قبول کر لیں۔

آپ نے اپنی بیوی کو جن کوتاہیوں کا مرکز سمجھ رکھا ہے، آخر آپ میں بھی تو ضرور کچھ خامیاں اور غلطیاں ہوں گی۔

خدارا اپنے رویے پر نظر ثانی کریں۔ اس آنے والی کی صلاحیتیں اجاگر ہونے دیں۔ اس کے اندر کی خوبیوں کو نکھرنے کا موقع دیں۔ آپ سارے پہلوؤں پر غور کر کے صحیح فیصلہ کریں اور پھر راہ متعین کریں کہ کیا کرنا ہے اور برائے مہربانی اس کی غلطیوں اور عیوب کو یہ سمجھ کر کہ ابھی نئی آئی ہے معاف کر دیجئے، آہستہ آہستہ یہ تمام کوتاہیاں ختم ہوتی جائیں گی۔ تسامح اور چشم پوشی والا معاملہ کریں اور جس طرح آپ کی بہن یا بیٹی میں یہ کوتاہیاں ہوتیں تو آپ اپنے بہنوئی اور داماد کو ہی ترغیب دیتے کہ آہستہ آہستہ اصلاح ہو جائے گی، اسی طرح اپنے دل کو سمجھائیں۔

بے شمار امراض میں کافور کے فوائد

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر

■ سورج گرھن 11:13 پر شروع ہوگا۔ 14:01 پر مکمل لگے گا۔ 17:00 پر سورج گرھن بالکل ختم ہوجائے گا۔ ■ چاند گرھن 21:54 پر لگنا شروع ہوگا۔ 23:54 پر مکمل لگے گا۔ 01:53 پر چاند گرھن بالکل ختم ہوجائے گا۔ ناظم روحانی درسگاہ **0320/0345-4661681** اوقات: دوپہر 2 بجے تا 5 بجے (جمعہ واتوار کو فون نہ کریں)

رابطہ: 0343-7772772 darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

Monthly
Khazina-e-Ruhaniyaat CPL # 288

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ذیل میں مختصر تفصیل دی جارہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہوسکتا ہے۔

معاشی مسائل: قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہوجانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل: سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل: رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہوکر یا رشتہ طے ہوکر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

زوجین کے مسائل: زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل: جان کا دشمن ہوجانا، ناجائز مقدمہ کردینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کرلینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی تخریب کاریاں: رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش ونقصان کرنا۔

جنات کی ستم ظریفیاں: نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہوکر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض: علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل وجگر ودماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض: اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولادِ نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض: غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، email کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کرلیں۔عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

مولانا سلیم اللہ ظفر **0343-4686217** (اوقات: صبح 10 تا شام 5 بجے علاوہ جمعہ)

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور پاکستان

ruhaniilajgah
+ruhaniilajgah96 ruhaniilajgah

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور- پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): **042-35410586** موبائل (دفتر): **0343-7772772** (صبح 11 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ واتوار)

darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com +92-322-7772772

روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں

August 2016

ماہنامہ

خزینہ روحانیات لاہور

Rs.50

جلد نمبر 7
شمارہ نمبر 4

14 اگست
جشن آزادی مبارک

اہم اعلان

پشاور/ اسلام آباد/ راولپنڈی کے روحانی علوم سیکھنے اور روحانی علاج کروانے والوں کیلئے زبردست خوشخبری

ستمبر 2016ء کا شیڈول

پشاور۔۔۔۔مورخہ 3 ستمبر 2016ء بروز ہفتہ

راولپنڈی/ اسلام آباد۔۔۔۔۔مورخہ 4 ستمبر 2016ء اتوار

رابطہ: 0343-4686217,0346-4661681

- تصوف کیا ہے؟
- عمل حاضرات بسم اللہ
- ایک لاکھ روپے کا عمل
- ظالم "مرد"، مظلوم "عورت"
- امراض گرما کا دھنیا سے علاج
- گھر میں غربت آنے کے اسباب
- حصول علم وترقی علم کیلئے خاص نقش
- آئینہ کے اندر موکلات کی حاضری
- دفن شدہ جادو اور تعویذات کی جگہ معلوم کرنا
- لوح تسخیر خاص وعام/ حصول ملازمت/ کامیابی امتحان

بندش کے سرتاج عمل کے عامل بنیں

یہ عمل بندش کا سرتاج عمل ہے۔ بندش سے مراد کسی چیز کو باندھنے کے ہیں۔ یہ عمل خیر اور شر، دونوں میں چلتا ہے۔ اس عمل سے کیا کیا کام لئے جاسکتے ہیں؟ مختصراً درج ذیل کام لے سکتے ہیں۔ باقی عامل کی مرضی ہے کہ وہ کیا کیا کام لے سکتا ہے۔ یاد رہے کہ بندش کا عمل صرف اور صرف اس جگہ کیا جائے، جہاں شریعت اجازت دے۔ کسی معتبر مفتی صاحب سے پوچھ کر عمل کیا جائے۔ جو لوگ ناجائز کریں گے، ان شاء اللہ ان کا عمل بھی بے اثر ہوگا اور شدید رجعت بھی ہوگی۔ ادارہ ایسے تمام افراد سے بری الذمہ ہے۔

سورج گرہن 1 ستمبر 2016ء بروز جمعرات لگے گا..... چاند گرہن 16 ستمبر 2016ء بروز جمعہ لگے گا

شادی، منگنی، رشتہ، محبت، طلاق وغیرہ

- محبت میں کسی کی عقل وخرد باندھنا تاکہ شدید محبت کرے
- کسی خاص جگہ کے لئے نکاح باندھنا کہ وہیں ہو
- نکاح باندھنا تاکہ کسی جگہ نکاح نہ ہو
- کسی خاص جگہ پر نکاح باندھنا تاکہ نکاح نہ ہو
- مخصوص جگہ منگنی باندھنا
- طلاق باندھنا: تاکہ شوہر طلاق نہ دے سکے یا بیوی خلع نہ لے
- محبت باندھنا: تاکہ مطلوبہ فرد رجوع کرے
- رخصتی بارات باندھنا
- محبت کو ختم کرنا: تاکہ مطلوبہ فرد سے جدائی ہو
- نیند باندھنا: تاکہ مطلوبہ فرد رابطہ کرے

بدکاری، ناجائز تعلقات، زنا، بدفعلی وغیرہ

- عورت کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد سے زنا نہ کرسکے
- مرد کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی بھی عورت سے زنا نہ کرسکے
- عورت کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی خاص مرد سے زنا نہ کرسکے
- مرد کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی خاص عورت سے زنا نہ کرسکے
- مرد کو بدفعلی سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد سے بدفعلی نہ کرسکے

مرض، حمل، صحت وغیرہ

- دردسر باندھنا
- حمل باندھنا: تاکہ عورت کو حمل نہ ہو
- صحت باندھنا
- مرد کا نطفہ باندھنا: تاکہ مرد کے نطفے سے حمل نہ ٹھہرے

معاش، نوکری، ترقی، عہدہ وغیرہ

- عہدہ باندھنا کہ نہ ہٹے
- ترقی باندھنا
- دوکان باندھنا
- **نوٹ** دکان کی جگہ آستانہ، مطب، فیکٹری وغیرہ لکھا جاسکتا ہے۔
- سفر باندھنا: تاکہ اندرون وبیرون ملک سفر نہ کرسکے۔
- **نوٹ** کسی خاص شہر یا ملک کا نام لکھا جاسکتا ہے۔
- کسی کی معاش باندھنا

بری عادات

- چوری کرنے کی عادت کو باندھنا
- شراب نوشی کی عادت باندھنا
- مارنے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو بھی نہ مار سکے
- مارنے وگالیاں دینے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو نہ مارے اور نہ گالی دے سکے
- قدم باندھنا تاکہ گھر سے باہر نہ رہے
- بے جا غصہ باندھنا

زبان بندی، دشمن وغیرہ

- زبان بندی: تاکہ مخالف شخص کی سائل کے حق میں زبان بند ہوجائے
- مخلوق کی زبان بندی کے لئے: تاکہ کوئی بھی سائل کے خلاف نہ بولے
- دشمنی باندھنا: تاکہ دشمن دشمنی چھوڑ دے
- حسد باندھنا: تاکہ دشمن حسد نہ کرے
- نیند باندھنا: دشمن حد سے گذر جائے تو اس کی نیند سزا کے طور پر باندھنا

متفرق

- کسی خاص گھر جانے سے روکنا
- عقل وخرد باندھنا: تاکہ سائل کے حق میں تسخیر ہوجائے۔
- نظر باندھنا: تاکہ دیکھنے کی عادت ختم ہو۔ کچھ لوگوں میں ہوتی ہے کہ فضول میں کسی بھی چیز یا شخص کو گھور گھور کر دیکھتے ہیں
- کسی کا عمل باندھنا: تاکہ اس عامل کا عمل نہ چلے

اس طرح کے اور بہت کام ہیں جو کئے جاسکتے ہیں۔ ہمارا مقصد اس علم کو سکھانے سے ہرگز یہ نہیں کہ معاشرے میں فساد پھیلے۔ اس لئے ہر کسی کو نہیں سکھایا جاتا۔ حلف نامہ بھی لیا جاتا ہے اور ضرورت پڑنے پر کسی معتبر اور مستند عالم یا مفتی صاحب کا تصدیقی خط بھی مانگا جاسکتا ہے۔

عام فیس 5100 روپے

ممبران کے لئے 4100 روپے

حروف صوامت کے وہ عاملین، جنہوں نے یہ عمل کسی اور کی زیرِ نگرانی کیا ہو، وہ خصوصی اعمال کی کاپی 1500 روپے میں حاصل کریں۔

یہ عمل ہر کوئی سیکھ سکتا ہے، چاہے اُس نے کوئی عمل کیا ہو یا نہ کیا ہو۔

■ سورج گرھن 11:13 پر شروع ہوگا۔ 14:01 پر مکمل لگے گا۔ 17:00 پر سورج گرھن بالکل ختم ہوجائے گا۔ ■ چاند گرھن 21:54 پر لگنا شروع ہوگا۔ 23:54 پر مکمل لگے گا۔ 01:53 پر چاند گرھن بالکل ختم ہوجائے گا۔ ناظم روحانی درسگاہ **0346-4661681** (صبح 10 بجے تا 5 بجے، علاوہ جمعہ)

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی،
معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 7 ذوالقعدۃ ۱۴۳۷ھ..... اگست 2016ء شمارہ 4

مدیر اعلیٰ خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)
- ابوانس صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- محمد علیم صاحب (لاہور)
- محمد صالح صاحب (مظفر آباد)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات 0322-4773786

خط وکتابت کا پتہ پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

مشیر قانونی چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ
جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت فی شمارہ 50 روپے
سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 650 روپے
سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: jazz cash (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔
ٹیلی نار 03437772772..... یو بی ایل اومنی 03437772772
jazz cash 03028401977..... یو پیسہ 33343082867

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔
برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین.....اگست ۲۰۱۶ء.....ذیقعد ۱۴۳۷ھ

اداریہ (مولانا علی آفاق)	5
تصوف کیا ہے؟ (صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ)	7
صبر کا بیان (حضرت امام غزالی رحمہ اللہ)	9
یاولی کے خواص اور اثرات (مولانا انظر شاہ کاشمیریؒ)	12
سورۂ آلِ عمران کی دعائیں واعمال (مرتب: علیم صاحب)	13
بقیۃ السلف الصالحین حضرت مولانا الشیخ محمد محدث تھانوی نور اللہ مرقدہٗ کے فرمودہ چہل کاف کے اٹھارہ مجرب خواص	15
عام اجازت کے اعمال (مرتب: محمد علیم)	16
روحانی ڈاکٹر (خالد مقبول حفظہ اللہ)	17
فلاں آیت یا سورت پڑھنے سے فلاں فائدہ ہوتا ہے، اس میں کتنی سچائی ہے؟ (دارالافتاء، دارالعلوم دیوبند)	18
جادو کا علاج، جادو کروانے والے کے بارے میں ہدایات، دشمن کے منصوبوں کو ناکام کرنا (مولانا حسن الہاشمی، انڈیا)	21
مقرون سے بچاؤ کا طریقہ (حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ)	22
حاضرات کے خاص اعمال (قیصر احمد، کراچی)	23
عمل حاضری فرید جن (حضرت سید پیر محبوب علی شاہ صاحبؒ)	24
ایک لاکھ روپے کا عمل (حضرت سید پیر محبوب علی شاہ صاحبؒ)	24
دفن شدہ جادو اور تعویذات کی جگہ معلوم کرنا (غلام سرور شباب)	25
آئینہ کے اندر موکلات کی حاضری (قیصر احمد، کراچی)	25
آپ کے روحانی مسائل اور ان کا حل (خالد مقبول حفظہ اللہ)	26
کون سا تعویذ اور دم جائز ہے؟ (مفتی نورالحق نورانی)	27
روحانی مریضوں کی بے اعتدالیاں اور معالج کا لائحہ عمل	31
حصول علم وترقی علم کیلئے خاص نقش (مولانا سلیم اللہ ظفر)	36
لوح تسخیر خاص وعام (مولانا سلیم اللہ ظفر)	37
لوح حصول ملازمت (مولانا سلیم اللہ ظفر)	38
لوح خاص برائے کامیابی امتحان (مولانا سلیم اللہ ظفر)	39
شناخت قسط: ۴ (عنایت حسین چشتی)	41
حب وتسخیر کے چند خاص الخاص اعمال (پیر غلام سرور شباب)	47
عمل حاضرات بسم اللہ (حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ)	49
''اہل سیاست سے خطاب'' (جوہر کانپوری، انڈیا)	50
ظالم ''مرد''، مظلوم ''عورت'' (سکندر حیات)	52
تاریخ پیدائش سے مستقبل کی صحت کی پیشگوئی ممکن (علی آفاق)	53
عورتوں کی شرح پیدائش زیادہ ہونے کی وجوہات	55
عام پانی آب حیات بن سکتا ہے (عبدالخالق عباس، کراچی)	57
آپ کے سوالات۔۔۔مطب العارف کے جوابات	58
امراض گرما کا دھنیا سے علاج (مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر)	59
اپنا خیال رکھیں (انتخاب: محمد نافع)	60
گھر میں غربت آنے کے اسباب (ساحر بھٹی)	61

دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ کے ناظم اور علاج گاہ کے نائب ناظم مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب کا دورۂ پشاور اور راولپنڈی/اسلام آباد۔

پشاور: جامع مسجد محمدی، گلی نمبر 4، فیصل کالونی، دلہ زاک روڈ، پشاور۔

راولپنڈی/اسلام آباد: جامع مسجد سیدنا صدیق اکبر، نیازی ٹاؤن، گلی نمبر 2 بالمقابل روتاس شادی ہال مصریال روڈ، راولپنڈی کینٹ۔

* جادو، جنات، نظر بد، بندش کے مریضوں کا روحانی علاج * جائز خواہشوں کے حصول میں ناکام لوگوں کی رہنمائی * روحانی درسگاہ کے طالب علموں کیلیے روحانی تربیتی کلاس * فیس/بغیر فیس کے تمام اعمال کی باقاعدہ اجازت اور رہنمائی * روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے مسائل کا حل * خزینہ روحانیات کی سالانہ ممبرشپ کا حصول * روحانی دکان سے ملنے والی تمام روحانی اشیاء کی دستیابی۔ رابطہ نمبر: 0346-4661681

حمد باری تعالیٰ

سب نام اچھے جتنے ہیں ذاتِ خدا کے ہیں
اوصاف سب حمیدہ اُسی کبریا کے ہیں
''انعام پانے والوں کی دکھلادے رہ ہمیں''
سکھلائے اس نے حرف یہ ہم کو دعا کے ہیں
الحمد سے والناس تک اس کا کلام ہے
اس کا کلام ہی تو ملوک الکلام ہے
باقی ہے زندہ تا ابد وہ ذاتِ لایزال
سب کچھ فنا ہے بس اُسے حاصل دوام ہے
حی و قیوم ذات اُسی کی قدیم ہے
وہ خالقِ جہاں ہی خبیر و علیم ہے
اس کی نوازشات کا ہے سلسلہ دراز
ذات اس کی سب کریموں سے بڑھ کر کریم ہے
سرچشمۂ ہدایتِ ازلی ہے اس کی ذات
ہر جادہ کی منزل ہے وہ، منزل نما ہے وہ
اس کا پتا نہ مل سکے عقل و شعور سے
ادراک کی حدوں سے وراء الوراء ہے وہ
اللہ آسمانوں زمینوں کا نور ہے
کوئی بشر نہ اس کی حقیقت کو پاسکے
وسعت کہاں آفاق کی پہنائیوں میں ہے
مومن کا دل ہی ہے کہ وہ جس میں سما سکے

(ضیاء نیر)

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مظہر حسنِ ازل حسنِ پیمبر ہو گیا
عکس خود عکاس کے جلوؤں کا پیکر ہو گیا
عرش نے بوسے لئے جب ان کے پائے ناز کے
عرش کا اعزاز پہلے سے فزوں تر ہو گیا
کیوں نہ ہوتا میں فرشتوں کی نظر میں باوقار
جب محمد ﷺ کا کرم میرا مقدر ہو گیا
جب مرے احوال پر بارانِ رحمت ہوگئی
پھر مرا یہ قطرہ دل بھی سمندر ہو گیا
ان کا باب وجود رحمت وا ہے سب کے واسطے
جس گدا نے بھیک پائی وہ سکندر ہو گیا
وہ نگاہِ فیض بار اٹھی جو میرے حال پر
نامۂ اعمال مجھ کمتر کا بہتر ہو گیا
کس کو کیا ملتا نہیں آپ کے دربار سے
مفلس و نادار جو آیا تونگر ہو گیا
دل تو بھر آیا ہے شہر مصطفی ﷺ کی یاد میں
تو بتا آخر تجھے کیا دیدہ تر ہو گیا
قطب مجھ کو کس لئے ہو گرمیٔ محشر کا ڈر
سر پر جب دامن نبی کا سایہ گستر ہو گیا

(خواجہ علامہ قطب الدین فریدی)

خوشخبری

معزز اور شریف خاندانوں کے پڑھے لکھے لڑکے اور لڑکیوں کے رشتے موجود ہیں۔ صرف راولپنڈی اور اسلام آباد والے اعتماد کے ساتھ رابطہ فرمائیں۔

مسز تصور: 0333-5192463

اہم اعلان

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کی نئی ممبر شپ ستمبر 2016 سے اپریل 2016 تک کی جائے گی۔ جس کی رقم عام ڈاک سے -/450 روپے اور رجسٹرڈ ڈاک سے -/690 روپے ہوگی۔ قارئین نوٹ فرمالیں۔

اداریہ...

مولانا علی آفاق صاحب

اگست کا مہینہ آتے ہی سڑکیں، گلیاں، مکانات، دفاتر اور آج کے اخبارات، سوشل میڈیا سمیت الیکٹرانک میڈیا پر سبز ہلالی پرچم کی بہار معلوم ہوتی ہے۔ ہر شخص اپنے طریقے سے 14 اگست کو خصوصاً اور پورے اگست کے مہینے کو عموماً اپنے طریقے پر منانے کی کوشش کرتا ہے، بڑے بوڑھے تو علیحدہ رہے، بچوں کا جذبہ حب الوطنی بھی قابل دید اور قابل رشک ہوتا ہے۔ 14 اگست کی چھٹی کی بناء پر مختلف تقاریب منعقد ہوتی ہیں۔ شہداء پاکستان کو عارضی، رسمی اور لفظی عقیدت اور سلامی پیش کی جاتی ہے۔

مگر پاکستان کا مقصد اور اس کے حصول کیلئے دی جانے والی قربانیاں پس پشت ڈال کر سب ہی لوگ شام کو سبز ہلالی پرچم کو سرنگوں کر کے سونے کی تیاری میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ ہم مختلف تقاریب مقاصد پاکستان کے یاد رہنے اور یاد دلانے کیلئے منعقد کرتے ہیں جو کہ کوئی عیب یا برائی نہیں ہے۔ اگر برائی ہے تو صرف اس بات میں کہ یہ یاد دہانی عارضی اور رسمی کیوں ہوتی ہے؟ ہم مقصد پاکستان اور اس کیلئے دی گئی قربانیوں کو پس پشت کیوں ڈال چکے ہیں۔ ہم سب کو من حیث القوم پاکستان کا مفاد کیوں عزیز نہیں؟

پاکستان کیوں حاصل کیا گیا تھا؟ کیا اس کے حصول کا مقصد صرف ایک زمین کا ٹکڑا تھا؟ کیا اس کے حصول کا مقصد بھوک، افلاس، کرپشن، ظلم، بدعنوانی، بھتہ خوری اور ٹارگٹ کلنگ تھا؟

اس کا مقصد عوام کو بے روزگاری دینا تھا؟ کیا اس پاکستان کا مقصد اس میں 20 کروڑ عوام کو بھیڑ بکری اور چند خاندانوں کو ان کا آقا اور مالک بنانا مقصود تھا؟

کیا ملک پاکستان اور ارض پاکستان کا مقصد گورے آقا سے آزادی اور کالے آقا کی نسل در نسل غلامی تھا؟ کیا پاکستان غریب سے ایک روٹی کا ٹکڑا اور مکان کی چھت چھین لینے کے لئے بنا تھا؟

پاکستان کا مقصد اور ترجمہ جس کی لاٹھی اس کی بھینس تھا؟ نہیں ہرگز نہیں بلکہ لاکھوں جانوں کا نذرانہ پیش کر کے اور لاکھوں عصمتوں کا سودا کر کے پاکستان بنا جس کے حصول کا مقصد "خدا کی زمین پر خدا کا نظام" تھا۔ اس ملک میں سب قوموں کو یکساں اور مساوی حقوق حاصل ہوں گے۔ کسی کے ساتھ ظلم اور جبر روا نہیں رکھا جائے گا، کوئی بھوکا پیاسا اور مظلوم ہونے کی حالت میں رات نہیں کاٹے گا۔ مدینہ کی بستی جیسے قانون اور عدل وانصاف کیلئے عوام نے قربانی دی تھی۔ اگر یہ سب کچھ نہیں تھا یا پھر ریاست لامذہب اور ملحد سوچ پر مبنی ہوگی تو پھر ہم نے شہداء پاکستان کے ساتھ غداری کی پھر ہم قائد پاکستان محمد علی جناح کی جدوجہد اور علامہ اقبال مفکر پاکستان کے خوابوں اور شب و روز محسنوں کے ساتھ غداری کی۔ پھر ہم نے اسلام کے نام پر مسلمانوں کو دھوکا دیا۔ صبح کا گیا شام کو واپس آجائے تو اس کو بھولا ہوا نہیں کہتے۔ لہٰذا آیئے عزم کریں کہ پاکستان کو مضبوط بنائیں گے، انصاف کا بول بالا ہوگا۔ ہم ظالم کے خلاف اور مظلوم کے ساتھ کھڑے ہو کر آپ کی آواز بنیں گے۔ کرپشن نہ کریں گے اور نہ ہی کرپٹ لوگوں کا ساتھ دیں گے۔ ووٹ کی طاقت اور ضمیر کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے دیانتدار اور اہل قیادت کے انتخاب میں ہی گواہی دیں گے۔ سود، رشوت، ملاوٹ، ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی سمیت تمام ناسور سے خود بھی توبہ کرتے ہیں اور دیگر لوگوں کو بھی عملی دعوت دیں گے۔

اپیل برائے دعائے مغفرت

پاکستان ایک بڑے مسیحا سے محروم ہوگیا

انسانیت اور محبت کا ایک عظیم باب ختم ہوا

پچھلے دنوں معروف سماجی شخصیت جناب عبدالستار ایدھی صاحب انتقال فرما گئے۔ انسانیت کے لئے ان کی خدمات سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی بے حساب مغفرت فرما کر ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ (آمین) (ادارہ)

دارالعمل چشتیہ کے مختلف شعبوں سے رابطہ کی تفصیل

سرپرست اعلیٰ: خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ

روحانی درسگاہ

ناظر: 0346-4661681
نائب ناظر: 0320/0345-4661681
شعبہ علوی اعمال: 0344-8439477

ماہنامہ خزینۂ روحانیات

مدیر: 0341-4168008
معاون مدیر: 0343-4686217
نائب مدیر: 0345-4661681

روحانی علاج گاہ

ناظر: 0324/0344-8439477
نائب ناظر: 0343-4686217
رکن: 0345-4661681
رکن: 0300-8818652
رکن: 0303-4378576
رکن: 0341-4168008

مطب العارف

ناظر: 0343-4686217
نائب ناظر: 0307-5525103
شعبہ حکمت: 0346-4686217
شعبہ ہومیو پیتھی: 0341-4168008
شعبہ ہومیو پیتھی (زنانہ): 0322-8401978

روحانی دکان

ناظر: 0334-4312272

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ

ناظر: 0322-4773786
نائب ناظر: 0343-4686217

مکتبۃ العارف

ناظر: 0332-4487877

براہِ مہربانی دارالعمل چشتیہ کے شعبوں کے متعلقہ افراد سے ہی رابطہ فرمائیں۔ شکریہ

دارالعمل چشتیہ، لاہور۔
info@darulamal.org
darulamalchishtia@gmail.com
+92-322-7772772

تصوف کیا ہے؟

صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ

تصوف وطریقت ایک ہی چیز کے دو نام ہیں۔تصوف کا مطلب ہے اخلاقِ الٰہیہ سے متصف ہونا،حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں تصوف خیال کی درستگی کا نام ہے۔دراصل طریقت وہ علم ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات اور علم لدنی کے اسرار اور اللہ سے ملنے کا طریقہ اور راہِ سلوک کے رموز ومعرفت اور حقیقت بیان کی گئی ہے۔اور اس علم کے حاصل ہوجانے کے بعد انسان واصل باللہ ہوجاتا ہے۔

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مشہور کتاب ''اَلْمُنْقِذُ مِنَ الضَّلَال''میں ارشاد فرماتے ہیں کہ''اللہ تعالیٰ کے راستہ پر چلنے والے صرف صوفیائے کرام ہیں اورانہیں کی سیرت سب سے اعلیٰ ہے،انہیں کا طریقہ سب سے درست اورانہیں کے اخلاق سب سے پاکیزہ ہیں۔بلکہ اگر کل عقلاء کی عقلیں اور سب حکماء کی حکمتیں اور تمام علمائے شریعت اور واقفانِ علومِ دینیہ کے علوم جمع کئے جائیں کہ صوفیائے کرام کی سیرت واخلاق میں تغیر یا اس سے بہتر کوئی تبدیلی کی جاسکے،تو ایسا کرنے کی کوئی سبیل نہ ہوسکے گی۔کیوں کہ صوفیائے کرام کے تمام حرکات وسکنات خواہ ظاہری ہوں یا باطنی،مشکواۃِ نبوتؐ کے نور سے مقتبس ہیں اور رُوئے زمین پر کوئی نور سوائے نورِ نبوتؐ کے ایسا نہیں جس سے اکتسابِ نور کیا جائے اور حاصل کلام یہ کہ کہنے والا ایسے طریقے کے متعلق کہہ ہی کیا سکتا ہے۔''

(المنقذ من الضلال۔اصل کتاب کے ''صفحہ نمبر 55'' کا مکمل متن)

نثرِ تصوف

تصوف کے چار حروف ہیں۔یعنی(ت۔ص۔و۔ف)حرفِ ''ت'' سے مراد یہ ہے کہ راہِ مولیٰ میں اپنے آپ کو تصرف کرے۔اور رُوحِ محمد ﷺ پر اپنے مال کو تصرف کرے۔

حرفِ ''ص'' سے مراد صراطِ مستقیم ہے۔

حرفِ ''و'' سے مراد وعدہ خلافی نہ کرنا ہے۔

حرفِ ''ف'' سے مراد فتح الغیب اور فنافی النفس ہونا ہے۔

پس جو کوئی ان حروف کے معنی سے واقف نہیں اور اُن کا عامل نہیں،وہ ہرگز تصوف سے آشنا نہیں ہے۔

(محک الفقراء کلاں از حضرت سلطان باہوؒ ص 52)

تصوف کے کسی نمائندہ صوفی میں خواہ وہ کہیں بھی ہو،چار ظاہری وباطنی خصوصیات ضرور نظر آنی چاہئیں۔ایسا آدمی جہاں کہیں بھی ہو اور کسی بھی شعبۂ حیات سے متعلق ہو،دوسروں کی مدد کرنے کا اہل ہوسکتا ہے۔

فقراء جنہیں اصفیاء کے نام سے موسوم کرتے ہیں بعض علمائے کرام کے نزدیک اس کی متعدد وجوہ ہیں،ایک یہ کہ وہ صوف یعنی پشم کا لباس پہنا کرتے تھے۔دوسری بات یہ ہے کہ ان لوگوں نے اپنے قلب کو دنیوی آلائشوں سے بچانے کی سعی فرمائی۔تیسری بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اپنے دِل میں کسی غیر کو جگہ نہ دی۔بعض یہ بیان کرتے ہیں کہ حشر کے دِن فقراء،اصفیاء کو عالمِ قرب میں پہلی صف عطا ہوگی۔اس لیے عالم چار ہیں۔

☆ عالمِ ناسوت ☆ عالمِ ملکوت

☆ عالمِ جبروت ☆ عالمِ لاہوت۔جسے عالم حقیقت سے بھی موسوم کیا گیا ہے۔

یوں ہی علم بھی چار ہیں۔

☆ علمِ شریعت ☆ علمِ طریقت

☆ علمِ معرفت ☆ علمِ حقیقت

اسی طرح رُوح کی بھی چار قسمیں ہیں۔

☆ رُوحِ جسمانی ☆ رُوحِ روحانی

☆ رُوحِ سلطانی ☆ رُوحِ قدسی

یوں ہی تجلیات بھی چار اقسام پر ہیں۔

☆ تجلی آثار ☆ تجلی افعال

☆ تجلی صفات ☆ تجلی ذات

اسی طرح عقل بھی چار قسم پر مشتمل ہے۔

☆ عقلِ معاش ☆ عقلِ معاد

☆ عقلِ روحانی ☆ عقلِ کل

اور ہر چہار عالم مذکورہ اور علوم، ارواح وتجلیات اور عقول کے مقابل لوگوں میں ایک جماعت ایسی بھی ہے۔ جو دائرہ علم اول (شریعت) رُوح اول یعنی روحِ جسمانی تجلی آثار اور عقل اول یعنی عقلِ معاش (زندگی گزارنے کی جگہ یعنی دنیا) میں پھنسی ہوئی ہے، ان کی سوچ بچار کا محور ومرکز صرف دنیا ہے۔ اس سے آگے ان کی سوچ ہی نہیں۔ تاہم ان کا مقام جنت اول یعنی جنت الماوٰی ہے۔

دوسری جماعت ایسی ہے جو علم ثانی یعنی طریقت، رُوح ثانی یعنی رُوح نورانی، تجلی ثانی یعنی تجلی افعال اور عقلِ ثانی یعنی عقل معاد جس کا تعلق آخرت سے ہے۔ وہ اس سے آگے نہیں سوچتی، تاہم ان کا مقام جنت میں جنت النعیم ہے جو دوسری جنت ہے۔

اور پھر لوگوں میں تیسری جماعت ہے جن کی علمی استعداد علمِ معرفت رُوحِ سلطانی، تجلی صفات اور عقلِ روحانی تک محدود ہے، انہیں تیسری جنت حاصل ہوگی جسے جنت الفردوس کہتے ہیں۔ یہ سبھی جماعتیں ان اشیاء کی حقیقت سے نابلد رہی ہیں۔ جبکہ عارفین فقراء نے ان تمام جنتوں کی تمنا وحرص سے روگردانی کئے رکھی۔ تو وہ مقام حقیقت وقرب سے واصل ہوگئے۔ کیونکہ وہ محبت الٰہی کے سوا کسی اور کی محبت میں گرفتار نہ ہوئے بلکہ حکمِ خداوندی "فَفِرُّوْٓا اِلَی اللّٰہ" (اللہ کی بارگاہ میں فوراً حاضری دو) پر عمل پیرا ہوئے۔

جنات وشیطان سے حفاظت

رات کو چالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کریں۔ پھر قبلہ رخ کھڑے ہو کر تصور میں دائرہ کھینچ دیں۔ جہاں تک دائرہ شروع کر کے ختم کریں گے، وہاں جنات اور شیطان سے حفاظت رہے گی۔

بقیہ: سورۂ ال عمران کی دعائیں واعمال

کے برابر بھی قرض ہوگا تو اللہ تعالیٰ تمہاری طرف سے ادائیگی کا بندوبست کردے گا۔

اے معاذ! یہ دعا پڑھا کرو:

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۚ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۚ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۚ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾

رَحْمٰنُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تُعْطِيْهِمَا مَنْ تَشَآءُ وَ تَمْنَعُهُمَا مَنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ۔

برائے دفع خوف

اس شخص پر تعجب ہے جسے کسی چیز کا خوف ہو، پھر بھی یہ پڑھنا بھول جائے: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾

ترجمہ: ''ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور وہ کیا خوب کارساز ہے''۔

حالانکہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

ترجمہ: ''پس یہ لوگ خدا کی نعمت اور فضل سے بھرے ہوئے واپس آئے کہ ان کو کوئی ناگواری پیش نہیں آئی''۔ (آیت: ۱۷۴)

خزینہ روحانیات جب نہ ملے تو کیا کریں؟

کچھ عرصہ سے بعض مقامات سے یہ شکایات مل رہی ہیں کہ قارئین کو خزینہ روحانیات رسالہ دیر سے ملتا ہے یا ملتا ہی نہیں ہے۔ ایجنسی ہولڈرز کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے ہماری گزارش ہے کہ خزینہ روحانیات نہ ملنے یا دیر سے ملنے کی صورت میں ادارے کو خط، فون یا sms کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں۔ ❶ بک سٹال جہاں رسالہ دستیاب نہ ہو؟ ❷ شہر اور علاقے کا نام؟ ❸ ممکن ہو تو بک سٹال کا فون یا موبائل نمبر۔ ہمیں درج بالا معلومات درج ذیل نمبر پر فوری دیں تاکہ آپ کو ماہنامہ خزینہ روحانیات بروقت اور مسلسل ملتا رہے۔ سرکولیشن منیجر: 0322-4773786

صبر کا بیان

حضرت امام غزالی رحمہ اللہ

اللہ تعالیٰ نے صبر کرنے والوں کے لئے اتنی صفات جمع فرمائی ہیں جو دوسروں کے لئے جمع نہیں فرمائیں چنانچہ ارشاد فرماتا ہے کہ ''صبر کیا کرو اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے''۔ صبر کرنے والوں پر ان کے پروردگار کی رحمتیں ہیں اور مہربانی اور وہی راہ یاب ہیں۔ ''صبر کرنے والوں کو اُن کا اجر بیشمار دیا جائے گا'' وغیرہ وغیرہ۔ کلام مجید میں کچھ اوپر ستر جگہ صبر کا ذکر آیا ہے۔ رسول مقبول ﷺ فرماتے ہیں کہ ''صبر نصف ایمان ہے اور جنت کے خزانوں کا ایک خزانہ ہے، جس شخص کو یہ خصلت مرحمت ہوئی وہ بڑا سعادت نصیب ہے، شب بیدار اور صائم الدہر سے اس کا درجہ افضل ہے''۔

صبر کا اعلیٰ درجہ: یاد رکھو کہ صبر کے تین درجے ہیں

اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ شہوت اور ہوائے نفس کے مادہ ہی کا قلع قمع ہو جائے کہ اس کو مقابلہ کی قدرت ہی نہ رہے اور دین پر ثبات و بقا نصیب ہو اور انہی نفوس کو نفس مطمئنہ کے خطاب سے مخاطب بنا کر مرتے وقت بشارت دی جائے گی کہ ''اے نفس مطمئنہ چل اپنے پروردگار کی طرف کہ تو اللہ سے راضی ہو اور اللہ تجھ سے راضی''۔

صبر کا ادنیٰ درجہ اور اس کے آثار

ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ ہوائے نفسانی غالب آجائے اور قلب شیطانی لشکر کے حوالہ ہو جائے، ایسی خطرناک حالت والوں کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرا فرمان صادر ہو چکا ہے کہ تم سے جہنم بھروں گا (اللہ پناہ میں رکھے)۔ اس کی دو علامتیں ہیں، ایک یہ کہ ایسا شخص کہا کرتا ہے کہ مجھے صبر کا شوق تو ہے مگر مجھ سے ہو نہیں سکتا اور اس لئے اب اس کی کچھ خواہش بھی نہیں رہی، وہ یاس اور ناامیدی کا درجہ ہے۔ جو مہلک ہے اور جانبری کی امید نہیں۔

دوسری صورت یہ ہے کہ توبہ کا شوق بھی نہ رہے اور کہنے لگے کہ اللہ رحیم و کریم ہے، اسے میری توبہ کی کچھ پرواہ نہیں ہے۔ اگر توبہ کئے بغیر وہ مجھ کو جنت میں بھیج دے گا تو اس سے جنت جیسی وسیع جگہ چھوٹی نہیں پڑ جائے گی اور اللہ کی رحمت کاملہ میں کچھ کمی نہیں آجائے گی۔ یہ بے چارہ کم عقل متحیر ہے۔ اس پابندِ ہوا و ہوس کی ایسی مثال ہے جیسے کوئی مسلمان شخص کافروں کے ہاتھ میں قید ہو جائے اور کافر اس کو کبھی خنزیروں کے چرانے اور ان کے کھلانے پلانے کی خدمت سپرد کر دیں اور کبھی اس کی گردن اور کمر پر شراب کے پیپے لدوا کر اپنے گھروں تک لے جائیں اور یہ اس حالت کو ذلیل نہ سمجھے پھر بھلا اس کی نجات کی کیا صورت ہو سکتی ہے۔ تم ہی بتاؤ کہ اگر بادشاہ کی کسی پیاری اولاد کو پکڑ کر کسی ذلیل و بے عزت غلام کے حوالہ کر دیا جائے کہ وہ اس کو اپنا غلام بنائے، پاؤں دبوائے اور جو چاہے خدمت لیا کرے تو اس بے چارے شہزادے کا کیا حال ہوگا؟ اسی طرح اس غفلت شعار مسلمان کا حال ہے جس نے اللہ تعالیٰ کے قرب پر دنیا کو ترجیح دی اور ہوائے نفسانی کا قیدی ہو گیا کہ توبہ اور توجہ الی اللہ (خدا کی طرف التفات) کا شوق بھی اس کے دل سے جاتا رہا۔ (نعوذ باللہ من ہذا الحال الردی) ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اس ردی حال سے۔

صبر کا متوسط درجہ اور اس کی علامت

متوسط درجہ یہ ہے کہ خدائی لشکر اور شیطانی گروہ میں جنگ و جدل قائم رہے کہ کبھی اس کا پلہ بھاری ہو جائے اور کبھی اس کا پلہ، نہ اس کو کامل شکست ہو اور نہ اس کو کھلی ہوئی فتح، پس اس قسم کے لوگوں کے بارے میں ارشاد ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اعمال صالح کو بدکاریوں میں خلط کر رکھا ہے، امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پر توجہ فرمائے۔ اس کی علامت یہ ہے کہ ضعیف خواہشوں کو چھوڑ دے اور زور آور شہوت کو نہ چھوڑ سکے۔

عبادت کے شروع اور درمیان اور ختم پر صبر کرنا

اول: عبادت کے شروع کرنے سے پہلے اخلاص پیدا کرنا، ریاء وغیرہ کا دور کرنا اور نفس کے مکر و فریب سے بچنا۔

دوم: حالت عبادت میں صبر کرنا ہے تاکہ آداب و سنن و مستحبات کے ادا کرنے میں کسل و کاہلی نہ ہو اور عبادت میں اول سے آخر تک حضور قلب قائم رہے کہ شیطانی وساوس اور نفس کے خطرات (وسوسے) ایک لحہ کے لئے بھی پاس نہ آویں۔

سوم: فراغت پانے کے بعد صبر کرنے کی جدا ضرورت ہے کہ ریاء و سمعہ (دکھاوا اور شہرت) کے طور پر اس کا اظہار اور لوگوں سے اپنی عبادت کا ذکر کرتا پھرے، غرض صبر کی ہر جگہ ضرورت ہے اور وہ ہر حالت میں نفس کو شاق گزرتا ہے۔

maktabatulaarif.blogspot.com روحانی علوم پر عربی، اردو، فارسی اور انگریزی کتب کی فروخت

روحانی و مخفی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786

اس ماہ کی منتخب روحانی کتب پیش خدمت ہیں

روحانی، طبی اور اسلامی Printed کتب کی مکمل فہرستیں طلب فرمائیں اور جلد ہی اپنا آرڈر بک کروائیں۔

کتاب	مصنف	عام قیمت
تسخیر ہمزاد	باوارتن چند ملہوترہ	100
کشائش رزق کے مجرب عملیات و تعویذات	حکیم عبدالروف	300
روحانی بیماریوں کا قرآنی علاج	علامہ محمد جاوید	173 Net
حصن حصین	امام محمد بن محمد الجزریؒ	250
عملیات و تعویذات کے شرعی احکام	مولانا محمد اشرف علی تھانوی	200
طلسمی عملیات و تعویذات	صوفی عبدالقادر نقشبندی مجددی	200
صدقہ کی برکات اور سود کی تباہ کاریاں	محمد اسحاق ملتانی	380
فقری مجموعہ وظائف	عالم فقری	270
خواتین کے مسائل	ملازم حسین	300
دعوت موکلات	سید محبوب علی شاہ عرف نوراللہ شاہ	150
مشورہ اور استخارہ	مولانا روح اللہ نقشبندی	200
دعا اور دوا کے مسنون آداب	عبدالخالق محمد صادق	230
تحفہ حب	حافظ عبدالروف	300
نظر لگنے کی حقیقت اور اس کا علاج	مفتی رضوان	100
مجربات صدیق	مولانا محمد زید مظاہری ندوی	200
وظائف القرآن	صوفی محمد ندیم محمدی	300
ہر پریشانی اور بیماری کا علاج	مولانا مفتی محمد الیاس	300
تحفہ درود شریف	سید ذیشان نظامی	370
قواعد عملیات	صوفی محمد ندیم محمدی	250
نظر بد کی حقیقت اور علاج	ابن اسحاق غفاری	80
وظائف زوجین	مفتی محمد طلحہ نظامی	200
تاثیر الحروف	صوفی محمد ندیم محمدی	200
اصلی گنجینہ عملیات طلسمی	عامل سید فضل حسین	160
عامل کامل (مکمل)	صوفی محمد ندیم محمدی	200
پُراثر عملیات اعمال المعروف اعمالِ فقیری	صوفی محمد ندیم محمدی	180
درود تھرابی المعروف درود شریف سے علاج	صوفی محمد ندیم محمدی	300
سورۂ فلق سے علاج	صوفی محمد ندیم محمدی	100
سورۂ اخلاص سے علاج	صوفی محمد ندیم محمدی	100
سورۂ کافرون سے علاج	صوفی محمد ندیم محمدی	100
پُرتاثیر تعویذاتِ شمسؒ	صوفی محمد ندیم محمدی	150
تیر بہدف تعویذات الف ثانیؒ	صوفی محمد ندیم محمدی	150
آسان و مجرب تعویذات غزالیؒ	صوفی محمد ندیم محمدی	150
پُراثر تعویذاتِ قلندر	صوفی محمد ندیم محمدی	150
تحفہ سعادت اسمائے الٰہی و اسمائے محمد ﷺ کے وظائف	صوفی محمد ندیم محمدی	240
برکاتِ اسماء الحسنیٰ کا انسائیکلوپیڈیا	صوفی محمد ندیم محمدی	390
فیضانِ دعا	سید ذیشان نظامی	350
اعمالِ قادری	صوفی محمد ندیم محمدی	180
اعمالِ قلندری	صوفی محمد ندیم محمدی	180
علم الاعداد کے کرشمے	صوفی محمد ندیم محمدی	100
علم النجوم کے کرشمے	صوفی محمد ندیم محمدی	100
نجومیوں کی سیاہ کاریاں	یحییٰ علی	250
برجوں کا انسائیکلوپیڈیا	صوفی محمد ندیم محمدی	300
وظائف الصالحین	سید عامر حسن	180
مالی پریشانیوں کا نبوی ﷺ علاج	مولانا ارسلان بن اختر میمن	636
دوا نمول خزانے المعروف تمام پریشانیوں کا حل	صوفی محمد ندیم محمدی	300
مقبول عملیات	حاجی غلام شبیر قادری	300
مفتاح العملیات	حاجی غلام شبیر قادری	300
مجموعہ وظائف	مولوی عصمت اللہ حسن زئی	35
مستند مجموعہ وظائف مع پنج سورہ	مفتی نظام الدین شامزی	290
مراقبہ	محمد زاہد ملک	300
مجربات عملیات و تعویذات روحانی	شیخ محمود الحسن صدیقی	250
مجموعہ وظائف مع پنج سورہ	مفتی احسان اللہ شائق	300
مکتوبات و بیاض یعقوبی	مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی	300
نظامی مجموعہ وظائف	ڈاکٹر خواجہ عابد نظامی	300
مجربات امام سیوطیؒ	امام جلال الدین سیوطی	250
محفل تسخیرات	پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی	400
گنجینہ وظائف عملیات	حکیم پیر عبدالقادر	350
ہفتہ کے ایام اور ان کی خصوصیات	مولانا روح اللہ نقشبندی	260
نظر بد کے عبرتناک واقعات	مولانا محمد آصف	250
اسم اعظم	خواجہ شمس الدین عظیمی	200
مراقبہ	خواجہ شمس الدین عظیمی	350
مجربات امام غزالیؒ	امام غزالیؒ	400
نقش نورانی	احمد سعید سعیدی	480
بحر العملیات	مولانا حسن الہاشمی	400

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔

فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

matabalaarif.blogspot.com ہر قسم کی جسمانی بیماریوں کا مختلف طریقہ سے علاج

سات سلام اور چہل کاف کے عامل بنیں

تعارف سات سلام اور چہل کاف کا عمل ''پیرانِ پیر غوثِ اعظم حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ'' سے منقول ہے۔ یہ عمل سایہ اور جادو کا خاص توڑ ہے۔ اس عمل کا عامل بننے کے لئے صرف اجازت کی ضرورت ہے۔ اجازت نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے۔ اجازت حاصل کرنے کے بعد اس عمل کے ذریعے سے جنات، جادوٹونہ اور نظرِ بد کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ چہل کاف کے عامل اور اہلِ خانہ پر جادو اور سایہ اثر نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سب محفوظ رہتے ہیں بشرطیکہ وہ اجازت لیتے وقت پہلے سے جادو اور جنات کے مریض نہ ہوں۔

کل چھ درجوں کی زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ 5100 روپے میں پہلے تین درجوں کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔

چہل کاف وہ عمل ہے جو عاملین میں بہت مقبول ہے۔ دنیا کا شاید ہی کوئی جائز کام ایسا ہو، جو اس عمل سے ممکن نہ ہو۔ شرط یہ ہے کہ اس عمل کا ماہرانہ استعمال کرنا آتا ہو۔ اسلحہ تو بہت لوگوں کے پاس ہوتا ہے مگر اچھی طرح چلانا کسی کسی کو ہی آتا ہے۔ یہی روحانی اسلحہ کا بھی معاملہ ہوتا ہے۔ اگر اسلحہ کو صحیح استعمال نہ کرنا آتا ہو یا پھر بوقت ضرورت پاس نہ ہو، بیشک سامنے رکھا ہو، تو دشمن مارجائے گا۔ اس لئے دنیاوی اسلحہ کی طرح روحانی اسلحہ کو بھی ہر وقت لوڈ ڈر کھنا چاہئے تاکہ بوقت ضرورت فوری استعمال کیا جاسکے۔

اجازت لینے کے بعد کیا حاصل ہوگا اس عمل کے لئے کسی چلّہ کشی کی شرط نہیں ہے۔ اجازت لینے کے بعد آپ کو سات سلام اور چہل کاف کی ایک معمولی تعداد روزانہ (جب تک عمل رکھنا چاہیں) پڑھنی ہوتی ہے۔ اس کے پڑھنے سے آپ کی روزانہ حاضری لگتی رہے گی اور اس عمل کے پیچھے جنات آپ کی بوقت ضرورت مدد کریں گے۔ اس عمل کے پیچھے چونکہ جنات کی ایک بڑی تعداد ہے، اور وہ سب ہی جادو اور جنات کے علاج کرنے میں ماہر ہونے کے ساتھ دیگر دنیاوی کاموں میں بھی معاون ہوتے ہیں۔ اس لئے روزانہ پڑھتے رہنے سے وہ بھی مدد کو تیار رہتے ہیں۔

فیس چوتھا درجہ 1100، پانچواں درجہ 2100 اور چھٹا درجا 3100 روپے ہے۔

اس کی مثال ایسی ہے کہ جب پولیس کی ضرورت پڑتی ہے تو 15 پر کال کی جاتی ہے۔ کون آتا ہے؟ اس کا کوئی نہیں سوچتا، بس آنا چاہئے۔ اسی طرح جب اجازت یافتہ پڑھتا ہے تو اس کی کال بھی چہل کاف والوں کو جاتی ہے اور وہ آتے ہیں اور جس کام کے لئے پڑھا گیا ہوتا ہے، اس میں معاونت کرتے ہیں۔ اگر کسی کی نظر کھلی ہو تو اس کو جنات واضح نظر بھی آتے ہیں۔

اجازت کون لے روحانی معالجین، مشائخ اور پیر حضرات، ایسے مریض جو عرصہ سے جادو اور جنات کی پکڑ میں ہوں، جو لوگ اپنی اور اپنے گھر والوں کی جادو اور جنات سے حفاظت چاہتے ہوں، جادو اور جنات سے متاثرہ لوگوں کا علاج سیکھ کر علاج کرنے والے افراد، خود کو اور اپنے گھر والوں کو جادو اور جنات سے خود عمل کر کے نجات دلانے والے افراد۔

اجازت کے لیے اہلیت اس عمل کی اجازت ہر کوئی لے سکتا ہے۔ اجازت لینے والے کا فنِ عملیات سے پہلے سے واقف ہونا بھی ضروری نہیں۔ بالغ مرد اور عورت اجازت لے سکتے ہیں۔

darulamal.org/ruhanidarsgah

اجازت لینے کا طریقہ اس عمل کی اجازت چونکہ نقد ھدیہ کے ساتھ مشروط ہے، اس لئے جو بھی اجازت لینا چاہے، وہ نقد ھدیہ ادا کر کے اجازت لے سکتا ہے۔ **نقد ھدیہ مع اعمال کی کاپی -/5100 روپے، علاوہ ڈاک خرچ**

رابطہ روحانی درسگاہ ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681 دفتر: 0343-7772772, 042-35410586

یاولی کے خواص اور اثرات

حضرت مولانا انظر شاہ کاشمیری رحمۃ اللہ

یاولی کے خواص اور اثرات

یہ اسم مشترک ہے اور اس کے اعداد سینتالیس (۴۷) ہیں۔

نفس فرماں بردار ہو

اپنے نفس کو مطیع کرنے کے لیے ایک سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھا کرے، نفس فرماں بردار ہو جائے۔

کسی شخص کو اپنا مطیع اور فرمانبردار بنانا

کسی شخص کو اپنا مطیع اور فرمانبردار بنانے کے لیے ایک ہزار گیارہ (۱۰۱۱) مرتبہ کسی تنہا مکان میں، ظاہری اور باطنی طہارت کے ساتھ، ایک وقت مقرر کر کے روزانہ پڑھے، وہ شخص تابعدار ہو جائے۔

دشمن کو اجاڑنے کیلئے

دشمن کو اجاڑنے کیلئے چالیس (۴۰) دن تک آدھی رات کے بعد ایک وقت مقرر کر کے گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ، ترکِ حیوانات کے ساتھ پڑھے، دشمن خانہ برباد ہو جائے۔

مکان تمام آفتوں سے بچا رہے

اور اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کا گھر تمام آفتوں سے بچا رہے اور آندھی، مینہ اور کوئی چیز اسے برباد نہ کرے تو ایک کورے آبخورہ پر اس اسم کو لکھے اور اس میں پانی بھر کر اس میں حروف گھول دے اور اس پانی کو اپنے تمام مکان کی دیواروں پر چھڑک دے، مکان محفوظ رہے اور تمام آفتوں سے بچا رہے۔

کسی کو مسخر کرنا

اگر کسی کو مسخر کرنا چاہے تو روزانہ گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھے، وہ مسخر ہو جائے۔

الولی کا نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۷	۱۷	۱۹	۴
۱۲	۱۱	۹	۱۵
۸	۱۴	۱۳	۱۲
۲۰	۵	۶	۱۶

زیارت رسول ﷺ کیلئے

جو مسلمان مرد یا عورت شبِ جمعہ میں بعد نمازِ عشاء دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پینتیس (۳۵) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو ایک ہفتے کے اندر اندر اس کو رسول اللہ ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔ شرط یہ ہے کہ وہ اس عمل کے بعد کسی سے بات چیت کیے بغیر سو جائے اور روزانہ پاک صاف بستر پر سونے کا عادی ہو۔

درود یہ ہے: صَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

لڑکا یا لڑکی کی شادی کیلئے

اگر کسی لڑکا یا لڑکی شادی میں رکاوٹ ہو اور رشتہ نہ ہوتا ہو تو لڑکا یا لڑکی یا ان کی ماں نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد پانچ سو (۵۰۰) دفعہ درود ابراہیمی پڑھے۔ اور اس عمل کو ہر جمعرات کو کر لیا کرے۔ ان شاء اللہ ایک ماہ کے اندر اندر پیغامات موصول ہونے شروع ہوں گے۔

قرض سے محفوظ رہنے کیلئے

جو شخص مقروض ہو اور قرض سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو بعد نماز ظہر سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھا کرے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ اس عمل کی برکت سے تین ماہ کے اندر اندر قرض سے نجات مل جائے گی۔ اور غیب سے رقم کا انتظام ہو جائے گا۔

سورۂ آلِ عمران کی دعائیں واعمال

مرتب: علیم صاحب

سب سے بہترین دعائیں وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی مقدس کتاب ''قرآن مجید'' میں وارد ہوئی ہیں۔ ان دعاؤں کا اہتمام کر کے ان کے انوارات حاصل کیجئے اور ان کی برکات سے محظوظ ہوں۔ ان کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری دعا قبول فرما کر ہم پر اپنا فضل بھی فرمائے گا۔

سورۂ آلِ عمران کی دعائیں

*.....رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝۸

ترجمہ: اے پروردگار جب تو نے ہمیں ہدایت بخشی ہے تو اس کے بعد ہمارے دلوں میں کجی نہ پیدا کر دیجیو اور ہمیں اپنے ہاں سے نعمت عطا فرما، بے شک تو تو بڑا عطا فرمانے والا ہے۔

*..... رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝۳۸

ترجمہ: پروردگار مجھے اپنی جناب سے اولاد صالح عطا فرما، تو بے شک دعا سننے (اور قبول کرنے) والا ہے۔

*.....رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝۵۳

ترجمہ: اے پروردگار جو (کتاب) تو نے نازل فرمائی ہے ہم اس پر ایمان لے آئے اور (تیرے) پیغمبر کے متبع ہو چکے، پس تو ہم کو ماننے والوں میں لکھ رکھ۔

*.....رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝۱۴۷

ترجمہ: اے پروردگار ہمارے گناہ اور زیادتیاں جو ہم اپنے کاموں میں کرتے رہے ہیں، معاف فرما اور ہم کو ثابت قدم رکھ اور کافروں پر فتح عنایت فرما۔

*.....رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝۱۹۱

ترجمہ: اے پروردگار! تو نے اس (مخلوق) کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا، تو پاک ہے، پس تو (قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو۔

*.....رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝۱۹۲

ترجمہ: اے پروردگار جس کو تو نے دوزخ میں ڈالا اسے رسوا کیا اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

*.....رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۡ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝۱۹۳

ترجمہ: اے پروردگار ہم نے ایک ندا کرنے والے کو سنا کہ ایمان کے لیے پکار رہا تھا (یعنی) اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے۔ اے پروردگار ہمارے گناہ معاف فرما اور ہماری برائیوں کو ہم سے محو کر اور ہم کو دنیا سے نیک بندوں کے ساتھ اٹھا۔

*.....رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰي رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝۱۹۴

ترجمہ: اے پروردگار تو نے جن جن چیزوں کے ہم سے اپنے پیغمبروں کے ذریعے سے وعدے کیے ہیں وہ ہمیں عطا فرما اور قیامت کے دن ہمیں رسوا نہ کیجیو، کچھ شک نہیں کہ تو خلاف وعدہ نہیں کرتا۔

برائے ادائیگی قرض

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضرت رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا: ''میں تمہیں ایسی دعا نہ سکھلاؤں کہ جسے تم مانگتے رہا کرو اور اگر تم پر اُحد پہاڑ (القیوم 8)

دوا اور دعا سے علاج (نئی کتاب)

مرتب: محمد شعیب مختلف امراض کی پہچان اور ان کا علاج

دستی بیاض (فوٹوسٹیٹ) امپورٹڈ کاغذ صفحات: 96

قیمت: 300 روپے

دماغی امراض۔ کان کی بیماریوں ۔ پیٹ کی بیماریاں ۔ پھیپھڑے کی بیماریاں۔ سوکھا مسان۔ بچوں کی گھٹی۔ ام صبیان یعنی اٹھرا۔ عطاس۔ ورم لب ورم خسار۔ گلے کا اندرونی ورم۔ درد کے ساتھ مروڑ۔ پیشاب کی بیماریاں ۔ چیچک، خسرہ، موتی جھارا۔ بانجھ پن۔ ایام ماہواری کی خرابی۔ لڑکا ہی پیدا ہو۔ حمل ٹھہرانے والے نسخے۔ حسب خواہش لڑکا یا لڑکی۔ حمل میں لڑکا لڑکی کی شناخت۔ پستانوں کی بیماریاں۔ نامردی۔ کثرت احتلام۔ سوتے میں پیشاب کرنا۔ مرگی۔ درد گردہ۔ خونی بواسیر۔ آنکھوں کی بیماریاں۔ منہ کی بدبو۔ چھینکوں کی کثرت۔ دعاؤں سے علاج وغیرہ

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

سحر جبیں

تالیف: حافظ زاہد محمود سلامتپوری دستی بیاض (فوٹوسٹیٹ) امپورٹڈ کاغذ

تعداد صفحات: 172 قیمت: 750 روپے

تسخیر خلائق۔ طلسم جدائی۔ عمل سورۂ زلزال۔ عہد نامہ شیطانی۔ شہر بدر کرنا۔ عمل عداوت الم ترکیف۔ عمل محبت سورہ الناس۔ عمل درود ابراہیمی تسخیر خلق۔ عمل محبت سورہ فاتحہ۔ نقش قرآنی امام بوئی۔ طلسم حصار۔ حفاظت جان۔ عمل حب یونانی۔ طلسم سکندریہ۔ دعائے خضرؑ۔ تعویذ تخم مرغ سیاہ برائے محبت۔ طلسم حاضری محبوب۔ طلسم اخراج دشمن۔ اعمال سورۂ یٰسین۔ عمل سورہ فیل برائے تفریق۔ بندش زنا۔ محبت کا حرف۔ لوح نجات۔ جدائی کا دم۔ نکاح باندھنا۔ حب چال چکر۔ عمل کلمہ طیبہ۔ عمل غیر مسلم ہندو کرسچن۔ مردوں کی تسخیر کیلئے عطر۔ عورتوں کی تسخیر کا عمل۔ عمل گیدڑ سنگھی۔ تعویذ محبت سلیمانی۔ عمل حب سلیمانی۔ تسخیر مستورات پوشیدہ عمل۔ عمل تسخیر کا چلہ وغیرہ

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

خزانۂ کرامات (نئی کتاب)

مصنف: گوسائیں سوامی دیال

قیمت 600 روپے

دستی بیاض (فوٹوسٹیٹ) امپورٹڈ کاغذ

انبالہ انڈیا (1911ء) مکمل 4 حصے یکجا تعداد صفحات: 216

حاضرات ارواح۔ آنکھوں کی مقناطیسی قوت ارادی۔ کسی شے میں داخل ہونا۔ موت کی خبر۔ ہم پرم عمل ہمزاد۔ چور کا پکڑنا۔ ترقی کا درشن۔ خواب دینا۔ بھوت ودیا۔ آگ سے گزرنا۔ جادو کی انگوٹھی۔ دائرہ بھرنا۔ اسم اعظم۔ روشن ضمیری۔ سرودہ سوال کا جواب۔ اندھیرے میں کتاب پڑھنا۔ یوگ کی مشقیں۔ برہم ودیا۔ سمادھی ترکئی۔ دان ۔ تسخیر سمتیں۔ ولی فالنامہ۔ تسخیر مطلوب۔ فائدہ موہنی۔ پنچ پکھی ۔ دیہاڑی ڈائنی عجیب وغریب کراماتی منتر۔ الہند شبد۔ پانچ پیر سدہ کرنا۔ بھوت ودیا معمول کو ہوا میں معلق کرنا۔ محبت۔ مہابیر سدہ کرنا۔ آویش لوگ۔ نظر سے غائب ہوجانا وغیرہ

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

صنم خانہ عملیات (نادر و نایاب کتاب)

قیمت: 600 روپے

مصنف: مولانا حسن الہاشمی (انڈیا) صفحات: 229

ماہنامہ طلسماتی دنیا کے 23 سالہ عملیات کا نایاب ذخیرہ

باب المؤکلات ☆ گریختہ ومفقود الخبر لوگوں کا مسئلہ ☆ حب کے نقوش وعملیات ☆ بنام جہاں دار جاں آفریں ☆ غیر مسلمین کیلئے کچھ اعمال ☆ امراض جسمانی کا روحانی علاج ☆ امراض چشم ☆ آنتوں کے امراض ☆ احساس کمتری ☆ احتلام کی بیماری ☆ اختلاج قلب ☆ بخار ☆ بلڈ پریشر ☆ بواسیر ☆ بدہضمی ☆ برص ☆ بھوک نہ لگنا ☆ بھوک کی زیادتی ☆ بچوں کے امراض ☆ چیچک ☆ بچے کی پسلی کے لئے ☆ ڈبہ اطفال ☆ ضدی بچوں کیلئے ☆ جو بچے سوکھے یا پیٹھے میں مبتلا ہو یا بدخوابی کا شکار ہو ☆ نظر بد ☆ بچوں کے متفرق امراض ☆ نمونیہ ☆ بدن میں درد ☆ بیماری کے بعد کمزوری ☆ بالوں کو بڑھانے کیلئے ☆ بڑھاپے میں کم سنائی دینا ☆ بے ہوشی سے ہوش میں لانے کیلئے ☆ پیشاب کے امراض ☆ ٹی بی کا علاج ☆ تلی کے بڑھ جانے کا علاج ☆ جریان ☆ جذام ☆ جنون ☆ خارش ☆ خواتین کے امراض ☆ ایام کی زیادتی ☆ ایام کی کمی اور ایام کا نہ ہونا ☆ سیلان الرحم لیکوریا ☆ بانجھ پن ☆ حفاظت حمل ☆ اولاد نرینہ ☆ ولادت میں آسانی ☆ دوران حمل مختلف امراض ☆ بچہ پیدا ہونے کے بعد کی شکایات ☆ دل کی بیماریاں ☆ دانتوں کے امراض ☆ دمہ کا روحانی علاج ☆ رعشہ کا روحانی علاج ☆ حاضرات کے مجرب طریقے ☆ استخارہ کا باب

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

ادارہ دارالعمل چشتیہ کا فیس بک facebook.com/darulamalchishtia

بقیۃ السلف الصالحین حضرت مولانا الشیخ محمد محدث تھانوی نور اللہ مرقدہٗ کے فرمودہ چہل کاف کے اٹھارہ مجرب خواص.....مرتب: خالد مقبول حفظہ اللہ

چہل کاف ایک خاص کلام ہے جو صدیوں سے معمولِ مشائخ، بزرگانِ دین و عاملین رہا ہے اور ان شاء اللہ، تاقیامت رہے گا۔ اس کلام میں اللہ ﷻ نے عجیب تاثیر رکھی ہے۔ شاید ہی دنیا کا کوئی ایسا کام ہو، جو اس کے دائرہ اختیار میں نہ آتا ہو۔

چہل کاف میں ایک لازمی شرط ہوتی ہے اور وہ اجازت کی ہے۔ عوام کسی چہل کاف کے عامل سے اجازت لے کر عمل کر سکتی ہے۔ جو لوگ چہل کاف کے عامل ہیں، وہ درج ذیل تمام اعمال کر سکتے ہیں۔ ہماری روحانی درسگاہ سے اجازت یافتہ تمام عاملین کو درج ذیل تمام اعمال استعمال کرنے کی خاص اجازت ہے۔

حضرت شیخ محمد محدث تھانوی نور اللہ مرقدہٗ چہل کاف کے بڑے عاملین میں سے تھے۔ ان کے فرمودہ چند خواص درج کیے جا رہے ہیں۔

1۔ پہلی خاصیت: ناحق ستانے سے نجات

اگر کوئی شخص ناحق کسی کو ستاتا ہے تو مظلوم اس کو سات مرتبہ کڑوے تیل پر پڑھ کر دم کرے اور وہ تیل ڈاڑھی پر ملا کرے (عورت سر کے بالوں پر)۔

2۔ دوسری خاصیت: دردِ سر کا مجرب علاج

دردِ سر کے واسطے ماہِ صفر کے آخری چہار شنبہ کو اس کا تعویذ لکھ کر رکھ چھوڑے اور سر پر باندھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

3۔ تیسری خاصیت: بینائی تیز ہو

زیادتی بصارت کے لیے جمعہ کی رات میں گلاب کے پھول پر سات مرتبہ دم کر کے آنکھوں پر ملے، بینائی زیادہ ہوگی۔

4۔ چوتھی خاصیت: ڈاڑھ اور گردن کے درد کا علاج

اگر کسی کی ڈاڑھ کُلتی ہو یا گردن میں درد ہو، ڈاڑھ کے نیچے اور گردن میں باندھے۔

5۔ پانچویں خاصیت: ہفت اندام کے درد کا علاج

دردِ ہفت اندام کے لیے ہرن کی کھال یا جھلی پر لکھ کر بازو پر باندھے۔

6۔ چھٹی خاصیت: پیٹ درد کا علاج

دردِ شکم کے لیے نمک پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور صاحبِ درد کو کھلائے۔

7۔ ساتویں خاصیت: دفع بواسیر

بواسیر کے لیے بلّی کی کھال پر لکھ کر گلے میں ڈالے۔

8۔ آٹھویں خاصیت: دردِ سینہ کا علاج

دردِ سینہ کے لیے نہار منہ کسی ظرف میں لکھ کر اور دھو کر پیئے، ایک ہفتہ تک۔

9۔ نویں خاصیت: قتل سے حفاظت

اگر کسی شخص کو قتل یا پھانسی کیلئے لے جا رہے ہوں، اس کے سر میں یا ٹوپی میں لکھ کر باندھ دیں، قتل سے محفوظ رہے گا، اگرچہ شیر کے سامنے ڈال دیا جائے۔

10۔ دسویں خاصیت: دشمن نقصان نہ پہنچا سکے

دشمن کے ضرر کے دفعیہ کیلئے، دوشنبہ کی رات کو پُرانے قبرستان میں بیٹھ کر چالیس مرتبہ پڑھے۔ دشمن ایذاء پہنچانے سے عاجز ہو جائے گا۔

عام اجازت کے اعمال

مرتب: محمد علیم

11۔ گیارہویں خاصیت: قید سے رہائی

اگر کسی کو کنویں میں بند کیا جائے، روٹی پر لکھ کر ایک ہفتہ تک فقیر کو کھلا دی جائے۔ ان شاء اللہ ہفتہ نہ گزرے گا کہ رہا ہوگا۔

12۔ بارہویں خاصیت: بانجھ پن کا علاج، اولاد نرینہ

عقیمہ (بانجھ) کے لیے غسل حیض کے بعد لکھ کر پلایا جائے، فرزند نرینہ پیدا ہو۔

13۔ تیرہویں خاصیت: تسخیر محبوب

برائے تسخیر محبوب، محبوب کے نام کے ساتھ نئے کپڑے پر لکھ کر بازو پر باندھے۔ محبوب پر محبت غالب ہوگی۔

14۔ چودھویں خاصیت: کسی کو اپنے اوپر عاشق کرنا

اگر کسی کو اپنے اوپر عاشق کرنا ہو، خونِ کبوتر سے لکھے کاغذ پر اور بازو پر باندھے۔

15۔ پندرہویں خاصیت: عداوت پیدا کرنا

اگر کسی کے گھر میں کسی سے کسی کو عداوت پیدا کرنی ہو، نمک پر سات مرتبہ پڑھ کر اس گھر میں ڈال دے۔

نوٹ اگر شرعاً جائز ہو تو کرے ورنہ نہ کرے کہ گناہ عظیم ہے۔

16۔ سولہویں خاصیت: اجنبی لوگ مانوس ہو جائیں

اگر کوئی شخص غیر مانوس شہر یا جنگل بیابان میں ہو، باوجود اجنبیت کے، سات مرتبہ پڑھنے سے لوگ اس سے مانوس ہو جائیں گے۔

17۔ سترہویں خاصیت: درازی عمر کیلئے

درازیٔ عمر کے لیے سات سات دن کے بعد سات مرتبہ کنگھے پر پڑھ کر ڈاڑھی میں کرے۔

18۔ اٹھارہویں خاصیت: غائب اور لاپتہ شخص کی واپسی

اگر کوئی شخص غائب اور لاپتہ ہو، جمعہ کی رات میں خالی مکان میں بیٹھ کر چالیس مرتبہ پڑھے۔

امتحان کی کامیابی

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب مدظلہٗ فرماتے ہیں کہ امتحان میں کامیابی کی اصل تیاری اسی وقت شروع ہو جاتی ہے جب کوئی طالب علم کسی اسکول میں داخلہ لے۔ ذوق وشوق کے ساتھ اپنی تعلیم جاری رکھنے کے ساتھ ساتھ آپ روزانہ ''یَاعَلِیْمُ'' کی ایک تسبیح پڑھ لیا کریں۔ جب امتحان شروع ہوں تو پہلے پرچے سے تین (۳) دن پہلے ''یَاحَسِیْبُ'' گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد امتحان کے ختم ہونے تک روزانہ ''یَاحَسِیْبُ'' گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ اعلیٰ نمبرات کے ساتھ کامیابی نصیب ہوگی۔

قید سے رہائی کا عمل

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب مدظلہٗ فرماتے ہیں کہ قیدی اپنے پاؤں کے نیچے کی مٹی لے اور جیل خانے کے کسی بھی حصے کی مٹی اور ان دونوں مٹیوں کو ملا کر ایک ٹکیہ بنالے اور اس ٹکیہ پر چاقو کی نوک سے یہ حروف لکھے:

اب ج د ہ و ز ح ط

پھر اس ٹکیہ کو کپڑے میں لپیٹ کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ ان شاء اللہ بہت جلد رہائی کا فیصلہ ہوگا۔

جادو کا علاج اور حفاظت

جادو کے علاج اور حفاظت کیلئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پی لیں یا مریض کو پلا دیں۔ ان شاء اللہ فوری طور پر جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔ جادو نہیں ہوگا تو حفاظت ہوگی۔

روحانی ڈاکٹر

خالد مقبول حفظہ اللہ

یرقان کا علاج

کسی بچے کو جب بھی یرقان کا مرض ہو تو اس بچے کے گلے میں سورۂ بینہ کا نقش لکھ کر ڈال دیں۔ اس نقش کو کالے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے گلے میں ڈالیں۔ بہتر ہے کہ کسی عامل سے لکھوائیں۔ ورنہ کسی نمازی سے اس کو پڑ کرائیں۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۷۸۰۵	۷۸۰۸	۷۸۱۲	۷۷۹۸
۷۸۱۱	۷۷۹۹	۷۸۰۴	۷۸۰۹
۷۸۰۰	۷۸۱۴	۷۸۰۶	۷۸۰۳
۷۸۰۷	۷۸۰۲	۷۸۰۱	۷۸۱۳

ہر طرح کے مرض سے شفاء کے لئے

ہر مرض کی شفاء کے لئے ''یَا سَلَامُ'' کا نقش اور یہ تعویذ لکھ کر پلادے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

م	لا	س
س	م	لا
لا	س	م

بچہ کا رونا، ڈرنا، نہ سونا (بدخوابی) و نظرِ بد

سورۂ ابراہیم (پ: ۱۳) مکمل

سفید ہریر کے ٹکڑے پر اس کو باوضو لکھ کر لڑکے کے باندھے تو رونا، ڈرنا اور نظرِ بد سب دفع ہو جاویں اور دودھ چھوڑنا آسان ہو۔

بے اولاد کے لیے

بے اولاد خواتین و حضرات جو کہ ہر علاج سے تنگ ہو چکے ہوں، ان کے لیے اس اسم کی برکتیں بہت خاص ہیں۔ جو بے اولاد مرد اپنی بیوی سے صحبت سے قبل اس اسم ''یَا خَالِقُ'' کو انگوٹھی پر نقش کرے تو اس کی بیوی کو حمل قرار پائے گا۔

بقیہ : عمل حاضرات بسم اللہ

مریض کے بال پکڑے اور عبدالاحد کو ہدایت کرے کہ مریض کے سر سے پیر تک جو بھی اثرات ہوں، انہیں نکال دے۔ اس وقت مریض کے بدن میں سنسناہٹ ہوگی۔ پھر وہ سنسناہٹ پیروں کی طرف سے سر کی طرف کھنچنا شروع ہوگی۔ یہاں تک کہ آنکھوں کے ذریعہ گرمی نکلتی محسوس ہوگی۔ پھر ان شاء اللہ مریض کا جسم ہلکا پھلکا ہو جائے گا۔ ایسا دو مرتبہ کرے۔ ان شاء اللہ درد اور مرض سے نجات ملے گی۔

عامل عبدالاحد کو مخاطب کر کے کہے ''عبدالاحد! مریض کے جسم میں یا مکان میں جو بھی سفلی، علوی، یا ٹونے ٹوٹکے ٹونے کے اثرات ہوں، ان کو بحرمت عزیمت بسم اللہ، مکمل طور پر کاٹ دیں''۔ اگر مرض سخت ہو یا اثرات سخت ہوں تو سات (۷) روز تک اسی طرح حاضرات کر کے کاٹ کرائیں۔ ان شاء اللہ مریض پوری طرح صحت یاب ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے۔ اس نقش کو اتنا ہی بڑا بنائیں تا کہ حاضرات میں آسانی رہے۔

جبرائیل ۷۸۶ میکائیل

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم		الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ

اسرافیل بسم اللہ الرحمن الرحیم اجب یا جبرائیل یا میکائیل یا اسرافیل یا عزرائیل عزرائیل

فلاں آیت یا سورت پڑھنے سے فلاں فائدہ ہوتا ہے، اس میں کتنی سچائی ہے؟

دارالافتاء، دارالعلوم دیوبند سے کیا گیا ایک اہم سوال اور اس کا جواب

سوال #49289

قرآن کے بارے میں جو یہ مشہور ہے کی اس کی فلاں آیت پڑھنے سے یہ کام ہو جاتا ہے، فلاں سورت سے یہ فائدہ ہوتا ہے، اس آیت یا سورت کو پڑھنے سے سر کا درد دور ہو جاتا ہے، وغیرہ۔ اس میں کتنی سچائی ہے؟ سورتوں اور آیتوں کے خواص کس طرح ثابت ہیں؟ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا کسی صحابی نے اس طرح کا کوئی عمل کبھی کیا ہے؟

جواب #49289

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Fatwa ID: 41-3/L=1/1435-U

بعض سورتوں کے خواص تو خود احادیث میں مذکور ہیں، مثلاً: سورۂ بقرہ کی تلاوت جس گھر میں ہو اس میں شیطان کا داخل نہ ہونا، اس سورت کا باعث خیر و برکت ہونا، آیت الکرسی پڑھنے پر اللہ کا محافظ ہونا اور شیطان کا اس کے قریب نہ آنا، سورۂ بقرہ کا آخر تلاوت کرنے پر شریر جن وانس سے محفوظ رہنا، سورۂ کہف کی اول دس آیتوں کو یاد کرنے والے کا دجال سے مامون رہنا، سورۂ اخلاص اور معوذتین پڑھ کر ہاتھ پر پھونک مار کر پورے بدن پر پھیرنے اور اس عمل کو تین مرتبہ کرنا، اگر کوئی سورۂ مومن کی ابتدا سے إليه المصير تک اور آیت الکرسی صبح پڑھے تو شام تک اور شام کے وقت پڑھے تو صبح تک اس کا محفوظ رہنا، سورۂ ملک پڑھنے والے کا عذاب قبر سے مامون رہنا اور خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سونے سے پہلے سورۂ (سجدہ) اور سورۂ ملک کے پڑھنے کا اہتمام فرمانا، سورۂ فاتحہ میں ہر بلا (بیماری) سے شفا ہونا، سورۂ یٰسین پڑھنے والے کی ضرورتوں کا پورا ہونا، سورۂ واقعہ کی تلاوت کرنے والوں کا فاقہ سے محفوظ رہنا وغیرہ۔ اس کے علاوہ ادعیہ واذکار کا مختلف مقاصد کیلئے پڑھنے کا احادیث سے ثبوت ملتا ہے، مثلاً:

*لاحول ولا قوة الا بالله میں ننانوے امراض کی دوا ہونا۔

*آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مصیبت کے وقت لا اله الا الله العظيم الحليم لا اله الا الله يارب العرش العظيم لا اله الا هو رب السماوات ورب الارض ورب العرش الكريم پڑھنا۔

* کسی شخص کا کسی جگہ آنے کی صورت میں اعوذ بكلمات الله التامات من شر ما خلق پڑھ لینے پر کسی چیز کا اس کو تکلیف نہ پہنچانا۔

*غموں کی کثرت والے شخص کا یہ دعا "اللّٰهم انی عبدك وابن عبدك وابن أمتك فی قبضتك ناصيتی بيدك ماضٍ فی حكمك عدل فی قضائك أسلك بكل اسم هو لك سميت به نفسك أو أنزلته فی كتابك أوعلمته أحدًا من خلقك أو ألهمت عبادك أو استأثرت به فی مكنون الغيب عندك أن تجعل القرآن ربيع قلبی وجلاء همی وغمی" پڑھنے پر غموں کا دور ہو جانا۔

* گھبراہٹ کے وقت "أعوذ بكلمات الله التامات من غضبه وعقابه ومن همزات الشياطين وأن يحضرون" پڑھنا۔

*حضرت کعب بن احبار رضی اللہ عنہ کا یہ فرمانا کہ اگر میں یہ "کلمات" نہ پڑھتا تو یہود مجھے گدھا بنا دیتے، ان سے پوچھا گیا کہ وہ کلمات کیا ہیں؟ تو انھوں نے فرمایا "أعوذ بالله العظيم الذی ليس شیء أعظم

منه وبكلمات الله التامات التى لا يجاوزهن برّ ولا فاجر وبأسماء الله الحسنى ما علمت منها وما لم أعلم من شر ما خلق وذرأ وبرأ"۔

قرض کی ادائیگی کے لیے "اللّٰهم أكفنى بحلالك عن حرامك وأغننى بفضلك عم سواك" پڑھنا وغیرہ۔ اس کے علاوہ بھی احادیث وآثار میں مختلف مقاصد کے لیے مختلف ادعیہ واذکار کا پڑھنا ثابت ہے۔ حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا درد سر کے موقع پر اپنے ہاتھ کو اپنے سر پر رکھ کر یہ دعا پڑھا کرتی تھیں "بذنبى وما يغفره الله أكثر" قال فى الدر المنثور: وأخرج ابن سعد عن ابن أبي مليكة أن أسماء بنت أبي بكر الصديق كانت تصدع فتضع يدها على رأسها وتقول: بذنبى وما يغفره الله أكثر"

(الدر المنثور: ۱۰/۱ بحوالہ الیواقیت الغالیہ: ۱/۲۶۷)

قرآن شریف کی آیت وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمؤمنين کی تفسیر میں بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ قرآن جس طرح مراضِ باطنہ کی شفاء ہے، اسی طرح امراضِ ظاہرہ کی بھی شفا ہے کہ آیاتِ قرآن پڑھ کر مریض پر دم کرنا، تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالنا، امراضِ ظاہرہ کے لیے بھی شفا ہوتا ہے۔ (معارف القرآن: ۵/۵۴۲)

نیز مسلم شریف کی ایک روایت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صراحتاً ایسے رقیہ وتعویذ کی اجازت دی جس میں شرک نہ ہو۔ اسی وجہ سے علماء کا تین شرطوں کے ساتھ رقیہ کے جواز پر اجماع ہے: (۱) یہ کہ وہ آیات قرآنیہ اسماء حسنیٰ وغیرہ پر مشتمل ہو (۲) عربی یا اس کے علاوہ ایسی زبان میں ہو جس کے معانی معلوم اور درست ہوں (۳) یہ عقیدہ ہو کہ تعویذ موثر بالذات نہیں (اس کی حیثیت دوا کی سی ہے) موثر بالذات صرف اللہ رب العزت ہیں۔ (فتح الباری)

حاصل یہ ہے کہ تعویذ اور رقیہ کا ثبوت ہے اور مذکورہ بالا تین شرطوں کے ساتھ اس کی اجازت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

دارالافتاء، دارالعلوم دیوبند

"انسان کا کام تدبیر کرنا ہے نتیجہ مرتب کرنا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، لہٰذا رجوع الی اللہ کبھی نہ چھوڑیں"

سفر اور رزق کی بندش: کاروبار نہ چلنا، ملازمت کا نہ ملنا یا مل کر چھوٹ جانا، کاموں کے بنتے بنتے بگڑ جانا، بیرون ملک جانے میں رکاوٹ اور بندش کا سامنا۔

گھریلو مسائل: خاوند، بیوی اور بچوں میں ناچاقی اور طلاق تک نوبت۔

رشتوں کی بندش: جوان اولاد کے رشتے نہ ملنا، پسند نہ آنا یا پسند کے بعد انکار ہو جانا، منگنی کے بعد نکاح یا نکاح کے بعد رخصتی میں رکاوٹ۔

صحت کی بندش: بیماری کا علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہونا یا بار بار بیمار ہونا، تمام لیبارٹری ٹیسٹ کے درست ہونے کے باوجود بھی صحت کا بحال نہ ہونا۔

اولاد کی بندش: اولاد کا نہ ہونا یا پیدا ہو کر مر جانا، پیدائشی طور پر بچوں میں مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہونا، صرف لڑکیاں ہی پیدا ہونا، نرینہ اولاد کیلئے۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، بدزبانی، دیگر غلط عادات اور سوسائٹی کے شکار افراد۔

معاشرتی مسائل: قرض کی ادائیگی، کسی شخص کا جائز کام میں رکاوٹ بننا، قرض واپس نہ کرنا، دشمن ہو جانا، پیسے یا چیزیں مثلاً دکان، مکان پر قبضہ کر لینا وغیرہ۔

تدبیر ہماری تقدیر تمہاری

کشائش رزق، بندش کاروبار، بندش رشتہ وہر قسم کی بندش اور تمام پریشانیوں کے حل کیلئے اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔

نوٹ ملاقات کیلئے فون پر وقت ضرور طے کر لیں

اب مولانا صاحب ہفتہ کے 7 دن مریضوں سے ملاقات کریں گے۔

طبیب روحانی وجسمانی
مولانا ڈاکٹر علی آفاق
(ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس)

خیروبرکت:۔
گھر، دکان، فیکٹری اور دفتر کی خیروبرکت کیلئے

Mobile: 0321-4168008
www.afaqspiritualclinic.com
facebook.com/afaqspiritualclinic
77/C، ماڈل ٹاؤن لاہور۔

جادو اور جنات کا علاج سیکھنے والوں کے لئے خصوصی کورس

آج کل جادو اور جنات کے اثرات بہت زیادہ ہو گئے ہیں۔ نہ عوام محفوظ ہے اور نہ خواص۔ خصوصاً بڑے بڑے بزرگوں، مشائخ، مفتیان وعلمائے کرام پر بے شمار حملے ہو رہے ہیں۔ جہاں انسان عامل ہیں، وہیں جنات عامل بھی وار کر رہے ہیں۔ شیطان ابلیس بڑے بڑے شیاطین کو بڑوں کے پاس بھیجتا ہے۔ نتیجہ یہ کہ خانقاہیں، مدارس، دینی جماعتیں وغیرہ..... سب بری طرح متاثر ہو رہی ہیں، اِس لئے جادو اور جنات کا علاج سیکھنا بہت ضروری ہو گیا ہے۔ خصوصاً گھر والوں اور قریبی لوگوں کے لئے تاکہ خدانخواستہ اثر ہونے کی صورت میں صحیح علاج کیا جا سکے۔ ورنہ مریض کسی غلط عامل کے ہتھے چڑھ جائے گا اور مالی، بدنی اور سب سے بڑھ کر ایمانی نقصان کروا بیٹھے گا۔ اور اس کا ذمہ دار کون ہوگا؟ سوچئے!!!

اس کورس میں بارہ چلّے کروائے جاتے ہیں۔ پہلے چھ چلّوں کے بعد والے چلّوں میں غیبی مخلوق کی آمد شروع ہو جاتی ہے اور اختتام سے پہلے غیبی مخلوق کی ایک بڑی جماعت معاون کے طور پر عامل کے ساتھ کام کرنے لگتی ہے۔ عموماً دس چلّوں کے بعد ہی عامل جادو اور جنات کا مضبوط علاج کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔

جو حضرات پہلے سے عامل ہیں اور مزید مضبوط ہونا چاہتے ہیں، وہ کم وقت میں یہ کورس کر سکتے ہیں۔ نیز جو حضرات مکمل کورس کرنا چاہتے ہیں اور وقت کی کمی ہے، وہ نقد صدقہ ادا کر کے اجازت لے سکتے ہیں۔ اس صورت میں چند چلّے کرنے ہوں گے۔ مزید تفصیل کے لئے رابطہ فرمائیں۔

علماء اور مفتیان کرام کے لئے خصوصی رعایت فیس -/5,000 روپے

عام فیس -/10,000 روپے

ناظم: 0346-4661681 اوقات: صبح 10 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

نائب ناظم: 0320/0345-4661681 اوقات: صبح 11 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

جادو کا علاج، جادو کروانے والے کے بارے میں ہدایات، دشمن کے منصوبوں کو ناکام کرنا..... حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم العالیہ (دیوبند، انڈیا)

جادو کے مریض کو آپ روزانہ ایک طشتری پر قرآن حکیم کی یہ آیت لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۸۱ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝۸۲ (یونس:۸۱-۸۲)

لگاتار چالیس (۴۰) دن تک روزانہ ایک طشتری پر گلاب وزعفران سے لکھ کر دھو کر پلائیں۔ اور یہ عزیمت لکھ کر کالے کپڑے میں پیک کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔

اُبْطُلُوْهُ اُبْطُلُوْهُ اُخْرُجُوْهُ اُخْرُجُوْهُ حَلُوْهٌ حَلُوْهٌ اِفْتَحُوْا اِفْتَحُوْا شَرَاهِيًا بِعِزَّةِ اللهِ يزول بقوة الله يزول كلّ بأسٍ و بِقُدْرَةِ الله يُخِلُّ كُلَّ مَعْقُوْدٍ مع الطلسم ۱۰۱_۲۱۱_۱۱۱_۲۱۱

اب رہی وہ عورت جس پر آپ کو کرنی کرتوت کا شبہ ہے تو اس کو خدا کے حوالے کر دیجئے۔ اگر وہ فی الحقیقت ظالم ہے اور یہ حرکتیں وہ کرا رہی ہے تو خدا اس سے خود نمٹ لے گا۔ بندے کی بساط ہی کیا ہے جو کسی سے بدلہ لینے کی کوشش کرے۔ اگر ہم اس طرح کے معاملات اللہ کے سپرد کر دیں تو اسی میں دور اندیشی بھی ہے اور آئندہ کے لیے بچاؤ بھی۔

دشمنوں کو بربادی کے گھاٹ اتارنے کا جذبہ حرام نہیں ہے لیکن اس میں اجر وثواب کی امید نہیں کی جاسکتی۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا خدا آپ سے راضی رہے اور آپ کی خطاؤں سے درگزر کرے تو اپنے دشمنوں کو معاف کر دینے کا حوصلہ اپنے اندر پیدا کریں اور اللہ سے فریاد کریں۔ اسی میں آپ کی دین ودنیا کی بھلائی ہے۔ اسی میں اپنی حفاظت ہے اور اسی میں اجر وثواب ہے۔

اگر آپ دشمنوں کو اپنے منصوبوں میں ناکام کرنے کیلئے ''یَامُنْتَقِمُ'' تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ پڑھ لیا کریں (آگے پیچھے درود شریف نہ پڑھیں) تو بہتر ہے۔ اس اسم مبارک کے ورد سے دشمن کی چالیں پامال ہو جائیں گی اور ہوسکتا ہے کہ وہ کسی ایسی مصیبت کا شکار ہو جائے کہ دوسروں کو ستانے کی سزا اسے اسی دنیا میں مل جائے۔ اللہ بہت بڑا ہے۔ بہت قدرت والا ہے اور اپنے مظلوم بندوں کی فریاد کو پہنچنے والا ہے۔ تمام معاملات ومقدمات اسی کے سپرد کر دیں گے تو نقصان میں نہیں رہیں گے۔

فہم ختم نبوت، خط وکتابت کورس

سکول وکالجز ودینی مدارس کے طلباء وطالبات
نیز تمام خواتین وحضرات کیلئے شاندار موقع

داخلہ جاری ہے (داخلہ بذریعہ ایس ایم ایس بھی ہوسکتا ہے) مفت

خط وکتابت کے ذریعے گھر بیٹھے عقیدۂ ختم نبوت سے مکمل آگاہی اور منکرین ختم نبوت کے عقائد ونظریات سے واقفیت حاصل کریں۔ داخلہ کیلئے سادہ کاغذ پر اپنا نام، ولدیت، تعلیم وپیشہ، فون نمبر اور ڈاک کا مکمل پتا لکھ کر ارسال کریں ایک لفافہ میں صرف ایک ہی درخواست بھیجیں۔ کورس مکمل کرنے پر ایک خوبصورت سند، جبکہ نمایاں کارکردگی پر شرکاء کو خصوصی تحائف دیئے جائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

رابطہ: دفتر مجلس احرارِ اسلام

جامع مسجد سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ محلہ صدیق اکبر تلہ گنگ (غرب) ضلع چکوال

فون/فیکس: 0543-412201 ڈاکٹر محمد عمر فاروق 0300-5780390

(مولانا) تنویر الحسن 0300-4716780

مقرون سے بچاؤ کا طریقہ

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ

ہر انسان کے ساتھ دو فرشتے اور ایک شیطان لگا رہتا ہے۔ فرشتے انسان کے اعمال کی نگرانی کرتے ہیں اور باذن اللہ اس کے اعمال کا قابلِ اعتبار ریکارڈ تیار کرتے ہیں۔ جو میدان حشر میں خداوندِ عالم کے روبرو پیش ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ حق تعالیٰ نے نفس مطمئنہ اور نفس لوّامہ بھی بنائے ہیں، جو ہر انسان کی شخصیت کا جزو ہیں۔ اور ہر ہر انسان کے ساتھ ایک ایسا شیطان بھی لگ جاتا ہے جو انسان کو فائدہ بھی پہنچا سکتا ہے اور نقصان بھی۔ انسان کی اگر روحانی طاقت بڑھی ہوئی ہو تو وہ اس شیطان پر غالب رہتا ہے، بلکہ اس کو غلام بنا لیتا ہے اور انسان کی اگر روحانی طاقت کمزور ہو یا مفقود ہو تو یہ شیطان انسان پر غالب آجاتا ہے اور اسے گناہوں اور خطاؤں کی دلدل میں پھنسا دیتا ہے۔ اگر روحانی طاقت کے ضعف یا کسی اور وجہ سے اگر یہ شیطان جس کا نام مقرون بھی ہے، انسان کو پریشان کرے اور اس پر دورے اور ڈورے ڈالے تو ایسی صورت میں اس دعا کا وردِ روزانہ سو مرتبہ کریں۔ دعا یہ ہے: اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ

آگے پیچھے گیارہ مرتبہ درود شریف بھی پڑھنا ضروری ہے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ حروف مقطعات کا نقش مربع بھی اپنے گلے میں ڈال لیں تو اور بھی بہتر ہے۔ اس نقش کی برکت سے بھی شیطان اور جناتی اثرات سے انسان محفوظ ہو جاتا ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸۴۶	۸۴۹	۸۵۲	۸۳۸
۸۵۱	۸۳۹	۸۴۵	۸۵۰
۸۴۰	۸۵۴	۸۴۷	۸۴۴
۸۴۸	۸۴۳	۸۴۱	۸۵۳

خبر کا عمل

ھدیہ 5100 روپے

غیبی مخلوق سے خبر لینے کا ایک خاص عمل۔ اس کے پیچھے مخلوق عامل کو فوری مریض کے بارے میں خبر دیتی ہے۔ جن عاملین کی سماعت کھلی ہو، ان کو آواز بھی آتی ہے۔ جن عاملین کا باطنی رابطہ ہوتا ہے، ان کو ہی اس عمل کا اصل فائدہ ہوتا ہے۔ جنات سے اپنے مریضوں کے متعلق خبر سمیت روزمرہ کے معاملات میں جنات کی جانب سے خبر کی شکل میں معاونت کا بہترین آزمودہ اور مجرب عمل ہے۔ جس کی وجہ سے مریض کی تفصیلی اور مریض کے خاندان کی پوری رپورٹ انتہائی سہل انداز میں حاصل ہو جاتی ہے اور علاج میں بہترین فوائد اور نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

یاد رہے کہ یہ عمل باطنی صلاحیتیں بیدار کرنے کا عمل نہیں ہے۔ جن عاملین کے باطنی رابطے نہیں کھلے، وہ اس عمل کو لینے کے اہل نہیں ہیں۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

+92-322-7772772

خزینۂ مجربات

فیس 5100

◆ بکری کے صدقہ کا خاص عمل جس کو کرنے سے جس کام یا مریض کے علاج میں رکاوٹ آرہی ہو، اس میں بہت آسانی ہو جاتی ہے۔ نیز بڑے سے بڑے جنات و جادو کے علاج میں صدقہ کا عمل کرنے سے عامل اور مریض، دونوں رجعت سے محفوظ رہتے ہیں ◆ سوئیوں والا خاص عمل جس کو کرنے سے ہر قسم کا بخار، ٹی بی، ٹائی فائیڈ وغیرہ ختم ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹرز حیران رہ جاتے ہیں ◆ مختلف جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج ◆ جب ڈاکٹرز آپریشن کا کہہ دیں تو بغیر آپریشن ولادت کا خاص عمل ◆ مقدمہ جیتنے کا مجرب عمل ◆ نکاح و حب کے اعمال کے ساتھ اور بھی دیگر مقاصد کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔

ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681

نقد صدقہ ادا کر کے درج بالا اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

حاضرات کے خاص اعمال

بابائے حاضرات تیمر احمد صاحب (کراچی)

انگوٹھے والی حاضرات

کسی طفل نابالغ کے دائیں انگوٹھے پر کاجل لگا کر تین بار سورۂ فاتحہ، تین بار سورۂ الم نشرح، سات بار سورۂ اخلاص پڑھ کر انگوٹھے پر دم کریں اور کہیں کہ ''قربان! مہربانی کریں اور حاضر ہوں اور بادشاہ سلامت کو حاضر کریں''۔ تھوڑی ہی دیر میں میدان نظر آئے گا۔ پھر چھڑکاؤ کرائیں اور بادشاہ صاحب کو سلام عرض کر کے سوالات کے جوابات معلوم کریں۔ بعدہٗ ان کا شکریہ ادا کر کے اور سلام عرض کر کے جانے کی اجازت دیں۔

حاضرات کی ڈبیہ

جمعہ کے روز چڑھتے چاند، مسجد میں جھاڑو دے اور اس کی مٹی حاصل کر لے اور زعفران سے صرف بسم اللہ لکھے اور درود شریف تین بار پڑھے۔

طریقہ: بسم اللہ لکھ کر ایک گول ڈبیہ لے لیں۔ اس کے اندر بسم اللہ لکھیں۔ اوپر سے تارکول پگھلا کر ڈال دیں اور فوراً ہی مسجد کی جمع شدہ مٹی چھڑک دیں۔ پھر دوبارہ تارکول پگھلا کر مسجد کی مٹی چھڑک دیں۔ بس اب آپ کی حاضرات کی ڈبیہ تیار ہے۔ جب کبھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو کسی طفل نابالغ کو ڈبیہ میں دیکھنے کو کہیں اور آپ (عامل) ڈبیہ اور بچہ پر سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھ پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں ڈبیہ میں حاضرات کا نزول ہوگا۔ پھر آپ بچہ کی معرفت مؤکل کو سلام پیش کر کے اپنی تمام مشکلات اور اپنے تمام مسائل کا حل معلوم کر سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ سو فیصد درست جوابات پائیں گے۔

حاضرات درود تاج

طریقہ: اول پاک وصاف ہو کر باوضو اور پاک صاف جگہ پر چادر بچھائیں اور چاروں کونوں میں اگر بتی سلگائیں۔ معمول 7 سال سے 14 سال تک کا ہو۔ معمول کو چادر پر لٹا دیں اور آنکھوں پر پٹی باندھ دیں۔ اگر معمول نہ لیٹے تو پھر بیٹھا کر حاضرات کریں اور بچے پر درود تاج گیارہ مرتبہ پڑھ کر حاضرات کریں اور درود تاج بچہ/بچی پر پڑھ کر دم کریں۔ ان شاء اللہ حاضرات فوراً کھول جائے گی۔ پہلے سلام عرض کریں۔ پھر سوالات کا سلسلہ شروع کریں۔ کوئی سوال شرع کے خلاف نہ ہو۔ ہر سوال کا جواب سو فیصد درست وسچا ملے گا۔ لاجواب حاضرات ہے۔

چراغ میں حاضرات

۷۸۶

۱۹	۲۲	۲۵	۱۲
۲۴	۱۳	۱۸	۲۳
۱۴	۲۷	۲۰	۱۷
۲۱	۱۶	۱۵	۲۶

طریقہ: مندرجہ بالا نقش کو کسی بھی کالے مارکر سے لکھیں اور نقش کی بتی بنا کر خالص سرسوں کا تیل لے کر چراغ روشن کریں اور بچہ/بچی کو نقش کی لو میں دیکھنے کو کہیں۔ جب بزرگ نظر آئیں تو سلام عرض کریں اور بچہ کی معرفت صفائی کروائیں۔ چھڑکاؤ کروائیں۔ دریاں بچھانے کو کہیں۔ تخت لگوائیں اور کہیں کہ آج جن حضرت کی ڈیوٹی ہے، انہیں بلوائیں اور سلام کے بعد سوال وجواب کا سلسلہ شروع کریں۔ ان شاء اللہ سو فیصد درست جوابات ملیں گے۔

سات دن میں جادو سے نجات

جادو سے نجات کا عمل یہ ہے کہ صبح کے وقت جب سورج قدرے بلند ہو جائے تو سورۂ عبس (پارہ 30) تین (۳) بار پڑھیں اور پڑھ کر مریض اور اس کے پانی پر دم کریں۔ مریض یہی پانی سارا دن پیتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، سات دن کے اندر اندر ہی جادو سے جان چھوٹ جائے گی۔

عمل حاضری فرید جن

حضرت سید پیر محبوب علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تین یوم روزہ وریاضت ترک حیوانات کرے اور صبح وشام ہزار ہزار مرتبہ عزیمت پڑھے۔ تیسرے دن کے بعد رات کو تنہائی میں ہزار مرتبہ عزیمت پڑھے تو ایک نہایت جمیل چہرے والا آدمی آئے گا اور سلام کہے گا۔ پس سلام کا جواب دے اور اپنے اور اس کے درمیان حسب استطاعت معاہدہ کرے۔ یہ جن مسلم ہے اور غیر شرعی کام نہیں کرتا۔ عزیمت یہ ہے:

اَلُوْشِ اَلُوْشِ تَقَارُوْشِ تَقَارُوْشِ لُوْشِ

اور ہر سو مرتبہ کے بعد کہے (دس مرتبہ) اُحْضُرْ یَافَرِیْدَ الْجَانِ

(از کتاب تسخیر الشیاطین فی وصال الماشقین ص 84)

ایک لاکھ روپے کا عمل

حضرت سید پیر محبوب علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

یہ عمل لاکھوں روپے لے کر بھی کوئی نہیں بتاتا اور نہ ہی آج تک کسی کتاب میں آپ نے پڑھا ہوگا۔ یہ ایک ایسا صدری راز ہے جسے کوئی افشا نہیں کرتا، ہم نے صرف خوف خدا سے لکھ دیا ہے، اگر اس عمل کے اجزاء آپ کو صحیح مل گئے تو آپ دنیا کے بے تاج بادشاہ ہیں۔ اس عمل میں کوئی پڑھائی نہیں ہے، صرف یہ معلوم کریں کہ سال بھر میں وہ کون سا قمری مہینہ ہے جس کی ستائیسوں شب کو ہندی حساب سے پکھ نچھتر پڑتا ہے، یہ آپ کسی معتبر جنتری سے معلوم کر سکتے ہیں۔ اس ماہ کی اول تاریخ سے ہی ترک حیوانات جلالی و جمالی شروع کر دیں اور ستائیسویں شب کو غسل کر کے پاک وصاف لباس پہن کر عطر وغیرہ لگا کر کسی ویرانے جنگل میں پہنچ جائیں جہاں تا حد نظر کوئی حیوان وانسان نہ ہو اور ٹھیک بارہ بجے رات یعنی مکمل نصف شب کو درج ذیل بخور روشن کر دیں، کچھ دیر بعد ایک روح حاضر ہوگی اور بعد سلام دریافت کرے گی کہ تمہارا کیا کام ہے جو مطلب ہو بیان کریں پورا کر دے گی۔ اگر ہمیشہ کیلئے پاس رکھنا چاہو تو اس سے یہی مطلب بیان کرو وہ روح تابع ہو جائے گی اور کوئی ڈر خوف نہیں ہوگا۔ آگ کا پیالہ یا انگیٹھی ساتھ لے کر جائیں۔ عمل ذاتی مجرب المجرب ہے اور صد فی صد درست ہے، جس کا جی چاہے کر کے دیکھ لے لیکن شرط یہ ہے کہ اجزاء صد فی صد ہونے چاہئیں۔ اجزاء خالص تو کامیابی آپ کے قدموں میں بخور مطلوبہ یہ ہے:

میعہ سائلہ ۵ تولہ۔ میعہ یابسہ ۵ تولہ دونوں کو خوب یکذات کر کے رکھیں۔ بخور تیار ہے۔

ضروری وضاحت: واضح ہو کہ میعہ ایک درخت کی تراوش ہے اور یہ درخت برصغیر میں نہیں ہوتا صرف عرب کے علاقے میں ہوتا ہے۔ میعہ کی تین اقسام ہیں پہلی مثل وہ ہے جو خود بخود مثل دوسری گوندوں کے میعہ کے درخت سے تراوش پاتا ہے اور خوشبودار ہوتا ہے، اس کا رنگ سفید مائل بزردی ہوتا ہے اور قوام اس کا شہد کی مانند ہوتا ہے، مزہ پھیکا ہوتا ہے اور یہی میعہ سائلہ اصلی ہے جو تمام روحانی عملیات میں استعمال ہوتا ہے، اس لیے جہاں بھی میعہ سائلہ درج ہو اسی کو استعمال کریں، کوئی اور چیز استعمال کر کے اپنا وقت اور پیسہ نہ برباد کریں۔ دوسری قسم وہ ہے جو اجزاء درخت کو نچوڑ کر حاصل کرتے ہیں، یہ مائل سرخی اور بہت گاڑھا ہوتا ہے، اس کو بھی میعہ سائلہ کہتے ہیں، یہ ادویات میں تو کام آسکتا ہے لیکن عملیات میں بے کار ہے۔ تیسری قسم اجزائے درخت کو پانی میں جوش دے کر مل کر صاف کر لیں، اس پانی کو یہاں تک پکاتے ہیں کہ جم جاتا ہے، یہ سیاہ رنگ اور بھاری ہوتا ہے، اس کا نام میعہ یابسہ ہے، اس کے علاوہ بھی کئی قسم کے مصنوعی میعہ تیار ہوتے ہیں یہ سب فضول اور بے کار ہیں، باقی آپ مختار ہیں جو میعہ چاہے استعمال کریں۔ ہمارے تجربہ اور علم کے مطابق جو میعہ قابل عمل ہے وہ ہم نے تحریر کر دیا ہے۔

یہ عمل ایک راز تھا جو طشت از بام کر دیا گیا ہے۔ اس عمل کی قدر و قیمت صرف وہی جان سکتا ہے جو یہ عمل خود کر لے گا، صرف ان اوراق کو پڑھ لینے والا اس عمل کی قدر کیا جانے، یہ ایک خزانہ ہے جو مفت میں آپ کو مل گیا ہے، اگر اس عمل میں آپ کو کوئی شک ہو تو عمل کر کے دیکھ لیں۔

جیسی کرنی ویسی بھرنی نہیں یقین تو کر کے دیکھ
جنت بھی ہے دوزخ بھی ہے نہیں یقین تو مر کے دیکھ

دفن شدہ جادو اور تعویذات کی جگہ معلوم کرنا

ماہر علوم مخفی حکیم غلام سرور شباب صاحب

جب کسی جگہ جادو تعویذات دفن ہوں اور آپ نکالنے کا ارادہ کریں تو ان آیات کو ایک تانبے کے کٹورے پر لکھیں اور اُس میں پانی ڈال دیں اور اوپر صاف رُومال رکھ دیں۔ اور پھر سات مرتبہ اُس پر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دَم کر دیں۔ پس وہ تانبے کا کٹورا چلنا شروع ہو جائے گا اور اُس جگہ پانی گرا دے گا جہاں جادو تعویذات دفن ہوں گے۔ اگر وہاں جادو نہ ہوگا تو واپس ہوگا اور پانی انڈیل دے گا۔ کٹورا میں لکھنے والی آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٣١﴾ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٢﴾ (الاحقاف:۲۱-۳۲)

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿٨٥﴾ وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾ (مریم:۸۵-۸۶)

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى ۭ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ۭ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَىِٕنَّ قَلْبِيْ ۭ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰي كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ۭ ﴿سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ: ۲۶۰﴾

اور عزیمت پڑھنے والی یہ ہے:

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ وَ لَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ اَيَّتُهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِيَّةُ وَالْمُلُوْكُ الْاَرْضِيَّةُ الظَّاهِرَةِ بِحَقِّ اللّٰهِ وَ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ وَبِعَظْمَةِ عَظْمَةِ اللّٰهِ وَ بِسُلْطَانِ اللّٰهِ وَ بِعِزِّ عِزِّ اللّٰهِ وَبِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ وَبِمَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدٍ خَيْرِ خَلْقِ اللّٰهِ وَ اِبْنِ عَبْدُ اللّٰهِ تَبَارَكَ اِسْمُ اللّٰهِ وَجَلَّ ثَنَاؤُهٗ وَجَلَّتْ قُدْرَتُهٗ۔"

آئینہ کے اندر مؤکلات کی حاضری

تیمر احمد صاحب (کراچی)

مؤکلات کو دیکھنے کے خواہشمندوں کے لیے ایک نایاب روحانی تحفہ

اگر کسی شخص کو آئینہ کے اندر مؤکلات کی حاضری کا شوق ہو تو وہ شخص اس عمل سے ضرور فائدہ اٹھائے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ نئے چاند سے سات یوم سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ کے، تین تسبیح (۳۰۰) ہر روز بعد نمازِ عشاء حاضرات کی نیت سے پڑھے۔ پھر ایک چھوٹا سا نیا آئینہ 6x6 لے کر اس کو سمندر کے پانی سے، جس میں جھاگ ہوتا ہے، تین بار دھولیں۔ یہ اس عمل کی شرط ہے۔ پھر ایک گول دائرہ "2 (۲ انچ) کا کاجل سے بنائیں۔

جب بھی حاضرات کی ضرورت پیش آئے تو وہ شخص سورۂ فاتحہ کو تین مرتبہ پڑھ کر اس گول سیاہ دائرہ کے اوپر دم کرے اور سیاہ دائرہ میں نظر جمائے۔ دیکھتے ہی دیکھتے وہ گول سیاہ دائرہ سفید ہوتا جائے گا۔ پھر عامل کو اس کے اندر مؤکلات نظر آئیں گے۔ عامل ان کو ادب سے سلام عرض کرے اور اپنے مسائل کا حل ان سے دریافت کرے۔ عامل عمل ختم کرنے کے بعد اس آئینہ کو سنبھال کر رکھے۔ کوئی بھی ناپاک شخص یا عورت اس آئینہ کو نہ چھوئے ورنہ آئینہ بیکار ہو جائے گا۔ زکوٰۃ کے بعد سورۂ فاتحہ کو گیارہ بار روزانہ لازمی پڑھنا ہے۔ دو دن سے زیادہ ناغہ ہو گیا تو عمل بیکار ہو جائے گا۔ پھر نئے سرے سے آئینہ تیار کرنا ہوگا۔

آپ کے روحانی مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

شوہر کی ملازمت کا مسئلہ

سوال آپ سے ایک مہینہ پہلے جادو سے نجات کا کورس منگوایا تھا اور آپ نے میرے شوہر کے لیے ایک وظیفہ دیا تھا، تین سو تیرہ (۳۱۳) بار سورۂ شعراء کی آیت ۶۲ پڑھنے کا۔ الحمدللہ، ایک دوسری فیکٹری سے میرے شوہر کو آفر آئی ہے۔ اور ان کے مزاج میں بھی بہت بہتری آ گئی ہے۔ اب گھر آ کر لڑتے نہیں ہیں۔ پہلے گھر آتے ہی طبیعت بھی خراب ہو جاتی تھی، اب الحمدللہ، ایسا نہیں ہے۔ کبھی کبھی طبیعت خراب ہوتی ہے۔ فیکٹری کے حالات بہت زیادہ خراب ہو گئے ہیں، اب میرے شوہر مزید وہاں کام نہیں کرنا چاہ رہے۔ جو آفر آئی ہے، وہ دوسرے شہر سے ہے۔ آپ بتا دیں کہ کیا وہیں جانا بہتر ہے۔ اور جادو کتنا ختم ہو گیا ہے؟ (س، فیصل آباد)

جواب الحمدللہ، آپ کو اللہ ﷻ نے نیا راستہ دکھایا ہے۔ بہتر ہے کہ آپ استخارہ کریں کہ اُس شہر میں جانا بہتر ہے کہ نہیں۔ روحانی مشورے کے لحاظ سے وہاں جانا بہتر ہے۔ باقی اللہ بہتر جانتے ہیں۔

آپ کے شوہر پر سے جادو 60% ختم ہو گیا ہے۔ علاج جاری رکھیں۔ جب کورس ختم ہو جائے تو پھر پتہ کریں۔ دوسرے کورس کی ضرورت نہیں ہے۔ مزید دو ہفتہ کا علاج اور دیا جائے گا۔ ان شاء اللہ، جادو ختم ہو جائے گا۔

..........*.....*.....*

ٹریکٹر کی ورکشاپ پر جادوئی اور آسیبی اثرات

سوال میں ٹریکٹر ٹھیک کرنے کا کام کرتا ہوں۔ تین چار ماہ سے ورکشاپ پر عجیب حالات ہو رہے ہیں۔ ٹریکٹر کی چھوٹی چھوٹی خرابیاں بہت مشکل سے ٹھیک ہو رہی ہیں۔ جو ٹریکٹر ٹھیک ہو کر جاتا ہے، بہت جلدی واپس وہی شکایت یا کوئی دوسری شکایت لیے واپس آ جاتا ہے۔ میرے گاہک بھی اب خراب ہونے لگے ہیں جب کہ میں بہت اچھا کام کرتا ہوں۔ ایمانداری اور محنت سے ٹھیک کرتا ہوں۔ میرا کام مشہور ہے، اس لیے دور دور سے لوگ ٹریکٹر ٹھیک کروانے آتے ہیں۔ میں بہت پریشان ہوں۔ میری ساکھ متاثر ہو رہی ہے۔ مہربانی فرما کر کچھ کریں۔ دیکھیں کیا معاملہ ہے۔ جو بھی وجہ ہے، اس کا کوئی حل نکالیں۔ آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔ (ا، بورے والا)

جواب آپ کی ورکشاپ پر جادو کے ذریعے آسیبی قوتوں کو مسلط کیا گیا ہے جس کی وجہ سے یہ سب حالات پیش آ رہے ہیں۔ آپ کو دو خاص تعویذ بھیج رہا ہوں۔ پندرہ دن کا ایک ہے۔ ایک تعویذ کو پانی میں بھگوئیں۔ رات بھر بھیگا رہنے دیں۔ پھر صبح و شام/رات اپنی پوری ورکشاپ پر اس کا چھڑکاؤ کریں۔ زمین پر بھی اور دیواروں اور کونوں میں بھی۔ ان شاء اللہ، یہ اثرات ختم ہو جائیں گے۔ صبح جب کھولیں، تب چھڑکیں۔ شام/رات کو جب بند کریں، تب چھڑکیں۔

چار تعویذ آپ کے لیے ہیں۔ ایک ہفتہ کا ایک ہے۔ پینا اور روزانہ غسل کرنا ہے۔ ساتھ ہی 60 تعویذ نمبر والے ہیں۔ ایک تعویذ کو صبح اٹھ کر جسم سے مل کر جلا دیں۔ دوسرے تعویذ کو رات سونے سے پہلے جسم سے مل کر جلا دیں۔ ان شاء اللہ، حالات بہتر ہو جائیں گے۔

بقیہ : کون سا تعویذ اور دم جائز ہے؟

یہ کسبی منازل میں سے نہیں ہے، یعنی اپنے عمل و کوشش سے یہ مرتبہ حاصل نہیں ہوتا بلکہ خاص اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہے۔

اور السکینۃ کا معنی ہے اطمینان و وقار اور وہ خاص سکون جس کو اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندہ کے دل میں اضطراب و خوف و پریشانی کے وقت ڈالتے ہیں۔

حاصل یہ کہ کسی بھی قسم کی پریشانی، غم و خوف و اضطراب و تنگی اگر پیش آئے تو ان آیات کی تلاوت کرنا سکون و اطمینان کے حصول کا مُجرب ذریعہ ہے۔ یہ آیات روزانہ تین مرتبہ یا پانچ یا سات مرتبہ پڑھے اور بہتر یہ ہے کہ کلمہ السکینۃ کو تین مرتبہ تکرار کے ساتھ پڑھے۔

کون سا تعویذ اور دم جائز ہے؟

تعویذ پر شرک کے فتوے لگانے والوں کے لیے خصوصی تحریر

مفتی نورالحق نورانی

سوال: کون سا تعویذ و دم منع ہے اور کون سا جائز ہے؟ ذرا وقت نکال کر شرک کے فتوے لگانے والے ضرور پڑھیں۔

جواب: تعویذ کی لغوی معنی ''حفاظت کی دعا کرنا'' ہے (مصباح اللغات :۵۸۳)۔ فعل کے حساب سے (عربی میں) مادہ عوذ کے تحت عَوَّذَ تَعْوِیْذًا وِأَعَاذَ باب تفعیل کے وزن سے تعویذ بنتا ہے۔ (المنجد: ۵۹۳) دوسرے لفظوں میں آپ اسے اسم کے حساب سے ''تحریری دعا'' کہہ لیجیے۔ جس طرح زبانی دعا کی قبولیت و اثر پذیری اللہ تعالیٰ کی مرضی پر موقوف ہے، ٹھیک اسی طرح قرآن کی آیات پر مشتمل تعویذ یعنی ''تحریری دعا'' کے اثرات و فوائد بھی اللہ تعالیٰ کی مشیت و مرضی پر ہی منحصر ہیں۔ مثلاً: حدیثِ بخاری و مسلم میں ہے کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر لبید بن اعصم یہودی کے کیے ہوئے سحر (جادو) کے اثرات ختم کرنے کے لیے وحی الٰہی کی ہدایت پر آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) پر معوذتین یعنی سورہ الفلق اور سورہ الناس کا تلاوت کرنا (تفسیر ابن عباس)، صحابی رسول حضرت ابوسعید خدری (رضی اللہ عنہ) سے مروی وہ حدیث جس میں انہوں ایک سفر میں سورۃ الفاتحہ پڑھ کر دم کرنے کے عمل سے سانپ کے کاٹے ہوئے ایک مریض کا علاج کیا تھا اور وہ تندرست ہو گیا تھا اور بعد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سارا واقعہ سن کر سورۃ الفاتحہ کی اس تاثیر کی تصدیق فرمائی تھی۔

التميمة : وهي خرزات كانت العرب تعلقها على أولادهم , يتقون بها العين فى زعمهم (النهاية لابن الأثير: ج۱، ص۱۹۷)

تمیمۃ: یہ خرزات (پتھر، منکے اور کوڑیوں کی مالا) کو کہتے ہیں جنہیں (زمانہ جاہلیت میں) عرب لوگ (مؤثر بالذات سمجھ کر) بچوں کو اس کے ذریعہ سے نظرِ بد سے بچانے کے زعم (عقیدہ و نظریہ) سے پہناتے تھے۔

نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) کی زوجہ محترمہ حضرت عائشہ (رضی اللہ عنہا) فرماتی ہیں کہ: لَيْسَتِ التَّمِيْمَةُ مَا تَعَلَّقَ بِهِ بَعْدَ الْبَلَاءِ إِنَّمَا التَّمِيْمَةُ مَا تَعَلَّقَ بِهِ قَبْلَ الْبَلَاءِ، ''تمیمہ وہ نہیں جو بلاء (مرض) کے بعد لٹکایا جائے، تمیمہ تو وہ ہے جو بلاء سے پہلے لٹکایا جائے''۔

(المستدرک للحاکم: ۴/۲۱۷، الترغیب: ج۵ ص۲۷، طحاوی: ۲/۳۶۰، البیہقی: ۹/۳۵۱)

امام بغوی فرماتے ہیں: اَلتَّمَائِمُ جَمْعُ تَمِيْمَةٍ وَ هِيَ خَرَزَاتٌ كَانَتِ الْعَرَبُ تُعَلِّقُهَا عَلَى اَوْلَادِهِمْ يَتَّقُوْنَ بِهَا الْعَيْنَ بِزَعْمِهِمْ فَاَبْطَلَهَا الشَّرْعُ۔ شرح السنۃ (۱۲/۱۵۸)

''تمائم، تمیمہ کی جمع ہے، اور یہ گھونگے ہیں جنھیں عرب اپنے گمان میں اپنی اولاد کو نظرِ بد وغیرہ سے بچانے کے لیے پہناتے تھے، شریعت نے انھیں باطل قرار دیا ہے''۔

علامہ ناصر البانی نے لکھا: ''اور اسی قسم سے بعض لوگوں کا گھر کے دروازے پر جوتا لٹکانا، یا مکان کے اگلے حصے پر، یا بعض ڈرائیوروں کا گاڑی کے آگے، یا پیچھے جوتے لٹکانا، یا گاڑی کے اگلے شیشے پر ڈرائیور کے سامنے نیلے رنگ کے منکے لٹکانا بھی ہے، یہ سب ان کے زعم باطل کے مطابق نظر بد سے بچاؤ کی وجہ سے ہے''۔ السلسلۃ الصحیحۃ (۱/۶۵۰)

چونکہ تمیمہ بھی (پناہ حاصل کرنے کے لیے) گلے میں لٹکایا جاتا، تو اسے بھی تعویذ کہا جانے لگا، جبکہ تعویذ میں اسماء اللہ تعالیٰ یا ادعیہ ماثورہ ہوں اور اس کو موثر حقیقی نہ سمجھا جاتا ہو (صرف اللہ کو موثر حقیقی مانتے ہوئے بطور سبب کے تعویذ اختیار کیا جاتا ہو) تو اس قسم کے تعویذ کو بھی شرک قرار دینا تحکم و زیادتی ہے۔ اس لیے کہ اس قسم کے تعویذ کے لینے دینے اور استعمال کی اجازت کتب حدیث سے ملتی ہے۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو، مرقات شرح المشکاۃ، ص: ۳۲۱ و ۳۲۲، ج۸، الترغیب والترہیب، ج۵ ص۲۷۱، ابوداؤد شریف، ج۲، ص۹۲ وغیرہا)۔ لہٰذا بعض لوگوں کا تعویذ

پہننے کو مطلقاً شرک قرار دینا غلط ہے۔

جہاں تک ان احادیث کا تعلق ہے جس میں آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے تعویذ لٹکانے سے منع فرمایا ہے تو یہ اس صورت پر محمول ہیں،

۱) جس میں شرکیہ وکفریہ کلمات لکھے ہوں۔

۲) یا تعویذ کو موثر بالذات (ذاتی طور اثر رکھنے والا)، نافع (نفع دینے والا) اور ضار (نقصان دینے والا) سمجھا جائے، جیسا کہ لوگ زمانۂ جاہلیت میں اعتقاد رکھتے تھے۔

لیکن اگر اسمائے حسنیٰ اور دیگر آیاتِ قرآنیہ وادعیہ ماثورہ لکھ کر لٹکایا جائے تو اس میں مضائقہ نہیں۔

فتاویٰ علماء: حدیث ج۱۰، ص۸۲، کتاب الایمان والعقائد: کچھ شک نہیں کہ نفس دم (رقیہ) یعنی ذات دم کی یا ذات تعویذ یا ذات عمل حب (تولہ) کی نہیں بلکہ ان کی بعض قسمیں شرک ہیں اور اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم ان منتروں کو پڑھ کر مجھ کو سناؤ جب تک ان میں شرک نہ ہو میں کوئی حرج نہیں دیکھتا''۔[صحیح مسلم، کِتَاب السَّلَامِ، بَاب لَا بَأْسَ بِالرُّقَى مَالَمْ يَكُنْ فِيهِ شِرْكٌ...رقم الحدیث:4086]

فتاویٰ ثانیہ: ج۱، ص۳۳۹، باب اول: عقائد ومہمات دین: مسئلہ تعویذ میں اختلاف ہے۔ راجح یہ ہے کہ آیات یا کلمات صحیحہ دعائیہ جو ثابت ہوں، ان کا تعویذ بنانا جائز ہے۔ ہندو ہو یا مسلمان، صحابہ کرامؓ نے ایک کافر بیمار پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کیا تھا۔

عن جابر رضی الله عنه السئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن النشرة فقال هو من عمل الشيطان رواه أبوداوٗد قال العلى القارى فى المرقاة النوع الذى كان من أهل الجاهلية يعالجون به ويعتقدون فيه وأما ما كان من الآيات القرآن والأسماء والصفات الربانية والدعوات والماثورة النبوية فلا بأس بل يستحب سواء كان تعويذًا أورقية أونشرة (مرقاۃ: ج۸ ص۳۶۱)

علاج بالقرآن پر اجماع ہے: دیکھئے بخاری شریف کے حاشیہ پر (حاشیۃ بخاری: ۱/۳۰۴) لکھا ہے: **فيه جواز الرقية وبه قالت الأئمة الأربعة** یعنی رقیہ کے جواز پر ائمہ اربعہ قائل ہیں۔

امام بخاریؒ کے شیخ الحدیث امام ابوبکر بن ابی شیبہؒ کی کتاب المصنف کے باب: جس نے اجازت دی تعویذ لٹکانے کے بیان میں کی احادیث ملاحظہ ہوں:

حضرت مجاہدؒ بچوں کے لئے تعویذ لکھتے تھے، پھر وہ ان پر اسے لٹکاتے تھے۔

۲۳۸۹۳- .....حضرت جعفر اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ تعویذاتِ قرآنیہ کو چمڑے میں ڈال کر گلے وغیرہ میں لٹکانے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

۲۳۸۹۴- .....حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے والد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی نیند میں ڈر جائے تو یہ دعا پڑھے أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ فَإِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهُ وَكَانَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ يُلَقِّنُهَا مَنْ بَلَغَ مِنْ وَلَدِهِ وَمَنْ لَمْ يَبْلُغْ مِنْهُمْ كَتَبَهَا فِي صَكٍّ ثُمَّ عَلَّقَهَا فِي عُنُقِهِ (یعنی۔ میں اللہ کے غضب، عقاب، اس کے بندوں کے فساد، شیطانی وساوس اور ان (شیطانوں) کے ہمارے پاس آنے سے اللہ کے پورے کلمات کی پناہ مانگتا ہوں)۔ اگر وہ یہ دعا پڑھے گا تو وہ خواب اسے ضرر نہیں پہنچا سکے گا۔ عبدالرحمن بن عمرو یہ دعا اپنے بالغ بچوں کو سکھایا کرتے تھے اور نابالغ بچوں کے لیے لکھ کر ان کے گلے میں ڈال دیا کرتے تھے۔

[جامع ترمذی: جلد دوم: حدیث نمبر 1479 (29413) دعاؤں کا بیان؛ سنن ابوداؤد: جلد سوم: حدیث نمبر 503 (18572) - طب کا بیان: تعویذ کیسے کیے جائیں]

۲۳۸۹۵- .....حضرت ابن سیرینؒ تعویذاتِ قرآنیہ میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

۲۳۸۹۶ - .....حضرت ایوبؒ نے حضرت عبیداللہ بن عبداللہ بن عمرؓ کے بازو میں ایک دھاگہ دیکھا۔

۲۳۸۹۷ - .....حضرت عطاءؒ نے فرمایا: نہیں ہے کوئی حرج کہ (گلے میں) لٹکایا جائے۔

۲۳۸۹۸ - .....یونس بن حباب سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت ابو جعفرؒ سے سوال کیا گیا تعویذات بچوں پر لٹکانے کے بارے میں؟ تو انہوں نے رخصت (اجازت) دی اس میں۔

حضرت ابن عباسؓ سے منقول ہے کہ نبی پاک ﷺ حضرات حسنؓ حسینؓ کا استعاذہ (تعویذ) ان کلمات سے کرتے:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ۔

ترجمہ: ''میں پناہ چاہتا ہوں اللہ کے کلمات تامہ سے ہر شیطان کی برائی سے اور تکلیف دینے والی چیز سے اور نظر لگنے کی برائی سے''۔

(ترمذی: ۲/ ۲۷، حصن: ۲۷۳)

آپ ﷺ انہیں کلمات کو پڑھ کر دم کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ حضرت ابراہیمؑ و اسماعیلؑ اور اسحاقؑ انہیں کلمات سے تعویذ کرتے تھے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ (بخاری: ۲/ ۴۷۷)

اگر جانور سرکش ہو جائے (یا گاڑی وغیرہ) پریشان کرے

حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ جب کسی کا جانور پریشان کرے مثلاً (دودھ نہ دے، پیر مارے وغیرہ) تو یہ آیت اس کے کان میں پڑھے:

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ: ۸۳﴾

ترجمہ: ''اب کیا یہ لوگ اللہ کے دین کے علاوہ کسی اور دین کی تلاش میں ہیں؛ حالانکہ آسمانوں اور زمین میں جتنی مخلوقات ہیں ان سب نے اللہ ہی کے آگے گردن جھکا رکھی ہے (کچھ نے) خوشی سے اور (کچھ نے) ناچار ہو کر اور اسی کی طرف سب لوٹ کر جائیں گے''۔

فائدہ: جانوروں کو نرم اور مطیع کرنے کے لئے یہ دعا بہت مؤثر ہے۔ دودھ میں بھی زیادتی ہوتی ہے۔ تعویذ بنا کر گلے میں بھی باندھا جا سکتا ہے۔ ایسے ہی اگر گاڑی وغیرہ خراب ہو جائے اس سے پریشان ہو جائے تو یہ دعا پڑھے۔ (الاتقان: ۲/ ۲۱۰، اذکار نووی: ۱۹۲)

حافظ ابن القیمؒ نے اپنی کتاب (زاد المعاد: ۳/ ۵۷۲) میں نقل کیا ہے کہ امام المروزیؒ نے فرمایا کہ اَبا عبداللہ [یعنی امام اَحمد بن حنبل] کو یہ خبر پہنچی کہ مجھے بخار ہے تو انہوں نے میرے لیے بخار کے علاج کا ایک تعویذ لکھا، جس میں یہ لکھا ہوا تھا: بسم الله الرحمن الرحيم بِاسْمِ اللهِ وَبِاللهِ، وَمُحَمَّدٌ رَسُوْلُ الله قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ اللّٰهُمَّ رَبَّ جبرئيلَ وَمِيكائيلَ وَإسرافيلَ اِشفِ صاحبَ هَذا الكتابِ بِحَولكَ وَقُوَّتِكَ وَجَبَرُوتِكَ إِلٰهَ الخلقِ. آمين

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ سے جب کسی بلاء (بیماری وغیرہ) آنے کے بعد تعویذات لٹکانے کے بارے پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا (أرجو أن لا يكون به بأس) میں یہ امید کرتا ہوں کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے، اور امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ بخار وغیرہ امراض میں تعویذ لکھتے تھے۔

وقال أحمد وقد سئل عن التمائم تعلق بعد نزول البلاء؟ قال: أرجو أن لا يكون به بأس. قال الخلال: وحدثنا عبد الله بن أحمد، قال: رأيت أبي يكتب التعويذ للذي يفزع، وللحمى بعد وقوع البلاء.

زاد المعاد فی هدی خير العباد، فصل الطب النبوی

یاد رہے کہ قرآنی آیات کو لکھ کر پانی کے ساتھ دھو کر مریض کو پلانا اور اس کا تعویذ بنانا سلف کے یہاں مشہور و معروف ہے، یعنی قرآنی آیات یا ادعیہ ماثورہ یا اللہ تعالیٰ کے اسماء مبارکہ وغیرہ پر مبنی تعویذ ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ کوئی شرکیہ کلام یا غیر معروف کلام نہ ہو جیسا کہ جادوگر اور نجومی وغیرہ لوگ لکھتے ہیں۔

علامہ ابن تیمیہؒ نے لکھا: کسی بھی مصیبت زدہ مریض وغیرہ کیلئے مباح

سیاہی کے ساتھ قرآن مجید سے کچھ لکھنا اور اس کو پانی سے دھو کر اس کو پلانا جائز ہے جیسا کہ امام احمد بن حنبل وغیرہ نے اس کے جواز کی تصریح کی ہے۔

ویجوز أن یکتب للمصاب وغیرہ من المرضی شیئاً من کتاب اللہ وذکرہ بالمداد المباح ویغسل ویسقی، کما نص علی ذلک أحمد وغیرہ، الخ

مجموع الفتاوی لابن تیمیۃ رحمہ اللہ (19/64)

دانت کی درد کا علاج قرآن مجید کے ساتھ

جس دانت میں درد ہو اس کے قریب گال پر یہ لکھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم، قل ھو الذی أنشأکم وَجَعَلَ لکمُ السمعَ وَالأبصارَ وَالأفئدۃَ قلیلاً ما تشکرون، الملک:23]

اور یہ بھی لکھ سکتا ہے وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ [ال أنعام:13]۔

حافظ ابن القیمؒ نے اپنی کتاب (الطب النبوی) میں یہی تصریح کی ہے۔ یاد رہے کہ یہ ایک مجرب قرآنی دعا ہے۔ لہٰذا اس کو یاد رکھنا چاہیے۔

کتاب لوجع الضرس..... یکتب علی الخد الذی یلی الوجع باسم اللہ الرحمن الرحیم { قُلْ هُوَ الَّذِي أَنْشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ۖ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ} [الملک:23]

وإن شاء کتب، ولہ ما سکن فی اللیل والنہار وہو السمیع العلیم [ال أنعام:13]

[منقول من کتاب الطب النبوی لابن قیم الجوزیۃ]

آیات السکینۃ کی تلاوت دل کے سکون واطمینان کی دوا

حافظ ابن القیمؒ اپنی کتاب (مدارج السالکین منزلۃ السکینۃ 2/502) میں لکھا ''اللہ سبحانہ وتعالی نے السکینۃ کا (لفظ) اپنی کتاب میں چھ (۶) جگہ ذکر کیا ہے،

• أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

1• وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ آيَةَ مُلْكِهِ أَن يَأْتِيَكُمُ التَّابُوتُ فِيهِ سَكِينَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ آلُ مُوسَى وَآلُ هَارُونَ تَحْمِلُهُ الْمَلَائِكَةُ، إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (248) البقرۃ.

2• ثُمَّ أَنزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَنزَلَ جُنُودًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِينَ كَفَرُوا، وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ (26) التوبۃ.

3• إِلَّا تَنصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللَّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ مَعَنَا، فَأَنزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ وَأَيَّدَهُ بِجُنُودٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِينَ كَفَرُوا السُّفْلَىٰ، وَكَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ الْعُلْيَا، وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ (40) التوبۃ.

4• هُوَ الَّذِي أَنزَلَ السَّكِينَةَ فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ لِيَزْدَادُوا إِيمَانًا مَّعَ إِيمَانِهِمْ، وَلِلَّهِ جُنُودُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا (4) الفتح.

5• لَّقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا (18) الفتح.

6• إِذْ جَعَلَ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَأَنزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوَىٰ وَكَانُوا أَحَقَّ بِهَا وَأَهْلَهَا وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا (الفتح:26)

حافظ ابن القیمؒ نے لکھا کہ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ کو جب مشکل اور سختی والے امور پیش آتے تو آپ آیات السکینۃ پڑھتے تھے۔

حافظ ابن القیمؒ نے مزید لکھا: میں نے بھی دل کے اضطراب و پریشانی میں ان آیات کو آزمایا ہے اور میں نے دل کے سکون واطمینان میں ان آیات کی ایک عظیم تاثیر دیکھی ہے۔

ابن القیمؒ السکینۃ نے اس کی شرح میں لکھا: یہ منزلۃ ومرتبہ خاص اللہ تعالی کی طرف سے عطا کی ہوئی منازل ومراتب میں ہے۔ (بقیہ ص 26)

روحانی مریضوں کی بے اعتدالیاں اور معالج کا لائحہ عمل

مولانا علی آفاق (مدیر خزینہ روحانیات)

روحانی مریض، روحانی مسائل کا شکار سائلین مختلف قسم کے سوالات اور متفرق طریقوں سے اظہار ماضی الضمیر کرتے ہیں۔ ان کی اقسام اور تعداد اتنی زیادہ ہیں کہ ان کو تفصیل سے بیان کرنا، وضاحت کرنا اور اس کا علاج پیش کرنا ایک ضخیم کتاب یا تحریر کا متقاضی ہے۔

اس مختصر مضمون میں چند اہم باتوں اور ان باتوں کے تناظر میں مریض کے لیے لائحہ عمل پیش کرنے کی کوشش کروں گا۔

مریضوں کی مختلف اقسام میں (۱) معمولی روحانی مریض (۲) متوسط روحانی مریض (۳) سخت روحانی مریض (۴) روحانی +نفسیاتی مریض (۵) روحانی +نفسیاتی +جسمانی مریض (۶) روحانی +جسمانی مریض۔ ان اقسام کو حتمی اور آخری اقسام قرار نہیں دیا جاسکتا کیونکہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ اقسام کی اتنی تفصیل ہے کہ یہ مضمون اس کے احاطے سے قاصر ہے۔

بطور روحانی معالج، ہمارا تعلق اور واسطہ براہِ راست روحانی علامات سے ہوتا ہے۔ الحمدللہ ہمارے ادارے میں ابتدائی درجہ تشخیص میں یہ بات سکھائی اور سمجھائی جاتی ہے کہ کپڑے کی تشخیص، مکان کی تشخیص اور روحانی طریقہ پر یعنی غائبانہ طریقے پر تشخیص میں مریض یا اس کے لواحقین کو واضح طور پر یہ بتادیں کہ یہ مریض جس کی تشخیص ہو رہی ہے، یہ جسمانی طور پر کتنا متاثر ہے؟ نفسیاتی طور پر کتنا متاثر ہے؟ اور روحانی طور پر معالج کو اس کے لیے کیا لائحہ عمل اختیار کرنا ہے؟ مریض یا اس کے لواحقین کو وضاحت اور صراحت سے بتادینے سے کہ آپ کو نفسیاتی اور جسمانی علاج بھی کروانا ہوگا، روحانی معالج کی اخلاقاً اہم ذمہ داری ہے اور بعد کی پریشانی سے بھی وہ بچ سکتا ہے کیونکہ روحانی معالج مریض کی تشخیص اور چند ہفتے یا مخصوص اور متعین ایام کے علاج کے بعد مریض کو فارغ کر دیتا ہے۔ مگر مریض سر درد، معدہ اور اسی طرح جوڑوں کے درد سمیت دیگر علامات کی تکالیف کا اظہار کرتا ہے۔ ان علامات اور تشخیص کو، اگر مریض یا اس کے لواحقین کو پہلے بتادیا جائے تو معمولی دوا اور مناسب سے علاج سے یہ ساری علامات بہت جلد ختم ہو جاتی ہیں۔ معالج اور مریض کا قیمتی وقت بچ جاتا ہے۔ معالج کے حصے میں بدنامی نہیں آتی۔ مریض کو مناسب اور جلد شفاء کا حصول ممکن ہو جاتا ہے۔ ایسا مریض معالج کے لیے نیک نامی کے ساتھ ساتھ مریضوں کے لیے حوالے کا کام دیتا ہے۔

اگر یہ سب کچھ طریقہ کار اختیار نہ کیا جائے تو مریض آ کر یہ طعنہ دیتا ہے کہ میرا سر درد نہیں گیا۔ میرے جوڑوں کے درد ختم نہیں ہو سکے۔ میرا معدہ تندرست کرنے میں آپ ناکام رہے۔ میرے اندر کا خوف ختم نہ ہو سکا۔ اور ذہنی سکون اور اطمینان قلب کی کیفیت حاصل نہ ہو سکی۔

یہ اور اس طرح کی بے شمار علامات ایسی ہیں جن سے چھٹکارے کے لیے معمولی سی ہومیو دوائی یا کسی اچھے ماہر نفسیات کی چند ملاقاتیں مریض کے لیے شفاء بخش ثابت ہو سکتی ہیں۔ اس لیے میری اپنے تمام روحانی معالجین دوستوں سے گزارش ہے کہ مریض کی کپڑوں والی تشخیص کریں اور اگر ادارہ سے تسبیح والے طریقے کی تشخیص حاصل کرلیں تو سونے پر سہاگہ ہے کہ اس میں آپ اپنے جنات و مؤکلات سے وضاحت اور صراحت کے ساتھ مریض کی نفسیاتی، جسمانی اور روحانی علامات کا پوچھ سکتے ہیں۔ اور ساتھ ہی اندازے کے طور پر طریقہ علاج اور علاج کا دورانیہ بھی معلوم کیا جاسکتا ہے۔ ساتھ ہی کون سا عمل کتنی تعداد میں مریض کے لئے استعمال میں لایا جائے؟ یہ گُر کی بات معلوم کی جاسکتی ہے۔ لہٰذا مریض کو پہلے دن ہی بتادیں کہ بھائی! تم اتنے روحانی، اتنے جسمانی اور اتنے نفسیاتی مسائل کا شکار ہو۔ یہ کیفیت اور یہ ساری تفصیلات عموماً ایسے مریضوں کے ساتھ پیش آتی ہیں جو پرانے مریض ہوں اور بے شمار عاملین سے علاج کروا کر مایوسی کا شکار ہو گئے ہوں۔

قرآنی علاج کی آڈیو (سی ڈی)

جادو، جنات، نظر بد، بندش، شیطانی اثرات، ٹینشن اور مہلک جسمانی امراض سے دائمی نجات پانے کے لیے بار بار سُن کر شفاء پائیں۔ قیمت: **80** روپے

روحانی اگربتی برائے حصول برکت

دکان، کاروبار، فیکٹری اور گھر میں حصول برکت کیلئے اور بے برکتی دور کرنے والی لاجواب اگربتی۔ اعلیٰ کوالٹی اگربتیاں فی پیکٹ: **200** روپے

چھپے چھپائے قرآنی ونورانی تعویذات

جادو، جنات، نظر بد، آسیب، برائے ہر مقصد، بچوں کی حفاظت، بداثرات، بندش اور نحوست وغیرہ سے بچاؤ کیلئے بزرگان دین کے مجرب نقوش جو سینہ بہ سینہ چلے آرہے ہیں۔ نہایت مناسب قیمت پر دستیاب ہیں۔

فی کاپی (100 تعویذات)

روحانی تیل (1) برائے دفع جادو/جنات

قیمت: **100** روپے

☆ جادو/جنات کے دورہ والے مریضوں کیلئے پیام شفا ہے ☆ جادو/جنات کے اثرات کو جسم سے چُن چُن کر ختم کرتا ہے اور جسم میں پیدا ہونے والی بے چینی کا خاتمہ کرتا ہے ☆ تھکاوٹ سے چور بدن کو آرام پہنچاتا ہے اور بخار کی سی کیفیت کو ختم کرتا ہے۔

روحانی اگربتی برائے دفع جنات، جادو وہر قسم بداثرات

جادو، جنات، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی و بے چینی، لڑائی جھگڑے، مسلسل ناکامیوں اور اسی طرح کے دیگر معاملات میں روحانی اگربتی کا استعمال عجیب کرشمات دکھاتا ہے۔ قیمت فی پیکٹ: **150** روپے (30 اگربتیاں)

فتح نامہ

شرف زہرہ میں تیار کیا گیا خاص تعویذ جو کہ مقابلے بازی، مقدمہ بازی، امتحان میں کامیابی، لڑائی، جنگ اور دشمنی میں فریق مخالف پر فتح پانے میں سریع التاثیر ہے۔ ہدیہ: **2100** روپے

عطر تسخیر



شائقین تسخیرات کیلئے زبردست تحفہ۔ تالیف قلوب، سنگدل محبوب کی تسخیر، دائمی دوستی ومحبت پیدا کرنا، گاہکوں میں اضافہ، من پسند رشتے کا حصول، محبت زوجین، رجوع خلقت، تسخیر خلق اور رشتوں میں استحکام کے لیے "عطر تسخیر"۔

قیمت: **200** روپے

اللہ اکسیر عمل قرآنی



اللہ جل جلالہٗ کے غیبی خزانوں میں سے ایک خاص خزانہ۔ یہ عمل جائز مقصد کے حصول اور ہر طرح کی پریشانیوں سے نجات کے لیے اکسیر ہے۔

قیمت کتاب: **30** روپے

العارفی شہد



سارا سال گھر بیٹھے بالکل خالص شہد کی مختلف ورائٹیز منگوائیں اور ہر قسم کے موذی امراض سے یقینی شفاء پائیں۔ مناسب قیمت اعلیٰ معیار۔

شیطان وآسیب کو کمزور اور بھگانے کا خاص قرآنی عمل

دنیا کے کسی بھی کونے میں بیٹھ کر متاثرہ مریض کو یہ دم کرنے سے مسلط شیاطین اور آسیب کمزور ہو کر بھاگنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

قیمت دونوں کی: **50+50** روپے

العارفی عطورات

عملیات اور چلہ کشی میں استعمال ہونے والے عربی و دیسی ہندی عطورات کے علاوہ فرنچ عطورات نیز شمامہ، عود، عنبر، گلاب، چنبیلی، موتیا اور مختلف مشہور کمپنیوں کے پیک عطریات براہ راست طلب فرمائیں۔

روحانی دکان، دارالعمل چشتیہ، لاہور
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop
ruhanishop@gmail.com

تین دن میں بے شمار اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

ہر سال کی طرح امسال بھی ۶/۷/۸ صفر المظفر ۱۴۳۸ھ کو سالانہ روحانی اجتماع منعقد ہوگا (ان شاء اللہ)، جس میں بے شمار اعمال کی صرف تین ہی دنوں میں ریاضتیں کروائی جائیں گی۔ تین دن میں جو ریاضت کروائی جاتی ہے، وہ چالیس دن والی ریاضت کے برابر نہیں ہوسکتی۔ لیکن ان تین دنوں میں کیے جانے والے اعمال سے ایک سال تک بھرپور فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔

ان اعمال میں فیس والے اور بغیر فیس والے اعمال ہوں گے۔ بغیر فیس والے چند اعمال کے مختصر خواص درج ذیل ہیں:

عوام کیلئے بغیر فیس والے اعمال

دعائے حزب البحر

ہر پریشانی سے نجات اور حاجات پوری ہونے کا خاص عمل۔ خصوصاً غنائے ظاہری و باطنی، فراخی رزق، سلبِ اعمال سے حفاظت کیلئے۔

دعائے حزب النصر

دشمنوں میں انتشار پیدا کرنے اور ان سے نجات کیلئے۔

سورۃ فاتحہ

ہر طرح کی بیماری سے نجات اور مرادیں پانے کیلئے۔

آیت الکرسی (درجہ اول)

آسیب، جنات و شیاطین سے نجات اور حفاظت کیلئے۔

معوذتین (درجہ اول)

ہر طرح کے جادو سے نجات کیلئے۔

سورۃ ناس (خاص طریقہ)

شیاطین اور جنات سے نجات اور مختلف بیماریوں سے شفایابی کیلئے۔

حصار (بنیادی)

جادو، جنات اور شیاطین سے حفاظت کیلئے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (بنیادی عمل)

حصولِ برکت اور ہر کام میں آسانی کیلئے۔

آیت کریمہ (بنیادی عمل)

ہر طرح کی پریشانی سے نجات کیلئے۔

سلام قولاً من رب رحیم (بنیادی عمل)

ہر طرح کی پریشانی سے نجات اور حصولِ مرادات کیلئے۔

نظرِ بد ختم کرنے کا عمل (درجہ اول)

انسانی نظرِ بد کو ختم کرنے کا مجرب عمل۔

عمل زبان بندی

مخالف کی زبان بند کرنے کیلئے۔

عمل فراخی رزق

رزق کو بڑھانے کا خاص عمل۔

عملِ حفاظت "یا حافظ یا حفیظ"

ہر طرح کے مصائب اور آفات سے حفاظت کیلئے۔ خواتین کیلئے خاص عمل ہے جو وہ شرعاً ناغے کے دنوں میں بھی کرسکتی ہیں۔

عملِ محبت "یا لطیف یا ودود"

محبت کے بے مثال عمل۔ محرموں کے درمیان محبت اور نافرمان بیوی، اولاد، نوکر وغیرہ کو فرمانبردار کرنے کیلئے۔

درود ابراہیمی

روحانیت میں اضافے اور تمام اعمال میں کامیابی کیلئے۔

درود تنجینا

تمام مصائب، مشکلات سے چھٹکارے، غیبی حفاظت کیلئے۔

علمائے کرام کیلئے بغیر فیس والے اعمال

آیت الکرسی (درجہ دوم)

آسیب، جنات وشیاطین سے نجات اور حفاظت کیلئے۔

معوذتین (درجہ دوم)

ہر طرح کے جادو سے نجات کیلئے۔

منزل (درجہ دوم)

مختلف اقسام کی بیماریوں سے نجات اور جادو، جنات وشیاطین سے حفاظت کیلئے۔

نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم)

انسانی نظرِ بد کو ختم کرنے کا مجرب عمل۔

قصیدہ طرطبی

اللہ ﷻ کے ناموں پر مشتمل ولی کامل حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی نور اللہ مرقدہٗ کا خاص عمل جو دینی اور دنیوی ہر طرح کی مشکل، مصیبت اور آفات کو دور کرنے اور ہر جائز حاجت پورا ہونے کیلئے مجرب ہے۔

قصیدہ حسنی

رسولِ کریم ﷺ کے ناموں پر مشتمل ولی کامل حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی نور اللہ مرقدہٗ کا خاص عمل جو دینی اور دنیوی ہر طرح کی مشکل، مصیبت اور آفات کو دور کرنے اور ہر جائز حاجت پورا ہونے کیلئے مجرب ہے۔

اسم ذات کا خاص عمل

روحانی ترقی، حصولِ کشف، صفائی باطن کیلئے۔

عمل تہدیدی نامہ مبارک

جنات کے متاثرہ مریضوں اور جگہوں کا علاج کرنے والے عاملین کیلئے ایک بہت مضبوط روحانی ہتھیار۔

جادو اور جنات کا علاج اور ان سے حفاظت کا خاص رقیہ

ہر طرح کے جادو اور جنات وشیاطین کے علاج اور ان سے حفاظت کا خاص عمل جو قرآنی آیات اور احادیث کی دعاؤں پر مشتمل ہے۔

اعمال کرنے کی شرائط و ہدایات

عمل کرنے کیلئے درج ذیل شرائط پوری کرنا لازمی ہیں۔

** اجازت کیلئے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن، جس پر ''تین یوم کے اعمال کی اجازت'' لکھا ہے، وہ ارسال کرنا لازمی ہے۔

** پاکستان سے باہر والے، رسالے کو ڈاؤنلوڈ کریں اور آخری صفحے کو پرنٹ کر کے کوپن پُر کریں اور اس کی تصویر وٹس ایپ کریں یا ای میل کریں۔

** روحانی درسگاہ کے طالب علموں کو بھی کوپن ارسال کرنا ضروری ہے۔

** اعمال کیلئے ہمارے اجتماع میں آنا لازمی نہیں۔ ہر کوئی اپنی جگہ پر اجازت لے کر عمل کر سکتا ہے۔ مسجد میں تین دن کا اعتکاف کرنا اور روزہ رکھنا ضروری ہے۔ جو یہ شرط پوری نہیں کر سکتے، وہ رابطہ نہ فرمائیں۔

** خواتین گھروں میں تین دن روزہ اور اعتکاف کر کے عمل کر سکتی ہیں۔

** کوشش کریں کہ جلد اجازت لے لی جائے تاکہ عین وقت پر کوئی مسئلہ نہ ہو۔ اس لیے اگست کے شمارے میں کوپن دیا گیا ہے۔

** ایک وقت میں کتنے عمل کیے جا سکتے ہیں؟ اس کا فیصلہ روحانی درسگاہ کے ناظم یا نائب ناظم کریں گے۔ وہ عمل کرنے والے کے لحاظ سے جواب دیں گے۔ سب کی ایک جیسی روحانی طاقت نہیں ہوتی۔ بعض لوگ ایک ہی وقت میں زیادہ عمل کر سکتے ہیں بعض لوگ دو تین سے زیادہ نہیں کر سکتے۔

نوٹ: ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے ممبران اور روحانی درسگاہ کے طالب علموں کیلئے بھی بغیر فیس والے اعمال ہیں۔ ان اعمال کی معلومات اور فیس والے اعمال کی معلومات کیلئے ستمبر 2016 کا شمارہ ملاحظہ فرمائیں۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

ناظم: 0346-4661681، نائب ناظم: 0345-4661681

دفتر: 0343-7772772, 042-35410586

۱) اللہ اسماء الحسنیٰ (نئی کتاب)

مصنف: اشفاق میمن عام قیمت: 250 روپے

قرآن سے حوالہ جات ☆ حدیث نبوی ﷺ ☆ اسماء الحسنیٰ اور صفات ☆ جب دعا قبول ہوتی ہے ☆ اللہ کے اسماء اور صفات کے وسیلہ سے دعا ☆ اختتام اور لامحدود مرحلے ☆ الوہی اسماء ☆ 99 اسماء کی مقبول عام فہرست کی روایت اور تاریخ ☆ اللہ کی عملداری کا مشاہدہ کرنا ☆ اللہ کے اسماء حسنیٰ اور صفات

۲) بچوں اور بڑوں کے برکت والے نام

ناموں کے اندر اسم الٰہی اور عملیات کی تاثیرات (نئی کتاب)

مصنف: سید علی حسین شاہ عام قیمت: 450 روپے

کون سا عدد کس برج ستارے سے ملتا ہے ☆ انگوٹھی میں بند کروا کر رکھنے والی دعا ☆ عدد 1 سے تعلق رکھنے والی خواتین ☆ عدد 4 سے تعلق رکھنے والی خواتین ☆ خواتین کو پیش آنے والی بیماریاں ☆ خواتین کے کرنے والے عملیات ☆ امراض قلب سے مکمل نجات ☆ محبوب سے شادی کرنے کیلئے ☆ بدگفتاروں کی مکمل نظر بد کا خاتمہ ☆ اللہ تعالیٰ کی خاص حفاظت میں رہنے کیلئے ☆ دلوں کو تسخیر کرنے کیلئے ☆ عدد 1 سے 9 عدد سے تعلق رکھنے والی خواتین ☆ اپنے نکاح کو کھولنے کیلئے ☆ اپنے روزگار کو بڑھانے کیلئے..... وغیرہ وغیرہ

۳) خزینہ عملیات (نئی کتاب)

تالیف: فقیر سید حفیظ الدین احمد عام قیمت: 240 روپے

تسخیر وحب کے عملیات نقوش ☆ جاہ وعزت اور تسخیر کیلئے مجرب عمل ☆ بادشاہ، حکام، رؤساء امراء کو تابع کرنے کے لئے عمل ☆ کسی بھی شخص کو مسخر کرنے کا عمل ☆ میاں بیوی کیلئے مجرب عمل ☆ مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو ☆ آقا یا عدالت کو مطیع کرنے کا عمل ☆ تعویذ برائے دشمنی ☆ دو شخصوں میں جدائی کیلئے نقش ☆ زبان بندی کیلئے مجرب عمل ☆ عمل ترقی رزق وروزگار کیلئے بہترین ☆ غیب سے رزق کیلئے ☆ ہر کام میں ترقی ہو ☆ آسیب زدہ کیلئے دو بہترین نقش .....وغیرہ وغیرہ

۴) تسخیر ہمزاد المعروف پُراثر جادو (نئی کتاب)

مصنفین: صوفی سعادت علی، ریاض الدین احمد دہلوی عام قیمت: 150 روپے

عامل مسمریزم ☆ تسخیر ہمزاد پاک اسماء الٰہی سے خاص مسلمانوں کے واسطے ☆ نگاہ پختہ اور زور آور کرنے کا طریقہ ☆ عورت اور مرد دونوں عامل ہو سکتے ہیں ☆ معمول کے ہاتھ باندھ دینے کا عمل ☆ آنکھوں کے ذریعے خواب طاری کرنا یا آنکھیں بند کرنا ☆ چھڑی کو سانپ بنا دینا ☆ کچے آلو کو سیب بنا دینے کا عمل ☆ میز کے بنانے کی ترکیب جس میں روح بلائی جائے گی ☆ حیوانات کی تسخیر کا طریقہ ☆ معمول سے خزانہ یا دفینہ معلوم کرنا ☆ گم شدہ چیز یا شخص کا پتہ لگانا ☆ آسیب زدہ انسان کا علاج ☆ آندھی میں چراغ روشن رہے ☆ رات کو سورج دکھانا ☆ دنیا میں فرشتے ☆ عورت کے پستان غائب کرنا ☆ فوراً درخت لگانا ☆ آگ سے ہاتھ نہ جلنا ☆ خود بخود مینڈک پیدا ہو جائیں ☆ آگ کے شعلے منہ سے نکالنا ☆ دردسر کا علاج مقناطیسی ☆ اعضائے تناسل کی بیماریاں ☆ عورتوں کے مخصوص علاج ☆ تعویذوں کا اثر کیا ہے ☆ ہمزاد اقسام ☆ آگ کپڑا نہ جلے ☆ خود بخود مینڈک پیدا ہو جائیں ☆ عملیات کا اثر ☆ حب وتسخیر میں فرق ☆ یکسوئی قلب کا جدید طریقہ..... وغیرہ وغیرہ

۵) مایوسی اور اس کا علاج (نئی کتاب)

زندگی کو خوشگوار بنانے کے لیے ایک انمول تحفہ

مؤلف: مولانا ابوالحسنین حفظہ اللہ عام قیمت: 700 روپے

اس کتاب میں مایوسی ☆ نا اُمیدی ☆ مشکلات ☆ پریشانیاں ☆ ذہنی دباؤ ☆ انتقامی جذبات ☆ نفسیاتی مرض ☆ احساسِ کمتری ☆ خود اعتمادی میں کمی ☆ تنہائی پسندی ☆ اپنی خامیاں محسوس کرنا ☆ قوتِ برداشت کی کمی ☆ ہنستے مسکراتے زندگی گزاریے ☆ ہر قسم کی مایوسی سے بچانے اور حوصلہ دلانے والے واقعات اور دعائیں جنہیں پڑھ کر ان شاء اللہ مایوس شخص کے دل کو تسلی ہوگی، مشکلات میں مبتلا شخص کیلئے صبر کرنا آسان ہوگا، زندگی کو خوشگوار بنانے کیلئے بہترین انمول تحفہ۔

اس کتاب کو ناشر نے عصری مزاج اور اس کے تقاضوں کے مطابق شائع کیا ہے۔ جدید انداز میں کمپوزنگ اور معیاری بائنڈنگ کا بھی اہتمام کیا گیا ہے۔ دور حاضر میں تمام مخلوق انسانی کیلئے ''مایوسی'' سے نجات حاصل کرنے میں یہ کتاب اپنی مثال آپ ہے۔

☆ مایوسی کے نقصانات اور اس کا علاج ☆ مایوسی کا علاج پریشانیوں پر صبر ☆ سچے دل سے توبہ کیجئے ☆ مایوسی سے نجات کا راستہ ☆ اچھی ''امید'' ☆ زمانے کی مشکلات کا مقابلہ کیجئے ☆ ''قناعت والی زندگی'' ☆ بیماری اور صلہ ☆ اپنے آپ کو ہمیشہ انتقامی جذبے سے دور رکھیے ☆ اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کیجئے ☆ تنہائی سے بچنا ضروری ہے ☆ قوتِ برداشت ضروری ہے ☆ اپنی خامیوں کو دور کرنے کی کوشش کیجئے ☆ مایوسی نہیں بلکہ جدوجہد.....

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877 darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org

darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/time/suraj_girhan.htm

حصول علم وترقی علم کیلئے خاص نقش

عطاردزہرہ قران کے
خاص وقت کا خاص عمل

مولانا سلیم اللہ ظفر

عطاردزہرہ قران کے خاص وقت کا خاص عمل

حصول علم اور علمی ترقی کیلئے انسان کو جہاں دیگر بہت سارے اسباب وعوامل کی ضرورت ہوتی ہے، اس کے ساتھ ساتھ اچھا ذہن، مضبوط حافظہ اور مثالی قوتِ یادداشت کا ہونا بھی اشد ضروری ہے!

آج میں آپ کے سامنے جو روحانی تحفہ پیش کررہا ہوں، اس کے ایک دو نہیں بلکہ سینکڑوں فوائد ہیں! عطاردزہرہ قران کی خاص ساعت میں یہ نقش بنوا کر پہننے سے حصول علم اور ترقی علم میں جتنی بھی رکاوٹیں ہیں، وہ بحکمِ خداوندی، دور ہوجاتی ہیں۔ اس کے پہننے سے علمی ترقی اور علمی حصول کی تمام منازل کو طے کرنا بہت ہی آسان ہوجاتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی اگر زعفرانی سیاہی سے روغنی کاغذ پر 41 نقوش تیار کرکے یا تیار کروا کے پی لیے جائیں تو ذہن، حافظہ، یادداشت مثالی اور لاجواب بن جاتے ہیں۔

مزید اگر یہ نقوش تیار کروا کر سر پر 7 بار اچھی طرح پھیر کر مسلسل کئی دن پھیرنے کے بعد جلاتے رہنے سے نظرِ بد کے وہ تمام نحس اثرات، جو حصولِ علم اور ترقی علم میں رکاوٹ ہوں، وہ ختم ہوجاتے ہیں!

نقش تیار کرنے کا خاص وقت

عطاردزہرہ قران کا وقت 28 اگست بروز اتوار 12 بج کر 54 منٹ پر شروع ہوکر 29 اگست بروز پیر کو رات 9 بج کر 56 منٹ پر اختتام پذیر ہوگا۔

نقش تیار کرنے کی اجازت خاص

حصولِ علم وترقی علم کے یہ خاص نقوش تیار کرنے کی خزینۂ روحانیات کے تمام ممبران کرام کو اجازت ہے۔ دیگر تمام دوست واحباب ادارہ سے رابطہ فرما کر نقش خاص تیار کرواسکتے ہیں۔

یہ نقش کس کس کیلئے فائدہ مند ہے؟

نقش حصولِ علم وترقی علم ہر طالب علم کیلئے بہت ہی قیمتی چیز ہے۔

نقش حصولِ علم وترقی علم پڑھائی سے بھاگنے والے بچوں کیلئے بنوائیں۔

نقش حصولِ علم وترقی علم پڑھائی سے دل اچاٹ طلباء وطالبات کیلئے بنوائیں۔

نقش حصولِ علم وترقی علم دماغی صلاحیت کو بڑھانے کے خواہش مند بنوائیں۔

نقش حصولِ علم وترقی علم علمی میدان میں آگے بڑھنے کے شوقین بنوائیں۔

نقش حصولِ علم وترقی علم ہر قسم کی تعلیمی رکاوٹوں کو دور بھگانے کیلئے بنوائیں۔

ہدیہ نقش: 600 روپے

40 روزہ کورس برائے حصولِ علم وترقی علم

خاص زعفرانی سیاہی سے تیار کردہ 40 روزہ روحانی کورس برائے حصولِ علم وترقی علم کورس ادارہ سے آپ آرڈر بھی تیار کرواسکتے ہیں۔ کوشش کی جائے گی کہ تھوک مقدار میں تیار کرلیے جائیں تاکہ خواہشمند حضرات جب چاہیں، ادارہ سے منگوا کر استعمال کرسکیں۔

ہدیہ کورس: 1600 روپے

مختصر فوائد

سبق یاد نہ ہونا، سبق یاد ہوکر بھول جانا، دماغی کمزوری کی وجہ سے سر درد، سبق دیر سے یاد ہونا، کند ذہنی، پڑھائی میں عدم دلچسپی، پڑھائی کا شوق نہ ہونا، پڑھائی سے دل اچاٹ، حافظے کی کمزوری، یادداشت کی کمی، مطالعہ سے بے رغبتی، ذہنی قوتوں کی کمزوری، نسیان کا عارضہ وغیرہ کیلئے بے حد مفید۔

ایک کورس تمام بہن بھائی بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

نقش مبارک برائے حصولِ علم وترقی علم

۱۶۲۲	۱۶۲۶	۱۶۲۹	۱۶۱۵
۱۶۲۸	۱۶۱۶	۱۶۲۱	۱۶۲۷
۱۶۱۷	۱۶۳۱	۱۶۲۴	۱۶۲۰
۱۶۲۵	۱۶۱۹	۱۶۱۸	۱۶۳۰

الٰہی! اس نقش کی برکت سے فلاں بن/بنت فلاں کے علم میں ترقی اور حصولِ علم میں تمام رکاوٹوں کو دور فرمایئے! آمین۔

لوح تسخیر خاص وعام

زہرہ مشتری قران کے وقت کا خاص عمل

مولانا سلیم اللہ ظفر

ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ سب لوگ اس سے محبت کے ساتھ پیش آئیں، اس کی بات مانیں، اس کا احترام کریں، اس کی مخالفت نہ کریں، کسی دفتر میں جائے تو افسران اس کی بات سنیں، دفاتر میں اس کی بات مانی جائے، اس کی بات کو ہر جگہ پر ترجیح دی جائے، کسی کی سفارش کرے تو اس کی سفارش قبول کی جائے، اس کے پاس عوام الناس کا رش رہے۔

دورِ حاضر میں حسد وبغض عام ہے۔ اس لحاظ سے لوحِ تسخیر تقریباً ہر ایک شخص کی پہلی ضرورت ہے! اسی ضرورت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے زہرہ مشتری قران کے خاص وقت میں لوحِ تسخیر کو منظر عام پر لایا جارہا ہے تاکہ اسمائے حسنیٰ سے تیار اس خاص لوح سے ہر شخص فائدہ اٹھا سکے۔

لوح تسخیر تیار کرنے کا وقت

زہرہ مشتری قران کے وقت کا آغاز 27 اگست بروز ہفتہ 3 بج کر 55 منٹ پر ہوگا اور اس کا اختتام 28 اگست بروز اتوار سہ پہر 3 بج کر 15 منٹ پر ہوگا۔

لوح بنانے کی اجازت

روحانی درسگاہ کے تمام طالب علموں اور ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے تمام ممبران کرام کو یہ لوح تیار کرنے کی خاص اجازت ہے۔ باقی تمام دوست واحباب، جو لوح تسخیر بنوانا/یا منگوانا چاہیں، وہ ادارے سے رجوع فرمائیں، شکریہ۔

لوح تسخیر خاص عوام



الٰہی! اس لوح کی برکت سے قاسم بن آمنہ کیلئے ہر خاص وعام کو مسخر فرمایئے تاکہ اس سے محبت سے پیش آئے۔ آمین

لوح کا ہدیہ: 1100 روپے

لوحِ تسخیر کے اثر کو تیز ترین کرنے کا خاص وظیفہ

لوحِ تسخیر کے ساتھ ایک خاص الخاص وظیفہ، جو تسخیر کے حوالے سے عاملین کے سینوں کا راز ہے، دیا جاتا ہے۔ یہ وظیفہ ہر شخص کو نہیں بتلایا جاتا۔ اس لیے کہ لوگ اس سے غلط فائدہ اٹھاتے ہیں۔ آپ اپنے جائز امور کیلئے ضرور طلب فرمائیں۔

لوحِ تسخیر بنانے کے مقاصد

لوگ آپ سے بلاوجہ نفرت کرتے ہیں حسد وبغض کی وجہ سے تو لوحِ تسخیر بنوائیں۔ آپ کا تعلق پبلک ڈیلنگ سے ہے، عوام کی توجہ حاصل کرنے کیلئے لوحِ تسخیر بنوائیں۔ آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی بیٹھک/ڈیرے پر عوامی رش رہے تو لوحِ تسخیر بنوائیں۔ آپ چاہتے کہ لوگ آپ سے محبت، تمیز سے پیش آئیں تو لوحِ تسخیر بنوائیں۔ آپ کا سینئر افسر آپ کی بات ہی نہیں سنتا یا توجہ نہیں دیتا تو لوحِ تسخیر بنوائیں۔ آپ اپنے سکول یا ادارے میں طلباء وطالبات کا رش چاہتے ہیں تو لوحِ تسخیر بنوائیں۔ آپ کے محکمے کا انچارج آپ کا جائز حق دینے کیلئے تیار نہیں ہے تو لوحِ تسخیر بنوائیں۔ آپ کسی بھی آفیسر سے کوئی جائز کام اپنے حق میں لینا چاہتے ہیں تو لوحِ تسخیر بنوائیں۔ اگر آپ کسی خاص شخص یا عمومی طور پر تسخیر چاہتے ہیں تو لوحِ تسخیر بنوائیں۔ اگر بیوی چڑچڑا پن کا شکار ہے، تیز مزاج ہے تو نرم کرنے کیلئے لوحِ تسخیر بنوائیں۔ خاوند خرچہ نہیں دیتا، گالم گلوچ کرتا ہے، بلاوجہ لڑتا جھگڑتا ہے تو لوحِ تسخیر بنوائیں۔ اگر آپ چاہتے کہ آپ کے تمام ہم عصر آپ سے عزت واکرام سے پیش آئیں تو لوحِ تسخیر بنوائیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا پورا سٹاف آپ کی تعظیم کرے تو لوحِ تسخیر بنوائیں۔ اگر آپ وکیل ہیں اور حق کیس لیتے ہیں تو جج صاحبان کو متوجہ کرنے کیلئے لوحِ تسخیر بنوائیں۔ اگر آپ کا واسطہ دفاتر/افسران/بڑے لوگوں سے اکثر رہتا ہے تو لوحِ تسخیر بنوائیں۔

لوح حصول ملازمت

عطارد مشتری قران کے وقت
کا ایک خاص الخاص روحانی تحفہ

مولانا سلیم اللہ ظفر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

طلحہ بن فرحت	ملازمت محکمہ تعلیم	ولقد مکنکم فی الارض	وجعلنا لکم فیھا معایش
۱۴۳۳	۷۶۶	۷۴۱	۱۱۸۰
۷۶۵	۱۴۳۰	۱۱۸۳	۷۴۲
۱۱۸۲	۷۴۳	۷۶۴	۱۴۳۱

الٰہی! اس لوح کی برکت سے طلحہ بن فرحت کو محکمہ تعلیم میں اچھی اور اس کی پسند کی ملازمت عطا فرمایئے۔ آمین

ہدیہ: 1600 روپے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

ولقد مکنکم	فی الارض	وجعلنا لکم	فیھا معایش
۲۵۱	۵۱۶	۳۱۱	۱۱۲۱
۵۱۵	۲۴۸	۱۱۲۴	۳۱۲
۱۱۲۳	۳۱۳	۵۱۴	۲۴۹

الٰہی! اس لوح کی برکت سے فلاں بن/بنت فلاں کو فلاں جگہ میں ملازمت عطا فرمایئے! آمین

ہدیہ: 1250 روپے

لوح حصول ملازمت

عطارد مشتری قران کا وقت حصولِ ملازمت کے حوالے سے تعویذات، نقوش اور الواح تیار کرنے کا بہترین وقت ہے۔ ایسے تمام دوست واحباب، خواتین وحضرات جو کسی بھی محکمے، ادارے، شعبے میں ملازمت چاہتے ہیں اور اس کا وہ پختہ ارادہ کر چکے ہیں، کوائف کی تیاری، حصولِ ملازمت کیلئے درخواست یا انٹرویو دے چکے ہیں یا دینا چاہتے ہیں یا درخواست وغیرہ دینے کی تیاری میں ہیں، وہ لوح حصولِ ملازمت پہلی فرصت میں جلدی سے جلدی حاصل کریں۔ ان شاء اللہ اس لوح کی برکت سے آپ کے سامنے جتنی بھی رکاوٹیں آئیں گی، وہ دور ہو جائیں گی اور آپ کیلئے آپ کی منزل کا حصول نہایت ہی آسان اور ممکن ہو جائے گا۔ بفضلِ خدا، اسی لوح کی برکت سے آپ کو ملازمت ضرور مل کر رہے گی، ان شاء اللہ۔

لوح تیار کرنے کا خاص وقت

عطارد مشتری قران کا وقت 20 اگست بروز ہفتہ 3 بج کر 3 منٹ پر شروع ہوگا اور 23 اگست بروز منگل رات 7 بج کر 56 منٹ پر اختتام پذیر ہوگا۔

لوح حصولِ ملازمت کے ساتھ خاص وظیفہ

لوح حصولِ ملازمت کے ساتھ ہر ایک کو خاص وظیفہ دیا جائے گا۔ وظیفہ انتہائی مختصر، آسان لیکن بہت ہی موثر ترین۔ اِدھر پڑھنا شروع کیا، اُدھر کام بننا شروع ہوا۔

لوح حصولِ ملازمت کون کون لوگ بنوا سکتے ہیں

اگر آپ محکمہ تعلیم میں ملازمت چاہتے ہیں تو لوح ملازمت بنوائیں۔ اگر آپ محکمہ نیوی، افواجِ پاکستان، پولیس، ٹریفک پولیس میں ملازمت چاہتے ہیں تو لوح ملازمت بنوائیں۔ اگر آپ کسی بھی سرکاری یا نیم سرکاری محکمہ میں ملازمت چاہتے ہیں تو لوح ملازمت بنوائیں۔ اگر آپ کسی بینک یا پرائیویٹ کمپنی/فیکٹری/کارخانے میں ملازمت چاہتے ہیں تو لوح ملازمت بنوائیں۔ اگر آپ کسی این جی اوز میں ملازمت چاہتے ہیں تو لوح ملازمت بنوائیں۔

اگر آپ کسی بھی محکمے/شعبے/ادارے/کمپنی/وغیرہ وغیرہ میں ملازمت کے خواہش مند ہیں، مکمل کوائف اور حصولِ ملازمت کی درخواست سے پہلے یا بعد میں لوح ملازمت ضرور حاصل کریں اور دیکھیں کہ قدرت آپ پر کیسے مہربان ہوتی ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

مکتبہ العارف۔۔۔مختلف موضوعات پر کتب کی فروخت darulamal.org/bookshop

لوح خاص برائے کامیابی امتحان

عطارد مشتری قران کے وقت
کا ایک خاص الخاص روحانی تحفہ

مولانا سلیم اللہ ظفر

کامیابی۔۔۔۔کامیابی۔۔۔۔کامیابی!

صرف سو فیصد نہیں بلکہ۔۔۔۔ہزار فیصد کامیابی!

بفضلِ خدا ہر امتحان میں شاندار کامیابی!

مشکل سے مشکل امتحانات میں بھرپور کامیابی!

تمام ہم عصروں کو رشک پر مجبور کر دینے والی کامیابی!

حاسدین، ناقدین کو اپنے ہی حسد کی آگ میں جلا دینے والی کامیابی!

مخالفین کو بھی مبارکباد دینے پر مجبور کر دینے والی کامیابی!

والدین کا سر فخر سے بلند کر دینے والی کامیابی!

تمام خاندان کا مثالی تعاون بن جانے والی کامیابی!

اپنی کلاس، اپنے ادارے اور اپنے اساتذہ کرام کا نام روشن کر دینے والی کامیابی!

ہر امتحان میں کامیابی دینے والے اللہ کے پیارے پیارے ناموں سے تیار کردہ لوحِ خاص کی برکت سے آپ بھی فائدہ اٹھایئے اور ہر امتحان میں کامیابی حاصل کیجئے۔ والدین کی طرف سے اپنی اولاد کیلئے زبردست روحانی تحفہ۔



ربّ اشرح لی صدری	یاعلیم علمنی	یاخبیر اخبرنی	الملک القدوس
۱۶۷۶	۲۵۹	۱۰۵۶	۳۴۹
۲۵۸	۱۶۷۳	۳۵۲	۱۰۵۷
۳۵۱	۱۰۵۸	۲۵۷	۱۶۷۴

یاالٰہی! اس لوح کی برکت سے فلاں بن/ بنت فلاں کو میٹرک کے امتحان میں اعلیٰ نمبروں کے ساتھ بھرپور کامیابی نصیب فرمائیں۔ آمین

لوح کامیابی امتحان کا ہدیہ: 1100 روپے

لوح خاص کامیابی امتحان کا خاص وقت

لوح کامیابی امتحان بنانے کا خاص وقت 27 اگست بروز ہفتہ 3 بج کر 55 منٹ پر شروع ہو کر 28 اگست بروز اتوار 3 بج کر 15 منٹ پر ختم ہوگا۔

لوح کے ساتھ خاص وظیفہ

لوح کامیابی امتحان کے منگواتے وقت اس کے ساتھ دیے جانے والے خاص الخاص وظائف کا پرنٹ اور پڑھنے کا طریقہ منگوانا ہرگز ہرگز نہ بھولیے۔

لوح خاص بنانے کی اجازت

لوح خاص بنانے کی اجازت روحانی درسگاہ کے تمام طلباء کرام وطالبات اور ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے تمام ممبران کرام کو حاصل ہے۔

لوح خاص برائے کامیابی امتحان

لوح کامیابی امتحان کون کون بنوائیں!

لوح کامیابی امتحان نرسری سے لے کر ایم اے تک ہر طالب/طالبہ کیلئے بنوائی جاسکتی ہے۔ لوح کامیابی امتحان ہر قسم کے امتحان میں سو فیصد کامیابی کیلئے بنوائیں۔ لوح کامیابی امتحان مقابلہ میں شریک طلباء وطالبات ضرور بالضرور بنوائیں۔ لوح کامیابی امتحان ہر مشکل سے مشکل امتحان میں کامیابی کیلئے بنوائیں۔ لوح کامیابی امتحان تعلیم میں کمزور طلباء وطالبات کامیابی امتحان کیلئے لازمی بنوائیں۔ لوح کامیابی امتحان بورڈ کا امتحان دینے والے طلباء وطالبات پہلی فرصت میں بنوائیں۔ لوح کامیابی امتحان اسکول، کالجز، یونیورسٹیز کے تمام طلباء وطالبات بنواسکتے ہیں۔ لوح کامیابی امتحان مدارس/ جامعات کے طلباء وطالبات بھی بنواسکتے ہیں۔ لوح کامیابی امتحان دور حاضر میں ہر سالانہ امتحان کیلئے ہر سٹوڈنٹ کی پہلی ضرورت ہے۔ لوح کامیابی امتحان کے ذریعے سے آپ ہر امتحان میں اپنی مرضی کا رزلٹ اور اپنی خواہش کے مطابق اچھے نمبرز حاصل کر سکتے ہیں۔ لوح کامیابی امتحان والدین کی طرف سے اپنی اولاد کیلئے دوران تعلیم اور امتحان سے قبل ایک بہترین روحانی تحفہ ہے۔

darulamal.org/bookshop/authors/hah/mags خاص نمبرز، ماہنامہ طلسماتی دنیا، دیوبند، انڈیا

مختلف طریقوں سے روحانی تشخیص کرنا سیکھیں

آج کے دور میں ایک طرف تو جنات، شیاطین اور جادو کے اثرات بہت تیزی سے پھیل رہے ہیں تو دوسری طرف غلط قسم کے عاملین اور روحانی معالجین بھی تیزی سے پھیل رہے ہیں۔ مریضوں اور سائلوں کو غلط تشخیص بلکہ جھوٹی تشخیص کر کے ڈراتے ہیں اور ان سے پیسے بٹورتے ہیں۔ اور بھی بے شمار غلط کام کرواتے ہیں۔

صحیح علاج کے لئے صحیح تشخیص ہونا نہایت ضروری ہے۔ غلط تشخیص سے معالج آغاز سے ہی غلط طرف چل پڑتا ہے۔ اسی طرح ہر گھر میں ایک فرد ایسا ضرور ہونا چاہئے جس کو روحانی تشخیص کرنا کسی نہ کسی درجے میں آتی ہو تاکہ بوقتِ ضرورت وہ تشخیص کر کے فیصلہ کر سکے کہ مریض کو روحانی معالج کی ضرورت ہے یا جسمانی معالج کی۔ اور فراڈ اور غلط قسم کے عاملوں سے خود، اپنے گھر والوں اور دوسروں کو بھی بچا سکے۔

اسی ضرورت کے تحت دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ نے علم التشخیص کا ابتدائی کورس مرتب کیا ہے۔ اس کورس کو کرنے کے بعد ایک عام آدمی بھی اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ مختلف طریقوں سے مریض کی روحانی تشخیص کر کے با آسانی بتا سکتا ہے کہ مسئلہ جسمانی ہے یا روحانی۔

یہ کورس ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔ بہت سے عاملین تشخیص کے فن سے ناواقف ہوتے ہیں۔ ان کے لئے کورس بہت مفید ہے۔ اس میں کئی طرح کے اعمال کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔ کورس کی فیس **3000** روپے ہے۔ مدت دو سے تین ماہ ہے۔ جو افراد پہلے سے عملیات سے منسلک ہیں یا چلہ کشی نہیں کر سکتے، وقت نہیں ہے، وہ خاص اجازت لے کر سیکھ سکتے ہیں۔ ان کے لئے فیس **6000** روپے ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

فون دفتر: **042-35410586** موبائل دفتر: **0343-7772772**

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

علم الدفاع کورس

یہ کورس اُن عاملین کے لئے ہے، جو جادو اور جنات کے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔ اور ساتھ ہی عوام کے لئے بھی انتہائی مفید ہے جو جادو زدہ ہیں یا پھر جنات نے ان کا جینا دشوار کیا ہوا ہے۔

اس کورس کے دو درجے ہیں۔ ایک ''ابتدائی'' جو عاملین کے ساتھ عوام کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ دوسرا درجہ ''ماہر'' کا ہے، جو صرف عاملین کے لئے خاص ہے۔

سخت جادو اور جنات کے علاج کے لئے مضبوط دفاع کا ہونا لازم ہے۔ ورنہ علاج کرنے والے کو خود بھی بہت نقصان ہوتا ہے اور اس کے گھر والوں اور زیر استعمال اشیاء کو بھی زبردست نقصان ہوتا ہے۔

علم الدفاع کورس کرنے والے کے اردگرد مضبوط حصارات قائم ہو جاتے ہیں۔ جب بھی کسی ایسی جگہ جانا ہو جہاں یہ جادو یا جنات وشیاطین کا بسیرا ہو تو وہ ایسے فرد سے دور بھاگتے ہیں اور مقابلہ کرنے سے کتراتے ہیں۔ اگر ماہر کورس کیا ہوگا تو عامل کے آس پاس مضبوط جنات کا پہرا لگ جاتا ہے۔ اور بڑے بڑے علاج میں بھی با آسانی کامیابی ملتی ہے۔ مخالف لڑے بغیر ہی میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔

جو لوگ عاملین پر ہزاروں روپے برباد کر چکے ہیں، ان کو چاہئے کہ گھر میں سے کوئی ایک فرد علم الدفاع کا کورس کرے اور اپنے گھر کا دفاع کرے۔ جب تک جنات اور جادو کی روک نہ کی جائے، علاج سے مکمل فائدہ نہیں ہوتا۔ مضبوط حصار کی وجہ سے فوری روک لگائی جا سکتی ہے۔ پھر عام علاج بھی فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

ابتدائی کورس: 5000 | **ماہر کورس: 10000**

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7727772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

شناخت

قسط ۴

عنایت حسین چشتی

میں نے قلندر خان کو دوسرا تعویذ دے کر رخصت کر دیا۔ اس کے بعد بڑی شد و مد سے اس طاقت کو نیچا دکھانے کے بارے میں غور کرنے لگا جس نے قلندر خان کو میری طرف سے وسوسے میں ڈال دیا تھا۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ یہ پہلا موقع تھا جب مجھے اپنی ناکامی پر غصہ آیا تھا، میں نے دو روز بعد ایک اور جلالی عمل کیا جو رحمانی عمل سے قدرے مختلف تھا۔ (اللہ معاف کرے)۔

میں نے آٹے کا ایک پتلا بنا کر اس کے چہرے کو اس طرح بگاڑ دیا کہ کسی جنس کا گمان نہ ہو۔ اس کے سر پر دم کی ہوئی کئی سوئیاں گاڑیں پھر اسے سکندر علی کے حوالے کر کے تاکید کی کہ وہ اسے نصف رات گئے خاموشی سے کسی شمشان گھاٹ (جہاں ہندوؤں کے مردے جلائے جاتے ہیں) پر جا کر اس طرح دبا دے کہ اس پر کسی اور کی نظر نہ پڑے۔ یہ عمل میں نے کسی اور سے سیکھا تھا لیکن اس کا عملی مظاہرہ اس سے بیشتر نہیں کیا تھا۔

چار روز بعد قلندر خان دوبارہ میرے پاس آیا۔ وہ بہت جلدی میں تھا لیکن اس کے چہرے سے پریشانی مترشح نہیں تھی۔ ”پیر سائیں! میں آپ کو یہ خبر دینے آیا ہوں کہ میں نے اپنی بڑی بیوی کو حویلی سے ہٹا دیا ہے اور آپ کے دوسرے کہنے پر بھی عمل کرا دیا ہے۔ آپ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مشکل آسان کر دے اور پریشانیوں سے نجات دلا دے۔“

”اور کوئی بات!“

”جی ہاں۔“ اس نے تیزی سے یاد کرتے ہوئے کہا۔ ”میں ابھی خود تو پاگل خانے نہیں گیا لیکن میرے ایک معتبر آدمی نے خبر دی ہے کہ جو آدمی تعویذ دفن کرتے ہوئے پاگل ہو گیا تھا اب ٹھیک ہو رہا ہے۔“

”خدا نے چاہا تو وہ بالکل صحت مند ہو جائے گا۔“ میں نے سنجیدگی سے جواب دیا، پھر کچھ سوچ کر پوچھا۔ ”قلندر خان، یاد کر کے بتاؤ کیا تم نے اپنی کسی بیوی کے یہاں ولادت سے پہلے کوئی پالنا بھی بنوایا تھا یا خریدا تھا؟“

قلندر خان میرا سوال سن کر اس طرح چونکا جیسے میں نے اس کی کسی دکھتی ہوئی رگ پر ہاتھ رکھ دیا ہو لیکن پھر فوراً ہی وہ خود پر قابو پاتے ہوئے بولا۔ ”میری حویلی میں تو کئی پالنے سونے پڑے ہیں پیر سائیں۔“

قلندر خان کے جواب میں میری تسلی نہیں ہوئی۔ میرا دل گواہی دے رہا تھا کہ کوئی بات ایسی ضرور ہے جو اس کے علم میں ہے لیکن وہ اسے چھپانے کی کوشش کر رہا ہے۔ میں نے خواب کے حوالے سے پالنے کا ذکر چھیڑا تھا جس نے قلندر خان کو ایک لمحے کے لئے گڑبڑا دیا تھا، مجھے سکندر علی کی باتیں یاد آئیں۔ قلندر خان کی اپنی شرارت کو بھی دخل ہے لیکن میں نے اس بات پر یقین نہیں کیا تھا، میرے خیال میں قلندر خان کم از کم اتنا شقی القلب نہیں ہو سکتا تھا کہ اپنے ہاتھوں سے اپنی خوشیوں کا خون کر سکتا لیکن اب میں یہ سوچنے پر مجبور ہو گیا تھا کہ قلندر خان کسی نہ کسی زاویے سے یہ بات ضرور جانتا ہے کہ اس پر گردش نازل ہونے کا سبب کیا ہے۔

”میں نے تمہاری پریشانی دور کرنے کی خاطر ایک جلالی عمل کیا ہے۔“ میں نے قلندر خان کو باور کراتے ہوئے جواب دیا۔ ”میں نے تم سے پہلے بھی کہا تھا کہ انسان جو کچھ بوتا ہے وہی کاٹتا بھی ہے۔ اگر تمہارے علم میں کوئی ایسی بات ہو جسے تم اپنی پریشانی کا سبب سمجھ رہے ہو تو اب بھی مجھے بتا دو۔ ہو سکتا ہے کہ میں تمہارے لئے اور کچھ کر سکوں، لیکن اگر وقت گزر گیا تو پھر بات میرے ہاتھ سے بھی نکل جائے گی۔“

”آپ مجھ پر کس بات کا شبہ کر رہے ہیں؟“ اس بار قلندر خان نے ناگوار انداز میں مجھے گھورا۔ ”کیا آپ کا خیال ہے کہ میں خود ہی اپنی پریشانیوں کا ذمے دار ہوں اور کسی خوف سے زبان بند کئے ہوئے ہوں؟“

”میرے یہ مطلب نہیں تھا لیکن.....“

”معاف کرنا پیر سائیں .....“ وہ میری بات کاٹ کر بولا۔ ”میں سردار ہوں اور سردار کسی کو جواب دہ نہیں ہوتا۔ اتفاق سمجھ لیں کہ ایک ضرورت مجھے آپ کی چوکھٹ تک لے آئی ہے، ورنہ قلندر خان نے کبھی کسی

کے سامنے جھکنا یا ہاتھ بیر پھیلانا نہیں سیکھا۔''

''تم شاید میری بات کا غلط مطلب سمجھ رہے ہو۔'' میں نے اسے سمجھانے کی کوشش کی۔ ''کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ انسان اپنی دانست میں کوئی نیک قدم ہی اٹھاتا ہے لیکن وہی قدم اس کے حق میں پریشان کن ثابت ہوتا ہے۔''

قلندر خان اپنی جگہ کسمسا کر رہ گیا۔ اس نے اپنے تلخ جملے کی معافی طلب کی پھر دوبارہ واپس آنے کا کہہ کر چلا گیا۔ میں نے جاتے جاتے اسے سختی سے ہدایت کر دی تھی کہ وہ اپنی بڑی بیوی کے یہاں بچے کی ولادت کے ایک ہفتے کے اندر اندر مجھے سے ضرور ملے۔

میں نے سکندر علی سے شمشان گھاٹ پر آٹے کا جو پتلا دفن کرایا تھا وہ اس مقصد کے لئے تھا کہ جس شخص نے بھی قلندر خان کو پریشان کر رکھا ہے یا تو وہ اس کا پیچھا چھوڑ دے یا پھر میرے سامنے آکر اپنے کئے کی معافی مانگے، اس عمل کے کرنے کے بعد مجھے احساس ہوا تھا کہ میں نے رحمانی طریقے کو چھوڑ کر کوئی ایسا راستہ کیوں اختیار کیا جو میرے لئے مناسب نہیں تھا۔ لیکن قلندر خان کی باتوں نے مجھے ذہنی طور پر ڈگمگا دیا تھا، میرے اندر ''میں'' کا جذبہ ابھر آیا تھا۔

پتلے کو دفن کرائے چھ ہفتے گزر چکے تھے، اس عرصے میں قلندر خان دو تین بار مجھ سے مل چکا تھا۔ اس نے یہی بتایا تھا کہ اس کی بیوی خیریت سے ہے، جو آدمی پاگل ہوا تھا وہ بھی ٹھیک ہو چکا تھا لیکن اسے اپنے پاگل ہونے کی وجہ کا کوئی علم نہیں تھا، وہ گزری ہوئی تمام باتیں بھول چکا تھا۔ چھ ہفتے بعد قلندر خان نے ایک روز اپنے..... کارے کے ہاتھ یہ پیغام بھجوایا کہ اب اس کی بیوی کے ہاں زچگی میں صرف ایک ہفتہ باقی رہ گیا ہے۔ (جیسا کہ لیڈی ڈاکٹر نے خیال ظاہر کیا تھا) اور میں اس کے ہونے والے بچے کی سلامتی کے لئے دعا کروں۔ اس کے دس روز بعد قلندر خان خود مجھ سے ملنے آیا۔ اس کے چہرے پر خوشی اور غم کے ملے جلے اثرات نظر آرہے تھے۔ یقینی طور پر کوئی ایسی بات ہوئی تھی جس نے اسے دگرگوں کیفیت سے دوچار کر دیا تھا۔

''اور سناؤ قلندر خان۔'' میں نے اس کی خیریت دریافت کی، ''اب کیا صورت حال ہے؟ تمہاری بیوی کے ہاں زچگی ہوئی یا نہیں؟''

''آپ کی دعاؤں سے بیٹا ہوا ہے پیر سائیں لیکن وہ سن نہیں سکتا۔ دونوں کانوں سے بہرا ہے''۔ قلندر خان نے ملول لہجے میں جواب دیا۔

''ڈاکٹروں کا کیا خیال ہے؟''

''وہ اپنی کوشش کر رہے ہیں لیکن میں نے بزرگوں سے سن رکھا ہے کہ جو نقص پیدائشی ہو وہ دور نہیں ہوتا۔''

میں نے جواب دینے کے بجائے آنکھ بند کر کے مراقبہ کیا، پھر کچھ دیر بعد آنکھیں کھول کر قلندر خان کو دیکھنے لگا، جو اشارہ مجھے نظر آیا تھا وہ میں قلندر خان کے گوش گزار نہیں کرنا چاہتا تھا پھر بھی میں نے اسے سنجیدگی سے مخاطب کیا۔ ''تمہارا بیٹا فی الحال قوتِ سماعت سے محروم ضرور ہے لیکن اس کی سماعت واپس لوٹ آئے گی۔''

''سچ پیر سائیں!'' قلندر خان کے چہرے پر خوشی کی لہر دوڑ گئی پھر اس نے کچھ سوچ کر سہمے ہوئے لہجے میں پوچھا۔ ''پیر سائیں، میرا بیٹا زندہ تو رہے گا؟''

''خدا نے چاہا تو وہ طویل عمر پائے گا۔''

''اس کی سال گرہ ہو جائے تو میں آپ کا منہ موتیوں سے بھر دوں گا پیر سائیں''۔ اس نے ترنگ میں آکر کہا۔

''میری دو باتوں کا خیال رکھنا قلندر خان۔'' میں نے اسے تاکید کی۔ ''سالگرہ سے پہلے زچہ و بچہ دونوں کو حویلی سے دور رکھنا۔ اس کے علاوہ پانچویں وقت کی نماز پابندی سے پڑھنی شروع کر دو اور ہر وقت توبہ استغفار کرتے رہا کرو، آگے جو قدرت کو منظور ہو۔''

''پیر سائیں!'' قلندر خان نے ہاتھ باندھ کر عرض کی۔ ''آپ میرے بیٹے کا کوئی نام بھی تجویز کر دیں تو مہربانی ہوگی۔''

''عنایت اللہ'' میں نے تھوڑے توقف سے کہا۔ ''تمہیں جو خوشی قدرت نے عنایت کی ہے اس کے پیش نظر یہی نام مناسب رہے گا''۔

''جو حکم پیر سائیں۔'' قلندر خان نے مجھے تعریفی نگاہوں سے دیکھا پھر اٹھتے ہوئے بولا۔ ''میری ایک درخواست ہے۔ عنایت اللہ کی پہلی سالگرہ

میں بڑی دھوم دھام سے کروں گا۔ میری خوشی ہوگی کہ آپ بھی اس میں شرکت کریں۔"

"وقت آنے دو قلندر خان میں تمہاری خوشیوں میں شریک ہونے کی کوشش کروں گا۔"

"سائیں! وہ جاتے جاتے مجھے دیکھ کر بولا۔" میرا بیٹا سن اور بول تو سکے گا نا"۔

"اس پر بھروسا رکھو، وہ بہتر ہی کرے گا۔

قلندر خان خوشی خوشی چلا گیا لیکن میں اپنی جگہ مراقبے میں ملنے والے اشارے پر غور کرنے لگا۔ مجھے جو کچھ نظر آیا تھا وہ تو سو فیصدی قلندر خان کے حق میں نہیں جاتا تھا۔ اس رات میں نے قلندر خان کے لئے دعا کرنے کی خاطر خدا کے حضور سجدہ ریز ہو گیا لیکن سجدے کی کیفیت ہی میں، میں نے بجلی کے کڑکنے اور بادل کے گرجنے کی آواز سنی میرے نزدیک اس بات کی ترجمانی کرتی تھی کہ خداوند کریم مجھ سے خوش نہیں ہے، میں سرتا پا لرز اٹھا۔ نماز پوری کرنے کے بعد میں نے توبہ استغفار شروع کر دی۔

یہ پہلا موقع تھا جب مجھے مایوسی کا شدید احساس ہو رہا تھا، یقیناً مجھ سے کوئی ایسی حرکت سرزد ہوئی تھی جو کاتب تقدیر و پسند نہیں آتی تھی، غالباً میں نے رحمانی طریقے سے ہٹ کر جو پتلے والا عمل کیا تھا وہی میری پکڑ کا باعث بن گیا تھا۔ میں سر جھکائے آہ زاری کرتا رہا، اس کے حضور مجرموں کی طرح ہاتھ باندھے معافی کی درخواستیں کرتا رہا، میری آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگ گئی تھی۔ مجھے اپنا ہوش نہیں تھا، صرف ایک خیال میرے پورے وجود کو لرزہ براندام کر رہا تھا، میری ایک غلطی، قدموں کی ایک لغزش نے مجھے اس قادر مطلق کی نگاہوں میں شرمندہ کر دیا تھا جس نے مجھے اپنی رحمتوں سے، اپنے کرم سے نواز رکھا تھا۔

میں آنکھ بند کئے سچے دل سے توبہ کرتا رہا، گڑگڑاتا رہا، اس کی شان کریمی سے رحم کی درخواست کرتا رہا، میرے اوپر وجد اور وقت کی ملی جلی کیفیت طاری ہو رہی تھی، پھر میں نے مدہوشی کے عالم میں ایک سفید ریش بزرگ کو اپنے سامنے کھڑا دیکھا جو سرتا پا سفید لباس میں ملبوس تھے، ان کے سر کے بال دیکھ کر میری حالت غیر ہونے لگی، مجھے سفید بالوں کا وہ گچھا یاد آ رہا تھا جو میں استخارے کے دوران دیکھ چکا تھا۔ بزرگ کے ہاتھوں میں سفید رنگ کی ہی ایک تسبیح تھی جس پر ان کی نرم و ملائم انگلیاں گردش کر رہی تھیں..... وہ کسی وظیفے کا ورد کر رہے تھے لیکن ان کی نگاہیں بدستور میرے چہرے پر مرکوز تھیں، ان کے جاہ و جلال کا یہ عالم تھا کہ میں ان سے مخاطب ہونے کی ہمت نہیں کر پا رہا تھا، وہ یقیناً خدا کا کوئی نیک اور بزرگ بندہ تھا جو مجھ سے زیادہ قوت کا مالک تھا۔

"میں حاضر ہوں۔" کچھ توقف کے بعد بزرگ کی نرم آواز میرے کانوں میں اتری۔" تم نے مجھ یاد کیا تھا؟"۔

"میں نے....." میں گڑبڑا کر رہ گیا۔

"تم شاید بھول رہے ہو۔" بزرگ کے گلابی ہونٹوں پر بڑی ملکوتی مسکراہٹ ابھری، تم نے دم کی ہوئی سوئیاں آٹے کے پتلے کے سر میں اسی لیے اتاری تھیں کہ میں تم سے رابطہ کروں، چنانچہ خدا کے حکم سے حاضر ہوں۔ کہو، کیا چاہتے ہو؟"۔

بزرگ کی بات سن کر میرے پیروں تلے سے زمین نکل گئی میں جو اندازے لگا چکا تھا وہ ایک پل میں باطل ہو گئے، بزرگ کے جواب سے صاف ظاہر تھا کہ قلندر خان کی پریشانیوں کا کچھ تعلق انکی ذات سے بھی تھا۔ خدا کے بھید وہ ہی بہتر جانتا ہے۔ قلندر خان کو کس گناہ کی سزا دی گئی تھی، میں ابھی تک اس کی گہرائیوں کو نہیں پا سکا تھا، البتہ اس کے یہاں آخری ولادت ہونے کے بعد میں نے مراقبے کی حالت میں یہی دیکھا تھا کہ قلندر خان سفید بالوں کے گچھے میں بری طرح الجھ کر بے بس ہو رہا ہے اس پر نزع کی کیفیت طاری نظر آ رہی تھی جسے میں نے اس پر ظاہر کرنا مناسب نہیں سمجھا تھا لیکن میں نے یہ ضرور جان لیا تھا کہ اب وہ کسی سخت اور جان لیوا حالات سے ضرور دوچار ہونے والا ہے۔

"تم خاموش کیوں ہو؟" بزرگ نے دوبارہ بے حد ٹھنڈے اور ٹھہرے ہوئے لہجے میں مجھ سے کہا۔" کیا تم نے مجھے سامنے لانے کی خاطر ایک غلط عمل کا سہارا نہیں لیا تھا؟"

''میں اپنی غلطی پر شرمندہ ہوں۔'' میں نے سچے دل سے کہا۔ ''میں نے دانستہ ایسا نہیں کیا تھا''۔

''تم نے اس قادر مطلق کو فراموش کر کے اپنی قوت کو آزمانا چاہا تھا''۔

''ہاں، میرے بزرگ، لیکن میں خدا سے تمام زندگی اپنی اس غلطی کی توبہ کرتا رہوں گا..... مجھ سے شناخت میں جو غلطی سرزد ہو چکی ہے وہ ہمیشہ میری اصلاح کرتی رہے گی''۔

''انا کو مارنے کی کوشش کرو۔'' بزرگ نے نصیحت کی۔ ''تمہاری آہ وزاری اور توبہ اس کے حضور میں قبول ہو چکی ہے ورنہ میں اس وقت بھی تمہارے سامنے نہ آتا۔''

''میں بھٹک گیا تھا میرے بزرگ.....'' میں نے آب دیدہ ہو کر اپنی غلطی کا اعتراف کیا، ''میرے حق میں دعائے مغفرت فرمادیں''۔

''وہ جو غلط اور صحیح میں شناخت نہیں کر پاتے صراط مستقیم سے بھٹک جاتے ہیں اور جو حق کے راستے سے دور ہوتے ہیں وہ عتاب الٰہی اور قہر خداوندی کا شکار ہو جاتے ہیں، قلندر خان کو بھی اسی بات کی سزا مل رہی ہے کہ اس نے شناخت کرنے میں جلد بازی سے کام لیا تھا اور خدا کے مقابلے میں اپنی وقتی اور عارضی قوت کے فریب میں مبتلا ہو گیا تھا۔ اب تمہارے آنسو اور دعائیں اس کے کام آجائیں گی لیکن خوشیاں اس کے نصیب سے روٹھ گئی ہیں، کاتب نے جو فیصلہ رقم کر دیا ہے وہ اٹل ہے''۔

''میں نے ایک معصوم اور بے گناہ بچے کی زندگی کی درخواست کی تھی''۔

''مجھے علم ہے۔'' بزرگ نے آہستہ سے جواب دیا۔ ''جس معصوم نے اب اس دنیا میں آنکھیں کھولی ہیں، خدا کی رحمتوں کے سائے تلے پروان چڑھے گا۔ اس کی سماعت اسے واپس مل جائے گی لیکن اس کے لئے ایک وقت کا تعین کر دیا گیا ہے۔ اس کے راز وہی سمجھتا ہے۔ سزا اور جزا دونوں اس کے اختیار میں ہیں۔''

''بے شک، وہ قادر مطلق ہے جس کے سامنے تمام قوتیں ہیچ ہیں''۔ میں نے اقرار کیا۔

''اور کچھ جاننا چاہتے ہو؟ بزرگ کے ہونٹوں پر ایک تبسم جاگ اٹھا۔

''نہیں۔'' میں نے جلدی سے سہمے ہوئے لہجے میں جواب دیا۔ ''میں اب کوئی گستاخی نہیں کر سکتا''۔

''لیکن میں تمہیں بتاتا ہوں کہ قلندر خان کی پریشانی کا راز کیا ہے،''۔ بزرگ نے آسمان کی سمت نگاہ کر کہنا شروع کیا۔ ''اس نے اپنی ایک معصوم اور بے گناہ بیوی پر بے جا شک کیا تھا۔ وہ خدا کی نیک بندی بے حد نیک، ملنسار اور عبادت گزار تھی۔ قدرت نے اسے سیرت کے علاوہ حسن صورت سے بھی نوازا تھا۔ وہ ہر چھوٹے بڑے کا دکھ درد بانٹنے کی عادی تھی لیکن قلندر خان نے اس کے اجلے کردار پر شبہ کیا تھا۔ اس معصوم کے گھر جو ولادت ہوئی اس پر ناجائز ہونے کا شک کر کے خاموشی سے مروا دیا تھا۔ اولاد کے غم نے اس بے گناہ عورت کو دیوانہ کر دیا۔ اس میں بھی خدا کی مصلحت تھی۔ قلندر خان اس کے پاگل ہو جانے سے خوش تھا کہ وہ اپنی صفائی میں کچھ نہ کہہ سکے گی لیکن خدائے ذوالجلال کی دور بین نظروں میں اس کی پاکیزگی مسلمہ تھی چنانچہ قلندر خان کی قسمت میں اولاد کی محرومی لکھ دی گئی۔ یہ عذاب الٰہی تھا جو قہر بن کر اس پر ٹوٹتا رہا پھر قسمت اسے تمہارے حجرے تک لے آئی۔ شاید خدا کو تمہارا امتحان بھی مقصود تھا۔''

بزرگ کا آخری جملہ سن کر میرا سر ایک بار پھر شرمندگی سے جھک گیا۔ میری آنکھوں سے آنسو رواں ہو گئے۔ میں دل ہی دل میں توبہ استغفار کرنے لگا۔

بزرگ میری حالت پر ایک لمحہ خاموش ہوئے پھر تفصیل بتاتے ہوئے بولے۔ ''جس مظلوم کی گود کو اجاڑا گیا تھا وہ دیوانگی کی حالت میں ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مر گئی..... قلندر خان نے اسے پاگل ہونے کے بعد حویلی کے تہ خانے میں پھنکوا دیا تھا۔ اس کی موت واقع ہونے کے بعد اس کی تجہیز و تکفین کرنے کے بجائے اس شقی القلب انسان نے اس مجبور عورت کو، جس کا دل مرتے وقت تک یاد الٰہی سے معمور تھا، حویلی کے بعد کنویں میں پھینکوا دیا تھا۔ اپنے خیال میں قلندر خان نے دنیا والوں سے سب کچھ چھپا لیا تھا لیکن وہ بھول گیا تھا، ایک قوت اور بھی ہے جو دلوں کی ایک ایک دھڑکن کی ترجمانی سے بھی واقف ہوتی ہے۔ چنانچہ قلندر خان کی درازرسی جب کھینچی گئی تو وہ

بلبلا اٹھا۔ اس کے بعد کیا ہوا تم اس کو اشاروں کنایوں میں دیکھ چکے ہو لیکن افسوس کہ تم بھی سچائی کی شناخت سے قاصر رہے"۔

"میں اسے اپنی قسمت کی محرومی کہوں گا۔" میں نے رقت بھرے لہجے میں جواب دیا۔

"سچے آنسو گناہ کو دھو ڈالتے ہیں، ریاکاری اس کو پسند نہیں، وہ ان لوگوں پر توبہ کے دروازے بھی بند کر دیتا ہے جو اس کی وحدت سے منکر ہو کر اپنی قسمت آپ رقم کرنے کے چکر میں مبتلا ہو جاتے ہیں، اسی لئے اس کی مقدس کتاب میں جگہ جگہ تنبیہ کی گئی ہے کہ اس سے ڈرتے رہو، اس کی اطاعت کرو، اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کو اپنے لئے رہنمائی کا آئینہ بنا لو اور ہمیشہ اس سے سکون اور عافیت کی دعا مانگو، وہ بڑا قادر مطلق، رحم دل اور کرم نواز ہے، سچے دل سے گناہ کی توبہ کی خاطر سجدہ ریز ہو تو وہ اپنی شان کریمی کے صدقے بندے کی غلطیوں کو درگزر کر دیتا ہے، رحمتوں اور برکتوں سے نواز دیتا ہے لیکن جو شناخت اور بددیانتی سے کام لیتے ہیں وہ انہیں ایسے عذاب میں مبتلا کر دیتا ہے کہ کسی کروٹ چین نصیب نہیں ہوتا۔ تمہیں بھی نصیحت کروں گا کہ کسی کی دادرسی کرتے وقت آنکھیں کھلی رکھا کرو۔ شناخت اور ناپ تول میں جلد بازی سے گریز کی عادت ڈالو اور "میں" کی حماقت میں کبھی نہ پڑو کہ یہ انسان کو گمراہ کر دیتی ہے"۔

پھر بزرگ نے تسبیح والا ہاتھ بلند کر کے میری طرف مسکرا کر دیکھا اور نظروں سے اوجھل ہو گئے، میں ہڑبڑا کر ہوش میں آ گیا، میرا چہرہ بدستور آنسوؤں سے تر تھا۔ قلندر خان کی بربادی کا راز مجھے معلوم ہو چکا تھا۔

☆☆☆☆☆☆

حسب وعدہ میں قلندر خان کے بیٹے عنایت اللہ کی سالگرہ میں شریک ہوا..... قلندر خان نے بڑی دھوم دھام سے اہتمام کیا تھا لیکن شاید وہ نہیں جانتا تھا کہ سانسوں کا سلسلہ کسی لمحے بھی ٹوٹ سکتا تھا.....

ہنگاموں اور مہمانوں کے شور وغل کے درمیان کیک کاٹا گیا..... تالیوں کی آواز گونجی تو عنایت اللہ نے رونا شروع کر دیا۔ یہ اس بات کی دلیل تھی کہ قدرت نے اس معصوم کو قوت سماعت سے نواز دیا تھا۔ قلندر خان کی خوشیوں کی کوئی انتہا نہیں تھی۔ وہ تیزی سے دیوانہ وار اپنے بیٹے کو اپنی آغوش سے لگانے کی حسرت اس کے دل میں رہ گئی..... یہ اس بات کی سزا تھی کہ اس نے ایک عبادت گزار اور معصوم عورت کی شناخت میں غلطی سے کام لیا تھا اور اپنے دل کی گواہی پر نہ صرف اسے موت سے ہمکنار کر دیا تھا بلکہ اس کی لاش کی بھی بے حرمتی کی تھی جس کی سزا سے بہرحال بھگتنی پڑی تھی..... اس کی اپنی آغوش بھی اولاد کی نعمت سے محروم رہ گئی تھی۔

خدا ہم سب کو اپنے عذاب سے محفوظ رکھے۔ شناخت کی صلاحیتوں سے نوازے اور صراط مستقیم پر چلنے کی عادت ڈالے، آمین۔

اس کہانی سے کیا سبق حاصل ہوا؟

یہ کہانی عملیاتی لحاظ سے بہت اہم ہے۔ اس میں کئی اسرار و رموز پوشیدہ ہیں جو اہلِ علم لوگ پڑھنے کے ساتھ ساتھ جان چکے ہوں گے۔ مبتدی حضرات وخواتین کے لیے مختصراً اہم اہم باتیں تحریر کی جاتی ہیں۔

1 ادب اور اخلاق کا تقاضا یہ ہے کہ جب بھی کسی اللہ والے بزرگ یا درویش کے پاس جاؤ تو ادب واحترام کا پورا پورا خیال رکھو۔ ان سے دھیمے انداز میں اور اجازت لے کر کلام کرو۔ اللہ والے بھی روحانی دنیا کے سردار ہوتے ہیں۔ ان سے حاکمانہ انداز کے بجائے عاجزانہ انداز میں گفتگو کی جائے۔ ان کی دل آزاری سے حتیٰ الامکان بچنا چاہیے۔ چونکہ ان کی ناراضگی پر مالک کائنات بھی ناراض ہو سکتے ہیں اور ان کے دل سے بددعا بھی نکل سکتی ہے اور ہمیشہ اس بات کی کوشش کی جائے کہ بجائے کسی نوکر و خادم کے، خود ان کی خدمت میں حاضری دے۔

2 بزرگانِ دین، اولیاء اللہ، عاملین مشکل کشاء نہیں ہوتے۔ انہوں نے تو مالک کائنات کے سامنے درخواست ہی پیش کرنا ہوتی ہے۔ قبولیت اور عدم قبولیت مالک کے ہاتھ میں ہے اور ہر کام کے ہونے کا وقت کاتبِ تقدیر نے مقرر کر رکھا ہے اور وہ اسی وقت ہوتا ہے۔ کام ہونے یا نہ ہونے پر انسان کسی کو غلط یا ٹھیک نہیں قرار دے سکتا!

3 عاملین کو علاج سے پہلے تمام عوامل اور اسباب پر ضرور نظر ڈالنی چاہیے اور سابقہ علاج کی تمام تفصیلات بھی مختصراً پوچھ لینی چاہئیں اور ان میں ناکامی کی

وجہ کو بھی لازماً مدنظر رکھنا چاہیے۔ بعض اوقات دور بیٹھ کر معاملے کی تہہ تک پہنچنا مشکل ہوتا ہے اور متاثرہ مکان وغیرہ میں خود جا کر چیک کرنا بہت ضروری ہوتا ہے۔

4 ہر کام میں بغیر سوچے سمجھے ہاتھ نہیں ڈال دینا چاہیے۔ بلکہ استخارہ اور کامل تشخیص کے بعد ہی علاج شروع کرنا چاہیے۔

5 اپنے روحانی وجسمانی معالج سے کوئی بات پوشیدہ کبھی بھی نہیں رکھنی چاہیے اور نہ ہی جھوٹ بولنا چاہیے۔ اور معالج کو بھی دیکھنا چاہیے کہ معاملہ سچا ہے یا جھوٹا۔ ہمیشہ پیسوں کی خاطر کبھی غلط کام نہیں کرنا چاہیے اور عمل یا علاج سے پہلے صدقہ لازمی کروانا چاہیے۔ اس لیے کہ صدقہ سے بلائیں ٹل جاتی ہیں اور بندہ خدا کی خاص حفاظت میں آجاتا ہے۔

6 بعض سفلی جادوگر بذریعہ جنات تعویذات وغیرہ غائب کروادیتے ہیں، بعض اوقات شیطانی چیزیں خود بھی ایسی حرکتیں کرتی ہیں۔

7 عوام الناس روحانی علاج کو کھیل تماشہ یا بالکل معمولی سمجھتے ہیں۔ حالانکہ روحانی معالج اپنے مریضوں کی وجہ سے خطرات سے کھیلتا ہے۔ بعض اوقات تو سفلی جادو کی کاٹ میں یا سخت جناتی کیس میں عامل موت کے منہ میں ہوتا ہے۔ دوسروں کی جان بچاتے بچاتے اس کی اپنی جان جانے کا بھی اندیشہ ہوتا ہے۔ لوگوں کیلئے وہ اپنی زندگی، اپنے بچوں کی زندگی اور اپنے مستقبل کو داؤ پر لگادیتا ہے۔

8 روحانی علاج کروانے کے دوران پیش آنے والے واقعات اور روحانی علاج کا تذکرہ اپنے معالج کے علاوہ کسی سے ہرگز ہرگز نہیں کرنا چاہیے کیونکہ ہوسکتا ہے کہ جن کے سامنے آپ تذکرہ کررہے ہوں، وہی آپ کے دشمن ہوں اور آپ پر جادو کروارہے ہوں۔ اس حالت میں وہ کام کو اور سخت کروادیں گے، جس میں آپ کا علاج بھی ناکام ہوسکتا ہے۔

9 مریض کو اپنے روحانی معالج سے کبھی بھی بدتمیزی سے پیش نہیں آنا چاہیے۔ اس میں بعض اوقات مریض اپنا بہت کچھ نقصان کروا بیٹھتا ہے۔

10 بعض اوقات انسان اپنے گناہوں کی وجہ سے حالات کی دلدل میں پھنس جاتا ہے۔ اب بجائے توبہ کرنے کے، عاملوں کے چکر میں پڑ جائے گا اور کام نہ ہونے پر عاملوں کے جھوٹا اور فراڈی ہونے کے فتوے صادر کرے گا۔ بے شک سبھی عاملین نیک، مخلص نہیں ہوتے لیکن سبھی غلط بھی تو نہیں ہوتے۔

اور دوسری بات یہ ہے کہ یہ عقیدہ ہی غلط ہے کہ عامل اپنی مرضی سے سب کچھ کرسکتا ہے۔ کیونکہ عامل نے تو اسباب کی حد تک فقط رہنمائی اور معاملے کے حل کی کوشش کرنی ہے۔ رزلٹ اور نتیجہ تو ہر کام کا من جانب اللہ ہی ہوتا ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ لوگوں کی اکثریت اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی، احکامات شریعت سے دوری، حدود اللہ کی پامالیاں اور غیر شرعی، ناجائز کاموں کی وجہ سے اللہ کی پکڑ میں آئی ہوئی ہے۔ اللہ کی پکڑ اور عذاب کو عامل کیسے ہٹا سکتے ہیں؟ اس کے لیے اللہ سے سچی توبہ، اس کے سامنے ندامت کے آنسو، گناہوں کے ماحول سے اجتناب اور احکاماتِ شریعت کی پیروی ضروری ہے۔ اللہ کی پکڑ کو اللہ ہی ہٹا سکتے ہیں، کوئی عامل نہیں۔

ھدیہ 7100 روپے

منذرہ کبیر

جنات، جادو، آسیب، دشمن، جادوگر، شیاطین کے خلاف ایک انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار ہے۔ جس عامل کے پاس یہ عمل ہوتا ہے، اس پر آسانی سے جادو اور جنات کا حملہ نہیں ہوتا۔ اس عمل کے پیچھے جو مخلوق ہے، وہ لڑنے کی ماہر ہے اور دشمن کو اچھا سبق سکھانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ چھوٹے درجے کے جنات وجادو صرف اس کے دم سے ہی ختم ہوجاتے ہیں یا بھاگ جاتے ہیں۔ آج کل کے ماحول کے لحاظ سے ایک بہترین عمل ہے۔ اس عمل کا کم از کم ایک چلّہ کرنا ضروری ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

+92-322-7772772

حب وتسخیر کے چند خاص الخاص اعمال

ماہر علومِ مخفی صوفی حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہٗ (حویلی لکھا)

عمل تسخیر کائنات

یَا جَامِعُ یَاوَدُوْدُ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ جَمِیْعِ الْمَخْلُوْقَاتِ الْعُلْوِیَّاتِ وَالسِّفْلِیَّاتِ وَ الرُّوْحَانِیَّاتِ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ مَعَ الْفَتُوْحَاتِ سَامِعًا مُّطِیْعًا بِحَقِّ یَاجَامِعُ یَاوَدُوْد۔

نوچندی جمعرات سے شروع کریں اور بعد نماز عشاء پانچ سو مرتبہ روزانہ چالیس روز تک بلاناغہ تلاوت کریں۔ اول وآخر درود شریف ایک ایک سو مرتبہ تلاوت کریں۔ بعد زکات روزانہ ایک تسبیح پڑھا کریں۔ اور درود پاک اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھتے رہیں۔ بے حد تسخیر ہوگی۔ ہر وقت مخلوق کا ہجوم رہے گا۔

سورہ نمل کا عمل حب بے مثال

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ اَجِبْ دَعْوَتِیْ یَااَمْعَا کِیْلُ بستم خواب وخور فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں۔ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ یَا جِبْرَائِیْلُ بستم دو چشم فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں۔ فَعَلَ رَبُّكَ یَاشمسائیلُ۔ بستم دو گوش فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں۔ بِاَصْحَابِ الفِیل یَاکلکائیلُ بستم زبان فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں۔ اَلَمْ یَجْعَل کَیْدَھُم یَالُومائیل بستم بینی فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں۔ فِیْ تضلیل یَا میکائیلُ بستم ھفت اندام فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں۔ وَاَرْسَلَ عَلَیْھِم یَااسرافیلُ بستم دھن فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں۔ طَیْرًا اَبَابِیْلَ یَاتَرتَائیلُ بستم گلو فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں۔ تَرْمِیْھِمْ بِحِجَارَۃٍ یَاعزرائیل بستم سینہ فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں۔ یَابدوح مِنْ سِجِّیْلٍ یَا کشفائیلُ بستم قلب فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں۔ جَعَلَھُم یَااجمائیل بستم شکم فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں۔ کعصف ماکول یاتنکافیلُ بستم ناف ودبر فلاں بن فلاں عَلٰی حُبِّ فلاں بن فلاں۔ سَامِعًا مُطِیْعًا حَافِظًا اَجِبْ بِحَقِّ الٓمّٓ تَرَ کَیْفَ یَارَبِّ الْعٰلِمِیْن۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ انیس مرتبہ کسی چیز پر پڑھ کر دم کریں اور مطلوب کو کھلا دیں۔ وہ محبت میں بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ شکر سرخ پر دم کر کے چیونٹیوں کو کھلا دیں۔ تو مطلوب کا دل آپ کی محبت میں اس طرح بے قرار ہوگا جیسے اُس کے دل کو کوئی چیز کاٹ رہی ہے۔

تیسرا طریقہ یہ ہے کہ لکھ کر دھو کر مطلوب کو کسی چیز میں پلا دیں۔ تو بھی مطلوب محبت میں دیوانہ وار حاضر ہوگا۔

تسخیر محبوب کا نایاب عمل

"بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ یَاحَنَّانُ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَامَنَّانُ لَمْ یَلِدْ یَا کَرِیْمُ وَلَمْ یُوْلَدْ یَارَحِیْمُ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ یَاعَزِیْزُ یَاوَدُوْدُ۔"

بعد نماز عشاء اکتالیس مرچ سیاہ لیں، ہر ایک مرچ پر اکتالیس مرتبہ مندرجہ بالا عمل تلاوت کریں۔ اور دن کے وقت سوئی میں ایک ایک مرچ سیاہ پرو کر آگ پر جلائیں۔ اور ہر مرچ جلاتے وقت یہ کہیں کہ

"میں فلاں بن فلاں کے دل کو اپنے عشق کی آگ میں جلاتا ہوں۔"

عاملین کے لیے پرنٹڈ تعویذات کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/sale/printed_taweez

اکتالیس دن بعد محبوب سات کوٹھریوں میں بھی بند ہوگا تو عامل کے قدموں میں حاضر ہوگا۔صرف جائز اور حلال ضرورت کے لیے کریں ورنہ نقصان ہوگا۔

سخت دل مطلوب کو مسخر کرنے کیلئے

جمعرات کے دن ریاضت شروع کریں، روزہ کی شرط کے ساتھ جب جمعہ کی رات ہو تو عشاء کی نماز کے بعد وتروں سے پہلے دو رکعتیں پڑھیں۔پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ البروج اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح اس شرط کے ساتھ کہ قیام جلسے اور رکوع وسجود میں مقررہ تسبیح کے بعد یا وُدُود بیس، بیس مرتبہ پڑھیں۔اور اس کے بعد بھُنے ہوئے چنے بیس عدد لے کر ہر دانے پر ایک ہزار مرتبہ یا وُدُود پڑھیں۔اور پڑھنے کے بعد دانوں پر دَم کریں اور ہر سینکڑے کے بعد سات مرتبہ یہ دُعا پڑھیں۔دُعا یہ ہے:

”بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاِسْمِكَ الْوُدُوْدُ اَنْ تَسَخِّرْلِیْ قَلْبَ (فلاں بن فلاں) بِالْمَحَبَّةِ وَالْمَوَدَّةِ وَالْعَطْفِ وَالطَّاعَةِ وَالْقَبُوْلِ وَالتَّسْخِيْرِ وَالْهِدَايَةِ وَالْمَحَبَّةِ الدَّائِمَةِ الْمُحْرِقَةِ الشَّدِيْدَةِ وَاَنْ تَجْعَلَ نَاصِيَتَهٗ بِيَدِیْ وَعَلٰى مُرَادِیْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ“۔

پھر ان کو ایک کپڑے میں رکھیں اور اس پر سورہ اخلاص چالیس مرتبہ اور سورہ یٰسین سات مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔پھر اسے آگ جلنے کی جگہ کے قریب دفن کر دیں مقصد پورا ہوگا۔

دوسروں کی نظروں میں محبوب بن جائیں

جو کوئی قرآن پاک کی آیت فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿یٰسین:۸۳﴾

اول و آخر درود شریف کے ساتھ گیارہ مرتبہ پڑھ کر روزانہ بلاناغہ اپنے اوپر دم کرے گا، وہ شخص لوگوں کی نظروں میں محبوب بن جائے گا۔

ہر طرح کے مہلک، جان لیوا اور دیرینہ امراض کا روحانی علاج کرنا سیکھیں.....فون پر یا دور سے دم کریں

آج کے دور میں جو امراض دیکھنے میں آ رہے ہیں، وہ پہلے نہیں تھے۔اور یہ امراض تیزی سے پھیلتے جا رہے ہیں۔لوگ جسمانی علاج معالجہ پر لاکھوں روپے خرچ کرتے ہیں۔جب کہ روحانی علاج میں خرچ بہت معمولی ہوتا ہے۔آج کوئی بھی گھر ایسا نہیں جس میں بیمار افراد نہ ہوں۔اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ ایسا عمل سیکھا جائے، جس کی مدد سے ہر طرح کے امراض کا علاج کیا جا سکے۔اسی ضرورت کے پیشِ نظر دارالعمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ، عوام کے لئے ایک نورانی عمل پیش کر رہی ہے، جس کو سیکھ کر عام فرد بھی اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ ہر طرح کے مہلک، خطرناک اور جان لیوا امراض سے لے کر معمولی سے معمولی امراض کا علاج بذریعہ دم کر سکتا ہے۔یہ دم وہ فون پر بھی کر سکتا ہے۔اور تصور میں بھی دور کے مریضوں کو دم کر سکتا ہے۔

روحانی علاج کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس میں کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں۔اور جو علاج دیا جاتا ہے، وہ ایک ہی وقت میں کئی افراد بھی کر سکتے ہیں۔یعنی جو روحانی دوا دی جائے گی، وہ گھر کے تمام افراد استعمال کر سکتے ہیں۔اس طرح جو مریض ہوں گے، ان کا علاج شروع ہو جائے گا، جو نہیں ہوں گے، ان کی قوتِ مدافعت مضبوط ہوگی۔نیز جو جسمانی علاج کروا رہے ہوں گے، وہ علاج بھی جلد کام کرے گا اور اس سے کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ان شاء اللہ

اس عمل کو ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔علمائے کرام کے لئے فیس **1600** روپے ہے۔غیر عالم کے لئے فیس **2100** روپے ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

فون دفتر: **042-35410586** موبائل دفتر: **0343-7772772**

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

عمل حاضرات بسم اللہ

حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم

عزیمت عمل

اس عمل کی ایک عزیمت بزرگوں نے تیار کی ہے۔ وہ یہ ہے: ”بسم اللہ الرحمن الرحیم بحق اجب یا جرائیل یا میکائیل یا اسرافیل یا عزرائیل۔

طریقہ زکوٰۃ

اس عزیمت کی اولاً زکوٰۃ ادا کی جائے۔ طریقہ زکوٰۃ یہ ہے کہ عروج ماہ میں بروز جمعرات، اتوار یا پیر کو شروع کرے اور روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پرہیز جمالی کرے۔ چالیس (۴۰) دن تک روزانہ پڑھتا رہے۔ صوم وصلوٰۃ کی پابندی رکھے۔ جماعت کا اہتمام کرے۔ دورانِ چلہ جھوٹ نہ بولے۔ چالیسویں دن عمل کے اختتام پر سو (۱۰۰) مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے اور میٹھے چاول پکا کر گیارہ نمازیوں کو کھلائے۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔

چند طریقہ استعمال و فوائد

جن و آسیب سے نجات: جن، آسیب، دیو، پری وغیرہ میں سے اگر کوئی کسی مریض کو ستاتا ہو تو اکیس (۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائے، ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

ہر بیماری سے نجات: یہی عزیمت لکھ کر گلے میں ڈالے تو ہر بیماری سے نجات ملے۔

سحر سے نجات: اگر کوئی شخص سحر، سفلی، علوی، عطائی، سیفی، جادو ٹونا وغیرہ کا شکار ہو تو اس عزیمت کے عامل کو چاہیے کہ اکیس (۲۱) مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو صبح و شام اکیس (۲۱) روز تک پلائے اور سرسوں کے تیل پر اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر جسم کی مالش کرائے۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

حاضرات

طریقہ یہ ہے کہ بسم اللہ کا نقش عربی میں لکھے اور نیچے عزیمت لکھے اور سولہویں خانے میں سیاہی بھرے اور سیاہی پر خوشبودار تیل یا عطر لگائے۔ حاضرات کی ایک جگہ الگ کمرے میں بنالے۔ وہاں لوگوں کی آمد و رفت نہ ہو۔ کمرے میں اگر روشندان ہوں تو انہیں بند کرا دے تاکہ روشنی نہ آئے۔ کیونکہ جتنی تاریکی ہوگی اتنی ہی حاضرات میں آسانی ہوگی۔ حاضرات میں ان شاء اللہ جنات، پریاں اور احوالِ عرض صاف نظر آئیں گے۔ حاضرات کے وقت پاک صاف کپڑا بالکل سفید قبلہ رو بچھائیں اور عامل قبلہ رو بیٹھے۔ ایک مٹی کی کوری ہانڈی لے جو نئی ہو۔ اسے الٹا کر کے رکھیں اور اس پر ایک چراغ رکھیں اور اس میں سرسوں کا تیل ڈالیں اور روئی کی بتی بنا کر جلائیں۔ اس وقت لوبان یا اگربتی جلائے۔ ثابت اُڑد منگا کر رکھ لے۔ دورانِ عمل عامل نابالغ بچے کے اڑد مارتا رہے اور عزیمت پڑھتا رہے اور بچے سے کہے کہ وہ سیاہ خانے میں دیکھتا رہے۔ (عامل کو چاہیے کہ اپنا اور بچے کا حصار کر لے)۔ عامل عزیمت اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھے گا کہ ایک مؤکل سیاہی میں نمودار ہوگا جو بوڑھا ہوگا اور سفید لباس میں ہوگا۔ اس کا نام عبدالاحد ہوگا۔ چند ساعت کے بعد دوسرا مؤکل حاضر ہوگا۔ اس کا نام عبدالصمد ہوگا اور یہ جوان ہوگا۔ چند منٹ کے بعد تیسرا مؤکل نمودار ہوگا۔ اس کا نام عبدالرحمن ہوگا۔ چند منٹ کے بعد چوتھا مؤکل حاضر ہوگا۔ اس کا نام عبدالرحیم ہوگا۔ جب مریض چاروں مؤکلوں کو دیکھ لے اور اقرار واعتراف کر لے کہ چاروں نظر آرہے ہیں، تب عبدالاحد کو سلام کرنے کے بعد کہیں ”مریض فلاں ابن فلاں آپ کے سامنے ہے۔ اس پر جو بھی اثر ہو جن کا آسیب کا یا سحر کا دیکھیں، بحق عزیمت، اس کی تفصیل بتائیں“۔

چند منٹ میں عبدالصمد جائے گا اور جو جنات وغیرہ آزار رساں ہوں گے، انہیں حاضر کرے گا۔ اب عامل عبدالرحمن کو ہدایت کرے کہ ان کو بحق عزیمت ہذا، ابھی تحویل اور گرفت میں لے لے۔ چنانچہ وہ اسے باندھ لے گا۔ اس کے بعد عامل سات (۷) مرتبہ عزیمت پڑھ کر (بقیہ ص 17)

باطنی قوت بڑھانے والے آلہ یکسوئی کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/sale/aalaeyaksui.htm

”اہل سیاست سے خطاب“

جوہر کانپوری (انڈیا)

صداقت پر جو ہے، وہ رہبری تسلیم کرتا ہوں
جو سچا رہنما ہے، اُس کی میں تعظیم کرتا ہوں

اور تعصب کو بڑھاوا دینے والے رہبروں بولو
ضمیر و ظرف کے سوداگروں اپنی زبان کھولو

تمہارا فرض کیا ہے اور یہ کیا کر رہے ہو تم
جوانانِ وطن کے دل میں نفرت بھر رہے ہو تم

ضرورت ہے اجالوں کی، اندھیر کر دیا تم نے
کہ لفظِ راہنمائی کو بھی گندا کر دیا تم نے

تجارت کر کے لاشوں کی، محل تعمیر کرتے ہو
غریبوں کے لہو سے، زندگی میں رنگ بھرتے ہو

یہ کمزور آدمی کیا، جانور گھبرائے گا تم سے
جیو گے جب تلک، شیطان بھی شرمائے گا تم سے

غریبوں کے نگر میں، جب بھی قتل عام ہوتا ہے
تمہارے بازوؤں میں حُسن، لب پہ جام ہوتا ہے

تمہارے ہی اشاروں پر، چمن میں آگ لگتی ہے
تمہارے کارناموں سے، بدن میں آگ لگتی ہے

تمہیں ہندو سے ہمدردی نہ مطلب ہے مسلماں سے
وفا کا درس گیتا سے لیا تم نے نہ قرآں سے

مگر مذہب کا نام آجائے تو نعرے لگاتے ہو
یہاں بیر و حرم کے نام پر جھگڑا کراتے ہو

چلایا جنگلی قانون انسانوں کی بستی میں
گرے ہیں مندر و مسجد، تمہاری سرپرستی میں

میں شاعر ہوں، جو دیکھوں گا وہی ہر بار لکھوں گا
تمہیں غدّار لکھا ہے، تمہیں غدّار لکھوں گا

سیاست اس وطن کی، اس قدر گندی نہ تھی پہلے
ردائے مادرِ ہندوستان میلی نہ تھی پہلے

مگر پہلے سیاست میں، لفنگے بھی ناں آئے تھے
گلی کے چور اُچکّے، جیب کترے بھی نہ آئے تھے

شریف انسان جو ہوتا تھا، پہنتا تھا وہی کھدر
جو باعزت ہوا کرتا تھا، بنتا تھا وہی لیڈر

مگر اب تو شریف انسان کی گنجائش بہت کم ہے
سیاست میں وہی آتا جس کے ہاتھ میں بم ہے

سیاست ایک بہت معصوم اور پاکیزہ لڑکی تھی
بڑے بوڑھوں کی یہ آنکھوں کا تارا بن کر رہتی تھی

مگر کم ظرف انسانوں نے عصمت بیچ دی اس کی
برائے فائدہ کھوٹے پہ عصمت بیچ دی اس کی

ہوس کی آگ نے بیداغ دامن کو جلا ڈالا
کہ بد کردار لوگوں نے اسے رنڈی بنا ڈالا

تعصب کو بڑھاوا دینے والے رہبروں بولو
ضمیر و ظرف کے سوداگروں اپنی زبان کھولو

میرے اشعار سے تکلیف تو کوئی نہیں پہنچی
تمہارے دل پر کوئی چوٹ تو کاری نہیں پہنچی

اگر تکلیف پہنچی ہے تو پھر خود کو بدل ڈالو

روحانی نمک کے استعمال سے جسم میں موجود جادو یا جنات کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ ان اثرات سے پیدا شدہ بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ مریض ہر کھانے میں اس کا استعمال ضرور کریں۔ قیمت: 50 روپے

روحانی چینی کے استعمال سے جسم میں موجود جادو یا جنات کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ ان اثرات سے پیدا شدہ بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ یہ عاملین کے خاص الخاص دم سے تیار کی گئی ہے۔ قیمت: 100 روپے

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272
darulamal.org/ruhanishop

آزمائش شرط ہے

نامردوں کو مرد اور مردوں کو شیر بنانے والی قیمتی، آزمودہ مجرب ادویات

ان کے استعمال سے وہ تمام خوشیاں ایک مرد کی جھولی میں آ کر گرتی ہیں۔۔۔جو کسی غلط کاری یا کمزوری کی وجہ سے چھن گئی ہوں

(۱) معجون خاص زعفرانی قیمت:950 روپے

☆جوانوں میں جوانی کی حقیقی چمک ودمک پیدا کرتا ہے۔☆بوڑھوں میں نوجوانوں جیسی چستی اور تیزی پیدا کرتا ہے۔☆جنسی کمزوریوں کا نام ونشان تک ختم کر دیتا ہے۔☆بے رغبتی، بے توجہی، عدم دلچسپی اور بے حسی کا خاتمہ کرتا ہے۔☆خواہشات میں زبردست اور بے انتہا اضافہ کرتا ہے۔☆قوت مردانگی کیلئے ایک بے مثل، باکمال اور لاجواب تحفہ ہے۔☆جنسنگ اور قیمتی جڑی بوٹیوں کا ایک خاص الخاص مرکب ہے۔☆ہر عمر کا مریض بلا جھجک اور بغیر کسی خوف کے استعمال کر سکتا ہے۔☆جسم کو مضبوط اور چہرے کو سرخ وسفید کرتا ہے۔☆اعضائے رئیسہ شریفہ کو زبردست قوت وطاقت دیتا ہے۔☆ہر قسم کی اعصابی کمزوریوں کو ہمیشہ کیلئے ختم کرتا ہے۔☆عضو خاص میں سختی اور مضبوطی کو قائم ودائم رکھتا ہے۔☆نامرد کو مرد بنانے اور کمزور حضرات کو طاقت ور بنانے کے کام آتا ہے۔☆قدرتی طریقے سے ہر قسم کی مردانہ کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔☆جسم کو لوہے کی طرح مضبوط اور طاقت ور بناتا ہے۔☆لاعلاج مریضان باہ کیلئے ہماری دیگر ادویات کا ایک اہم حصہ ہے۔☆طب یونانی اور دیسی جڑی بوٹیوں کا ایک بہترین شاہکار ہے۔☆معجون خاص زعفرانی ہر وقت مطب العارف پر دستیاب ہے۔

(۲) پیغام جوانی کیپسول چھوٹی پیکنگ:750 روپے بڑی پیکنگ:1500 روپے

☆طاقت وقوت کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے۔☆مخفی وپوشیدہ طاقتوں کا سرچشمہ ہے۔☆زندگی کا ایک سچا اور بہترین ساتھی ہے۔☆ہمیشہ کی شرمندگی سے نجات دلاتا ہے۔☆مسرت وشادمانی کے لمحات میں اضافہ کرتا ہے۔☆خاص اوقات میں زبردست اضافہ کرتا ہے۔☆بلا مبالغہ حقیقت میں ہی جوانی کا پیغام ہے۔☆ازدواجی تعلقات کو مستحکم ومضبوط بناتا ہے۔☆روزانہ کی گھریلو لڑائیوں کو محبتوں میں تبدیل کرتا ہے۔☆زوجین کے اعتماد کو ہمیشہ بحال رکھتا ہے۔☆خاوند کو جلدی گھر آنے پر مجبور کرتا ہے۔☆طلاق کے مطالبات کو ختم کروانے والا بہترین تحفہ ہے۔☆مایوس الباہ دوستوں کیلئے ایک عظیم خوشخبری ہے۔☆فوری اور پہلی خوراک میں رزلٹ دینے والا گفٹ ہے۔☆منٹوں کو گھنٹوں میں بدلنے والا ایک خاص نسخہ ہے۔☆ہر عمر کے مرد حضرات بلا خوف وخطر استعمال کر سکتے ہیں۔☆ہر قسم کی نشہ آور اور مضر اثرات سے سو فیصد پاک ہے۔☆آپ کی سوچ سے زیادہ قیمتی اجزاء سے تیار کیا گیا ہے۔☆قدر دانوں کیلئے ایک انمول، بے مثال اور لاجواب چیز ہے۔☆مطب العارف کی طرف سے عوام الناس کیلئے طب یونانی کا 100 فیصد رزلٹ دینے والا ایک خاص مثالی تحفہ ہے۔

(۳) سفوف شباب آور قیمت:850 روپے

☆مایوسیوں کو امیدوں میں تبدیل کرتا ہے۔☆جسم انسانی میں حقیقی شباب کو قائم رکھتا ہے۔☆حکماء اور طبیبوں کے سینوں کا خاص راز ہے۔☆رگوں اور پٹھوں میں غضب کا جوش پیدا کرتا ہے۔☆اعصاب میں زبردست مضبوطی پیدا کرتا ہے۔☆بوڑھوں کو نوجوان بنانے والا ایک نسخہ کیمیا ہے۔☆برف کی مانند ٹھنڈوں کو آگ کی سی تپش دیتا ہے۔☆مرجھائے ہوئے چہروں کو گلاب جیسی رعنائی دیتا ہے۔☆مرد کو حقیقی مرد اور جسم میں بجلی کی سی تیزی پیدا کرتا ہے۔☆قدیم اور شاہی حکیموں کی زندگی بھر کا نچوڑ اور خلاصہ ہے۔☆شوگر کے مریضوں کے لیے بھی ایک نایاب وکامیاب چیز ہے۔☆انتہائی مقوی، بے حد مغلظ اور بے انتہا محرک ہے۔☆جوانی کو قائم ودائم اور ہمیشہ فٹ رکھنے والا سفوف ہے۔☆بڑھاپے کے اثرات اور نشانیوں کو ختم کرتا ہے۔☆ہر قسم کے نقصان دہ اور صحت کو تباہ کرنے والے مضر اجزاء سے پاک ہے۔☆تازندگی استعمال کیا جا سکنے والا ایک بے ضرر قیمتی ٹانک ہے۔☆انتہائی کم خوراک میں بہت زیادہ طاقت پیدا کرتا ہے۔☆ہر عمر میں استعمال ہونے والا ایک ارزاں دیسی نسخہ ہے۔☆سفوف شباب آور مطب العارف کا ایک اہم اور کثیر تعداد میں فروخت ہونے والا انتہائی مفید اور قیمتی اجزاء پر مشتمل بیش قیمت مرکب ہے۔

مطب العارف کی تمام ادویات بذریعہ ڈاک / کوریئر منگوائی جا سکتی ہیں۔

مطب العارف: 586 کامران بلاک اقبال ٹاؤن لاہور

042-35410586, 0307-5525103, Web: darulamal.org/matabalaarif
Email: matabalaarif@gmail.com, Blog: matabalaarif.blogspot.com

ادارے کے خاص خاص تعویذات کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/taweezat

ظالم "مرد" مظلوم "عورت"

سکندر حیات

پچھلے کچھ دنوں سے عورت کی مظلومیت پر مسلسل اتنے اسٹیٹس لکھے گئے کہ انہیں پڑھ کر آنکھوں میں آنسو آ گئے اور فرطِ جذبات میں ہم نے بھی بالآخر وہ قلم اٹھالیا جسے فقط ناڑا ڈالنے واسطے استعمال کرنے کا عزم مصمم کیا تھا۔

سچ کہیں تو بے شک تن تنہا یہ مرد ہی ہے جو اس دنیا میں فساد کی جڑ ہے۔ داماد تو اس مرد سسرے کو ایک آنکھ نہیں بھاتا۔ یہ ہمیشہ اس کے کام میں کیڑے نکالتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ تنگ آ کر شادی کو بربادی کہتا پھرتا ہے۔ اور یہ کمبخت مرد ہی ہے جو گھر میں اپنی بہو کو برداشت نہیں کرتا اور مختلف حیلے بہانوں سے اسے اتنا تنگ کر دیتا ہے کہ وہ الگ گھر چاہنے لگتی ہے۔ کوئی بہو نہیں جو الگ گھر میں خوشی سے رہنا چاہتی ہو۔ یہ خود غرض احسان فراموش مرد ہی ہے جو بیمار اور بوڑھے ماں باپ کو ان کی بدحالی میں چھوڑ کر الگ گھر بسانا چاہتا ہے۔ ایک عورت اسے روکنے کیلئے کتنا زور لگاتی ہے۔ ماں باپ کی دو باتیں سن کر برداشت کرنے کو کتنی نصیحت کرتی ہے۔ کتنا ارمان ہوتا ہے ان کے دل میں ساس سسر کی خدمت کا، لیکن ظالم مرد اس کے ارمانوں کا خون کر کے اسے الگ گھر میں لا پٹختا ہے۔

عورت کبھی دوسری عورت کی غیبت نہیں کرتی اور مردوں کا اس کے بغیر گزارا نہیں۔ ہمیشہ پیٹھ پیچھے ایک دوسرے کو برا بھلا کہتے رہیں گے۔

عورت کبھی اپنے کپڑوں زیورات سامان وغیرہ کا دوسری عورت سے تقابل نہیں کرتی۔ اور یہ نامعقول مرد جب دیکھو، آج رشید نے آسمانی رنگ کاٹن کا جوڑا پہنا ہوا تھا، آج فرید نے واٹر پروف نئے ڈیزائن کی گھڑی پہنی ہوئی تھی۔ اب جو بھی ہو، یہ سب میں نے لے کر رہنا ہے۔

عورت بدترین حالات میں بھی ہمیشہ خوش گمان رہتی ہے۔ کبھی برا نہیں سوچتی۔ ہمیشہ اچھی بات پر فوکس کئے رکھتی ہے۔ جبکہ یہ ناہنجار مرد غضب کے بدگمان ہوتے ہیں۔ ذرا ذرا سی بات پر غلط خیال کے وہ گھوڑے دوڑاتے ہیں کہ خدا کی پناہ۔ لوگ شیطان سے پناہ مانگتے ہیں۔ شیطان مرد کی بدگمانی کی عادت کی وجہ سے اس سے پناہ مانگتا ہے۔

ایمانداری سے بتائیں کیا آپ نے زندگی میں کوئی شکی عورت دیکھی؟

شک عورت کے قریب سے بھی نہیں گزرا۔ اور یہ مرد حد درجے کے شکی واقع ہوتے ہیں۔ عورت بال سنوار کر اور ذرا سا پرفیوم وغیرہ لگا کر سہیلیوں، پڑوسیوں کی طرف کیا نکلے، مرد کا دل خدشات سے بھر جاتا ہے اور طرح طرح کے اندازے قائم کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ اور تو اور اگر کبھی عورت بیچاری اپنے بچوں کے مستقبل کے حوالے سے فکرمند ہو کر ذرا گہری سوچ میں کیا ڈوب جائے، مرد فوراً سوچنے لگتے ہیں کہ ضرور ان کی بیوی کا کہیں اور چکر ہے اور یہ اس کے بارے میں سوچ رہی ہے یا پھر اپنے شوہر سے جان چھڑانے کے طور طریقوں پر غور کر رہی ہے۔

عورت گھر کے کام کاج میں دن رات جتی رہتی ہے۔ تھک جاتی ہے۔ یہاں تک کہ کئی بار تو اپنے پسندیدہ ڈرامے کی قسط بھی نہیں دیکھ پاتی۔ اور یہ ظالم مرد جو دن بھر باہر بارہ سولہ گھنٹے ڈیوٹی کے بہانے آزاد فضا میں عیاشیاں کر کے گھر لوٹتے ہیں، انہیں اتنی توفیق نہیں ہوتی کہ اپنے لئے فرج سے سالن نکال کر گرم کر لیں۔

عورت نہایت درجہ شکر گزار ہوا کرتی ہے۔ خود کے ساتھ کی گئی ایک نیکی کو بھی زندگی بھر یاد رکھتی ہے جبکہ ناشکرے مرد، کسی ایک معمولی سی بات یا تکلیف پر جھٹ سے کہہ دیتے ہیں کہ مجھے تم سے ملا ہی کیا ہے۔ تمہارے ساتھ میں نے غم کے سوا کچھ نہیں دیکھا۔

عورت سمجھدار اور معاملہ فہم ہوتی ہے۔ کبھی جذباتیت کو خود پر حاوی نہیں ہونے دیتی۔ ٹھنڈے دل و دماغ سے فیصلے کرتی ہے۔ اور مرد، اندازہ لگائیں کہ کتنی طلاقیں صرف مرد کے جذباتی پن کی وجہ سے ہوئی ہیں۔ اگر طلاق کا یہ اختیار بوقت نکاح عورت کو دے دیا جائے تو بدترین حالات میں بھی کوئی طلاق واقع نہ ہو۔

عورت سلیقہ مند ہوتی ہے۔ یہ گھر میں ہمیشہ اچھے لباس میں اور صاف ستھری رہتی ہے تاکہ ان کا خاوند ان کی طرف ملتفت رہے۔ جبکہ یہ مرد ذات ہمیشہ پھوہڑ پن کی انتہا پر ہوتے ہیں۔ اگر کسی شادی کی تقریب وغیرہ حتی کے کسی میت والے گھر بھی جانا ہو تو خوب بن سنور کر نکلتے ہیں۔ لیکن اپنے گھر میں ہمیشہ بکھرے بال سری لنکن باولر ملنگا کے مانند رہتے ہیں اور تین تین دن بھی کپڑے بدلنے کی کوئی توفیق نہیں ہوتی۔

ظالم مرد کی داستان بہت طویل ہے۔ فی الحال پہلی قسط پر مظلوم عورتوں کی "تعریف" ہضم کر لوں۔ دوسری قسط زندگی رہی تو پیش کی جائے گی۔

تعویذ خیر و برکت کی تفصیل darulamal.org/ruhanishop/taweezat/khairobarkat.htm

تاریخ پیدائش سے مستقبل کی صحت کی پیشگوئی ممکن

انتخاب: علی آفاق

علمِ نجوم کے مطابق زمین، چاند، سورج اور ستاروں کی کسی کے پیدائش کے وقت پوزیشن شخصیت پر بہت زیادہ اثرانداز ہوتی ہے جس کو سائنسدانوں نے کبھی تسلیم نہیں کیا تاہم سائنس یہ ضرور مانتی ہے کہ آپ کے پیدائش کا مہینہ یا موسم صحت پر مرتب ہونے والے خطرات اور اثرات کے حوالے سے بہت کچھ بتا سکتی ہے۔

جی ہاں واقعی آپ کی پیدائش کا مہینہ مستقبل میں آپ کی صحت کے حوالے سے پیشگوئی میں مدد فراہم کرتا ہے۔

- حضرت مولانا محمد امان اللہ صاحب رحمہ اللہ کے نکاح وشادی کے لئے مجرب اعمال
- علمائے اہل سنت والجماعت دیوبند کے رشتہ وشادی کے لئے مجرب اعمال
- اہل سنت بریلوی حضرات کے رشتہ وشادی کے لئے مجرب اعمال
- اہل حدیث حضرات کے رشتہ وشادی کے لئے مجرب اعمال
- اہل تشیع حضرات کے رشتہ وشادی کے لئے مجرب اعمال
- عاملین کاملین کے نکاح وشادی کے لئے مجرب اعمال
- وٹہ سٹہ کے بھیانک نتائج
- والدین کی مرضی کی شادی یا پسند کی شادی
- نکاح وشادی کے لئے مجرب اعمال
- کیا آپ کی ازدواجی زندگی پختہ ہے؟
- جہیز کے لالچیوں سے اپنی بچیوں کو بچائیں
- رشتہ اور شادی ہونے کی ایک خاص دعا
- دوسری شادی ہونے کے لئے اعمال
- نکاح میں تاخیر کیوں؟

قیمت
80 روپے



رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے ارسال کیا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

برائے رابطہ Ph # 042-35410586
Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
خط وکتابت پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

خوشخبری

حفاظت نمبر

APRIL 2015


حفاظت کے موضوع پر منفرد اعمال کا خزانہ

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا نواں خاص نمبر "حفاظت نمبر" آج ہی طلب فرمائیں

رسالہ عوام وخواص.....سب کے لئے.....یکساں مفید

- عارف باللہ شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی دامت برکاتہم العالی کا حفاظت کیلئے ایک خاص وظیفہ
- اللہ ﷻ کے امر کے بغیر کسی کو نفع اور نقصان نہیں پہنچتا
- روحانی درسگاہ میں روحانی حفاظت کے لیے سکھائے جانے والے اعمال کی تفصیل
- صدقات سے حفاظت
- حفاظت کے چند خاص اعمال
- حفاظت کے لیے درود شریف کے اعمال
- حفاظت کے خاص طلسمی تعویذات
- اولیائے کرام، بزرگانِ دین اور اکابرین علمائے کرام کے حفاظت کے مجرب اعمال
- حضرت مولانا امان اللہ صاحب رحمہ اللہ
- دعائے استعاذہ
- استاذ العاملین حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ کے حفاظت کے لیے مجرب اعمال
- عاملین کے حفاظت کے خاص خاص اعمال
- مجموعہ تعوذات
- دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کی خاص دعا
- دجال سے حفاظت کا انمول تحفہ
- دشمنوں سے حفاظت کے اعمال
- روحانی حفاظت کے اعمال
- ہر برائی، شر اور تمام موذی چیزوں سے حفاظت کے خاص الخاص اعمال
- میرا سالہال سال کا سفر میں حفاظت کا وظیفہ
- نقشِ حفاظت
- لوح مبارک برائے روحانی حفاظت
- مضبوط حصار کی ضرورت
- سورۃ یٰسین، صدقہ اور نیکی سے حفاظت
- روحانی حفاظت ہو تو کیسی ہو
- حفاظت کی تین خاص مسنون دعائیں
- حصار کی ضرورت وحفاظت کے قرآنی اعمال
- اپنے بڑوں سے چھوٹی سی گذارش
- غلط لوگوں اور دشمنوں کی نظر سے مستور رہنے کا ایک خاص عمل
- ایمانی، روحانی، جسمانی حفاظت کے لیے مسنون دعائیں

قیمت 80 روپے



رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے ارسال کیا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

برائے Ph # 042-35410586
رابطہ Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
خط وکتابت پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

خوشخبری

بندش نمبر

OCTOBER-2015

ہر قسم کی بندش ختم کرنے کے اعمال کا خزانہ

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا دسواں خاص نمبر ''بندش نمبر'' آج ہی طلب فرمائیں۔

رسالہ عوام و خواص ..... سب کے لئے ..... یکساں مفید

- بندش کیا ہوتی ہے؟ کیسے لگتی ہے؟ کیسے ختم ہوتی ہے؟
- بندش روزگار کیسے ختم ہو؟
- بندش رشتہ کا علاج
- عامل بندش کا علاج کیسے کرے؟
- عامل کی بندش کے اسباب وعلاج
- اللہ عزوجل کے امر کے بغیر کسی کو نفع اور نقصان نہیں پہنچتا
- نظرِ بد، جادو اور جنات کے اثرات کی روحانی تشخیص کرنے کے طریقے
- اولیائے کرام اور اکابرین علمائے کرام کے مختلف قسم کی بندشوں کو ختم کرنے کے اعمال
- حضرت مولانا امان اللہ صاحبؒ کے بندشوں کو ختم کرنے کے اعمال
- مختلف قسم کی بندشوں کو ختم کرنے اور لگانے کے اعمال
- حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم العالی کے مختلف قسم کی بندشوں کو ختم کرنے کے اعمال
- لوح خلاصی بندش
- بحرالظفر..... بندش رزق و بیان عملیات تسخیر الرزق
- سفلی، بندش، جادو سحر اور جنات کا علاج بذریعہ قرآن و نورانی اعمال
- بندش لگانے و کھولنے کے تیر بہدف اعمال
- مختلف قسم کی بندشوں سے نجات اور بندش لگانے کے اعمال
- ملازم حسین صاحب کے مختلف قسم کی بندشوں سے نجات کے اعمال
- سید ذیشان نظامی کے مختلف قسم کی بندشوں کو ختم کرنے کے اعمال
- امنت باللہ اور چہل کاف کے جنات کے بتائے ہوئے بندش کے علاج بند چیز کو کھولنے کے لیے
- رشتہ کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- کاروبار کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- ہر قسم کی بندش کو ختم کرنے کا ایک مجرب اور خاص الخاص تعویذ
- اولاد کی بندش کو ختم کرنے کا ایک خاص عمل
- اولادِ نرینہ کی بندش کو ختم کرنے کا ایک خاص عمل
- رزق کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- ہر طرح کی بندش کا ایک کرشماتی توڑ
- بندش بندش بندش
- ''کیف مریم اور سورۃ الناس'' زہر مہرہ سے بندش کا مکمل خاتمہ
- کاش البرنی مرحوم کے بندش لگانے کے چند نایاب طریقے
- کرامات جفر-لوح خاص دفع بندش
- ہر قسم کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- مرد اور عورت کی شہوت کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- سفر کی بندش کو ختم کرنے کے اعمال
- بندش لگانے کے خاص اعمال

قیمت 80 روپے



رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے ارسال کیا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

برائے Ph # 042-35410586
رابطہ Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
خط و کتابت پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

خوشخبری

APRIL-2016


اسماء الحسنیٰ نمبر

ماہنامہ خزینۂ روحانیات گیارہواں خاص نمبر ''اسماء الحسنیٰ نمبر'' آج ہی طلب فرمائیں۔

رسالہ عوام وخواص.....سب کے لئے.....یکساں مفید

قیمت 80 روپے

- اسماء الحسنیٰ کے ہر اسم کی الگ مناجات
- جلّہ اللہ الصمد
- برکات اسماء الحسنیٰ
- اسماء الحسنیٰ کے خواص واعمال
- مجموعہ اسماء الحسنیٰ کے چند خاص اعمال
- کراماتِ جفر... تسخیر مؤکل و تسخیر ہمزاد بذریعہ اسماء الحسنیٰ
- نقش اسماء الٰہی بمع خواص



رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے ارسال کیا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

برائے رابطے Ph # 042-35410586
Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
خط وکتابت پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

ستمبر میں اپنی مرادوں کو پورا کرنے کے اوقات سے فائدہ اٹھائیں

یکم ستمبر 2016 کو سورج گرھن لگ رہا ہے۔ 16 ستمبر 2016 کو چاند گرھن لگ رہا ہے۔ گرھن کے اوقات، وہ ہوتے ہیں کہ اگر اس میں عامل بندش کا عمل کرے تو اس کے بہت قوی اثرات ہوتے ہیں۔ ذیل میں چند مسائل ذکر کیے جاتے ہیں۔ اگر آپ کسی بھی مسئلے میں پریشان ہوں تو اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔ ان شاءاللہ پریشانی راحت میں تبدیل ہوجائے گی۔

اگر کوئی اشکال ہو تو استخارہ کر کے رابطہ فرمائیں۔ عمل کا ھدیہ ناقابل واپسی ہوگا۔

ناجائز تعلقات: شوہر کے غیر عورتوں سے، بیوی کے غیر مردوں سے، لڑکوں کے لڑکوں سے، لڑکیوں کے لڑکیوں سے، لڑکوں اور لڑکیوں کے..... الغرض ہر قسم کے ناجائز تعلقات کی بندش تاکہ مزید نہ ہوں۔

نکاح: آپ چاہتے ہیں کہ کسی خاص جگہ ہی نکاح ہو یا کسی خاص جگہ نکاح نہ ہو، تو بندش لگوائیں (فتویٰ لازمی ہے)۔

محبت: شوہر بیوی، بہن بھائیوں، والدین اور اولاد میں اور محرموں کے درمیان محبت ہو، ہر قسم کی ناجائز محبت ختم ہو۔

طلاق: طلاق نہ ہو یا طلاق ہوجائے (فتویٰ لازمی ہے)۔

بری عادات: چوری کرنا، گالیاں دینا، جھوٹ بولنا، مارنا پیٹنا، نافرمانی کرنا، زبان درازی کرنا، ناجائز غصہ کرنا، شک کرنا..... الغرض کوئی بھی بری عادت ہو، اس کا خاتمہ ہو۔

نشہ نہ کرے: شراب نوشی، چرس، افیم، سگریٹ نوشی یا کسی بھی قسم کا نشہ کرتا ہو تو نہ کرے۔

سفر: اگر کچھ ایسے حالات ہوں کہ کسی کا کسی کے گھر، شہر یا ملک جانا نقصان دہ ہو اور وہ جانا چاہتا ہو تو عمل کر کے اس کو رکوائیں۔

زبان بندی: بچہ زبان درازی کرے، بیوی یا شوہر کرے، شاگرد کرے، ملازم کرے یا کوئی بھی آپ کے خلاف زبان درازی کرے تو اس کی زبان اپنے حق میں بند کروائیں۔

دشمن: دشمن دشمنی ختم کردے اور آپ کا دوست بن جائے، دشمن مخالفت ترک کردے، دشمن کا کوئی بھی وار آپ پر اثر نہ کرے، آپ کے خلاف دشمن کسی بھی طرح کا کوئی عمل یا جادو نہ خود کر سکے، نہ کسی عامل سے کروا سکے۔

توجہ فرمائیں

کسی بھی ناجائز مقصد کیلئے کسی بھی صورت میں ہم بندش کے اعمال نہیں کرتے۔ ناجائز مقاصد والے ہرگز رابطہ نہ کریں۔

تسخیر: کسی بھی فرد کو مسخر کر کے کام نکلوائیں جیسے کسی افسر سے، کسی بڑے آدمی سے پیسہ لیا ہو اور واپس نہ کرتا ہو اگرچہ اس کے پاس دینے کو بھی ہو اور اس طرح کے بہت سے کام۔

جادوگر اور عامل: اگر یقین ہو کہ فلاں شخص غلط اعمال کرتا ہے اور لوگوں کو اپنے عملیات سے پریشان کرتا ہے تو ایسے جادوگر یا عامل کے اعمال بندھوائیں تاکہ آئندہ وہ کسی کو تکلیف نہ دے سکے۔

نوٹ:

- .....صرف اور صرف جائز مقاصد کے لیے رابطہ کریں۔
- .....کم از کم ھدیہ گیارہ ہزار روپے (11،000) ہے۔ جو نہ دے سکتے ہوں، وہ عام دنوں میں بندش کا عمل کروالیں۔ گرھن میں کرنے سے معذرت۔

ناظم روحانی علاج گاہ **0324/0344-8439477**

اوقات: صبح 11 بجے تا 5 بجے (جمعہ کو فون نہ کریں)

فون (دفتر): **042-35410586** موبائل (دفتر): **0343-7772772**

Monthly
Khazina-e-Ruhaniyaat CPL # 288

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

ایک بار پھر ایک ہی دن میں کئی اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

■ سورج گرھن صبح 11:13 پر شروع ہوگا۔ دوپہر 02:01 پر مکمل لگے گا۔ شام 05:00 پر سورج گرھن بالکل ختم ہو جائے گا۔ ■ چاند گرھن رات 09:54 پر لگنا شروع ہوگا۔ رات 11:54 پر مکمل لگے گا۔ رات 01:53 پر چاند گرھن بالکل ختم ہو جائے گا۔

سورج گرہن 1 ستمبر 2016ء بروز جمعرات لگے گا..... چاند گرہن 16 ستمبر 2016ء بروز جمعہ لگے گا

دیگر ممالک کے افراد سورج گرہن اور چاند گرہن کے اوقات کے لئے اس لنک کو وزٹ کریں:

www.timeanddate.com/eclipse/solar/2016-september-1
www.timeanddate.com/eclipse/lunar/2016-september-16

قرآنی اعمال

حاتِ سلام: جنات وجادو کا توڑ، روحانی تشخیص، ہر قسم کی بیماریوں کا علاج۔

آیاتِ شفاء: ہر بڑی سے بڑی بیماری کا علاج۔

آیت انگری باموکل: ہر قسم کے شیاطین، جادو، جنات سے حفاظت وعلاج۔

آیت قلب باموکل: بڑے سے بڑے جنات کے مقابلے کے لئے۔

سورۃ مزمل باموکل: بڑے سے بڑے جادو اور جنات کا علاج، سخت دشمن و جادوگروں پر غلبہ، بڑے سے بڑے دنیوی کاموں کے لئے۔

سورۃ فیل باموکل: سخت دشمن (جنات، جادوگر، انسان) کے لئے۔

سورۃ اخلاص باموکل: جنات وجادو کا علاج اور محبت کے لئے۔

بکرے والا عمل: سخت جادو سے نجات کا عمل۔

اونٹ کی ہڈی کا عمل: گھر کی جنات وجادو سے حفاظت کا خاص عمل۔

تھیلی والا عمل: سخت جادو کا علاج۔

منزل: جادو، جنات، شیاطین و بیماریوں کا علاج وحفاظت۔

حصارِ خاص: جادو، جنات، شیاطین و ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

حصارِ قرآنی کبیر: جادو، جنات، شیاطین اور ہر قسم کی آفات سے حفاظت۔

دیگر اعمال

چہل کاف: تمام دنیوی امور میں مجرب، ہر قسم کے جادو و جنات کا علاج، دشمن کے خلاف مضبوط ہتھیار، ہر قسم کی بیماریوں کا علاج۔

چہل کاف باموکل: عامل قسم کے جنات وشیاطین اور بڑے جادوگروں کے خلاف مضبوط ڈھال اور ان کا مجرب علاج۔

عمل باندھ جادو: سحر، جادو، آسیب، جنات و شیاطین، مسان، ہر قسم کے تعویذات، پتلہ، چوکی وغیرہ کا توڑ اور مضبوط حفاظت۔

عمل عصائے کلیم اللہ: ہر قسم کے سحر وجادو کا مضبوط توڑ اور واپسی۔

صرصری والا عمل: سخت جادو کی کاٹ کا مجرب عمل۔

مندرہ شاہی: بڑے سے بڑے جادو کا توڑ، جنات وشیاطین کے اثرات کا علاج، دشمنوں پر غلبہ اور جادوگروں کے خلاف مضبوط ڈھال۔

نورانی مندرہ: جنات و جادو اور بیماریوں کا علاج، ہر قسم کے عمل کو واپس کرنے کی طاقت (مندرہ، ڈنکا، منتر.....سب واپس)۔

نوٹ تمام اعمال کی اجازت کے لئے نقد صدقہ ادا کرنا ضروری ہے۔ یہ سب روحانی ہتھیار ہیں۔ اُتنے عمل کریں، جو سنبھال سکیں۔

رابطہ روحانی درسگاہ ناظم: 0346-4661681، نائب ناظم: 0345-4661681 دفتر: 0343-7772772, 042-35410586

روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں

October'16


ماہنامہ

خزینہ روحانیات لاہور

جلد نمبر 7
شمارہ نمبر 6

Rs.80

نظر بد نمبر





- بچوں کی نظرِ بد کا علاج
- نظرِ بد کی تباہ کاریوں کے چند واقعات
- نظرِ بد سے نجات وحفاظت کے اعمال
- نظرِ بد اور حسد کے اثرات کو دور کرنے کا رقیہ شرعیہ
- اولیاء اور اکابرین علمائے کرام کے نظرِ بد کو ختم کرنے کے اعمال
- سالہا سال سے آزمودہ نظرِ بد کی تشخیص وعلاج کا مجرب عمل
- جادو نظرِ بد، آسیب وجن اور جمیع امراض کا علاج بالرقیہ الشرعیہ
- کس طرح آپ ایک ماہر روحانی معالج کی طرح اثراتِ بد کا علاج کرسکتے ہیں؟

اہم اعلان

پشاور/ اسلام آباد/ راولپنڈی کے روحانی علوم سیکھنے اور روحانی علاج کروانے والوں کیلئے زبردست خوشخبری

اکتوبر 2016ء کا شیڈول

اسلام آباد ۔۔۔۔ مورخہ 8 اکتوبر 2016ء بروز ہفتہ

راولپنڈی ۔۔۔۔ مورخہ 9 اکتوبر 2016ء بروز اتوار

ان شاء اللہ **نومبر 2016ء** کو کراچی کا دورہ ہوگا

رابطہ: 0343-4686217, 0346-4661681

تمام قارئین کو نیا اسلامی سال مبارک ہو۔

ہم دعا کرتے ہیں کہ یہ نیا سال تمام قارئین کے لیے ہر قسم کی پریشانیوں اور مصیبتوں سے نجات اور دعاؤں کے قبول ہونے کا سال ہو۔ (آمین)

دارالعمل چشتیہ
کی روحانی علاج گاہ کی
خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل دی جارہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہوسکتا ہے۔

معاشی مسائل: قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہوجانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل: سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل: رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہوکر یا رشتہ طے ہوکر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

زوجین کے مسائل: زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا طلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل: جان کا دشمن ہوجانا، ناجائز مقدمہ کردینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کرلینا، جادوٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی تخریب کاریاں: رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش ونقصان کرنا۔

جنات کی مستقل پریشانیاں: نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہوکر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی بیماریاں: علاج کرانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل وجگر ودماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض: اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولاد نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض: غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، E-mail کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کرلیں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

ناظم: مولانا علی آفاق صاحب 0324/0344-8439477 (صبح 11 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ) نائب ناظم: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب 0343-4686217 (صبح 10 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ)

ruhaniilajgah
+ruhaniilajgah96 ruhaniilajgah

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772 (صبح 11 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ واتوار)

darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com +92-322-7772772

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی،
معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 7 محرم ۱۴۳۸ھ ..... اکتوبر 2016ء شمارہ 6

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول صدیقی حفظہ اللہ
مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب
معاون مدیر: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

مجلس مسلوودت
- غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)
- ابوانس صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- محمد علیم صاحب (لاہور)
- محمد صالح صاحب (مظفر آباد)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات 0322-4773786

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

بیرون ملک +92-322-7772772

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ
جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت خاص نمبر 80 روپے
سالانہ ممبر شپ عام ڈاک 650 روپے
سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1. **منی آرڈر:** 586 کمران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔
2. **شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی:** JazzCash (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 1-26102215-35202 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں
3. **موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔
   ٹیلی نار 03437722721..... یو بی ایل اومنی 03437772772
   JazzCash 03028401977..... یو پیسہ 33343082867
4. **بینک ڈپازٹ:** میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔ برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 01003777637

نوٹ رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دارالعمل چشتیہ 586 کمران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین "نظرِ بد نمبر"..... اکتوبر سنہ ۲۰۱۶..... ذی الحجہ سنہ ۱۴۳۷ھ

نظرِ بد جیسے اہم اور خطرناک مرض اور علماء، مشائخ، روحانی معالجین، خواص وعوام کی غفلت کی انتہا (خالد مقبول حفظہ اللہ)	4
نظرِ بد کی پہچان (عادل سہیل)	6
نظرِ بد، اکابر کے ارشادات کی روشنی میں (الشیخ ابراہیم بن عبداللہ)	7
اللہ ﷻ کے امر کے بغیر کسی کو نفع اور نقصان نہیں پہنچتا	11
نظرِ بد کے علاج کی بابت ہدایات نبوی ﷺ (حکیم شکیل)	12
اولیاء اور اکابرین علمائے کرام کے نظرِ بد کو ختم کرنے کے اعمال	16
حضرت مولانا محمد امان اللہؒ کے نظرِ بد کے علاج کے اعمال	20
نظرِ بد اور اثرِ بد کے اثرات ختم کرنا (صوفی غلام سرور شباب)	21
دفع نظرِ بد (اسد اللہ سلیمانی، جھنگ)	31
نظرِ بد سے نجات وحفاظت (مولانا حسن الہاشمی مدظلہ)	34
نظرِ بد سے نجات وحفاظت کے اعمال (مولانا اعجاز احمد سنگھانوی)	35
نظرِ بد کی شناخت اور علاج (حکیم صوفی عبدالرؤف نظامی)	36
نظرِ بد کے مریضوں کیلئے نبوی علاج (مولانا سلیم اللہ ظفر)	37
نظرِ بد کی وجہ سے بلند مقام سے گر جانا (مولانا سلیم اللہ ظفر)	38
نظرِ بد کے اثرات اور اس کا قرآنی علاج (سید عبدالخالق عباس)	39
نظرِ بد کا روحانی علاج (قیصر احمد بی۔اے، کراچی)	41
نظرِ بد سے نجات کے اعمال (سید شاہ محمد قادری)	46
نظرِ بد سے نجات وحفاظت (سید علی حسین شاہ)	48
بچوں کی نظرِ بد کا علاج (پیرزادہ سید محمد عثمان نوری)	48
نظرِ بد سے نجات وحفاظت کے اعمال (محمد اشرف امروہوی)	49
نظرِ بد کی تباہ کاریوں کے چند واقعات (مولانا سلیم اللہ ظفر)	56
نظرِ بد پر مفید مضامین (مولانا سلیم اللہ ظفر)	61
نظرِ بد کے اثرات کو ختم کرنے کے لیے تعویذات ونقوش	66
سید ذیشان نظامی کے نظرِ بد کو ختم کرنے کے اعمال	71
نظرِ بد کا علاج نقوش کے ذریعہ سے (مولانا سلیم اللہ ظفر)	72
نظرِ بد کا علاج خود کریں (انتخاب: مولانا علی آفاق)	73
نظرِ بد کی خطرناک صورتحال اور اس کا آسان علاج (مولانا علی آفاق)	74
نظرِ بد کا علاج کتنا عرصہ کرنا چاہیے (اہلیہ سلیم اللہ ظفر)	76
نظرِ بد کا نقصان..... آگ، زہر، گولی اور بارود سے زیادہ ہے	77
تصویر سے بھی نظر لگ سکتی ہے (مقبول احمد سلفی)	78
نظرِ بد کا علاج وحفاظت بذریعہ اسماء الحسنیٰ (ادارہ)	79
نظرِ بد کا علاج بذریعہ قرآنی اعمال (ادارہ)	81
جادو، نظرِ بد، آسیب وجن اور جمیع امراض کا علاج بالرقیہ الشرعیہ	86
نظرِ بد اور حسد کے اثرات کو دور کرنے کا رقیہ شرعیہ	90
سالہا سال سے آزمودہ نظرِ بد کی تشخیص وعلاج کا مجرب عمل	92
دفع نظرِ بد کے اعمال (ذوالفقار احمد عزیز، راولپنڈی)	94
نظرِ بد سے حفاظت کے طریقے	96
نظرِ بد سے نجات اور بچاؤ کی اہمیت (مولانا علی آفاق)	98
کس طرح آپ ایک ماہر روحانی معالج کی طرح اثراتِ بد کا علاج کر سکتے ہیں؟..... خالد مقبول حفظہ اللہ	99

ادارے سے بذریعہ انٹرنیٹ رابطے کے طریقے

Skype: darulamalchishtia, KiK: Darulamal

ادارے کے مختلف شعبوں کی جنرل معلومات حاصل کرنے کے لئے درج ذیل سروسز استعمال کرنے والے افراد یہ نمبر لکھیں

+92-322-7772772

WhatsApp, WeChat, Viber, Nimbuzz, icq ICQ, Fringe, IMO, Line, Tango, BBM

نظرِ بد جیسے اہم اور خطرناک مرض اور علماء، مشائخ، روحانی معالجین، خواص و عوام کی غفلت کی انتہا.....

خالد مقبول حفظہ اللہ (مدیر اعلیٰ ماہنامہ خزینۂ روحانیات)

نحمدہ و نصلی علی رسول الکریم و علی الہ و اصحابہ اجمعین

اللہ ﷻ کا جتنا شکر ادا کروں، کم ہے کہ محض اس کے فضل سے ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا بارہواں خاص نمبر آپ حضرات کے ہاتھوں میں ہے۔ اس خاص نمبر کا موضوع ''**نظرِ بد**'' ہے۔ یہ ایک انتہائی اہم موضوع ہے۔ نظرِ بد وہ چیز ہے، جس سے ہر انسان کو اپنی زندگی میں کئی بار واسطہ پڑتا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ کوئی مانتا نہیں اور کوئی مانتا ہے، مگر جانتا نہیں۔

نظرِ بد کے تباہ کن اثرات بہت زیادہ ہے۔ ہمارے معاشرے میں جادو اور جنات کے اثرات کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔ جب کہ میرے ذاتی تجربے میں زیادہ اثرات نظرِ بد کے ہوتے ہیں اور زیادہ مصائب، آفات اور پریشانیوں کی وجہ بھی نظرِ بد ہوتی ہے۔ جب نظر لگتی ہے تو منفی طاقتوں کا مریض پر قابو پانا آسان ہوجاتا ہے اور جادو اور جنات آسانی سے اثر انداز ہوجاتے ہیں۔

افسوس اس بات کا ہے کہ بڑے بڑے علماء، مشائخ اور روحانی معالجین اس بارے میں سخت غفلت کا شکار ہیں۔ ہر طرف جادو جنات کی بات ہوتی ہے۔ اگر نہیں ہوتی تو نظرِ بد کی نہیں ہوتی۔ کتنے مشائخ اس نظرِ بد کا شکار ہوکر بیمار پڑے ہیں۔ کتنے علماء اس نظرِ بد کا شکار ہوکر پڑھنے پڑھانے سے قاصر ہوگئے۔ کتنے روحانی معالجین کے عمل اور مریضوں پر اسی نظرِ بد کی وجہ سے بندش لگ گئی۔ مگر علاج اگر کرنا ہے تو جادو اور جنات کا۔ نظرِ بد کی طرف کسی کی توجہ نہیں۔

نظر ہر بے جان اور جاندار شے کو لگ سکتی ہے، نظر کے لیے دیکھنا شرط نہیں، اندھے کی نظر بھی لگ سکتی ہے، کسی بہت دور بیٹھے شخص کی بھی لگ سکتی ہے۔ بس یہ سمجھیں کہ کوئی بھی اس دنیا میں ایسا نہیں جو نظرِ بد کا شکار نہ ہوسکتا ہو۔ نبی کریم ﷺ، جو کائنات کی سب سے بڑی ہستی ہیں، انہوں نے خود نظرِ بد سے حفاظت کا اہتمام کیا، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ پر نظرِ بد سے حفاظت کا دم کیا۔ یہ معمولی بات نہیں کہ نبی کریم ﷺ خود بھی دم کر رہے ہیں، کروا بھی رہے ہیں۔ جب کائنات کی سب سے بڑی ہستی کا یہ معمول ہے تو ہم کو تو بہت زیادہ اس معاملے میں ہوشیار ہونا چاہئے تھا۔ مگر معاملہ اس کے بالکل برعکس ہے۔ نظرِ بد کا معاملہ زیادہ تر چھوٹے بچوں کے بارے میں سننے میں آتا ہے۔ اس کے علاوہ بہت کم لوگ اپنی پریشانیوں کی وجہ نظرِ بد کو گردانتے ہیں۔

نظرِ بد کے اثرات اور جادو کے اثرات میں اگر علامات کے ذریعے دیکھا جائے تو فرق کرنا بہت مشکل ہوجاتا ہے۔ جس طرح جادو میں بندشیں لگائی جاتی ہیں، اثرات ڈالے جاتے ہیں..... نظرِ بد میں جادو سے کہیں زیادہ تیزی سے وہی علامات پیدا ہوتی ہیں۔ جادو کی طرح کاروبار کی بندش، رزق کی بندش، صلاحیت کی بندش، کامیابی کی بندش، اولاد کی بندش، اولادِ نرینہ کی بندش، تعلقات کی بندش، صحت کی بندش، خوبصورتی کی بندش، رشتہ کی بندش، عزت کی بندش اور بھی مختلف قسم کی بندشیں لگ جاتی ہیں۔

برِصغیر کے علمائے کرام نے نظرِ بد پر بہت زیادہ توجہ نہیں دی۔ البتہ عرب علمائے کرام نے اس معاملے میں بہت توجہ کی ہے اور باقاعدہ نظرِ بد اور حسد کے علاج پر کئی کتب بھی لکھی ہیں۔ حسد بھی نظرِ بد کی ہی قسم ہے لیکن خطرناک قسم ہے جو صرف تباہی، بربادی، نقصان اور مصیبت ہی لاتی ہے۔

میں اپنا ایک واقعہ لکھتا ہوں۔ ایک دفعہ طبیعت کافی زیادہ خراب ہوگئی۔ ڈاکٹری علاج کروایا، اینٹی بائیوٹک کورس کیے، ہومیو ادویات استعمال کیں مگر طبیعت کسی طرح نہ سنبھلی۔ شک ہوا کہ کہیں جادو اور جنات کے اثرات کا معاملہ نہ ہو۔ خود بھی تشخیص کی اور اپنے روحانی ساتھیوں سے بھی کروائی۔ مگر اثر بھی کسی طرح کا نہ نکلا۔ ایک دن صبح سو کر اٹھا تو بغیر کسی دوائی کے، طبیعت میں بہت زیادہ بہتری تھی۔ بیگم کو بتایا کہ الحمدللہ، طبیعت کافی بہتر ہے۔ پتہ نہیں کیسے ٹھیک ہوگئی؟

اس پر بیگم نے کہا کہ ''**رات کو جب آپ سو رہے تھے تو میں نے آپ کی نظر اتاری تھی۔ بالکل بھی دھسک نہیں آئی**''۔ (ہمارے گھر میں نظر اتارنے کا وہی طریقہ ہے جو اس شمارے کے صفحہ 92 پر دیا گیا ہے)۔

مزید تین چار دن اور نظر اتاری تو الحمدللہ، اللہ ﷻ نے کامل شفا عطا فرمائی۔

عام سی ادویات نے بھی اللہ کے حکم سے فائدہ دینا شروع کر دیا۔ اگر نظرِ بد کی طرف توجہ نہ کی جاتی تو آپ لوگ بخوبی واقف ہیں کہ جب انسان ڈاکٹروں کے ہتھے چڑھتا ہے، تو اس کے ساتھ کیا کیا ہوتا ہے۔

اس واقعے کو بتانے کا مقصد یہ ہے کہ نظرِ بد کے اثرات بہت خطرناک ہوتے ہیں اور بہت تباہی و بربادی لا سکتے ہیں۔ اس لیے خیال ہوا کہ اسی موضوع پر رسالہ نکالنا چاہیے تاکہ زیادہ سے زیادہ عوام کا بھلا ہو اور وہ نظرِ بد کے خطرناک اثرات سے واقفیت بھی حاصل کریں اور اس سے نجات اور حفاظت کی روحانی تدابیر بھی۔

اس خاص نمبر میں ایسے اعمال ہی منتخب کئے گئے ہیں، جو آسان ہوں اور ان کی عام اجازت ہو۔ تعویذات ونقوش والے اعمال بہت کم ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ عوام ایسے اعمال سے مستفیض نہیں ہو پاتے اور غلط نقوش یا تعویذات لکھتے ہیں اور پھر فائدہ نہیں ہوتا۔ اصل میں نقوش وتعویذات لکھنا، عاملین کا شعبہ ہے، عوام کا نہیں۔

آخر میں تمام مشائخ، علماء، روحانی معالجین، خواص وعوام سے گذارش ہے کہ نظرِ بد کی تشخیص اور علاج میں بالکل دیر نہ کریں۔ یہ ہرگز نہ سوچیں کہ ہمیں نظر نہیں لگ سکتی یا ہم تو بالکل ٹھیک ہیں، نظر کی تشخیص کیوں کریں۔ تشخیص ضرور کریں۔ اگر نظر نہ نکلے تو اللہ ﷻ کا شکر ادا کریں۔ اگر نکل آئے تو پھر جلد از جلد علاج کریں، دوسری کوئی بات نہ سوچیں۔

مشائخ اپنے مریدین، علماء اپنے بیانات، اساتذہ اپنے طالب علموں اور ہر شخص اپنے حلقۂ احباب کو نظرِ بد کے بارے میں آگاہ کرے۔ آج کے اس مادیت پرست دور میں حسد بہت زیادہ بڑھ گیا ہے جس کی وجہ سے بہت تباہی آ رہی ہے۔ اگر نظرِ بد کے علاج پر غور نہ کیا گیا اور بھرپور توجہ نہ دی گئی تو پھر جادو اور جنات کے اثرات سے نجات ملنا بھی بہت مشکل ہو جائے گا۔ جس کو نظرِ بد کے سخت اثرات ہوں، اس کے جادو اور جناتی اثرات کا علاج بھی بہت مشکل ہوتا ہے۔ مختصراً یہ سمجھیں کہ نظرِ بد سے نجات حاصل کیے بغیر مشکلات، مصائب اور آفات سے نجات حاصل کرنا بہت ہی مشکل ہے بلکہ قریباً ناممکن ہے۔ نظرِ بد سے زیادہ تیز تباہی لانے والی اس دنیا میں کوئی شے نہیں۔

اللہ ﷻ سے دعا ہے کہ نظرِ بد کے بداثرات سے ہر مسلمان کو محفوظ فرمائیں اور جو اس میں مبتلا ہیں ان کو شفائے کامل عطا فرمائیں۔ آمین

ضروری اعلان

روحانی درسگاہ اور روحانی علاج گاہ کے ناظمین کو خاص الخاص غیبی طاقتیں اور بزرگ جنات کی خصوصی سرپرستی حاصل ہوتی ہے۔ یہ صرف ناظم کے عہدے کے ساتھ مخصوص ہے نہ کہ کسی فرد کے ساتھ۔

مولانا محمد عرفان صاحب اور محمد عامر علوی صاحب کا ادارہ دارالعمل چشتیہ سے تعلق ختم ہو چکا ہے۔ لہٰذا ان دونوں صاحبان کو حاصل شدہ خاص الخاص غیبی طاقتیں اور بزرگ جنات کی خصوصی سرپرستی بھی ختم ہو کر موجودہ ناظمین کی طرف منتقل ہو چکی ہیں۔

قارئین کرام، ممبران، روحانی علاج گاہ اور روحانی درسگاہ سے منسلک افراد کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ رہیں۔ سابقہ ناظمین سے ہرگز رابطہ نہ کریں۔ ادارہ آپ کے کسی معاملہ یا لین دین کا ذمہ دار نہ ہو گا۔ مکمل اعتماد کے ساتھ موجودہ ناظمین سے ہی رابطہ فرمائیں۔ آپ کی بہتر سے بہتر رہنمائی کی جائے گی۔

تفصیلات درج ذیل ہیں

ناظم روحانی درسگاہ: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

0346-4661681 (صبح 10 بجے تا 5 بجے، علاوہ جمعہ)

ناظم روحانی علاج گاہ: مولانا علی آفاق صاحب

0324/0344-8439477 (صبح 11 بجے تا 5 بجے، علاوہ جمعہ)

منجانب: ادارہ دارالعمل چشتیہ

نظرِ بد کی پہچان

عادل سہیل

نظرِ بد (یا جادُو اور آسیب) کا اثر ہونے کی بہت سی علامات ہوتی ہیں۔ کچھ علامات تو ایسی ہوتی ہیں جن کے ظاہر ہونے کی صُورت میں مزید کسی جانچ کی ضرورت نہیں ہوتی اور کچھ علامات ایسی ہوتی ہیں جن کا سبب کوئی جسمانی یا نفسیاتی بیماری یا غیر معمولی رویہ بھی ہوسکتا ہے۔ لہٰذا ہمیں اچھی طرح سے یہ سمجھ لینا چاہیے کہ کسی پر جسمانی مشکلات نمودار ہونے کی صُورت میں اُسے نظرِ بد کا شِکار سمجھ لینے سے پہلے ضروری ہے کہ جسمانی طور پر اس کا طبی معاینہ (Medical Checkup) کروایا جائے اور کسی صحیح مستند نفسیاتی طبیب (Certified Psychiatrist) سے بھی اس کا معاینہ کروایا جائے۔ اور اگر ان دونوں اطراف سے اُس میں کسی بیماری یا غیر معمولی حالت و کیفیت کا پتہ نہ چل سکے تو پھر نظرِ بد لگنے (یا کسی جادو یا آسیب وغیرہ کے اثر ہونے) کے بارے میں سوچنا چاہیے۔

جی ہاں! طبی اور نفسیاتی معاینے کے بعد اس امکان کے بارے میں سوچا جانا چاہیے۔ فی الفور اس پر یقین نہیں کر لینا چاہیے کہ نظر ہی لگی ہے یا کوئی جادُو یا آسیب وغیرہ کا اثر ہوگیا ہے۔

یاد رکھیئے کہ "**وھم**" ایسی خوفناک بیماری ہے جو بہت سی بیماریوں کا سبب بن جاتی ہے اور بسا اوقات انسان کو موت تک لے جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اور ہمارے ہر کلمہ گو بھائی اور بہن کو اِس سے اور ہر شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

جب نظرِ بد، جادُو یا آسیب وغیرہ کے اثر انداز ہو چکنے کا یا ایسے کسی امکان کا معلوم کرنا ہو تو اُس کا بہترین اور تجربات سے ثابت شدہ طریقہ یہ ہے کہ جس شخص کے بارے میں ایسا کوئی شک ہو، اُس شخص پر قرآن کریم کی تلاوت کی جائے۔ اُن آیات کی تلاوت جو صحیح عقیدے اور عمل والے عُلماء کے تجربات کے مطابق اور بلا شک و شبہ اللہ تعالیٰ کی مشیت سے، ایسے معاملات میں عِلاج کی تاثیر رکھنے والی ہوتی ہیں۔

جب ان آیات کو مشکوک شخص یا مریض شخص کے سامنے تلاوت کیا جاتا ہے یا بسا اوقات جب اُس کے سامنے قرآن کریم کی تلاوت کی جاتی ہے تو اُس پر درج ذیل علامات ظاہر ہوتی ہیں:

(1) چہرے پر پیلاہٹ ظاہر ہونا۔

(2) سینے میں گھٹن کا احساس ہونا۔

(3) تلاوت سننے کے دوران جسم کے مختلف حصوں میں درد ہونا۔

(4) معمول سے زیادہ گرمی محسوس ہونا۔

(5) پسینہ آنا، خاص طور پر کمر پر، پسینے کی کمی یا زیادتی سے نظر کی شدت کا اندازہ ہو جاتا ہے۔

(6) پہلوؤں میں درد محسوس ہونا۔

(7) بے چینی کی کیفیت ہوجانا اور اِدھر اُدھر دیکھتے اور متوجہ ہوتے رہنا۔

(8) کسی سبب کے بغیر رونا یا رونے کی کیفیت کے بغیر آنسو جاری ہوجانا۔

(9) کسی وقت یہ حالت پاس بیٹھے ہوئے لوگوں پر بھی ظاہر ہوجاتی ہے، جو کہ عِلاج کی غرض سے نہیں بیٹھے ہوتے۔ ایسی صُورت میں معالج کو اُن کی طرف بھی توجہ کرنا پڑتی ہے، لیکن دیکھنے والوں پر عموماً یہ اثر مریض کی حالت دیکھنے یا آیات شریفہ کو سمجھنے کی وجہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ اِس سے یہ نہیں سمجھا جانا چاہیے کہ وہ لوگ بھی کسی نظرِ بد (جادُو یا آسیب وغیرہ) کا شِکار ہیں۔

(10) پہلوؤں کا پھڑکنا اور جسم کے مختلف حصوں کا بلا ارداہ خود بخود حرکت کرنا۔ پھڑکنے کی اور حرکت کی کیفیت، رفتار اور انداز سے بھی عِلاج کرنے والوں کو نظرِ بد کی قوت کا اندازہ ہوجاتا ہے۔

(11) دِل ڈوبنے کی کیفیت وارد ہونا۔

(12) پٹھوں کا اکڑنا، کھنچنا اور درد ہونا۔

(13) نیند، نیم بے ہوشی اور بے حواسی محسوس ہونا اور کوئی بھی کام کرنے کی قدرت نہ پانا۔

(14) پہلوؤں میں ٹھنڈک کا احساس ہونا۔

(15) کسی طبی اور مادی سبب کے بغیر جسم پر نیلاہٹ اور سبزی مائل دھبوں کا ظاہر ہونا۔

کچھ علامات ایسی ہوتی ہیں جو تلاوت سننے کی حالت کے بغیر بھی ظاہر ہوتی ہیں، مثلاً کسی معروف طبی اور مادی سبب کے بغیر وہ کام کرنے سے عاجز ہوجانا جس کام کو وہ شخص اچھی طرح سے کرتا تھا، یا شوق سے کرتا تھا۔ کچھ علامات ایسی ہوتی ہیں جن کا تعلق نظر کا شِکار ہونے والے کے جسم و جان سے نہیں ہوتا، مثلاً کسی مادی اور ظاہری سبب کے بغیر اُس کے کاروبار، نوکری، مال و متاع، خاندان وغیرہ میں نقصان ہوتے رہنا۔

نظرِ بد اکابر کے ارشادات کی روشنی میں

الشیخ ابراہیم بن عبداللہ الحازمی حفظہ اللہ

حافظ ابن حجرؒ ''نظر'' کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''کسی خبیث اور گندی فطرت والے شخص کا کسی اچھی اور خوشنما چیز (شخص) کو اچھا سمجھتے ہوئے حاسدانہ نظروں سے دیکھنا، اس سے اس شخص کو، جسے دیکھا گیا ہو۔ ضرر اور تکلیف لاحق ہوتی ہے''۔

''نظر لگنا اور اس کے باعث نقصان اور ضرر لاحق ہونا بالکل برحق، ثابت شدہ اور یقینی بات ہے''۔

حافظ ابوعمر رحمہ اللہ بن عبدالبر اپنی کتاب ''التمہید'' میں لکھتے ہیں:

''نظر کبھی تو کسی چیز کو بہت پسندیدہ نظروں سے دیکھنے سے اور کبھی حاسدانہ نظروں سے دیکھنے سے لگ جاتی ہے''۔

علامہ عینی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ:

''انسان کی ذات پر نظر بد کا گہرا اثر بھی پڑتا ہے''۔

(فتح الباری ج ۵۱ / ۱۰۱۲، عمدۃ القاری ج ۱ / ۶۶۲)

علامہ قسطلانی رحمہ اللہ کی نظر کی حقیقت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''جب عائن کسی عمدہ چیز یا شخص کو حاسدانہ نظروں سے دیکھتا ہے تو اس دیکھی جانے والی چیز یا یا فرد کو اس نظر کے باعث تکلف اور ضرر پہنچتا ہے اور یہ بات اللہ کی طرف سے عموماً اثر رکھتی ہے''۔

قاضی ابوبکر ابن العربی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''اللہ پاک، بسا اوقات عائن جب کسی چیز کو پسندیدہ نظروں سے دیکھ رہا ہوتا ہے، اس میں تکلیف دہ عنصر یا ہلاکت کا پہلو اپنی مشیت کے مطابق رکھ دیتے ہیں اور پھر کبھی اس نظر بد کے اثرات واقع ہونے سے پہلے ہی دعاؤں اور اولاد وغیرہ کے ذریعے دور فرما دیتے ہیں اور کبھی کبھار نظر لگ جانے کے بعد ''رقیہ'' غسل (عائن کے اعضاء کے دھلے ہوئے پانی سے) اور اس کے علاوہ دوسری چیزوں کے ذریعے دور فرماتے ہیں''۔

امام خطابی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''نظروں کا اشیاء و نفوس پر اثر پڑتا ہے''۔

ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

''اللہ کے حکم سے نظر بد کا لگنا اور اس کی تاثیر برحق ہے''۔

(تفسیر ابن کثیر، ۰۱ / ۰۱۴)

ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

''کچھ کم علم نظرِ بد کو مؤثر قرار نہیں دیتے بلکہ اسے محض توہم پرستی سے تعبیر کرتے ہیں اور اس کی حقیقت کو تسلیم نہیں کرتے حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ ایسی سوچ رکھنے والے لوگ جاہل ہیں اور روحوں کی تاثیر اور صفات سے واقف نہیں۔ نیز ان کی عقلوں پر پردہ پڑا ہوا ہے۔ اور دوسری طرف ہر امت اور قوم کے عقلمند لوگ، اختلاف مذاہب کے باوجود نظرِ بد کا انکار نہیں کرتے''۔ (زاد المعاد ۴ / ۵۶۱)

امام رازی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

''نظر بد کے برحق ہونے کی کئی وجوہ ہیں۔ ایک وجہ تو یہ ہے کہ بہت سے متقدم مفسرین نے اس آیت (یوسف: ۶۷) سے یہی مراد لیا ہے اور دوسری وجہ یہ کہ نبی کریم ﷺ حضرت حسنؓ و حسینؓ کو نظرِ بد سے بچاؤ کا دم کیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ اس طرح حضرت ابراہیمؑ حضرت اسماعیلؑ و اسحاقؑ کو بھی دم کیا کرتے تھے''۔

(تفسیر رازی، تحت سورۃ یوسف، آیت ۶۷)

علامہ آلوسی رحمہ اللہ فرماتے کہ:

''نظرِ بد کے اثبات میں کوئی شبہ نہیں''۔ (تفسیر روح المعانی ۳۱ / ۸۱)

شوکانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

''صحیح احادیث سے ثابت ہے کہ نظر بد حق ہے اور عہد نبوی میں لوگوں کی ایک جماعت پر اس کا اثر ہوا تھا اور ان میں خود رسول اللہ ﷺ بھی شامل ہیں۔ شریعت کی ان نصوص کے باوجود اس کا انکار کرنے والوں پر بہت ہی تعجب ہے''۔ (تفسیر فتح القدیر ۴ / ۲۵)

مازری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

''حدیث کے ظاہر کو پیش نظر رکھتے ہوئے جمہور علماء نے یہی رائے

عوام کیلئے مفت خدمات goo.gl/6XblYT

اختیار کی ہے کہ نظرِ بد برحق ہے۔ البتہ چند بدعتی گروہ اس کا انکار کرتے ہیں''۔ (کمافی تفسیر الخازن ۳/ ۸۹۲)

ابن العربی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

''توحید پرست لوگوں کے درمیان اس بات میں کوئی اختلاف نہیں کہ نظرِ بد برحق ہے''۔ (احکام القرآن لابن العربی ۵/ ۶۰)

علامہ عبدالرحمٰن مبارکپوری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

'' نظرِ بد کے ذریعے کسی چیز کو نقصان پہنچ جانا ثابت اور موجود ہے''۔

(تحفۃ الاحوذی شرح جامع ترمذی ۶/ ۵۸۱)

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

''ہم نے مشاہدہ کیا ہے کہ نظرِ بد برحق اور ثابت ہے۔ شرعی طور پر بھی اور حسی طور پر بھی''۔ (فتاویٰ اسلامیہ ۴/ ۴۳۶)

سعودی مستقل فتویٰ کمیٹی فرماتے ہیں کہ:

''حاسد کی نظر کی تاثیر محسود میں واقع اور معروف ہے لیکن یہ اللہ کے حکم اور اس کی مرضی سے ہی مؤثر ہوتی ہے''۔ (فتاویٰ اللجنۃ الدائمۃ ۱/ ۲۷۰)

شیخ عبدالحسن العباد فرماتے ہیں کہ:

''حاسد کی نظر سے کوئی نقصان پہنچ جانا برحق ہے اور اس کی نظر سے نظر زدہ کو جو نقصان پہنچتا ہے، وہ (دراصل) اللہ کے فیصلے اور تقدیر کی وجہ سے ہی ہوتا ہے۔ اور جو کچھ بھی ہوتا ہے، اللہ کے فیصلے اور تقدیر کے مطابق ہی ہوتا ہے۔ جو اللہ چاہتا ہے، ہوتا ہے اور جو اللہ نہیں چاہتا، نہیں ہوتا۔ (واضح رہے کہ) بعض اوقات نظرِ بد ہلاکت اور موت تک بھی پہنچا دیتی ہے''۔

(شرح سنن ابی داؤد ۲۰/ ۲۰۲)

شیخ صالح الفوزان فرماتے ہیں کہ:

'' نظرِ بد برحق ہے جیسا کہ حدیث میں ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کی عجیب کاریگری ہے کہ وہ کچھ لوگوں کی نظر میں یہ چیز رکھ دیتا ہے کہ وہ جس پر پڑتی ہے، اسے نقصان پہنچاتی ہے''۔ (المنتقی من فاوی الفوزان ۱/ ۴۱)

کویتی وزارات اوقات کے شائع کردہ موسوعہ فقہیہ میں ہے کہ:

''جمہور علماء کا موقف یہ ہے کہ نظرِ بد کا لگ جانا ثابت اور موجود ہے اور نفوس میں اس کی تاثیر ہوتی ہے۔ اور نظرِ بد مال، انسان اور حیوانات کو نقصان پہنچا سکتی ہے''۔ (الموسوعۃ الفقہیۃ الکویتیہ ۳۱/ ۳۰۱)

شیخ محمد بن عبدالوھاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝ (سورۃ فلق، آیت ۵)

ترجمہ: ''اور حسد والے کے حسد کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں، جب وہ حسد کرے''۔

اس میں جنوں کے حاسد اور انسانوں کے حاسد سب شامل ہیں۔ بے شک شیطان اور ان کا گروہ ایمانداروں سے حسد کرتے ہیں۔ اس وجہ سے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں جنات کے مقابلہ میں اپنے خصوصی فضل سے نواز رکھا ہے۔ (تفسیر سورۂ فلق، ص ۳، شیخ محمد بن عبدالوہاب، تحقیق ڈاکٹر مہدی)

ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

'' نظرِ بد کی تاثیر، نظر لگانے والے کی طرف سے دیکھنے پر ہی موقوف نہیں، بلکہ کبھی نظر لگانے والا نابینا ہوتا ہے۔ اس کے لئے چیز کا وصف بیان کیا جاتا ہے تو اس کی سانسیں (یا غیر مرئی لہریں) اس میں اثر انداز ہو جاتی ہیں، اگرچہ اس کو نہ دیکھا ہو۔ بلکہ زیادہ نظر والے نظر لگانے میں بغیر دیکھے چیز کے، بیان ہی اثر انداز ہوتے ہیں''۔ (زاد المعاد ص ۳/ ۷۱۱۔۸۱۱)

ابن قیم رحمہ اللہ ہی فرماتے ہیں:

''نظر اصل میں کسی چیز کو نظر لگانے والے کو پسند آنے کی وجہ سے لگتی ہے۔ پھر اس کا خبیث نفس اس کا پیچھا کرتا ہے۔ پھر نظر لگی چیز کی طرف اس کا دیکھنا اس کے زہر کو سرایت کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اور پھر کبھی آدمی کو برے ارادے سے دیکھتا ہے اور کبھی بغیر کسی اچھے یا برے ارادہ کے نظر لگ جاتی ہے۔ گویا یہ نوع انسانی کی بہت بڑے خرابی ہے''۔

(زاد المعاد، ص ۴/ ۷۶۱، ۸۶۱)

شیخ محمد بن عبدالوھاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''یہ نظر، نفسِ خبیث کے واسطہ سے اثر انداز ہوتی ہے۔ اور یہ سانپ کے زہر کی مانند ہے کہ جب وہ کاٹتا ہے تو اس کا زہر بھی پورے وجود میں سرایت کر جاتا ہے۔ کیونکہ جب وہ کاٹتا ہے تو سانپ اپنا پورا غضب یکجا کر

لیتا ہے تو اس میں یہ زہریلی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے، جوڑ سے ہوئے آدمی میں اثر انداز ہوتا ہے"۔

اور پھر بعض اوقات سانپ کا یہ زہر اتنا شدید ہوتا ہے کہ خالی دیکھنے سے ہی اثر ڈال دیتا ہے۔ لیکن یہ حالت ہر سانپ کی نہیں بلکہ بعض انتہائی زہریلے سانپوں کی ہوتی ہے۔ یہاں تک کہ اس کے صرف دیکھتے ہی نظر کی بینائی مٹ جاتی ہے اور حمل گر جاتے ہیں، جیسا کہ نبی ﷺ نے دم بریدہ اور دو نکتہ والے سانپوں کے متعلق فرمایا ہے۔ (بخاری، کتاب بدء الخلق: باب قول اللہ تعالیٰ (وبث فیھا من کل دابۃ) ح ۳۲۹۷، مسلم کتاب السلام: باب قتل الحیات وغیرہ ح ۲۲۳۳، ۲۲۳۴)

قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ بعض علماء کرام نے کہا ہے:

"جب کوئی نظرِ بد لگانے میں معروف ہو تو مناسب ہے کہ اس سے میل ملاقات پر پابندی لگائے اور اسے گھر میں ہی (نظر بند) رہنے کا لازم قرار دے۔ اگر وہ نظرِ بد والا فقیر ہے تو اس کی کفالت لازم ہے"۔

کیونکہ اس نظرِ بد والے کا نقصان لہسن اور پیاز کھانے والے سے زیادہ سنگین ہے کہ جنہیں استعمال کرنے والے کے لئے نبی ﷺ نے مسجد میں داخل ہونے سے ممانعت فرمادی ہے کہ تاکہ لہسن اور پیاز کی وجہ سے لوگوں کو اذیت نہ ہو۔

(بخاری۔ کتاب الاذان: باب ماجاء فی الثوم النیء والبصل الکراث (ح ۳۵۸) وما بعدہ۔ مسلم۔ کتاب المساجد: باب نھی من اکل ثوما او بصلا او کراثا) (ح ۱۶۵) وما بعدہ)

ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

"نظرِ بد کی دو قسمیں ہیں۔ ایک نظرِ بد وہ ہوتی ہے جو انسان سے لگے اور دوسری وہ ہوتی ہے جو جن سے لگے"۔ (زاد المعاد ۴/ ۹۴۱)

کافر کو بھی نظرِ بد لگ سکتی ہے

شیخ ابن جبرین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ:

"کافر بھی دوسرے انسانوں کی طرح ہی ہے۔ اسے بھی نظرِ بد لگ سکتی ہے۔ یقیناً نظرِ بد برحق ہے"۔ (فتاویٰ اسلامیہ (۴/ ۵۳۶)

بقیہ: اللہ ﷻ کے امر کے بغیر کسی کو نفع اور نقصان نہیں پہنچتا

..... مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

"اللہ جو رحمت لوگوں کے لیے کھول دے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جسے وہ روک دے، اس کے بعد اسے کوئی جاری رکھنے والا نہیں۔ اور وہ سب پر غالب اور بڑی حکمت والا ہے"۔

حفاظت بھی ایک رحمت ہے۔ اگر اللہ ﷻ کی رحمت سے ہماری حفاظت ہو رہی ہے تو کون ہے جو اس پر غالب آ سکتا ہے؟

..... قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ (سورۃ التوبۃ) "آپ کہہ دیجئے کہ ہمیں ہرگز کوئی مصیبت نہیں پہنچ سکتی سوائے اس کے جو اللہ نے ہمارے حق میں لکھ دی ہے۔ وہی ہمارا کارساز ہے اور مومنوں کو تو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے"۔

اسی طرح رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ارشاد گرامی ہے:

"اور اس بات پر یقین کرلو کہ اگر پوری امت جمع ہو کر تجھے نفع پہنچانا چاہے تو نہیں پہنچا سکتی سوائے اس کے جو اللہ نے تمہارے حق میں لکھ دیا ہے۔ اور اگر پوری امت جمع ہو کر تمہیں نقصان پہنچانا چاہے تو نہیں پہنچا سکتی سوائے اس کے جو اللہ نے تمہارے حق میں لکھ دیا ہے"۔ (ترمذی 2516)

سمجھدار کے لیے اتنا ہی کافی ہے۔ اللہ ﷻ کی مرضی کے بغیر ہمیں نہ نفع پہنچ سکتا ہے، نہ نقصان۔ کسی بھی غیر اللہ سے نہ نفع کی امید رکھنی چاہیے اور نہ ہی اس سے کسی نقصان کا خوف کھانا چاہیے۔ کیونکہ غیر اللہ سے اس بات کا خوف کھانا کہ وہ اپنے ارادے اور اپنی قدرت سے جس کو چاہے اور جو چاہے نقصان پہنچا سکتا ہے، یہ شرکِ اکبر ہے۔ افسوس کہ اس وقت بہت سے افراد اس میں مبتلا ہیں۔ وہ اپنے دشمن یا نقصان دینے والے شخص کو ایسا ہی سمجھتے ہیں کہ وہ نفع یا نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اللہ ﷻ کا خیال بھی ان کو نہیں آتا۔

اپنا عقیدہ درست کیجئے۔ اللہ ﷻ پر یقین رکھتے ہوئے عمل کریں، وظائف پڑھیں، تدابیر کریں۔ یہ بات کبھی ذہن سے نہ نکلے کے ہماری تدبیر پر کیا نتیجہ مرتب ہوا یا ہوگا؟ تدبیر کرنا آپ کا کام۔ نتیجہ، جو اللہ ﷻ کی مرضی ہوگی، وہی مرتب ہوگا۔ اللہ ﷻ ہم سب کو یقینِ کامل عطا فرمائیں اور ہمارے تمام عقائد درست فرمادیں۔ آمین

روحانی و مخفی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786

اس ماہ کی منتخب روحانی کتب پیش خدمت ہیں

ممبران، علماء، عاملین اور خواص کے لیے زبردست ڈسکاؤنٹ

شاہ زنجانی اور دیگر عاملین کاملین کی کتب

کتاب کا نام	مصنف کا نام	عام قیمت
آئینہ ہپناٹزم	باوا صاحب دیال	250
آئینہ مسمریزم	باوا صاحب دیال	250
آپ کی تاریخ ولادت	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	250
انوار طلسمات (فوٹو کاپی)	علامہ رفیق زاہد	700
انسان، اسلام اور سائنس	خالد خان خلجی	400
انکشافات جفر	حکیم سرفراز احمد زاہد	400
استخارۂ قرآنیہ	اکبر محی الدین	150
ارواح الجفر (حصہ اول۔دوم)	شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی	300-400
اسرار طلسمات	پنڈت گردھاری لعل	250
اسرار عجیبہ	منشور عالم صدیقی	350
ابجد نجوم	.....	زیر طبع
الہامات جفر	شعیب الرحمن شاہ	زیر طبع
اک جہانِ حیرت	ڈاکٹر سید انور فراز	500
بیاضِ عملیات	علامہ شاد گیلانی	250
بحر الحاضرات	منشور عالم صدیقی	300
بیاضِ نظامی	ماسٹر محمد شفیع نظامی	250
بوستان طلسمات (فوٹو کاپی)	علامہ محمد رفیق زاہد	650
پیش گوئی کافن	ڈاکٹر سید انور فراز	1000
تقویم سیارگان (فوٹو کاپی)	.....	3000
تجلیات جفر	بابر سلطان قادری	600
تسخیر الارواح	منشور عالم صدیقی	400
تسخیرات ہمزاد	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	250
تحقیق جفر	.....	زیر طبع
جادو شکن دعائیں	علامہ ذوالفقار حسین جعفری	250
جامع النجوم	شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی	250
حقائق حاضرات الارواح	غلام قادر بلوچ	250
حقائق ہمزاد	بابر سلطان قادری	400
حاضرات کی دنیا	قیصر احمد بی اے	500
حروفِ صوامت	شہزادہ سید ناظر حسین شاہ زنجانی	400
خیال و سائنس	خالد خان خلجی	200
خزینۂ جفر	لیاقت اللہ قریشی	450
روحانی زندگی کے 7 سنہری اصول	دیپ چوپڑہ	150
رموز سوال (New)	ڈاکٹر محمد ایوب تاجی	400
رجوع	شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی	300
رحمکاریہ جفر	سید شعیب الرحمن شاہ	زیر طبع
سابر منتر	اشتیاق احمد (ایڈووکیٹ)	350
سحر اسود	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	250
طلسمات کی دنیا (فوٹو کاپی)	علامہ محمد رفیق زاہد	650
طلسمات رفیق (فوٹو کاپی)	علامہ محمد رفیق زاہد	650
طلسماتی دنیا	عامل مہتاب احمد	250
طلسمات سامری	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	250
طلسمات ہدہد	شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی	150
عالم حاضرات	قیصر احمد بی اے	700
علاج بالنجوم	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	300
فیوض طلسمات	سید فیض احمد شاہ بخاری	300
قانون طلسمات	علامہ محمد رفیق زاہد	600
قرآن، سائنس اور نجوم	شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی	100
کائنات حاضرات	قیصر احمد بی اے	450
کرشمات موکلات	مجید الماس	200
مصباح الاعداد	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	250
مصباح الرمل	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	300
مصباح العملیات	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	300
مصباح الفراست	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	250
مصباح الجفر	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	450
مصباح الریمیا	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	250
مصباح القیافہ	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	400
مفاتیح الغیب	الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی	150
محفل حاضرات	ملازم حسین	450
فانوس الجفر	خالد خان خلجی	250
نافع النجوم	اشتیاق احمد ایڈووکیٹ	300
تقدیر اور دست شناسی	صدف بلوچ	500
آپ شناسی (New)	ڈاکٹر سید انور فراز	1000

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

نظرِ بد نمبر goo.gl/xJ9AKu علمائے کرام اور مفتیانِ عظام کیلئے مفت خدمات

اللہ جل جلالہ کے امر کے بغیر کسی کو نفع اور نقصان نہیں پہنچتا

خالد مقبول حفظہ اللہ

میرا روحانی علاج کے شعبہ سے بیس سال سے زائد کا تعلق ہے۔ کئی طرح کے مریضوں سے واسطہ پڑا۔ ان مریضوں میں عقیدہ کے حوالے سے جو غلط باتیں دیکھیں، ان میں ایک اہم غلطی ''اللہ ﷻ کو حقیقی طور پر نفع ونقصان کا مالک نہ ماننا ہے''۔ کئی پڑھے لکھے اور مذہبی افراد بھی زبانی طور پر تو اقرار کرتے ہیں مگر حقیقت سے واقف نہیں یا ان کا عقیدہ ابھی مضبوط نہیں۔ اسی لیے ضروری سمجھتا ہوں کہ اس عقیدہ کی صحیح تشریح ہوجائے اور عقیدہ صحیح اور مضبوط ہوجائے۔

وضاحت کے لیے بنیادی بات سمجھنا ضروری ہے۔ وہ یہ کہ جب بھی ہمارے نفع یا نقصان کے لیے کوئی تدبیر کرتا ہے تو اس کے بعد ''اَمرِ رَبّی'' یعنی ''اللہ کا فیصلہ'' ہوتا ہے کہ ہم کو کتنا نفع پہنچے یا کتنا نقصان؟ پھر جو اللہ ﷻ فیصلہ فرماتے ہیں، وہی عملی طور پر ہوتا ہے۔ اس کو اس مثال سے سمجھیں کہ ایک شخص کی طرف، دوسرے شخص کے نظرِ بد کے بداثرات دانستہ یا نادانستہ، آتے ہیں۔ اب ان اثرات سے پہلا شخص متاثر ہوگا یا نہیں، اس کا فیصلہ جب تک اللہ ﷻ نہیں فرمائیں گے، وہ اثرات اس شخص کو کچھ نقصان نہیں دیں گے۔ اس کی کئی صورتیں ہوسکتی ہیں۔ مثلاً

(۱) ایک صورت یہ کہ دوسرے شخص کے نظرِ بد کے بداثرات جب پہلے شخص کی طرف آئے تو ''امرِ ربّی'' یہ ہے کہ 100% کی جگہ صرف 20% اثر ہو تو خود بخود 80% بداثرات ختم ہوجائیں گے اور پہلے شخص پر پر لازمی 20% اثر ہوگا۔

(۲) دوسری صورت یہ کہ دوسرے شخص کے نظرِ بد کے بداثرات جب پہلے شخص کی طرف آئے تو اب ''امرِ ربّی'' یہ ہے کہ 100% اثر ہو تو پہلے شخص پر لازمی 100% اثر ہوگا۔ چاہے جتنے مرضی حفاظت کے اعمال وہ پڑھتا ہو یعنی پورا اثر ہوگا۔

یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر 100% اثر ہوتا ہے تو پھر حفاظتی اعمال پڑھنے کا کیا فائدہ؟

اس کا جواب یہ ہے کہ ''امرِ ربّی'' میں بہت حد تک آپ کے اعمال اور نیت کا دخل ہوتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میرا بندہ میرے بارے میں جیسا گمان رکھتا ہے، میں اس کے ساتھ ویسا ہی معاملہ کرتا ہوں۔ اگر وہ میرے بارے میں اچھا گمان رکھتا ہے تو میرا معاملہ اس کے ساتھ ویسا ہی ہے اور اگر وہ میرے بارے میں برا گمان رکھتا تو میرا معاملہ اس کے ساتھ ویسا ہی ہے''۔ {مسند احمد اور صحیح ابن حبان}

جب آپ عمل کرتے ہیں اور بے یقینی کی کیفیت سے کرتے ہیں تو ''امرِ ربّی'' میں آپ کے یقین کے مطابق فیصلہ ہوتا ہے۔ اور جو اثرات آپ کو نقصان دینے کے لیے آپ کی طرف آتے ہیں، ان کو آپ کو نقصان دینے کے لیے جانے دیا جاتا ہے۔ کتنے مریض ایسے دیکھے جن کا یقین ہوتا ہے کہ فلاں شخص نے آج دیکھا ہے، اب ضرور ہمیں نقصان ہوگا۔ ان کی زبان پر یہ نہیں آتا کہ اللہ ﷻ کی مرضی سے ہم کو تکلیف پہنچے گی۔ اللہ ﷻ کو تو وہ بیچ سے ہی نکال دیتے ہیں۔ بس وہ ہیں اور نظرِ بد لگانے والا۔ اس صورتحال میں ان پر اثر ہوتا ہے۔ ایسے لوگوں کو اسی حال پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔

دوسری طرف وہ لوگ بھی ہیں جو عمل کرتے ہیں اور اللہ ﷻ پر یقین رکھتے ہیں کہ وہ حفاظت فرمائیں گے۔ اور یقین بھی کامل درجہ کا رکھتے ہیں۔ ان کے ساتھ اسی نیت کے مطابق فیصلہ ہوتا ہے۔ اس کی بہت بڑی مثال ہمیں اس واقعہ سے ملتی ہے۔ حضرت طلق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ''ایک شخص حضرت ابودردا رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ ''آپ کا مکان جل گیا''۔ فرمایا: ''نہیں جلا''۔ پھر دوسرے شخص نے یہی اطلاع دی تو فرمایا ''نہیں جلا''۔ پھر تیسرے شخص نے یہی خبر دی تو آپ نے فرمایا ''نہیں جلا''۔ پھر ایک اور شخص نے کہا: اے ابو دردا! آگ کے شرارے بہت بلند ہوئے مگر جب آگ آپ کے مکان تک پہنچی تو بجھ گئی۔ فرمایا: مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرے گا (کہ میرا مکان جل جائے) کیونکہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ جو شخص صبح کے وقت یہ کلمات پڑھ لے، شام تک اس کو کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ میں نے صبح یہ کلمات پڑھے تھے اس لیے مجھے یقین تھا کہ میرا مکان نہیں جل سکتا۔ وہ کلمات یہ ہیں: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّی ..... صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ''۔

یہاں صرف حضرت ابودردا رضی اللہ عنہ کا یقین تھا، جس کے مطابق اللہ ﷻ نے فیصلہ فرمایا۔ خود اللہ ﷻ نے قرآن میں اشاد فرمایا ہے کہ (بقیہ ص 9)

نظرِ بد نمبر غریب اور مفلس افراد کیلئے مفت خدمات goo.gl/bHIWvl

نظرِ بد کے علاج کی بابت ہدایات نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حکیم شکیل باری

امام مسلم رحمۃ اللہ نے اپنی صحیح میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے۔

"ابن عباسؓ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نظر لگنا حق ہے۔ اگر کوئی چیز تقدیر کو کاٹ سکتی ہے تو یہی نظر بد ہی کاٹتی ہے"۔

صحیح مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے بخار، نظرِ بد اور پھوڑے میں جھاڑ پھونک کی اجازت دی۔

صحیحین میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث مروی ہے:

"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نظر لگنا حق ہے"۔

سنن ابوداؤد میں عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے بیان کیا کہ "نظرِ بد کرنے والے کو وضو کرنے کا حکم دیا جاتا ہے اور نظر زدہ کو اس سے غسل کرنے کا حکم دیا جاتا ہے"۔

صحیح بخاری و مسلم میں عائشہؓ سے روایت ہے۔ "ام المومنین حضرت عائشہؓ نے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے مجھے یا دوسرے کو نظرِ بد میں جھاڑ پھونک کرنے کا حکم دیا"۔

"نظر بد کرنے والے کو وضو کرنے کا حکم دیا جاتا اور نظر زدہ کو اس سے غسل کرنے کا حکم دیا جاتا"۔

امام ترمذیؒ نے سفیان بن عینیہ کی حدیث نقل کی ہے جسے سفیان بن عیینہ نے عمرو بن دینار سے انہوں نے عروہ بن عامر سے انہوں نے عبید بن رفاعہ زرقی سے روایت کی ہے کہ اسماء بنت عمیسؓ نے نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ: "اے رسول اللہ ﷺ بنو جعفر کے لوگوں کو نظرِ بد لگ جانے کی بیماری ہوتی ہے تو کیا میں ان کے لیے جھاڑ پھونک کروں؟" آپ ﷺ نے فرمایا "ہاں اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت کرتی تو وہ نظر بد سبقت کرتی"۔ ترمذی نے بیان کیا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

اور امام مالکؒ نے ابن شہاب سے اور انہوں نے ابوامامہ بن سہل بن حنیف سے روایت کی ہے۔ انہوں نے بیان کیا کہ عامر بن ربیعہؓ نے سہل بن حنیفؓ کو غسل کرتے ہوئے دیکھا تو کہا کہ "اللہ کی قسم! آج سے زیادہ کوئی عمدہ دن اور چمکتی جلد نہیں دیکھی"۔ اتنے میں سہل تڑپنے لگے۔ حضرت عامرؓ کے پاس حضور ﷺ تشریف لائے اور یہ دیکھ کر اس پر غضبناک ہو گئے اور فرمایا کہ "کس بنیاد پر تم میں سے کوئی اپنے بھائی کی جان لے لیتا ہے۔ تم کو برکت نہ دی جائے۔ اسے غسل دو"۔ چنانچہ حضرت عامرؓ نے ان کے چہرے، دونوں ہاتھ، دونوں کہنیاں اور دونوں گھٹنے اور پیر کے اطراف اور شرمگاہ کو ایک پیالے میں دھویا اور اسے ان کے اوپر بہایا تو سہل کو افاقہ ہو گیا اور چین کی سانس لی۔

اور امام مالکؒ اس حدیث کو بھی محمد بن ابوامامہ بن سہلؒ سے وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں جس میں فرمایا کہ "نظر بد کا لگنا حق ہے اگر تمہیں اس سے حفاظت یا علاج کرنا ہو تو وضو کرو"۔

عبدالرزاق نے عن معمر عن ابن طاؤس میں عن ابیہ کے واسطے سے ایک مرفوع حدیث بیان کی ہے کہ "نظر بد لگنا حق ہے اگر کوئی چیز تقدیر پر قابو پاتی تو نظر بد ہی قابو پاتی اگر تم میں سے کسی کو غسل کرنے کے لئے کہا جائے تو اسے غسل کرا دو"۔ اس حدیث کا موصول ہونا ہی صحیح ہے۔

امام زہریؒ نے فرمایا کہ نظرِ بد لگانے والے کو ایک پیالہ پانی لانے کو کہا جائے گا۔ اس میں اس کی ہتھیلی داخل کی جائے اور اس میں کلی کرائی جائے اور اس کلی کے پانی کو پیالہ میں ڈالنے کو کہا جائے اور اس کا چہرہ پیالہ میں دھلایا جائے۔ پھر اس کا بایاں ہاتھ برتن میں داخل کرایا جائے اور پانی کو اس کے دائیں گھٹنے پر بہایا جائے۔ اس کے بعد دایاں ہاتھ داخل کرائیں اور اس کا پانی بائیں گھٹنے پر بہائیں۔ پھر اس کی شرمگاہ دھلائی جائے اور پیالہ اب زمین پر نہ رکھا جائے۔ اس کے بعد نظر زدہ شخص کے پیچھے کی جانب

دینی مدارس کے طلبا اور طالبات کیلئے مفت خدمات goo.gl/bZ8OM2

سے اس کے سر پر ایک بار پانی بہایا جائے۔

نظرِ بد دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک نظرِ بد انسانی اور دوسرے نظرِ بد شیطانی۔ چنانچہ حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ان کے گھر میں ایک لونڈی کو دیکھا، جس کے چہرے پر سیاہ دھبہ تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''اس پر جھاڑ پھونک کرو کیونکہ اس کو نظر بد لگ گئی ہے''۔

حسین بن مسعود فراء نے کہا کہ "سفعۃ" یہ شیطانی نظرِ بد ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ اس کو جو نظرِ بد لگی ہے، وہ شیطانی ہے۔ یہ نیزے کی انیوں سے بھی زیادہ تیز اثر دکھاتی ہے۔

حضرت جابرؓ سے مرفوعاً روایت کی جاتی ہے۔ نظرِ بد انسان کو قبر تک اور اونٹ کو ہانڈی تک پہنچا دیتی ہے، یعنی بالکل فنا کر دیتی ہے۔

ابوسعید سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ شیطان اور انسان کی نظرِ بد سے پناہ مانگتے تھے۔

ایک جماعت نے جس کو عقل و خرد کا بہت کم حصہ ملا ہے۔ نظرِ بد کا انکار وابطال کیا ہے؟ انہوں نے اسے اوہام قرار دیا، جس کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ یہ وہی لوگ ہیں جو عقل و خرد سے عاری ہیں۔ ان کی عقلوں پر دبیز پردے پڑے ہوئے ہیں۔ اور ان کی طبیعتیں غیر معمولی طور پر ٹھوس اور بھدی ہیں۔ اور معرفت روح و نفس سے کوسوں دور ہیں۔ اور روحانی و نفسانی صفات و خصوصیات اور اثرات سے نا آشنا ہیں۔ دنیا کے ہر مذہب و ملت کے باہوش اور دانا لوگوں نے نظرِ بد کے قائلین کی ہمنوائی کی اور اس کا انکار وابطال نہ کیا۔ یہ الگ بات ہے کہ اس کے اسباب اور انداز تاثیرات کے سلسلے میں انکا نقطۂ نظر جدا جدا رہا۔

چنانچہ ایک گروہ کا یہ خیال ہے کہ بدنظری کرنے والا جب خود کو کیفیات ردیہ سے پوری طرح متکیف کر لیتا ہے، تب آنکھ سے زہریلے مادے کو چھوڑتا ہے، جو نظر زدہ تک پہنچتا ہے تو اس کو ضرر کا احساس ہوتا ہے۔ لوگوں نے کہا کہ یہ ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے کہ جس طرح سانپ کا اثر جسم انسانی میں سرایت کر جاتا ہے۔ اسی طرح اس کے زہریلے اثرات سے متاثر ہو کر انسان مر جاتا ہے۔ یہ بھی مشہور ہے کہ سانپ کی بعض قسمیں ایسی ہوتی ہیں، جن کی طرف صرف دیکھنے سے اس کا اثر جسم انسانی میں سرایت کر جاتا ہے اور انسان ہلاک ہو جاتا ہے۔ بالکل یہی صورت نظرِ بد لگانے والے کی ہے۔

ایک دوسری جماعت نے کہا کہ بعض لوگوں کی نگاہوں میں ایسا غیر مرئی جوہرِ لطیف ہوتا ہے جو مریض کی طرف منتقل ہو کر اس کے جسم کے مسامات میں سرایت کر جاتا ہے، جس سے اس کو ضرر پہنچتا ہے۔

ایک تیسری جماعت کا خیال ہے کہ مخلوق کے ساتھ باری تعالیٰ کی عادت جاریہ یہ ہے کہ وہ جسے چاہتا ہے کہ ضرر پہنچائے تو اسے ضرر پہنچا دیتا ہے۔ خواہ مخواہ کے لئے نظرِ بد والے شخص کی آنکھ پر اس تہمت کے عائد کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ یہ وہ لوگ کہتے ہیں جو اسبابِ قوی اور تاثیراتِ عالم کے منکر ہیں۔ انہوں نے اپنے اوپر تاثیرات کے اسباب کے دروازے بند کر لیے ہیں بلکہ انہوں نے ساری دنیا کے عقلاء کی مخالفت کی ہے۔

یہ ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے کہ باری تعالیٰ نے اجسام و ارواح میں مختلف طبیعتیں اور مختلف قوتیں ودیعت فرمائی ہیں اور ان میں سے بہت کو کیفیات و خصوصیات مؤثرہ عطا فرمائی ہیں۔ دنیا کا کوئی بھی دانشمند اجسام میں روح کی تاثیرات کا منکر نہیں ہے۔ اس لیے کہ یہ ایک محسوس و مشاہد چیز ہے۔ آپ شب و روز مشاہدہ کرتے ہیں کہ کسی باحشمت کو دیکھ کر یا ندامت کے وقت چہرے پر غیر معمولی سرخی دوڑ جاتی ہے اور خوفناک چیز کو دیکھ کر چہرہ زرد پڑ جاتا ہے۔ لوگوں نے نظرِ بد کے کمزور اور قوی شخص کے اندر اسی چیز کا مشاہدہ کیا۔ یہ سب تو صرف تاثیرِ روح ہی کا تو نتیجہ ہوتی ہیں اور حالانکہ اس میں نگاہ کا کیا قصور بلکہ یہ محض روح کی تاثیر ہوتی ہے اور روحیں طبیعت، قوت اور کیفیات و خصوصیات کے اعتبار سے مختلف ہوتی ہیں۔ چنانچہ حاسد کی روح سے حسد زدہ کو ضرر پہنچتا ہے۔ اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اللہ ﷺ کو حکم دیا کہ وہ حاسد کے شر سے پناہ مانگا کریں۔

محسود کی ضرر رسانی میں نظرِ حاسد کی تاثیر ایک ایسی حقیقت ہے، جس کا کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ اس کا منکر وہی ہو سکتا ہے جو لباسِ انسانیت سے عاری ہوگا۔ یہی نظرِ بد کی تاثیر کی حقیقت ہے، اس لئے کہ حاسد کا نفس

خبیث بدترین کیفیات کے ساتھ جڑا ہوتا ہے اور حسد زدہ کے مقابل آتا ہے۔ اور اس میں اسی خبیث کیفیت کی وجہ سے اثر انداز ہوتا ہے۔ اس کی مثال کے لئے سانپ کو پیش کرنا سب سے مناسب ہے۔ اس لئے کہ سانپ میں زہریلا مادہ بالقوۃ پوشیدہ رہتا ہے۔ جب وہ اپنے دشمن کے مقابلہ میں آتا ہے تو اس کی قوت غضب شدید ہوجاتی ہے اور ایک ضرر رساں خبیث کیفیت کے ساتھ یہ قوت پورے طور پر ابھر آتی ہے اور بعض اوقات یہ قوت اتنی شدید ہوجاتی ہے کہ اس کے اثر سے جنین ساقط ہوجاتا ہے اور کبھی کبھی قوت بصارت زائل ہوجاتی ہے جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے دم بریدہ اور پھن دار سانپ کے متعلق فرمایا کہ ”یہ دونوں قوت بصارت کو زائل کردیتے اور حمل کو ساقط کردیتے ہیں“۔

اسی طرح سے یہ کیفیت انسان میں صرف دیکھنے ہی سے اثر کرجاتی ہے، چہ جائیکہ اس کو چھوئے۔ اس لئے کہ ان نفوس میں خبث غیر معمولی طور سے ہوتا ہے اور ان کی کیفیات مؤثرہ اور تاثیراتِ خبیثہ محتاج مساس نہیں ہوتیں کہ جسم تک پہنچیں جیسا کہ بعض لوگ، جن کو طبیعت و شریعت دونوں ہی میں دسترس نہیں ہوتی، ایسا سمجھتے ہیں۔ بلکہ تاثیرِ نفس کبھی اتصال سے، کبھی محض سامنا ہونے، کبھی نگاہ پڑنے، کبھی روح کی اثر پذیری کی طرف متوجہ ہونے سے جھاڑ، پھونک، دعا اور تعوذ سے اور کبھی وہم و تخیل کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ نظرِ بد لگانے والے کا اثر صرف رویت ہی پر موقوف نہیں بلکہ بہت سے نظرِ بد لگانے والے نابینا ہوتے ہیں۔ جو بلا دیکھے نگاہ ڈالتے ہی جس شخص پر نظرِ بد کرنا ہوتا ہے، اثر انداز ہوتے ہیں۔ خود اللہ نے اپنے نبی کو مخاطب کرکے فرمایا:

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ (القلم:۵۱)

”اگر کافروں کا بس چلے تو یہ کوشش کریں گے کہ وہ آپ کو اپنی نگاہوں کی تاثیر سے گرادیں، جب وہ قرآن سنتے ہیں“۔

دوسری جگہ فرمایا: قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۭ﴿۵﴾

”اے رسول کہہ کہ میں سفیدہ صبح کے مالک کی پناہ میں آیا ہوں، ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے اور اندھیرے کے شر سے جب وہ چھا جائے اور گرہوں پر پھونکنے والیوں کے شر سے بھی پناہ مانگتا ہوں اور حاسد کے حسد سے جب وہ حسد کرے“۔

ہر نظرِ بد والا شخص حاسد ہوتا ہے، لیکن ہر حاسد بدنگاہ نہیں ہوتا۔ چونکہ جب ثابت ہوگیا کہ حاسد بدنگاہ سے زیادہ عام ہوتا ہے تو اس سے بھی پناہ طلب کرنا اسی طرح ہوگا، جیسے بدنگاہ سے استعاذہ کیا جاتا ہے کیونکہ نظرِ بد ایک تیر ہوتا ہے جو حاسد اور عائن کے نفس سے نکلتا ہے، جو حسد زدہ اور نظر زدہ کی جانب چلتا ہے کبھی نشانے پر لگتا ہے اور کبھی خطا کرجاتا ہے۔ اس لئے اگر یہ تیر کسی ایسے شخص کو پہنچا جو بالکل سامنے ہو، اس کے سامنے کوئی چیز حائل نہ ہو تو اس پر اثر کرجاتا ہے اور اثر کرنا ضروری بھی ہے۔ اور اگر یہ کسی ایسے شخص کی طرف جاتا ہے، جو انتہائی محتاط ہو اور خود زرہ پوش ہو، جس میں تیر کے پیوست ہونے کی کوئی گنجائش نہ ہو تو اس شخص پر یہ اثر نہیں کرتا بلکہ بعض اوقات یہ تیر الٹا مارنے والے کی جانب لوٹ جاتا ہے۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے کہ کوئی ہوا میں تیر پھینکے۔ اس لئے اس کا تعلق ارواح و نفوس سے ہوتا ہے اور یہ اجسام و ابدان سے متعلق ہوتی ہے۔ اس کی حقیقت یہ ہوتی ہے کہ نظرِ بد لگانے والے شخص کو جب کوئی چیز عمدہ لگتی ہے تو وہ اپنے نفس کی کیفیت خبیثہ کو اس کے پیچھے لگا کر اپنے تیرِ نظر کی سمت کو نظر زدہ تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہے اور کبھی آدمی خود کو ہی نظر لگا دیتا ہے اور کبھی غیر ارادی طور پر نظرِ بد لگ جاتی ہے۔ بلکہ فطری اور طبعی طور پر ایسا ہوجاتا ہے۔ اور یہ نظرِ بد نوعِ انسان کی جانب سے نظرِ بد میں سب سے بری ہے۔ اسی لئے ہمارے فقہاء کرام نے یہ رائے دی ہے کہ اگر کوئی شخص اس طرح کا معلوم ہو تو چاہیے کہ امامِ وقت اس کو جیل میں بند کردے۔ اور ایسی صورتیں پیدا کرے، جس سے اس کی موت ہوجائے۔ یہی رائے قطعی طور پر بہت مناسب معلوم ہوتی ہے۔

ادارے کا اسلامی رسالہ ”خزینۂ علم و عمل“ goo.gl/LPpGHe

بیاض غوثیہ (جلد دوم)

قیمت: 750 روپے

تالیف: محمد سلیم قادری (ساہیوال) (نایاب قلمی بیاض)

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر) صفحات: 204

مندرہ حضرت علیؓ ☆ مندرہ برائے دشمن ☆ حب ودب ☆ استخارہ حاضرات ☆ حاضرات ہنومان ☆ مندرہ بادی ہوائی سحری اثرات ☆ مندرہ حاضرات مخفی مخلوق ☆ عمل ہمیشہ قابو میں رہے ☆ مندرہ کلاں ☆ چلہ کبیر صغیر ☆ مندرہ شاہ شرف الدینؒ ☆ خواجہ معین الدین چشتی کا خاص عمل ☆ اپنا حق واپس لینا ☆ گم شدہ کا پتہ چلانا ☆ جادو کا پتہ لگانا ☆ مندرہ پہلواناں ☆ مریض کو دیکھتے ہی بیماری کا پتہ چلانا ☆ تسخیر ہمزاد ☆ ورشن کرشن ☆ عمل کالی ناگنی ☆ الائچی موہنی ☆ عطر حب ☆ منتر مٹھائی ☆ حب کا تیل ☆ خوف وآسیب ☆ اولاد نرینہ ☆ حاضری صاحب کمال جن ☆ جادو واپس پلٹانا ☆ گڑ موہن ☆ عمل کاٹ جادو ☆ حب کے چلتے اعمال ☆ جدائی ☆ عداوت ☆ قرعہ اندازی میں جیت ☆ آسیب ☆ گھریلو سکون ☆ ہپاٹائٹس ☆ بچوں کا چڑچڑا پن ☆ عجیب انگشتری ☆ بانجھ پن ☆ درد جھاڑنے والی چھڑی ☆ خاوند کا خرچہ نہ دینا ☆ نفرت ختم ☆ حاضری مطلوب اور دیگر مجرب اعمال پر عاملین کی پسند فرمودہ کتاب۔

کرشمہ عملیات مخفی (حصہ اوّل)

قیمت: 680 روپے

صفحات: 223

مخفی عملیات کا خزانہ

مؤلف: ملازم حسین (اسلام آباد)

فوٹو سٹیٹ: پیپر اعلیٰ

نایاب، سریع الاثر، تیر بہدف، مجرب وآزمودہ مخفی عملیات وتعویذات، نقش نادعلی، حب وبغض، زبان بندی، دشمن کی ہلاکت، ظالم، ہر قسم کی بندش و کشادگی، منتر، تسخیر خلائق، حاضری مطلوب، شادی، ملازمت، مؤکل کی حاضری، تسخیر ہمزاد نقش، حروف صوامت، بیماریوں کا روحانی علاج، استخارہ مجربہ، سحر جادو اور اس کے توازن کے علاوہ ہر ضرورت کے مجرب اعمال اور مشکلات کے روحانی حل۔

محفل حاضرات ارواح

قیمت: 480 روپے

انڈوپاک کے شہرت یافتہ ماہر علم حاضرات جناب ملازم حسین صاحب کی انوکھی کتاب

مصنف: ملازم حسین فوٹوسٹیٹ: (امپورٹڈ پیپر)

صفحات: 130 (عامل کیلئے خصوصی ہدایات)

عامل اپنے اُوپر حاضرات کیسے لاسکتا ہے۔ حاضرات کا تین روزہ عمل، حاضرات صغیر، حاضرات کبیر، حاضرات کرنے کے اوقات، حاضری مطلوب، انگوٹھے پر سیاہی کا عمل، حاضرات مؤکل، ایک منفرد عمل، حاضرات سے روحانی بیماریوں کا علاج، ایک جن کا بتایا ہوا عمل، محبت کا ایک عجیب عمل، روح سے ملاقات کرنے کا عمل، حاضرات پری، ایک جن سے انٹرویو، کشف قبور کا تین روزہ عمل، عمل ہمزاد، جنات کو دیکھنے کا نایاب عمل، جنات کی اصلی صورتیں، عملیات میں جنات کی رکاوٹیں، ملاقاتیں ارواح، حاضرات سے قبل جنات کے مخصوص اشارے، دولت مند بننے اور مقبولیت کے روحانی فارمولے وغیرہ۔

قلمی بیاض سید گامن شاہ (نئی کتاب)

قیمت: 250 روپے

بیاض قلمی سید گامن شاہؒ فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)

خلیفہ سجادہ نشین دربار حق باہوؒ: محمد حبیب سلطان علیہ الرحمۃ

دنیوی مسائل کے حل کیلئے ☆ تسخیر کا وظیفہ، جس سے کام ہو اس کے سامنے جا کر دم کریں ☆ آسیب زدہ کیلئے ☆ عمل محبوب خلائق ☆ نقش حب سورۂ اخلاص ☆ نقش آیت کریمہ ☆ نقش درود تاج ویٰسین ☆ نقش (دشمن سے محفوظ) ☆ ناف کیلئے ☆ حب کیلئے خلائق کی نظروں میں مقام پیدا ہو ☆ عمل حاضری ☆ نسخہ بواسیر ☆ سُو بدلنے کا تعویذ ☆ قید سے رہائی کیلئے بہترین عمل ☆ یہ تعویذ وزن کے نیچے رکھیں ☆ نسخہ حمدان شمس مجربہ ☆ برائے اولاد نرینہ ☆ کشتہ قلعی اعلیٰ قسم ☆ نشادر تیل ☆ عمل حب ☆ نقرہ جاذب سیماب ☆ جریان کیلئے ☆ طلاء درد گردہ

مکتبۃ العارف darulamal.org/bookshop, maktaba@darulamal.org 042-35410586, 0332-4487877

اولیائے کرام اور اکابرین علمائے کرام کے نظرِ بد کو ختم کرنے کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ و روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

امام الہند شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ

بچوں کو نظر بد اور ہر بیماری سے حفاظت کیلئے

یہ دعاء لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَّ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ.

حضرت مولانا شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ

جہتہ دفع نظر..... نظرِ بد کے لیے

نظرِ بد، جادو، سحر بلکہ جسمانی بیماری کے واسطے بھی مفید ثابت ہوا ہے اور کثرت سے تجربہ میں آچکا ہے۔ ایک کوری مٹی کی ہنڈیا درمیان جس کو پانی نہ لگا ہو، لیوے اور ٹھیک دوپہر دو ڈھائی مٹھی سیاہ ماش مریض اپنے ہاتھ سے اس میں ڈالے اور ان ماشوں پر یہ تعویذ ستھرے کاغذ پر لکھ کر رکھے اور ہنڈیا کے منہ کو چینی سے ماش کے ساتھ بند کرے۔ اور مریض کے سر سے پاؤں تک اس ہنڈیا کو تین دفعہ لاوے۔ پھر ایک شخص مقررہ اس کو علیحدہ جگہ، جہاں آدمیوں کی آمد و رفت کم ہو، لے جا کر ایک پتھر کا چولہا بنا کر ڈھائی سیر لکڑیاں اس کے نیچے جلاوے تا کہ اس ہنڈیا میں جوش آوے اور اس کے منہ سے عرقِ ماش نکلنے لگے۔ جب عرق نکلنا بند ہو جاوے تو اس ہنڈیا کو زمین میں دفن کر دے۔ اور جو شخص اس کو جلاوے، وہ نہا کر گھر میں آوے۔ اس عمل کی میعاد چالیس روز کی ہے یعنی چالیس روز تک برابر کرے۔ اگر درمیان میں آرام ہو جائے تو عمل کرنا چھوڑ دے۔ وہ تعویذ یہ ہے:

اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ اَلرَّقِيْبُ اَلرَّقِيْبُ اَلرَّقِيْبُ اَلرَّقِيْبُ اَلرَّقِيْبُ اَلرَّقِيْبُ اَلرَّقِيْبُ اَعُوْذُ بِاللهِ الْوَاحِدِ الصَّادِقِ مِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِلٰهِي بِحُرْمَتِ اَيْنَ تَعْوِيْذُ فُلَانُ بِنْ فُلَانُ رَا صِحت دھی يَا اَللهُ يَا اَللهُ يَا اَللهُ يَا رَبُّ يَا رَبُّ يَا غَفُوْرَ يَا غَفُوْرَ يَا غَفُوْرُ.

لڑکے کو ڈائن کی نظر لگنے کا علاج

جس لڑکے کو کسی عورت ڈائن کی نظر لگی ہو تو ایک گول لکیر چھری سے کھینچے، آیت الکرسی اور ان آیتوں کو پڑھتے ہوئے وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۭ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا. وَيُحِقُّ اللهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ. وَيُرِيْدُ اللهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ. لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ. وَيَمْحُ اللهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ.

پھر یہ دعا پڑھے

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَعَيْنٍ لَّامَّةٍ يَا حَفِيْظُ يَا رَقِيْبُ يَا وَكِيْلُ يَا كَفِيْلُ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ.

نظر لگانے والے یا جادو کرنے والے کا اثر باطل کرنا

یہ عمل بھی قابل یاد رکھنے کے ہے کہ جو نظر لگانے والے یا جادوگر کو اس کا نام لے کر پکارے نظر لگانے کے وقت یا اس وقت جب خود اس کا ذکر کرے تو اس کا اثر باطل ہو جائے گا۔

ادارے کی شائع کردہ کتب کی تفصیل goo.gl/qYfFzs

نظرِ بد کا اثر فوراً دور ہو

جب نظر کا لگنا اور نظر کا لگانے والا ثابت ہو جاوے تو اس کے منہ اور دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں اور اس کی شرمگاہ کے دھونے کو کہے ایک برتن میں اور اس پانی کو اس پر چھڑکے جس کو نظر بد لگی ہو تو ان شاء اللہ العزیز فوراً اچھا ہو جائے گا۔

بچوں کی نظرِ بد سے حفاظت کے لیے کالا ٹیکہ

بچوں کے دفع نظرِ بد کے اثر کے واسطے ترمذی شریف میں حضرت عثمانؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے ایک خوبصورت لڑکے کو دیکھا تو فرمایا کہ ''اس کی ٹھوڑی میں کالا ٹیکہ لگا دو کہ اس کو نظر نہ لگے''۔

نظرِ بد کی تشخیص و علاج

یہ عمل بھی نظرِ بد کے واسطے چلتا ہوا ہے کہ ایک پاک دھاگہ تین ہاتھ لمبا لے کر مریض کے پاس شب کو رکھے جو نظر زدہ ہو۔ پھر فجر کے وقت بِسْمِ اللّٰہِ وَ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کو تین بار اور سورۂ فاتحہ کو تین بار پڑھے۔ پھر

عَزَمْتُ عَلَیْكَ اَیَّتُهَا الْعَیْنُ الَّتِیْ فِیْ فُلَانِ ابْنِ فُلَاں بِحَقِّ اَشْرَاهِیَا یَوَاهِیَا اَذْوِیْنَا اَصَبَّاتُ اِلَیَّ شَدَّایَ عَزَمْتُ عَلَیْكَ اَیَّتُهَا الْعَیْنُ الَّتِیْ فِیْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةٍ بِحَقِّ شَهَتْ بُهَتْ اَشْهَتْ یَاتَنْطَاعِ النَّجَابِا الَّذِیْ لَا یَقْوٰی عَلَیْهِ اَرْضٌ وَ لَا سَمَاءٌ اُخْرُجِیْ یَانَفَسَ السُّوْءِ مِنْ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةٍ كَمَا اُخْرِجَ یُوْسُفُ مِنَ الْمُضِیْقِ وَجُعِلَ لِمُوْسٰی فِی الْبَحْرِ طَرِیْقٌ وَاِلَّا فَاَنْتِ بَرِیْئَةٌ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَاللّٰه تَعَالٰی بَرِیْءٌ مِنْكِ اُخْرِجِیْ یَانَفَسَ السُّوْءِ مِنْ فُلَانِ اِبْنِ فُلَانَةٍ بِاَلَفِ اَلَفِ قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اُخْرُجِیْ یَانَفْسُ السُّوْءِ بِاَلَفِ اَلَفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَشِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّهُوَاَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ۔

اور بجائے فلاں ابن فلاں کے اس کا اور اس کی ماں کا نام لے۔ پھر اس دھاگہ کو دوسری دفع ناپے۔ اگر تین ہاتھ سے بڑھ جائے یا کم ہو جائے تو اس مریض کو نظرِ بد کا اثر ضرور ہے۔ تو اس عمل کو اسی طرح تین روز برابر کرے۔ ان شاء اللہ العزیز، نظرِ بد کا اثر ضرور دور ہو جائے گا۔

جہتہ دفع نظرِ بد

جس بچہ کو نظر لگ جاوے یا ضد کرتا ہو یا سوتے میں ڈرتا ہو تو قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس تین دفعہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالے۔

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ۔ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ اور یہ دعا لکھے اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَیْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَعَیْنٍ لَّامَّةٍ۔

جہتہ دفع نظر و سحر..... جادو اور نظر لگنے سے حفاظت

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا وَ عَیْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ عَلَیْنَا بِحَوْلِ اللّٰهِ لَایَقْدِرُ عَلَیْنَا۔ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِیْطٌ۔ بَلْ هُوَقُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ۔ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ۔

یہ فقرہ بہت بڑا حصار ہے۔ حفاظت کرتا ہے جادو اور نظر لگنے، سحر، آسیب، جن اور تمام بُری باتوں سے، اس کو کثرت سے تلاوت کرتا رہے۔

جہتہ دفع جادو..... نظرِ بد اور جادو کا رد

وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

یہ فقرہ نظرِ بد اور جادو کا رد کرنے میں اور رجعت اور بد دعا کرنے میں بہت تاثیر رکھتا ہے اور بہت پڑھنے والے کے گناہ جھاڑ دیتا ہے۔ اور اسی

امر کا اشارہ ہے حدیث شریف میں کہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ایک خزانہ ہے، جنت کے خزانوں میں اور اسی طرح امید مغفرت کی ہے۔

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ

نظرِ بد سے حفاظت

نظرِ بد سے حفاظت کے لئے آیات ذیل لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝۵۱ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝۵۲ (القلم ۵۱-۵۲)

نظرِ بد ختم کرنے کیلئے

وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝۵۱ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝۵۲ (القلم ۵۱-۵۲)

حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا ہے کہ نظر بد کے لئے مفید ہے۔

دفعِ سحر و نظرِ بد

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْکِ سُلَیْمٰنَ ۚ وَمَا کَفَرَ سُلَیْمٰنُ وَلٰکِنَّ الشَّیٰطِیْنَ کَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَی الْمَلَکَیْنِ بِبَابِلَ ھَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ؕ وَمَا یُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰی یَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَۃٌ فَلَا تَکْفُرْ ؕ فَیَتَعَلَّمُوْنَ مِنْھُمَا مَا یُفَرِّقُوْنَ بِہٖ بَیْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِہٖ ؕ وَمَا ھُمْ بِضَآرِّیْنَ بِہٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ ؕ وَیَتَعَلَّمُوْنَ مَا یَضُرُّھُمْ وَلَا یَنْفَعُھُمْ ؕ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىہُ مَا لَہٗ فِی الْاٰخِرَۃِ مِنْ خَلَاقٍ ؕ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِہٖٓ اَنْفُسَھُمْ ؕ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ۝۱۰۲ (البقرۃ ۱۰۲)

کورے تانبے کے طشت میں ان آیتوں کو لکھ کر اس کو کندر کی دھونی دے کر پلایا جاوے اور گھر میں چھڑک دیا جاوے تو جادو کا اثر جاتا رہے اور اس گھر میں کسی کو جادو کا اثر نہ ہو۔ اور اگر اس پانی سے ایسے شخص کو غسل دیا جاوے جس کو جادو یا نظرِ بد کا اثر ہو تو ان شاء اللہ تعالیٰ اثر دفع ہو جاوے۔

گریہ و بدخوابی و نظرِ بد

سورۂ ابراہیم (پ: ۱۳)۔ سفید ریشمی کپڑے کے ٹکڑے پر اس کو باوضو لکھ کر لڑکے کے باندھے تو رونا اور ڈرنا اور نظرِ بد سب دفع ہو جاویں اور دودھ چھوڑنا آسان ہو۔

دردِ دست و پا و نظر

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَکَّلَ عَلَی اللّٰہِ وَقَدْ ھَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰی مَآ اٰذَیْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ ۝۱۲ (ابراھیم ۱۲)۔ جس کے ہاتھوں پیروں میں درد یا اس کو نظر ہو، اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر باندھ دے۔ ان شاء اللہ، اچھا ہو جائے گا۔

نظرِ بد کا علاج

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَکَّلَ عَلَی اللّٰہِ وَقَدْ ھَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰی مَآ اٰذَیْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَی اللّٰہِ فَلْیَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْنَ ۝۱۲ (ابراھیم ۱۲)

جس شخص کو آدمی یا جن کی نظر ہو تو ایک گھڑا کنویں سے بھر کر یہ آیت پڑھ کر دم کر دے اور جس کو نظر لگی ہو، اس کو شب کے وقت چوراہے پر لے جا کر اس پانی سے غسل کرا دیں۔ تین شب تک اسی طرح کریں، ان شاء اللہ تعالیٰ نظر جاتی رہے گی۔

نظرِ بد و بیماری کا علاج

سورۂ یٰس لکھ کر پاس رکھنے سے نظرِ بد اور سب بیماری اور درد سے حفاظت میں رہے۔

دفعِ نظرِ بد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ وَیْلٌ لِّکُلِّ ھُمَزَۃٍ لُّمَزَۃٍ ۝۱

الَّذِیْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۝۲ یَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ۝۳ كَلَّا لَیُنْۢبَذَنَّ فِی الْحُطَمَةِ ۝۴ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝۵ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۝۶ الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ۝۷ اِنَّهَا عَلَیْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝۸ فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝۹ (سورۃ الھمزۃ: پ ۳۰)

جس پر نظرِ بد لگ گئی ہو، اس پر دم کیا جاوے۔

نظرِ بد

لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝۵۷ (المؤمن: ۵۷)

فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝۳ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِیْرٌ ۝۴

(الملک: ۳-۴)

لکھ کر باندھیں اور دم کریں۔

حضرت مولانا شاہ ابرار الحق نور اللہ مرقدہ

نظرِ بد کا مجرب علاج

ارشاد فرمایا کہ نظرِ بد کا علاج مجرب ہے۔ جس پر نظر لگی ہو، سات سرخ مرچوں پر ''وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝۵۱ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝۵۲ (القلم: ۵۱-۵۲)'' سات (۷) مرتبہ پڑھ کر دم کریں یا الگ الگ مرچ پر ایک بار پڑھ کر دم کریں، پھر ایک مرچ کو اس کے جسم سے یعنی سر سے پیر تک دونوں طرف لگا کر آگ میں جلا دیں۔ اگر دھانس آنے لگے تو سمجھ لیجئے نظر اُتر گئی اور اگر دھانس نہ آوے تو دوبارہ یہی عمل کیا جاوے۔ (مجالس ابرار، ص: ۴۱۹)

حضرت مولانا احمد علی پنجگوری رحمہ اللہ

نظرِ بد کے لئے

دو تین ہلدی کی گرہ پر تین تین مرتبہ یہ کلمہ پڑھ کر پھونکیں اور پھر آگ میں ڈال کر اس کی دھونی اس شخص کو دیں، جسے نظر بد لگ گئی ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اچھا ہو جائے۔ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْكُفْرُ بَاطِلٌ

حضرت مولانا محمد مسعود ازہر مدظلہ

نظرِ بد کا تیر بہدف علاج

وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝۵۱ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝۵۲ (القلم: ۵۱-۵۲)

پاک پانی لے کر اُس پر یہ آیات سات (۷) مرتبہ پڑھیں اور ہر مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ مریض سے کہیں کہ وہ اس پانی میں سے نو (۹) گھونٹ پیے اور ہر گھونٹ پر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے۔ باقی پانی بالٹی یا کسی بڑے برتن میں ڈال کر اس میں اور پانی ملا کر پورے جسم پر بہالے۔ ان شاء اللہ سخت سے سخت نظر دور ہو جائے گی۔

یہ دم جانوروں پر بھی کیا جا سکتا ہے کہ انہیں پانی پر دم کر کے پانی پلایا جائے۔ نیز جس کسی پر نظر لگی ہو، اس پر یہ آیات پڑھ کر دم بھی کیا جا سکتا ہے، انسان ہو یا جانور۔ نیز وہ افراد جنہیں اکثر و بیشتر نظر لگ جاتی ہے، انہیں یہ آیات روزانہ سات (۷) مرتبہ پڑھنی چاہئیں۔

نظر کا ایک اور علاج

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا

یہ دعا سات بار پڑھ کر دم کریں، بے حد نافع ہے۔

نظر کا مسنون علاج

جس کی نظر لگی ہو، وہ وضو کر کے استعمال شدہ پانی اس شخص پر چھڑکے جسے نظر لگی ہو۔ ویسے بھی وضو کا پانی چھڑکنے سے نظر کا علاج ہو جاتا ہے۔

استاذ العاملین حضرت مولانا محمد امان اللہ صاحب نوراللہ مرقدہٗ کے نظرِ بد کے علاج کے اعمال.....مرتب: خالد مقبول حفظہ اللہ

دفع نظرِ بد کے لئے

ہلدی کی چند گرہوں پر تین تین مرتبہ الاسلام حق والکفر باطل پڑھ کر پھونکیں اور آگ میں ڈالیں اور اس کا دھواں مریض کو پہنچائیں۔

برائے نظرِ بد

نقش ذیل کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔

یاھو	یاھو
یاھو	یاھو

انسان اور جانور کی بدنظر کے لئے

جس کسی کو بدنظر لگ گئی ہو، خواہ مرد ہو، عورت یا بچہ، ایسی حالت میں نو (۹) تار کچے نیلے سوت کے لے کر، اتنے بڑے کے مریض کے گلے میں آجائیں، ان پر چھ (۶) گرہیں لگائی جائیں گی۔ اس طرح کہ ہر گرہ پر سات بار درود شریف اور تین بار سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ) پوری پڑھ کر ہر گرہ پر دم کرتا جائے اور یہ گنڈہ پھر مریض کے گلے میں ڈالا جائے۔

اور اگر جانور کو بدنظر لگ گئی ہو تو سیاہ اون لے کر، جو کاتا ہوا گھر کا ہو، اتنا بڑا لیا جائے کہ جانور کے گلے میں آجائے، اس اُون کے بھی نو (۹) تار لئے جاویں گے اور چھ (۶) گرہیں لگائی جائیں گی اور جو طریقہ اوپر لکھا گیا ہے اسی طرح کر کے جانور کے گلے میں ڈالا جائے۔

بدنظر کے لئے

جس کسی کو نظر لگ گئی ہو تو اس کو چاہئے کہ اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد یا بچہ اپنے دائیں بازو پر باندھے اور عورت اور لڑکی اپنے بائیں بازو پر باندھے اور گلے میں بھی ڈالا جاسکتا ہے۔

۷۹۰۶	۷۹۰۹	۷۹۱۲	۷۸۹۹
۷۹۱۱	۷۹۰۰	۷۹۰۵	۷۹۱۰
۷۹۰۱	۷۹۱۴	۷۹۰۷	۷۹۰۴
۷۹۰۸	۷۹۰۳	۷۹۰۲	۷۹۱۳

جانور کی نظرِ بد

جس گائے یا بھینس کو نظر لگ جاوے تو یہ آیت تین دفعہ پڑھ کر آٹے کے پیڑے پر دم کرے اور جانور کو کھلا دے۔ آیت یہ ہے:

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَاۗىِٕغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ (النحل:۶۶)

برائے نظرِ بد انس وحیوان

گائے یا بھینس کو جب نظر لگ جائے تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ. سعے سعے سعے سعے۔

انسانوں کے لیے بھی مفید ہے۔

برائے نظرِ بد

اگر کسی بچہ کو نظرِ بد لگ جاتی ہو تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالے اور اگر جادو کا خوف ہو تو اس کو پڑھ کر دم کرے، جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔

یَامُمِیْتُ	
یَامُمِیْتُ	یَامُمِیْتُ
یَامُمِیْتُ	یَامُمِیْتُ

نظرِ بد اور اثرِ بد کے اثرات ختم کرنا

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری مدظلہٗ (سجادہ نشین دربار عالیہ خواجہ صوفی بہادر علی قادریؒ جویلی لکھا)

مشرق کو توہم پرست کہا جاتا تھا لیکن ہم دیکھ رہے ہیں کہ مادہ پرست ممالک بھی اس کی توہم پرستی کے قائل ہوتے جارہے ہیں۔ جن باتوں کو لوگ ''واہمہ'' کہتے تھے، اب مشاہدہ اور تجربہ انہیں بالکل حقائق ثابت کررہا ہے۔ نظرِ بد اور چشمِ بد وغیرہ کا خیال بھی ایک زمانہ میں ''واہمہ'' ہی خیال کیا جاتا رہا۔ لیکن مغربی اقوام کی روحانیتِ جدید، اب اس واہمہ کو حقیقت سمجھنے پر مجبور ہورہی ہے اور مشرق کے اس زبردست نظریہ کو ماننے کے لیے مجبور ہے۔ ہم مشرقی تو نظرِ بد یعنی نظر لگ جانے کے بہت عرصہ سے قائل ہیں۔ جدید روشنی کے محققین نے اس نظریہ کی چھان بین، اس کی تاریخ اور فلسفہ کے متعلق جو قابل قدر ریسرچ کی ہے، وہ حال ہی میں ایک علمی انجمن کے سامنے ایک دل چسپ روئیداد کی صورت میں پیش ہوئی ہے۔ اس علمی انجمن کے سامنے اس نظریہ کے متعلق جو تاریخی شواہد اور فلسفہ نکات زیر بحث آئے ہیں، ان سے استفسار کرنا بہت مفید ہوگا۔ اس لیے مشرق کے اس قدیم نظریہ کی تصدیق زمانۂ حال کے تمدن کے ذریعے سنئے اور موجودہ حقائق پر غور کریں۔

قدیم ترین انسانی تاریخ کے نوشتوں سے پتہ چلتا ہے کہ نظرِ بد کے اثر کو ہمیشہ سے محسوس کیا جاتا رہا ہے اور لوگوں کے مشاہدہ و تجربہ میں یہ ہمیشہ آتا رہا ہے۔ آنکھ کی تاثیر اور طاقت سے متعلق ابتدائے آفرینش سے اس وقت تک سینکڑوں واقعات تجربہ میں آتے رہے ہیں اور بیسیوں روایتیں مشہور ہیں۔ قدیم مصر کی تاریخ پر ہم نظر ڈالتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کی اضامیات میں فتا یعنی فتاح ''دنیا کو کھولنے والا'' نامی ایک دیوتا تھا۔ جس نے اس دنیا کو بلکہ ساری کائنات کو اور دیگر دیوی دیوتاؤں کو اپنی ''آنکھ'' یا چشم زدن کے ذریعے سے پیدا کردیا تھا۔ قدیم مصری نوشتوں کے دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ اس وقت بھی نظرِ بد پر لوگوں کو یقینِ کامل تھا اور ان کے مشاہدہ و تجربہ میں یہ نظریہ آتا رہتا تھا۔ اس لیے انہوں نے اس کے برے اثرات سے بچنے کے لیے منتر اور ٹوٹکے اختراع کئے تھے۔ وہ اس کے بھی قائل تھے کہ نظرِ بد کا اثر زندوں کے علاوہ مُردوں پر بھی ہوتا ہے۔ اس لیے مُردوں کو اس کے برے اثرات سے بچانے کے لیے بھی انہوں نے تعویذات ایجاد کئے تھے۔ غرض یہ کہ نظرِ بد کا کلیہ تسلیم کیا جاتا رہا ہے۔

بائبل میں نئے اور پرانے عہد ناموں میں بھی نظرِ بد کے متعلق کئی جگہ ذکر آتا ہے۔ مثلاً ''کتاب الامثال'' باب ۲۳ آیت ۶ میں مذکور ہے:

''جس کی نظرِ بد ہو، اس کی روٹی تو نہ کھا اور نہ اس کے گوشت کھانے کی خواہش کر''۔

کتاب الامثال ہی میں باب ۲۸، آیت ۲۲ میں ایک اور جگہ اسی کی طرف اشارہ ہے: ''جو دولت مند ہونے کی حرص کرتا ہے، اس کی نگاہ بد ہوتی ہے'' وغیرہ وغیرہ۔

انجیل متی باب ۲۰، آیت ۱۰ اور مرقس باب ۸، آیت ۲۲ میں بھی حضرت عیسیٰ علیہ اسلام نے نظرِ بد کا ذکر کیا ہے۔ ان آیتوں کو نقل کیا جاتا ہے۔

''میں اپنی مرضی کے مطابق جو امر مناسب سمجھتا ہوں، کیوں نہ کروں؟ تیری نظرِ بد ہے۔ مجھ میں کوئی بھی نقصان نہیں''۔

''چوری، حرص، شرارت اور فریب، دجل، نظرِ بد، گندہ دہنی، غرور حماقت وغیرہ''۔

مندرجہ بالا پاروں کے علاوہ اور کئی جگہ بائبل میں نظرِ بد کا ذکر آتا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں بھی لوگ نظرِ

بد کے اثر اور طاقت کے قائل تھے۔ اسی لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی گفتگو میں اس کا ذکر کیا ہے۔

مسلمان اور دیگر مذاہب، سب نظرِ بد کے اثر کے قائل ہیں اور بچوں، بڑوں یا اچھی چیزوں کو نظرِ بد لگنے کے خطرہ سے محفوظ رکھنے کے لیے طرح طرح کے تعویذ گنڈے اور عملیات سے کام لیتے ہیں۔ حضور نبی کریم ﷺ کے زمانے میں بھی نظرِ بد کے اثرات نمایاں تھے۔ بہت سی صورتیں اور آیات اس ضمن میں قرآن مجید میں ہیں اور احادیث سے بھی ثابت ہے کہ نظرِ بد کے اثرات بہت قوی ہوتے ہیں۔

نظرِ بد لگنے کا اثر اور اس کا فلسفہ

ابتدائے آفرینش سے آنکھ کو جذبات وحسیات انسان کے اظہار کا سب سے بڑا اور مؤثر ترین مخزن شمار کیا جاتا ہے۔ آنکھ کے ذریعہ سے محبت، نفرت، غصہ، خوف وغیرہ کا اظہار اس خوبی کے ساتھ ہوتا ہے کہ جسم کے کسی اور حصہ سے ان جذبات کا اظہار اس ممکن درجہ تک نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ ہماری نظریں ''قہر آلودہ نگاہ''، ''نظرِ التفات''، پیار کی نظریں، ''چشم بددُور''، چشم بینا، چشم ماروشن، چشمک زن وغیرہ کے کلمات وضع ہو گئے ہیں۔ اس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اظہارِ جذبات میں آنکھ کو کتنا اہم دخل ہے۔ چونکہ آنکھ کے ذریعہ اندرونی حسیات و جذبات وخواہشات کا مظاہرہ ہوتا ہے، اس لیے انسان قدیم آنکھوں کی طاقت اور ان کے اثر کا قائل ہو گیا اور ان جذبات کا تجزیہ کرنے کی تو اس میں استعداد نہ تھی۔ اس لیے وہ یہی سمجھا کہ آنکھ میں بہت بڑی طاقت ہوتی ہے۔ اس سے بچنے کے لیے کوئی تدبیر کرنی چاہئے۔ نظر لگنے کا اثر فی الحقیقت یہی ہوتا ہے کہ جذبات وحسیات کا بے پناہ سیلاب قوت ارادی کے زبردست اثر کے ساتھ دوسرے آدمی یا شئے پر پڑتا ہے اور اسی کے مطابق اس کی تشکیل ہوتی ہے۔ حیرت انگیز اثرات ایک نفسانی اصول کے ماتحت پیدا ہوتے ہیں۔ وہی آنکھ کا اثر ہوتا ہے۔ اس کی گہرائی میں جس قدر ڈوبا جائے گا، اسرار بڑھتا ہی چلا جائے گا۔

قدیم یونانی

قدیم یونانیوں نے اپنا سارا تمدن چونکہ قدیم مصر سے لیا تھا، اس لیے آنکھ کے پراسرار اثرات اور اس کی طاقتوں کے وہ بھی قائل تھے۔ نظرِ بد کا عمل ان میں بھی زور وشور سے جاری تھا۔ انہوں نے اس ناقابل فہم طاقت کے اظہار کے لیے اپنی زبان میں ایک لفظ ایجاد کیا تھا، جسے ''باسکی نوز'' کہتے تھے۔ اس پراسرار قوت خیال کا ذکر یونانی نوشتوں میں اکثر جگہ آتا ہے۔ اس کے برے اور مضر اثرات کو زائل کرنے کے لیے مختلف طریقے بھی بتائے گئے ہیں۔

قدیم کلدانیوں کی تہذیب میں بھی ہمیں ''باسکی نوز'' کا لفظ ملتا ہے۔ اس لیے سمجھا جاسکتا ہے کہ ان کے زمانہ میں بھی نظرِ بد کا ایک مسلمہ نظریہ تھا۔ غرض یہ ثابت ہو گیا کہ تمام قدیم تہذیبوں میں لوگ نظرِ بد کے قائل تھے۔ اگر یہ لغو یا بے بنیاد نظریہ ہوتا تو قدیم مصری ویونانی حکماء وعلماء اس کی ضرور تردید کرتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ وہ لوگ آنکھ کی قوت اور نظرِ بد کے اصول کو تسلیم کرتے تھے۔ مشرقی ممالک میں زیادہ اس نظریہ پر ایمان رکھا جاتا ہے۔ بالخصوص پاکستان میں نظر لگنے کی شکایت عام ہے۔ ہندوؤں میں بد نظری کو درشت، مسلمانوں میں بدنگاہ اور بدنظری، چشمِ بد وغیرہ نام کے ذریعے مشہور ہے۔ دونوں قوموں میں یہ نظریہ مانا جاتا ہے۔ اگر کسی بچے یا اچھی چیز یا خوش نما مقام، عمارت، کاروبار، عورت وغیرہ پر کسی بدنگاہ کا اثر پڑ جائے تو اس کے اتارنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ عملیات سے کام لیا جاتا ہے اور عاملین وکاملین اس کا کامیاب علاج کر دیتے ہیں۔

آنکھ اور حواس خمسہ

قدرت نے اظہارِ جذبات وحسیات کی ادائیگی کے لیے پانچ حواس پیدا کئے ہیں۔ ذہن، لمس، ذائقہ، گفتگو وغیرہ کے ذریعہ سے بھی ہم اظہار جذبات کر سکتے ہیں۔ لیکن آنکھ کی طاقت ان تمام حواس میں برتر اور مافوق الفطرت قسم کی ہے۔ اس کی جاذبیت اور کیفیت اس قدر حیرت انگیز طور پر تیز ہے کہ انسان کی کوئی حس اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ اس لئے آنکھ کے اثر کو سب سے بڑا اور بعض اوقات مہلک ومضر رساں تصور کیا جاتا ہے۔ حسد اور جلن ''ایک ذہنی اذیت'' کو آنکھ کا سب سے بڑا جذبہ تسلیم کیا جاتا ہے۔ آنکھ

سے اس ہمہ گیر جذبہ کے ماتحت جس قدر زبردست اثرات اور شعلے نکلتے ہیں، وہ سب نظرِ بد کے پیدا کرنے میں ممد ہوتے ہیں۔

کتاب وید مقدس

وید مقدس ہندوؤں کے مشہور مذہبی نوشتہ میں نظرِ بد کا بار بار ذکر آتا ہے۔ اور جا بجا عملیات منتر وغیرہ بتائے گئے ہیں۔ اس کے اثر سے کیونکر محفوظ کیا جاسکتا ہے اور اگر اس کا برا اثر پڑ جائے تو کیوں کر اس کا علاج اور ازالہ ہوسکتا ہے۔ چنانچہ اتھر وید میں نظر لگ جانے کے علاج میں منجملہ دیگر تدابیر کے تلک کے درخت کی لکڑی گلے میں لٹکانے سے نظرِ بد سے محفوظ رہنے کا حکم ہے۔ نیز تعویذ بھی بنا کر دیئے جاتے ہیں۔ سونے اور چاندی اور لوہے کی تاروں کی ایک مالا بنا کر اور منتر وغیرہ پڑھ کر عام طور پر دیئے جاتے ہیں۔

یورپ کے ساحر

مغربی ممالک میں خاص طور پر یورپ میں سحر اور علومِ مخفیہ کا بڑا چرچا ہے۔ جا بجا ساحر اور عامل پائے جاتے ہیں۔ یورپ نے بھی نظرِ بد کو مان لیا ہے۔ اور اکثر مشہور ساحروں نے مخصوص عملیات و وظائف واذکار تصنیف کئے ہیں۔ آج کل طلسم سے بنے ہوئے نقش عام ہیں۔ جن کے ذریعہ وہ لوگوں کے علاج کرتے ہیں۔ جھاڑ نے پھونکنے کے ذریعہ نظرِ بد کا علاج یورپ میں ایک عرصہ تک رائج رہا ہے اور آج بھی لوگ اس پر یقین رکھتے ہیں۔ انگلستان کی ملکہ بیس کے زمانہ میں ایسی ساحرہ بہت عام تھیں، جو اپنی مہلک نظروں سے چھوٹے بچوں کو بیمار کر دیتی تھیں یا ان کے کلیجے نکال کر کھا جاتی تھیں۔ لوگوں کو مسحور کر دیتی تھیں۔ ایسی عورتوں کو قانون کے ذریعے پکڑا جاتا تھا اور ان کے ساتھ سختی کی جاتی تھی۔ یورپی اقوام میں اب تک لوگ اس نظریہ کو تسلیم کرتے ہیں۔

آنکھ کی شعاعیں

جب ہم کسی چیز کو دیکھتے ہیں تو سورج کی کرنوں کی طرح سے آنکھ میں سے شعاعیں نکلتی ہیں۔ جو غیر مرئی ہوتی ہیں اور وہ اس شئے پر پڑ کر اُس کو روشن کر دیتی ہیں۔ اور ہمیں وہ چیز نظر آنے لگتی ہے۔ کہتے ہیں کہ بعض لوگوں میں پیدائشی طور پر شعاعیں بہت زیادہ ہوتی ہیں اور وہ ان کی مسلسل مشق اور جنبش سے ان میں ایک زبردست اثر اور طاقت پیدا کر لیتے ہیں۔ جیسے ہپناٹزم، ٹیلی پیتھی وغیرہ، آنکھ کی شعاعوں میں طاقت اپنی قوت ارادی سے پیدا ہوتی ہیں ورنہ شعاعیں تو ہر شخص کی آنکھوں سے نکلتی ہیں۔ پس جس کی اپنی قوت ارادی مضبوط، مؤثر اور دہشت انگیز ہوگی، وہ ویسا ہی اثر کرے گی۔ بعض اوقات ارواح بھی کسی کو اپنا معمول ''میڈیم'' بنا کر آنکھوں کے ذریعہ برا اثر ڈالتی ہیں۔ قدیم رومیوں میں اکثر ایسے نظر باز ہوا کرتے تھے جو آنکھ کے اثر سے اچھا اور برا، جس قدر ہو سکے کام بھی لیا کرتے تھے۔ بیماروں کو اچھا کرنے اور اپنی قوت ارادی ''جس کا مرکز وہ آنکھ کی پتلیوں کو بتاتے تھے'' سے بڑے بڑے کام انہوں نے دکھائے لیکن آنکھ کے اچھے اثر کی روائتیں بہت کم ہیں۔ برے اثر اور طاقت کے فسانے بہت عام ہیں۔

آنکھوں کا رنگ

کوئی اصول نہیں بتایا جاسکتا تھا کہ کون سی آنکھ بد ہوتی ہے اور کون سی نہیں ہوتی لیکن بالعموم یہ سمجھا جاتا ہے کہ ایک یا دونوں میں دوہری پتلیوں کا ہونا، بلی کی سی آنکھیں، ازرق رنگ، بھینگا پن کی علامتیں پائی جائیں تو ایسے فرد کی نظر سے بچنا چاہئے۔ زرد اور شعلہ گوں آنکھ سے بھی خطرہ رہتا ہے۔

زبان

بعض جوگیوں اور مسلمان عاملین کا خیال ہے کہ آنکھ کے بعد زبان بڑا مؤثر حربہ ہے بد اثرات ڈالنے کا۔ جس شخص کی زبان پر سیاہ دھبے ہوں، اس کی زبان میں بہت بڑا اثر پنہاں ہوتا ہے۔ ''چنانچہ ہماری زبان میں کل جبھا یعنی بد دہن کہتے ہیں''۔ ہر قوم میں عورتوں کو اس اثر کا سب سے بڑا عامل مانا گیا ہے اور واقعہ بھی یہ ہے کہ عورتیں بالخصوص معمر عورتوں کی زبان میں بڑی تاثیر ہوتی ہے۔ کوئی سائینٹفیک تحویل نہیں دی جاسکتی۔

ہندو، دیوی دیوتاؤں میں بھی نظرِ بد کا اثر مانتے ہیں۔ وہ ایک دوسرے

کے خلاف جب لڑتے ہیں تو نظرِ بد کا استعمال کرتے ہیں۔ بعض اوقات انسانوں کی دولت، ان کی ترقی یا کسی اچھی چیز کو دیکھ کر بھی دیوی دیوتا ناراض ہوجاتے ہیں۔ ان میں باہمی لڑائی شروع ہوجاتی ہے۔ اکثر دیویوں کے نام پر قربانیاں کی جاتی ہیں۔ نیز ان کی بری نظروں سے بچانے کے لیے کھانے پینے کی چیزیں، خوبصورت بچے، عمدہ چیزیں، عمارتیں، کاروبار وغیرہ ان کی بری نظروں سے بچا کر رکھی جاتی ہیں۔ جس کے مختلف طریقے ہیں۔ دھونی وغیرہ دے کر ان کے اثرات کو دور کیا جاتا ہے۔ تعویذ گلے میں لٹکائے جاتے ہیں یا منتر اور عملیات کا ذکر کرایا جاتا ہے۔

نظرِ بد کی بھینٹ

مختلف اقوام میں عام طور پر یہ عقیدہ ہے کہ اگر کوئی بچہ برے ستارہ کے اثر سے زمانہ میں پیدا ہوتو وہ منحوس ہوتا ہے۔ اور اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ دیوی یا دیوتا کی نظرِ بد اس خاندان پر پڑی ہے۔ چنانچہ جوتشی اور عامل وغیرہ ایسے تعویذ وغیرہ دیتے ہیں کہ جس سے نوزئیدہ بچہ پر سے نحس ستارہ کا اثر ٹل جائے۔ نظرِ بد کے لیے بھینٹ پوری طرح ادا نہ ہوتو بچے کی زندگی خطرہ میں سمجھنی چاہئے۔ دیوی یا دیوتا اپنی قہر آلود نگاہوں سے بچہ کو فنا کر دیتا ہے۔

لرزہ خیز طاقت

نظر کی طاقت بڑی لرزہ خیز ہوتی ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ بد نظر کا اثر زیادہ تر حاملہ عورتوں، خوبصورت بچوں، عمدہ غذاؤں، اونچی شاندار عمارتوں، پھل دار درختوں، خوش حال لوگوں، فصلوں اور روانی دریا وغیرہ پر زیادہ سرعت اور تاثر کے ساتھ پڑتا ہے۔ کیونکہ جب یہ چیزیں دوسروں کی ملکیت میں ہوتی ہیں تو اس سے دوسروں کے دل میں جلن پیدا ہوتی ہے اور نگاہوں میں شرارت، غصہ، جلن اور حسد وغیرہ کے جذبات پڑتے ہیں۔ جس سے ان چیزوں کو تباہی ممکن ہوجاتی ہے۔ ایسا کیوں ہوجاتا ہے؟ اس کا کوئی بھی سبب سمجھ میں نہیں آتا۔

مالابار کے نظرِ بد

جنوبی ہند میں بالعموم اور مالابار کے کوہستانوں میں بالخصوص نظر بندی کرنے والے ہندو جوگی اور ساحر بکثرت پائے جاتے ہیں۔ جو زیادہ تر پہاڑوں میں رہتے ہیں اور راہبوں کی زندگی بسر کرتے ہیں۔ اکثر لوگ ان سے استفادہ کرتے ہیں اور خود بھی نیچے اتر کر انسانی آبادیوں میں آتے ہیں اور اپنے کمالات سے دنیا کو محو حیرت کر دیتے ہیں۔ مسٹر تھرسن (ایک انگریز مبصر اور مورخ) نے ان اضلاع کا دورہ کیا تھا اور ایک کتاب ''جنوبی ہند کا سحر'' تصنیف کی تھی۔ اس میں جابجا مالا باری ساحروں کا ذکر آتا ہے۔ وہ لکھتے ہیں: ''یہاں ایسے نظر بند ہیں کہ وہ ذرا سی دیر میں آنکھوں کے سامنے سے غائب ہوجاتے ہیں۔ مختلف جانوروں کی شکلیں اختیار کر کے دکھا سکتے ہیں۔ بالعموم بھینسے یا بلی، کتے وغیرہ کی شکل اختیار کرتے ہیں۔ لوگ ان سے بہت ڈرتے ہیں۔ یہ لوگ اگر کسی شخص کو مارنا چاہیں تو بھینسا بن کر دشمن کے گھر چلے جاتے ہیں اور اپنے سحر کے زور سے اسے گھر سے باہر نکال لاتے ہیں اور اس کے پیٹ میں سینگ مار کر اسے ہلاک کر دیتے ہیں۔ غرض مالا باری ساحروں کی مافوق الفطرت طاقتوں کا اثر ناقابل فہم حد تک پہنچ چکا ہے۔ یہ سب قوت ارادی کے کرشمے ہیں''۔

پبلک کی نگاہیں

جو لوگ ہر وقت پبلک کی نظروں کے سامنے رہتے ہیں مثلاً بادشاہ، کاروباری افراد، اہم شخصیات، سماجی لوگ، لیڈر اور واعظ وغیرہ..... ان کو نظرِ بد لگنے کا بڑا اندیشہ ہوتا ہے۔ بالخصوص امراء اور خوشحال لوگوں کو کیونکہ ان کو دیکھنے سے لوگوں کے ذہن میں ایک قسم کا حسد پیدا ہوتا ہے۔ اور لاکھوں آدمیوں کی اچھی بری سب نگاہیں دن رات پڑتی رہتی ہیں۔ اس لیے انہیں نظر لگ جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔ راجہ، بادشاہ، اہم لیڈر یا وزراء جب جلوس، سواری اور پارٹی وغیرہ کے بعد واپس آتے ہیں تو لوگوں کی بری نظروں سے محفوظ رہنے کے لیے وہ ایک عمل کرتے ہیں۔ جسے ''آرتی لینا'' کہتے ہیں۔ اس عمل کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اگر کسی کی بری نظر پڑی ہوتو وہ دُور ہوجائے۔ ''آرتی'' کی رسم مندروں میں بھی ہوتی ہے اور دیوتاؤں کو بھی نظرِ بد سے محفوظ رکھنے کے لیے یہ عمل کیا جاتا ہے۔ رات کو جب مندر بند

ہوتا ہے تو تمام مورتیوں کی آرتی ہوتی ہے تا کہ اگر دن بھر میں کسی نے بدنظر ڈالی ہو تو اس کا ازالہ ہو جائے۔ دیوی دیوتا بھی نظروں کے اچھے برے اثر سے محفوظ نہیں سمجھے جاتے۔ مسلمانوں میں نقش، عملیات یا قرآنی سورہ کو پڑھنے کے لیے متعدد آیات ملیں گی، جن سے نظرِ بد ختم ہو جاتی ہے۔

نظرِ بد سے بچنے کے طریقے

نظرِ بد سے بچنے کے مختلف طریقے ہیں۔ سب سے زیادہ عام طریقہ تو تعویذات کا ہے۔ جادو، ٹونے ٹوٹکے اور عملیات کے ذریعہ سے بھی ان کا اثر دور ہو سکتا ہے اور ماہرین و عاملین اور کاملینِ روحانیت ایسا کرتے ہیں۔ فریب دہ لوگوں سے بچنا چاہئے اور ماہر فن سے رجوع کرنے میں دیر نہیں کرنی چاہئے۔ نظرِ بد سے بچنے کے لیے ٹیکہ لگا لینا بھی مفید سمجھا جاتا ہے۔ اونچی شاندار عمارتوں پر ہندو ''اوم'' اور مسلمان ''ماشاء اللہ'' لکھ کر بدنظروں کا دفعیہ کرتے ہیں۔

ہاتھ کی علامت

ابتدائے تاریخ سے ہاتھ کو بڑا مؤثر حربہ مانا گیا ہے۔ پرانے پرانے تعویذوں اور نقوش میں ہاتھ کے چربہ کو بڑا دخل ہے۔ اس لیے نظرِ بد سے بچنے کے لیے جو تعویذ دیئے جاتے ہیں، ان میں زیادہ تر ہاتھوں کے نشان اور علامت ہوتی ہیں۔ جن کے بنانے کے مخصوص اوقات اور انداز ہوتے ہیں۔ غرض نظرِ بد سے بچنے کے لیے ہاتھ کی شکل کا استعمال بہت عام ہے۔ ہاتھ کا تعلق چونکہ حس اور لمس سے ہے، جو عامل کی قوتِ ارادی کو براہِ راست معمول اور مریض پر منتقل کر دیتی ہے۔ اس لیے عامل کا ہاتھ اور اس کے مخفی اشارات و خفیہ طاقتوں کا اثر ہوگا۔ تعویذ میں ہر نقش کو محفوظ کر دیا جاتا ہے اور مرشدِ کامل کے دستِ مبارک کا اثر ہر جگہ اپنی قوت کا اثر، اظہار کر سکتا ہے۔ ہاتھ کی علامت کو اس لیے ایک محض طاقت کا مظہر تصور کیا جاتا ہے۔

سینگ کا نشان

نظرِ بد سے بچنے کے لیے سینگ بڑا مؤثر طلسم سمجھا جاتا ہے۔ سینگ پر بدنظری کا اثر نہیں ہوتا۔ اس لیے اسے استعمال کیا جاتا ہے۔ اکثر شیر اور دیگر جانوروں کے ناخون جو ہلال کی شکل میں ہوتے ہیں، بھی اس مقصد کے لیے استعمال کئے جاتے ہیں۔ قدیم رومیوں میں بھی سحر کا رواج تھا اور وہ بھی سینگ کو دافع بلیات تصور کرتے تھے۔ اس سے خیال کیا جا سکتا ہے کہ یہ خیال کس قدر پختگی اور قدامت کے تجربہ پر مبنی ہے۔ قدیم رومیوں میں عام رواج تھا کہ بدنظری اور سحر کے اثر سے دور رہنے کے مکانوں، کاغذات اور دیگر مقامات اور پیشانیوں پر ہاتھ کی ایک شکل صورت بناتے تھے کہ چھنگلی اور اشارہ کرنے کی انگلی کو کھڑا کر کے بیچ کی دونوں انگلیوں کو ہتھیلی پر رکھ کر ایک قسم کا سینگ بناتے تھے۔ چونکہ انسان کے سینگ نہیں ہوتے، اس لیے مصنوعی سینگ کی علامت جا بجا پیدا کر کے انسان اور اس کی سوسائٹی پر سے سحر و بدنظر کے اثرات کو زائل کرنے کا اہتمام کیا گیا تھا۔

رومیوں میں اس دستی سینگ یعنی علامت کا نام ''قانون کارنوتو'' تھا۔ بہت سی اقوام نے سینگ کو اپنی ٹوپی کے اوپر بنا کر اسے استعمال کیا جیسے چنگیز خان، ہلاکو خان کے زمانے میں تا کہ برے اثرات سے محفوظ رہ سکیں۔ پرانے زمانے کے اکثر مقامات پر آپ دیکھیں گے کہ کچے مکانوں کی چھتوں، دیواروں اور کواڑوں پر ہاتھ کے چھاپے کے نشان ہوتے ہیں تا کہ سحر اور بلیات اور نظرِ بد کا دفعیہ ہوتا رہے۔ اور رہنے والوں اور ان کے بچوں کو ارواح خبیثہ اور مضر مخفی اثرات کوئی گزند نہ پہنچا سکیں۔

ہاتھ اور ناخنوں کے علاوہ ہندوؤں میں گائے اور بھینس کے سینگ کو بھی بلیات کے دفعیہ کے باب میں بڑا دخل ہے۔ سری یعنی کلہ کو بھی نظر لگنے کے بعد اتارا جاتا ہے اور چوراہے پر رکھا جاتا ہے۔ کالا دانہ، چٹخانہ مرچ جلانا، سیندور وغیرہ کے ذریعہ سے بھی سفلی والے علاج کرتے ہیں۔ مسلمان عاملین قرآنی آیات اور بزرگوں کے اشغال و اذکار سے علاج کرتے ہیں۔

نظرِ بد

نظر بد کے تخیلات ان علاقوں میں عام ہیں۔ بعض افراد نظرِ بد کی وجہ سے اتنے مقبول ہیں کہ لوگ ان سے اپنے جاذبِ نظر جاندار اور غیر جاندار اشیاء حتی المقدور چھپانے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ ایسے گائے

جائز کاموں میں بندش لگوانے کی تفصیل goo.gl/kj1ddP

بکری، جن کے تھن دودھ سے بھرے ہوتے ہیں، انہیں ایسے لوگوں کی نظروں سے بچانے کے لیے کپڑے کا تھیلا چڑھا کر ڈھانپتے ہیں۔ بعض لوگ نظرِ بد سے بچنے کے لیے فیروزہ انگوٹھی میں پہنتے ہیں۔ بعض مردوں اور عورتوں کی نگاہ میں ایسی طلسماتی تاثیر ہوتی ہے کہ وہ جس شخص یا شے کو تحسین، لالچ، رشک یا حسد کی نظر سے دیکھیں تو اسے لازماً ضرر پہنچتا ہے۔ بسا اوقات نظرِ بد رکھنے والے مردوں اور عورتوں کو خود بھی پتہ نہیں ہوتا کہ وہ نظرِ بد رکھتے ہیں۔ عورتیں اپنے بچوں کو نظرِ بد سے بچانے کے لیے چیتے کے ناخن یا ہرن کے سینگ کا ٹکڑا چاندی میں منڈھوا کر ان کے گلے میں لٹکا دیتی ہیں۔ اسلامی دنیا میں ہر کہیں نظرِ بد کا عقیدہ پایا جاتا ہے۔

ایک روایت کے مطابق عرب شیوخ کی خلیجی ریاستوں میں جو سیاح مغرب سے آتے ہیں، انہیں کڑی کی ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ میزبان شیخ کے کسی بچے کی تعریف نہ کریں۔ کیونکہ اس سے نظرِ بد لگ جانے کا اندیشہ ہو جاتا ہے۔

شمالی علاقہ جات میں رہنے والوں کے مطابق
بدنظری سے بچاؤ کے ٹوٹکے

کسی ایسی جگہ، جہاں سے تین راستے مختلف سمت جاتے ہوں، اس کی مرکزی جگہ سے مٹھی بھر مٹی اٹھاتے ہیں اور کسی سے بات کئے اور پیچھے مڑ کر دیکھے بغیر متاثرہ شخص یا بچے کے سر پر تین دفعہ پھیرا کر ہر دفعہ اس مٹی پر برائے نام تھوکتے ہیں۔ اس کے بعد روایتی آتش دان میں اس مٹی کو پھینکتے ہیں۔

لوگوں کے مطابق اس سے نظرِ بد ختم ہو جاتی ہے اور متاثرہ شخص صحت یاب ہو جاتا ہے۔ جب کوئی شخص بہت خوبصورت لگے یا کسی اپنے عزیز کی قابلیت، ذہانت، حسنِ اخلاق اور اچھی کارکردگی دیکھ کر دل خوش ہو تو ایسی صورت میں وہ شخص، جس کا دل خوش ہوا ہو، متعلقہ شخص کی طرف دیکھ کر ''تُھہ تُھہ'' کہتا ہے۔ جب کسی گائے یا بکری وغیرہ کے تھن دودھ سے لبریز ہوں تو انہیں دیکھ کر بھی لوگ ''تُھہ تُھہ'' کہتے ہیں۔ لوگوں کا خیال ہے کہ ایسا کرنے سے نظرِ بد نہیں لگتی۔

نظرِ بد سے بچنے کے لیے سات گھروں کی دہلیزوں سے ایک ایک مٹھی بھر مٹی لے کر تین، پانچ یا سات سرخ مرچوں کو آگ میں ڈال دیا جاتا۔ اگر مرچ کی بو تیز نہ ہوتی تو کہا جاتا کہ نظرِ بد نے گھیر لیا ہے۔ یہ عمل سات سات بار کیا جاتا اور عمل کرنے والی خاتون اس دوران کوئی بات نہ کرتی۔

نظرِ بد سے خلاصی کے لیے بھی لوگ طرح طرح کے روایتی ٹونے ٹوٹکے کرتے تھے۔ خاندان کی معمر عورتیں مکئی یا گندم کا آٹا گوندھ کر اس سے بانٹوں کے برابر سات گول دانے بناتیں۔ ان سات دانوں کو کسی مٹی یا سلور کے برتن میں ڈال کر نظرِ بد کے شکار شخص کے سر کے اردگرد ہاتھ سے سات دفعہ گھماتے ہوئے ایک خاص منتر پڑھتے۔ اس کے بعد ان دانوں کو ایک ایک کر کے گرم راکھ میں دبا دیتے۔ جب یہ دانے اونچی آواز کے ساتھ پھٹتے تو یہ خیال کیا جاتا کہ نظرِ بد سے خلاصی ہو گئی۔ بصورت دیگر یہ عمل اس وقت دہرایا جاتا جب تک سات کے سات گول دانے گرم راکھ کے اندر زوردار دھماکے کے ساتھ نہیں پھٹتے۔ نظرِ بد سے بچنے کے لیے ایک طریقہ اور بھی ہے۔ وہ یہ کہ بچے کے گلے میں کالے دھاگے کی سات تاریں اکٹھی کر کے عامل سے دم کرا کر باندھتے ہیں اور یہ دھاگہ ماں کا دودھ چھوٹنے تک بچے کے گلے سے نہیں نکالتے۔ خوبصورت مکانوں کو نظرِ بد سے بچانے کے لیے چھتوں پر گھوڑوں اور گدھوں کی کھوپڑیاں یا کوئی بھی نامعقول چیز لٹکاتے اور اچھی فصلوں کے حامل کھیتوں پر بھی اسی طرح کا عمل کیا جاتا تھا۔

نومولود بچوں کو نظرِ بد سے بچانے کے لیے ان کے ماتھے اور گالوں پر سرمہ کی سلائی سے طرح طرح کے نقوش بناتے کہ بچے کے چہرے کی بجائے یہ نقوش لوگوں کی توجہ اپنی مبذول کرائیں اور اس طرح بچہ نظرِ بد سے محفوظ رہے۔

جب دودھ دینے والے جانوروں پر نظرِ بد لگے تو ان کے دودھ میں خون کی آمیزش ہونے لگتی ہے۔ ایسی صورت میں لگاتار تین بار ہر شام کو درانتی گرم کر کے متاثرہ دودھ میں ڈالتے ہیں۔ اس کے بعد یہ دودھ کسی

goo.gl/CP1nJK کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصیبتیں آپ سے دور رہیں؟

صاف جگہ پر پھینک دیا جاتا ہے۔لوگوں کے مطابق اس عمل سے نظرِ بد کے اثرات ختم ہوجاتے ہیں۔

کسی پر نظر بد لگے تو سیسہ کو فرائی پان (چمڑ ڈوری) میں پگھلاتے اور متاثرہ شخص کے سر پر ایک آہنی تھالی میں پانی رکھتے۔اس کے بعد پگھلا ہوا سیسہ تھالی میں ڈالتے۔اگر سیسے سے طرح طرح کی شکلیں بن جاتیں تو کہا جاتا کہ متعلقہ شخص پر نظرِ بد کا سخت حملہ ہوا ہے۔لیکن اگر شکلیں وجود میں نہ آتیں تو کہتے کہ نظرِ بد کا اثر نہیں۔ نظرِ بد کی صورت میں سیسہ کے ٹکڑوں کو تھالی سے نکال کر نہ صرف متاثرہ شخص کے سر کے گرد گھماتے بلکہ ان ٹکڑوں کو اس کے بدن کے مختلف جوڑوں سے بھی چھوتے۔لوگوں کے مطابق اس طرح کرنے سے نظرِ بد کا شکار آدمی ٹھیک ہوجاتا ہے۔

تمام جسمانی امراض کا علاج.....وجہ نظرِ بد ہو یا اثرِ بد ہو

قرآن پاک جہاں رُوحانی امراض کے لیے نسخہ شفا ہے، وہاں جسمانی امراض کے لیے بھی شفا بخش ہے۔بارش کے پانی پر سورۂ فاتحہ 70 مرتبہ، آیت الکرسی 70 مرتبہ، سورۂ اخلاص 70 مرتبہ، معوذتین 70 مرتبہ، پڑھ کر دم کریں۔اس پانی کو پینے سے تمام جسمانی امراض دور ہوجائیں گے۔تمام رگوں، پٹھوں، گوشت اور ہڈیوں سے بیماریاں نکل جائیں گی۔ اس عمل کو ایسے مریضوں پر کیا جائے جو ایک عرصے سے بیمار ہوں اور ادویات اپنا اثر چھوڑ چکی ہوں۔عام امراض میں یہ عمل نہ کیا جائے۔

ہر مرض میں شفا کے لیے

یہ اسم ذات کا نقشِ مبارک ہر مرض میں شفا کے لیے نہایت سریع الاثر ہے۔زعفران یا میٹھے زرد رنگ سے لکھ کر مریض کو پینے کے لیے دیں۔ان شاءاللہ چند روز میں شفا ہوجائے گی۔نقش یہ ہے:

۷۸۶

اللہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

اللہ/۲۵	اللہ/۱۸	اللہ/۲۳
اللہ/۲۰	اللہ/۲۲	اللہ/۲۴
اللہ/۲۱	اللہ/۲۶	اللہ/۱۹

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

عمل سورۂ والناس نظرِ بد اور اثرِ بد ختم کرنے کے لیے

سورۂ والناس شریف عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ناس ناس ناس۔ مَلِكِ النَّاسِ ناس ناس ناس۔ اِلٰهِ النَّاسِ ناس ناس ناس۔ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ناس ناس ناس۔ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ناس ناس ناس۔ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ناس ناس ناس۔

طریقۂ زکات

اس عمل کو روزانہ بعد نمازِ عشاء اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں۔ مدت ریاضت اکیس (۲۱) یوم ہے۔تعویذ اور دم دونوں قوی الاثر ہوں گے کہ عامل خود حیران ہوگا۔ یہ عمل قرآن مجید کا زندہ کرشمہ ہے۔اس عمل کے طریق جمیع امور کے لیے میرے شب و روز کے معمولات میں اس طرح ہیں۔

موذی امراض کے علاج کے لیے

جب ادویات اپنا اثر چھوڑ چکی ہوں اور اطباء علاج سے عاجز آچکے ہوں۔ باوضو ہو کر ایک کانا یعنی سرکنڈا لیں۔جس کی لمبائی ایک بالشت دو انگل ہو۔اسے لمبائی کے رخ چیر لیں۔عمل مذکورہ چار مرتبہ پڑھ کر سرکنڈا اور مریض پر دم کریں۔اول و آخر ایک ایک بار درود شریف بھی پڑھیں اور

سرکنڈا مریض کے سرہانے رکھ دیں۔ تین گھنٹے بعد کانا کی دوبارہ پیمائش کریں۔ اس کی لمبائی میں ضرور کچھ نہ کچھ فرق ہوگا۔ یعنی بڑھ جائے گی۔ پس ایک بالشت دو انگلی سے جتنا زائد ہو، کاٹ دیں اور پھر حسبِ سابق عمل پڑھ کر دم کر کے مریض کے سرہانے رکھیں۔ جتنا سرکنڈا گھٹتا جائے گا، ان شاء اللہ اتنا ہی مرض ختم ہوگا اور مریض صحت یاب ہوگا۔ اگر شروع میں ہی کانا نہ بڑھے اور پورا ایک بالشت دو انگلی رہے تو یہ علامت مریض کے لیے خطرناک ہے اور شفایابی کی امید بہت کم ہے۔

بچوں کے ڈر، خوف اور نظرِ بد کے لیے

اس عمل کو بطور تعویذ لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے۔ ایک تعویذ گلے میں ڈالا جائے اور تین بار پڑھ کر دم کر دیا جائے۔ ان شاء اللہ بچہ کبھی بھی خواب اور نیند میں نہیں ڈرے گا۔

ہمہ قسم کی دردوں کے لیے

پیروں، ٹانگوں، گھٹنوں، کمر، سر درد کے لیے مطلوبہ جگہ پر تین مرتبہ عمل مذکورہ پڑھ کر دم کریں اور ایسا تین بار کریں۔ ان شاء اللہ آرام ہوگا۔

پیٹ درد، سینہ کا درد، پٹھوں کا درد، داڑھ یا دانت درد کے لیے مطلوبہ جگہ پر دم کریں۔ پیٹ درد کے لیے پانی پر دم کر کے پلا دیں۔ داڑھ اور دانت درد کے لیے پانی پر دم کر کے کلی کرائیں۔

بچھو، بھڑ، ڈیمو، سانپ اور دیگر زہریلی امراض و تکالیف کے لیے مطلوبہ جگہ پر دم کریں۔ پانی پر دم کر کے پلائیں۔ اسی طرح بخاروں کے لیے دم بھی کریں اور تعویذ بھی گلے میں ڈالنے کے لیے دیں۔

جنات و آسیب کے لیے

جنات و آسیب کے اثرات کو ختم کرنے کے لیے ایک تعویذ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور دم کر کے ایک ہفتہ تک پلائیں۔

بچوں کے حلق اور گال کے ورم کے لیے

پاکیزہ چکنی مٹی پر عملِ مذکورہ تین بار پڑھ کر دم کریں۔ اس مٹی کو مریض بار بار مطلوبہ جگہ پر لگائے۔ شفاء کلی ہوگی۔

عورتوں کی چھاتی کا پک جانا

اس کے لیے بھی گوندھی ہوئی پاکیزہ چکنی مٹی پر عمل مذکورہ تین بار پڑھ کر دم کریں تاکہ اس مٹی کو مریضہ مطلوبہ جگہ پر بار بار لگائے۔ ان شاء اللہ کلی شفاء ہوگی۔ اگر مریضہ دور ہے تو عامل مٹی پر دم کر کے اپنی مخالف چھاتی پر لگائے تو مریضہ کو آرام آئے گا۔ خواہ کوسوں دور ہی کیوں نہ ہوں۔

بچوں کی پسلی چلنے کے لیے

عمل نمبر ایک کے طریقے پر سرکنڈے پر عمل پڑھ کر دم کریں۔ جس قدر سرکنڈا بڑھ جائے، اتنا کاٹ دیں۔ واضح رہے کہ سرکنڈے کے تین ٹکڑے ہوں۔ ہر ٹکڑے پر تین بار عمل پڑھ کر دم کریں۔ بڑھے ہوئے حصہ کو کاٹ دیں۔ ان شاء اللہ صحت کاملہ ہوگی۔

برائے مہار امویشیاں وجہ سحر جادو ہو یا نظرِ بد کے اثرات ہو

متاثرہ مویشی کو آٹے کے پیڑے یا چارے پر گیارہ بار پڑھ کر دم کر کے کھلا دیں۔ عمل یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جاگے جاگے نام اللہ دا جاگے، پیر استاد جاگے، اول نام اللہ دا، دوجا نام رسول ﷺ دا، تریجا نام علی دا، چار چوکیاں اٹونجا پاوے، نہ کُھر پکے نہ منہ آوے، واچاں پیر گوپال نوں، برکت پیر استاد دی نال، موہارا چلا جاوے، بحق یا قاہر العدو یا والی الولی یا مظہر العجائب یا مرتضیٰ یا علی یا علی یا علی۔

مکھن زیادہ نکلے

اگر کسی سفلی عامل یا جادوگر نے جانور کا دودھ باندھ دیا ہو تو یہ عزیمت لکھ کر جانور کے گلے میں باندھ دیں۔ اگر دودھ سے مکھن برآمد نہ ہوتا ہو یا بہت کم نکلتا ہو تو یہ عزیمت لکھ کر مدھانی سے باندھ دیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم

نظرِ بد نمبر
goo.gl/VwtgFS روحانی درسگاہ کا داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کریں

سے مکھن زیادہ نکلے گا۔ عزیمت مندرجہ ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یاحافظ یاحفیظ یاحافظ یاحفیظ بحق آدم صفی اللہ وبحق محمد رسول اللہ وبحق توریت وانجیل وزبور وفرقان المجید برحمتك یا ارحم الراحمین۔

چوپایوں کا اکسیری نقش

1۔ اگر بھیڑ بکریوں کے بچے مرجاتے ہوں۔

2۔ چوپایوں کے جوڑوں میں درد رہتا ہو۔

3۔ چوپایوں کے بچے ادھ کچرے ساقط ہوجاتے ہیں۔

4 چوپایوں کے تھنوں سے بجائے دودھ کے خون آتا ہو۔

المختصر یہ کہ یہ نقشِ مبارک تمام قسم کے حلال چوپایوں مثلاً بھینس، گائے، اونٹنی، بکریوں غیرہ کی جملہ تکالیف خواہ وہ سحر جادو سے ہوں یا نظر بد سے، سے نجات کے لیے مفید ہے۔ بھیڑ بکریوں وغیرہ کے رہنے کی جگہ یہ نقش مبارک تحریر کر کے اونچی جگہ پر باندھیں یا متاثرہ چوپائے کے گلے میں ڈالیں۔ سحر جادو اور نظرِ بد کا اثر باطل ہوجائے گا۔ نقش یہ ہے:

۱۶۱۹۱ و ۱۴۱ و ۱۱۱۱۱۱۱۸ ع ا ۔ و ا ۱ ۔ ۱۱ ۔ ۱۱ ۔ ۱۱ ۔		
۱۱ ۔ ۱۸ ، ۱۱ ۔ ان ز س ف د ا ش ن و ع ی س ر ای ۔ ل م ع د		
ل س ہ د لا ل م ر ک س م ح م ر ص ہ ۔ د و ا ن خ ذ ک ف ج		
ش ت ظ خ ز ا ہ ط ۔ م ر ی ش ذ ر ہ ط ح ا م ر خ ع ط ک ل ۔ ن		
ب ع س ی ل م ر ا ض ع م ر ب د ل ۔ ا و ۱۸ ۲۱۶۲ و ۱۶۶ و ۱۵		
و ۱۶۱ و ۱۴۱ ا د ۔ ا و ۱۶۱ و ۶		

دودھ زیادہ ہو

کسی فرد کے نظرِ بد لگانے کی وجہ سے جس گائے، بکری یا عورت کے دودھ میں کمی ہوگئی ہو تو یہ نقش تحریر کر کے گلے میں ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے دودھ زیادہ ہوگا۔ اگر مدھانی کے ساتھ باندھ دیں تو مکھن زیادہ نکلے گا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

اانبتت	مثل الذین	فی کل سنبلہ
سبع سنابل	کمثل حبۃ	اموالھم
ینفقون	صائہ جنہ	فی سبیل اللہ

دافع نظرِ بد انسان وحیوان کے لیے

لکھ کر گلے میں ڈال دیں اور پانی میں گھول کر پلا دیں۔ ان شاء اللہ نظرِ بد کا اثر ختم ہوجائے گا۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل
عزیز	سابق	محیط	مغنی
مانع	واحد	مھلك	عالم
محی	ممیت	معبود	باقی

عود صلیب شیر خوار کے لیے نعمت عجیبہ ہے

ان شیر خوار بچوں کے لیے، جن کو سکتہ ہوجاتا ہے اور وہ روتے روتے نیلے پڑ جاتے ہیں، عود صلیب گھس کر شیر خوار بچوں کو شیر مادر میں پلائیں اور عود صلیب ایک دانہ بچے کے گلے میں بطور تعویذ باندھیں۔ اگر وضع حمل کے بعد بچے کے گلے میں عود صلیب ڈال دیا جائے اور چالیس (۴۰) روز تک نہ اتارا جائے تو بچہ سحر جادو اور تعویذ والی عورتوں، اٹھرا کی مریض عورتوں کے سایہ، جنات، ڈائن، چڑیل سے محفوظ رہے گا اور ہر طرح کی نظرِ بد سے محفوظ رہے گا۔

صرع یعنی مرگی کے مریض شیر خوار بچوں کے لیے عود صلیب کا گلے میں ڈالنا مفید ہے۔ تاریخِ روحانیت وطلسمات سے معلوم ہوتا ہے کہ اہلِ روم عود صلیب کو سونے اور چاندی کی تختیوں میں منڈھ کر اپنے بچوں کے گلے میں ڈالتے تھے۔ راقم نے بے شمار بچوں کو عود صلیب کا تعویذ تیار کر کے دیا اور ہر بار کامیابی ہوئی۔

نوٹ: عود صلیب مشہور ہے۔ اسی نام سے پنساری سے مل جاتا ہے۔

ضدی اور رونے والے بچوں کے لیے

ضدی اور رونے والے بچوں کے لیے مندرجہ ذیل شعر طاق تعداد میں پڑھ کر بچے کو دم کریں۔ بچہ رونا اور ضد کرنا چھوڑ دے گا۔ ڈر، خوف اور ہر طرح کی وباء سے محفوظ رہے گا۔ شعر یہ ہے:

لِیْ خَمْسَۃٌ اُطْفِیْ بِھَا حَرَّ الْوَبَا الْحَاطِمَۃِ

اَلْمُصْطَفٰی وَ الْمُرْتَضٰی وَ ابْنَاھُمَا وَالْفَاطِمَۃِ

بچوں کے امراض اور ٹونے ٹوٹکے

1۔ بستر پر پیشاب کرنے والے بچے کو سات یوم چینی کی پلیٹ پر سورۂ فاتحہ لکھ کر پودینہ کے پانی سے دھو کر پلائیں۔ ان شاء اللہ بستر پر پیشاب کرنے کی عادت ختم ہو جائے گی۔

2۔ ام الصبیان کے مریض بچے کے سر پر رال کو تیل میں ملا کر ملیں اور دونوں کانوں میں روزانہ ایک ایک بار اذان دیں۔ چھ سات روز کافی ہے۔

3۔ ارسطو کے قول کے مطابق سنگِ مریم میں اللہ تعالیٰ نے نظرِ بد کے اثرات کو زائل کرنے کی قوت رکھی ہے۔ اگر شیر خوار بچوں کے گلے میں سنگ مریم بطور تعویذ لٹکایا جائے تو بچہ نظرِ بد کے اثر سے محفوظ رہے گا۔ تجربات ومشاہدات سے یہ بھی ثابت ہوا ہے کہ جس بچے کے گلے میں سنگِ مریم ہو، اور اس پر کوئی نظرِ بد لگائے تو پتھر سیاہ ہو جاتا ہے اور پھر ایک دن رات کے بعد خود بخود اپنی اصلی حالت پر آ جاتا ہے۔ یعنی نظرِ بد کا اثر بچے کی بجائے پتھر پر ہوتا ہے۔

4۔ یک رنگ جوان مرغ (سفید ہو خواہ سیاہ) کی کلغی یعنی تاج کو خشک کر کے بچے کے گلے میں بطور تعویذ ڈالنا بچے کی بستر پر پیشاب کرنے کی عادت کو ختم کرتا ہے۔

5۔ ان بچوں کے لیے جو اکثر روتے رہتے ہیں اور ساری ساری رات سوتے نہیں، ان کے لیے ذیل کا طلسم بے نظیر ہے۔ ہرن کے چمڑے پر ذیل کے اسمائے طلسمات تحریر کریں اور بچے کا نام معہ والدہ بھی لکھیں۔ عود اور مصطگی رومی کی دھونی دے کر سوتے وقت بچے کے سر کے نیچے رکھ دیں۔ ایسا سوئے گا کہ اگر اس کا گوشت بھی کاٹ لیا جائے تو اسے خبر نہ ہو گی۔ اسمائے طلسمات یہ ہیں:

یصلص السطللعلصعط لعط مطمھس جعل ہ لا

مہ مہ ہ ۰۰۰ ل ۵۶۶ ھل و ۱۱۱۸۸ ک ۶۵ ع ال اھ

بچوں کی ڈائن کا علاج

کشنیز باریک کر کے گائے کے مکھن میں ملا کر اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر سات بار معوذتین پڑھ کر دم کریں۔ تین روز کھلائیں۔ دفع ہو جائے گی۔

نظرِ بد کا اثر ختم کرنے کے لیے

جو بچے روتے ہوں یا انہیں نظرِ بد کا اثر ہو تو ذیل کے فلیتہ کو کاغذ پر تحریر کر کے نیلے رنگ کا دھاگہ یا سوتی کپڑا لپیٹ کر بچے کو صبح و شام دھونی دیں۔ چھ سات روز کافی ہے۔ صبح کے وقت دھونی کا فلیتہ یہ ہے:

لا ۲۸۹۳ طبح

شام کے وقت دھونی کا فلیتہ یہ ہے:

حم نمرود ھامان فرعون شداد ۳۸۸۹۷۱۲

عحح عحح عحح

مسان کا طبی علاج

خاکسی 20 گرام، دودھ بکری تین پاؤ۔ خاکسی کو دودھ میں جوش دیں۔ جب تین چار ابال آ جائیں تو باریک کپڑے میں خاکسی کو چھان کر پلیٹ میں رکھ کر سائے میں رکھ دیں اور دودھ پھینک دیں۔ اس طرح تین روز تین پاؤ دودھ میں اسی خاکسی کو جوش دیں۔ چوتھے روز خاکسی کو پلیٹ میں خشک کر لیں اور ایک گرام کی مقدار میں یہ خاکسی ماں اپنے دودھ میں گھس کر بچے کو پلائے۔ مسان کے لیے یہ دوا عجیب و غریب ہے۔ رنگین دستوں کو روکتی ہے۔ چالیس دن کے استعمال سے بچہ موٹا تازہ ہو جاتا ہے۔

بچہ روتا ہو خواہ کسی وجہ سے

بچہ روتا ہو، خواہ کسی وجہ سے، ڈر گیا، آسیب ہو یا نظر لگ گئی ہو یا بیمار ہو تو

goo.gl/ss9ezx مفتیان اور علماء کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل

ذیل کے کلمات لکھ کر گلے میں ڈال دو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ر ط ط ط ط ط ط ھی ھی ھی ھی ھی ھی قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس برحمتك یاارحم الرحمین۔

بچوں کے سوکڑا اور قے دست کے لیے

سونف 10 گرام، برگ پودینہ 10 گرام، مویز منقیٰ دو دانے، الائچی کلاں 10 گرام، الائچی خورد 10 گرام، طباشیر 10 گرام، مصری 100 گرام..... تمام کو سفوف کر کے رکھ لیں۔ چٹکی چٹکی بچے کو صبح وشام دیں۔ ان شاء اللہ چند روز میں بچہ کو شفا ہوگی۔

گریہ اطفال یا چلوانس

ذیل کا طلسم لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ طلسم یہ ہے:

ھٹی ھٹی ھٹی ھٹی ھٹی ھٹی

حفاظتِ اطفال

نظرِ بد، چیچک، خسرہ اور بچوں کے دیگر امراض سوکڑا، مسان، ڈبہ، آسیب کے سایہ وغیرہ کے لیے مفید ہے۔ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَّ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

بچوں کی تمام آسیبی امراض کا علاج

شیر خوار بچوں سے لے کر جوان آدمی تک کے لیے ڈر، خوف اور آسیبی امراض کے علاج کے لیے ذیل کا نقش میرے روزانہ کے معمولات میں شامل ہے۔ میں نے اس عمل کو ہزاروں مرد، عورتوں اور بچوں پر آزمایا ہے اور بفضلِ تعالیٰ تا حال بھی اس نقش سے عوام الناس کو فیض پہنچایا جا رہا ہے۔ نقش تحریر کر کے رات کو روزانہ دھونی دی جائے۔ ایک ہفتہ کافی ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

الدست نمرود ابوجہل ہربلائے

۳۶ داعلی ہاتھوں لوماں بحق

دفعِ نظرِ بد

محمد اسد اللہ سلیمانی (جھنگ)

قارئین خزینۂ روحانیات کیلئے مجرب وخاص عمل برائے دفع نظرِ بد پیش کر رہا ہوں۔ آج کا دور حسد وبغض سے بھرا پڑا ہے۔ اگر کوئی ترقی کر رہا ہو یا کاروبار چل رہا ہو یا کوئی خوشحال زندگی گزار رہا ہو تو دوسرے کی بدنظر سے بے چارہ دن بدن نیچے آجاتا ہے اور پریشانیوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات جادو ٹونے سے بھی خطرناک نظرِ بد لگ جاتی ہے جس کی وجہ سے اچھا بھلا انسان رکاوٹوں کا شکار ہو جاتا ہے۔ اچھا پڑھا لکھا ہوگا تو نوکری نہیں ملے گی۔ کاروبار اچانک خراب ہونا شروع ہو جانا اور بیماری وغیرہ کا اچانک آجانا حالانکہ اچھی صحت ہو۔ غرض نظرِ بد کا اگر کوئی شکار ہو جائے تو مندرجہ ذیل عمل اپنائیں۔ ان شاء اللہ حفاظت بھی رہے گی اور نظرِ بد بھی نہ لگے گی۔

کوشش کریں اس عمل کی کسی صاحبِ علم سے لوح (اپنی ذاتی) بنوا کر پاس رکھیں اور وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

اجازت مجھ سے ضرور لے لیں۔

عمل یہ ہے:

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ ماشاء اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ یاحافظ یاحفیظ یامانع یاوکیل

ایک سو ایک (۱۰۱) بار روزانہ پڑھنا ہے۔

روحانی علاج، چلہ کشی اور روحانی اعمال میں استعمال ہونے والی اشیاء

درج ذیل اشیاء روحانی دکان پر دستیاب ہیں۔ آرڈر کی تکمیل کے وقت جو قیمت ہوگی، وہی تصور کی جائے گی۔ عاملین حضرات اب گھر بیٹھے یہ تمام اشیاء ہول سیل ریٹ پر منگوا سکتے ہیں۔

بھوج پتر

بھوج پتر اعمال شر کے لیے خاص ہے۔ بغض وعداوت اور جدائی کے اعمال اس پر تیار کرنے سے تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ قیمت: **80** روپے

ہرن کی جھلی

ہرن کی جھلی خاص خاص عملیات میں استعمال ہوتی ہے۔ خاص کر محبت، تسخیر، شادی، فتح نامہ وغیرہ کے اعمال تیار کرنے میں۔ قیمت: **80** روپے

بخوردان

بخورات کو جلانے کیلئے الیکٹرک، کوئلے والے، فینسی، امپورٹڈ بخوردان دستیاب ہیں۔ چلّہ کشی کے دوران ان کا جلانا ازحد مفید ہے۔

بخورات

بخورات ٹکیوں، گولیوں، پیکنگ ٹن، CD Style، ڈبہ پیک، عود اور عربی بخورات کی زبردست ورائٹی کے لیے ایک بار ضرور تشریف لائیں۔

عربی، انڈین اور پھولوں کی خوشبوؤں والی اگربتیاں

صندل، شمۃ العنبر، عود، المسک، موتیا اور مختلف قسم کی سحر انگیز خوشبوؤں والی اگربتیاں جن کا استعمال گھروں کو مہکانے اور وظائف وعملیات میں تاثیر پیدا کرنے کیلئے کثرت سے کرنا چاہئے۔ جس سے غیبی مخلوق آپ کی ہمنوا بن جاتی ہے۔

آلۂ یکسوئی

ایسا آلہ جو انسان کی چھپی ہوئی نگاہ کو متحرک کر کے ماورائی دنیا کو سامنے لے آتا ہے۔ اس کے استعمال سے عملیات میں کامیابی مقدر بن جاتی ہے۔

قیمت: **800** روپے

بخور سٹک

اگربتیوں کی طرح دھوپ سٹکس بھی ہوتی ہیں۔ عام اگربتی کی بنسبت دھوپ سٹک کافی دیر جلتی ہے۔ عاملین کے لیے کافی فائدہ مند ہے کیونکہ لمبے دورانیے کے وظائف، اعمال، چلہ کشی یا علاج میں بار بار اگربتیاں جلانا مشکل ہوتا ہے۔

العارفی عطورات

عملیات اور چلہ کشی میں استعمال ہونے والے عربی و دیسی ہندی عطورات کے علاوہ فرنچ عطورات نیز شامہ، عود، عنبر، گلاب، چنبیلی، موتیا اور مختلف مشہور کمپنیوں کے پیک عطریات براہ راست طلب فرمائیں۔

زعفران

زعفران کو روحانی علاج میں خاص مقام حاصل۔ موکلات کو زعفران بہت پسند ہے، اس لئے زعفرانی سیاہی سے تیار شدہ اعمال پُرتاثیر ہوتے ہیں۔

اصلی ایرانی زعفران قیمت: **3600** روپے فی تولہ

مشک نافہ

مشک نافہ کا استعمال روحانی علاج اور چلہ کشی میں بہت ہوتا ہے۔ مشک نافہ کو زعفرانی سیاہی میں ڈال کر خاص قسم کے تعویذات لکھتے ہیں۔ عموماً ایسے تعویذات فتوحات، ترقی، حفاظت، خاص جادو کا توڑ، فراخی کاروبار اور رزق وغیرہ جیسے اہم معاملات کے لیے ہوتے ہیں۔

روحانی دکان: 042-35410586, 0334-4312272 | darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

خواتین کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/esIIKa

نظرِ بد نمبر

روحانی علاج کیلئے دم شدہ اشیاء برائے روحانی مریض و معالجین

روحانی اگربتی برائے دفع نحوست

نحوست کسی بھی قسم کی ہو، اس جگہ پر رہنے والوں اور اس جگہ پر کاروبار کرنے والوں کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے مسلسل پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس نحوست کے خاتمے کے لیے روحانی اگربتی برائے دفع نحوست کا استعمال بہت مفید ہے۔ صبح و شام ایک ایک اگربتی متاثرہ جگہ پر جلائیں۔

قیمت: **200** روپے

روحانی اگربتی برائے حصول برکت

دکان، کاروبار، فیکٹری اور گھر میں حصول برکت کیلئے اور بے برکتی دور کرنے والی لاجواب اگربتی۔

اعلیٰ کوالٹی اگربتیاں فی پیکٹ: **200** روپے

روحانی اگربتی برائے دفع جنات، جادو و ہر قسم بد اثرات

جادو، جنات، شیاطین، نظر بد، حسد، گھر میں بے اتفاقی و بے چینی، لڑائی جھگڑے، مسلسل ناکامیوں اور اسی طرح کے دیگر معاملات میں روحانی اگربتی کا استعمال عجیب کرشمات دکھاتا ہے۔

قیمت فی پیکٹ: **150** روپے (**30** اگربتیاں)

روحانی نمک

روحانی نمک کے استعمال سے جسم میں موجود جادو یا جنات کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ (ان اثرات سے پیدا شدہ بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں)۔

قیمت: **50** روپے

روحانی چینی

روحانی چینی کے استعمال سے جسم میں موجود جادو یا جنات کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں (ان اثرات سے پیدا شدہ بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں)۔

قیمت: **100** روپے

آبِ شفاء

لاعلاج اور جان لیوا امراض میں مبتلاء مریضوں کیلئے نوید شفاء۔

قیمت: چھوٹی بوتل: **50** روپے، بڑی بوتل: **100** روپے

عطر حاضری

جنات و آسیب کو حاضر کرنے کیلئے خاص دم کیا ہوا عطر۔ اس کے استعمال سے تنگ کرنے والی مخلوق مریض میں حاضر ہو جاتی ہے۔

قیمت: **200** روپے

عطر حفاظت

اس کے استعمال سے انسان، جنات، جادو، شیاطین، نظر بد اور تمام ناگہانی آفات سے محفوظ رہتا ہے۔

قیمت: **150** روپے

عطر تسخیر

شائقین تسخیرات کیلئے زبردست تحفہ۔ تالیف قلوب، سنگدل محبوب کی تسخیر، دائمی دوستی و محبت پیدا کرنا، گاہکوں میں اضافہ، من پسند رشتے کا حصول، محبت زوجین، رجوع خلقت، تسخیر خلق اور رشتوں میں استحکام کیلئے ''عطر تسخیر'' اپنی مثال آپ ہے۔

قیمت: **200** روپے

روحانی پھکی

جادو جنات سے متاثرہ افراد کے معدوں کے جملہ امراض کیلئے مفید ہے۔

قیمت: **30** روپے

روحانی دکان: 042-35410586, 0334-4312272 | darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

نظرِ بد نمبر — عوام کیلئے بغیر فیس اعمال کی تفصیل goo.gl/sDzuVf

نظرِ بد سے نجات و حفاظت

حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم العالی

نظرِ بد کے لئے

اگر کسی بچے کو بار بار نظر لگتی ہو تو اس بچے کے گلے میں یہ تعویذ ڈالیں۔ اس کو کالے رنگ کے کپڑے میں پیک کرالیں۔ ان شاء اللہ، اس کے بعد اس بچے کو نظر نہیں لگے گی۔

۷۸۶

۶۱۱	۶۱۴	۶۱۷	۶۰۴
۶۱۶	۶۰۵	۶۱۰	۶۱۵
۶۰۶	۶۱۹	۶۱۲	۶۰۹
۶۱۳	۶۰۸	۶۰۷	۶۱۸

نظرِ بد کا علاج

بعض بچوں کو سخت نظر ہوتی ہے۔ اس لئے اکثر وہ بیمار رہتے ہیں یا پھر ہر وقت روتے رہتے ہیں، جس سے ماں باپ کو بہت پریشانی ہوتی ہے۔ ایسے بچوں کو نظرِ بد سے نجات دلانے کے لئے اس نقش کو ان کے گلے میں ڈالیں۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

ھا	ھا	ھا	ھا	ھا
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

نظرِ بد سے حفاظت

اگر کسی بچے پر صبح آیت الکرسی پڑھ کر ۳ مرتبہ ''یَا حَفِیْظُ'' پڑھ کر دم کر دیا جائے تو اس کو تمام دن کسی کی نظر نہیں لگے گی۔ اور اگر یہی عمل رات کو کر کے بچے پر دم کر دیا جائے تو تمام اثرات سے اور نظرِ بد سے تمام رات محفوظ رہے گا۔

نظرِ اتارنے کیلئے

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظرِ بد لگی ہوئی ہو تو اس کو اتارنے کی غرض سے باوضو حالت میں تین مرتبہ سورۂ فاتحہ اس طرح پڑھے کہ اول و آخر درود شریف پڑھے اور پڑھ کر دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس طرح دم کرنے سے نظرِ بد ختم ہو جائے گی۔

نظرِ بد کا علاج

اگر کسی بچے کو نظرِ بد ہوئی ہو، اسے ہر روز نمازِ مغرب کے بعد اول و آخر درود پاک پڑھ کر درمیان میں تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر بچے کو دم کر دیا کرے۔ بفضل باری تعالیٰ بُری نظر اتر جائے گی اور بچہ ٹھیک ہو جائے گا۔

نظرِ بد سے بچاؤ اور علاج

نظرِ بد سے بچاؤ کے لئے ذیل میں دیا ہوا نقشِ مبارک فوری اثر دکھاتا ہے۔ اس کو بازو پر باندھنے یا گلے میں تعویذ کی طرح لٹکانے سے بُری نظر کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔ اگر کسی کو نظرِ بد لگی ہوئی ہو اور وہ اس کا شکار ہو کر کسی مرض میں مبتلا ہو گیا ہو اور اسے کسی طرح قرار نہ ہوتا ہو تو ایسی صورت میں چاہئے کہ باوضو ہو کر سورۂ فاتحہ کا نقشِ مبارک لکھ کر اس پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے۔ پھر اسے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال دے۔ بفضلِ باری تعالیٰ، نظرِ بد کا اثر فوری طور پر جاتا رہے گا اور نظرِ بد سے آزاد ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ	الرحمٰن	الرحیم	الحمد للہ	ربّ العٰلمین
الرحمٰن الرحیم	مالك	یوم الدین	ایّاك نعبد	وایّاك نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
غیر المغضوب	علیھم	ولا	الضآلین	اٰمین

نظرِ بد سے بچاؤ

اگر کسی بچے کو نظر لگ جائے تو باوضو ہو کر تین مرتبہ سورۂ مزمل کی تلاوت کر کے اس بچے پر دم کر دیں۔ ان شاء اللہ فوراً نظر سے نجات مل جائے گی اور اگر کوئی شخص روزانہ اپنے بچوں پر مغرب کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کر دیا کرے تو اس کے بچے ہمیشہ نظرِ بد سے محفوظ رہیں۔

نظرِ بد نمبر
goo.gl/UVdyD7 خاص خاص اعمال سیکھنے کیلئے تفصیل

نظرِ بد کو ختم کرنے کے اعمال

حضرت مولانا اعجاز احمد خاں سنگھانوی مدظلہ

نظرِ بد، بچے کا رونا، ام الصبیان اور جادو سے حفاظت

مندرجہ ذیل نقش باوضو چار عدد لکھے۔ ایک موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ ایک عدد نقش پانی میں گھول کر بچے کو پلا دے۔ ایک عدد کمرے کی دیوار میں دروازے کے مقابل لگا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے، ہر قسم کی بیماری، نظرِ بد اور جادو وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔

اسی طرح اگر بچہ کے پیدا ہوتے ہی یہ نقش موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ اُمُ الصبیان سے قطعاً محفوظ رہے گا۔ یہ نقش مضاعف اجل کہلاتا ہے۔ اس میں ہزاروں خوبیاں ہیں۔ نقش مکرم یہ ہے:

۷۸۶

۸	۱۹	۲۲	۱
۲۱	۲	۷	۲۰
۳	۲۴	۱۷	۶
۱۸	۵	۴	۲۳

بچوں کی نظرِ بد کے لئے

مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بچہ نظرِ بد سے محفوظ رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَآمَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّآمَّةٍ۔

نظرِ بد کے اثرات ختم ہوں

اگر کسی بچے یا بڑے پر نظرِ بد کا اثر ہو تو آیات ذیل باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نظرِ بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ وہ آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾ (القلم: ۵۱-۵۲)

انسان یا جانور سے نظر کا اثر دور کرنا

سورۂ العصر (پوری سورت)، لایلف قریش (پوری سورت)، قل اعوذ برب الفلق (پوری سورت) کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سی کر نظر لگے ہوئے انسان یا جانور وغیرہ کے سر پر باندھنے سے نظر کا اثر نہیں رہتا۔ اور الحمدللہ، وہ جانور یا انسان صحیح ہو جاتا ہے۔

نظر کی وجہ سے کھانا نہ کھا سکے

جس کھانے پر نظر لگی ہو، وہ کھانا اچھا معلوم نہ ہو اور اس کے کھانے کو دل نہ چاہے یا کسی آدمی کو کھانا کھاتے وقت نظر لگی ہو اور وہ کھانا کھانے سے مجبور ہو تو مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اس کھانے پر دم کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کھانے کی نظر اور کھانے والے کی نظر فوراً دور ہو جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

حفظِ اطفال از نظرِ بد و آفات وغیرہ

(۱) سورۂ بقرہ پارہ نمبر 3 کی آیۃ مبارکہ: وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿سورۃ البقرۃ: ۲۷۰﴾ دم کریں۔

(۲) معوذتین (قرآن کریم کی آخری دو سورتیں) پڑھ کر بچے پر دم کریں۔

(۳) سورۂ ملک پارہ 29 کی حسب ذیل آیات پڑھ کر دم کریں:

فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴿۳﴾ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ﴿۴﴾

نظرِ بد کی شناخت اور علاج

حکیم صوفی عبدالرؤف نظامی (ریناله خورد)

حضرت ابوسعید خذری ؓ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ جنات اور انسانوں کی نظرِ بد سے پناہ طلب کیا کرتے تھے۔ پھر جب معوذتین (سورۃ الفلق، سورۃ الناس) نازل ہوئیں تو آپ ﷺ کثرت کے ساتھ انہیں پڑھتے جبکہ باقی دعاؤں کے پڑھنے میں کمی واقع ہوئی۔ (ابن ماجہ ترمذی)

نظرِ بد کا تعلق آوارہ جنات سے ہے۔ عموماً جب کوئی بدنظر کا شکار رہتا ہے تو ایک طرح سے اس پر خبیث جنات کا ٹولہ مسلط ہوجاتا ہے اور متاثر فرد دکھ، تکلیف، بیماری، مشکلات، رکاوٹ و بندش کا شکار ہوکر نفسیاتی امراض میں مبتلا ہوجاتا ہے۔

نظر بنیادی طور پر اس طرح لگ جاتی ہے کہ حسد کرنے والا ناپاک نفس جب ناپاک کیفیت اختیار کرکے کسی کے سامنے آتا ہے تو اس میں ناپاک کیفیت کا اثر ہوتا ہے اور ایسا کبھی آپس کے ملاپ کی وجہ سے ہوتا ہے اور کبھی آمنے سامنے کی وجہ سے اور کبھی دیکھنے کی وجہ سے اور کبھی اس شخص کی طرف روح کی توجہ سے۔ بلکہ اگر کبھی کسی اندھے کو کسی چیز کا وصف بیان کر دیا جائے تو اس کے دل میں حاسدانہ جذبات پیدا ہوجائیں تو اس کا اثر بھی ہو سکتا ہے۔ اور بہت سارے ایسے لوگ ہمارے اردگرد ہر وقت موجود ہوتے ہیں، جن کی نظر اثر انداز ہوتی ہے۔ محض وقت کے ساتھ بغیر دیکھے، صرف آواز سن کر ان کی نظر لگ جاتی ہے۔ اور یہ وہ مہلک تیر نما شعائیں ہوتی ہیں جو نظر لگانے والے انسان کے نفس سے نکلتی ہیں۔ میرے مشاہدے اور علم کے مطابق نظر کی تین اقسام ہیں۔

(۱) خوشی کی نظر

(۲) ڈھانپ کی نظر

(۳) دکھ، عناد یا حسد کی نظر

مزید راہنمائی کے لیے فقیر کی کتاب اٹھراہ ورم رحم کا مطالعہ کریں، جو مکتبہ دانیال لاہور سے شائع ہوئی ہے۔

نظرِ بد کی عمومی شناخت

انسان کو ہلکا ہلکا گاہے تیز بخار ہوجاتا ہے، طبیعت نڈھال ہوجاتی ہے، آنکھوں میں آنسو، پانی اور گیدنمایاں طور پر نظر آتی ہے۔ شدید اثرات کی صورت میں چہرے کا رنگ بدل جاتا ہے، سیاہ یا پیلا ہوجاتا ہے، اس پر دھبے پڑ جاتے ہیں۔ رات کو سونے میں مشکلات کا سامنا کرنا اور دن کو نیند کی کیفیت طاری رہنا، ماتھے، ہاتھ، پاؤں اور کمر سے حرارت خارج ہونا، اکتاہٹ، بوریت، مایوسی کا شکار ہونا، بار بار لیٹرین جانا وغیرہ۔

نظرِ بد کی کاٹ

نظرِ بد کے علاج کے لئے ایسے مریض کے سامنے پہلے درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ شافی یا اللہ کافی گیارہ مرتبہ پڑھ کر چہرے پر پھونک ماردیں۔ اسی ترتیب سے کُل گیارہ مرتبہ پڑھ کر گیارہ پھونک لگائیں۔ پانی پر دم کرکے پلائیں، غسل کروائیں۔ یہ دم ایک، تین، سات یا گیارہ دن کریں۔

اس دم کی روحانی قوتوں سے فیض یاب ہونے کے لئے اس کا چلہ کریں۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے لئے دیکھیں خزینۂ روحانیات کا اسماء الحسنیٰ نمبر۔

شہد کی دنیا میں اعتماد کا نام
العارفی شہد
100% خالص شہد
خوشخبری
العارفی شہد سے خالص شہد کی مختلف ورائٹیز ہول سیل ریٹ پر سارا سال گھر بیٹھے منگوائیں اور ہر بیماری سے یقینی شفاء پائیں۔
ان شاء اللہ اکتوبر 2016 کے آخر میں سپر کلاس نیا
(۱) دیسی شہد (بڑی مکھی)۔ (۲) جنگلی شہد (چھوٹی مکھی)۔ (۳) بیری کا شہد فاری (بڑی مکھی)۔ (۴) جنگلی شہد (بیری کے جنگلات کا)۔ (۵) پہاڑی شہد (چھوٹی مکھی) آئے گا۔ زیادہ منگوا کر ہول سیل ریٹ پر شہد حاصل کریں۔
فون: 042-35410586 موبائل: 0307-5525103

نظرِ بد کے مریضوں کیلئے نبوی علاج

مولانا سلیم اللہ ظفر

علاج نمبر ۱

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں

كان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعوذ الحسن والحسین ویقول ان ابا کما کان یعوذ بھا اسماعیل واسحاق اعوذ بکلمات اللہ التامۃ من کل شیطان وھامۃ ومن کل عین لامۃ (بخاری شریف، کتاب احادیث الانبیاء حدیث نمبر ۳۱۲۰)

ترجمہ: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت حسن وحسین رضی اللہ عنھم کو ان الفاظ کے ساتھ دم فرمایا کرتے تھے اور ساتھ یہ بھی ارشاد فرمایا کرتے تھے کہ آپ ﷺ کے والد حضرات ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹوں حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام کو ان کلمات کے ساتھ دم فرمایا کرتے تھے۔ میں اللہ کے مکمل کلمات کے ذریعے سے ہر شیطان اور موذی چیزوں اور ہر نظر بد سے پناہ طلب کرتا ہوں''۔

علاج نمبر ۲

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں

كنت ارقی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من العین فاضع یدی صدرہ واقول:

ترجمہ: ''میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نظر کا دم کیا کرتی تھی اور میں اپنا ہاتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سینہ مبارک پر رکھ کر یہ دعا پڑھتی تھی۔

دعا کے مبارک الفاظ یہ ہیں:

امسح الباس رب الناس بیدك الشفاء لاکاشف لہ الاانت

ترجمہ: ''تکلیف کو دور فرما دیجئے اے لوگوں کے رب! آپ ہی کے ہاتھ میں شفا ہے۔ اس تکلیف کو آپ کے سوا کوئی دور نہیں کر سکتا''۔

(مسند احمد حدیث نمبر ۲۴۹۹۵)

علاج نمبر ۳

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

ان جبریل اتی النبیﷺ فقال: یا محمد ﷺشتکیت؟ قال: نعم، قال: بسم اللہ ارقیك من کل شیء یوذیك ومن شر کل نفس وعین یشفیك بسم اللہ ارقیك

(مسند احمد حدیث نمبر ۱۱۲۲۵)

ترجمہ: ''جبرائیل علیہ السلام نے نبی پاک ﷺ کے پاس آ کر عرض کیا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ کو بیماری کی شکایت ہے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا، جی ہاں! تو پھر جبرائیل علیہ السلام نے یہ دعا پڑھی، اللہ کے نام سے میں آپ پر دم کرتا ہوں ہر اس چیز سے جو آپ کو تکلیف پہنچائے، ہر جاندار کے شر سے اور نظر لگنے سے۔ اللہ آپ کو شفاء عطا فرمائے۔ میں اللہ کے نام سے آپ پر دم کرتا ہوں''۔

علاج نمبر ۴

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے:

دخلت علی رسول اللہ ﷺ اعودہ وبہ من الوجع مایعلم اللہ شدہ فم دخلت علیہ من العشی وقدبرء احسن برء فقلت لہ دخلت علیك غدوہ وبك من الوجع مایعلم اللہ شدہ ودخلت علیك العشیتہ وقد برئت فقال یا این الصاعت ان جبریل رقائی برقیہ بریت الا اعلمکھا قلت بلی قال بسم اللہ ارقیك من کل شیء یوذیك من حسد کل حاسد وعین باسم اللہ یشفیك

(مسند احمد حدیث نمبر ۲۲۷۵۹)

عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آپ ﷺ کی اس درد کی عیادت کے لئے حاضر ہوا تو

رسول اللہ ﷺ بالکل صحیح اور تندرست ہو چکے تھے۔ میں نے آپ ﷺ سے عرض کیا ''یا رسول اللہ ﷺ میں آپ ﷺ کے پاس صبح حاضر ہوا تھا، آپ ﷺ کو اس وقت اتنا سخت درد تھا کہ جس کی شدت کو اللہ ہی جانتا ہے اور اب میں آپ ﷺ کے پاس شام کو حاضر ہوں اور آپ ﷺ صحت یاب ہو چکے ہیں'' تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ''اے ابن صامت! مجھے حضرت جبرائیل نے ایک دم کیا ہے جس کی وجہ سے میں صحت یاب ہو گیا ہوں۔ کیا میں آپ کو وہ دم بتلا دوں؟'' میں نے عرض کیا ''جی ہاں بتلا دیجئے'' تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''وہ دم یہ ہے:

بسم الله ارقيك من كل شيء يوذيك من حسد كل حاسد وعين باسم الله يشفيك''۔

ترجمہ: ''اللہ کے نام سے میں آپ کو دم کرتا ہوں، ہر اس چیز سے جو آپ کو تکلیف پہنچائے، ہر حسد کرنے والے کے حسد سے اور نظر سے، اللہ کے نام سے جو آپ کو شفاء عطا فرمائے گا''۔

علاج نمبر ۵

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

كان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يتعوذ من الجان ويعن الانسان حتى نزلت المعوذتان فلما نزلنا اخذ بها وترك ماسواهما (ترمذی شریف کتاب الطب باب ماجاء فی الرقیۃ بالمعوذتین حدیث نمبر ۱۹۸۴)

ترجمہ: ''نبی پاک ﷺ جنات اور انسان کی نظر لگنے سے اللہ کی پناہ مختلف پاکیزہ کلمات کے ساتھ مانگتے تھے یہاں تک کہ معوذتین (سورۂ فلق سورۂ ناس) نازل ہو گئیں ان دو سورتوں کے نازل ہونے کے بعد نبی ﷺ نے نظر بد سے حفاظت کیلئے ان دونوں سورتوں کو اختیار کر لیا اور ان کے علاوہ چیزوں کو چھوڑ دیا''۔

نظرِ بد کی وجہ سے بلند مقام سے گر جانا

مولانا سلیم اللہ ظفر

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ

عَنِ النَّبِی صلی الله علیه وسلم قَالَ: اَلْعَیْنُ حَقٌّ تَسْتَنْزِلُ الْحَالِقَ

(مسند احمد حدیث نمبر ۲۷۷۴ مستدرک حاکم حدیث نمبر ۷۶۰۶)

ترجمہ: ''نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نظر لگنا برحق ہے، جو بلند ترین پہاڑ سے بھی نیچے گرا سکتی ہے''۔

محترم قارئین! محدثینِ کرام نے بلند ترین پہاڑ سے نیچے گرنے کی دو (۲) اقسام بیان فرمائی ہیں۔ (۱) ایک تو حقیقت میں جیسا کہ ظاہری الفاظ سے سمجھ آ رہا ہے کہ بلند پہاڑ کی اونچائی پر سے نظرِ بد اس کو گرا سکتی ہے۔ یعنی اگر خدانخواستہ کوئی بلندی سے گرا، زخمی ہو گیا یا بلندی سے گرا، وفات پا گیا۔ تو دوسری وجوہات کے ساتھ ساتھ نظرِ بد بھی ایک بڑی وجہ ہو سکتی ہے۔

(۲) دوسری قسم یہ کہ کسی بھی بلند مقام پر سے گر جانا مثلاً کاروبار کی بلندی، نوکری کی بلندی، عزت کی بلندی، معیار کی بلندی، صحت کی بلندی، شان وشوکت کی بلندی، مال و دولت کی بلندی، معیشت ومعاشرت کی بلندی، مرتبے اور مقام کی بلندی، حسن وجمال کی بلندی، یعنی ہر قسم کی بلندی اور عروج سے پستی اور تنزل کی طرف جانے میں جہاں دیگر بہت سے عوامل کارفرما ہو سکتے ہیں ان میں ایک بڑی اور بہت ہی بڑی وجہ نظرِ بد بھی ہو سکتی ہے۔ میرے محترم قارئین کرام! نظرِ بد ہو نہیں سکتی بلکہ ہوتی ہے۔ ایسے سینکڑوں نہیں، ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں واقعات معاشرے میں ہمارے اردگرد ہر گلی، محلے، علاقے میں پائے جاتے ہیں کہ لوگ لکھ پتی سے کھ پتی بن گئے، صرف اور صرف نظر بد کی وجہ سے۔ ہاں قارئین! صرف نظرِ بد کی وجہ سے! اللہ سے پناہ مانگنی چاہیے۔ یا اللہ! ہر ایک کو اپنے خاص فضل وکرم سے نظرِ بد کی تباہ کاریوں سے محفوظ فرما دیجئے اور جو ہمارے بہن بھائی اس کا شکار ہیں، ان کو دوبارہ بلندیاں اور عروج نصیب فرمائے۔ آمین

darulamal.org/ruhanishop

سلسلۂ کرشماتِ بخاری

نظرِ بد کے اثرات اور اس کا قرآنی علاج

سید عبدالخالق عباس (کراچی)

قارئین کرام کو میری طرف سے السلام علیکم! اللہ پاک ہم سب کو اپنی پناہ میں رکھے، جان و مال کی حفاظت کرے اور ہمیشہ ہم پر اپنا کرم فرمائے، آمین۔ محترم قارئین کرام! میرے آج کے مضمون کا عنوان ''نظرِ بد کے اثرات'' ہیں۔ مشرق کو تو ہم پرست کہا جاتا ہے۔ مادہ پرست ممالک بھی اب اس کی توہم پرستی کے قائل ہوتے جارہے ہیں۔ جن باتوں کو لوگ ''واہمہ'' کہتے ہیں۔ اب مشاہدہ اور تجربہ انہیں بالکل حقائق ثابت کررہا ہے۔ ''نظر بد اور چشم بد'' وغیرہ کا خیال بھی ایک زمانہ میں ''واہمہ'' ہی خیال کیا جاتا رہا لیکن مغربی اقوام کی روحانیت جدید اب اس واہمہ کو حقیقت سمجھنے پر مجبور ہورہی ہے اور مشرق کے اس زبردست نظریہ کو ماننے کے لیے مجبور ہے۔ ہم مشرقی تو نظر بد (یعنی نظر لگ جانے) کے بہت عرصے سے قائل ہیں۔ جدید روشنی کے محققین نے اس نظریہ کی چھان بین، اس کی تاریخ اور فلسفہ کے متعلق جو قابل قدر ریسرچ کی ہے، وہ حال ہی میں ایک علمی انجمن کے سامنے ایک دلچسپ روئیداد کی صورت میں پیش ہوئی ہے۔ اس علمی انجمن کے سامنے اس نظریہ کے متعلق جو تاریخی شواہد اور فلسفیانہ نکات زیر بحث آئے، ان سے استفسار کرنا بہت مفید ہوگا۔ اس لیے مشرق کے لیے اس قدیمی نظریہ کے تصدیق زمانہ حال کے تمدن کے ذریعے سنئے اور موجودہ حقائق پر غور کیجئے۔ قدیم ترین انسانی تاریخ کے نوشتوں سے پتہ چلتا ہے کہ نظر بد کے اثرات کو ہمیشہ سے محسوس کیا جارہا ہے اور لوگوں کے مشاہدہ و تجربہ میں یہ ہمیشہ آتا رہا ہے۔ آنکھ کی تاثیر اور طاقت سے متعلق ابتدائے آفرینش سے اس وقت تک سینکڑوں واقعات تجربہ میں آتے رہے ہیں اور بیسیوں روایتیں مشہور ہیں۔ قدیم مصر کی تاریخ پر ہم نظر ڈالتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کی اضامیات میں ایک دیوتا تھا جس کا نام فتا یعنی ''فتاح'' تھا جو دنیا کو کھولنے والا نامی ایک دیوتا تھا، جس نے اس دنیا کو بلکہ ساری کائنات کو اور دیگر دیوی دیوتاؤں کو اپنی آنکھ یا چشم زدن کے ذریعے پیدا کیا تھا۔ قدیم مصری نوشتوں کے دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ اس وقت بھی نظر بد پر لوگوں کو یقین کامل تھا اور ان کے مشاہدے و تجربہ میں یہ نظریہ آتا رہتا تھا۔ اس لئے انہوں نے اس کے بد اثرات سے بچنے کے لیے منتر اور ٹوٹکے اختراع کیے تھے۔ مسلمان اور دیگر مذاہب، سب نظر بد کے اثر کے قائل ہیں اور بچوں بڑوں یا اچھی چیزوں کو نظر بد لگنے کے خطرہ سے محفوظ رکھنے کے لیے طرح طرح کے تعویذ گنڈے اور عملیات سے کام لیتے ہیں۔ حضور ﷺ کے زمانے میں بھی نظر بد کے اثرات نمایاں تھے۔ بہت سی سورتیں اور آیات اس ضمن میں قرآن مجید میں ہیں اور حدیثوں سے بھی ثابت ہے۔ نظر بد کے اثرات بہت قوی ہوتے ہیں۔ نظر کو دیکھئے کہ اگر تقویٰ اور پرہیز گاری کا جوہر لئے ہوئے پڑے تو نعمتوں میں فراخی اور کشائش پیدا کردیتی ہے اور فجور و بدکاری کا وائرس لئے ہوئے پڑے تو تباہی و نقصانات کا سبب بنتی ہے نیز نیک نظر لوگ اپنے لئے اور مخلوق خدا کیلئے نیک تمناؤں کے ساتھ دعا گو رہتے ہیں اور بد نظر افراد مخلوق خدا کیلئے اذیت اور نقصانات کا سامان فراہم کرتے رہتے ہیں۔

نظر نیک ہو یا نظر بد، مؤثر کیسے ہوتی ہے؟ مخلوق کیسے متاثر ہو جاتی ہے؟ یہ اہم سوالات ہیں۔ اس حقیقت سے کسے انکار ہے کہ نظر بد پتھر پر پڑے تو اسے توڑ دیتی ہے اور نظر نیک چمن کو گل و گلزار کردیتی ہے؟ نفسِ انسانی حواس ظاہری اور حواس باطنی سے ادراک حاصل کرتا ہے۔ یہ حواس قوت خیر کے ساتھ جو جذبہ ابھارتے ہیں، اس سے جو نظر پڑے گی، وہ نیک نظر ہوگی اور قوت شر کے ساتھ جو جذبہ ابھرے گا، اس سے جو نظر پڑے گی، وہ بد ہوگی۔ شرافت یہ نہیں کہ انسان نظر بد نہ لگائے کیونکہ یہ نظر بد تو کوئی جانور بھی نہیں لگاتا۔ شرافت یہ ہے کہ انسان کی جب نظر اٹھے تو نیک نظر لگے۔ ایسے ہی لوگ نفسِ حیوانی کو تمام ظاہری حواس سے کنارہ کش کرکے حسن باطن سے نیک نظر کہلاتے ہیں۔ معاشرے کا المیہ ہے کہ نظر نیک نایاب اور نظر بد

اگربتیوں کی دستیابی کی تفصیل goo.gl/Qu6gRp

وافر ہے۔ ہلکے خون والے اور کم ہمت لوگ نظر بد کا آسانی سے شکار ہو جاتے ہیں، بدنظر کی قوت شر سے مرعوب ہوتے ہیں، چہرہ سرخ ہو جاتا ہے۔ ان کی گھورتی نظر پیوست ہو کر رنگ زرد کر دیتی ہیں۔ یہاں تک کہ قوت واہمہ مغلوب ہو جاتی ہے۔ نظر بد سے کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ نقصان ہو سکتا ہے۔ معاشرے میں عزت افزا زندگی گزارنے کیلئے بدنظر لوگوں سے غافل نہیں رہنا چاہیے۔ جو افراد دعاؤں، وظائف اور عبادات وصدقات سے غافل ہوتے ہیں، وہ بدنظر لوگوں کا آسان ٹارگٹ ہوتے ہیں۔ بدنظر لوگ آسانی سے پہچان لئے جاتے ہیں۔ قدرتی نظامِ فطرت آگاہ کر دیتا ہے مگر یہ انسان کی اپنی کوتاہی اور ٹال مٹول نقصانات سے دوچار کر دیتی ہے کیونکہ یہ روزمرہ کا معاملہ ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ انسان اپنا دفاع اور علاج بھی روزمرہ کرے۔

نظر بد کے تین بڑے نقصانات

1۔ ہر وقت بیمار رہنا۔ 2۔ کمزور ہو جانا۔ 3۔ کھانا پینا چھوڑ دینا۔

زمانہ قدیم سے اب تک سحر و جادو کی جتنی بھی خبیث سے خبیث تر اقسام ایجاد ہوئی ہیں، ان کی بنیاد حسد اور آغاز نظر بد سے ہوتا ہے۔ اس سے بچنے کیلئے انسان کو اپنا روحانی مقام بلند تر کرنا چاہیے۔ قرآن مجید کے علم کی روشنی اور اس کے روحانی فیوض و برکات سے تمام قسم کے معاملات بہتر ہو جاتے ہیں اور فیض کا دائرہ بھی وسیع ہو جاتا ہے اور روحانی قوتیں خود ہی مددگار بن کر فیض رساں بن جاتی ہیں۔

نظر بد کا علاج

نظر بد ایسی کھلی حقیقت ہے کہ جو نظر بد لگا رہا ہوتا ہے، وہ بھی اس کو جانتا ہے اور جو اس کا شکار ہو جاتا ہے، وہ بھی اس کو جان لیتا ہے۔ ہر انسان کا اول فریضہ تو یہ ہے کہ وہ اپنا تجزیہ کرے کہ اس میں یہ خصلت کس قدر موجود ہے اور دوسروں کو اپنے شر سے محفوظ رکھنے کی کوشش کرے اور بارگاہِ الٰہی میں دعا کرے کہ اس کے وجود میں وہ جوہر متحرک کرے، جو نظر نیک کر دے۔ وہ لوگ جو نظر بد کا شکار ہیں، ان کیلئے درج ذیل عمل تجویز ہیں۔ یہ اعمال میرے خاندان کے بزرگ و درویش کرتے تھے جو کئی سالوں سے کارآمد ثابت ہو رہے ہیں۔ تین عمل پیش کر رہا ہوں۔ ان شاء اللہ، ان میں سے جو عمل کریں گے، وہ ضرور کامیاب ہوں گے۔

1۔ ایسے افراد جو عربی نہیں پڑھ سکتے وہ خصوصاً ورنہ ہر کوئی اسمائے الٰہی کے ذریعے بھی نظر بد کے اثرات سے محفوظ رہ سکتا ہے اور نجات پا سکتا ہے۔ اسم الٰہی ''یَاجَبَّارُ'' کو روزانہ صبح و شام 226 بار پڑھیں اور سورۃ الناس 3 بار، سورۃ فلق 3 بار، آیت الکرسی 7 بار، ماشاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم 21 بار پانی پر دم کر کے نظر بد والے کو پلائیں۔ 7 یوم تک صبح و شام۔

2۔ ایک تانبا کا درمیانی سائز کا پیالہ لے کر اس میں 5 چٹکی حرمل ڈال کر پانی کے ساتھ رات کو کھلے آسمان میں ستاروں کی روشنی میں رکھیں۔ صبح سورج کی کرنوں سے پہلے اٹھیں۔ پیالہ بھر اس پانی کو غسل کرنے والے پانی میں شامل کر لیں، پھر غسل کریں۔ تین یوم تک ہر قسم کی نظر بد، سحر، جناتی اثرات دفع ہو جائیں گے۔

3۔ نظر بد اتارنا: اگر کسی کو نظر بد لگ جائے تو اس کو اس طرح اتاریں۔ لوہے کا ایک نیا چمٹا لے کر نظر زدہ کے دائیں ہاتھ زمین کے ساتھ لگائیں اور اس عمل کو پڑھنا شروع کر دیں۔ ساتھ ساتھ چمٹے کو اوپر اٹھاتے جائیں۔ اس عمل کو سات بار پڑھتے پڑھتے چمٹے کو مریض کے اوپر سے گزار دیں۔ پھر بائیں ہاتھ کو زمین پر تین بار جھاڑیں۔ لگاتار اس عمل کو اسی طرح سات مرتبہ کریں۔ اس عمل کو بیٹھ کر کریں۔ اللہ کے کرم سے نظر بد دفع ہو جائے گی۔

عمل یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم اجب یااسرافیل وبحق الف یااللہ وبحق یاحی یاقیوم۔

عمل کرنے سے پہلے اپنا حصار خاص ضرور کر لیں اور ادارے کے بانی محترم یا مجھ سے اجازت حاصل کریں۔ اللہ اپنا کرم کرے، رحم کرے۔ مجھ کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں۔

عاملین کیلئے پرنٹڈ تعویذات کی تفصیل goo.gl/113kbj

نظرِ بد کا روحانی علاج

قیصر احمد بی۔اے (کراچی)

بعض اشخاص میں یہ صفت پائی جاتی ہے کہ جب وہ کسی چیز کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھتے ہیں تو ان کے دل میں ایک خاص قسم کی زہریلی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کیفیت کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اس چیز کو نقصان پہنچ جاتا ہے۔ اس اثر کو عرفِ عام میں ''نظرِ بد لگ جانا'' کہتے ہیں۔

گو انسان کو اپنی بہت ساری پوشیدہ قوتوں کا علم اب تک حاصل نہیں ہو سکا لیکن اقوامِ عالم کی نفسیاتی تاریخ کا مطالعہ کرنے والے یہ جانتے ہیں کہ انسان نے اب سے ہزار ہا سال پہلے اس قوت کو دریافت کیا تھا۔ اور تقریباً تمام قدیم اقوام اور ملل اس بات کے قائل تھے کہ نظر حق ہے اور اس کے مضر اثرات یقینی اور سچے ہیں۔

چونکہ آج کل ہم میں سے بعض ناتجربہ کار تعلیم یافتہ طبقہ نظر لگنے کا قائل نہیں اور بغیر کسی دلیل کے ایک ایسی اہم روحانی قوت اور طاقت کا انکار کرتے ہیں، جس کے وقوع پر تمام ملل اور اقوام کا اتفاق ہو چکا ہے۔ اس لئے ہم ذیل میں ان کو سمجھانے اور آزمائش کی ترغیب دینے کیلئے اس مسئلے پر کسی قدر تشریحی بحث کرتے ہیں۔

روح کا اثر تمام جسم پر

یہ امر مسلم ہے کہ انسانی روح اپنے جسم کے علاوہ دوسرے جسموں پر بھی اثر ڈالتی ہے۔ ہمارا مشاہدہ ہے کہ اگر کوئی ایسا شخص ہماری طرف آنکھ اٹھا کر دیکھتا ہے، جس سے ہم مرعوب ہوتے یا شرماتے ہیں تو ہمارا چہرہ سرخ ہو جاتا ہے۔ اور اگر ہمارا کوئی دشمن ہماری طرف تیز نظروں سے گھورنے لگتا ہے تو ہماری رنگت ڈر کے مارے زرد پڑ جاتی ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ نفسِ انسانی کو اللہ تعالیٰ نے ایسی طاقت بخشی ہے کہ وہ کسی کو چھوئے بغیر متاثر کر سکے۔

اثر ڈالنے کے ذرائع

عام طور پر یہ گمان کیا جاتا ہے کہ ایک چیز دوسری چیز میں تب اثر کرتی ہے جب یہ دونوں ایک دوسرے کو چھو جائیں۔ اور نظر میں چونکہ یہ بات موجود نہیں، اس لئے اس کے اثر کا قائل ہونا ایک بے حقیقت چیز پر یقین کرنا ہے۔ ہمارے ان دوستوں کو یہ معلوم نہیں کہ اثر ڈالنے کے لئے یہ ضروری نہیں کہ کسی چیز کو چھو لیا جائے۔ چھو لینا، اثر ڈالنے کے مقصدِ ذرائع میں سے ایک ہے اور وہ بھی معمولی سا۔ اس کے علاوہ حسبِ ذیل طریقوں سے اشیاء پر اثر ڈالا جا سکتا ہے۔

مقابلہ: ایک چیز دوسری چیز کے مقابل لائی جائے جیسے مقناطیس۔ جب لوہے کے سامنے لایا جاتا ہے تو اسے اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔

نظر: کسی چیز کی طرف آنکھیں اٹھائی جائیں جیسے مسمریزم کا عامل اپنے معمول کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اسے بیہوش کر دیتا ہے۔

روحانی توجہ: کسی اوجھل چیز پر روحانی توجہ دی جائے جیسے یونان کے اشراقیوں، ہندوستان کے یوگیوں اور مسلمان صوفیوں کا معمول تھا اور اب تک ہے۔

دعا: باری تعالیٰ سے دعا مانگی جائے اور عالم ملکوت کو دعائیہ الفاظ کے ذریعہ اس چیز کی طرف متوجہ کیا جائے جیسا کہ روزمرہ کا مشاہدہ ہے۔

جادو: جھاڑ پھونک کی جائے جیسے کہ بعض لوگ سانپ، بچھو اور باؤلے کتے وغیرہ کے کاٹے کا زہر اتارتے ہیں۔

نظر کس طرح لگ جاتی ہے؟

بعض حکماء کا خیال ہے کہ نظر لگانے والے شخص کے دل پر جب ایک بری کیفیت طاری ہو جاتی ہے تو اس کی آنکھوں سے زہریلی شعاعیں نکلنے لگتی ہیں جو متاثر ہونے والی چیز میں پیوست ہو کر اس کو نقصان پہنچا دیتی ہیں۔ جیسے بعض اژدہا، کسی جانور کو دیکھتے ہی اس کو اپنے اثر سے ہلاک کر دیتا ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ نظر باز اشخاص کی آنکھوں سے ایسے باریک شرارے چھوٹتے ہیں جو دکھائی نہیں دیتے۔ یہ شرارے اس چیز کے جسم میں پیوست

ہوکر اس کو بیمار یا ہلاک کر دیتے ہیں۔

بعض لوگ جو اسباب، قویٰ اور تاثیرِ اشیاء کے منکر ہیں، وہ بھی بے شمار تجربات کی بنا پر نظر کے قائل ہیں۔ البتہ اس کو توجیہ یوں کرتے ہیں کہ نظر باز جب کسی چیز کی طرف پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسی وقت اس چیز کو نقصان پہنچا دیتا ہے۔ خود نظر کرنے والا نہ اس نقصان کا ارادہ کرتا ہے اور نہ وہ اس کا سبب بنتا ہے اور نہ اس کی ذات میں کسی چیز کو نقصان پہنچانے کی قطعی طاقت ہوتی ہے۔ (یہ مسلک ان لوگوں نے اختیار کیا ہے جو ہر چیز کو خدا پر سونپتے ہیں اور عالم اسباب کے قطعاً منکر ہیں)۔

نظر کے متعلق حافظ ابن قیمؒ کی رائے

علامہ ابن قیمؒ نظرِ بد کی بنیاد حسد پر قائم کرتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ یہ مانی ہوئی بات ہے کہ حاسد کے حسد سے محسود کو تکلیف پہنچتی ہے اور اسی لئے اللہ نے حاسد کے شر سے پناہ مانگنے کی تلقین کی ہے (وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ) اور یہی حسد نظرِ بد کی اصل ہے۔ کیونکہ حاسد کی روح جب ایک بری کیفیت سے اثر پذیر ہو جاتی ہے تو وہ محسود پر برا اثر ڈال کر اس کو نقصان پہنچا دیتی ہے۔

حاسد کی مثال اس اژدہا کی ہے جو اپنے دشمن سے آنکھیں ملاتے ہی اس کو گرا دیتا ہے اور یاد رہے کہ بعض سانپ اتنے زہریلے ہوتے ہیں کہ ان کا سامنا ہوتے ہی عورتوں کے حمل ساقط ہو جاتے ہیں۔ بعض ایسے ہوتے ہیں جن کے ساتھ آنکھیں چار ہوتے ہی آدمی بینائی سے محروم ہو جاتا ہے۔ اسی لئے آنحضرت ﷺ نے سانپوں کی دو قسمیں ابتر اور ذولطفیتین کے بارے میں فرمایا ہے:

''انھما ایلتھسان البصر و یسقان الحمل'' (دونوں بینائی کو ضائع اور حمل ساقط کر دیتے ہیں)۔

پس اسی طرح بعض لوگوں کی روح ان بری کیفیتوں سے اثر پذیر ہوتی ہے کہ ان کو نظر لگانے کیلئے آنکھوں کے رَوزن کا سہارا لینے کی بھی ضرورت نہیں رہتی۔ چنانچہ مادر زاد اندھے اور پس پردہ بیٹھے ہوئے اشخاص بھی اس طرح نظر لگا سکتے ہیں، جس طرح آنکھوں والے اور حاضر لگا سکتے ہیں۔ کیونکہ نظر دراصل ان تیروں سے لگتی ہے جو روح کی کمان سے نکل کر کسی چیز پر پڑتی ہے۔ اگر وہ چیز ہتھیار بند نہ ہو تو وہ تیر اس کو فوراً گھائل کر دیتے ہیں اور اگر ہتھیار بند ہو تو اس کو نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ بلکہ پلٹ کر خود حاسد پر آن پڑتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جس چیز کو نظر زیادہ لگتی ہے اور جس آدمی کی نظر زیادہ لگتی ہے، اس کی اپنی حالت بھی چنداں اچھی نہیں ہوتی۔

صحابیؓ کو نظر لگی

حضرت سہلؓ بن حنیف گورے چٹے آدمی تھے۔ ایک دفعہ نہر میں نہا رہے تھے۔ حضرت عامرؓ بن ربیعہ ادھر سے گزرے تو کہنے لگے ''واہ! کیسا گورا چٹا اور گداز جسم ہے''۔ یہ کہنا تھا کہ حضرت سہلؓ کو بخار چڑھ گیا اور گھر آ کر لیٹ گئے۔ آنحضرت ﷺ کو اطلاع ملی تو آپ ﷺ عامرؓ کے پاس تشریف لے گئے اور غصہ سے کہا ''تم لوگ کیوں اپنے بھائیوں کو قتل کرتے ہو۔ تم کو چاہیے تھا کہ ان کیلئے برکت کی دعا مانگتے اور ماشاء اللہ فرماتے نہ کہ الٹا اسے نقصان پہنچاتے''۔ پھر آپ ﷺ نے حکم دیا کہ عامرؓ ایک ٹب میں اپنے بعض اعضاء دھو لے اور وہ پانی سہل پر لے جا کر ڈال دیا جائے۔ اس تدبیر سے ان کا بخار اتر جائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا گیا اور حضرت سہلؓ کا بخار ٹوٹ گیا۔

نیز حضرت جابرؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

اِنَّ الْعَیْنَ لَتدْخُلَ الرَّجل القبر و الجَملُ القدر

''نظر آدمی کو قبر میں اور اونٹ کو ہنڈیا میں پہنچا دیتی ہے''۔

آنحضرت ﷺ اور نظر

عرب میں بنو اسد کا قبیلہ نظر لگانے کیلئے مشہور تھا۔ ان کا ایک آدمی تین دن تک بھوکا رہتا۔ پھر خلوت گاہ سے نکل کر جس چیز کی تعریف کر دیتا۔ اس کو اسی وقت نظر لگ جاتی۔ کفارِ مکہ نے ایک دفعہ مشورہ کیا کہ ان میں سے کسی شخص کو اجرت دے کر اس بات پر آمادہ کیا جائے کہ وہ آنحضرت ﷺ کو نظر لگا دے۔ قرآن پاک نے آنحضرت ﷺ کو ان کے مشورہ سے مطلع کیا۔

باطنی قوت بڑھانے والے آلہ یکسوئی کی تفصیل goo.gl/OFCAix

وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ. وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ.

''قریب ہے کہ کافر اللہ کا ذکر سن کر آپ کو اپنی آنکھوں سے نقصان پہنچائیں اور کہیں کہ یہ مجنون ہے۔ چناچہ کفار کی یہ چال بھی کارگر نہ ہوسکی اور آپ کے بدخواہ اپنا سامنہ لے کے رہ گئے''۔

نظرِ بد سے بچنے کا طریقہ

جس چیز کو نظرِ بد لگنے کا اندیشہ ہو، اس کے محاسن کو عام لوگوں سے اور خاص کر نظر بازوں سے بچائے یا اس میں ایک عارضی نقص پیدا کر دینا چاہیے۔ جس کی وجہ سے وہ نظرِ بد سے محفوظ رہ سکے۔ امام بغویؒ نے شرح السنۃ میں روایت کی ہے کہ حضرت عثمانؓ نے ایک خوبصورت گھبرو لڑکے کو دیکھا، جس کو کئی دفعہ نظر لگ چکی تھی تو اس کے رشتہ داروں کو مشورہ دیا کہ اس لڑکے کی ٹھوڑی کو سیاہ کر دو تا کہ اس کو نظر نہ لگ سکے۔ اسی واسطے شاعر نے کہا ہے کہ ؎

مکان احوج ذاالکمال الی عیب یوقیہ من العین

ہر باکمال میں نظرِ بد سے بچنے کیلئے ایک نہ ایک عیب ضرور ہونا چاہیے۔ متنبی نے کہا ہے: ؎

کان الرّدی عادٍ علی کُلِّ ماجِدٍ اذالم یعود مجدہ یعیوبٍ

گویا تباہی ہی ہر بزرگ پر عادی ہوتی ہے جو اپنی بزرگی کو بچانے کیلئے عیوب کا تعویذ نہ رکھتا ہو۔

ہندوؤں کا یہ طریقہ تو آپ نے ضرور دیکھا ہوگا کہ جب وہ نیا مکان بناتے ہیں تو ایک ہنڈیا مکان کے سامنے کے حصہ میں لٹکا دیتے ہیں، جس پر کالا سیاہ بھیانک چہرہ بناتے ہیں اور لمبی سی زبان نکال دیتے ہیں۔ ہر شخص جو مکان پر نظر ڈالتا ہے تو وہ اس ہنڈیا پر پڑتی ہے۔ بلڈنگ کی طرف سے اس کا دھیان ہٹ جاتا ہے۔ یہ دراصل مکان کی نظرِ بد سے بچانے کی تدبیر ہوتی ہے۔ اسی طرح بعض لوگ خصوصاً مدارس کی طرف گھروں پر متعدد سفید ہاتھ کے نشان لگا دیتے ہیں مطلب یہ ہوتا ہے کہ مکان اور مکان والے نظرِ بد اور بد ارواح سے محفوظ رہیں اور یہ حقیقت ہے کہ دیکھنے والا آدمی ان ہی نشانوں کو دیکھتا ہوا گزر جاتا ہے۔ مکان کو دیکھتا ہی نہیں اور اگر دیکھتا ہے تو سرسری نظر سے۔

نظرِ بد کا علاج

اگر کسی کو نظر لگ جائے اور نظر لگانے والا معلوم ہو تو اس کو کہا جائے کہ وہ ایک برتن میں ہاتھ پاؤں اور ران وغیرہ دھوئے۔ پھر اس پانی کو مریض کے سر پر اچانک ڈال دیا جائے، جیسا کہ آنحضرت ﷺ نے سہلؓ کیلئے کیا تھا۔ یہ علاج گو طبیبوں کے مروج طریق علاج سے الگ ہے اور اسی لئے اکثر ناواقف اور ناتجربہ کار اشخاص اس کے عجیب وغریب اور معجز نما اثرات پر یقین نہ کریں گے لیکن ان کی خدمت میں میں یہ عرض کروں گا کہ یہ کوئی ایسا الہیاتی مسئلہ نہیں ہے جس کو عمل کے ذریعے آزمایا نہ جاسکے۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا۔ آزما کر دیکھ لیں کہ دنیا کے سب سے بڑے روحانی طبیب نے جو انوکھا علاج بتایا ہے، وہ مفید ہے یا نہیں۔ علاج کے سلسلے میں سینکڑوں فلسفیانہ دلائل اتنے کامیاب نہیں ہوسکتے جتنی ایک آزمائش کامیاب ہوسکتی ہے۔ اس سلسلہ میں ایک ذاتی واقعہ بیان کرتا ہوں۔ میں ایک دفعہ ایک حکیم صاحب کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔ وہ مریضوں کو دیکھتے اور ان کے نسخے تجویز کر کے دیتے جارہے تھے۔ اتنے میں ایک عورت بچہ کو لئے ہوئے آئی۔ حکیم صاحب نے دریافت کیا ''کوئی فرق معلوم ہوا؟'' اس نے کہا ''بالکل نہیں۔ آپ اور کوئی دوسری دوا دے دیں''۔ حکیم صاحب نے میری طرف مخاطب ہوتے ہوئے کہا ''عجیب بات ہے۔ پندرہ دن سے دوا دے رہا ہوں اور کوئی فرق نہیں۔ کیسے ہوسکتا ہے؟'' پھر اسی عورت سے کہا ''تم نے ضرور کوئی بد پرہیزی کی ہوگی''۔ اس نے جواب دیا ''یہ میرا دودھ نہیں پیتا''۔ حکیم صاحب یہ سن کر حیران ہوئے۔ میں نے کہا ''اگر مناسب ہو تو میں مشورہ دوں''۔ انہوں نے کہا ''ضرور''۔ میں نے کہا ''میرے علم کے نقطۂ نظر سے آج منگل کے دن عین بارہ بجے یہ عورت زحل کی ساعت میں شکایت کررہی ہے کہ اب تک کوئی فائدہ نہیں ہوا تو اس کو نظر بد کا اثر

ہے۔آج دوائی کے ساتھ سورۂ کوثر کا تعویذ لکھ کر دے دیں کہ وہ گلے میں لٹکا دے اور کہہ دیں کہ اس دوا سے بچہ تندرست ہو جائے گا''۔ اگلے دن بچہ خوش تھا۔اس کا رونا، چڑچڑاپن اور بخار بالکل دور ہو چکا تھا۔اس کے ساتھ ساتھ اپنی ماں کا بھی دودھ خوشی خوشی پی رہا تھا۔

طب نبوی ﷺ

اگر ناظرین خلوصِ نیت سے اس علاج کو برتیں گے تو ان کو بہت جلد معلوم ہو جائے گا کہ بڑے بڑے ڈاکٹروں کی طب، آنحضرت ﷺ کے طریقِ علاج کے مقابلہ میں ایسی ہے جیسے عورتوں کا علاج، ڈاکٹروں کے مقابلہ میں، بلکہ اس سے بھی کم ہے۔ کیونکہ ڈاکٹروں کے بعض علاج قیاسی ہوتے ہیں، بعض تجربہ خیال پر مبنی ہوتے ہیں اور بعض حیوانات اور پرندوں کی دیکھا دیکھی ان کو سوجھتے ہیں۔تو اس ناقص اور متضاد طب کو اس طب سے کیا نسبت ہو سکتی ہے جس کی تعلیم خالقِ کون ومکان نے آنحضرت ﷺ کو اور آنحضرت ﷺ نے اپنے سچے متبعین کو دی ہے۔

نظرِ بد کا دوسرا علاج

نظرِ بد کے اثرات مریض سے دور کرنے کیلئے مریض پر معوذتین (سورۂ فلق اور سورۂ الناس)، الحمد شریف، آیت الکرسی اور لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم تین تین مرتبہ پڑھ کر پھونک دینی چاہیے۔نیز اس مرض میں یہ دعا بھی مفید ثابت ہوتی ہے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ

''میں اللہ تعالیٰ کے تمام کلمات کے ساتھ ہر شیطان، زہریلے جانور اور جو اس کو نقصان پہنچانے والی آنکھ سے پناہ مانگتا ہوں''۔

یہ دعا آنحضرت ﷺ، امام حسنؓ اور امام حسینؓ پر پڑھ کر پھونکتے تھے اور فرماتے تھے کہ میرے دادا حضرت ابراہیمؑ اپنے صاحبزادوں اسماعیلؑ اور اسحاقؑ پر یہ دعا پڑھ کر پھونکتے تھے۔

نیز مندرجہ ذیل دعا بھی نظرِ بد کیلئے بہت مفید ہے۔

بِسْمِ اللهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ دَآءٍ يُّؤْذِيْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنِ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللهِ اَرْقِيْكَ

میں خدا کا نام لے کر تم کو دم کرتا ہوں کہ ہر تکلیف دینے والی بیماری، ہر حاسد دل اور حاسد آنکھ سے بچے رہو۔اللہ تم کو شفا دے۔میں خدا کا نام لے کر تم پر پھونکتا ہوں۔

ایک دفعہ آنحضرت ﷺ بیمار ہو گئے تو حضرت جبرائیلؑ نے یہی دعا پڑھ کر آپ پر پھونکی تھی۔

نظر باز کو ہدایت

جس شخص کی نظر زیادہ لگتی ہو اس کو چاہیے کہ کسی چیز کو دیکھ کر اس پر تعجب نہ کرے بلکہ یوں کہے ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ اس طرح اس کی نظر کسی چیز کو نقصان نہ پہنچا سکے گی اور وہ دنیا کی بدنامی اور آخرت کے عذاب سے بچ جائے گا۔

نظرِ بد و ارواحِ خبیثہ سے بچنے کا علاج

اکثر بچوں کو نظر لگ جاتی ہے اور وہ دن رات روتے رہتے ہیں۔اس کا سہل علاج یہ ہے کہ عامل بچہ پر گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ کوثر بغیر بسم اللہ اور بغیر درود شریف کے پڑھے۔کان میں پھونک مارے اور دونوں کانوں میں دم کرے۔ان شاء اللہ بچہ تھوڑی ہی دیر میں ہنسنے کھیلنے لگے گا۔اور اگر کسی بچہ پر ارواحِ خبیثہ مسلط ہوں تو اس کا آسان علاج یہ ہے کہ عامل دال اُڑد لے کر اس پر سورۂ کوثر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور بچہ کے سر پر اور سینہ پر دال کو مارے۔تھوڑی ہی دیر میں ارواحِ خبیثہ حاضر ہو کر بات چیت کرے گی پھر اس سے عہد و پیمان لے کر اور نہ آنے کا وعدہ لے کر آزاد کر دے۔

نظرِ بد کا علاج کروائیں

نظرِ بد انسانی ہو یا جناتی و شیطانی، نئی ہو یا بہت پرانی، اثرات کم ہو یا بہت زیادہ..... ہر قسم کی نظرِ بد کا علاج کروانے کے لیے اعتماد کے ساتھ روحانی علاج گاہ، دارالعمل چشتیہ سے رابطہ فرمائیں۔ رابطہ: 0324/0344-8439477

فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصائب، بلیات، آفات اور پریشانیوں سے محفوظ رہیں

پریشانیوں سے محفوظ رہنے کے لئے رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: ''ترجمہ: ''مصیبت آنے سے پہلے صدقہ دے دو کیونکہ (صدقہ دیوار کی طرح آڑے آجاتا ہے اور) مصیبت اس کو پھاند کر نہیں آسکتی''۔ (مشکوٰۃ ص 167)

صدقات سے بلائیں ٹلتی ہیں، زکوٰۃ سے مال پاک ہوتا ہے، عطیات سے مال میں برکت آتی ہے۔

دارلعمل چشتیہ ٹرسٹ کے اہداف

☆ ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن قریہ قریہ بستی بستی قرآن مجید کی تعلیم پھیلانے میں ان کا ساتھ دیجئے۔ ☆ مختلف دینی مدارس میں مقیم غریب طلبہ کی کفالت یا ان کے اخراجات میں تعاون۔ ☆ ختم نبوت کے مختلف پروجیکٹس میں مالی امداد کیجئے اور شفاعت نبی کریم ﷺ کے حق دار بنئے۔ ☆ نابینا افراد کی مالی امداد کر کے ان کے مستقبل کو سنوارئے اور ان کی تعلیمی سرگرمیوں میں معاونت کیجئے۔ بیواؤں، یتیموں کی پرورش کے لیے ماہانہ امداد کرنا اور خاص طور پر یتیم بچے/بچیوں کی شادی کے موقع پر مالی امداد کرنا اور دستکاری سنٹرز کا قیام عمل میں لانا ☆ جنگ، زلزلہ، سیلاب یا آسمانی آفات کی صورت میں متاثرین کی امداد کرنا۔

دعائیں جو سمیٹی نہ جاسکیں

شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''کسی شخص نے اپنے دوست کو خواب میں دیکھا، وہ چمن در چمن پھولوں میں ٹہل رہا ہے۔ جب اس سے پوچھا کہ تجھے یہ مقام کیسے ملا؟ وہ کہنے لگا ایک مرتبہ میں نے ایک غریب کے پاؤں سے کانٹا نکالا تھا اور یہ تمام پھول اسی کانٹے سے نکلے ہیں''۔

دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ درج ذیل شعبہ جات میں مستحق مسلمان بہنوں اور بھائیوں کی مدد کیلئے آپ کے تعاون کا طلبگار ہے۔

☆ ایسے طلباء وطالبات جو تعلیم جاری رکھنا چاہتے ہیں لیکن وسائل نہ ہونے کی بناء پر مشکلات کا شکار ہیں ان کو فیس، درسی کتب وغیرہ فراہم کرنا۔

☆ ایسے خواتین وحضرات جو بیمار ہیں اور مالی مشکلات کی وجہ سے اپنا علاج معالجہ نہیں کروا سکتے۔ ان کو علاج معالجہ کیلئے وسائل مہیا کرنا۔

☆ ہمارے بہت سے ایسے بہن بھائی ہیں، جو پہننے کے لئے کپڑے نہیں بنا سکتے۔ ایسے بہن بھائیوں کو نیا یا استعمال شدہ لباس فراہم کرنا۔

☆ اس مہنگائی کے دور میں جن غریب گھرانوں میں اشیائے خورد ونوش کی قلت ہے، ان گھرانوں میں غذائی اجناس فراہم کرنا۔

☆ زلزلہ زدگان کی امداد ☆ متاثرین سیلاب کے ساتھ تعاون ☆ مساجد کی تعمیر میں حصہ ☆ مدارس کے اخراجات میں تعاون ☆ امدادی کاروائیوں میں حصہ اور ماہانہ وظیفہ حاصل کرنے والے لوگوں کی امداد کر کے ہزاروں افراد کی دعائیں لیجئے۔

مخیر صاحبان ثروت سے مخلصانہ اپیل: وہ لوگ جن کے دل میں انسانیت کا درد ہے، جو انسانیت کی فلاح وبہبود کے لیے کچھ کرنا چاہتے ہیں، جن کو دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کے اغراض ومقاصد کے ساتھ اتفاق ہی نہیں بلکہ وہ ان کے دل کی آواز بھی ہے، وہ آگے بڑھیں اور ان تمام خیر کے کاموں میں ہمارا ساتھ دیجئے۔

ان تمام صدقات جاریہ میں شرکت کے لئے زکوٰۃ، صدقات، فطرہ، عطیات دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ کو عنایت فرمایئے۔

مہربانی فرما کر عطیہ دیتے وقت یہ تحریر فرمائیں کہ آپ کس مد (یعنی زکوٰۃ، صدقہ، خیرات یا کوئی اور) میں عطیہ دے رہے ہیں۔ طلب کرنے پر مستحق افراد کا نام وپتہ دیا جاتا ہے۔ نقد عطیات (صدقات، زکوٰۃ، خیرات، فطرانہ، فدیہ، کفارہ، قربانی کی رقم وغیرہ) بذریعہ منی آرڈر یا خود دفتر آکر جمع کروا سکتے ہیں۔

مزید تفصیلات کے لئے صفحہ نمبر 2 ملاحظہ فرمائیں: **042-35410586, 0322-4773786, 0332-4487877**

بہت سی دعاؤں کے ساتھ منتظر علی مقبول حفظہ اللہ

نظرِ بد نمبر تعویذ خیر وبرکت کی تفصیل goo.gl/6hsXr7

نظرِ بد سے نجات کے اعمال

سید شاہ محمد قادری

حضور اکرم نورِ مجسم ﷺ کے فرمانِ حق کے مطابق نظر برحق ہے۔ بزرگانِ دین کا کہنا ہے کہ نظر وہ شے ہے کہ پتھر کو بھی توڑ دیتی ہے۔ جب ایسی کوئی صورتحال سامنے آئے تو پھر ذیل کے اعمال سے کام لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، نظرِ بد کا سدِ باب ہوجائے گا۔

(۱) جس بچے کو نظر لگ جائے، یا ضد کرتا ہو یا سوتے میں ڈرتا ہو تو سورۂ قل اعوذ برب الفلق پوری اور سورۂ قل اعوذ برب الناس پوری سورت تین دفعہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور یہ آیات لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالے۔ وہ آیات اور دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ۔

(۲) جس کسی کو نظر لگ جائے، اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔ نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۴۴۶۶	۴۴۶۹	۴۴۷۲	۴۴۵۹
۴۴۷۱	۴۴۶۰	۴۴۶۵	۴۴۷۰
۴۴۶۱	۴۴۷۴	۴۴۶۷	۴۴۶۴
۴۴۶۸	۴۴۶۳	۴۴۶۲	۴۴۷۳

(۳) جس شخص کو نظر لگ گئی ہو، ان حروف کو لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اثر جاتا رہے گا۔ وہ یہ ہے:

ماماماممممہ حم حم حم رہ ہ د ع ع

(۴) جس کسی کو نظر لگ گئی ہو تو اس کو چاہیے کہ اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد یا بچہ اپنے دائیں بازو پر باندھے اور عورت اور لڑکی اپنے بائیں بازو پر باندھے۔ اس تعویذ کو گلے میں بھی ڈالا جاسکتا ہے۔

۷۸۶

۷۹۰۶	۷۹۰۹	۷۹۱۲	۷۸۹۹
۷۹۱۱	۷۹۰۰	۷۹۰۵	۷۹۱۰
۷۹۰۱	۷۹۱۴	۷۹۰۷	۷۹۰۴
۷۹۰۸	۷۹۰۳	۷۹۰۲	۷۹۱۳

(۵) جس شخص کو بد نظر لگ گئی ہو تو اس مریض پر ان آیات شریفہ کو پانچ یا سات بار پڑھ کر دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ۔ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ۔ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ۔ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۘ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ۔

(۶) جس کسی کو بد نظر لگ گئی ہو اور مریض کی حالت زیادہ خراب ہوگئی ہو تو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھے اور اسی نقش کو دوبارہ لکھ کر فتیلہ بنا کر مغرب کے بعد گائے کے گھی میں مریض کے سرہانے روشن کرے۔ جب تک فتیلہ جلتا رہے، مریض چارپائی پر لیٹا رہے۔ فتیلہ روشن کرنے کا عمل تین روز برابر کرے اور پھر اس چراغ کو جو تین دن تک روشن رہا ہے، کسی جگہ زمین میں دفن کردے۔ ان شاء اللہ بد نظر کا اثر جاتا رہے گا اور مریض شفایاب ہوگا۔

تعویذ حفظ و جان کی تفصیل goo.gl/ckrYvj

وہ نقش مکرم یہ ہے:

۱۶۶۳۹	۱۶۶۴۲	۱۶۶۴۵	۱۶۶۳۲
۱۶۶۴۴	۱۶۶۳۳	۱۶۶۳۸	۱۶۶۴۳
۱۶۶۳۴	۱۶۶۴۷	۱۶۶۴۰	۱۶۶۳۷
۱۶۶۴۱	۱۶۶۳۶	۱۶۶۳۵	۱۶۶۴۶

(۷) جس کسی آدمی یا جانور کو بدنظر لگ گئی ہو، اس پر اس دعا کو پڑھ کر پانچ بار یا تین بار دم کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا اور آدمی یا جانور تکلیف سے چھٹکارا پائے گا۔ دعا یہ ہے:

بسم اللہ حبس حابس حجر یابس شہاب قابس رُدَّتْ عین العائنِ علیہ وعلی أحب الناس إلیہ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ عَظِیْمُ الشَّانِ شَدِیْدُ الْبُرْھَانِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ حَبِسَ حَابِسٌ مِّنْ حَجَرٍ یَابِسٍ وَّ شِھَابٍ قَابِسٍ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ رَدَدْتُ عَیْنَ الْعَائِنِ عَلَیْہِ وَعَلٰی اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیْہِ فِیْ کَیْدِہٖ وَ کُلِّیَّتِہٖ لَھُمْ دَقِیْقٌ وَعَظْمٌ قِیْمَا لَہٗ یَلِیْقُ۔ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ ھَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ۔ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّھُوَ حَسِیْرٌ۔

(۸) جس کسی کو بدنظر لگ گئی ہو، خواہ وہ مرد ہو یا عورت ہو یا بچہ، ایسی حالت میں نو (۹) تار کچے نیلے سوت کے لے کر اتنے لمبے اور بڑے کرے کہ مریض کے گلے میں آجائیں، ان پر چھ گرہیں لگائی جائیں گی۔ اس طرح کہ ہر گرہ پر سات بار درود شریف اور تین بار سورۂ اخلاص یعنی قل ہو اللہ شریف پوری پڑھ کر ہر گرہ پر دم کرتا جائے اور یہ گنڈہ پھر مریض کے گلے میں ڈال دے۔ اور اگر جانور کو بدنظر لگ گئی ہو تو سیاہ اون (جو کاتا ہوا گھر کا ہو) اتنا بڑا لیا جائے کہ جانور کے گلے میں آجائے۔ اس اون کے بھی نو (۹) تار لیے جائیں گے اور پھر چھ گرہیں لگائی جائیں گی اور ہر گرہ پر سات بار درود شریف اور تین بار سورۂ اخلاص یعنی قل ھو اللہ شریف پوری پڑھ کر دم کیا جائے گا اور اس گنڈے کو اس جانور کے گلے میں ڈال دیا جائے گا، جس کو بدنظر ہو گئی ہے۔

(۹) جس بڑے یا بچے کو بدنظر لگ گئی ہو تو اس دعا کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے اور بڑا ہے تو بازو پر باندھے۔ ان شاء اللہ بدنظر کا اثر جاتا رہے گا۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

(۱۰) جس کسی کو بدنظر لگ گئی ہو تو اس کے لیے ضروری ہے کہ مغرب یا عشاء کے بعد مریض کو چارپائی پر لٹا کر اس کے داہنے کان میں درج ذیل آیاتِ مبارکہ کو اکیس (۲۱) بار پڑھ کر دم کرے۔ (ایک مرتبہ بسم اللہ شریف کے ساتھ اور بیس مرتبہ بغیر بسم اللہ کے پڑھے۔ کل تعداد اس کی اکیس مرتبہ) اور اس کے بعد کروٹ بدلوا کر مریض کے بائیں کان میں چاروں قل دو دو مرتبہ پڑھتا جائے اور مریض کے کان میں دم کرتا جائے یعنی

قل یاایھا الکفرون۔

قل ھو اللہ احد۔

قل اعوذ برب الفلق۔


قل اعوذ برب الناس۔

چاروں سورتیں پوری پوری یعنی ایک سورۂ دو دو مرتبہ پڑھی جائے اور مریض کے کان میں دم کر کے دیا جائے۔ اس طرح چاروں سورتوں کو دم کیا جائے۔ اس کو تین روز تک وقتِ معینہ پر برابر کیا جائے۔ ان شاء اللہ، نظر بد اور اگر اس کے ساتھ بخار بھی ہوگا، جاتا رہے گا۔

آیاتِ مبارکہ یہ ہیں: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَی اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْھَانَ لَہٗ بِہٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُہٗ عِنْدَ رَبِّہٖ ؕ اِنَّہٗ لَا یُفْلِحُ الْکٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۱۱۸﴾ (المومنون ۲۳: ۱۱۵-۱۱۸)

نظرِ بد سے نجات وحفاظت


سید علی حسین شاہ



فرد اور جگہ کی نظرِ بد سے حفاظت

نقش کو کوے کے سیدھے پر اور کالی سیاہی سے لکھے۔ نام مریض مع والدہ لکھ کر اس کے گلے میں پہنائے۔ اگر اس نقش کو گھر یا دکان پر لگایا جائے تو دونوں نظرِ بد سے محفوظ ہوں گی۔

نقش یہ ہے:



جادو، ٹونہ، مسان، آسیب، جن گرفتہ، نظرِ بد سے نجات

اگر اس نقش کو کالے رنگ کے کپڑے پر گولڈن سیاہی سے نوچندی جمعرات والے دن بوقت صبح سورج طلوع کے لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو پر باندھے تو کسی کی بھی نظرِ بد نہیں لگے گی۔ اور نہ ہی کسی غیر انسانی مخلوق کی بدنظر پڑے گی۔ اس نقش کو اسی طریقے سے لکھ کر جادو، ٹونہ، مسان، آسیب، جن گرفتہ کے گلے میں باندھا جائے اور ایک کو سادے پانی میں گھول کر مسلسل پلایا جائے۔ بحکمِ خدا، جسمانی و روحانی امراض کے خاتمے کے ساتھ ساتھ نظرِ بد کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ دنیاوی معاملات میں فتوحات حاصل کرنے کیلئے بھی یہ نقش نہایت نافع و فائدہ مند ہے۔ پیچھے مقصد ضرور لکھیں۔

بچوں کی نظرِ بد کا علاج

پیرزادہ سید محمد عثمان نوری

بچے کی نظرِ بد کے لئے ذیل کے اعمال بے حد نافع اور اکسیر ہیں۔

٭.....اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر تیار کریں اور اسے خوشبو لگا کر اس کو موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲	۱۷	۱
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

اخر محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

٭.....جس بچے کو بار بار نظر لگ جاتی ہو اور اسے تکلیف پہنچتی ہو اور وہ دودھ

khazinailmoamal.blogspot.com

نہ پیتا ہو، ہر وقت روتا رہتا ہو اور سوتا نہ ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر بنا کر اس کو خوشبو لگائیں اور اس پر اول وآخر درود شریف شفاء ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ یا اللہ یا محمد ﷺ تین سو تین (۳۰۳) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اسے موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ العزیز الحکیم بچہ کو شفاء ہوگی۔ درود شفاء یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَ دَوَائِھَا وَ عَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَ شِفَآئِھَا وَ نُوْرِ الْاَبْصَارِ وَ ضِیَآئِھَا وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّ خَلَائِقَ



نظرِ بد سے نجات وحفاظت کے اعمال

محمد اشرف امروہوی

تمام قسم کی نظر بد، آسیب اور جادو سے حفاظت کیلئے

یہ تعویذ ایک زبردست پائے کے عالم وعامل کہ جن کے نام سے جنات خوف کھاتے تھے، ان کی جانب سے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے لیے ہدیہ ہے اور اس تعویذ میں اصحاب کہف کے نام ہیں۔ تعویذ کے ساتھ ساتھ نقش کو لکھا جاوے اور موم جامہ کر کے کالے دھاگے سے گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بے حد مفید پائیں گے۔ وہ تعویذ اور نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الھی بحرمة یملیخا مکسلمینا کشفوطط طیبونس کشافطیولس اذا فطیونس یوانس بوس و کلبھم قطیمر و علی اللہ قصد السبیل و منھا جائر و لوشاء لھد کم اجمعین و صلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد والہٖ و اصحابہ و بارك وسلم ان اللہ خیر حافظاوھو ارحم الراحمین ولایؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم۔

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

بدنظری ختم کرنے کیلئے

جس کسی کو نظر کا خلل ہوتا ہے تو یہ تعویذ نہایت مجرب وآزمودہ ہے۔ خواہ وہ انسان سے متعلق ہو یا حیوان سے، سب کے لیے عام ہے۔ تعویذ کی عبارت کے الفاظ یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّةِ

نقش دافع نظرِ بد

مولانا احمد علی بجنوری رحمہ اللہ

۷۸۶

۴۷۷	۴۸۰	۴۸۴	۴۷۰
۴۸۳	۴۷۱	۴۷۶	۴۸۱
۴۷۲	۴۸۶	۴۷۸	۴۷۵
۴۷۹	۴۷۴	۴۷۳	۴۸۵

مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَّ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ۔

بدنظری کے خاتمے کیلئے تیز اثر عمل دعا

خراساں میں ایک نظر لگانے والا تھا۔ وہ ایک دن کچھ لوگوں کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا کہ اسی درمیان ایک شخص اونٹ والا اپنے اونٹوں کو ہنکا کر لے جارہا تھا۔ اس نظر لگانے والا شخص نے اپنے دوستوں سے کہا کہ ”ان جانے والے اونٹوں میں سے کون سے اونٹ کا گوشت کھاؤ گے؟“ دوستوں نے ایک عمدہ خوبصورت اونٹ کی طرف اشارہ کر کے بتایا۔ اس نظر لگانے والے شخص نے اسی اونٹ کی طرف نظر بھر کے دیکھا۔ وہ خوبصورت اونٹ اسی وقت زمین پر گر پڑا۔ مگر اونٹ کا مالک بڑا سمجھدار تھا اور عالم بھی تھا۔ مالک نے کہا کہ ”جس نے میرے اونٹ کو نظر لگائی ہے اس کو چاہیے کہ نظر کو جلدی ختم کرے“ اور یہ کلمات پڑھنے شروع کر دیے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بِسْمِ اللّٰهِ عَظِيمُ الشَّانِ شَدِيدُ الْبُرْهَانِ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ حَبَسَ حَابِسٍ مِّنْ حَجَرٍ مَّابِسٍ وَّ شِهَابٍ قَابِسٍ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ رَدَدْتُ عَيْنَ الْعَآئِنِ عَلَيْهِ وَعَلٰى اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيْهِ فِيْ كَبِدِهٖ وَ كُلْيَتِهٖ لَحْمٌ دَقِيْقٌ وَعَظِيْمٌ دَقِيْقٌ فِيْمَا لَهٗ يَلِيْقُ۔ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ۔ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ۔

دعا پڑھتے ہی وہ اونٹ فوراً صحیح وسالم کھڑا ہو گیا جیسے کہ اس پر نظر لگی ہی نہیں تھی۔ لہٰذا اس دعا کو لکھ کر اس شخص کے گلے میں ڈالنا جس کو ہمیشہ نظریں لگتی رہتی ہیں، بہت مفید ہے۔ اور ان کلمات کو پڑھ کر دم کرنا بھی مفید ہے۔ بہت ہی مجرب ہے۔

آنکھ کے زخم کیلئے اور ہر جانور کے بدنظری کیلئے

اگر کسی جانور کی آنکھ میں زخم ہو جائے یا گھوڑے، گائے، بھینس، بکرا وغیرہ وغیرہ تمام جانوروں کی بدنظری سے شفاء کے لیے اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھ دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت مفید پائیں گے۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم بسم اللہ الرحمن الرحیم



نظرِ بد سے حفاظت کا نقش

اس نقش کو لکھ کر اس انسان کے گلے میں ڈال دیں، جس کو نظر لگ گئی ہے یا نظر لگ جانے کا خوف ہو۔ بڑا ہی مفید پائیں گے۔ مجرب ہے نقش یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل
عزیز	سابق	محیط	مغنی
مانع	واحد	مہلك	عالم
محی	ممیت	معبود	باقی

ایک عجیب نکتہ

نظر کا لگنا حق ہے۔ نظر انسان کو قبر میں داخل کر دیتی ہے اور کھائے جانے والے جانوروں کو ہانڈی اور دیگ میں داخل کر دیتی ہے یعنی اس جانور کے گوشت پکنے کی نوبت آجاتی ہے۔ صحیح روایت میں ہے کہ اگر کسی کو کوئی چیز بھلی اور تعجب خیز معلوم ہو اور وہ تعجب میں پڑنے والا شخص اس چیز کو دیکھ کر ماشآء اللہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہہ دے تو نظر لگنے سے حفاظت ہو جاتی ہے۔

بدنظری سے نجات پانے کے لیے مجرب ہے

اگر کسی کو نظرِ بد ہو گئی ہو تو اس کے لیے چاہیے کہ سات مرچ مٹھی میں

khazinaeruhaniyaat.blogspot.com

لے کر مریض کے کل بدن کے چاروں طرف گھمائے، سات (۷) مرتبہ اور ہر پھیرے میں یہ پڑھتا رہے: اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّ الْکُفْرِ بَاطِلٌ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْن۔ پھران مرچوں کو آگ میں ڈال دیں۔ اگر نظر لگی ہوگی تو ان شاء اللہ فوراً اسی وقت مریض کو فائدہ ہوگا۔ مجرب وآزمودہ ہے۔ بوقت ضرورت فائدہ اٹھایئے۔

جس کو نظر بد لگنے کا اندیشہ ہو

جس کو یہ خوف ہو کہ مجھے کسی کی نظر لگ جائے گی یا اس کو عام طور پر نظریں لگتی رہتی ہوں تو اس کو چاہیے کہ وہ ایسے موقع پر اس دعا کو پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ بدنظری سے محفوظ رہے گا۔ دعا یہ ہے:

اَعُوْذُ بِوَجْہِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَا شَیْءٌ اَعْظَمُ مِنْہُ بِکَلِمٰتِہِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَّاَسْمَاءِ اللّٰہِ الْحُسْنٰی وَ مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ ذِیْ شَرٍّ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔

نظرِ بد سے حفاظت کی دعا

جس نے بھی ان دعاؤں کو صبح وشام پڑھا ہوگا، وہ خود تجربہ کرے گا اور جان لے گا کہ اس کے اثرات اور خاصیات اور فوائد کس قدر بھرے ہوئے ہیں۔ اور ان کا کیا مقام واہمیت ہے اور ان کلمات اللہ کے ذریعہ کس قدر نظرِ بد سے حفاظت ہے کیونکہ یہ دعائیں ہتھیار ہیں اور ہتھیار چلانے والے کے فائدے ہی کے لیے ہوتا ہے۔ ایک اوپر گزر چکی ہے اور ایک یہ دعا ہے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ. مَا شَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ. لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ. وَاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا وَ اَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ، وَ مِنْ شَرِّ الشَّیْطٰنِ وَ شِرْکِہٖ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا. اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔

نظرِ بد سے بچنے کی ایک عام جامع دعا

جب نظر لگنے والے کو اپنی ہی نظر لگنے کا خوف واندیشہ ہو تو اسے یہ دعا پڑھ کر اس شر کو دور کرنا چاہیے جبکہ جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا، جب سہیل ابن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی انہیں نظر لگی کہ ''کیا تم نے دعا برکت نہیں کی؟ یعنی **اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلَیْہِ** نہیں پڑھا۔ **مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ** پڑھ لیتے'' اور اسی سے متعلق حضرت جبرائیل علیہ السلام کا دم کرنا جو انہوں نے جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کیا تھا وہ یہ ہے:

بِاسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ دَاءٍ یُّؤْذِیْکَ وَ مِنْ شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَیْنِ حَاسِدٍ یَشْفِیْکَ بِاسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ

نوٹ: جو دعا حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پڑھ کر دم کی ہو، وہ گویا براہ راست آپ ﷺ پر نازل ہوئی۔ اس کے فائدے مند ہونے میں کون ایمان والا شک وشبہ کرسکتا ہے۔ ضرورت صرف اس کی ہے کہ ان دعاؤں کو یقینِ کامل کے ساتھ پڑھا جائے۔ پھر اس کا اثر مشاہدہ فرمائیں۔ جھاڑ پھونک اور دم کرنا بھی حقیقت میں ایک طرح کی دعا ہے اور اس کا اثر حیرت انگیز طریقہ پر ظاہر ہوتا ہے۔ جیسے نظر کا ہی لگنا۔ یہ ایک ایسی حقیقت ہے کہ جس کے انکار کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی اور روزمرہ کی زندگی میں ہر انسان کو اس کا مشاہدہ اور تجربہ ہوتا ہے۔ مجرب وآزمودہ ہے۔

جب نظر لگ جائے تو کیا کرے؟

حدیث شریف میں ہے کہ جس کو نظر لگ جاوے تو حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے اس ارشاد سے جھاڑے یعنی یہ کلمات پڑھ کر نظر لگے ہوئے شخص پر دم کرے: **بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا**۔

پھر اس نظر لگے ہوئے شخص سے کہے ''اٹھ جا، کھڑا ہو اللہ تعالیٰ کے حکم سے''۔ اس روایت کو ابن ماجہ ونسائی وغیرہ نے بیان کیا ہے۔

زندگی کے ہر قدم پر کامیابیوں سے ہمکنار ہونے، ناکامیوں اور شرور سے حفاظت اور جملہ مقاصد میں بامراد ہونے کے لیے درج ذیل الواح اپنا ثانی نہیں رکھتیں۔ آج ہی رابطہ فرمائیں اور ان الواح کے حیرت انگیز کرشمات ملاحظہ فرمائیں۔

(1) لوح ترقی دولت

شمس مشتری تسدیس کے خاص وقت کا خاص عمل

ہر انسان چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے خوب مال و دولت نصیب فرمائیں۔ دن دوگنی رات چوگنی ترقی ہوتی رہے تاکہ وہ کسی بھی خیر کے موقع سے محروم نہ رہے۔ اس کے لئے ہر جگہ دولت اور مال کی ضرورت ہے۔ اور اس ضرورت کو لوح ترقی دولت پورا کرے گی، ان شاءاللہ۔ **ہدیہ: 1600** روپے

(2) لوح تسخیر مستورات (اہل خانہ)

زہرہ مریخ تثلیث کے خاص وقت کا خاص الخاص عمل

گھریلو اختلافات اور لڑائی جھگڑوں کو ختم کرنے والا روحانی تحفہ

فتنہ و فساد، شور شرابے، لڑائی جھگڑے، بلاوجہ الزامات تراشی اور ہر ایک کی زبان سے نکلنے والے تیروں کے زخموں سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنے اور دوسروں کو اپنے حق میں مسخر کرنے کیلئے اس لوح کا آپ کے پاس ہونا انتہائی ضروری ہے۔ **ہدیہ: 1100** روپے

(3) لوح ترقی رزق

شمس عطارد قران کے خاص وقت کا خاص عمل

ایسے پریشان حال والدین اور تمام ایسے احباب جو رزق کی کمی کی وجہ سے کسی بھی درجے میں پریشان ہیں، لوح ترقی رزق پورے اعتماد سے منگوائیں۔ ساتھ بتلائے ہوئے وظیفہ کی پابندی کریں۔ پھر آپ خود دیکھیں کہ کیسے دن بدلتے ہیں، ان شاءاللہ۔ **ہدیہ: 1600** روپے

(4) لوح شفاء امراض

عطارد مریخ تثلیث کے خاص وقت کا خاص عمل

لوح شفائے امراض ہر مرض سے باذن اللہ مریض کو چھٹکارا اور نجات دلاتی ہے۔ لوح شفائے امراض مریضوں، بیماروں کے علاوہ صحت مند دوست واحباب بھی بیماریوں سے بچاؤ کیلئے حفظ ماتقدم کے طور پر پہن کر ہر قسم کے جان لیوا امراض سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔ **ہدیہ: 1100** روپے

(5) لوح تسخیر خاص و عام

زہرہ مشتری قران کے وقت کا خاص عمل

آپ کا تعلق پبلک ڈیلنگ سے ہے، آپ عوام کی توجہ حاصل کرنا چاہتے ہیں، آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی بیٹھک/ڈیرے پر عوامی رش رہے۔ آپ کسی بھی آفیسر سے کوئی جائز کام اپنے حق میں لینا چاہتے ہیں۔ اگر آپ کسی خاص شخص یا عمومی طور پر تسخیر چاہتے ہیں۔ اگر بیوی تیز مزاج ہے، اگر خاوند بلاوجہ لڑتا جھگڑتا ہے تو لوح تسخیر بنوائیں۔ **ہدیہ: 1100** روپے

(6) لوح حصول ملازمت

عطارد مشتری قران کے وقت کا ایک خاص الخاص روحانی تحفہ

ان شاءاللہ اس لوح کی برکت سے آپ کے سامنے جتنی بھی رکاوٹیں آئیں گی، وہ دور ہو جائیں گی اور آپ کیلئے آپ کی ملازمت کا حصول نہایت ہی آسان اور ممکن ہو جائے گا۔ **ہدیہ: 1250** روپے

(7) لوح خاص برائے کامیابی امتحان

عطارد مشتری قران کے وقت کا ایک خاص الخاص روحانی تحفہ

لوح کامیابی امتحان نرسری سے لے کر ایم اے تک ہر طالب/طالبہ ہر قسم کے امتحان میں سو فیصد کامیابی کیلئے بنوائیں۔ لوح کامیابی امتحان کے ذریعے سے آپ ہر امتحان میں اپنی مرضی کا رزلٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ لوح کامیابی امتحان والدین کی طرف سے اپنی اولاد کیلئے دوران تعلیم اور امتحان سے قبل ایک بہترین روحانی تحفہ ہے۔ **ہدیہ: 1100** روپے

روحانی دکان: 042-35410586, 0334-4312272 | darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

نظرِ بد نمبر ruhanidarsgah.blogspot.com

تین دن میں بے شمار اعمال کے عامل بننے کا سنہری موقع

ہر سال کی طرح امسال بھی ۶/۷/۸ صفر المظفر ۱۴۳۸ھ کو سالانہ روحانی اجتماع منعقد ہوگا (ان شاء اللہ)، جس میں بے شمار اعمال کی صرف تین ہی دنوں میں ریاضتیں کروائی جائیں گی۔ تین دن میں جو ریاضت کروائی جاتی ہے، وہ چالیس دن والی ریاضت کے برابر نہیں ہوسکتی۔ لیکن ان تین دنوں میں کیے جانے والے اعمال سے ایک سال تک بھرپور فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔ ان اعمال میں فیس اور بغیر فیس والے..... دونوں طرح کے اعمال ہیں۔

بغیر فیس والے اعمال کی تفصیل

(۱).....عوام کے لیے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

❶ آیت الکرسی ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت ''یا حافظ یا حفیظ'' ❼ عمل فراخی رزق ❽ درود ابراھیمی ❾ بسم اللہ الرحمن الرحیم ❿ سلام قولا من رب رحیم ⓫ آیت کریمہ ⓬ عمل محبت ''یا لطیف یا ودود'' ⓭ عمل زبان بندی ⓮ درود تنجینا ⓯ دعائے حزب البحر ⓰ دعائے حزب النصر ⓱ سورۂ ناس (خاص طریقہ)

(۲).....علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ عالم ہونے کا ثبوت دینا لازمی ہے۔ اپنی سندِ فراغت کی کاپی ارسال کریں یا ہمراہ لائیں۔

❶ آیت الکرسی (درجہ دوم) ❷ معوذتین (درجہ دوم) ❸ منزل (درجہ دوم) ❹ نظرِ بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم) ❺ قصیدہ طوبیٰ ❻ قصیدہ حسنیٰ ❼ اسمِ ذات کا عمل ❽ عمل تہدیدی نامہ مبارک ❾ ''جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت'' کا خاص رقیہ۔

(۳).....ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبرشپ ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے۔

❶ حصار (خاص عمل) ❷ لاحول ولاقوۃ الا باللہ ❸ منزل (درجہ اول) ❹ آیاتِ شفاء ❺ تسخیر خلائق کا خاص عمل ❻ درودِ خضری ❼ سورۃ یٰسین ❽ ''سورۃ واقعہ'' کا خاص عمل ❾ سورۂ مزمل کا خاص عمل

(۴).....روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جاسکتے ہیں:

❶ ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ❷ آیتِ کریمہ کا خاص عمل

نوٹ: جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کرلے کہ وہ اس زمرے میں آتا ہو، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

فیس والے اعمال کی تفصیل

(۱).....باموکل اعمال

❶ سورۂ مزمل باموکل کا بڑا عمل ❷ سورۂ فیل باموکل کا بڑا عمل ❸ سورۂ اخلاص باموکل کا بڑا عمل ❹ آیت الکرسی باموکل کا بڑا عمل ❺ آیتِ قطب باموکل کا بڑا عمل ❻ چہل کاف باموکل کا بڑا عمل

(۲).....نورانی اعمال

❶ سورۂ جن کا بڑا عمل ❷ سورۂ مزمل کا بڑا عمل ❸ معوذتین کا بڑا عمل

❹ منزل کا بڑا عمل ❺ امنت باللہ کا بڑا عمل ❻ حصارِ قرآنی کبیر کا بڑا عمل

(۳).....علوی اعمال

❶ چہل کاف کا بڑا عمل ❷ نورانی مندرے کا بڑا عمل ❸ مندرہ کبیر کا بڑا عمل

❹ عمل باندھ جادو کا بڑا عمل ❺ عصائے کلیم اللہ کا بڑا عمل

اعمال کرنے کی شرائط و ہدایات

عمل/اعمال کرنے کیلئے درج ذیل شرائط پوری کرنا لازمی ہیں۔

** اجازت کیلئے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن جس پر ''تین یوم کے اعمال کی اجازت'' لکھا ہے، وہ ارسال کرنا لازمی ہے۔

** بیرون ملک سے شائقین رسالے کو ڈاؤنلوڈ کریں اور آخری صفحہ کو پرنٹ کر کے کوپن پُر کریں اور اس کی تصویر واٹس ایپ یا ای میل کریں۔

** روحانی درسگاہ کے طالب علموں کیلئے بھی کوپن ارسال کرنا ضروری ہے۔

** اعمال کیلئے ہمارے اجتماع میں آنا لازمی نہیں۔ ہر کوئی اپنی جگہ پر اجازت لے کر عمل کر سکتا ہے۔ مسجد میں تین دن کا اعتکاف کرنا اور روزہ رکھنا ضروری ہے۔ جو یہ شرط پوری نہیں کر سکتے، وہ رابطہ نہ فرمائیں۔

** خواتین گھروں میں تین دن روزہ اور اعتکاف کر کے عمل کر سکتی ہیں۔

** کوشش کریں کہ اجازت جلد از جلد حاصل کریں تاکہ عین وقت پر کوئی مسئلہ نہ ہو۔ یکم صفر سے پہلے کوپن مع درخواست کا پہنچنا ضروری ہے۔

** ادارہ کسی بھی درخواست کو رد کرنے کا پورا اختیار رکھتا ہے۔

** ایک وقت میں کتنے عمل کئے جا سکتے ہیں؟ اس کا فیصلہ روحانی درسگاہ کے ناظم یا نائب ناظم کریں گے۔ وہ عمل کرنے والے کے لحاظ سے جواب دیں گے۔ سب کی ایک جیسی روحانی طاقت نہیں ہوتی۔ بعض لوگ ایک ہی وقت میں زیادہ عمل کر سکتے ہیں اور بعض لوگ دو یا تین سے زیادہ عمل نہیں کر سکتے۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

ناظم: 0346-4661681 (صبح 10 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ)

نائب ناظم: 0320/345-4661681 (صبح 11 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ و اتوار)

دفتر (موبائل): 0343-7772772 دفتر (فون): 042-35410586

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

عمل خزینۂ فتوحات

ہر حال میں فتح، ہر مقام پر فتح، ہر موقع پر فتح، ہر وقت فتح، ہر جگہ پر فتح، ہر مقصد میں فتح، ہر کام میں فتح، جی ہاں! یقینی فتح آپ کی امید، خیال، توقع، سوچ سے بڑھ کر فتح۔ عمل خزینۂ فتوحات سے بفضلِ خداوندی ہر قدم پر فتوحات کے دروازے کھلنا شروع ہو جاتے ہیں۔

ہدیہ: 3100 روپے

عمل خزینۂ فتوحات کے پڑھنے سے ہر قسم کی چھوٹی، بڑی، نئی، پرانی، معمولی، سخت..... بندشیں اور رکاوٹیں بھی ختم ہو جاتی ہیں۔ اس عمل کی ریاضت ہر شخص با آسانی کر سکتا ہے۔ اس عمل کی دو ریاضتیں (چلّے) کروائی جاتی ہیں۔ اس عمل سے مکمل فیض یاب ہونے کے لیے چلّہ کشی لازمی ہے۔ صرف اجازت سے یہ عمل جاری نہیں ہوتا۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0320/345-4661681

دفتر (موبائل): 0343-7772772 دفتر (فون): 042-35410586

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

واپسی نظرِ بد کا خاص عمل

ہدیہ: 2100 روپے

برائے بیرونِ ملک: 1600 روپے

دورِ حاضر میں یہ عمل ہر گھر کے پاس ہونا اشد ضروری ہے

نظرِ بد کے اثرات نئے ہوں یا پرانے ..... معمولی ہوں یا بہت ہی زیادہ..... کسی ایک شخص پر ہوں یا پورے خاندان پر..... انسان پر ہوں یا پھر کاروبار، دوکان، مکان یا کسی بھی چیز پر..... ہر قسم کے تمام اثرات نظرِ بد کو فوری نظر لگانے والوں پر واپس بھیجنے کا خاص عمل۔ عمل پڑھتے ہی اثرات کی واپسی کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ اس عمل کو سیکھنے کے خواہشمند فی الفور رابطہ فرمائیں۔ اس عمل کی ریاضت ہر کوئی با آسانی کر سکتا ہے۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0320/345-4661681

دفتر (موبائل): 0343-7772772 دفتر (فون): 042-35410586

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ میں جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کیلئے سکھائے جانے والے چند خاص اعمال

روحانی درسگاہ میں جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کیلئے کئی طرح کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ سیکھنے والے افراد کو ہم نے تین قسم میں تقسیم کیا ہے۔ سیکھنے والے بار بار یہ پوچھتے ہیں کہ کون کون سے عمل ہمیں سیکھنے چاہئیں؟ ان کی سہولت کے لیے فیس والے اور بغیر فیس والے اعمال کی تفصیلات دی جارہی ہیں:

(۱) صرف اپنا اور اپنے گھر والوں کا علاج کرنے والے

بغیر فیس اعمال: ◄ آیت الکرسی ◄ معوذتین ◄ نظر بد ختم کرنے کا عمل ◄ بنیادی حصار ◄ سورۂ فاتحہ ◄ درود ابراھیمی

فیس والے اعمال: ◄ سات سلام چہل کاف

(۲) اپنا، اپنے گھر والوں اور کبھی کبھی دوسرے کا علاج کرنے والے

قسم اول کے اعمال کے بعد درج ذیل اعمال:

بغیر فیس اعمال: ◄ عمل حفاظت ''یا حافظ یا حفیظ'' ◄ درود تنجینا

فیس والے اعمال: ◄ منزل (پہلے دو درجے) ◄ عمل باندھ جادو

(۳) باقاعدہ عامل یعنی ہر کسی کا علاج کرنے والے

اس قسم میں تین درجے بنائے گئے ہیں۔ پہلا درجہ کرنے والا عامل ہر کسی کا علاج کرسکتا ہے۔ البتہ بڑے اور خطرناک مریضوں کا علاج نہیں کرسکتا۔ دوسرے درجہ والا ہر طرح کے مریضوں کا علاج کرسکتا ہے مگر انسانی اور جناتی جادوگروں سے باقاعدہ لڑ نہیں سکتا۔ تیسرے درجہ والا ہر طرح کے مریض کا علاج کرسکتا ہے اور ہر طرح کے جادوگر انسان اور جن کا بھی مقابلہ کرسکتا ہے۔

پہلا درجہ

بغیر فیس اعمال: ◄ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل ◄ سلام قولا من رب رحیم کا بنیادی عمل ◄ ''حصار'' کا خاص عمل ◄ دعائے حزب البحر ◄ دعائے حزب النصر ◄ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا عمل ◄ ''آیت الکرسی'' کا خاص عمل ◄ ''معوذتین'' کا خاص عمل ◄ ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل

فیس والے اعمال: ◄ سات سلام چہل کاف (تین درجے) ◄ امنت باللہ کا عمل (تین درجے) ◄ ھانڈی کا عمل (۱) ◄ منزل (تیسرا درجے) ◄ سورۂ مزمل ◄ مندرہ کبیر ◄ عمل واپسی سحر ◄ حصار قرآنی کبیر ◄ چہل کاف بامؤکل

دوسرا درجہ

پہلے درجے کے اعمال کے بعد درج ذیل اعمال:

بغیر فیس اعمال: ◄ سورۃ یٰسین کا عمل

فیس والے اعمال: ◄ نورانی مندرہ ◄ ھانڈی کا عمل (۲) ◄ آیت الکرسی بامؤکل

تیسرا درجہ

پہلے اور دوسرے درجے کے اعمال کے بعد درج ذیل اعمال:

بغیر فیس اعمال: ◄ قصیدہ طوبیٰ

فیس والے اعمال: ◄ منزل (چوتھا درجے) ◄ سات سلام چہل کاف کا چوتھا درجہ ◄ امنت باللہ کا چوتھا درجہ ◄ سورۃ مزمل بامؤکل

نوٹ مزید معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

رابطہ روحانی درسگاہ ناظم: 0346-4661681 نائب ناظم: 0345-4661681 دفتر: 0343-7772772, 042-35410586

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah.blogspot.com, ruhanidarsgah@gmail.com

نظرِ بد نمبر عوام کیلئے مفت خدمات goo.gl/SYgCpL

نظرِ بد کی تباہ کاریوں کے چند واقعات

مرتب: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر (ناظم روحانی درسگاہ و نائب ناظم روحانی علاج گاہ)

نظرِ بد کی وجہ سے چلتی فیکٹریاں بند ہوگئیں

ہمارا تعلق آرائیں برادری سے ہے۔ سبزی منڈی لاہور میں ہمارا وسیع ترین کاروبار تھا۔ پوری سبزی منڈی میں ہمارا ایک نام تھا۔ ہمارا کاروبار منڈی کی حد تک ہی نہیں تھا بلکہ ہمارا مال دیر، چترال، گلگت، سوات، پشاور اور افغانستان و ایران تک جاتا تھا۔ سرگودھا میں ہماری کینو کی فیکٹریاں تھیں۔ تمام بھائیوں کا آپس میں خوب اتفاق و اتحاد تھا۔ بس یوں سمجھ لیجئے کہ ہم مٹی کو ہاتھ لگاتے تو وہ بھی سونا بن جاتی تھی۔ خیرات کا سلسلہ بھی خوب چلتا تھا۔ بڑے بڑے مدارس کی خدمت کی توفیق بھی اللہ نے عطا فرما رکھی تھی۔ بہت ساری مساجد بنوانے کی سعادت بھی نصیب ہوئی۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ دولت اتنی تھی کہ اس کا کوئی حساب نہیں تھا۔ کاروبار خوب ترقی اور عروج پر تھا۔ ہم سب اللہ کے بہت شکرگزار تھے کہ جس نے ہمیں دنیا کی ساری ہی نعمتیں عطا فرما رکھی تھیں۔ دو کنال میں وسیع اور بلند و بالا مکان، گھر میں کھڑی ایک درجن کے قریب چھوٹی بڑی گاڑیاں، آنے جانے والوں کا رش، مال لینے والوں کا تانتا، یعنی ایک میلے کا سا سماں رہتا تھا کہ بس ایک دن ایک شخص کیا آیا کہ اس کی نظر اور اس کی باتیں اور اس کا ہر چیز کو گھور گھور کر دیکھنا اور حسرت بھری آہیں بھرنا سب کچھ تباہ کر گیا۔ کاروبار تباہ ہوگیا۔ کچھ سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ یہ کیا ہو رہا ہے؟ بس نقصان پر نقصان ہو رہا تھا۔ بھائیوں کا آپس کا اتفاق ختم ہو کر لڑائیاں شروع ہوگئیں۔ لوگوں کا رش ختم ہو گیا۔ مال جانا بند ہوگیا۔ آرڈر آنے بند ہوگئے۔ جن لوگوں سے لاکھوں روپے لینے تھے، وہ اتنی بڑی رقم دینے سے انکاری ہوگئے۔ جن کے ہم نے دینے تھے، وہ بھی کب تک انتظار کرتے۔ ہمیں ہماری رقم ملتی تو ان کا حساب برابر کرتے۔ ان کے دباؤ پر گاڑیاں بکنا شروع ہوگئیں۔ بعضوں نے ہماری گاڑیوں پر قبضہ کرلیا۔ اس وقت کروڑوں روپے لوگوں سے لینے ہیں اور لاکھوں دینے ہیں مگر نہ آگے سے مل رہے ہیں، نہ ہی جن کے دینے ہیں، ان کو دیئے جا رہے ہیں۔ بس اللہ سے دعا ہے کہ اللہ ایسی آزمائش سے سب کو بچائے۔ بس یہ نظر تھی جو سب کچھ کھا گئی اور تباہ کر گئی۔

نظرِ بد کی وجہ سے بچی بے ہوش ہوگئی

ایک دوست نے بتلایا کہ وہ اپنے دوستوں کے ساتھ لاہور سے راولپنڈی ڈائیو پر سفر کر رہا تھا۔ ان سے چند سیٹ کے فاصلے پر ایک فیملی بھی سفر کر رہی تھی۔ ان کی گود میں ایک بچی تھی۔ بچی کی عمر تقریباً 2 سال کے قریب ہوگی۔ بچی بہت ہی خوبصورت تھی۔ آس پاس کی تمام سیٹوں پر بیٹھنے والی سواریوں کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی تھی۔ بچی بہت شوخ اور تیز تھی۔ کبھی سیٹ پر کھڑی ہوجاتی، کبھی بیٹھ جاتی، کبھی دوسروں کو اپنے معصوم ہاتھوں سے بائے بائے کرتی۔ میرے دوست نے، جو مجھ سے اگلی سیٹ پر براجمان تھا، بچی کو اشاروں سے اپنے پاس بلایا۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ بچی اس کے پاس آگئی۔ اس کی گود میں آکر کھیلتی رہی۔ راولپنڈی آنے سے پہلے بچی کے والد نے بچی کو اپنے پاس بلایا کیونکہ ڈائیو اپنے سٹاپ کے قریب تھی۔ جونہی بچی اپنے والد کے پاس گئی تو بے ہوش ہوگئی۔ پوری بس میں شور شرابہ ہوگیا۔ بچی کے والدین بیچارے بہت ہی پریشان ہوئے۔ ایسا لگ رہا تھا کہ صدمے سے وہ بھی بے ہوش ہوجائیں گے یا پھر خدانخواستہ مرجائیں گے۔ اتنے میں بس اپنے سٹاپ پر پہنچ گئی۔ آگے اللہ کو معلوم ہے کہ کیا ہوا ہوگا کہ وہ بچی زندہ

ہے یا پھر کس حالت میں ہے؟ جب ہم ڈائیو واڈے پر اترے تو دوست نے خود بتلایا کہ میری نظر لگی تھی اس بچی کو۔ جب میں نے دوسرے دوستوں کو یہ بات بتلائی تو انہوں نے بھی اس چیز کی تصدیق کی کہ وہ شخص واقعی خطرناک ہے اور اس کی نظر بہت جلدی لگ جاتی ہے۔ بس اس کے بعد میں اس دوست سے آہستہ آہستہ دور ہوتا چلا گیا۔ قارئین! آپ نے پڑھا کہ نظر کتنی خطرناک چیز ہے کہ ایک ہنستی کھیلتی بچی بے ہوش ہوگئی۔ والدین پریشان ہوئے۔ آخری انجام کیا ہوا؟ یہ اللہ ہی کو معلوم ہے۔ اللہ سے دعا ہے کہ اللہ سب کے بچوں کی حفاظت فرمائے، آمین۔

نظرِ بد کی وجہ سے بچہ گونگا ہوگیا

ہمارے مدرسہ میں پڑھنے والا ایک طالب علم عمر کے لحاظ سے تو وہ کم عمر ہی تھا مگر گفتگو کے لحاظ سے وہ بچہ کمال تھا۔ پوری کلاس میں کیا بلکہ پورے مدرسہ میں ہی اس کا چرچا تھا۔ بہت ذہین، بہت ہوشیار، بہت باادب، بہت لائق اور بہت ہی اچھا مقرر بھی تھا۔ مدرسہ کے ہر پروگرام اور تقریب میں اس کی تقریر پوری محفل میں ایک زبردست سماں پیدا کردیتی تھی۔ تمام اساتذہ کی نگاہوں میں اس کا ایک مقام تھا۔ ایک دن مدرسہ میں ایک شخص ناظم صاحب کے پاس آیا اور آکر کہا کہ ''ان کے ہاں کسی رشتہ دار کے ایصال ثواب کی تقریب ہے اور ہم چاہتے ہیں کہ آپ کے مدرسہ کا فلاں طالب علم وہاں آکر بیان کرے''۔ ناظم صاحب نے بھی خوشی خوشی اجازت دے دی۔ وہ طالب علم اور مدرسہ کے چند اور طالب علم اس آدمی کے ساتھ ان کے گھر چلے گئے۔ ان کا گھر زیادہ دور نہیں تھا بلکہ مدرسہ سے چند گلیوں کے فاصلے پر تھا۔ وہاں پہنچ کر اس طالب علم نے بہت اچھا بیان کیا۔ وہاں سے واپس آتے ہوئے اس کی طبیعت راستے میں شدید خراب ہوگئی۔ سخت نڈھال پن میں وہ مدرسہ پہنچا۔ رات کو اس کی طبیعت بہت ہی زیادہ خراب ہوگئی۔ اس کو ہسپتال لے کر گئے۔ سینئر ڈاکٹرز نے اس کا چیک اپ کیا۔ پھر اس کو وہیں ہسپتال میں داخل کرلیا۔ چند دن بعد اس کی طبیعت تو ٹھیک ہوگئی مگر افسوس کی بات یہ تھی کہ وہ طالب علم ہمیشہ کیلئے زبان سے محروم یعنی قوتِ گویائی سے محروم ہوکر ہمیشہ کیلئے گونگا ہوگیا۔ یااللہ! سب کے بچوں کی نظرِ بد سے خصوصی حفاظت فرمائیے۔ آمین

نظرِ بد کی وجہ سے اکلوتا بیٹا فوت ہوگیا

ایک خاتون دارالعمل میں تشریف لائیں۔ بیچاری حد درجہ پریشان اور غم سے نڈھال تھیں۔ اپنا واقعہ سناتے ہوئے بیچاری پھوٹ پھوٹ کر رونے لگیں۔ تھوڑی بہت ہمت دلانے اور صبر کے فضائل اور واقعات سنانے کے بعد کچھ خاموش ہوئیں مگر پورا واقعہ سناتے ہوئے وہ بیچاری دکھیاری کئی بار ہچکیاں لے کر روتی رہیں۔ سچی بات یہ ہے کہ ان کے رونے اور ان کے واقعے نے مجھے بھی آنسو بہانے پر مجبور کردیا۔ انہوں نے بتلایا کہ ان کو اللہ نے 8 بچیاں یکے بعد دیگرے عطا فرمائیں۔ نرینہ اولاد کی دعائیں بہت مانگیں مگر قدرت نے ہمیشہ بچیوں کے تحفے ہی عطا فرمائے۔ آخری بار جب میں امید سے تھی تو آپ سے ہی نرینہ اولاد کیلئے علاج کروایا تھا۔ اللہ کے خاص فضل وکرم، آپ کے علاج اور دعاؤں سے اللہ نے ہمیں چاند سا پیارا بچہ عطا فرمایا۔ پورے گھر میں وہ سب کی توجہ کا خاص مرکز تھا۔ ہم اللہ کی اس عطا پر بہت خوش تھے۔ میری بیٹیوں کو جیسے کھلونا ہی مل گیا ہو کیونکہ 8 بچیوں کے بعد اللہ نے ہمیں یہ تحفہ دیا تھا۔ اللہ اللہ کرتے میرا بیٹا اڑھائی سال کا ہو گیا۔ ایک عورت ہمیں ملنے آئی تو اس نے بچہ اپنی گود میں اٹھالیا۔ بچہ کافی دیر تک اس کی گود میں رہا اور وہ بار بار یہ کہہ رہی تھی کہ ایسا خوبصورت بچہ میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھا۔ اس کی آنکھیں کتنی خوبصورت ہیں۔ اس کی صحت کتنی اچھی ہے۔ یقین نہیں آتا کہ یہ اڑھائی سال کا ہے۔ ایسے لگتا ہے کہ جیسے یہ 4 سال کا ہو۔ یہ باتیں کرتے کرتے وہ تو چلی گئی مگر اس کے گھر سے نکلتے ہی بچے نے زور زور سے رونا اور لمبے لمبے سانس لینا شروع کردیے۔ یہ کہہ کر پھر وہ عورت زاروقطار رونا شروع ہوگئی۔ ظاہر ہے کہ وہ ماں جس کی ساری زندگی کی دعاؤں سے آخری عمر میں اللہ نے بیٹا دیا ہو اور اس کو کچھ ہو

جائے تو وہ ماں کیسے چپ رہ سکتی ہے۔ میں نے پھر اس کو تسلی دی۔ تھوڑی دیر بعد میں نے اس سے پوچھا کہ پھر کیا ہوا؟ بچہ اب کیسا ہے؟ اس کی صحت کیسی ہے؟ تو اس کے جواب نے میری آنکھوں کو بھی چند قطرے بہانے پر بڑے ضبط کے باوجود بھی مجبور کر دیا۔ اس نے لمبا سانس لیا۔ پھر ایک آہ بھرتے ہوئے بولی کہ وہ دو دن بعد اللہ کو پیارا ہو گیا۔ مولانا ہمارا گھر ماتم کدہ بنا ہوا ہے۔ بچیاں ہر وقت منّے کو یاد کرتے ہوئے روتی رہتی ہیں۔ میرا خاوند نیم پاگل ہو چکا ہے۔ میں خود ایک چلتی پھرتی لاش ہوں۔ دعا کریں اللہ ہمیں صبر دے۔ اسی میں اس کی رضا ہو گی۔

نظرِ بد کی وجہ سے مسجد نمازیوں سے خالی ہو گئی

چوبرجی سے ایک قاری صاحب دارالعمل میں تشریف لائے۔ خوبصورت شکل، لمبا قد، پرکشش چہرہ، بات کرنے کا انداز بہت ہی اچھا تھا۔ وہ کسی مسجد میں امام وخطیب تھے۔ انہوں نے بتلایا کہ ان کی آواز بہت سریلی اور خوبصورت تھی۔ دورانِ طالب علمی سے ہی وہ تلاوت کے معاملے میں مشہور تھے۔ بہت دور دور سے لوگ صرف ان کی تلاوت سننے کے لیے اور ان کے پیچھے نماز پڑھنے آتے تھے۔ جمعہ کے عربی خطبہ کی سماعت کیلئے دور دراز سے لوگ ان کی خوش الحانی کی وجہ سے تشریف لاتے تھے۔ مغرب، عشاء اور فجر کی نمازوں میں ان کی مسجد میں آنے والے نمازیوں کی تعداد، عام مساجد کے جمعہ کے دن کے نمازیوں سے بھی کہیں زیادہ تھی۔ اچانک ان کی صحت خراب رہنا شروع ہو گئی۔ چونکہ نظرِ بد نے اپنے کمالات دکھانا شروع کر دیے تھے۔ وہ فرمانے لگے کہ ابتدا میں میرا گلا معمولی خراب ہوا۔ علاج معالجہ شروع کرنے سے بجائے گلا ٹھیک ہونے کے اور مزید خراب ہوتا چلا گیا۔ حتیٰ کہ آواز نکلنا بند ہو گئی۔ بڑی مشکل سے کچھ بولنے کے قابل ہوا ہوں۔ جب بولتا ہوں تو گلے میں شدید درد ہوتا ہے۔ اپنی جگہ پر اپنے چھوٹے بھائی کو لایا ہوں۔ وہی نماز اور جمعہ وغیرہ پڑھاتا ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ نمازیوں کا وہ رش ختم ہو گیا۔ اب صرف چند نمازی ہوتے ہیں۔ وہ بھی کبھی آتے ہیں اور کبھی تو نماز میں صرف ایک دو آدمی ہوتے ہیں۔ قارئین! آپ نے پڑھا کہ نظرِ بد سے قاری صاحب کا گلا خراب ہوا، خوبصورت آواز سے محروم ہوئے، مسجد ویران ہو گی۔ حتیٰ کہ امامت جیسے مقدس کام سے محروم ہوئے۔ یہ سب کچھ صرف اور صرف نظرِ بد سے ہوا۔ اللہ تعالیٰ قاری صاحب کو شفاء کاملہ عاجلہ مستمرہ نصیب فرمائے۔ اللہ کرے، دوبارہ سے ان کی مسجد کی رونقیں بحال ہوں۔ اللہ ہم سب کو نظرِ بد کے زہریلے اثرات سے ہمیشہ ہمیشہ محفوظ رکھے۔ آمین

نظرِ بد کی وجہ سے میرا فارم ہاؤس تک بک گیا

یہ واقعہ مجھے میرے ایک نمازی نے مسجد کے اندر روتے ہوئے سنایا۔ اس نے بتلایا کہ میں یوٹیلیٹی سٹورز پر بطور جی ایم کام کرتا تھا۔ خود بھی صاحبِ حیثیت تھا۔ ملازمت بھی اچھی تھی اور تنخواہ بھی معقول تھی۔ گھر میں بھی خوشحالی کا دور دورہ تھا۔ بچے بھی تعلیم یافتہ تھے۔ زمین کا بھی ایک بڑا حصہ میرے پاس تھا۔ گھر میں دولت کی ریل پیل تھی۔ میں نے ایک فارم ہاؤس بنایا جو 23 ایکڑ پر مشتمل تھا۔ فارم ہاؤس میں ہر طرح کے جانور موجود تھے۔

خوبصورت پارک، سوئمنگ پول، پارکوں میں پھرتے موروں کے جوڑے، پنجروں میں بند 2 شیروں کے جوڑے، ایک چیتوں کا جوڑا، ہرنوں کا ریوڑ، بندر، بن مانس اور بہت سارے جانوروں کے جوڑے موجود تھے۔ فارم ہاؤس میں دور دور سے لوگ آتے تھے۔ پورے علاقے میں میرا فارم ہاؤس، تمام فارم ہاؤسز میں ممتاز اور مثالی تھا۔ ہر آنے والا دیکھ کر بہت خوش ہوتا تھا کہ اچانک کسی کی نظر ایسی لگی کہ بس کچھ نہ پوچھیں۔ سب خوشیاں ملیا میٹ ہو گئیں۔ ہنستا بستا فارم ہاؤس کا ماحول اجڑ گیا۔ قرضوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ حتیٰ کہ وہ منحوس دن بھی آیا کہ مجھے اپنے ہاتھوں سے بنوایا ہوا وہ خوبصورت ترین فارم ہاؤس بھی بیچنا پڑ گیا۔ وہ دن ہے اور آج کا دن کہ نہ زندگی میں سکون ہے نہ ہی چین و آرام ہے۔ چونکہ ہم تو خاندانی امیر تھے، کوئی لوٹ مار کی دولت تو نہیں تھی۔ بس آج سمجھ آئی ہے

کہ وہ سب کچھ نظرِ بد کا اثر تھا۔ میری دعا ہے کہ اللہ ہر ایک کو نظرِ بد کے گندے اور منحوس اثرات سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

نظرِ بد کی وجہ سے گاڑی کا سخت ایکسیڈنٹ

نئی گاڑی لیے ہوئے ہمیں چند دن ہی گزرے تھے کہ ایک دن ابو جان گھر سے نکلے تو تھوڑی دیر بعد ہی واپس آ گئے۔ گئے تو گاڑی پر تھے لیکن واپس پیدل آئے۔ جب ہم نے پوچھا تو بتانے لگے کہ جب میں گھر سے نکلا تو فلاں صاحب سے راستہ میں ملاقات ہوگئی۔ ان سے ملنے کے بعد جونہی میں گلی سے نکلا تو ایک تیز رفتار موٹر سائیکل والا آ کر گاڑی سے ٹکرایا۔ ایک سائیڈ کی گاڑی کی لائٹ بھی ٹوٹ گئی اور فرنٹ سائیڈ کا بمپر وغیرہ بھی ٹوٹ گیا ہے۔ پھر کیا ہوا کہ گاڑی کا نقصان معمول بن گیا۔ حالانکہ گاڑی زیرو میٹر تھی۔ کبھی انجن خراب تو کبھی کوئی اور چیز خراب۔ ایک دن کھڑی کھڑی گاڑی کے دونوں ٹائر ایک دھماکے سے پھٹ گئے حالانکہ ظاہری طور پر ایسی کوئی چیز نہ تھی کہ جو نقصان کا ذریعہ یا سبب بنتی۔ ایک دن ان تمام نقصانات سے بڑا نقصان یہ ہوا کہ ابا جان ایک دن کسی ضروری کام سے دوسرے شہر گئے اور واپس رات گئے تک نہ آئے۔ حالانکہ انہیں عصر کے وقت ہی واپس گھر پہنچ جانا چاہیے تھا۔ جب ہم نے رابطہ کیا تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگے اور کہنے لگے کہ گاڑی بالکل ہی تباہ ہوگئی ہے۔ ہوا یوں کہ میں گاڑی سڑک کی ایک سائیڈ پر کھڑا کر کے ابھی باہر نکل کر تھوڑا سا ئیڈ پر ہوا ہی تھا کہ ایک بڑا ٹرالہ پیچھے سے آیا اور ایک دھماکے کے ساتھ گاڑی سے ٹکرا گیا اور گاڑی بالکل تباہ ہوگئی۔ ہم نے ابا جان کے بچ جانے پر اللہ کا شکر ادا کیا کہ اللہ نے ہمارے ابا جان کو زندہ سلامت بچا لیا کہ ان کو خراش تک نہ آئی۔ گاڑی تو اللہ نے چاہا تو پھر آ جائے گی۔ یہ سب کچھ ہمارے قریبی رشتہ داروں کی نظر لگنے سے ہوا۔

قارئین کرام! مسنون دعاؤں کا اہتمام ضروری ہے۔ سینکڑوں ایسے واقعات سننے اور دیکھنے کو ملتے ہی کہ نئی گاڑیاں تباہ ہوگئیں۔ اللہ سب کے مال و جان کی حفاظت فرمائے۔ آمین

نظرِ بد کی وجہ سے شدید نقصان

ہم نے جب اپنا نیا گھر بنایا تو تمام رشتہ داروں اور دوست واحباب کی گھر مکمل ہونے کی خوشی میں دعوت کی۔ اس خوشی میں مکان کی دعوت کے ساتھ ساتھ میں نے اپنے بچوں کا عقیقہ کرنے کا بھی ارادہ کر لیا۔ عقیقے کی نیت سے میں 9 بکرے خرید کر لے آیا۔ دوسرے دن شاندار دعوت کا اہتمام کیا۔ گھر میں چہل پہل اور رونق بھرا ماحول تھا۔ تمام رشتہ دار اور میرے تمام دوست دعوت میں شریک تھے۔ دعوت کے اختتام پر سب رشتہ دار اور دوست واحباب الوداع ہو گئے مگر ایک دوست رات گئے تک ٹھہر گیا۔ اس کی طبیعت بہت حاسدانہ تھی مگر ظاہری طور پر وہ گھر کی تمام چیزوں میں بہت دلچسپی لے رہا تھا۔ میں نے احتیاطاً اس کو پورے گھر کا وزٹ نہیں کرایا، بس جہاں ہمارے جانور بندھے تھے، ادھر گئے تو گائے کو دیکھتے ہی کہنے لگا بڑی خوبصورت گائے ہے یار! میں دل ہی دل میں بہت پریشان تھا۔ چونکہ اس کی نظر کے واقعات بہت مشہور تھے اور مجھے بہت خطرہ محسوس ہو رہا تھا کہ اللہ خیر کرے، کہیں کچھ ہو ہی نہ جائے۔ بس اس کے جانے کی دیر تھی کہ گائے نے زور سے آواز نکالی۔ جب ہم دوڑ کر گئے تو وہ اتنی دیر میں مر چکی تھی۔ وہاں سے گھر واپس آئے تو ڈرائنگ روم کو آگ نے اپنی لپیٹ میں لیا ہوا تھا۔ نیا فرنیچر اور صوفے وغیرہ سب جل چکے تھے۔ آناً فاناً پورا ڈرائنگ روم آگ کی لپیٹ میں تھا۔ اسی ڈرائنگ روم میں وہ دوست ٹھہرا تھا اور بار بار ہر چیز کو بغور دیکھ رہا تھا۔ میں سمجھ گیا کہ اس کی نظر اپنا اثر دکھا چکی ہے۔ اللہ حاسدوں کی نظر سے ہر ایک کو بچائے۔ آمین

کھانے پر نظرِ بد کا اثر

بعض لوگ ماشاء اللہ خوش خوراک ہوتے ہیں۔ انہیں ہر حال میں

احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے کیونکہ نظرِ بد کا اثر تو ہر چیز پر ہوجاتا ہے اور اس میں عجیب بات یہ ہے کہ نظر کا اثر فی الفور ظاہر ہوتا ہے۔

کھانے پر نظرِ بد کے متعلق ایک شخص نے بتلایا کہ ایک دن ہم نے کھانا بطور اسپیشل، گھر میں تیار کروایا۔ چونکہ کچھ قریبی دوستوں نے آنا تھا۔ کھانا تیار ہونے کی خوشبو پورے گھر میں کیا، پورے محلے میں پھیلی ہوئی تھی۔ کھانا تیار ہونے کے بعد جب ہم کھانا کھانے بیٹھے تو ایک شخص، جو ہمارے گھر کے قریب ہی رہتا تھا، وہاں سے گزرا۔ جب ہم کھانے سے فارغ ہوکر ہاتھ دھونے کیلئے اٹھے تو میری نظر اس شخص پر پڑی کہ وہ دیوار کے ساتھ لگ کر کھڑا ہوا تھا۔ مجھے دیکھتے ہی فوراً چلا گیا۔ ابھی کھانا کھائے تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ سب کے پیٹ میں شدید درد شروع ہوگیا۔ اس بات پر میں بہت پریشان ہوا۔ اچانک میرے ذہن میں اس شخص کا چھپ کر کھڑا ہونا یاد آیا تو میں نے اس کے گھر میں سالن بھیج دیا۔ سالن اس کے گھر میں پہنچا ہی ہوگا کہ ہم سب کا پیٹ درد بغیر کسی دوائی وغیرہ کے خود بخود ٹھیک ہوگیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ نظر بد واقعی برحق ہے۔

نظرِ بد نے بچے کو تعلیم سے باغی کردیا

نظرِ بد ایک بہت ہی منحوس چیز ہے۔ اس کے مہلک اثرات میں نے اپنی زندگی میں بہت دیکھے ہیں۔ نظرِ بد کا برا اثر تو ہر ایک چیز پر پڑتا ہی ہے، لیکن بچوں پر میں نے اس کا اثر بہت ہی دیکھا ہے۔ شاید اس لئے کہ وہ اپنی حفاظت کیلئے کوئی دعائیں وغیرہ نہیں پڑھ سکتے یا پھر شاید کوئی اور بھی وجہ ہوسکتی ہے۔ میری نظر میں نظرِ بد کے بہت سارے واقعات ہیں۔ خصوصاً بچوں کی تعلیم اور مستقبل کے حوالے سے تو بہت ہی معاملات کا میں نے اپنی نظروں سے مشاہدہ کیا ہے۔ اسی طرح کا ایک واقعہ ہمارے رشتہ داروں کے ایک بچے کے ساتھ بھی پیش آیا۔ ہوا یہ کہ ان کا بچہ پہلی پوزیشن لیتا تھا، مڈل میں اعلیٰ نمبر لینے کے بعد وہ بچہ تعلیم سے ایسا باغی ہوا کہ پڑھائی کا نام تک سننا گوارہ نہیں کرتا تھا۔ مجبوراً مار پیٹ کے ڈر سے وہ سکول تو جاتا تھا مگر اس کی دلچسپی پڑھائی کی طرف بالکل نہیں تھی۔ اس وقت وہ نویں کلاس کا سٹوڈنٹ تھا۔ سٹوڈنٹ بھی نام کا تھا۔ ٹیچر بھی حیران و پریشان تھے کہ نرسری سے لے کر آٹھ کلاس تک ہر امتحان میں امتیازی نمبر لینے والا بچہ بالکل یکسر بدل چکا تھا۔ پڑھائی سے اس کا دل بالکل ہی اچاٹ تھا۔ بالآخر وہ نویں کلاس میں فیل ہوگیا اور وہ بھی بہت ہی برے طریقے سے ہوا۔ میں نے اس کا تذکرہ اپنی مسجد کے امام صاحب سے کیا تو وہ مجھے اور اس بچے کو لے کر دارالعمل چشتیہ پہنچے۔ تشخیص کے بعد پتہ چلا کہ وہ بچہ شدید نظرِ بد کا شکار ہے۔ اس کا علاج شروع کیا۔ الحمد للہ بہت جلدی وہ بچہ ٹھیک ہوگیا اور آج وہ بچہ ایف اے کے امتحان میں اعلیٰ نمبرز سے پاس ہو چکا ہے۔ میرا ان تمام والدین کو خزینۂ روحانیات کی وساطت سے ایک پیغام ہے کہ بچوں کا خصوصی خیال رکھیں۔ نظرِ بد کے اثرات محسوس ہوتے ہی کسی اچھے بزرگ عالم سے دم کروائیں یا پھر دارالعمل چشتیہ تشریف لاکر اپنے بچوں کی روحانی تشخیص و روحانی علاج کروا کر اپنے بچوں کا مستقبل تباہ ہونے سے بچائیں۔

تعویذ حفظ جان (نئے اسلامی سال کا پہلا تحفہ)

ہر قسم کی زمینی و آسمانی آفات و بلیات سے حفاظت کا خاص مجرب تعویذ

کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی سارا سال اغوا، قتل، ڈاکے، چوری، حادثات، گولی، بم بلاسٹ، ہر قسم کی لڑائی جھگڑے، جادو، جنات اور نظر بد کے برے اثرات نیز تمام نقصانات سے حفاظت رہے تو اپنی، اپنے گھر والوں، اپنے کاروباری عملے، اپنے مال، مویشی، کھیتی باڑی، جائیداد، ٹرانسپورٹ اور دیگر ضروریات زندگی کی مکمل حفاظت کیلئے تعویذ حفظ جان لازمی بنوائیں اور پھر اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت ملاحظہ فرمائیں کہ کس طرح زندگی کے ہر موڑ پر آپ کی غیبی حفاظت ہوتی ہے۔

تعویذ کا ہدیہ:

نام + والدہ کے نام کے اعداد + 200 روپے + کوریئر خرچ

روحانی دکان، دارالعمل چشتیہ، لاہور

فون: 042-35410586 موبائل: 0334-4312272

darulamal.org/ruhanishop, ruhanishop@gmail.com

نظرِ بد پر مفید مضامین

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر

نظرِ بد کا ثبوت قرآن کریم کی روشنی میں

قرآن کریم کے پارہ نمبر ۲۹ کی دوسری سورۃ القلم کی آخری 2 آیات کے شانِ نزول، ترجمہ اور تفسیر پر غور کیا جائے تو کافی حد تک نظرِ بد کو سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔ یہ بات تو کسی سے بھی ڈھکی چھپی نہیں ہے کہ مشرکین اور کفار مکہ رسول اللہ ﷺ کی ذاتِ اقدس کے جانی دشمن تھے۔ ہر وقت ایک ہی گندی سوچ ان کے گندے ذہنوں پر سوار رہتی تھی کہ نعوذ باللہ وہ کسی نہ کسی طریقے سے رسول اللہ ﷺ کو شہید کر دیں۔

اپنی اس غلیظ فکر کو پروان چڑھانے کیلئے انہوں نے بارہا مذموم اور گھناؤنی سازشوں کا ارتکاب بھی کیا لیکن اللہ تعالیٰ جل شانہٗ نے آپ ﷺ کی زندگی کے ہر ایسے موڑ پر زبردست حفاظت فرماتے ہوئے ان کو ناکام اور ذلیل و رسوا فرمایا۔ اسی حسد و بغض کی آگ میں جلتے ہوئے انہوں نے مکہ کے ایک ایسے شخص سے رابطہ کیا کہ جو نظرِ بد لگانے کے حوالے سے بہت مشہور تھا۔ جس بھی انسان یا جانور پر وہ اپنی منحوس نگاہ ڈالتا تھا تو وہ انسان اور جانور فوراً مر جاتا تھا۔ یہ لوگ اس کے سامنے اپنی جھوٹی عزتوں کی بربادی پر مگرمچھ کے آنسو بہا کر اسے ساتھ لے کر اس مقام پر پہنچے کہ جہاں سرکار دو عالم تشریف فرما تھے۔ اس بدبخت انسان نے اپنی ایڑی چوٹی کا زور لگایا مگر رسول اللہ ﷺ پر اس کی نظرِ بد کا کچھ بھی اثر نہیں ہو۔ آپ بفضلِ خدا مکمل محفوظ رہے اور یہ لوگ وہاں سے اپنے گرو کے ساتھ نہایت ذلت و ندامت کے ساتھ واپس ہوئے تو ان دو آیات کا شانِ نزول یہی واقعہ ہے

وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۘ۵۱ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۵۲

ترجمہ: ”اور ضرور کافر تو ایسے معلوم ہوتے ہیں کہ گویا اپنی بدنظر لگا کر تمہیں گرا دیں گے جب قرآن سنتے ہیں اور کہتے ہیں یہ ضرور عقل سے دور ہیں، اور وہ تو نہیں مگر نصیحت سارے جہاں کے لیے“۔

اور اس آیت مبارکہ کے ان دو لفظوں لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ میں اسی نظرِ بد لگانے کو بیان فرمایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ سورۂ یوسف میں بھی نظرِ بد کا ذکر ملتا کہ جہاں حضرت یعقوب علیہ الصلوۃ والسلام نے اپنے بیٹوں کو یہ نصیحت فرمائی تھی کہ تم سب نے شہر کے ایک دروازے سے داخل نہیں ہونا۔ اس کی مکمل تفصیل تو دوسری جگہ عرض کروں گا اور آپ ملاحظہ فرمالیں گے۔ بس یہاں اتنا ذکر کرنا ہی مقصد ہے کہ نظرِ بد کا ثبوت باقاعدہ قرآن کریم سے ہمیں ملتا ہے۔ لہٰذا ہمیں اسے برحق ماننا پڑے گا۔

..........*.....*.....*

نظرِ بد کا ثبوت احادیث کی روشنی میں

حدیث نمبر (۱) اس روایت کے راوی حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ وہ فرماتے ہیں:

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: العین حق

(بخاری شریف حدیث نمبر ۵۷۴۰، کتاب الطب، باب العین حق)

ترجمہ: ”نبی پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نظر کا لگ جانا برحق ہے“۔

حدیث نمبر (۲) حضرت حابس تمیمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں

انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یقول: العین حق

(ترمذی شریف حدیث نمبر ۲۰۶۱، باب ماجاء ان العین حق والغسل لھا)

ترجمہ: ”میں نے خود سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نظر لگنا برحق ہے“۔

حدیث نمبر (۳) حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس روایت کو نقل کرتے ہوئے کہ:

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: العین حق

(ابن ماجہ شریف حدیث نمبر ۳۵۰۶ کتاب الطب باب العین)

ان تینوں حدیثوں کو بطور ثبوت، دلیل اور حوالہ کے پیش کیا گیا ہے کہ ان تینوں روایات کو نقل کرنے والے تینوں صحابی علیحدہ علیحدہ ہیں اور تینوں حضرات نے جو روایات بیان فرمائی ہیں، ان میں سے ہر ایک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان عالیشان واضح رہنمائی فرما رہا ہے کہ نظر کا لگ جانا برحق ہے۔ لہٰذا اب ان احادیث مبارکہ کے بعد مزید کسی حوالے یا ثبوت کی ضرورت نہیں ہے۔

نظرِ بد اور حضرت یعقوبؑ کی اپنے بیٹوں کو نصیحت

حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوۃ والسلام کا علمی مقام کیا ہوگا کہ جن کے استاد خود اللہ رب العزت ہوں اور پھر ان کا اندازِ تعلیم کیا ہوگا! سبحان اللہ۔ قرآن کریم میں حضرت یعقوب علیہ السلام کے علمی مقام کو اللہ رب العزت نے اِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ کہہ کر بیان فرمایا کہ ''وہ بہت بڑے صاحب علم تھے اور کیوں نہ ہوتے کیونکہ ان کو علم ہم نے عطا فرمایا تھا''۔ مطلب یہ ہے کہ عام لوگوں کی طرح ان کا علم کتابی یا اکتسابی نہیں تھا بلکہ بلاواسطہ عطاء خداوندی اور وہبی علم تھا۔ تو قارئین کرام! آیئے پڑھتے ہیں کہ انہوں نے نظرِ بد کو برحق جانتے ہوئے اپنے صاحبزادوں کو اس سے بچنے کی ایک خاص موقع پر کیا تلقین فرمائی۔ ان کا یہ اندازِ نصیحت اور نظرِ بد سے بچنے کی تعلیم دینا اللہ پاک کو کتنا پسند آیا کہ قیامت کی صبح تک قرآن کریم کی تلاوت کرنے، اس کو سمجھنے، اس پر عمل کرنے والوں کیلئے ایک پیغام، ایک درس، ایک سبق دے دیا کہ احتیاطی تدابیر کو اختیار کرنا توکل کے ہرگز ہرگز مخالف نہیں۔ چونکہ نہ تو کوئی نبی، رسول، پیغمبر توکل کے خلاف تعلیم دے سکتا ہے اور نہ ہی قرآن کریم۔

قارئین کرام! قرآن مجید فرقان حمید کے پارہ نمبر ۱۳ سورۂ یوسف کی آیت نمبر ۶۲ میں اللہ رب العزت کا ارشاد گرامی ہے کہ یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں سے کہا

وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ۭ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۭ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ

ترجمہ: ''اور فرمایا کہ اے بیٹو! شہر کے ایک ہی دروازے سے تم نے داخل نہیں ہونا بلکہ مختلف دروازوں سے داخل ہونا یعنی اکٹھے ایک ہی دروازے سے داخل نہ ہونا بلکہ علیحدہ علیحدہ ہو کر شہر کے مختلف دروازوں سے داخل ہونا۔ (یہ تو ہے نظر سے بچنے کی تدبیر) باقی میں نہیں بچا سکتا تم کو اللہ پاک کی کسی بات سے کیونکہ حکم اس کے علاوہ کسی کا نہیں چلتا اور مجھے اللہ پر بھروسہ ہے! اور بھروسہ کرنے والوں کو اسی پر بھروسہ کرنا چاہیے''۔ مطلب یہ ہے کہ مجھے اللہ پاک پر بھروسہ ہے۔ یقین ہے، میرا توکل ہے کہ تم یہ ظاہری تدبیر اختیار کرو گے تو اللہ تعالیٰ نظرِ بد سے تمہاری ضرور حفاظت فرمائیں گے۔ چونکہ تدبیر کا اختیار کرنا شرعاً جائز بھی ہے اور مستحسن بھی ہے۔ اس نصیحت کی وجہ یہ تھی کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے سب بیٹے کڑیل نوجوان، صحت مند، قدآور، صاحبِ جمال اور صاحبِ وجاہت تھے۔ اسی لیے تو حضرت یعقوب علیہ السلام نے انہیں فرمایا تھا کہ جب لوگوں کو علم ہوگا کہ یہ سب بھائی ہیں، ایک ہی باپ کی اولاد ہیں تو کہیں کسی کی نظر ہی نہ لگ جائے اور لوگ کہیں حسد کا شکار ہی نہ ہو جائیں۔

قارئین کرام! اس سے معلوم ہوا کہ نظر کا لگنا بھی برحق ہے اور احتیاطی تدابیر کا اختیار کرنا بھی برحق ہے۔ ہمیں بھی چاہیے کہ اپنی اولاد کو نظرِ بد سے بچانے کیلئے ہر ممکن، جائز تدبیر کو اختیار کریں۔ چونکہ اسباب کی حد تک ہر احتیاطی تدبیر کا اختیار کرنا اللہ تعالیٰ کا حکم اور انبیاء کرامؑ کی تعلیم ہے۔

جناتی نظر لگنے کا ثبوت حدیث سے

حضرت سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ

كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتعوذ من الجان

وعین الانسان (ترمذی شریف حدیث نمبر ۱۹۸۴ کتاب الطب باب ماجاء فی الرقیۃ بالمعوذتین)

ترجمہ: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنات اور انسانوں کی نظر لگنے سے اللہ کی پناہ مانگا کرتے تھے''۔

قارئین کرام! یہ روایت حدیث کی مستند کتاب ترمذی شریف سے لی گئی ہے، جس کے راوی صحابی رسول اللہ ﷺ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں اور وہ یہ فرمارہے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ انسانوں کے علاوہ جنات کی نظر لگ جانے سے بھی پناہ مانگتے تھے۔ تو یہاں سے ثابت ہوا کہ انسانی نظر کے علاوہ جناتی نظر بھی اپنا وجود رکھتی ہے اور حدیث رسول اللہ ﷺ سے اس کا ثبوت بھی ملتا ہے۔ لہٰذا جو چیز وجود اور ثبوت رکھتی ہے، اس سے انکار کی بھی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ جناتی نظر سے انکار درحقیقت حدیثِ پاک کا انکار ہے اور اس چیز کو برحق جاننا حقیقت میں فرمانِ رسول اللہ ﷺ پر ایمان، یقین اور دل وجان سے اس کو تسلیم کرنا ہے۔ جناتی نظر کے نقصانات بھی انسانی نظر کی طرح ہی ہیں تو اس کا علاج بھی انسانی نظر کو ختم کرنے کی طرح ہی ہے۔ بہرحال پھر بھی اس کے علاج کے سلسلے میں کسی بزرگ عامل سے رہنمائی لینا ضروری ہے۔

اپنی نظر سے اپنے آپ کو بچانے کا عمل

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ سے روایت ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ

قَالَ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا رَاٰی اَحَدُ کُمْ مِنْ نَفْسِہٖ مَایُعْجِبُہٗ فَلْیَدْعُ بِالْبَرَکَۃِ فَاِنَّ العَیْنَ حَقٌّ

(مستدرک حاکم، کتاب الطب حدیث نمبر ۷۴۹۹)

ترجمہ: ''فرمایا رسول اللہ ﷺ نے، جب تم میں سے کوئی اپنے آپ میں کوئی پسندیدہ چیز دیکھے تو اپنے لیے برکت کی دعا کرے کیونکہ نظر لگ جانا برحق ہے''۔

روایت نمبر ۲: یہ روایت بھی حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہی مروی ہے۔

قَالَ النبیُّ صلی اللہ علیہ وسلم اَذَا رَاٰی اَحَدُ کُمْ مِن مَّالِہٖ فَلْیُبَرِّکْ فَاِنَّ الْعَیْنَ حَقٌّ

(مستدرک حاکم کتاب الطب حدیث نمبر ۷۵۰۰)

ترجمہ: ''فرمایا نبی پاک ﷺ نے کہ جب تم میں سے کوئی اپنے مال میں ایسی چیز دیکھے جو اسے پسند آئے تو برکت کی دعا کرے کیونکہ نظر لگنا برحق ہے''۔

قارئین کرام! ان دونوں روایات کی روشنی میں ہمیں اپنے اوپر اور اپنے تمام معاملات میں غور کرنا چاہیے۔ یہ ہوسکتا ہے کہ ہمیں خود یا ہماری اولاد کو، ہماری دکان، ہمارے کاروبار کو، آمدنی کو اور ہماری گاڑی کو، ہماری صحت کو، ہماری خوشیوں کو، ہمارے اتفاق واتحاد کو، ہماری دن رات صبح شام کی ترقی کو..... ہماری اپنی ہی نظر نہ لگ گئی ہو۔ تو سب سے پہلے ہم اپنی نظر کا علاج کریں اور پھر ہمیشہ کیلئے اس نبوی عمل پر عمل کریں اور اپنے لیے برکت کی دعا مانگیں۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لِیْ یا بَارَکَ اللہ یا ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ پڑھنے کی عادت بنائیے اور اپنے آپ کو اپنی نظر سے بچائیے۔

نظر بد کی ایک نشانی حضور ﷺ کی زبانی

ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے۔ وہ فرماتی ہیں کہ

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم رائ فی بیتھا جاریۃ فی وجھھا سفعۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم استرقوا لھا فان بھا النظرۃ

(بخاری شریف حدیث نمبر ۵۲۹۸ کتاب الطب باب الرقیۃ)

ترجمہ: ''نبی پاک ﷺ نے ان کے گھر میں ایک بچی دیکھی کہ جس کے چہرے پر سیاہی چھائی ہوئی تھی تو نبی پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس کو دم کرو کیونکہ اس بچی کو نظر لگی ہوئی ہے''۔

قارئین کرام! آپ نے حدیث پاک پڑھی۔ اس کا ترجمہ ملاحظہ فرمایا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے بچی کے متعلق ارشاد فرمایا کہ اس کو نظر لگی ہوئی ہے۔ ظاہری نشانی کیا ہے؟ بچی کے چہرے پر سیاہی مائل نشان اور طبیب اعظم ﷺ کی تشخیص کیا بتلا رہی ہے کہ نظر کے اثرات ہیں اور علاج کیا تجویز کیا جا رہا ہے کہ دم کرو!

محترم قارئین! نظرِ بد کی اور بہت ساری نشانیاں ہیں لیکن کوئی مانے تو تب ہے۔ اگر بتلایا جائے کہ نظر کے اثرات ہیں تو کہا جاتا ہے کہ ہم پر نظر کیا اثر کرے گی اور بعض لوگ بیچارے تو یہاں تک کہہ دیتے ہیں کہ مولوی صاحب! آپ کا تو کام ہی یہی ہے کہ نظرِ بد اور بس نظرِ بد بتلانا! ڈاکٹروں کے پاس لاکھوں روپے خرچ کر دیں گے مگر روحانی علاج کی طرف توجہ نہیں دیں گے۔

خدارا! اپنا وقت اور پیسہ فضول برباد نہ کریں۔ ہم منع بالکل نہیں کرتے کہ آپ میڈیکل علاج نہ کروائیں، لیبارٹری ٹیسٹ نہ کروائیں۔ کروائیں ضرور کروائیں لیکن اپنا، اپنے گھر والوں کا، بیوی بچوں کا، کاروباری معاملات کا، گاڑی وغیرہ نیز زندگی میں پیش آنے والے تمام معاملات میں اسباب کی طرف بھی توجہ دیں اور روحانی تشخیص وعلاج کی طرف بھی کیونکہ نظرِ بد برحق ہے اور بہت نقصان کرتی ہے۔

امت کے ایک بڑے طبقے کی موت نظر بد سے

حضرت سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ:

ان رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم قال جل من يموت من امتي بالانفس يعني بالعين

(مسند الطیالسی حدیث نمبر ۱۸۶۸)

ترجمہ: ”رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری امت کا ایک بہت بڑا طبقہ انفس یعنی نظر لگنے کی وجہ سے فوت ہوگا“۔

ایک دوسری روایت میں ہے کہ جس کی روای حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں۔ آیئے اس کا مطالعہ کرتے ہیں۔

سمعت رسول الله صلى الله عليه واله وسلم يقول نصف ما يحفر لامتي من القبور من العين

(المعجم الکبیر للطبرانی حدیث نمبر ۳۹۹)

ترجمہ: ”حضرت اسماء رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے خود سنا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان اقدس سے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میری امت کے آدھے لوگوں کی قبریں نظر لگنے کی وجہ سے کھودی جائیں گی“۔

قارئین محترم! آپ نے دونوں روایات کو مع ترجمہ پڑھنے کی سعادت حاصل کی اور یقیناً آپ نے ان روایات کے پڑھنے کے بعد معاشرے کی صورتحال پر بھی ایک نظر ڈالی ہوگی۔ کچھ سوچا بھی ہوگا اور کچھ عجیب وغریب اموات کے نقشے بھی آپ کے خیالات کی اسکرین پر نمودار ہوئے ہوں گے، اچانک موت کے۔ بے شک احادیث کی رو سے اس کی اور دیگر وجوہات بھی ضرور ہیں مگر ان فرمودات نبوی ﷺ کی روشنی میں کہ میری امت کا ایک بڑا طبقہ یعنی ایک بڑا حصہ نظرِ بد کی وجہ سے فوت ہوگا اور دوسری روایت میں تو واضح طور پر آدھی امت یعنی نصف امت نظرِ بد کا شکار ہونے کی وجہ سے فوت ہوگی۔

آیئے مل کر اس بات پر غور کرتے ہیں کہ آخر وہ کون سی وجہ ہے کہ جس کی وجہ سے نظر لگتی ہے یعنی نظر لگنے کے اسباب وعوامل کیا ہیں؟ اور ان کو دور کیسے کیا جا سکتا ہے؟ اور ان سے اپنا تحفظ کیسے کیا جا سکتا ہے؟

نظرِ بد سے موت بھی واقع ہو سکتی ہے

حضرت سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

قَالَ رَسُوْلُ الله صلى الله عليه وسلم اَلْعَيْنُ تَدْخُلُ الرَّجُلَ الْقَبْرَ وَالْجَمَلَ الْقِدْرَ

(حلیۃ الاولیاء حدیث نمبر ۱۰۵۷، مسند الشہاب القضاعی)

ادارے کی شائع کردہ کتب کی تفصیل goo.gl/FCnqkA

ترجمہ: ”رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نظر آدمی کو قبر میں اور اونٹ کو دیگ میں داخل کر دیتی ہے“۔

قارئین کرام! فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آپ نے پڑھا کہ نظر یعنی نظرِ بد سے انسان قبر تک یعنی موت کے منہ میں پہنچ جاتا ہے اور اونٹ ہانڈی میں۔ انسان کا موت کے منہ میں پہنچنا، قبر میں داخل ہونا، موت کا واقع ہونا، یہ تو نظرِ بد کا انتہائی درجہ ہے۔ ابتدائی درجہ میں بہت ساری چیزیں داخل ہیں۔ نظرِ بد سے بیمار ہوجانا، نظرِ بد سے گر کر زخمی ہوجانا، نظرِ بد سے ایکسیڈنٹ ہوجانا، نظرِ بد سے صحت مند انسان کا ہڈیوں کا ڈھانچا بن جانا، خوبصورت انسان کا بدصورت ہوجانا، نظرِ بد سے کسی عضو کا ضائع ہو جانا، نظرِ بد سے بینائی کا چلے جانا، نظرِ بد سے قوت سماعت کا زائل ہوجانا، نظرِ بد سے قوت ہاضمہ کا جواب دے جانا، نظرِ بد سے جسمانی صلاحیت سے محروم ہوجانا، نظرِ بد سے تیز رفتاری یا دوڑ کے مقابلوں میں صفر ہوجانا، نظرِ بد سے دماغی صلاحیت کا ختم ہوجانا وغیرہ وغیرہ۔

اونٹ کے ہانڈی میں جانے کے دو مطلب ہیں۔ فرمان رسول کا اشارہ سواری کی طرف ہے تو چونکہ دورِ نبی میں اونٹ بطور سواری کے استعمال ہوتے تھے تو آج کل اس سے مراد ہر سواری کی چیز لی جائے گی۔ سائیکل، موٹر سائیکل سے لے کر مہنگی ترین گاڑیوں تک کہ وہ بھی نظرِ بد کا شکار ہوسکتی ہیں تو اس کی کئی مثالیں ہمارے سامنے ہیں۔ ادھر نیا موٹر سائیکل آیا، نئی گاڑی آئی تو دوسرے دن یا چند ہی دنوں میں ایکسیڈنٹ، گاڑی تباہی کی خبر اور بعض اوقات تو اللہ معاف فرمائے، نظرِ بد سے گاڑی کے ساتھ ساتھ قیمتی انسانی جانوں کا بھی ضیاع سننے، دیکھنے اور پڑھنے میں آیا ہے۔ انسانی جانیں بھی ضائع ہوئیں اور گاڑی بھی کباڑ خانے میں پہنچ گئی۔ دوسری صورت یا مطلب اس فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ بھی ہوسکتا ہے کہ جانور کا ہانڈی میں پہنچنا۔ بہت سارے لوگ اچھے جانور پالنے کے شوقین ہوتے ہیں مگر جانور بچتے نہیں، ضائع ہوجاتے ہیں، اچانک مرجاتے ہیں، بیماریوں کا شکار ہوجاتے ہیں، ہڈیوں کا ڈھانچہ بن جاتے ہیں، مختلف موذی امراض کا شکار ہوجاتے ہیں۔ بالآخر فروخت کرنا مجبوری بن جاتا ہے۔ ذبح کیے جاتے ہیں اور ہانڈی میں پہنچ کر فرمان رسول ﷺ کا مصداق بن جاتے ہیں۔ تو بہرحال نظرِ بد واقعی ایسی خطرناک چیز ہے کہ انسان کو قبر اور جانور کو ہانڈی تک پہنچا دیتی ہے۔

..........*.....*.....*

اگر کوئی چیز تقدیر پر غالب آسکتی تو نظرِ بد ہوتی

حدیث نمبر (۱) حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: اَلْعَیْنُ حَقٌّ، وَلَوْ کان شیءٌ سَابَقَ القَدْرَ سَبَقَتْهُ الْعَیْن

(مسلم شریف حدیث نمبر ۲۱۸۸، باب الطب والمرض والرقی)

ترجمہ: ”نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ نظر لگ جانا برحق ہے اور اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت لے جاسکتی ہوتی تو وہ چیز نظر ہوتی“۔

حدیث نمبر (۲) حضرت سیدنا عبید بن رفاعہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

اَنَّ اَسْمَاءَ بنت عُمَیْسٍ رضی اللہ عنہا قَالَتْ: یَارَسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ وَلَدَ جَعْفَر تَسْرِعُ اِلَیْهِمُ الْعَیْنُ اَفَاسْتَرْقِیْ لَهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نَعِمَ فَاِنَّهٗ لَوْ کَان شَیْءٌ سَابَقَ القَدَرَ لَسَبَقَتْهُ الْعَیْنُ

(ترمذی شریف حدیث نمبر ۱۹۸۵، کتاب الطب)

(ایک صاحب کے سوال پر حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ نے جو جواب دیا، وہ قارئین اور عاملین کے لیے درج کیا جا رہا ہے۔ عموماً مفت خدمات فراہم کرنے کو بہت اچھا سمجھتے ہیں۔ یقیناً یہ ایک اچھا فعل ہے۔ لیکن اس سے زیادہ اہم یہ بات ہے کہ جس فن میں خدمات فراہم کی جا رہی ہیں، وہ فن بھی اچھی طرح آتا ہو۔ خ)

حضرت مدظلہ تحریر فرماتے ہیں کہ آپ نے یہ جو عہد کیا ہے کہ آپ فری میں خدمت کریں گے، ہمارے نزدیک درست نہیں ہے۔ آپ کا جو وقت اس طرح کی خدمت پر صرف ہوگا، آپ اس کی مناسب اجرت لوگوں سے وصول کر سکتے ہیں۔ عملیات کی لائن میں خرابیاں ہدایہ وصول کرنے سے نہیں آئیں بلکہ لوٹ مار کرنے سے آئی ہیں۔ مناسب حق المحنت وصول کرنا نہ شرعاً برا ہے نہ عقلاً۔ برا تو یہ ہے کہ لوگوں سے ہزاروں روپے اینٹھ لئے جائیں اور پھر بھی کام غلط سلط کئے جائیں۔ اگر واجبی حق المحنت لے کر صحیح انداز سے خدمت خلق کی جائے تو اس میں خیر و برکت بھی ہوگی، اجر بھی ملے گا اور اللہ کے بندوں کو شکایت بھی نہیں ہوگی۔

اس طرح کے عہد کہ ہم فری خدمت کریں گے اور کبھی کچھ نہیں لیں گے، زیادہ دنوں تک قائم نہیں رہ سکتے۔ البتہ عہد کریں تو اس بات کا کریں کہ عملیات کی لائن میں جو کچھ کریں گے، سیکھ کر کریں گے اور صحیح وقت، صحیح عمل کر کے لوگوں کی صحیح خدمات انجام دیں گے۔ فریب دہی اور لوٹ کھسوٹ سے دامن کو بچائیں گے۔

اگر آپ پیسے سے بے نیاز ہیں اور اللہ نے آپ کو سب کچھ دے رکھا ہے تو بھی ضرورت مندوں سے کچھ نہ کچھ وصول کر لیں اور اگر یہ آپ کی ضرورت سے زائد ہو تو اللہ کے ان بندوں کو عطا کر دیں جو مفلوک الحال ہیں اور دانے دانے کو محتاج ہیں۔

باطنی قوت بڑھانے والے آلہ یکسوئی کی تفصیل goo.gl/OFCAix

مردانہ امراض کا روحانی علاج

حضرت مولانا احمد علی پنجگوری رحمہ اللہ

امراض آلۂ تناسل

❶ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۳﴾ (الرحمٰن ۲۲-۲۳)

❷ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یارحمٰن	۲	۸	۵	یارحمٰن
یارحیم	۴	۱	۷	یارحیم
یاارحم الراحمین	۹	۶	۳	یاارحم الراحمین

❸ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یامالك القدوس فینا

ربنا بالسَّلام وادخلنا

دار السَّلام تبارکت ربنا

وتعالیت یاذالجلال والاکرام

❹ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ حق

	۱	۲	۷	۴
اللہ حق	۱	۸	۲	۳
	۱	۵	۲	۷

اللہ حق حق حق

نوٹ: ان چاروں کو ایک کاغذ پر تحریر کر کے گلے میں ڈالے جائیں اور پلائے جائیں۔

❺ سورۂ الرحمن کو کو پانی میں ڈال کر نو (۹) ایام تک پینا ہے اور خود نماز کی پابندی کرے اور پانچ آدمیوں کو نماز کی دعوت دینی ہے۔

برائے امراض خصیہ

❶ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَّذِیْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَیِّبِیْنَ (النحل: ۳۲)

وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ یَكُوْنُوْا یَحْتَسِبُوْنَ (الزمر: ۴۷)

حلیم علیم والطّٰف

❷ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

هلا اعتبرت فکم حلوا و کم رحلوا

وانما الناس فی حل ومرتحل

صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کثیرًا کثیرًا

❸

قال	۳	قال
لهم	۷	لهم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الٓمّٓ اللّٰہ لآ الٰہ الا ھو



نوٹ: ان چاروں کو ایک کاغذ پر تحریر کر کے گلے میں ڈالے جائیں اور پلائے جائیں۔

❺ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ك

۲	۱	۹	۳
۷	۸	۲	۷
۱	۹	۳	۵
۷	۱	۲	۴
۸	۹	۳	۵

اللہ شافی — اللہ شافی — اللہ کافی

اس بالا نقش کو ٹھنڈے دودھ کے اندر ڈال کر نو (۹) دن تک (تعویذ نمبر 46)

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کے عامل بنیں

مخصوص قرآنی آیات کے عامل بننے پر مشتمل مضامین کا سلسلہ

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دارالعمل چشتیہ)

اس مضمون میں حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کا بنیادی طریقۂ زکوٰۃ بتایا گیا ہے اور اس کے ساتھ ملفوظی اور عددی نقوش کے بارے میں بھی آگاہی دی گئی ہے تاکہ بوقت ضرورت استفادہ کیا جا سکے۔ نقوش کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے اور ملفوظی کو کس جگہ اور عددی کو کس جگہ استعمال کرنا چاہئے؟ یہ عاملین کو پتہ ہے۔ لہٰذا اس بارے میں نہیں لکھا جائے گا۔

ایک اہم بات ذہن نشین رہے کہ بنیادی درجہ کا عامل/ عاملہ صرف اپنے لئے یا اپنے گھر والوں کے لئے عملیات کر سکتا/سکتی ہے۔ عوام کا علاج معالجہ کرنے کے لئے باقاعدہ سیکھنا پڑتا ہے ورنہ نقصان ہونے کا قوی اندیشہ ہوتا ہے۔

عامل بننے کا فائدہ

اس آیت میں اللہ ﷻ نے عجیب فیض رکھا ہے۔ اس کا عامل خود بھی بہت فیض اٹھا سکتا ہے اور دوسروں کو بھی خوب فیض بانٹ سکتا ہے۔ ہر مشکل سے مشکل کام کو آسان کرنے، پریشانی و مصیبت سے نجات، حاجات کا پورا ہونا، دشمن سے نجات، مشکلات میں کفالت، غیبی مدد، دشمن سے نجات، اٹکے ہوئے کاموں کا ہونا، محبت کے مسائل، بیماریوں سے نجات، معاشی مشکلات کا حل، شادی کے مسائل، بیماریوں سے صحت یاب نہ ہونا، روحانی مسائل، جادو اور جنات کے مسائل، سسرال کے مسائل، دفتری مسائل، تعلیمی مسائل، نوکری کے مسائل، ..... الغرض ہر جائز دینی یا دنیوی حاجت کے پورا ہونے اور مشکل کے دور ہونے میں اپنی مثال آپ ہے۔

عمل کا طریقہ

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کا بنیادی درجہ کا عامل/ عاملہ بننے کے لیے نوچندی شبِ جمعرات یا جمعہ کے بعد کوئی وقت مقرر کر لیں۔ جگہ بھی مقرر ہو۔ اول و آخر گیارہ بار درودِ ابراہیمی کے ساتھ عمل کو چار سو پچاس (۴۵۰) بار انیس (۱۹) یوم بلاناغہ پڑھیں۔ روزانہ عمل مکمل کر کے اللہ ﷻ سے اپنے عمل کی کامیابی کی دعا اس انداز میں مانگیں کہ ”یا اللہ! میں نے جو یہ عمل کیا ہے، اس کی کمی کوتاہیوں کو اپنے فضل سے پوری کر کے اس عمل کو میرے عمل میں دے دیں تاکہ میں اس کے روحانی فیض سے خود بھی فیض یاب ہوں اور میرے گھر والے بھی فیض یاب ہوں“۔ آخری روز سوا پاؤ یا سوا کلو سفید شیرینی (برفی، چم چم وغیرہ) نابالغ بچوں میں تقسیم کر دیں اور دو رکعت نفل شکرانے کے پڑھیں۔ پھر روزانہ صبح شام نو (۹) بار، اول و آخر ایک بار درود شریف کو اپنے معمول میں رکھیں۔ اب آپ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کے عامل ہو چکے ہیں۔ کسی بھی کتاب میں اس کا کوئی طریقہ استعمال ملے یعنی عمل ملے تو آپ کرنے کے اہل ہیں۔ کسی سے اجازت کی ضرورت نہیں ہے۔ عمل آپ کے پاس ہے، کتابوں میں طریقہ استعمال دیے جاتے ہیں۔ صرف یہ احتیاط رکھنی ہے کہ عمل اپنے لیے یا اپنے گھر والوں کے لیے استعمال کرنا ہے۔ اگر کسی اور کو دینا بھی ہو تو ہرگز جادو یا جنات کے مسئلے میں ہاتھ نہیں ڈالنا۔ باقی معاملات کے لئے اپنی سمجھ کے مطابق فیصلہ کر لیں۔

نوٹ: (۱) ہمارے مکتبۃ العارف سے اس آیت کے اعمال کی کتاب جو لینا چاہے، وہ منگوا سکتا ہے۔ (۲) چلہ کشی سے متعلق مزید ہدایات، جو اجازت منگوائیں گے، ان کو دی جائیں گی۔

نقوش بھرنے کے طریقے

نقوش بھرنے کا عمل بھی بہت آسان ہے۔ صرف یہ اصول یاد رکھیں کہ سب سے چھوٹا عدد، سب سے پہلے لکھنا ہے، پھر اس سے بڑا اور پھر اس سے

بڑا۔ اور اسی طرح نقش پورا کرنا ہے۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کے مثلث نقوش

آتشی چال

۷۸۶

۱۵۳	۱۴۶	۱۵۱
۱۴۸	۱۵۰	۱۵۲
۱۴۹	۱۵۴	۱۴۷

بادی چال

۷۸۶

۱۴۷	۱۵۲	۱۵۱
۱۵۴	۱۵۰	۱۴۶
۱۵۳	۱۴۸	۱۴۹

آبی چال

۷۸۶

۱۵۱	۱۵۲	۱۴۷
۱۴۶	۱۵۰	۱۵۴
۱۵۳	۱۴۸	۱۴۹

خاکی چال

۷۸۶

۱۴۹	۱۵۴	۱۴۷
۱۴۸	۱۵۰	۱۵۲
۱۵۱	۱۴۶	۱۵۳

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کے مربع نقوش

آتشی چال

۷۸۶

۱۱۲	۱۱۵	۱۱۸	۱۰۵
۱۱۷	۱۰۶	۱۱۱	۱۱۶
۱۰۷	۱۲۰	۱۱۳	۱۱۰
۱۱۴	۱۰۹	۱۰۸	۱۱۹

بادی چال

۷۸۶

۱۱۵	۱۱۲	۱۰۵	۱۱۸
۱۰۶	۱۱۷	۱۱۶	۱۱۱
۱۲۰	۱۰۷	۱۱۰	۱۱۳
۱۰۹	۱۱۴	۱۱۹	۱۰۸

آبی چال

۷۸۶

۱۱۸	۱۰۵	۱۱۲	۱۱۵
۱۱۱	۱۱۶	۱۱۷	۱۰۶
۱۱۳	۱۱۰	۱۰۷	۱۲۰
۱۰۸	۱۱۹	۱۱۴	۱۰۹

خاکی چال

۷۸۶

۱۰۵	۱۱۸	۱۱۵	۱۱۲
۱۱۶	۱۱۱	۱۰۶	۱۱۷
۱۱۰	۱۱۳	۱۲۰	۱۰۷
۱۱۹	۱۰۸	۱۰۹	۱۱۴

تعویذ خیر و برکت کی تفصیل goo.gl/6hsXr7

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کے مربع ملفوظی تعویذات

آتشی چال

۷۸۶

حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل
الوکیل	ونعم	اللہ	حسبنا
اللہ	حسبنا	الوکیل	ونعم
ونعم	الوکیل	حسبنا	اللہ

بادی چال

۷۸۶

اللہ	حسبنا	الوکیل	ونعم
ونعم	الوکیل	حسبنا	اللہ
حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل
الوکیل	ونعم	اللہ	حسبنا

آبی چال

۷۸۶

ونعم	الوکیل	حسبنا	اللہ
اللہ	حسبنا	الوکیل	ونعم
الوکیل	ونعم	اللہ	حسبنا
حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل

خاکی چال

۷۸۶

الوکیل	ونعم	اللہ	حسبنا
حسبنا	اللہ	ونعم	الوکیل
ونعم	الوکیل	حسبنا	اللہ
اللہ	حسبنا	الوکیل	ونعم

عمل کی اجازت لینے کا طریقہ

٭٭..... ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے ممبران کو اس عمل کی اجازت ہے۔ اجازت کی کوئی فیس نہیں ہے۔ غیر ممبر کے لیے فیس گیارہ سو روپے ہے۔

٭٭..... رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے جوابی لفافے کے ساتھ خط ارسال کریں اور اجازت حاصل کریں۔

٭٭.....اجازت صرف وہی منگوائیں، جنہوں نے عمل کرنا ہو۔

بقیہ : رَویوں کی اِصلاح کی ضرورت

امام ابن سیرینؒ بڑے امام ہوئے جن کی کتاب تعبیر الرویاء آج بھی مقبول ہے۔ مگر ہمارے ہاں یہ حال ہے کہ مسجد کے قاری صاحب سے بھی آپ ہر مسئلہ پوچھ سکتے ہیں۔

ہم اکثر بلاوجہ نامور اسلامی سکالرز کی باتوں کا انکار کر دیتے ہیں، حالانکہ عین ممکن ہے کہ ان کی کہی ہوئی بات کسی ایسی حدیث یا اس کی شرح پر مبنی ہو جو ہم نے نہ پڑھی ہو۔ بلاوجہ کسی بڑے اسلامی سکالر کا مذاق اڑانا بھی ہمارا وطیرہ بن چکا ہے۔ ہوسکتا ہے جس کا ہم مذاق اڑا رہے ہوں، وہ اللہ کا محبوب ہو اور بخاری شریف کی حدیث قدسی میں اللہ نے فرمایا ہے کہ ”جس نے میرے کسی دوست کی توہین کی تو وہ میرے مقابلے کے لئے تیار ہوگیا“۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم دوسروں پر تنقید کرنے کی بجائے اپنے رویوں کی اصلاح کریں اور جو وقت اس طرح کی لاحاصل تنقید پر خرچ ہوتا ہے، وہ مطالعہ اور عبادت میں صرف کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائیں۔ (آمین)

بقیہ : رَویوں کی اِصلاح کی ضرورت

نہار منہ استعمال کرنا ہے۔ اور نمازوں کا اہتمام کرنا ہے اور دو آدمیوں کو نماز کی دعوت دے اور عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھے اور ہر روز ایک سو ایک (۱۰۱) دفعہ یَاوَدُوْدُ پڑھے۔

آپ کے روحانی مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

بندشِ رشتہ

سوال آپ نے میرے بیٹے کے لیے سورۂ طٰہٰ کا وظیفہ دیا تھا۔ اس کو اکیس دن کرلیا ہے۔ اب مزید کیا کرنا ہے؟ ابھی تک رشتہ نہیں ہوا۔ (ف، کراچی)

جواب آپ کے بیٹے پر جو بندش ہے، وہ 50% ختم ہوگئی ہے۔ اس پر شکر ادا کریں۔ اب باقاعدہ علاج شروع کرنا ہوگا۔ تفصیل درج ذیل ہے:

کچھ تعویذات بھجوا رہا ہوں۔ ان کا طریقہ استعمال کچھ اس طرح ہے:

۱۔ ۲۸ تعویذ کالے رنگ والے ہیں۔ بیٹے کو کہیں کہ صبح اٹھ کر جسم سے مل کر جلائے۔

۲۔ ۲۸ تعویذ لال رنگ والے ہیں۔ رات سونے سے قبل جسم سے مل کر جلائیں۔

۳۔ چار زعفرانی تعویذ ہیں۔ ایک تعویذ ایک ہفتے کے لیے۔ پینا اور بیٹے کے سونے والے کمرے اور گھر کے تمام پاک کونوں میں روزانہ چھڑکنا ہے۔

۴۔ شادی جلد اور اچھی جگہ ہونے کے لیے خاص تعویذ بیٹے کو اپنے پاس رکھنے، گلے یا بازو پر باندھنے کے لیے کہیں۔

۵۔ اچھی جگہ شادی ہونے اور علاج میں کامیابی کے لیے وظیفہ۔ ''اللہ..... اکسیر قرآنی عمل'' روزانہ ایک بار پڑھیں۔ ایک بار خود، ایک بار بیٹے کو پڑھنے کو کہیں۔ یہ وظیفہ دار العمل چشتیہ کے شعبہ نشر و اشاعت نے شائع کیا ہے۔ وہاں سے منگوایا جاسکتا ہے۔ 03224773786

۶۔ شادی ہونے کی نیت سے ایک اور وظیفہ پڑھیں۔ 54 بار بعد نمازِ عصر پابندی سے پڑھیں۔

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

جنات نے مریض کی ٹانگ توڑ دی

سوال میرے بھائی کی عمر پندرہ سال کے قریب ہے۔ وہ ایک اسکول میں پڑھتا ہے اور ہر ہفتہ کو گھر آتا ہے۔ پچھلے دو ہفتوں سے اس کے ساتھ عجیب واقعات ہوئے ہیں۔ دو ہفتہ قبل وہ آیا اور کتاب لینے موٹر سائیکل پر بازار گیا تو اس کا ایکسیڈنٹ ہوگیا۔ ٹانگ پر کافی چوٹ آئی۔ ایک ہفتہ قبل بھی بالکل اسی طرح ہوا۔ وہ بازار کتاب لینے گیا۔ وہ کھڑا ہوا تھا۔ دوسرے موٹر سائیکل والے نے ون ویلنگ کرتے ہوئے بہت زور سے ٹکر ماری۔ جس سے اس کی ٹانگ کی ہڈی اور گھٹنے کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ اس کا فوری آپریشن کروایا گیا۔ پھر ایک ہفتہ بعد جب دوبارہ دوسرے ڈاکٹر کو دکھایا کیونکہ درد ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا تو اس نے کہا کہ آپریشن صحیح نہیں ہوا ہے۔ راڈ غلط ڈلے ہیں۔ اگر صحیح نہ کیا تو اس کے پٹھے بری طرح متاثر ہوجائیں گے۔

والد صاحب دوسرے آپریشن پر راضی نہیں ہیں۔ کہتے ہیں کہ کسی جراح کو دکھائیں گے۔ مجھے آپ نے پہلے بتایا تھا کہ میرے میکے میں جناتی اثرات بہت زیادہ ہیں۔ مجھے پوچھنا یہ ہے کہ کیا میرے بھائی کے ساتھ جو ہوا، وہ قدرتی تھا یا انہی اثرات کا نتیجہ ہے؟ اگر ہے تو اس کا حل بھی بتائیں۔ میرے والدین اور گھر والے ان چیزوں کو بالکل نہیں مانتے، اس لیے وہ باقاعدہ علاج بھی نہیں کرتے۔ (ف، لاہور)

جواب آپ کے بھائی کے حالات پڑھ کر بہت افسوس ہوا۔ اللہ تعالیٰ اسی شفائے کامل عطا فرمائیں۔

میری تشخیص میں یہ سارا معاملہ جناتی اثرات کا ہی ہے۔ جنات کافی سخت مزاج اور نقصان دینے والے ہیں۔ اور یہ ایکسیڈنٹ اور آپریشن کا خراب ہونا، انہی کی کاروائی ہے۔ واللہ اعلم

جہاں تک علاج کا تعلق ہے تو میری بہن! اس طرح علاج نہیں ہوتے

کہ مریض کے گھر والے بالکل نہ مانتے ہوں اور کچھ کرنے پر راضی نہ ہوں اور عامل علاج کر دے۔ یہ علاج کے اصولوں کے خلاف ہے اور نہ ہی اس بات کو جنات پسند کرتے ہیں، جنہوں نے جا کر کام کرنا ہے اور آپ کے والدین کے گھر میں موجود جناتوں سے لڑنا ہے اور ان کو نکالنا ہے۔ اس لیے پہلے اپنے گھر والوں کو راضی کریں۔ جب تک راضی نہ ہوں، کسی عامل کی رہنمائی کے بغیر خود سے علاج کرنے کی حماقت نہ کیجیے گا۔ جس طرح کے جنات ہیں، وہ رعایت نہیں کریں گے اور کوئی نہ کوئی نقصان دیں گے۔

فی الحال میں ایک تعویذ دے رہا ہوں۔ اس پر تین بار منزل پڑھ کر دم کر کے بھائی کے گلے میں ڈال دیں۔ اور اس کو پابند کریں کہ روزانہ صبح و شام اور رات کو سوتے وقت کے مسنون اعمال کرے۔ خاص کر جن کا تعلق حفاظت سے ہے۔

رات کو باوضو سوئے اور سونے سے قبل اکتالیس بار آیت الکرسی پڑھ کر سوئے۔ جس دن اکتالیس نہ پڑھ سکے، اکیس بار پڑھ لے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف۔

ساس کے جادو کی جادو سے کاٹ

سوال میری ساس نے میرے میاں پے جادو کیا ہے جس کی وجہ سے وہ مجھے پسند نہیں کرتے۔ اپنی ماں کے کہنے میں آ کے مجھے گھر سے نکال دیا ہے۔ کوئی ایسا جادو بتا دیں کہ جس سے وہ سب کو چھوڑ کے میرے پاس آ جائے۔ میرے ساتھ الگ رہے۔ میرا دو سال کا بچے بھی ہے۔ (ا، ن)

جواب محترمہ! سب سے پہلے تو آپ کے پاس کیا ثبوت ہے کہ ساس نے جادو کیا ہے؟ کیا آپ میں کوئی کوتاہیاں نہیں جن کی وجہ سے شوہر آپ سے متنفر ہو جائیں؟ بالفرض مان بھی لیا جائے کہ جیسا آپ نے لکھا ہے، ویسا ہی معاملہ ہے تو علاج کا جو طریقہ آپ نے طلب فرمایا ہے، وہ قطعاً مناسب نہیں بلکہ جائز ہی نہیں۔ یہ آپ کو کس نے کہہ دیا ہے کہ جادو کے علاج کے لیے جادو کا ہی عمل کیا جائے؟ پھر آپ نے ہمارے بارے میں یہ کیسے تصور کر لیا ہے کہ ہم جادو کرتے ہیں اور جادو لوگوں کو بتاتے ہیں؟ کچھ خدا کا خوف کریں۔

اگر آپ کی بات کرنے کا مقصد یہ ہے کہ کوئی عمل بتائیں تو دوبارہ لکھیں، آپ کی رہنمائی کر دی جائے گی۔ اگر آپ جادو ہی سے کاٹ کروانا چاہتی ہیں تو ہماری طرف سے معذرت ہے۔ دوبارہ رجوع نہ فرمائیں۔ ہم آپ کے لیے ہدایت کی اور پریشانی دور ہونے کی دعا ضرور کریں گے۔ اللہ ﷻ آپ کو ہدایت دے اور جادو سے دور رکھے اور اپنے مقدس کلام کے ذریعے ہی آپ کے مسائل کا حل کر دے۔ آمین

رشتہ طے ہونے میں مسلسل رکاوٹ

سوال میرے رشتے میں مسلسل رکاوٹیں آ رہی ہیں۔ ایک جگہ لڑکی دیکھنے گئے۔ پسند بھی آ گئی۔ وہ لوگ آئے۔ انہوں نے بھی پسند کر لیا۔ پھر انہوں نے کہا کہ ہم اپنے پیر و مرشد سے پوچھیں گے۔ ان کا عرس آنے والا ہے۔ عرس میں وہ گئے اور وہاں سے بھی جواب مثبت ملا۔

ہم نے منگنی کرنے کی بات کی تو انہوں نے ٹال دیا کہ ہم لوگ نہیں کرتے۔ پھر شادی کی تاریخ کی بات کی تو مسلسل ٹالے جا رہے ہیں۔ کوئی صحیح جواب ہی نہیں دے رہے۔ کبھی گھر کی کنسٹرکشن کا کہتے ہیں، کبھی بڑی بیٹی کی ڈیلیوری کا مسئلہ اور کبھی کچھ۔ مگر ہمیں شادی کی تاریخ نہیں دے رہے۔ مہربانی فرما کر دیکھیں کہ یہ سب کیا ہے۔ بڑی مشکل سے کوئی رشتہ طے ہونے لگا ہے مگر بات ہی نہیں بن رہی۔ (س، کراچی)

جواب محترم، کوئی بندش کا معاملہ نظر نہیں آ رہا۔ بہتر ہے کہ آپ لڑکی والوں سے بالکل صاف بات کریں۔ ان کی کچھ مجبوریاں ہیں جو وہ شاید کھل کر نہیں بتا رہے۔ آپ لوگ صاف صاف کہہ دیں کہ اگر رشتہ نہیں کرنا چاہتے تو بھی بتا دیں۔ اگر کرنا ہے تو شادی کی تاریخ کی بات کو فائنل کریں۔

آپ کے پیچھے بہت لوگ ہیں جو جادو کا وار کرتے رہے ہیں مگر اس معاملہ میں جادو نہیں ہے اور فی الحال آپ پر بھی کوئی بندش کا معاملہ نہیں ہے۔ پھر بھی مسنون حفاظت کے اعمال صبح و شام لازمی پڑھا کریں۔

khazinailmoamal.blogspot.com

ایک استانی اور بن ماں کے بچے کی داستان

.....انتخاب: ابو نافع

مس عائشہ ایک چھوٹے سے شہر میں پرائمری اسکول کی پانچویں کلاس کی ٹیچر تھیں۔ ان کی ایک عادت تھی کہ وہ کلاس شروع کرنے سے پہلے ہمیشہ ''آئی لو یو آل'' بولا کرتیں۔ مگر وہ جانتی تھیں کہ وہ سچ نہیں کہتیں۔ وہ کلاس کے تمام بچوں سے یکساں پیار نہیں کرتی تھیں۔

کلاس میں ایک ایسا بچہ تھا جو مس عائشہ کو ایک آنکھ نہ بھاتا۔ اس کا نام طارق تھا۔ طارق میلی کچیلی حالت میں سکول آجایا کرتا۔ اس کے بال بگڑے ہوئے ہوتے۔ جوتوں کے تسمے کھلے ہوئے، قمیض کے کالر پر میل کا نشان، لیکچر کے دوران بھی اس کا دھیان کہیں اور ہوتا۔

مس عائشہ کے ڈانٹنے پر وہ چونک کر انہیں دیکھنے تو لگ جاتا مگر اس کی خالی خولی نظروں سے انہیں صاف پتہ لگتا رہتا کہ طارق جسمانی طور پر کلاس میں موجود ہونے کے باوجود بھی دماغی طور پر غائب ہے۔ رفتہ رفتہ مس عائشہ کو طارق سے نفرت سی ہونے لگی۔ کلاس میں داخل ہوتے ہی طارق مس عائشہ کی سخت تنقید کا نشانہ بننے لگتا۔ ہر بری مثال طارق کے نام سے منسوب کی جاتی۔ بچے اس پر کھلکھلا کر ہنستے اور مس عائشہ اس کی تذلیل کر کے تسکین حاصل کرتیں۔ البتہ طارق نے کسی بات کا کبھی کوئی جواب نہیں دیا تھا۔

مس عائشہ کو وہ ایک بے جان پتھر کی طرح لگتا، جس کے اندر احساس نام کی کوئی چیز نہیں تھی۔ ہر ڈانٹ، طنز اور سزا کے جواب میں وہ بس اپنی جذبات سے عاری نظروں سے انہیں دیکھا کرتا اور سر جھکا لیا کرتا۔ مس عائشہ کو اب اس سے شدید چڑ ہو چکی تھی۔ پہلا سمسٹر ختم ہوا اور رپورٹیں بنانے کا مرحلہ آیا تو مس عائشہ نے طارق کی پروگریس رپورٹ میں اس کی تمام برائیاں لکھ دیں۔ پروگریس رپورٹ والدین کو دکھانے سے پہلے ہیڈ مسٹریس کے پاس جایا کرتی تھی۔ انہوں نے جب طارق کی رپورٹ دیکھی تو مس عائشہ کو بلا لیا۔ ''مس عائشہ! پروگریس رپورٹ میں کچھ تو پروگریس بھی نظر آنی چاہیے۔ آپ نے تو جو کچھ لکھا ہے، اس سے طارق کے والدین اس سے بالکل ہی ناامید ہو جائیں گے''۔ ''میں معذرت خواہ ہوں مگر طارق ایک بالکل ہی بدتمیز اور نکما بچہ ہے۔ مجھے نہیں لگتا کہ میں اس کی پروگریس کے بارے میں کچھ لکھ سکتی ہوں''۔ مس عائشہ نفرت انگیز لہجے میں بول کر وہاں سے اٹھ آئیں۔

ہیڈ مسٹریس نے ایک عجیب حرکت کی۔ انہوں نے چپڑاسی کے ہاتھ مس عائشہ کی ڈیسک پر طارق کی گزشتہ سالوں کی پروگریس رپورٹس رکھوا دیں۔ اگلے دن مس عائشہ کلاس میں داخل ہوئیں تو رپورٹس پر نظر پڑی۔ الٹ پلٹ کر دیکھا تو پتہ لگا کہ یہ طارق کی رپورٹس ہیں۔ انہوں نے سوچا ''پچھلی کلاسوں میں بھی اس نے یقیناً یہی گل کھلائے ہوں گے'' اور تیسری کلاس کی رپورٹ کھولی۔ رپورٹ میں ریمارکس پڑھ کر ان کی حیرت کی کوئی انتہا نہ رہی جب انہوں نے دیکھا کہ رپورٹ اس کی تعریفوں سے بھری پڑی ہے۔ طارق جیسا ذہین بچہ میں نے آج تک نہیں دیکھا۔ انتہائی حساس بچہ ہے اور اپنے دوستوں اور ٹیچر سے بے حد لگاؤ رکھتا ہے۔

آخری سمسٹر میں بھی طارق نے پہلی پوزیشن حاصل کر لی ہے۔ مس عائشہ نے غیر یقینی کی حالت میں چوتھی کلاس کی رپورٹ کھولی۔ طارق نے اپنی ماں کی بیماری کا بے حد اثر لیا ہے۔ اس کی توجہ پڑھائی سے ہٹ رہی ہے۔ طارق کی ماں کو آخری اسٹیج کا کینسر تشخیص ہوا ہے۔ گھر پر اس کا اور کوئی خیال رکھنے والا نہیں جس کا گہرا اثر اس کی پڑھائی پر پڑا ہے۔

طارق کی ماں مر چکی ہے اور اس کے ساتھ ہی طارق کی زندگی کی رمق بھی۔ اسے بچانا پڑے گا، اس سے پہلے کہ بہت دیر ہو جائے۔ مس عائشہ پر لرزہ طاری ہو گیا۔ کانپتے ہاتھوں سے انہوں نے پروگریس رپورٹ بند کی۔ آنسو ان کی آنکھوں سے ایک کے بعد ایک گرنے لگے۔ اگلے دن جب مس عائشہ کلاس میں داخل ہوئیں تو انہوں نے اپنی عادت مستمرہ کے مطابق اپنا روایتی جملہ ''آئی لو یو آل'' دہرایا۔ مگر وہ جانتی تھیں کہ وہ آج بھی جھوٹ بول رہی ہیں۔ کیونکہ اس کلاس میں بیٹھے ایک بے ترتیب بالوں والے بچے طارق کے لیے جو محبت وہ آج اپنے دل میں محسوس کر رہی تھیں، وہ کلاس میں بیٹھے اور کسی بچے کے لیے ہو ہی نہیں سکتی تھی۔ لیکچر کے دوران انہوں نے حسب

معمول ایک سوال طارق پر داغا اور ہمیشہ ہی کی طرح طارق نے سر جھکا لیا۔ جب کچھ دیر تک مس عائشہ کی طرف سے کوئی ڈانٹ پھٹکار اور ہم جماعت ساتھیوں کی جانب سے ہنسی کی آواز اس کے کانوں میں نہ پڑی تو اس نے اچھنبے میں سر اٹھا کر ان کی طرف دیکھا۔ خلافِ توقع ان کے ماتھے پر آج بل نہ تھے۔ وہ مسکرا رہی تھیں۔ انہوں نے طارق کو اپنے پاس بلوایا اور اسے سوال کا جواب بتا کر زبردستی دہرانے کے لیے کہا۔

طارق تین چار دفعہ کے اصرار کے بعد آخر بول ہی پڑا۔ اس کے جواب دیتے ہی مس عائشہ نے نہ صرف خود پر جوش انداز میں تالیاں بجائیں بلکہ باقی سب سے بھی بجوائیں۔ پھر تو یہ روز کا معمول بن گیا مس عائشہ ہر سوال کا جواب اسے خود بتاتیں اور پھر اس کی خوب پذیرائی کرتیں۔ ہر اچھی مثال طارق سے منسوب کی جانے لگی۔ رفتہ رفتہ پرانا طارق سکوت کی قبر پھاڑ کر باہر آ گیا۔ اب مس عائشہ کو سوال کے ساتھ جواب بتانے کی ضرورت نہ پڑتی۔ وہ روز بلا نقص جوابات دے کر سب کو متاثر کرتا اور نت نئے سوالات پوچھ کر سب کو حیران بھی۔ اس کے بال اب کسی حد تک سنورے ہوئے ہوتے۔ کپڑے بھی کافی حد تک صاف ہوتے جنہیں شاید وہ خود دھونے لگا تھا۔ دیکھتے ہی دیکھتے سال ختم ہو گیا اور طارق نے دوسری پوزیشن حاصل کر لی۔ الوداعی تقریب میں سب بچے مس عائشہ کے لیے خوبصورت تحفے تحائف لے کر آئے اور مس عائشہ کے ٹیبل پر ڈھیر کرنے لگے۔ ان خوبصورتی سے پیک ہوئے تحائف میں ایک پرانے اخبار میں بدسلیقہ طرز پر پیک ہوا ایک تحفہ بھی پڑا تھا۔ بچے اسے دیکھ کر ہنس پڑے۔ کسی کو جاننے میں دیر نہ لگی کہ تحفے کے نام پر یہ چیز طارق لایا ہوگا۔ مس عائشہ نے تحائف کے اس چھوٹے سے پہاڑ میں سے لپک کر اسے نکالا۔ کھول کر دیکھا تو اس کے اندر ایک لیڈیز پرفیوم کی آدھی استعمال شدہ شیشی اور ایک ہاتھ میں پہننے والا ایک بوسیدہ سا کڑا تھا، جس کے زیادہ تر موتی جھڑ چکے تھے۔ مس عائشہ نے خاموشی کے ساتھ اس پرفیوم کو خود پر چھڑکا اور ہاتھ میں کڑا پہن لیا۔ بچے یہ منظر دیکھ کر حیران رہ گئے۔ خود طارق بھی۔ آخر طارق سے رہا نہ گیا اور مس عائشہ کے قریب آ کر کھڑا ہو گیا۔ کچھ دیر بعد اس نے اٹک اٹک کر مس عائشہ کو بتایا کہ ''آج آپ سے بالکل میری ماں جیسی خوشبو آ رہی ہے''۔

وقت پر لگا کر اڑنے لگا۔ دن ہفتوں، ہفتے مہینوں اور مہینے سال میں بدلتے بھلا کہاں دیر لگتی ہے؟ مگر ہر سال کے اختتام پر مس عائشہ کو طارق کی طرف سے ایک خط باقاعدگی کے ساتھ موصول ہوتا جس میں لکھا ہوتا کہ ''**میں اس سال بہت سارے نئے ٹیچرز سے ملا مگر آپ جیسا کوئی نہیں تھا**''۔ پھر طارق کا سکول ختم ہو گیا اور خطوط کا سلسلہ بھی۔ کئی سال مزید گزرے اور مس عائشہ ریٹائر ہو گئیں۔ ایک دن انہیں اپنی ڈاک میں طارق کا خط ملا جس میں لکھا تھا ''**اس مہینے کے آخر میں میری شادی ہے اور میں آپ کی موجودگی کے سوا شادی کا نہیں سوچ سکتا۔ ایک اور بات میں زندگی میں بہت سارے لوگوں سے مل چکا ہوں، آپ جیسا کوئی نہیں ہے۔ فقط ڈاکٹر طارق**''۔ ساتھ ہی جہاز کا ریٹرن ٹکٹ بھی لفافے میں موجود تھا۔ مس عائشہ خود کو ہرگز نہ روک سکتی تھیں۔ انہوں نے اپنے شوہر سے اجازت لی اور وہ دوسرے شہر کے لئے روانہ ہو گئیں۔ عین شادی کے دن جب وہ شادی کی جگہ پہنچیں تو تھوڑی لیٹ ہو چکی تھیں۔ انہیں لگا کہ تقریب ختم ہو چکی ہوگی۔ مگر یہ دیکھ کر ان کی حیرت کی انتہا نہ رہی کہ شہر کے بڑے بڑے ڈاکٹرز، بزنس مین اور یہاں تک کہ وہاں موجود نکاح خواں بھی اکتایا ہوا کھڑا تھا مگر طارق تقریب کی ادائیگی کے بجائے گیٹ کی طرف ٹکٹکی لگائے ان کی آمد کا منتظر تھا۔ پھر سب نے دیکھا کہ جیسے ہی یہ بوڑھی ٹیچر گیٹ سے داخل ہوئیں، طارق ان کی طرف لپکا اور ان کا وہ ہاتھ پکڑا جس میں انہوں نے اب تک وہ بوسیدہ سا کڑا پہنا ہوا تھا اور انہیں سیدھا سٹیج پر لے گیا۔ مائیک ہاتھ میں پکڑ کر اس نے کچھ یوں اعلان کیا ''**دوستو! آپ سب ہمیشہ مجھ سے میری ماں کے بارے میں پوچھا کرتے تھے اور میں نے سب سے وعدہ کیا تھا کہ جلد آپ سب کو ان سے ملواؤں گا۔ یہ میری ماں ہیں**''۔

عزیز دوستو! اس خوبصورت کہانی کو صرف استاد اور شاگرد کے رشتے سے منسوب کر کے ہی مت سوچیے گا۔ اپنے آس پاس دیکھیے، طارق جیسے کئی پھول مرجھا رہے ہیں جنہیں آپ کی ذرا سی توجہ، محبت اور شفقت نئی زندگی دے سکتی ہے۔

طلسمی جواہرات

عبدالخالق عباس (کراچی)

قارئین کرام! السلام وعلیکم۔ آپ کی خدمت میں بہت سے عمل ونقوش پیش کیے ہیں، جن سے آپ فیضیاب ہوئے۔ آج ایک خاص علم، جو کہ ہر بندہ جاننا چاہتا ہے، جواہرات کے متعلق مثلاً ان کے فائدے کیا ہیں؟ کیا طلسمی ہوتے ہیں؟ اس قسم کے سوالات کرتے ہیں، ان کے بارے میں بتاؤں گا۔ جواہرات، آپ کی سوچ سے کہیں زیادہ سحری وخاص طلسمی اثرات رکھتے ہیں۔ یوں تو پتھروں، نگینوں یا جواہرات کو عمومی خوش قسمتی اور حصولِ دولت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، تاہم ان کا ایک خاص پہلو انسانی صحت اور امراض کی اصلاح ہے، جس کی طرف لوگ کم سوچتے ہیں اور جو زیادہ سوچتے ہیں، وہ مکمل اور صحیح معلومات نہ ملنے کی وجہ سے مایوس ہو جاتے ہیں۔ اور پھر اصل اور نقل جواہرات، نگینوں کی وجہ سے دلچسپی ختم ہو جاتی ہے۔ میں ان تمام وجوہات کو سامنے رکھتے ہوئے مکمل، صحیح اور اصل جواہرات اور نگینوں کا استعمال تحریر کر رہا ہوں۔ قدرت نے اس کائناتی کارخانے میں کوئی شے بلامصرف نہ بنائی ہے۔ ہر شے کا صرف ایک نہیں، لاتعداد مقاماتِ استعمال ہیں۔ سو بظاہر بے جان نظر آنے والے پتھر بھی بے مصرف نہیں۔ یہ فطرت کے امین اور ایک زندہ جنس ہیں۔ پودوں یا انسانوں کی طرح ان کی بڑھوتی یا تولیدی حرکات تو کوئی نہیں ہوتی تاہم ان کے اندر سے نکلنے والی شعاعیں ان کی زندگی کا ناقابل تردید ثبوت ہیں۔ میں جو کچھ لکھ رہا ہوں، اس کو ذہن پہ نقش کرلیں اور آزما کر دیکھیں۔ آپ کے اردگرد ہر شے زندہ ہے، جس کو آپ مردہ خیال کرتے ہیں۔ وہ بھی اس حوالے سے زندہ ہے کہ ایک عالم سے دوسرے عالم، ایک نوع سے دوسری نوع میں تبدیلی کا عمل اس میں جاری وساری ہوتا ہے۔

آپ کے قلم سے جو لفظ لکھا جاتا ہے، آپ کی زبان سے جو حرف نکلتا ہے، یہ بھی زندہ ہے۔ اس کا بھی اثر ہوتا ہے۔ گو یہ الگ بات ہے کہ کسی پر زیادہ، کسی پہ کم یا بظاہر بالکل نہیں۔ تاہم ان کی ارتعاش سے انکار محال ہے۔ آپ کے اردگرد بڑی اشیاء میں سے اور خود انسان میں غیر مرئی لہریں خارج ہو رہی ہیں۔ یہ شعاعیں، یہ ارتعاش، ہم سب کو متاثر کر رہی ہوتی ہیں۔ یورنیم کی شعاعیں کیوں کینسر کر دیتی ہیں؟ کیونکہ بار بار کا ایکسرے کروانا خطرناک اور کینسر کا باعث ہوتا ہے۔ یورنیم فرد سے فاصلے پہ بلکہ دیوار کے پیچھے بھی ہو تو اس کی طاقت ور شعاعیں اپنے خطرناک اثرات سے متاثر کرنے کا باعث بنتی ہیں۔ یہ کیسے ممکن؟ کبھی آپ نے سوچا کہ اگر اس کی لہریں انسان کو منفی طور پر متاثر کر سکتی ہیں تو کیا ایسی بھی لہریں یا ارتعاشی قوتیں ہیں جو انسانی اصلاح اور صحت وتوانائی کا باعث ہوں؟

محترم! بالکل ایسا ہے۔ نیلم، یاقوت، ہیرا، مرجان اور دوسرے ایسے لاتعداد پتھر اپنے اندر ایک خاص ارتعاش یا لہریں لیے ہوئے ہوتے ہیں۔ ان کی موزوں ارتعاش یا لہر کو کنٹرول کرنا صحت کا باعث ہو سکتا ہے۔ مختلف جواہرات سے زمانۂ قدیم سے اب تک زیور، خوبصورتی، روشنی حاصل کرنے، صحت کے حصول کے لیے کشتے، امراض سے نجات کیلئے پتھروں کے سحری استعمال، روحانی ودماغی قوتوں کو بڑھانے اور خوش قسمتی کے حصول جیسے لاتعداد امور میں مدد لی جاتی رہی ہیں۔ آیئے، ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ آپ پتھروں کے سحری اور روحانی اور ان کے رنگوں کے اثرات کے تحت کس طرح مختلف امراض صحت حاصل کر سکتے ہیں۔

ٹھنڈ، سردی، زکام

سردی کے موسم میں ہوا لگنا، نزلہ زکام ہونا، سینہ بند ہونا، نظام تنفس یعنی سانس وغیرہ کے امراض، چھاتی کا متاثر ہونا اور ٹھنڈ کی شدت محسوس کرنا عام ہیں۔ جن کو یہ امراض اکثر پریشان کرتے ہیں یا مستقل ان امراض کا شکار رہتے یا گھر میں کوئی بچہ یا بزرگ ایسا ہے جو ان امراض سے متاثر ہوتا ہو تو دوائی علاج کے ساتھ ساتھ مرجان کا استعمال مفید ثابت ہوگا۔ مرجان کا وزن سات رتی سے کم نہ ہو۔ عمومی طور پر ایسے امراض کی وجہ پیدائشی زائچے میں قمر اور زحل کا متاثر ہونا ہوتا ہے۔ بنیادی طور پر یہ ٹھنڈے کوکب

ہیں، سو یہ جسم میں ٹھنڈ کی زیادتی اور حدت میں کمی لاتے ہیں۔ سومرجان، جو کہ ایک سرخ پتھر ہے، وہ اپنی سرخ اور گرم شعاعوں کی بدولت صحت لانے کا باعث بنتا ہے۔ خیال رہے کہ جو لوگ موسم گرما میں سانس اور نزلے، زکام کا شکار ہوں، ان کو مرجان کی بجائے زمرد یا نیلم کا استعمال کرنا چاہیے جبکہ موسم سرما کے مریضوں کے لئے مرجان مؤثر پتھر ہے۔

امراض قلب

دل کے امراض آج کل کثرت سے ہیں۔ گو چھوٹی عمر کے لوگ بھی اس کا شکار ہوتے ہیں تاہم بڑی عمر کے لوگوں کی اکثریت اس موذی مرض میں مبتلا نظر آتی ہے۔ دل کے امراض برج اسد سے منسوب ہیں۔ یوں برج سرطان، دلو اور حوت بھی امراض قلب اور ہارٹ اٹیک کا مظہر ہیں، خصوصاً شمس جب یہاں ہو اور متاثر ہو رہا ہو۔ یوں دل کا فعل کچھ اس طرح کا ہے کہ تمام کواکب کسی نہ کسی طور اس سے منسلک ہو جاتے ہیں۔ مثلاً دیکھیں مریخ خون اور دماغ دل، عطارد دل کی شریانوں سے، زحل دل میں درد وغیرہ سے متعلق ہے۔ زمرد اور حجر القمر مفید ثابت ہوتے ہیں اور یاقوت گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ امراض سے نجات حاصل ہوگی۔

بینائی

بینائی یا دیکھنے کی صلاحیت کے حوالے سے فرد کئی امراض کا شکار رہ سکتا ہیں۔ نظر نہ آنا، کم نظر آنا، بینائی کا ختم ہو جانا عارضی یا مستقل طور پر..... جیسے کہ سفید یا کالے موتیے میں ہوتا ہے اور ایسے ہی دوسرے امراض۔ بہر حال زائچے کا دوسرا گھر فرد کی دائیں آنکھ جبکہ زائچے کا بارہواں گھر بائیں آنکھ کو ظاہر کرتے۔ کوکبی حوالے سے قمر دائیں اور شمس بائیں آنکھ کا مظہر ہے۔ برجی حوالے سے ثور حوت بنتے ہیں۔ زائچے میں جب یہ گھر اور متعلقہ امور متاثر ہو تو بینائی متاثر ہوتی ہے۔ جسمانی علاج کے ساتھ ساتھ یاقوت اور حجر القمر کا استعمال فائدے دے سکتا ہے۔

گنجا پن

گنجا پن ان امراض میں سے ایک ہے، جن کو ناقابلِ علاج خیال کیا جاتا ہے۔ عموماً حجاموں، حکیموں، ڈاکٹروں اور طب جدید میں مختلف ٹانک دستیاب ہیں تاہم اس مرض سے نجات کم ہی خوش نصیبوں کے حصے میں آتی ہے۔ دراصل بال زحل کے تحت آتے ہیں۔ میرے تجربے کے مطابق کوئی معمولی مرض ہی کیوں نہ ہوں، اگر زحل کسی طور پر اس مرض سے متعلق فلکی پوزیشن میں کوئی کردار ادا کر رہا ہو تو پھر مرض کی جڑ تک پہنچنا مشکل اور اس کا جلد خاتمہ ناممکن ہوتا ہے۔ یہی بات یہاں لاگو ہوتی ہے۔ زحل کی براہِ راست شمولیت ایک طویل صبر آزما اور قابلِ تحقیق مرض ''گنجے پن'' کا شکار کر دیتی ہے۔ طبی علاج کے ساتھ ساتھ نیلم اور زمرد کا استعمال بالوں کو طاقت دینے، جڑوں کو مضبوط کرنے، ان کے گرنے کی رفتار کو کنٹرول کرنے اور دوبارہ بڑھوتی کے لیے مفید ہے۔

جنسی کمزوری

اس مرض کی وجوہات طبی بھی ہیں اور نفسیاتی بھی۔ بلحاظِ زائچہ، آٹھواں گھر جنسی امراض و افعال سے منسلک ہے۔ فطری طور پر برج عقرب اور ستارہ مریخ جنسی امور سے متعلق ہیں۔ آٹھویں گھر کا مالک مریخ یا زہرہ اگر زائچے میں زحل یا راہو کے ساتھ نحس نظر ہوں تو فرد کو جنسی لحاظ سے کمزوری اور نامردی کی طرف لے جاتے ہیں۔ اس مرض کے علاج کے لیے زمانہ قدیم سے جدید تک بڑی تحقیق ہوئی ہے۔ امراء اور بدقماش افراد ایسے امراض کے علاج کے لیے بے حد و حساب روپیہ خرچ کرتے آئے ہیں اور یہی بات دوائی سازی کے فن میں ماہرینِ طب کی توجہ کا باعث رہی ہے۔ حکیم، ہومیو، ڈاکٹر، وید، سنیاسی ..... ہر شعبۂ طب کا ماہر اپنے اپنے طور پر اس مرض کی دوائی اور علاج میں مصروف ہیں۔ آپ جو بھی علاج کروائیں، اس کے ساتھ ساتھ مرجان کا استعمال کریں۔ یہ جنسی و مردانہ کمزوری کے امراض میں مؤثر ہوگا۔ اس کے علاوہ امدادی طور پر یاقوت کا استعمال بھی مددگار ہوگا۔

امید ہے آپ تمام جواہرات میں سے کچھ جواہرات کے فائدے یا خوبی سمجھ گئے ہوں گے۔ مجھے اور ادارے کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیں۔

ذہنی عوارضات اور ہمارے غلط تصورات

ڈاکٹر عبدالوہاب یوسف زئی

دنیا بھر میں نفسیاتی امراض کی شرح بہت زیادہ ہے۔ امراض کے کل حجم کا 10 سے 15 حصہ نفسیاتی امراض پر مشتمل ہے اور دنیا میں 10 بڑی بیماریوں میں سے چار نفسیاتی ہیں۔ نفسیاتی بیماریوں کا تناسب ترقی یافتہ ممالک کی نسبت ترقی پذیر ممالک میں زیادہ ہے۔

پاکستان میں بھی نفسیاتی وذہنی امراض کی شرح بہت زیادہ ہے لیکن ہمارے ہاں اس سے بھی بڑا المیہ یہ ہے کہ ہم نے خود ان بیماریوں کے علاج میں بڑی بڑی رکاوٹیں کھڑی کر رکھی ہیں۔ ان کی جڑیں ہمارے معاشرتی رویوں اور ثقافت میں پیوست ہیں جو آج بھی اپنی گرفت مضبوطی سے قائم کیے ہوئے ہیں۔

پاگل نہیں..... ذہنی مریض

ہمارے ہاں یہ رجحان خاصا عام ہے کہ لوگ کسی ذہنی مسئلے یا نفسیاتی بیماری کی صورت میں معالج کے پاس جانے سے کتراتے ہیں اور خاموشی سے اپنا نقصان کرتے رہتے ہیں۔ اس کی سب سے بڑی وجہ بدنامی کا وہ داغ (Stigma) ہے جو اس کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ لوگوں نے نفسیاتی مریضوں کو مختلف خطابات دے رکھے ہیں۔ انہیں ذہنی یا نفسیاتی بیمار کی بجائے پاگل، سائیں، جھلا اور مجذوب وغیرہ کہا جاتا ہے۔ ذہنی مریضوں کو معاشرے کا حصہ نہیں سمجھتا جاتا۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ سائیکاٹرسٹ کے پاس علاج کے لئے نہیں جاتے، اس لئے کہ انہیں پاگل سمجھا جائے گا۔

نفسیاتی امراض..... غلط تصورات

جن لوگوں کو نفسیاتی مریض تسلیم کرلیا جاتا ہے، ان کے متعلق ایسے بہت سے مفروضے ہمارے معاشرے میں عام ہیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ مثال کے طور پر عموماً کہا جاتا ہے کہ نفسیاتی مریض کبھی ٹھیک نہیں ہو سکتے۔ وہ کبھی معاشرے کا حصہ نہیں بن سکتے اور یہ خطرناک لوگ ہوتے ہیں۔ اس کے برعکس حقیقت یہ ہے کہ نارمل لوگ نفسیاتی طور پر بیمار لوگوں کی نسبت 10 گنا زیادہ خطرناک ہوتے ہیں اور مختلف جرائم میں ملوث ہوتے ہیں۔ نفسیاتی بیماریوں کے علاج کے لیے استعمال ہونے والی دواؤں کے متعلق یہ تاثر عام ہے کہ ان میں نشہ ہوتا ہے اور جو شخص ایک دفعہ انہیں لے لے، اسے یہ ساری عمر استعمال کرنا پڑتی ہیں۔

معاشرتی اور ثقافتی اعتقادات

ہمارے کچھ معاشرتی اور ثقافتی اعتقادات ایسے ہیں جو نفسیاتی بیماریوں کے علاج میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ کسی فرد کے ساتھ کوئی نفسیاتی مسئلہ پیش آجائے تو لوگوں کا سب سے پہلے یہی کہنا ہوتا ہے کہ اس میں کے اندر جن آ گیا ہے۔ اس مریض کو گھر والے مزاروں، پیروں، فقیروں اور عاملوں کے پاس لئے پھرتے ہیں اور مسئلہ جوں کا توں رہتا ہے۔

عامل لوگ مریضوں کی تکلیف میں مزید اضافہ کرتے ہیں۔ جن نکالنے کے لئے انہیں نہ صرف مارا پیٹا جاتا ہے بلکہ طرح طرح کی اذیتیں بھی دی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر مریض کے ہاتھوں کی انگلیوں کے درمیان لکڑی رکھ کر انہیں زور سے بھینچا جاتا ہے، یہاں تک کہ ان کی انگلیاں فریکچر ہو جاتی ہے۔ انہیں زنجیروں میں جکڑ کر ان کے جسم سے خون نکال دیا جاتا ہے۔ سائیکاٹرسٹ کے پاس آنے والے زیادہ تر مریض پہلے بہت سے عاملوں، پیروں وغیرہ کے پاس ہو کر آئے ہوتے ہیں۔ آخر کار جب کہیں سے کچھ نہیں بنتا تو پھر سائیکاٹرسٹ کا رخ کرتے ہیں اور مزے کی بات یہ ہے کہ وہ ٹھیک بھی ہو جاتے ہیں۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان کا جن آخر کہاں چلا جاتا ہے؟ کیا دواؤں کے استعمال سے جن نکل جاتا ہے؟ اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ جس چیز کو ہم جن کا نام دے دیتے ہیں، وہ اصل میں کوئی نفسیاتی مسئلہ ہوتا ہے۔

ruhaniwazaif.blogspot.com

جنات کا اثر دماغ پر ہی کیوں؟

لوگوں میں نفسیاتی مسائل کے بارے میں آگہی بہت محدود ہے۔ افسوس کی بات تو یہ ہے کہ ہمارے ہاں بہت سے پڑھے لکھے لوگ بھی غلط معاشرتی اور ثقافتی اعتقادات پر یقین رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر اگر کسی لڑکی کے ساتھ کوئی نفسیاتی مسئلہ ہوجائے تو لوگ اس کے مرض کو چھپاتے ہیں اور اس کا علاج کرانے سے کتراتے ہیں کہ کہیں اس کی وجہ سے اس کی شادی میں رکاوٹ نہ پیدا ہوجائے۔ اگر خوش قسمتی سے علاج کرایا جائے تو وہ لوگوں سے چھپ کر کرایا جاتا ہے۔ اس وجہ سے لڑکیاں زیادہ ذہنی دباؤ لینا شروع کردیتی ہیں جو ان کی بیماری کو جلد ٹھیک نہیں ہونے دیتا۔

اگر ہمارا دل، گردہ اور جگر وغیرہ بیمار ہوسکتے ہیں تو کیا دماغ بیمار نہیں ہوسکتا؟ دماغ بھی ہمارے جسم ہی کا ایک حصہ ہے اور جسم کے دوسرے حصوں کی طرح یہ بھی بیمار ہوسکتا ہے۔ ہم جگر یا گردے وغیرہ کے بارے میں بھی کبھی یہ نہیں سوچتے کہ وہ کسی جن یا جادو کی وجہ سے بیمار ہوگیا ہے لیکن بدقسمتی سے جب دماغ کی بیماری کی بات آتی ہے تو ہم اسے کسی جن یا جادو کا اثر سمجھنے لگتے ہیں۔ یہ بات ذہن نشین کرنے کی ضرورت ہے کہ دماغ کا بیمار ہوجانا کسی جن یا جادو ٹونے کی علامت بالکل نہیں ہے۔

نوٹ: نفسیاتی علاج سے وابستہ افراد (سائیکاٹرسٹ یا سائیکالوجسٹ) عموماً جنات اور جادو کے اثرات سے انکاری ہوتے ہیں، جو ایک بہت بڑی غلطی ہے اور بہت ضروری ہے کہ اس کی اصلاح کی جائے۔ ہم نفسیاتی علاج سے انکاری نہیں اور ہماری رائے بھی یہی ہے کہ جادو جنات کے اکثر مریضوں کو نفسیاتی علاج کی ضرورت ہوتی ہے لیکن یہ بات بھی نہیں کہ ہر جادو جنات کا مریض نفسیاتی علاج سے مکمل ٹھیک ہوجاتا ہے۔ ایک اچھا معالج اپنے مریض کی مکمل علامات لے کر صحیح روحانی تشخیص کر کے تین طرح سے جواب دیتا ہے کہ: (۱) فلاں علامات کا تعلق روحانی علاج سے ہے (۲) فلاں علامات کا جسمانی یعنی طبی علاج سے (۳) فلاں علامات کا تعلق نفسیاتی علاج سے ہے۔ اللہ ﷻ ہم سب کو صحیح سمجھ عطا فرمائیں۔ آمین (خ)

مردوں کو دوسروں کی بیویاں کیوں اچھی لگتی ہیں؟

مختار احمد انصاری

میاں بیوی کہیں جا رہے تھے۔ بیوی نے حسبِ معمول نوک پلک سنواری ہوئی تھی اور ٹیکسی کے انتظار میں کھڑے تھے۔ اتنے میں ٹیکسی آئی اور وہ اس میں بیٹھ گئے۔ کچھ دیر بعد ٹیکسی ڈرائیور نے کہا ''اپنی وائف سے کہیں کہ یہ لپ اسٹک کا شیڈ مٹا دیں۔ مجھے اچھا نہیں لگ رہا''۔

یہ سنتے ہی شوہر نے غصے سے ڈرائیور کا گریبان پکڑا اور بولا ''تمہاری ہمت کیسے ہوئی جو تُو نے یہ بات بولی''۔

ڈرائیور نے مسکراتے ہوئے کہا ''بھائی! اگر یہ آپ کے لیے سجی سنوری ہوتی تو گھر میں سجتی۔ یہ تو راستے کے لیے تیار ہوئی ہیں اور راستے کی ہر چیز پر تنقید و پسندیدگی کا اختیار ہر شخص کو ہے''۔

مرد کا غصہ جھاگ کی طرح بیٹھ گیا اور رومال نکال کر بیوی کو دیا اور کہا کہ ''لپ اسٹک صاف کرلو''۔

شاید اس بات میں حقیقت نہ ہو مگر ایک سچائی ضرور ہے۔ عورتیں واقعی اپنے شوہروں کے لیے کم اور لوگوں کے لیے زیادہ تیار ہوتی ہیں۔ کسی تقریب میں جانا ہو تو گھنٹوں سیلون میں لگا دیتی ہیں۔ مگر شوہر کے آنے کا وقت ہو تو کبھی ان کے لیے تیار نہیں ہوتیں۔ صاف کپڑے بھی نہیں بدلتیں۔ صبح سے شام تک ایک ہی لباس میں گھومتی ہیں۔ سر جھاڑ، منہ پھاڑ۔

جبکہ ہمارے مذہب میں زمانۂ جاہلیت کی طرح تیار ہوکر باہر نکلنے سے منع فرمایا گیا ہے۔ یہ نہیں کہا گیا کہ تم اپنے گھروں میں بھی سجا سنورا نہ کرو بلکہ کہا گیا ہے کہ زیبائش شوہر کے لیے ہے۔ مگر ہم اس کے برعکس کرتے ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ مردوں کو دوسروں کی بیویاں اور اپنے بچے زیادہ اچھے لگتے ہیں۔

خواتین کے لئے ایک سبق

سید عبدالوہاب شیرازی صاحب

وہ خواتین جو اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور فیصلوں پر کسی بھی طرح راضی ہونے کو تیار نہیں اور اپنے شوہر کے لئے دوسری شادی کے اقدام میں زبردستی رکاوٹ بنتی ہیں انہیں یہ سوچنا چاہئے کہ جس اللہ نے مرد کو چار شادیوں کا اختیار دیا ہے، اسے اس بات کی بھی تو قدرت وطاقت ہے کہ وہ آپ کے شوہر کو موت دے کر آپ کو شوہر اور آپ کے بچوں کو ہمیشہ کے لئے باپ کی نعمت سے محروم کردے اور پھر آپ بقیہ ساری عمر نکاح سے محروم اسی بیوگی کی حالت میں زندگی گزارنے پر مجبور ہو جائیں جس حالت سے نامعلوم کتنی خواتین گزر رہی ہیں، جیسی محبت اور جس قسم کا تحفظ اپنی زوجہ کو شوہر دے سکتا ہے اس کا متبادل کوئی اور نہیں ہوسکتا۔

لہٰذا اللہ تعالیٰ نے آپ کے شوہر کو اگر ایک سے زائد نکاح کا اختیار دیا ہے تو شریعت کا آپ سے یہ مطالبہ تو نہیں کہ آپ خود سے اپنے شوہر کو دوسری شادی پر آمادہ کریں، کسی عورت کے لئے یہ کام خصوصا اس زمانے میں تو بہت ہی حوصلے کا کام ہے، چنانچہ شریعت آپ سے یہ مطالبہ نہیں کرتی کہ آپ اپنے شوہر کو از خود دوسری شادی پر تیار کریں اور نہ یہ مطالبہ کرتی ہے کہ شوہر اگر دوسری شادی کرنا چاہ رہا ہو تو آپ کو کوئی تکلیف ہی نہ ہو اور نہ ہی کسی تکلیف کا اظہار کریں یہ سب باتیں عموما عورت کی طاقت ووسعت سے بالاتر ہیں اور شریعت کسی ایسے کام کا عورت کو مکلف نہیں بنا سکتی کہ جس پر عمل اس کے لئے بہت ہی مشکل ہو۔

مگر شریعت آپ سے صرف یہ مطالبہ کرتی ہے کہ شوہر کی دوسری شادی کے ارادے کا سنتے ہی طلاق کے مطالبے کی دھمکیاں، والدین کے گھر جا بیٹھے رہنے کی دھمکیاں اور ایسے ہنگامے اور فتنے برپا کرنا کہ شوہر آپ کی طرف سے پیدا کردہ ان فتنوں کے باعث ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہو جائے، ایسے فتنے برپا کرنا اور سوکن کو کسی بھی طرح قبول نہ کرتے ہوئے گھر کو لڑائیوں سے معمور جہنم کدہ بنا کر اپنے شوہر کو معاشرے میں ایسا عبرت کا نشان بنا کر رکھ دینا کہ مزید کسی شریف آدمی کا اگر دوسری شادی کا ارادہ ہو تو وہ ایسے شخص کے حالات سن کر اور دیکھ کر اس اقدام کے نام سے بھی ہانپنا اور کانپنا شروع کردے، ایسا عمل اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نا صرف یہ کہ بہت بڑی نافرمانی ہے بلکہ اپنی ان مسلمان بہنوں کی بھی بہت بڑی حق تلفی اور ان پر بھی بہت بڑے ظلم کے مترادف ہے کہ جن خواتین کو ان ہنگاموں کے باعث ساری عمر ازدواجی زندگی سے محروم زندگی گزارنا پڑتی ہے۔

بقیہ : پیٹ کی چربی کم کرنے کے 8 گھریلو نسخے

کر آپ اسمارٹ رہیں گے۔

مصالحوں کا مناسب استعمال

برصغیر پاک وہند کے مصالحے جادوئی خواص رکھتے ہیں۔ دارچینی بلڈ پریشر اور شوگر میں مفید ہے تو ہلدی اینٹی آکسیڈنٹ اجزا سے بھرپور ہے۔ کالی مرچ، دھنیا، ادرک اور میتھی کے فائدے بھی اب ڈھکے چھپے نہیں رہے۔ ان سب کا مناسب استعمال آپ کے خون میں شکر کی مقدار کنٹرول میں رکھتا ہے اور موٹاپے کو بھی پرے رکھتا ہے۔

ذہنی ونفسیاتی مسائل کا علاج جلد کروائیں

جادو، جنات کے مریض عموماً نفسیاتی مریض بن جاتے ہیں، جن کا علاج نہ کیا جائے تو مریض یہی سمجھتا ہے کہ جادو یا جنات کا اثر ختم نہیں ہوا۔ ان امراض کا علاج جلد کروانا چاہئے اور غفلت نہیں کرنی چاہئے۔ ٹینشن، ڈپریشن، ہر قسم کا خوف، مایوسی، غصہ کی زیادتی، شک، وہم، گھبراہٹ، خیالات کا ہجوم، لوگوں میں گھبراہٹ، اکیلے رہنے کی خواہش، احساسِ کمتری، خود اعتمادی کی کمی، تشویش وغیرہ جیسے امراض کے علاج کے لئے رابطہ فرمائیں۔

مطب العارف

0300-4686217, 042-35410586

darulamal.org/matabalaarif

جنلگو سیریبرل ٹانک

کینٹ ہومیو پیتھک فارمیسی (کراچی)

کیپسولز.....سیرپ (نارمل اور شوگر فری)

ذہنی، نفسیاتی اور دماغی عوارض کے لیے بہت مفید ہے۔ خاص طور پر جن کیفیات میں مؤثر ہے، ان میں دماغی بے سکونی، ذہنی الجھاؤ، بلاسبب خوف و پریشانی، چکر آنا، دماغی دباؤ، افسردگی، پژمردگی، سستی، بے چینی، کھنچاؤ اور نیند کا نہ آنا شامل ہیں۔

جادو اور جنات سے متاثرہ مریض عموماً ذہنی عوارضات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ روحانی اثرات ختم بھی ہو جائیں مگر ذہنی علامات ختم نہیں ہوتیں اور مریض یہی سمجھتا ہے کہ ''میں ٹھیک نہیں ہوا''۔ عاملین حضرات اپنے مریضوں کو اعتماد سے استعمال کروائیں۔

پیکنگ: 30 کیپسول، سیرپ (250ml)

قیمت: کیپسول 162 روپے | سیرپ: 162 روپے

قیمت برائے ممبران خزینۂ روحانیات:

کیپسول: 140 روپے | سیرپ: 140 روپے

BIO MAG (Lehning, France)

بایومیگ کا فارمولا ہزاروں افراد پر آزمائش اور کئی برسوں کے طبی مشاہدہ کے بعد ترتیب دیا گیا ہے جو تھکاوٹ کا احساس اور اعصابی گھبراہٹ دور کرتا ہے، جنسی اعضاء کی فعلی خرابی کو دور کرتا ہے، پڑھنے والے بچوں میں ذہنی قوت بڑھاتا ہے، یادداشت اور ذہن کو مرکوز رکھنے کی صلاحیت بڑھاتا ہے، دماغ کے پیدائشی غیر معیاری پن کو دور کرتا ہے۔

وہ مستورات جو بچوں کو پالتی اور دودھ پلاتی ہوں، وہ حضرات جو کاروباری یا بنیادی تفکرات سے سوکھ کر کانٹا ہو گئے ہوں، وہ مستورات و مرد جو کثرتِ مباشرت سے اپنے آپ کو تباہ کر چکے ہوں، وہ بچے جو دانت نکال رہے ہوں اور جن کی ہڈیاں غیر نشوونما یافتہ ہوں، وہ لوگ جن کا دماغ ماؤف، حافظہ کمزور، لاغر اور کاہل الوجود ہوں..... ان کے لیے بہت مفید ہے۔

بایومیگ متعدد بیماریوں کے لیے حفاظتی یا مدافعتی دوائی کے طور پر کام کرتی ہے اور عضلات اور پٹھوں پر خاص طور پر اثر کرتی ہے۔ عضلات کی بے حسی، فالج و رعشہ کے لیے اس کا استعمال بہت پُرتاثیر ہے۔ جلد پر بھی اس دوا کا فائدہ مند اثر ہوتا ہے۔ الرجی، پرانے داد، کھجلی، مسہ، گومڑ، غائب ہو جاتے ہیں۔ ٹوٹتے ہوئے خستہ ناخن درست ہو جاتے ہیں اور بال افزائش پذیر ہوتے ہیں۔ نظام ہضم کے اعضاء، جگر، معدہ و آنتوں کی رطوبات میں اضافہ کرتا ہے، جس سے نظامِ ہاضمہ بہتر ہوتا ہے۔ نیز قبض یا دست کی صورت میں یہ پاخانہ کو اعتدال پر لاتی ہے جو عموماً نظام ہاضمہ کی خرابی کی بناء پر ہوتے ہیں۔ چنانچہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ دوا لوگوں کے لیے ایک نعمتِ غیر مترقبہ سے کم نہیں۔

قیمت: 490 روپے | برائے ممبران خزینۂ روحانیات: 440 روپے

Vita C-15 (Dr. Reckeweg & Co., Germany)

اعصابی کمزوری، دباؤ، سردرد، دل کے امراض، یادداشت کی کمزوری، ملازمت کی ڈیڈ لائنز، بے خوابی، ڈپریشن، کارکردگی، تھکاوٹ، اداسی وغیرہ جیسے مسائل کی وجہ سے آج کا انسان بہت زیادہ ذہنی دباؤ کا شکار ہے۔

دباؤ چاہے ذہنی ہو یا جسمانی، آپ کی زندگی تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ یا تو دباؤ کے سامنے ہتھیار ڈال دیں یا پھر اپنی زندگی کی کمان سنبھال لیں۔

خواتین اور حضرات..... دونوں کے لیے ذہنی دباؤ سے نجات دلانے (Stress Releiver) کی انتہائی مفید اور محفوظ دوا ہے۔

قیمت: 775 روپے | برائے ممبران خزینۂ روحانیات: 700 روپے

رابطہ
مطب العارف، دارالعمل چشتیہ، لاہور
042-35410586, 0307-5525103
darulamal.org/matabalaarif
matabalaarif@gmail.com

پیٹ کی چربی کم کرنے کے 8 گھریلو نسخے

انتخاب: اُمِّ نافع

ہوش ربا تیز رفتار زندگی ، فاسٹ فوڈ اور ورزش کی کمی کا نتیجہ پیٹ کی چربی کی صورت میں نکلتا ہے اور اس سے نہ صرف انسان بدہیئت لگتا ہے بلکہ بڑھا ہوا پیٹ امراضِ قلب، بلڈ پریشر اور دیگر کئی امراض کا پیش خیمہ بھی ہوسکتا ہے۔

طبِ مشرق اور آیورویدک طریقہ علاج میں بڑھتے ہوئے پیٹ کو کم کرنے کی کئی تدابیر موجود ہیں، جن پر عمل کرکے پیٹ اور سینے کو ایک حد تک ایک ہی سطح پر لایا جاسکتا ہے لیکن اس میں مستقل مزاجی اور صبر کی ضرورت ہے کیونکہ پیٹ نہ ایک ہفتے میں بڑھتا ہے اور نہ ہی ایک ہفتے میں کم کیا جاسکتا ہے۔اس کے لیے طبِ مشرق کی یہ 8 تدابیر بہت فائدہ مند ہوسکتی ہیں۔

دن کی ابتدا لیموں کے رس سے کریں

اپنے دن کی شروعات لیموں کے رس سے کیجئے۔ایک گلاس نیم گرم پانی میں لیموں کا رس شامل کرکے چٹکی بھر نمک ڈالیے اور پی جایئے۔ اس کا روزانہ استعمال نہ صرف آپ کے جسمانی افعال کو بہتر رکھتا ہے بلکہ رفتہ رفتہ بڑھے پیٹ کو کم کرتا ہے۔

سفید چاول سے اجتناب

سفید چاول کا استعمال کم کردیجئے اور اس کی جگہ بھورا چاول زیادہ مفید رہے گا۔اس کے علاوہ براؤن بریڈ، جو، اور دلیے وغیرہ کو اپنی غذا کا حصہ بنایئے جس سے فائبر کی کمی دور ہوگی اور دوسری جانب جربی گھلانے میں بھی مدد ملے گی۔

مٹھاس کو خدا حافظ

شکر اور اس سے بنی اشیا کا استعمال بند کرنا اگرچہ مشکل ہے لیکن اس سے پرہیز بہت ضروری ہے۔ یاد رہے کہ سافٹ ڈرنکس بھی انہی میں شامل ہیں جو اپنے اندر بہت چینی رکھتی ہیں۔ دوسری جانب شکر والے مشروبات میں تیل موجود ہوتا ہے جو پیٹ اور رانوں سمیت جسم میں کئی مقامات پر چربی بڑھاتا ہے۔

پانی کا زیادہ استعمال

اگر آپ کمر کی چوڑائی کم کرنے میں سنجیدہ ہیں تو زیادہ پانی پینا بھی اس کا ایک بہترین ٹوٹکا ہے۔ پانی خون میں شامل ہوتا ہے اور چکنائی کے سالمات کو گھلاتا ہے۔ جب کہ زیادہ پانی پینے سے بدن کے زہریلے مرکبات خارج ہوتے رہتے ہیں۔

نہار منہ لہسن کا استعمال

ہر صبح دیسی لہسن کا ایک یا دو جوکھانا بہت مفید ہوتا ہے۔ اگر لہسن کا جو چھیل کر اسے چمچے سے پیس کر کھایا جائے اور ساتھ ہی اس پر لیموں کا پانی پی لیا جائے تو ایک جانب تو خون کی روانی بہتر ہوتی ہے اور دوسری جانب پیٹ کی چربی کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔

گوشت کھاتے رہیں

پیٹ کم کرنے کے لیے مکمل سبزی خور بننا درست نہیں کیونکہ گوشت میں موجود کچھ اہم اجزا کا متبادل بھی گوشت ہی ہے۔ مرغی اور مچھلی کا استعمال زیادہ مناسب رہے گا۔

تازہ سبزیوں اور پھلوں کا استعمال

سبزیوں اور پھلوں کا استعمال بڑھانے سے پورے جسم کو فائدہ ہوتا ہے۔ اسی لیے ہر موسم کی سبزی اور پھل کو اپنی خوراک کا حصہ بنایئے۔ ان میں موجود وٹامن، معدنیات اور اینٹی آکسیڈنٹس آپ کو تر و تازہ رکھتے ہوئے غذا کی کمی کو پورا کرتی ہے اور روغنی غذاؤں سے دور رہ (بقیہ ص 55)

قبض "ام الامراض"

حکیم شجاع احمد طاہر (ڈیرہ غازی خان)

قبض ایک ایسی نہ نظر آنے والی مرض ہے جو بظاہر معمولی مگر اپنے ساتھ بے پناہ امراض پیدا کرتی ہے۔ بقول اطباء کرام، قبض ''اُم الامراض'' یعنی ''بیماریوں کی ماں'' ہے۔ قبض کی وجہ سے دردِ سر، نزلہ اور زکام، ضعفِ بصارت یعنی نظر کی کمزوری، دل کی گھبراہٹ، بھوک کی کمی، بواسیر جیسی موذی مرض، موٹاپا، عصر حاضر کی خطرناک بیماری ہائی بلڈ پریشر، نیند نہ آنا یا نیند میں گھبرا کر اُٹھ بیٹھنا۔ حتیٰ کہ امراضِ گردہ، طحال، پتہ، جگر تک اس مرض سے پیدا ہوتے ہیں۔ اکثر اوقات بچوں کو بخار بھی قبض کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اس لیے ہمیں چاہئے کہ اس مرض کو معمولی نہ سمجھیں بلکہ احتیاطی تدابیر کے ساتھ مستقل علاج کیا جائے۔ قبض کے پیدا کرنے میں زیادہ تر چائے، کوک، حقہ، سگریٹ کی زیادتی، نشہ آور یا سکون آور ادویہ کا مسلسل استعمال، گوشت کا بکثرت کھانا، ہوٹلوں کا بھُنا یا ثقیل سالن کا استعمال، زیادہ بیٹھنا، دماغی محنت کا کام، میدہ یا زیادہ باریک آٹے کی روٹی کھانا، گھی اور دودھ کا استعمال نہ کرنے کی وجہ سے انتڑیاں خشک ہو کر اس کا سبب بنتی ہیں۔ قبض کی عام علامات میں رفع حاجت کے وقت زیادہ دیر لگتی ہے۔ زور لگا لگا کر بمشکل خشک سا پاخانہ نکلتا ہے۔ بعض اشخاص کے چہرے سرخ ہو جاتے ہیں۔ دائمی قبض والوں کے چہرے ہمیشہ بھر بھراہٹ والے ہوتے ہیں۔ شدید قبض اور خشکی کی وجہ سے بوقت اجابت خون نکل آتا ہے۔ اقسام قبض کے لحاظ سے اس کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔

اول: اتفاقی یا عارضی اور دوم: قسم عادتی یا دائمی کہلاتی ہے۔

اتفاقی یا عارضی قبض سے مراد آپ کو ہمیشہ وقت پر پاخانہ آتا ہو مگر کہیں دعوت میں کھانے پینے کی بے قاعدگی یا مسلسل بیٹھ کر سفر کرنا، دوران سفر کثرت سے چائے پینا وغیرہ، ایسے اقدام سے عارضی قبض ہو جاتی ہے۔ جب آدمی اپنے معمولات کے مطابق گزر بسر کرنے لگتا ہے، قبض ختم ہو جاتی ہے۔ یا کسی بھی ہلکی قبض کشاء دوا یا سبزی وغیرہ یا فروٹ کھانے سے قبض ختم ہو جاتی ہے۔ عارضی قبض والے مریض کو اپنے روزمرہ کے معمولات پر غور کرنا چاہئے کہ اس سے کیا غلطی ہوئی؟ اس کو دور کرے۔ گلقند 20 گرام، سونف 5 گرام ملا کر سوتے وقت ہمراہ نیم گرم دودھ پی لیں۔ صبح کھل کر اجابت آئے گی۔ ان شاء اللہ، طبیعت بحال ہوگی۔

دائمی قبض والے حضرات اپنے تمام روزمرہ کام، اٹھنا، بیٹھنا، سونا، جاگنا، کھانا، پینا وغیرہ..... خود دیکھیں اور محسوس کریں کہ کس وجہ سے یہ بیماری پیچھا نہیں چھوڑ رہی؟

کچھ حضرات بلکہ خواتین میں بھی اب تو یہ فیشن بن چکا کہ صبح سویرے بستر پر لیٹے لیٹے چائے کا کپ پیا جاتا ہے۔ بعد میں سگریٹ پی جا رہی ہے۔ یہ طریقہ انتہائی غلط اور نقصان دہ ہے جو کہ قبض کے علاوہ بے شمار امراض کا باعث بنتا ہے۔ ایسے مرد و خواتین ہمیشہ بجھے بجھے چہرے کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں۔

عارضی قبض والے اصحاب بھی غذائی احتیاط ہمیشہ رکھیں۔ غذا کو جب بھی کھائیں، بہت آہستہ آہستہ اور چبا کر کھائیں تاکہ لعاب دہن زیادہ سے زیادہ غذا میں شامل ہو جائے۔ اس طرح غذا زود ہضم اور قبض کشاء ہو جاتی ہے۔ زیادہ چٹ پٹی اور مسالہ دار اغذیہ سے پرہیز کیا جائے۔ کھانے میں سلاد کا استعمال ضرور رکھیں۔ سلاد میں تمام تازہ اور موسم کے مطابق سبزیاں استعمال کریں۔ حاملہ خواتین خاص طور پر اپنی غذا کا خیال کریں۔ کھانا کھانے کے بعد سو جانا قبض کا باعث بنتا ہے۔ خوراک میں تازہ سبزی، فروٹ، دودھ کا استعمال قبض سے بچاتا ہے۔ حاملہ خواتین زیادہ قبض کشاء ادویہ مت استعمال کریں۔ قبض کی صورت میں تازہ گلقند، سونف ملا کر نیم گرم دودھ سے کھائیں۔ زیادہ قبض کی صورت میں بادام روغن 20 گرام تک ایک وقت میں لیا جا سکتا ہے۔ دائمی قبض والے خواتین و حضرات ہمیشہ بلا چھانے آٹے کی روٹی کھائیں۔ اس سے آنتوں کی حرکت اخراجی تیز ہو جاتی ہے۔ قبض کو دور کرنا اس کا پہلا کام ہے۔ یہ بطور دوا ایسا کام کرتی ہے کہ بڑی سے بڑی قبض کشاء دوا بھی اس کے مقابلے میں ہیچ ہے۔ اب جبکہ سفید

goo.gl/nCW8XB علمائے کرام اور مفتیانِ عظام کیلئے مفت خدمات

اور باریک آٹے کا رواج عام ہو چکا ہے اور معدہ کی اہم بیماری قبض اس کا بنیادی سبب بن رہا ہے تو کاروباری طبی ذہن نے چھان یعنی آٹے کے بور کو صاف کر کے کلر دے کر بطور دوا میڈیسن مارکیٹ میں پیش کیا۔ آج کل جدید ڈاکٹر اس کو اپنے نسخے میں تجویز کر کے ماہر علاج کہلا رہا ہے۔ اس لیے بہنوں سے خاص طور پر درخواست ہے کہ وہ چھان کو ضائع مت کریں۔ اس کو آٹے کے ہمراہ پکائیں اور پھر اس کے فوائد دیکھیں۔

بعض لوگوں کو کھانے کے دوران یا کھانے کے بعد پانی زیادہ پینے کی عادت ہوتی ہے۔ وہ یہ عادت ترک کر دیں۔ پانی ہمیشہ سنت رسول ﷺ کے مطابق کھانے سے پہلے یا کھانے کے دوران پئیں۔ بعد میں پانی پینا نقصان دہ ہے۔ زیادہ سرد پانی پینا بھی قبض کرتا ہے۔ اس لیے پانی ہلکا ٹھنڈا استعمال کریں۔ بعض اطباء کرام فرماتے ہیں کہ صبح سویرے نہار منہ پانی پینا معدہ کیلئے مفید ہے۔ اکثر لوگ اس پر عمل بھی کرتے ہیں اور فائدہ اٹھاتے ہیں۔ بعض اوقات مسلسل خشک اغذیہ کھانے سے قبض ہو جاتی ہے۔ ایسی صورت میں مکھن کا استعمال فائدہ مند ہے۔

قبض والے اور خرابی معدہ کے مریض ہمیشہ زیادہ سے زیادہ کچی سبزیاں استعمال کرتے رہیں۔ جہاں جہاں پپیتہ دستیاب ہے، وہ لوگ استعمال کریں۔ پپیتہ معدہ کیلئے انتہائی مفید اور اعلیٰ قبض کشاء ہے۔ اسی طرح خربوزہ، بڑا انگور، انار، گنڈیری، گنا وغیرہ بھی مفید ہے۔ علاج کی صورت میں کئی معالجین حضرات نے قبض کیلئے جُلاب آور ادویہ کو آبِ حیات سمجھا ہوا ہے۔ جہاں معمولی تکلیف والا مریض آیا، فوراً جلاب دے دیا۔ یہ طریقہ انتہائی غلط اور نقصان دہ ہے۔ کبھی بھی معمولی بیماری میں جلاب نہ دیں۔ اگر کسی وجہ سے جلاب لینا ضروری ہو تو طبی اصول کے مطابق جلاب سے پہلے کم از کم تین یوم اور کم از کم 8 دس روز بعد تک نرم غذا کھائیں۔ اصولاً جلاب کے بعد سونا نہیں چاہئے ورنہ جلاب ہضم ہو کر الٹا نقصان دہ ثابت ہو گا۔ قبض سے چھٹکارے کیلئے ویسے تو ہر طبیب ادویات بناتا اور مریضوں کو دیتا ہے۔ چند نسخہ جات نظرِ قارئین ہیں۔ بنائیں اور امراض معدہ دائمی قبض وغیرہ پر استعمال کریں۔ ان شاء اللہ مفید ثابت ہونگیں۔

سفوف قبض کشاء

ھوالشافی: انار دانہ 50 گرام۔ زنجبیل 75 گرام۔ زیرہ سفید 75 گرام۔ زیرہ سیاہ 20 گرام۔ تروی 20 گرام۔ ساق دانہ 20 گرام۔ پوست ہلیلہ زرد 20 گرام۔ بیڑہ 20 گرام۔ نمک لاہوری 400 گرام۔ تمام ادویات کو چھان کر سفوف بنالیں۔ بالکل باریک سفوف الگ ڈبی میں (بند ڈھکن دار) میں رکھیں۔ موٹا در دارا سفوف الگ ڈبی میں رکھیں۔ اب آپ اس ایک دوا سے دو کام لے سکتے ہیں۔ زیادہ باریک سفوف ایک گرام تا تین گرام استعمال کرنے سے دست بند ہوں گے۔ موٹا سفوف چھ گرام استعمال کرنے سے قبض دور ہو گی۔ بدہضمی ختم کر کے معدہ کو طاقت دے گی۔ درد پیٹ وغیرہ کیلئے مفید ہے۔

مطب میں ہمیشہ رکھنے کا نسخہ

مطب میں ہمیشہ رکھنے کا نسخہ ہے۔ عام لوگ بھی بنا کر استفادہ کریں۔ پرانے قبض والے مریض جن کے معدہ میں خشکی زیادہ ہو، ہمیشہ زور لگانے سے چند سُدے آ کر پیٹ میں مروڑ ہو اور طبیعت بے چین رہتی ہو، کئی بار جلاب کرنے کے باوجود قبض ختم نہ ہوتی ہو۔ وہ اصحاب مندرجہ خوش ذائقہ مرکب تیار کر کے استعمال کریں۔ ان شاء اللہ افاقہ ہو گا۔ سدے خارج کر کے مستقل قبض ختم کرے گا۔ اجابت با آسانی ہو گی۔

ھوالشافی: منقیٰ 100 گرام، گلقند تازہ 200 گرام، سناء مکی (صرف پتے) 50 گرام، جلاپہ ھریڑ 10 گرام، روغن بادام خالص 50 گرام، گری بادام 50 گرام۔ تمام ادویہ علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر رگڑنے والے اجزاء رگڑ کر مکس کریں اور محفوظ برتن میں رکھیں۔ روزانہ سوتے وقت 10 گرام تک ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

شربت قبض کشاء

یہ شربت قبض کیلئے بہترین اور جامع اجزاء پر مشتمل ہے۔ قبض ختم کرتا ہے۔ سختی معدہ دور کرتا ہے۔ آنتیں اپنا کام ٹھیک کرتی ہیں۔

ھوالشافی: گل بنفشہ، گل سرخ، گاؤ زبان، آلو بخارا ہر ایک 50 گرام،

املی 100 گرام۔ رات کو ½-1 کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح ہلکا سا ابال دے کر چھان لیں۔ صاف پانی چھنا ہوا لے کر دو کلو چینی میں شربت پکائیں۔ تیار ہونے پر ٹھنڈا کر کے بوتل میں محفوظ رکھیں۔ صبح، شام 50 گرام تک ہمراہ تازہ پانی پئیں۔

قبض کے علاوہ معدہ کی گرمی، حدت جگر ختم کر کے ہاتھ پاؤں کی جلن دور کرتا ہے۔ عمومی قبض والے حضرات دونوں وقت بعد غذا انجیر 2+2 دانے کھاتے رہیں۔ قبض کے ساتھ تیزابیت والے اصحاب کھانے کے دوران جب ½ کھانا کھا چکے تو اسبغول سبوس ایک چمچ چاول والا کھالیں۔ بعد میں بقایا کھانا کھائیں۔

تیزابیت کا خاتمہ کر کے غذا ہضم کرتا ہے اور قبض کو ختم کرتا ہے۔ جن کو مروڑ کے ساتھ دست آتے ہوں اور قبض بھی رہتی ہو، وہ لوگ مندرجہ ذیل مرکب بنا کر رکھیں۔ رُکے اور سڑے ہوئے پاخانہ کو نکالتا ہے۔ دائمی اور عارضی قبض کو ختم کرتا ہے۔

ھوالشافی: اسبغول ثابت 50 گرام، تخم بالنگو 50 گرام، تخم ریحان 50 گرام، ہرسہ تخم بغیر کوٹے اکٹھے کر کے رکھیں۔ صبح وشام 1+1 چمچہ ہمراہ پانی استعمال کریں۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

سربند ادویات میں قبض والے مریض جوارش سفرجلی مسہل 1+1 چمچہ یا جوارش کمونی مسہل 1+1 چمچہ بعد غذا کھائیں۔ حب تنکار قرابادین کا معروف نسخہ ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ بڑھے ہوئے پیٹ کو ختم کرتا ہے۔

ان کو اپنے گھر، بال بچے، کاروبار اور اپنی ذات کو جادو، جنات، نظرِ بد وغیرہ سے پاک کرنے کے انتہائی آسان طریقے بتائے گئے۔ اس بات کی اہمیت بھی اُجاگر کی گئی کہ اگر آپ یا آپ کے اردگرد کے لوگ اور مقامات روحانی طور پر پاک وصاف نہیں ہوں گے تو آپ کی چلہ کشی، ریاضت، محنت و علاج معالجہ سمیت کوئی بھی چیز خاطر خواہ نتائج پیدا کرنے میں ناکام رہے گی۔

آخر میں بندہ ناچیز حضرت مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب کا مشکور ہے جن کی انتھک کوششوں سے اجتماع کامیاب ہوا، جن کی قربانی کی یہ سطح کہ خود اعمال ترک کر کے خدمت میں نا صرف شامل ہوئے بلکہ اپنے اہل خانہ اور بچوں کو بھی خدمت سے مشرف فرمایا۔

اجتماع کی اختتامی نشست میں حضرت خالد مقبول صاحب نے نصائح اور عملیات کے نشیب وفراز سے آگاہ فرمایا۔ شرکاء اجتماع کی دستار بندی اور اختتامی دُعا حضرت قبلہ نعیم اللہ فاروقی صاحب (خلیفہ مجاز حضرت غلام حبیب صاحبؒ) نے فرمائی۔

روحانی و مخفی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دارالعمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786

حضرت ڈاکٹر عبدالرحیم رندکی مشہور و معروف محققانہ کتب جو پشاور سے کراچی تک مقبول ہیں

نمبر شمار	کتاب	قیمت
1	رحیم الحفر (حصہ اول) جفر سکھانے والی کتاب	400
2	رحیم الحفر (حصہ دوئم) کئی سوال حل کئے گئے ہیں	300
3	رحیم الحفر (حصہ سوئم) بہت عمدہ و اعلیٰ کتاب ہے	400
4	رحیم النجوم (حصہ اول) نجوم کے کرشمے	500
5	رحیم النجوم (حصہ دوئم) نجوم سکھانے کے لیے	400
6	رحیم النجوم (حصہ سوئم) اعلیٰ وارفع کتابیں ہیں	400
7	رحیم النجوم (حصہ چہارم) سب کتابیں سوال و جواب	500
8	رحیم النجوم (حصہ پنجم) کی صورت میں لکھی گئی ہیں	500
9	مقام النجوم اثرات النجوم (احکام لگانے کی عمدہ کتابیں ہیں)	400
10	رحیم الطالع (طالع نکالنے کے لیے عمدہ کتاب ہے، مبتدی ایک منٹ میں طالع نکال سکتے ہیں)	400
11	اجتماع سیارگان (سیاروں کے جمع ہونے سے جو اثرات پیدا ہوتے ہیں، اس کی مفصل تشریح پیش کی گئی ہے)	300
12	رحیم الوقتی زائچہ (وقتی زائچہ میں احکام لگانے کے عمدہ طریقے پیش کیے گئے ہیں اور سوال و جواب کی صورت میں لکھی گئی ہے)	500
13	رحیم الرمل (حصہ اول) علم الرمل کے کرشمات ہیں	500
14	رحیم الرمل (حصہ دوئم) سوال و جواب کی صورت میں لکھی گئی ہے	500
15	رحیم الرمل (حصہ سوئم)	500
16	مستحصلات الرمل (رمل سکھانے کی عمدہ کتاب ہے)	400
17	علاج بالرمل (بیماریوں کی تشخیص کی بہترین کتاب ہے)	300
18	رحیم العملیات (حصہ اول) عامل بنانے والی کتابیں ہیں	500
19	رحیم العملیات (حصہ دوئم) عمل آسان اور بہدف ہے	400
20	رحیم العملیات (حصہ سوئم)	400
21	رحیم الاعداد (حصہ اول) اعداد کے اعجاز	500
22	رحیم الاعداد (حصہ دوئم) سوال و جواب کی صورت میں لکھی گئی ہے	400
23	رحیم الاعداد (حصہ سوئم)	400
24	رحیم الاعداد (حصہ چہارم)	500
25	قبض و بواسیر کا مجرب علاج (حصہ اول) موذی مرض کے علاج کے لیے بہترین جسمانی و روحانی علاج ہیں	400
26	حکیم غیب داں کے چار حصے (فی حصہ)	700
27	شوگر کا مؤثر علاج	350
28	دست شفاء (ایک بیماری کے دس علاج، نہایت سہل اور آسان زبان میں لکھی گئی ہے)	350
29	رحیم الدست شناسی (حصہ اول) ہاتھ آپ کے سامنے بولنے لگ گئے ہیں	400
30	رحیم الدست شناسی (حصہ دوئم)	500
31	آؤ نجوم سیکھیں	250

1	مستقبل کا ہاتھ	ڈاکٹر ایم اے قریشی	300
2	پراسرار لکیریں	ڈاکٹر ایم اے قریشی	300
3	ہپناٹزم سے علاج	پروفیسر ارشد جاوید	500
4	ترتیب ہاشمی سے مجموعہ نرالے عملیات و تعویذات	محمد ارشد ہاشمی	400
5	خزینۂ عملیات	سید حفیظ الدین احمد	240
6	کشائش رزق کے مجرب عملیات و تعویذات	حکیم عبدالرؤف	300
7	تحفۂ حُب	حکیم عبدالرؤف	300
8	اصلی عملیات محبت اور شادی	محمد ندیم اسلم	300

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

darulamal.org/free_services

عظیم الشان روح پرور سالانہ نورانی، اصلاحی، تربیتی، عملیاتی اجتماع

10ویں سالانہ اجتماع حزب البحر کی مختصر کارگذاری

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب
(بیدیاں خاص ضلع قصور)

اجتماع مورخہ 6 نومبر بروز اتوار بعد نماز مغرب شروع ہوکر 9 نومبر بروز بدھ بعد نماز مغرب اختتام پذیر ہوا۔ اجتماع میں ساتھیوں نے ملک بھر سے شرکت فرمائی۔ اجتماع ہر طریقے سے پہلے کی طرح بھرپور کامیاب ہوا۔ اس بھرپور کامیابی پر ہم جتنا بھی اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں وہ کم ہے۔

دارالعمل چشتیہ کا یہ سالانہ اجتماع دنیا بھر کے تمام سیاسی، مذہبی، مسلکی، عوامی اجتماعات سے بالکل ہی برعکس ہوتا ہے۔ اس لیے کہ یہ اجتماع خالصتاً عملیاتی، تربیتی، نظریاتی اجتماع ہوتا ہے۔ یہ اجتماع باقی ہر قسم کے اجتماعات سے منفرد اور نرالی شان کا حامل ہوتا ہے۔ باقی اجتماعات کی طرح صرف بندے اکٹھے کرنا، مجمع لگانا، اپنی کثرت دکھانا، ہر ایک کو شرکت کی دعوت دینا، جو بھی آنا چاہے، جب بھی آنا چاہے، جیسے بھی آنا چاہے بس آنے دینا اور پھر کسی نہ کسی پارٹی، شخص، مذہب یا مسلک کے خلاف بیانات اور نعرے اور بہت کچھ کرنا، یہ اجتماع ان ساری نمود و نمائش سے بالکل پاک اور صاف ہوتا ہے۔ اس اجتماع کے قوانین بہت ہی پیارے ہوتے ہیں۔ اس کی پابندیاں بہت ہی عجیب ہوتی ہیں۔ اس کے اصول اور قواعد و ضوابط بہت ہی مثالی ہوتے ہیں۔ اجتماع میں شریک ہونے والے ہر شخص کو 3 روزہ نفلی اعتکاف، 3 دن مسجد کے نورانی، بابرکت ماحول میں رہنا ضروری ہوتا ہے۔ 3 نفلی روزے، تکبیر اولیٰ کی پابندی، تہجد، اشراق، چاشت، اوابین کے نوافل کا اہتمام، ترک حیوانات، جلالی و جمالی پرہیز، اپنے اپنے خیموں کے اندر رہ کر ساری ساری رات اور سارا سارا دن ریاضتی اعمال کرنا، سحری وافطاری کے وقت، نوافل کی ادائیگی اور فرض نماز کی ادائیگی کے بعد رب کے حضور آنسو بہاتے ہوئے مناجات و دعائیں کرنا، اجتماع کے 3 دنوں میں چینی، نمک، تیل کو اپنے خاص کلاموں سے دم کرنا، آخری دن بکروں کی قربانی، کسی بزرگ روحانی پیشوا کا تشریف لانا، تمام شرکاء اجتماع کی دستار بندی، اجتماعی دعا، الوداعی دعوت اس اجتماع کا خاصہ ہیں۔

دوران اجتماع خصوصی لیکچرز کا اہتمام

دارالعمل چشتیہ اور اُستاذ العاملین حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ کا ایک خاص وصف یہ بھی ہے کہ جتنے اعمال ہماری روحانی درسگاہ میں سکھائے جاتے ہیں۔ ان کا مکمل طریقہ استعمال بھی سکھایا جاتا ہے تاکہ ہر طالبِ علم، فنِ عملیات میں ماہر بن سکے۔ دوران اجتماع بھی اس چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے خصوصی لیکچرز ہوئے۔ پہلے دن مولانا علی آفاق صاحب نے تشخیص کے موضوع پر خصوصی لیکچر دیے۔ دوسرے دن سات سلام چہل کاف کی بیاض پر بندہ ناچیز نے تفصیلی گفتگو فرمائی۔ تیسرے دن بانی و سرپرست دارالعمل چشتیہ اُستاذ العاملین حضرت خالد مقبول صاحب نے مفصل و مدلل انداز میں تمام تشنگانِ فنِ عملیات کو خوب سیراب فرمایا۔ استاد جی اکثر فرماتے ہیں کہ ہمارا مقصد ہی عامل کامل بنانا ہے۔ ہر طالب علم کو فنِ عملیات کے تمام نشیب و فراز سمجھانا، اصول و قواعد بتلانا اور فن عملیات پر مکمل عبور رکھنے والے ماہر روحانی معالج پیدا کرنا ہے۔

دارالعمل کے اجتماع کی خاص انفرادیت

صفر المظفر کے مہینہ میں بے شمار جگہوں پر مختلف لوگوں کی طرف سے اجتماعات کا انعقاد ہونا، جن میں دعائے حزب البحر اور دعائے حزب النصر کی زکوٰۃ ادا کروائی جاتی ہے۔ ہمارے اجتماع میں دعائے حزب البحر و حزب النصر کی زکوٰۃ کے علاوہ بے شمار اعمال کی ریاضت بھی کروائی جاتی ہے۔ جن میں باموکل اعمال، غیر باموکل اعمال، فیس اور بغیر فیس والے چھوٹے بڑے بہت سارے اعمال کی ریاضت صرف ان 3 دنوں میں کروائی جاتی ہے، جو کہ اس بڑے پیمانے پر دنیا بھر میں کہیں بھی نہیں کروائی جاتی۔

عوام کیلئے مفت خدمات goo.gl/6XblYT

پیر طریقت رہبر شریعت پیر نعیم اللہ فاروقی صاحب کے ہاتھوں دستار بندی

شرکاء اجتماع کی دستار بندی کیلئے اس مرتبہ مرشد عالم، قطب دوراں، غزالی زماں حضرت پیر غلام حبیب صاحبؒ چکوال شریف والوں کے خلیفۂ مجاز اور پیر جی عبدالرحیم صاحب اور پیر طریقت رہبر شریعت حضرت اقدس پیر ذوالفقار احمد نقشبندی دامت برکاتہم العالیہ کے پیر بھائی، پیر طریقت، رہبر شریعت، ولی کامل حضرت پیر نعیم اللہ صاحب فاروقی نقشبندی تشریف لائے تھے۔ حضرت نے اپنے بابرکت ہاتھوں سے سب کی دستار بندی فرمائی۔

پیر صاحب کی اپنے بڑے پیر صاحب کے متبرک رومال سے استعاد العاملین کی دستار بندی

پیر صاحب نے اپنے شیخ ومربی پیر طریقت، رہبر شریعت، ولی کامل حضرت پیر غلام حبیب صاحب نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کے استعمال یافتہ رومال جو کہ پیر صاحب کے پاس ان کے بزرگوں کی نشانی اور یادگار تھا اور ان کی زندگی کا قیمتی سرمایہ تھا، اس رومال سے استاد العالمین حضرت خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ کی خصوصی دستار بندی فرمائی۔

پیر صاحب کا تازندگی دارالعمل کی سرپرستی کا اعلان

حضرت پیر صاحب نے اپنے خطاب میں دارالعمل چشتیہ کا تازندگی سرپرستی فرمانے کا اعلان اور بھرپور اعتماد کا اظہار فرمادیا۔ اللہ حضرت کا سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین

اجتماع میں آنے کا سب سے بڑا فائدہ

تمام شرکاء اجتماع چونکہ ملک بھر کے تمام صوبوں، تمام ڈویژنوں اور ملک بھر کے تمام اضلاع سے تشریف لاتے ہیں! آپ سب جانتے ہیں کہ جنات کی تعداد انسانوں سے کہیں زیادہ ہے اور دنیا کا کوئی کونہ ایسا نہیں کہ جہاں جنات نہ رہتے ہوں۔ پھر جنات کی مختلف اقسام ہیں، مختلف قومیں اور برادریاں ہیں، مختلف قبیلے اور گروہ ہیں۔ جنات کا تعلق بالکل انسانوں ہی کی طرح مختلف مذاہب اور مختلف مسالک سے بھی ہے۔ مسالک کے بعد جنات کا تعلق مختلف تنظیموں اور مختلف نیٹ ورکوں سے بھی ہے۔

مثلاً عملیات کے اعتبار سے اگر ہم بات کریں تو دنیا بھر میں ہر جگہ پر امنت باللہ کے جنات، سات سلام چہل کاف کے جنات، نورانی مندرے کے جنات، ہر قسم کے چھوٹے بڑے مندروں کے جنات، مختلف ڈنکوں کے جنات، مختلف سورتوں کے جنات، مختلف اعمال کے جنات، ہر شہر ہر بستی ہر گاؤں، ہر دیہات، ہر تحصیل، ہر ضلع، ہر ڈویژن، ہر صوبے میں رہتے ہیں۔ جب ان مختلف صوبوں، ڈویژنوں، اضلاع اور تحصیلوں، شہروں اور دیہاتوں سے آپ آئیں گے تو ظاہر ہے کہ آپ کے متعلقہ مؤکلات وجنات بھی آئیں گے اور جب آپ اجتماع میں آکر اپنی مداومت وغیرہ یا پڑھائی کریں گے تو وہ آپ سے جڑے ہوئے جنات آئیں گے اور دیکھیں گے کہ ہمارے نیٹ ورک، ہماری قوم، ہماری برادری، ہمارے مشن کے باقی جنات اور موکلات بھی آئے ہوئے ہیں تو وہ آپس میں ملیں گے، رابطہ کریں گے، تعلقات بنائیں گے، جیسا کہ ہر ایک کو اپنی برادری، اپنی قوم، اپنا قبیلہ، اپنی ذات، اپنی جماعت، اپنا مشن پیارا ہوتا ہے۔ بالکل اسی طرح جنات کو بھی ہوتا ہے۔ ان کے آپس کے تعلقات سے، ان کے رابطے سے، ان کے متحد ہونے سے، ان کی آپس کی دوستی سے، جہاں ان کو فائدہ ہوگا تو ان سے بڑھ کر کہیں زیادہ اور بہت ہی زیادہ فائدہ عامل کو خود ہوگا کہ اب وہ اپنی جگہ پر بیٹھے بٹھائے پاکستان کے ہر صوبے، ہر ڈویژن، ہر ضلع، ہر تحصیل، ہر شہر، ہر گاؤں، ہر دیہات کے مریضوں کا علاج بخوبی کرسکے گا کیونکہ اس کے موکلات اور جنات کا تعلق وہاں کے مؤکلات وجنات سے اچھی طرح بن چکا ہوگا۔

معذرت نامہ

بندۂ ناچیز محمد سلیم اللہ ظفر پیر طریقت، رہبر شریعت حضرت پیر نعیم اللہ فاروقی دامت برکاتہم، اپنے عزیز از جاں استاد محترم حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ اور تمام شرکاء اجتماع سے دل کی گہرائیوں سے بار بار بلکہ ہزار بار معذرت، معافی چاہتا ہے کہ جو آپ سب کا حق خدمت تھا، وہ بالکل بھی ادا نہیں کرسکا۔ اجتماع کے تمام تر انتظامات کی مصروفیات کی بنا پر اگر کسی بھی ساتھی کو کوئی بھی شکوہ یا شکایت ہو تو اللہ کی رضا کیلئے مجھے معاف کردیا جائے۔ اجتماع کی تمام تر خوبیاں دارالعمل اور حضرت استاد جی کی طرف سے تھیں اور تمام تر کوتاہیوں کا ذمہ دار میں خود اکیلا ہوں۔ چونکہ سب انتظامات میرے ذمہ تھے۔

اولیاء اللہ کی اقسام

صوفی غلام سرور شباب قادری مدظلہٗ (حویلی لکھا)

مستور الحال

بعض اولیاء اللہ ایسے ہیں جن کو ابدال تک بھی نہیں پہچان سکتے ہیں۔ ایسے اولیاء اللہ کو مستور الحال کہا جاتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ:

اِنَّ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَوْلِیَاءَ اَخْفِیَاءَ شُعْثَۃٌ رُؤُسُھُمْ مُغْبَرَّۃٌ وُجُوْھُھُمْ اِذَا اِسْتَاذَنُوْا عَلَی الْاَمْرِ لَمْ یُؤْذَنْ لَھُمْ وَاِذَا غَابُوْا لَمْ یُفْتَقَدُوْا وَاِذَا حَضَرُوْا لَمْ یُدْعَوْا وَاِنْ مَرِضُوْا لَمْ یَعَادُوْا وَاِنْ مَاتُوْا لَمْ یَشْھَدُوْا وَھُمْ مَجْھُوْلُوْنَ فِی الْاَرْضِ مَشْھُوْرُوْنَ فِی السَّمَاءِ۔

ترجمہ: ''اللہ تعالیٰ کے کچھ چھپے ہوئے اولیاء ہیں جن کے سر کے بال پراگندہ ہیں، اُن کے چہرے غبار آلود ہیں۔ وہ اگر کسی معاملہ میں اجازت چاہیں، اُن کو اجازت نہیں دی جاتی اور اگر وہ نہ ہوں تو اُن کی لوگ جستجو نہیں کرتے ہیں اور اگر موجود ہوں تو اُن کو پکارا نہیں جاتا ہے۔ اور اگر وہ بیمار پڑ جائیں تو ان کی عیادت نہیں کی جاتی ہے۔ اور اگر وہ مر جائیں تو لوگ اُن کے جنازے پر حاضر نہیں ہوتے ہیں، وہ زمین میں گمنام ہیں لیکن آسمان میں مشہور ہیں۔''

ایسے ہی مستور الحال ایک بزرگ کا ذکر ہے کہ وہ خانہ کعبہ کے صحن میں مراقبہ میں تھے اور پاس ہی ایک محدث حدیث کا درس دے رہے تھے۔ اِسی اثنا میں حضرت خواجہ خضر وہاں پہنچے اور بیٹھ گئے اور اُن سے کہنے لگے کہ قریب میں حدیث کا درس ہو رہا ہے آپ اُس میں شریک کیوں نہیں ہوتے ہیں اور یہاں تنہا بیٹھے ہیں۔ اِس پر اُن بزرگ نے کہا کہ جب ایک نبی پاس ہو تو اُس کو چھوڑ کر کسی دوسرے کا درس سننے کی کیا ضرورت ہے۔ حضرت خواجہ خضر نے فرمایا تم کو یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ یہاں کوئی نبی ہے تو انہوں نے کہا کہ کیا آپ حضرت خواجہ خضر اللہ کے نبی نہیں ہیں۔ حضرت خواجہ خضر نے فرمایا کہ میں سمجھتا تھا کہ میں تمام اولیاء کو پہچانتا ہوں لیکن اب معلوم ہوا کہ کچھ اولیاء ایسے بھی ہیں جن کو میں بھی نہیں جانتا ہوں اور وہ مجھے جانتے ہیں۔

قطب

لغت میں چکی کی کیلی کو کہتے ہیں جس پر چکی کا مدار ہوتا ہے۔ اصطلاح میں ایسے ولی کامل کو کہتے ہیں جو انتظامِ عالم میں ظاہری و باطنی طور پر متصرف ہوتا ہے۔ قطب کی دو قسمیں ہیں۔

1۔ قطبِ ارشاد 2۔ قطبِ مدار

قطبِ ارشاد

قطب کے اصطلاحی معنی اوپر مذکور ہوئے اور ارشاد کے معنی راہنمائی کے ہیں۔ پس قطبِ ارشاد سے ظاہری و باطنی طور پر ہر طرح سے فائدہ پہنچتا ہے اور وہ اپنے منصب پر پورا تصرف رکھتے ہوئے انتظامِ عالم میں متصرف اور خبردار و ذمہ دار ہوتا ہے۔ جس علاقہ اور ولایت میں قطب کا وجود نہ ہو وہاں کا نظام تباہ و برباد ہو جائے۔ اس شان کے بزرگ ولی اللہ کو قطبِ تعلیم اور قطبِ ولایت بھی کہتے ہیں۔ ان کا تقرر غوث کے حکم اور اِذن سے ہوتا ہے۔

قطبِ مدار

قطبِ مدار وہ ہوتا ہے کہ اپنی جگہ سے نہ ہلے اور بذاتِ خود کامل و اکمل اور مکمل کر دینے والا ہوتا ہے۔ ''مدار'' کے معنی جائے گردش کے ہیں۔ یعنی تمام عالم اور مخلوق اس کی گرویدہ ہوتی ہے۔ ایسے کامل و اکمل اور مکمل ولی اللہ کو قطبِ مدار، قطب الاقطاب اور قطبِ زمان بھی کہتے ہیں۔

قلندر

صوفیہ کے ہاں قلندر کا مقام بہت بلند مانا گیا ہے۔ یہ لفظ سریانی زبان

میں اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے اور وہ حالات ومقامات اور کرامات سے تجاوز کرتا چلاتا جاتا ہے۔عالم سے مجرد ہوکر اپنے آپ کو گم کردیتا ہے۔یہ شخصیت نہ عبارات میں سماسکتی ہے، نہ اشارات کے دامن میں سمٹ سکتی ہے نہ اسے الفاظ کے کوزے میں بند کیا جاسکتا ہے۔نہ معانی وبیاں کے پیمانے میں ناپا جاسکتا ہے۔حقیقت یہ ہے کہ قلندر کی بلند پروازیاں دین ودنیا کے حدود وقیود کو توڑ کر آگے نکل جاتی ہیں۔وہ کوچہ محبوب میں پہنچنے کے لیے دیر وحرم سے بہت آگے بڑھ جاتا ہے۔

قلندر کی حقیقت بیان کرنا ممکن نہیں ،قلندر ہر قسم کی تعریف وتوضیح سے بالاتر ہے۔قلندر تجرید وتفرید میں یکتائے روزگار ہوتا ہے۔اور تمام عالم کا حال اُس پر مثلِ آئینہ کے ہوتا ہے اور نظامِ الاوقات پر اُس کا تصرف ہوتا ہے۔

حضرت شاہ حسین بلخی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

قلندر کسے بیاید درعبارت　　قلندر کے بگنجد در اشارت

خضر وقت

مثلِ خضر علیہ السلام کے اس پر علمِ لدنی منکشف ہوتا ہے اور وہ جملہ اسرارِ الٰہیہ سے واقف ہوتا ہے اور بیک نظر کیمیا اثر کسی جاہل کو کامل عالم و صاحبِ اسرار کرنے کی قوت رکھتا ہے۔

غوث

اپنے زمانہ میں ساری دنیا میں ایک ہوتا ہے اور اپنے وقت کے جملہ اولیاء اللہ پر حاکم اور سب سے اعلیٰ وافضل ہوتا ہے۔سارا نظام عالم ظاہر وباطن اس کے تصرف میں ہوتا ہے۔چودہ ہزار عالم پر اس کی حکومت ہوتی ہے۔غوث ظاہر وباطن میں بقدم حضور خاتم الانبیاء ﷺ کے ہوتا ہے۔

بعض صوفیہ نے غوث اور قطب ایک ہی شخصیت کو قرار دیا ہے۔مگر محی الدین ابن عربیؒ کے نزدیک قطب الاقطاب اور غوث میں بڑا فرق ہے بعض اوقات قطب اور غوث کے اوصاف ایک ہی شخصیت میں جمع ہوجاتے ہیں۔قطبیت کی وجہ سے قطب الاقطاب اور غوث غوثیت کے اعتبار سے غوث العالم کہلاتا ہے۔

غوث کے معنی فریادرس اور مشکل کشا کے ہیں۔بندگانِ خدا ظاہری وباطنی معاملات میں تصرف فرماتے ہیں۔مشہور شناخت یہ ہے کہ جب چاہیں اپنے اعضا جدا کرلیتے ہیں۔یاد رہے کہ کوئی وقت بھی غوث سے خالی نہیں ہوتا لیکن غوثیتِ غوث جو متفق علیہ ہے، حضور سیدنا محبوبِ سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے سوا کسی ولی اللہ کو نصیب نہیں ہوئی یعنی تمام اولیاء (متقدمین ومتاخرین) آپ کی غوثیت پر متفق ہیں، کسی کو اختلاف نہیں ہے۔اسی لئے آپ کا لقب غوثِ اعظم ہے۔

امامان

قطب الاقطاب کے دو وزیر ہوتے ہیں جنہیں امامان کہتے ہیں۔ایک قطب کے داہنے ہاتھ رہتا ہے جس کا نام عبدالملک ہے۔اور دوسرا بائیں ہاتھ بیٹھتا ہے اور اس کا نام عبدالرب ہے۔داہنے ہاتھ والا قطب مدار سے فیض پاتا ہے اور عالم علوی سے افاضہ کرتا ہے۔بائیں ہاتھ والا قطب مدار سے فیض حاصل کرتا ہے مگر عالم سفلی پر افاضہ (فائض ہونا) کرتا ہے۔صوفیہ کے نزدیک بائیں ہاتھ والے امام کا رتبہ دائیں ہاتھ والے امام سے بلند تر ہے۔یہی وجہ ہے کہ قطب الاقطاب کی جگہ خالی ہوتی ہے تو بائیں ہاتھ والا ترقی پاتا ہے۔اور اس کی جگہ دائیں ہاتھ والا مقرر ہوتا ہے۔

ابدال

تصوف کی اصطلاح میں جو اولیاء کے مدارج میں سے ایک کے لیے استعمال ہوتی ہے اصل معنی بدل یا متبادل کے ہیں۔صوفیاء کے نزدیک ابدال پوشیدہ ولی ہوتا ہے، جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مامور کیا جاتا ہے تاکہ اس دنیا کا انتظام کرے۔اس کے نیچے معاون اوتاد، افراد اور پانچویں درجے پر ابدال ہوتے ہیں۔انہیں بَدَلَاء بھی کہا جاتا ہے۔یہ دنیا میں بیک وقت سات ہوتے ہیں۔اور سات اقالیم پر متعین ہوتے ہیں۔یہ سات انبیاء کے مشرب پر کام کرتے ہیں۔یہ لوگوں کی روحانی امداد کرتے ہیں۔اور عاجزوں اور بے کسوں کی فریادرسی پر مامور ہیں۔

علمائے کرام اور مفتیانِ عظام کیلئے مفت خدمات goo.gl/xJ9AKu

1	ابدال اقلیم اول	برقلب ابراہیم علیہ السلام	نام	عبدالحیٔ
2	ابدال اقلیم دوم	برقلب موسیٰ علیہ السلام	نام	عبدالعلیم
3	ابدال اقلیم سوم	برقلب ہارون علیہ السلام	نام	عبدالمرید
4	ابدال اقلیم چہارم	برقلب ادریس علیہ السلام	نام	عبدالقادر
5	ابدال اقلیم پنجم	برقلب یوسف علیہ السلام	نام	عبدالقاہر
6	ابدال اقلیم ششم	برقلب عیسیٰ علیہ السلام	نام	عبدالسمیع
7	ابدال اقلیم ہفتم	برقلب آدم علیہ السلام	نام	عبدالبصیر

مندرجہ بالا سات ابدالوں میں سے عبدالقادر اور عبدالقاہر کو ان مقامات، ممالک اور اقوام پر مسلط کیا جاتا ہے جہاں اللہ تعالیٰ کا قہر نازل ہونا ہوتا ہے۔ یہ مقہوری بنتے ہیں، ان سات ابدالوں کو قطب اقلیم بھی کہتے ہیں۔

مندرجہ بالا ابدال کے علاوہ پانچ ابدال اور بھی ہوتے ہیں۔ جو یمن میں رہتے ہیں اور پورے شام پر ان کی حکومت ہوتی ہے۔ یہ قطب ولایت کہلاتے ہیں۔ قطب عالم کا فیض قطب اقالیم پر اور قطب اقالیم کا فیض قطب ولایت پر اور قطب ولایت کا فیض تمام اولیائے جہاں پر وارد ہوتا رہتا ہے۔

علاوہ ازیں 350 ابدال اور بھی ہوتے ہیں۔ جن میں سے تین سو 300 قلب آدم علیہ السلام پر ہیں۔ میر سید محمد جعفر مکیؒ نے چار سو چالیس 440 ابدال کی تعداد بتائی ہے جو مختلف انبیاء علیہم السلام کے مشرب پر ہوتے ہیں۔ اور مختلف خدمات سرانجام دیتے ہیں۔ ابدال اس لیے کہتے ہیں کہ حالاتِ زمانہ اِن کی بدولت تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ نیز یہ افراد کسی ایک مقام پر قیام پذیر نہیں رہتے، اگر اِن میں سے کوئی انتقال کر جائے تو اوتاد میں سے مقرر کیا جاتا ہے۔ پہچان ان کی مشکل ہوتی ہے۔ اس جماعت کو رجال الغیب بھی کہا جاتا ہے۔ گم گشتہ راہ لوگوں کی راہنمائی ان کے فرائض میں شامل ہے۔

مفردان

ان افراد کو کہتے ہیں جو قطب عالم ترقی کرتا ہے وہ فرد ہو جاتا ہے۔ مقام فردانیت پر پہنچ کر تصرفات سے کنارہ کش ہو جاتا ہے۔ قطب مدار عرش سے تحت الثریٰ تک متصرف ہوتا ہے۔ اور فرد متحقق ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ تصرف اور تحقق میں بڑا فرق ہے۔ قطب مدار تو علی الدّوام تجلی صفات میں رہتا ہے۔ مگر خود تجلی ذات میں ہوتا ہے۔ قطب مدار خاص ہے۔ فرد اخص ہے۔ فردانیت مقام انبساط ومحبت ہے۔ یہاں پہنچ کر مراد باقی نہیں رہتی۔ بعض اولیاء کو تجلی افعالی ہوتی ہے۔ بعض کو تجلی اسمائی۔ بعض کو تجلی آثاری۔ بعض مقام صحو میں ہوتے ہیں۔ بعض مقام سکر میں، بعض بیک وقت دونوں مقامات پر۔ مقامات اولیاء اللہ خارج از حد وحصر ہوتے ہیں۔

اخیار

خیر کی جمع، نیک مرد اور بہت نیکی اور ہر وہ چیز جس میں سب لوگ رغبت کریں۔ ابدال میں سے چالیس اخیار کہلاتے ہیں۔ یہ وہ اولیاء اللہ ہیں جو سلوک کی منزلیں بذریعہ احکام شریعت صوم وصلوٰۃ حج وزکوٰۃ جہاد وغیرہ کے طے کر کے واصل بحق ہوتے ہیں۔

نقباء

نقیب کی جمع نقباء ہے۔ یہ تین سو ہیں، سب کا نام علی ہے۔ یہ اولیاء کرام کا ایک خاص گروہ ہے جن کا بحکم ربی یہ کام ہے کہ مخلوق کے باطنی حالات معلوم کریں اور بحکم ربی کسی مصلحت کے لیے ان حالات کو ظاہر کریں۔ اس گروہ کو اللہ تعالیٰ کے اسم باطن کی فنائیت حاصل ہوتی ہے۔ اس لیے مخلوق کے باطنی حالات ان پر روشن رہتے ہیں۔

نجباء

نجیب کی جمع نجباء ہے جو انمرد و بزرگ اور ہر چیز سے معزز نجیب کے معنوں میں ہے۔ یہ تعداد میں ستر ہیں۔ نام حسن اور مصر میں رہتے ہیں۔ اولیاء کرام کا یہ خاص گروہ جن کا کام ہے کہ خلقِ خدا کی حاجت روائی

کریں اوران کے مصائب وتکالیف اپنے پر لے لیں۔

عمد

یہ چار ہیں ان کا نام محمد ہے۔زمین کے مختلف زاویوں میں کام کرتے ہیں۔

نکتوبان

یہ حضرات چار ہزار کی تعداد میں ہوتے ہیں۔ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں، ملتے ہیں لیکن یہ لوگ اپنے آپ کو نہیں پہچان سکتے۔ان پر اپنا حال آشکار نہیں ہوتا۔ایسے لباس میں ہوتے ہیں کہ اغیار پہچاننے سے عاجز ہوتے ہیں۔یہ اپنے مقام سے خود نا آشنا یا یوں کہیے کہ حالت اخفا میں ہوتے ہیں۔

اوتاد

اوتاد جمع وتد کی ہے۔جس کے معنی میخ کے ہیں۔اوتاد کھونٹے اور ستون کے بھی معنی میں بھی آتا ہے۔یہ اپنے مقام پر جمے رہتے ہیں یعنی ایک جگہ مستقل قیام پذیر رہتے ہیں۔اگرچہ ظاہراً ان سے کچھ فائدہ محسوس نہیں ہوتا مگران کی برکات تمام عالم میں منتشر رہتی ہیں۔اوتاد دنیا میں چار ہوتے ہیں ۔یہ عالم کے چاروں آفاق (گوشوں) پر متعین ہیں۔مغربی افق والے اوتاد کا نام عبدالودود ہے۔مشرقی افق والے اوتاد کا نام عبدالرحمٰن ہے۔جنوبی افق والے اوتاد کا نام عبدالرحیم ہے۔اور شمالی افق والے اوتاد کا نام عبدالقدوس ہے۔قیام عالم میں یہ اوتاد میخوں کا کام دیتے ہیں۔اور پہاڑوں کی طرح زمین پر امن برقرار رکھنے کا کام دیتے ہیں۔

ابرار

بِر کی جمع ہے اور ابرار کے معنی نیکوکار اور پرہیز گار لوگ ہیں۔یہ وہ اولیاء اللہ ہیں جو احکام شریعت معمولہ کے علاوہ عبادت میں بڑی بڑی ریاضت اور سخت سے سخت مجاہدہ کر کے نفس کی بُری صفات کو ختم کرتے ہیں۔اور صفاتِ حمیدہ حاصل کرتے ہیں اور اسی ذریعہ سے مراتب سلوک پورے کر کے واصل بحق ہوتے ہیں۔



اللہ
اکسیر عمل قرآنی

قیمت: 30 روپے

یہ عمل اللہ ﷻ کے غیبی خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔یہ عمل ان اعمال میں سے ہے، جو ہر طرح کے جائز مقصد کے حصول اور ہر طرح کی پریشانیوں سے نجات کے لیے اکسیر ہیں۔

ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے، اس لنک پر جائیں
darulamal.org/publications/books
مکتبہ العارف 042-35410586, 0332-4487877

روحانی معالجین کے لئے منفرد پیشکش

چھپے چھپائے تعویذات، آیات شفاء کی پلیٹیں، یٰسین شریف کی پلیٹیں، خالی پلیٹیں، بخوردان، بخور، مشک نافہ، روحانی آبِ شفاء، عطر حفاظت، عرق گلاب، زعفران، روغنی کاغذ، عنبر، چینی کی پلیٹیں، بڑے اور چھوٹے سائز کی ہانڈیاں، پلاسٹک کی بوتلیں، بھوج پتر، ہرن کی جھلی، پیالے، عطر تسخیر، لوبان، لوبان کوریا اور عود وصندل کی اگر بتیاں، تالے مختلف قسم کے دم شدہ روحانی تیل اور چراغ۔عطر حاضری، ہرمل، گوگل، تمام پنساری آئٹم، زعفرانی تعویذات، روحانی سکونی تیل، روحانی روغنی بادام، روحانی سرسوں کا تیل، دم شدہ شہد، روحانی علاج لیکوریا، آلہ یکسوئی، روحانی چھکی، تعویذ (حفظ جان، خیر وبرکت، بندش رشتہ، بغض و جدائی، خوشحالی، محبت زوجین، سہولت نکاح وغیرہ)، روحانی اگربتی (دافع جادو جنات، خیر وبرکت، دفع نحوست وغیرہ)، فتح نامہ، کھلی اگربتی، اگربتیوں کی تمام ورائٹی نیز چلہ کشی کے دوران استعمال ہونے والی اشیاء تھوک و پرچون نرخوں پر حاصل کریں۔

تمام روحانی معالجین/عاملین ہول سیل ریٹ پر تمام روحانی اشیاء اعتماد سے منگوائیں

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272
Web: darulamal.org/ruhanishop
مکمل تفصیلات کیلئے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

توبہ واستغفار

ہمارے پیارے مملکت خداداد پاکستان کے موجودہ حالات میں شاید ہی کوئی ایسا فرد ہو جو پریشان نہ ہو، افراتفری کے جو مناظر سامنے آرہے ہیں وہ سب پر عیاں ہیں۔

قرآن کریم میں واضح ارشاد ہے: وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ

''جو بھی تکلیف ومصیبت اور پریشانی آتی ہے، ہماری ہی شامتِ اعمال ہے''۔

قرآن مجید کے انیسویں پارے کے آخری رکوع میں پروردگار عالم نے انتہائی محبت اور پیار کے انداز میں یہ بھی فرمادیا:

لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (سورۃ النمل:۴۶)

جس کا مفہوم یہ ہے کہ ''تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ تعالیٰ سے توبہ واستغفار کیوں نہیں کرتے تاکہ تم پر رحم کیا جائے''۔

توبہ کا طریقہ

نمازِ توبہ: ہر روز ہر گھر میں دو رکعت نماز توبہ ادا کی جائے اور سلام پھیرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور درود شریف پڑھ کر، ہو سکے تو ندامت کے دو آنسو نکال کر، گڑگڑا کر، اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں۔ جس میں خصوصیت سے باہم اتحاد واتفاق اور مملکتِ پاکستان کی حفاظت کے لیے خصوصی دعا کی جائے۔

نماز تمام پریشانوں کا علاج ہے

ہر گھر میں تمام بچوں کو پنج وقتہ نماز کی طرف متوجہ کیا جائے۔ نماز جو کہ مومن کی معراج، اللہ تعالیٰ کے قہر وغضب کو دور کرنے والی اور تمام مصائب کو رفع کرنے والی اور تمام پریشانیوں کا علاج ہے۔

آیت کریمہ کا وظیفہ

اس آیت کریمہ کا ورد روزانہ کا معمول بنالیجئے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

(سورۃ الانبیاء:۸۷)

جس کا مفہوم یہ ہے کہ ''اے رب ذوالجلال! فقط آپ ہی معبود برحق ہیں ہر عیب سے پاک ہیں بیشک میں ہی گنہگار اور ظالم ہوں''۔ اور اس کے ساتھ یہ بھی فرمادیا کہ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ (سورۃ الانبیاء:۸۸)

یعنی کہ ''جو بھی ایماندار لوگ ہم کو اس طرح پکاریں گے، ہم ان کو بلاؤں اور مصیبتوں سے نجات دیں گے''۔

مشائخ کرام نے آیت کریمہ کو ہر گھر میں روزانہ تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ پڑھنا تجویز کیا ہے۔

قارئین کرام! ذرا غفلت سے بیدار ہو جایئے۔ ہمت، کوشش اور اعمال صالحہ کیجیے اور گناہ جو کہ مصائب کی اصل جڑ ہیں، ان سے پرہیز کیجیے۔

یہ چند منٹ کا یومیہ توبہ کا نسخہ، اگر اللہ کریم کی بارگاہ میں قبول ہو جائے تو کیا عجب اللہ تعالیٰ ہمیں اور ہمارے ملک پاکستان پر آنے والے مصائب ومشکلات سے نجات عطا فرمائیں۔

بقیہ: سورۂ مائدہ کے مجرب اعمال

اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے لاتعداد مرتبہ پڑھتے رہیں تو قدرتِ خداوندی کے اسرار پڑھنے والے پر منکشف ہوں گے اور حکمت وفراست کی دولت عطا ہوگی۔ سورہ مائدہ کا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۱۲۱۳۶	۲۱۲۱۳۹	۲۱۲۱۴۲	۲۱۲۱۲۹
۲۱۲۱۴۱	۲۱۲۱۳۰	۲۱۲۱۳۵	۲۱۲۱۴۰
۲۱۲۱۳۱	۲۱۲۱۴۴	۲۱۲۱۳۷	۲۱۲۱۳۴
۲۱۲۱۳۸	۲۱۲۱۳۳	۲۱۲۱۳۲	۲۱۲۱۴۳

اس نقش کو ساعتِ مشتری میں لکھنا مفید ثابت ہوتا ہے۔ جس کام کے لیے بھی لکھیں، بدھ کے دن ساعتِ مشتری میں لکھیں۔ مختلف امور میں جیسا بتایا گیا ہے۔ ان شاء اللہ ایسا ہی ثابت ہوگا۔

یَا مُنتَقِمُ اور یَا مُنعِمُ کے خواص اور اثرات

حضرت مولانا انظر شاہ کاشمیریؒ

یَا مُنتَقِمُ کے خواص اور اثرات

یہ اسم جلالی ہے اور اس کے اعداد چھ سو تیس (۶۳۰) ہیں۔

نفس کو قابو میں رکھنا

اپنے نفس کو قابو میں رکھنے اور جھڑکنے کے لیے روزانہ ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے، نفس قابو میں آجائے۔

قلوب مسخر ہوں، دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رہو

اور قلوب کو مسخر کرنے اور دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رہنے کے لیے نماز جمعہ کے بعد متصلاً قبلہ کی طرف منہ کر کے ایک ہزار (۱۰۰۰) پڑھے، دلی مراد پوری ہو۔

دعا قبول ہو

اور اگر کوئی نصف شب میں ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے، جس کام کے لیے دعا کرے، اللہ تعالیٰ قبول فرمائیں۔

المنتقم کا نقش معظم:

۷۸۶

م	ت	م	ن	ق
ت	ن	ق	م	م
ق	م	ت	م	ن
م	م	ن	ق	ت
ن	ق	م	ت	م

یَا مُنعِمُ کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور اس کے اعداد دو سو (۲۰۰) ہیں۔

حصول استغناء

طبیعت میں استغناء پیدا کرنے کے لیے اور غیروں کی طرف سے توجہ ہٹانے کے لیے روزانہ ستر (۷۰) مرتبہ اس کا وظیفہ پڑھے، مستغنی ہو جائے۔

مالدار ہو

اور اگر کوئی یہ چاہے کہ وہ مالدار ہو جائے، روزانہ ہزار (۱۰۰۰) بار یا اپنے نام کے عدد کے موافق، جو اس کے والدین نے رکھا ہو، ان دونوں صورتوں میں جس طرح چاہے، اس وظیفہ کو پڑھے۔ ان شاء اللہ، مالدار ہو جائے۔ علمائے تکسیر کے نزدیک یہ اسم باری تعالیٰ کا اسم اعظم ہے اور تیر بہدف ہے۔

کسی کا محتاج نہ ہو

اور کوئی جو اس کو ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے، وہ کبھی کسی کا محتاج نہ ہو۔

مقصد میں کامیاب ہو

اور اگر اتفاق سے یہ نام یا کوئی اور نام، جو اپنے نام کے عدد کے ساتھ پڑھ رہا ہے، موافق نہیں تو اس کے ساتھ ہم معنیٰ ایک نام بڑھالیں اور اسی طرح بڑھاتے بڑھاتے چار پانچ نام بڑھاتے اور پڑھتے جائیں۔ ان شاء اللہ اپنے مقصد میں کامیاب رہے گا۔ المنعم کا نقش معظم یہ ہے

۷۸۶

۴۵	۵۶	۵۷	۴۲
۵۱	۴۸	۴۷	۵۴
۴۶	۵۳	۵۲	۴۹
۵۸	۴۳	۴۴	۵۵

سورۂ مائدہ کے مجرب اعمال

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ

رزق کی فراوانی.....دستِ غیب کا حصول

سورۂ مائدہ ہی کی ایک آیت کا ورد رزق کی فراوانی کے لیے بے حد مفید اور مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

بعض اکابرین نے تو یہاں تک فرمایا کہ اس آیت کو روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ پڑھنے سے دستِ غیب کی دولت حاصل ہوجاتی ہے۔

آیت یہ ہے: اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

دشمن کی ترقیاں رُک جائیں

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ سورہ مائدہ کے نقش کو نیلے کاغذ پر لکھ کر اگر دشمن کے راستے میں دبا دیں تو اس کی ترقیاں رک جائیں۔

ناجائز محبت کرنے والوں میں جدائی

اگر اس نقش کو لکھ کر دو محبت کرنے والوں کو پلا دیا جائے تو ان کے درمیان عداوت قائم ہو جائے۔ لیکن اس طرح کے عمل ناجائز محبت کو ختم کرانے کے لیے کرنے چاہئیں۔ جائز محبت کو ختم کرنا/کرانا گناہ ہے۔

زندگی میں کبھی رزق کی کمی نہ ہو

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص اس کے نقش کو اوجِ مشتری یا شرفِ مشتری میں لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے اور اس کے بعد آٹھ (۸) دن تک لگاتار بعد نمازِ ظہر سورہ مائدہ کی تلاوت کرتا رہے تو اس کی زندگی میں ان شاء اللہ کبھی رزاق کی تنگی نہیں ہوگی۔ مال میں اس قدر خیر و برکت ہوگی کہ دیکھنے والوں کی عقلیں حیران ہوں گی۔

دعائیں قبول ہوں

اس سورۃ کو اپنے پاس رکھنے سے دعائیں بھی قبول ہوتی ہیں۔

جھوٹ بولنے کی عادت چھوٹ جائے

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ اس سورۃ کے نقش کو اگر اس بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے جو جھوٹ بولنے کا عادی ہو تو اس نقش کی برکت سے اس کی جھوٹ بولنے کی عادت چھوٹ جائے گی۔

وسوسوں کی بیماری کا علاج

اگر کسی شخص کو وسوسوں کی بیماری ہو تو وہ یہ عمل کرے، پہلے دن آٹھ (۸) مرتبہ سورہ مائدہ کی تلاوت کرے، دسرے دن چار (۴) مرتبہ تلاوت کرے، تیسرے دن پھر آٹھ (۸) مرتبہ، چوتھے دن پھر پانچ (۵) مرتبہ، پانچوے دن تین (۳) مرتبہ اور چھٹے دن چھ (۶) مرتبہ تلاوت کرے۔ ان شاء اللہ وساوس کی بیماری سے نجات مل جائے گی۔

شراب نوشی کی عادت سے نجات

بعض اکابرین نے فرمایا ہے کہ اگر کسی کو شراب پینے کی عادت ہو تو سورہ مائدہ کے نقش کو گلاب و زعفران سے چینی کی طشتری پر لکھ کر لگاتار گیارہ دن تک پلایا جائے۔ ان شاء اللہ شراب نوشی کی عادت چھوٹ جائے گی۔

روزی کے دروازے ہر طرف سے کھل جائیں

اس سورۃ میں اللہ تعالیٰ کے دو صفاتی ناموں کا تذکرہ ہوا ہے۔ ایک نام ''خیرُ الرّازقین'' ہے۔ اگر اس نام کو کوئی شخص سو (۱۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھنے کی عادت ڈالے اور نیت یہی رکھیں کہ آپ اپنے مالک کی صفت بیان کر رہے ہیں تو اس عمل کی برکت سے آپ پر روزی کے دروازے .....ان شاء اللہ، ہر طرف سے کھل جائیں گے۔

قدرتِ خداوندی کے اسرار منکشف ہوں، حکمت و فراست کی دولت عطا ہو

دوسرا صفاتی نام ''علام الغیوب'' ہے۔ اس نام کو اگر (بقیہ ص 13)

نماز

سلمان (کراچی)

ایک آدمی روزانہ اپنے خاندان کو دیکھ کر اور اپنے خاندان کے اخراجات کو دیکھ کر پریشان رہتا کہ کیا کروں؟ اتنی پریشانیاں ہیں، کبھی بیماری آجاتی ہے تو کبھی قرض، کبھی بچوں کے اخراجات کی پریشانی تو کبھی گھر کا خرچ، ان سب چیزوں سے پریشان وہ روزانہ اس بات کو سوچتا کہ کیسے پورا کروں یہ سب؟؟؟

اُسی علاقے کا بادشاہ روزانہ کئی دفعہ اعلان کرتا کہ ''اگر کسی کو کوئی پریشانی، کوئی بیماری، کوئی دھن دولت رزق کی ضرورت ہے تو وہ آجائے۔ میں مفت میں دولت بھی دیتا ہوں، بیماری کی دوا بھی دیتا ہوں، پریشانیوں کا حل بھی دیتا ہوں''۔

بادشاہ دن میں کئی دفعہ اعلان کرتا اور وہ آدمی روزانہ اعلان سنتا بھی تھا لیکن پھر بھی نہ جاتا۔ اور اگر کبھی چلا بھی جاتا تو جو برتن لے کر جاتا مانگنے کے لیے، وہ برتن ہی اُلٹا رکھتا۔ جلدی میں جاتا کہ کہیں پیچھے میرا وہ کام نہ رہ جائے، یہ کام نہ رہ جائے اور اسی جلدی میں وہ ان سب چیزوں سے محروم رہ جاتا۔

جانتے ہیں وہ آدمی کون تھا؟

وہ آدمی میں ہوں، وہ آدمی آپ ہیں، وہ آدمی ہم سب ہیں۔

وہ رزق دینے والا، سب بیماریوں کی دوا دینے والا، سب پریشانیوں کو حل کرنے والا میرا رحمٰن ''**اللہ**'' روزانہ نہ جانے کتنی دفعہ اپنے بندے کو بلاتا ہے کہ میں سب کچھ دیتا ہوں اور ہم لوگ روزانہ اس کی بات سن کر نہ جانے کون سے اتنے ضروری کاموں میں مگن رہتے ہیں، اتنی پریشانیوں کا سامنا کرتے ہیں لیکن کبھی ان کا حل بتانے والے کے پاس نہیں جاتے اور اگر کبھی غلطی سے چلے بھی گئے تو جلدی میں ہی لگے رہے۔

نہ تو ہمیں مانگنے کا طریقہ پتہ ہے اور نہ ہم نے کبھی اپنا برتن سیدھا کیا کہ اس میں کچھ آجائے۔ کاش ہمیں مانگنے کا طریقہ آجائے اور وہ عطا کردے۔ آمین

''انسان کا کام تدبیر کرنا ہے نتیجہ مرتب کرنا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، لہٰذا رجوع الی اللہ کبھی نہ چھوڑیں''

سفر اور رزق کی بندش: کاروبار نہ چلنا، ملازمت کا نہ ملنا یا مل کر چھوٹ جانا، کاموں کے بنتے بنتے بگڑ جانا، بیرون ملک جانے میں رکاوٹ اور بندش کا سامنا۔

گھریلو مسائل: خاوند، بیوی اور بچوں میں ناچاقی اور طلاق تک نوبت۔

رشتوں کی بندش: جوان اولاد کے رشتے نہ ملنا، پسند نہ آنا یا پسند کے بعد انکار ہو جانا، منگنی کے بعد نکاح یا نکاح کے بعد رخصتی میں رکاوٹ۔

صحت کی بندش: بیماری کا علاج کے باوجود ٹھیک نہ ہونا یا بار بار بیمار ہونا، تمام لیبارٹری ٹیسٹ کے درست ہونے کے باوجود بھی صحت کا بحال نہ ہونا۔

اولاد کی بندش: اولاد کا نہ ہونا یا پیدا ہو کر مر جانا، پیدائشی طور پر بچوں میں مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہونا، صرف لڑکیاں ہی پیدا ہونا، نرینہ اولاد کیلئے۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، بدزبانی، دیگر غلط عادات اور سوسائٹی کے شکار افراد۔

معاشرتی مسائل: قرض کی ادائیگی، کسی شخص کا جائز کام میں رکاوٹ بننا، قرض واپس نہ کرنا، دشمن ہو جانا، پیسے یا چیزیں مثلاً دکان، مکان پر قبضہ کر لینا وغیرہ۔

تدبیر ہماری تقدیر تمہاری

کشائش رزق، بندش کاروبار، بندش رشتہ و ہر قسم کی بندش اور تمام پریشانیوں کے حل کیلئے اعتماد سے رابطہ فرمائیں۔

نوٹ ملاقات کیلئے فون پر وقت ضرور طے کر لیں

اب مولانا صاحب ہفتہ کے 7 دن مریضوں سے ملاقات کریں گے۔

طبیب روحانی وجسمانی
مولانا ڈاکٹر علی آفاق
(ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس)

خیروبرکت:۔
گھر، دکان، فیکٹری اور دفتر کی خیروبرکت کیلئے

Mobile: 0321-4168008
www.afaqspiritualclinic.com
facebook.com/afaqspiritualclinic
77/C، ماڈل ٹاؤن لاہور۔

آہ! حضرت مولانا مفتی حمید اللہ جان رحمۃ اللہ علیہ بھی بہت دور چلے گئے

مولانا سلیم اللہ ظفر

انا للہ وانا الیہ راجعون

مدرسہ امینیہ دہلی کے فاضل اور مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دھلوی رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد رشید حضرت مولانا نیاز محمد صاحب کے گھر میں پیدا ہونے والا یہ عظیم بچہ جسے دنیا مفتی حمید اللہ جان کے نام سے جانتی اور پہچانتی ہے۔کون جانتا تھا کہ یہ بچہ اتنا عظیم بنے گا۔اللہ نے میرے استاد محترم کو وہ مقام عطا فرمایا تھا کہ بڑے بڑے علماء، مشائخ، مفتیان کرام آپ کی زیارت کیلئے تشریف لاتے تھے اور آپ کے قدموں میں اور آپ کی صحبت میں بیٹھنا اپنے لیے سعادت سمجھتے تھے۔

حضرت نے ابتدائی تعلیم لکی مروت میں اپنے والد محترم کے پاس ان کے قائم کردہ مدرسہ دارالعلوم الاسلامیہ میں ہی حاصل کی۔ بعد ازاں تکمیل کیلئے کراچی تشریف لے گئے اور سند فراغت 1960ء میں بنوری ٹاؤن کے مدرسہ سے حاصل کی۔ تعلیمی سلسلے سے فراغت کے بعد آپ نے تدریسی فرائض مختلف مدارس میں سرانجام دیئے، جن میں دالعلوم حنفیہ چکوال، جامعہ مخزن العلوم کراچی اور جامعہ اشرفیہ لاہور ہیں۔ جامعہ اشرفیہ لاہور میں 13 سال آپ نے بطور شیخ الحدیث اور صدر مفتی خدمات سرانجام دیں۔اس کے بعد استاد محترم نے جامعۃ الحمید کے نام سے رائے ونڈ لاہور میں ایک عظیم دینی درسگاہ کی بنیاد رکھی۔ میرے حضرت کو اللہ پاک نے بے شمار خصوصیات عطا فرما رکھی تھیں۔آپ ایک بہترین مدرس، عظیم فقیہہ، زبردست محدث، نکتہ دان مفسر اور فن افتاء پر مکمل عبور رکھنے والے ایک جلیل القدر مفتی اور کلمہ حق بلند کرنے ایک عظیم مجاہد کے ساتھ ساتھ تصوف وطریقت کے امام بھی تھے۔ آپ مرشد عالم حضرت اقدس ولی کامل حضرت غلام حبیب صاحب رحمۃ اللہ علیہ چکوال شریف والوں کے اور خانقاہ قادریہ ڈھڈیاں شریف ضلع سرگودھا کے عظیم روحانی بزرگ حضرت مولانا عبدالقادر رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ مجاز اور آپ کے حقیقی بھانجے پیر طریقت، رہبر شریعت حضرت مولانا عبدالوحید رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ مجاز تھے۔ میرے شیخ کو مشہور چہار سلاسل سلسلہ چشتیہ، قادریہ، نقشبندیہ، سہروردیہ میں بیعت وارشاد کی ان دونوں حضرات کی طرف سے خاص اجازت حاصل تھی، آپ ان چاروں سلسلوں میں بیعت فرمایا کرتے تھے۔

آپ کے مریدین کی تعداد سینکڑوں میں نہیں بلکہ ہزاروں میں ہے۔ آپ کے مریدین ملک بھر میں پائے جاتے ہیں۔ بالخصوص پشاور، بنوں، لکی مروت، اکوڑہ خٹک، ڈیرہ اسماعیل خان، کوئٹہ اور پنجاب میں گوجرانوالہ، شیخوپورہ، قصور اور لاہور میں آپ کے مریدین کی ایک بڑی تعداد پائی جاتی ہے۔

30 اکتوبر بروز اتوار حضرت اقدس اپنے ہزاروں مریدین، لاکھوں شاگردوں، بے شمار چاہنے والے عقیدت مندوں کو چھوڑ کر اپنے آبائی علاقہ لکی مروت میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

آپ کا جنازہ 31 اکتوبر بروز سوموار دن 11 بجے کبیر اسٹیڈیم میں ادا کیا گیا۔جس میں تقریباً ایک لاکھ کے قریب لوگوں نے شرکت کی۔ بندہ ناچیز اور میرے مربی ومحسن استاد العالمین ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظ اللہ اور دارالعمل چشتیہ کے تمام اراکین ومتعلقین حضرت کیلئے دعا گو ہیں۔

اللہ حضرت کو اپنے شان شایان بلند درجات سے نوازیں اور آپ کی قبر مبارک پر لاکھوں کروڑوں رحمتوں کا نزول فرمائیں۔آمین ثم آمین۔

darulamal.org/bookshop

بزرگ روحانی پیشوا طبیب روحانی و جسمانی حضرت مولانا محمد یعقوب رحمۃ اللہ علیہ بھی انتقال فرما گئے

مولانا سلیم اللہ ظفر

دارالعمل چشتیہ کی طرف سے کراچی جانے کا پروگرام بن رہا تھا۔ سفر کی تیاریاں پورے عروج پر تھیں۔ پروگرام کا مکمل شیڈول حضرت استاد جی ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ مرتب فرما چکے تھے۔ اس سارے شیڈول میں سب سے پہلا کام حضرت استاد جی کے تمام اساتذہ کرام جو کہ کراچی میں رہتے تھے۔ ان سے ملاقات کرنا اور دعاؤں کی درخواست کرنا تھا۔ اساتذہ کرام کی فہرست میں سب سے پہلا نام حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ہی تھا۔ کراچی پہنچنے کے بعد پہلی فرصت میں ہم اپنے دادا استاد جی کی تلاش میں اورنگی ٹاؤن مدرسہ حبیبہ تعلیم القرآن نزد فاروق اعظم مسجد جا پہنچے۔ حضرت کے دروازے پر دستک دی۔ اندر سے حضرت کے صاحبزادے غالباً حافظ محمد دانیال یعقوب صاحب باہر تشریف لائے۔ مصافحہ و معانقہ کے بعد ہم نے اپنا مختصر تعارف اور حاضری کا مقصد بتلایا۔ صاحبزادہ صاحب اندر تشریف لے گئے اور ہم دل ہی دل میں دعائیں مانگ رہے کہ اللہ کرے زیارت و ملاقات نصیب ہو جائے کہیں حضرت آرام ہی نہ فرما رہے ہوں چونکہ سفر سے پہلے ہی حضرت استاد جی نے بتلا دیا تھا کہ حضرت پیرانہ سالی، ضعف اور کمزوری کی وجہ سے اکثر ملاقات سے معذرت فرما لیتے ہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد دروازہ دوبارہ کھلا اور ملاقات کیلئے گھر کے اندر حاضری کا کہا گیا۔ ہم اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے گھر میں داخل ہوئے، گھر کے ایک کونے میں حضرت ایک کمرہ میں تشریف فرما تھے۔ بہت خوشی مزاجی سے حضرت نے ہمارا استقبال کیا۔ مصافحے کے بعد حضرت نے سامنے پڑی کرسی اور چارپائی پر بیٹھنے کا حکم فرمایا۔ تھوڑی دیر بیٹھنے کے بعد موقع غنیمت جانتے ہوئے ہم نے حضرت کو دبانا شروع کر دیا۔ حضرت اس خدمت پر بہت خوش ہوئے اور دعاؤں کی موصلا دھار بارش ہم پر شروع فرما دی، ہم بھی دل کی گہرائی سے آمین کہتے رہے۔ استاد جی ڈاکٹر خالد مقبول صاحب کا سلام عرض کرنے پر بہت خوش ہوئے اور استاد جی کو بھی بہت دعاؤں سے نوازا۔ ملاقات و زیارت کے بعد ہم جب رخصت ہونے لگے تو میں نے حضرت سے عرض کیا کہ حضرت کچھ نصیحت فرما دیں۔ یہ سنتے ہی حضرت کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ آنسوؤں کو صاف کرتے ہوئے فرمانے لگے کہ بیٹا یہ عملیات والا کام بہت ہی مقدس اور عظیم کام ہے۔ یہ کام ہمارے اکابر کا ورثہ ہے اور دکھی انسانیت کی بہت بڑی خدمت کا کام ہے۔ دور حاضر میں یہ کام کرنا بہت ہی بڑی عبادت ہے لیکن میرے بیٹوں، میرے عزیزوں، اس کام میں کبھی بھی جھوٹ نہ بولنا۔ فراڈ نہ کرنا، دھوکہ نہ دینا، کسی بھی بہن بیٹی کی طرف غلط نگاہ کبھی نہ ڈالنا۔ ورنہ اللہ کی مدد سے محروم ہو جاؤ گے۔ روزانہ مریضوں کیلئے اللہ تعالیٰ سے شفایابی کی دعائیں ضرور کرنا۔ یہ حضرت کی پیاری پیاری نصیحتیں تھیں۔ جب حضرت خاموش ہوئے تو ہم نے حضرت کے آرام کے خیال کی وجہ سے اجازت چاہی۔ حضرت نے دعاؤں اور شفقت کے ساتھ اجازت مرحمت فرمائی اور فرمانے لگے کہ بیٹے خالد مقبول کو میرا اسلام بھی کہہ دینا۔

آج جب کہ دوبارہ کراچی جانے کی تیاریاں تھیں۔ شیڈول بھی مرتب ہو رہا تھا۔ جی چاہ رہا تھا کہ ایک بار پھر حضرت کی زیارت اور حضرت سے دعائیں لینے حاضر ہوں گے کہ حضرت کے انتقال کی خبر آ گئی۔ جمعۃ المبارک کے بابرکت دن حضرت دنیائے فانی سے کوچ فرما گئے۔

انا للہ وانا الیہ راجعون۔

یا اللہ ہمارے دادا استاد جی کو اپنے خاص جوار رحمت میں جگہ نصیب فرمائیے اور ان کی نصیحتوں پر ہمیں تا زندگی عمل کرنے کی توفیق نصیب فرمائیے۔ آمین۔

دارالعمل چشتیہ کے تمام اراکین اور محبوب العلماء والصلحاء حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب دعا گو ہیں کہ اللہ پاک حضرتؒ کو جنت میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔ آمین۔

مخصوص و مجرب عملیات

حکیم صوفی عبدالرؤف نظامی (داتر گنج، اوکاڑہ)

پانچوں نمازوں کے بعد پڑھنے کی تسبیح

۱۔ هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ — نمازِ فجر کے بعد 100 بار

۲۔ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ — نمازِ ظہر کے بعد 100 بار

۳۔ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ — نمازِ عصر کے بعد 100 بار

۴۔ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ — نمازِ مغرب کے بعد 100 بار

۵۔ هُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ — نمازِ عشاء کے بعد 100 بار پڑھیں۔

احراز باقریہ شریف

امام عالی مقام سیدنا حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ نے جو سلسلہ قادریہ عالیہ کے امام ہیں، طالبانِ طریقت کو حسب ذیل احراز، مشکلات ظاہری و باطنی اور فتوحاتِ کاملہ کے لیے تعلیم فرمائے ہیں۔

۱) بروز ہفتہ: یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ — ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ

۲) اتوار: یَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ — ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ

۳) پیر: یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ — ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ

۴) منگل: یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ — ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ

۵) بدھ: یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ الْاَرْضِ — ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ

۶) جمعرات: یَااَللّٰهُ — ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ

۷) جمعہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ — ایک ہزار یا ایک سو مرتبہ

اہم اعلان

ماہنامہ خزینہ روحانیات کی نئی ممبر شپ دسمبر 2016 سے اپریل 2017 تک جاری کی جائے گی جس کی رقم 930 روپے (عام ڈاک) اور 1430 روپے (رجسٹرڈ ڈاک) سے ہوگی۔ قارئین نوٹ فرمالیں۔

درود شریف کے چند فضائل

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب

قرآن حکیم میں نبی اکرم ﷺ پر درود وسلام کی تاکید کی گئی ہے اور آیتِ قرآنی سے یہ ثابت ہے کہ بذات خود حق تعالیٰ اور ان کے فرشتے رسولِ خدا ﷺ پر درود وسلام بھیجتے ہیں۔ اس لیے حق تعالیٰ نے اپنے بندوں کو بھی اس بات کا حکم دیا ہے کہ وہ رسولِ خدا ﷺ پر درود وسلام کے شغل کو جاری رکھیں اور دوسری عبادات کی طرح، اس طرح بھی اپنے رب کی رضا حاصل کریں۔

حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے کہ ''جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اس پر دس رحمتیں نازل کی جاتی ہیں اور اس کے دس گناہ معاف کیے جاتے ہیں اور جنت میں اس کے دس درجے بلند ہو جاتے ہیں''۔

ایک حدیث میں حضور اقدس ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا کہ ''قیامت میں وہ شخص مجھ سے سب سے زیادہ قریب ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجے گا''۔

ایک حدیث میں یہ فرمایا کہ ''جو شخص میری قبر کے قریب کھڑے ہو کر مجھ پر درود بھیجتا ہے، اسے میں خود سنتا ہوں اور جو دور سے درود بھیجتا ہے، وہ قبر تک پہنچا دیا جاتا ہے''۔

ایک حدیث میں ہے کہ رسول خدا ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا کہ ''جو شخص صبح و شام دس مرتبہ مجھ پر درود بھیجے گا، اس کو قیامت کے دن میری شفاعت نصیب ہو گی''۔

ایک حدیث میں یہ فرمایا رسول خدا ﷺ نے کہ ''سب سے بڑا بخیل وہ ہے کہ اس کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے''۔

اکابرین سے یہ ثابت ہے کہ کوئی بھی عمل ہو، اس کے شروع اور آخر میں اگر درود نہ پڑھا جائے تو وہ عمل بے اثر ہو جاتا ہے۔ حدیث ہے کہ اگر دعا کے شروع اور آخر میں درود شریف نہ پڑھا جائے تو وہ بھی بے اثر ہوتی ہے اور درجہ قبولیت کو نہیں پہنچ پاتی۔

خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اپنے اعمال میں نورانیت اور اثر پیدا کرنے کے لیے محسنِ اعظم محمد ﷺ پر درود وسلام کا اہتمام کرتے ہیں اور درود پاک کے ذریعہ اپنے اعمال کو وزن دار بناتے ہیں۔

جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہ

بواسیر کا علاج

نوچندی جمعہ کو ایک کاغذ پر کالی روشنائی سے یہ کلمات تحریر کریں:



پھر اس کاغذ کو ایک جگ پانی میں ڈال کر خوب حل کرلیں۔ اس کے بعد اپنے بائیں ہاتھ کی کن اُنگلی کی انگوٹھی (جو چاندی کی ہونی ضروری ہے) آگ میں ۲۰ منٹ تپا کر اس پانی میں ڈال دیں۔ دس منٹ کے بعد پانی کسی گملے یا کیاری میں ڈال دیں۔ اور یہ انگوٹھی بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہن لیں۔ ان شاءاللہ بواسیر بادی ہو یا خونی، یک لخت بند ہوجائے گی۔

منہ کے چھالوں کا علاج

سو(۱۰۰) گرام چینی پر سورۂ والضحیٰ (پارہ ۳۰) اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں اور سات دن تک تھوڑی تھوڑی چینی مریض کو کھلائیں۔ اس سے کہہ دیں کہ خوب چبا کر چینی کھائے۔ ان شاءاللہ سات دنوں ہی میں چھالوں سے نجات ملے گی اور امید کی جاسکتی ہے کہ آئندہ یہ بیماری مریض کو کبھی نہیں ہوگی۔ ان شاءاللہ۔

خاص موسم میں خارش سے نجات کی صورت

اگر ایسا ہو کہ کسی خاص موسم جیسے موسمِ گرما میں خارش کا مرض کسی کو ہوجاتا ہو اور ہر موسم میں ہوتا ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ بارش کے پانی پر صبح وشام سات مرتبہ سورۂ قدر پڑھ کر دم کرکے پیا کریں اور اس عمل کو مرض سے پہلے ہی اگر شروع کردیں گے تو ان شاءاللہ مرض کے حملے کی نوبت نہیں آسکے گی۔ اور اگر مرض شروع ہونے کے بعد عمل کریں گے تو ان شاءاللہ اس کی شدت سے بھی محفوظ رہیں گے۔ اور جلد ہی اس سے نجات مل جائے گی۔ اگر اس عمل کو سال میں دو مرتبہ مرض کے حملے سے پہلے ہی کرلیا کریں تو ان شاءاللہ خارش کا سلسلہ بند ہوجائے گا۔ اور آپ کو اس ستانے والے مرض سے چھٹکارا حاصل ہوجائے گا۔ (مرض کے حملے سے مراد اس موسم سے پہلے کریں، جس میں خارش کا مرض بڑھ جاتا ہے۔ خ)

چیچک کے گنڈے کا طریقہ

نیلے رنگ کے سات دھاگے لے کر سورۂ رحمن کی تلاوت کریں۔ جہاں جہاں فبای الاء ربکما تکذبان آئے، گرہ کے دائرہ میں پھونک مار کر گرہ لگا دیجئے۔ اس طرح کل ۲۹ گرہ لگیں گی۔ یہ گنڈا جس بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے گا، وہ بچہ بفضلِ رحمن ورحیم چیچک، خسرہ، طاعون اور تپ دق وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔

مرض جریان کا روحانی علاج

آج کل اس مرض میں اکثر نوجوان مبتلا ہیں اور اس کی وجہ خود اپنی غلطیاں بھی ہیں اور کچھ غذاؤں میں ایسی چیزوں کی ملاوٹ بھی جو مردانگی کو اور مثانوں کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ اور ان میں ضعف پیدا کرنے کا ذریعہ بنتی ہے۔ جریان مسلسل قبض سے بھی پیدا ہوتا ہے۔ اس لیے اگر قبض کی بیماری ہو تو اس کا بھی علاج کرالینا چاہیے۔

جریان سے نجات حاصل کرنے کیلیے ۳ روحانی فارمولے نقل کیے جارہے ہیں۔ ان تینوں ہی پر عمل کرائیں۔ ان شاءاللہ جریان سے نجات ملے گی۔

پہلا فارمولا: ایک بوتل پانی پر تین مرتبہ سورۂ حجرات پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں اور اکتالیس (۴۱) روز تک صبح وشام یہ پانی اپنے دوست کو پلائیں۔ آدھی بوتل ہونے سے پہلے پانی اس میں اور بھی ڈال سکتے ہیں۔

دوسرا فارمولا: سو(۱۰۰) گرام اسپغول پر سورۂ فاطر دم کرکے رکھ لیں اور اس کی اکیس (۲۱) خوراکیں بنالیں اور نہار منہ اکیس (۲۱) دن تک اسپغول کھلائیں۔ پانی سے کھلائیں یا دودھ سے۔

تیسرا فارمولا: عصر کی نماز کے بعد اپنے دوست کو سو (۱۰۰) مرتبہ یہ آیت پڑھنے کی تاکید کریں: رَبَّنَآ اَتۡمِمۡ لَنَا نُوۡرَنَا وَاغۡفِرۡ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿سُوۡرَةُ التَّحۡرِيۡمِ: ۸﴾۔ ان شاء اللہ، ان تینوں فارمولوں پر عمل کرنے سے جریان کے موذی مرض سے چھٹکارا نصیب ہوجائے گا۔

دارالعمل چشتیہ

1 شعبہ نشرواشاعت: اسلامی، تصوف، روحانی وعملیاتی، طبی وتربیتی کتب، رسائل، پمفلٹ وپوسٹرز کی اشاعت۔ (darulamal.org/publications)

ماھنامہ خزینۂ روحانیات: ہر ماہ شائع ہونے والا ایک ایسا رسالہ ہے جو روحانی ومخفی علوم کے شائقین کے لئے علوم کا خزانہ ہے۔ روحانی علوم نہایت دلچسپ اور مفصل انداز میں بیان کئے جاتے ہیں۔ ایک خالص روحانی علوم کا حامل مجلّہ جو قدم بہ قدم عامل کی رہنمائی کرتا ہے اور آپ کو روحانی دنیا کا تعارف کرواتا ہے اور رابطہ سکھاتا ہے۔ نیز اسلامی معلومات، تصوف، اولیاء اللہ کے حالات، نفسیاتی مسائل اور ان کے حل، نفسیاتی بیماریوں کی معلومات وعلاج، معاشرتی مضامین برائے اصلاحِ عوام، ذہن وجسم کے لئے تربیتی مضامین اور طبی مضامین (ہومیوپیتھی، حکمت، بائیوکیمک، علاج بالغذا وغیرہ) بھی دیئے جاتے ہیں جو کہ عوام کیلئے نہایت مفید ہیں۔ (darulamal.org/magazines/ruhani)

2 روحانی درسگاہ: یہ شعبہ روحانی ومخفی علوم سکھانے کا شعبہ ہے۔ الحمدللہ کثیر تعداد میں طالبین علومِ روحانیات، روحانی علوم سیکھ رہے ہیں۔ ابتدا سے انتہا تک تمام منازل نگرانی میں طے کروائی جاتی ہیں۔ روحانی تشخیص کرنا، جادو اور جنات کا علاج کرنا، حب وبغض کے عملیات، جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج، حصارات اور دفاع کے کثیر اعمال، دشمن سے نمٹنے اور نجات کے اعمال، علم الاعداد، علم النقوش، علم الساعات اور بہت کچھ سکھایا جاتا ہے۔ جو لوگ چلہ کشی نہیں کر سکتے ان کے لئے نقد صدقہ ادا کر کے سکھانے کا بھی انتظام ہے اور کثیر اعمال ہیں جو نقد صدقہ ادا کر کے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ نیز روحانی عاملین جو بنیادی درجہ حاصل کر چکے ہوں، ان کو بڑے بامؤکل اعمال بھی سکھائے جاتے ہیں۔ شرعاً جائز کئی اعمال بھی سکھائے جاتے ہیں جو تجربے میں بہت مفید ثابت ہوئے ہیں۔
(darulamal.org/ruhanidarsgah)

3 روحانی علاج گاہ: شریعتِ اسلامیہ کی حدود کے اندر رہتے ہوئے اور کفر وشرک سے بچتے ہوئے قرآنی آیات، مسنون دعاؤں، اکابرین سے ثابت شدہ اعمال وظائف اور شرعاً جائز عملیات سے ہر قسم کی مشکلات ومسائل کے حل کے لئے کوشش کی جاتی ہے۔ خاص کر جنات اور جادو کا علاج جس میں آج کل عام وخاص کی اکثریت مبتلا ہے۔ جادو واپس لوٹانا، ہر قسم کی بندش کا توڑ، لڑائی جھگڑے، شادی نہ ہونا، پسند کی شادی، اولاد کا نہ ہونا، معاشی مسائل، تعلیمی مسائل، گھریلو مسائل، نوکری کے مسائل، دشمن کے مسائل، اولاد کی نافرمانی اور غلط راہ پر چلنا، ناجائز تعلقات کی جدائی وغیرہ الغرض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے تمام مسائل وپریشانیوں کا ممکنہ حل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/ruhaniilajgah)

4 مطب العارف: جسمانی بیماریوں کے علاج کا شعبہ ہے۔ ہومیوپیتھک، بائیوکیمک، طب یونانی، ریکی، کلرتھراپی، اروماتھراپی، سپیریچوئل ہیلنگ، ہپناٹزم، سائیکوتھراپی اور طب روحانی سے مریض کا علاج کیا جاتا ہے۔ مختلف شعبوں کے ماہرین علاج کرتے ہیں۔ شفاء منجانب اللہ۔ (darulamal.org/matabalaarif)

5 مکتبۃ العارف: روحانی، طبی، دینی اور متفرق کتب ورسائل کی اشاعت کی جاتی ہے۔ نیز مختلف موضوعات پر کتب خصوصی رعایت پر بھی دستیاب ہیں۔ خصوصاً عملیات پر ایک بہت بڑا ذخیرہ شائع شدہ، قلمی بیاضیں، فوٹوسٹیٹ پرانی کتب بھی دستیاب ہیں۔ (darulamal.org/bookshop)

6 لائبریری: مختلف مسالک کے اسلامی، روحانی، طبی، رسائل اور پمفلٹ وغیرہ بھی موجود ہیں۔ خصوصاً عملیاتی کتب کا ایک عظیم ذخیرہ موجود ہے، جس میں شائع شدہ، قلمی بیاضیں، فوٹوسٹیٹ کتب ہیں جو عربی، فارسی، اردو اور انگریزی زبان پر مشتمل ہیں۔ نیز کثیر تعداد میں ماہنامے اور مختلف مجلّے قدیم اور جدید بھی موجود ہیں۔ اگر کسی کو کوئی خاص کتاب مطلوب ہو تو اس کی فوٹو کاپی یا scan کاپی مناسب قیمت پر مہیا کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/library)

7 شعبہ آڈیو ویڈیو: محافل قراءت، حدر، ترتیل، مصری قراء کرام کی تلاوتیں، حمد ونعت، بیانات، مکمل قرآن مجید، مناظرے، تراویح، مشاعرے وغیرہ پر مشتمل کیسٹس، سی ڈیز CDs، ڈی وی ڈیز DVDs کی ریلیز وفروخت کی جاتی ہے۔ (darulamal.org/multimedia)

8 آئی ٹی: 30 سے زائد قرآنی فونٹس اور 1000 سے زائد اُردو، عربی، فارسی فونٹس کی کلیکشن موجود ہے۔ نیز اپنی مرضی کا فونٹ اپنی مرضی کے Inpage میں سیٹ کیا جاتا ہے۔
(darulamal.org/it)

9 روحانی دکان: روحانی علاج وچلہ کشی میں استعمال ہونے والی اشیاء کی فراہمی کی جاتی ہے۔ مثلاً چھپے ہوئے تعویزات ونقوش، مختلف اقسام کی اگربتی، زعفران، مشک نافہ، مختلف خوشبو اور کوالٹی کے بخور اور بخوردان، عربی وانڈین عطورات کی زبردست ورائٹی، آلہ یکسوئی، الواح وغیرہ۔ (darulamal.org/ruhanishop)

10 ٹرسٹ: دینی وفلاحی کاموں میں معاونت کا شعبہ ہے۔ صدقات، عطیات اور زکوٰۃ کو اس کے صحیح مصرف میں خرچ کیا جاتا ہے۔ مستحق افراد کی کفالت کی کوشش کی جاتی ہے۔ نیز مختلف حوائج ومسائل میں غرباء سے تعاون کیا جاتا ہے۔ (darulamal.org/trust)

11 شعبہ شادی: سنی مسلک کے لوگوں کے لئے رشتے کروانے کا شعبہ ہے۔ طرفین کا رابطہ کروا کر ازدواجی رشتے میں منسلک کروانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ رشتہ طے ہونے کی کوئی فیس نہیں۔ جو جس کی خوشی ہو، وہ ادارے کے ٹرسٹ میں جمع کروا سکتا ہے۔ نیز صرف فون پر رابطہ کروایا جاتا ہے، نہ ساتھ جاتے ہیں، نہ ہی کوئی ذمہ داری لی جاتی ہے۔ (darulamal.org/matrimonial)

پوسٹ بکس نمبر 9118، پوسٹ کوڈ 54570، لاہور۔
فون نمبر 042-35410586 رابطہ 0343-7772772, 0322-4773786 info@darulamal.org

بحرالجفر.....تریاق الاجل

امتیاز حسین نقشبندی (کوئٹہ)

کیمیا کا حصول آسان ہے۔جن اور ہمزاد کو مسخر کرنا سہل ہے۔مگر تسخیر کا صحیح عمل ملنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔اس میں شک نہیں کہ علمائے جفر کے پاس ایسے ایسے اعمال موجود ہیں،جن کے کرنے سے سو فیصد کامیابی حاصل ہوتی ہے۔مگر کاملین حضرات ایسے اعمال کی ہوا بھی نہیں لگنے دیتے۔اور ایسا ہونا بھی چاہئے کیونکہ آج کا طالب علم جائز و ناجائز کی زبان نہیں سمجھتا۔ہم نے ماہرین فن کو بخل کا الزام دیا۔لیکن فی الحقیقت دیکھیں تو وہ اس الزام سے فی الجملہ بری ہیں۔جو اسرار و رموز مدت کی سرگردانی اور استادوں کی خدمت اور فرمانبرداری کے بعد حاصل ہوتے ہیں،ایسے خزینہ کا گنجینہ بہ نسبت سفینہ کے سینہ بہ سینہ زیادہ موزوں ہے۔بشرطیکہ یہ اسرار ہر زمانہ میں سینہ بہ سینہ منتقل ہوتے رہیں۔حقیقت کی نگاہ سے دیکھو تو علمائے جفر بخیل نہیں بلکہ ہم ہی کم ہمت ہیں کہ محنت و خدمت کر کے ان سے یہ علم حاصل کرنے کی بجائے اس بات کے خواہاں ہوتے ہیں کہ اساتذہ کرام ہماری دستار فضیلت دیکھ کر یا طمع دنیاوی کے لالچ میں آ کر بلا محنت اپنا کلیجہ نکال کر ہمارے ہاتھ پر رکھ دیں اور وہ ہم کو ایسے اسرار و رموز سے واقف کر دیں جن کا وہ ہم کو اہل تصور نہیں کرتے۔

◆ بکری کے صدقہ کا خاص عمل جس کو کرنے سے جس کام یا مریض کے علاج میں رکاوٹ آرہی ہو، اس میں بہت آسانی ہو جاتی ہے۔ نیز بڑے سے بڑے جنات و جادو کے علاج میں صدقہ کا عمل کرنے سے عامل اور مریض، دونوں رجعت سے محفوظ رہتے ہیں ◆ سوئیوں والا خاص عمل جس کو کرنے سے ہر قسم کا بخار، ٹی بی، ٹائی فائیڈ وغیرہ ختم ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹرز حیران رہ جاتے ہیں ◆ مختلف جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج ◆ جب ڈاکٹرز آپریشن کا کہہ دیں تو بغیر آپریشن ولادت کا خاص عمل ◆ مقدمہ جیتنے کا مجرب عمل ◆ نکاح و حب کے اعمال کے ساتھ اور بھی دیگر مقاصد کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔

ناظم: **0346-4661681** نائب ناظم: **0345-4661681**

نقد صدقہ ادا کر کے درج بالا اعمال کی اجازت لی جا سکتی ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

عاملین کیلئے پرنٹڈ تعویذات کی تفصیل goo.gl/113kbj

جادو سے متاثرہ لوگوں کا اچھے عاملین کی طرف رجوع کرنا ناگزیر ہے

حضرت مولانا شاہ محمد حفظ الرحمٰن صاحب رحمہ اللہ

انسانی ضروریات بے شمار ہیں اور وقت کے ساتھ ساتھ ان کی نوعیت بدلتی رہتی ہے۔ زندگی کی ہر منزل، نئے تقاضے اور نئی ضروریات لے کر سامنے آتی رہتی ہے۔ ابھی ایک مقصد پورے طور پر حاصل نہیں ہو پاتا کہ دوسرا نیا مقصد، نئی ضرورت اور نئی الجھن سامنے آ کھڑی ہوتی ہے۔ نیز زندگی کی راہ میں حادثات سے دوچار ہونا بھی ایک فطری عمل ہے، جس سے مفر نہیں۔ بعض حادثے تو ایسے ہوتے ہیں کہ آدمی ان کا مقابلہ آسانی سے یا مشکل سے بہر حال کر لیتا ہے۔ لیکن بعض حادثات میں آدمی بالکل مجبور اور بے بس نظر آتا ہے۔

لوگوں کی زندگی میں پیش آنے والے حوادث کی نوعیت اکثر مختلف ہوتی ہے۔ اچانک آگ کا لگ جانا، ایکسیڈنٹ ہو جانا، زلزلوں، طوفانوں یا خطرناک امراض کا شکار ہو جانا وغیرہ۔ کچھ حادثے اپنے یا غیروں کی کرم فرمائیوں کا نتیجہ بھی ہوتے ہیں۔ کچھ لوگ ہیں جن کے ہاتھوں میں پیسہ نہیں رکتا، کاروبار میں مسلسل گھاٹا ہوتا رہتا ہے۔ اچھے محنتی، ذہین طلباء امتحانات میں فیل ہو جاتے ہیں یا معمولی نمبروں سے کامیاب ہوتے ہیں۔ دکان یا کاروبار سے برکت اٹھ جاتی ہے۔ لوگ اسے نوشتۂ تقدیر سمجھ کر خاموش ہو جاتے ہیں اور فی الحقیقت جب تقدیر یاوری نہیں کرتی تو ایسا بھی ہوتا ہے۔ مگر اس صورت حال کو ہمیشہ تقدیر کی طرف موڑ دینا ٹھیک نہیں۔ تجربات شاہد ہیں کہ اس طرح کے نقصانات میں ذلیل دشمنوں، بدخواہوں اور حاسدوں کے بدبختانہ کردار کا بھی دخل ہوتا ہے۔ ان ناعاقبت اندیش لوگوں کا دائرہ عمل صرف ہمارے مقاصد کو فیل کر دینے اور کاروبار کو تباہ کر دینے تک ہی محدود نہیں رہتا۔ بلکہ وہ جسمانی لحاظ سے بھی ہمیں ناکارہ بنا دینے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان کی ہر ممکن کوشش ہوتی ہے کہ وہ ہمارے دماغ کو سوچنے سمجھنے کی اعلیٰ صلاحیتوں سے محروم کر دیں۔ ہمارے ذہنوں کو صحیح سمتوں سے ہٹا دیں اور ہمارے اعصاب اور قوتِ عمل کی سرگرمی کو ختم کر دیں۔ ان کی خواہش بلکہ ہمہ تن کوشش ہوتی ہے کہ ہم دنیا میں اگر زندہ رہیں بھی تو ایک دائم المریض کی طرح۔ ایک بیکار مفلوج انسان کی طرح رہیں۔ اور ان کے گندے عملیات کے ذریعہ پیدا کردہ امراض یا سحر، ہماری قیمتی زندگی کا چراغ گل کر دے۔ ایسے حالات میں اچھے عاملین کی طرف رجوع کرنا نہ صرف یہ کہ ضروری ہے بلکہ ناگزیر ہے۔

قدرت کا نظام ہے۔ اس نے اپنی اس دنیا میں مختلف المزاج لوگ پیدا کئے ہیں۔ علاج معالجہ کے دوران نئے نئے تجربات ہوتے رہتے ہیں۔ ایک دوا جو کسی خاص مرض کے لیے بالکل مجرب ہے، سینکڑوں بار کے تجربات سے اس کا مفید ہونا ثابت ہو چکا ہے، مگر اسی خاص مرض میں مبتلا لوگوں کے حق میں وہ دوا کامیاب ثابت نہیں ہوتی، بیکار ثابت ہوتی ہے۔ یہی نہیں بلکہ الٹی مضر ثابت ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے مریض کو بے چینی اور تکلیف میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ طبی دنیا کے یہ روز مرہ کے تجربات ہیں۔

اضافہ: جس طرح طب میں ادویات کا معاملہ ہے، اسی طرح روحانی علاج میں بھی ایسے کئی تجربات ہوتے رہتے ہیں کہ ایک ہی علاج، جو کئی مریضوں میں بہت فائدہ مند ثابت ہوا، وہی علاج کسی دوسرے مریض پر بالکل بے اثر بلکہ نقصان کا باعث بن جاتا ہے۔ خاص کر جادو جنات کے متاثرہ مریضوں کے معاملات میں۔ اس لیے جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کے لیے صرف اور صرف ماہر روحانی معالجین سے ہی رجوع فرمائیں۔ خ

روحانی علاج گاہ کے جادو اور جنات سے نجات کے خاص علاج

7 سے 21 دن والے علاج کے بارے میں مریضوں کی رائے

محترم جناب ناظم روحانی علاج گاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

السلام علیکم! آپ کے پچھلے ماہ نومبر 2016ء کے شمارے میں ایک اشتہار پڑھا، جس میں جادو جنات کی وجہ سے پیش آمدہ کسی بھی روحانی مسئلے کا حل 7 سے 21 دن میں بتایا گیا تھا۔ میں بہت مجبور اور بدحالی کا شکار تھا۔ عرصہ 30 سال سے معاشی گرداب میں پھنسا ہوا تھا۔ قرضوں کی دلدل میں دھنستا جا رہا تھا۔ اولاد کے مستقبل سے مایوس ہو چکا تھا۔ بچے اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں۔ مگر نہ تو رشتوں کی بات بنتی تھی نہ لڑکوں کی نوکری کی کوئی شکل بن پاتی تھی۔ گھریلو، تعلیمی اور دیگر اخراجات میں سسرال کے مسلسل احسانات تلے دبا ہوا تھا۔ آپ کے میگزین کے اس اشتہار کو امید کی کرن سمجھ کر روحانی علاج گاہ کے نمبر 0324-0344/8439477 پر رابطہ کیا۔ علاج کا سارا طریقہ منگوایا اور علاج شروع کیا۔ سب گھر والوں نے پورے اعتماد اور یقین سے ہدایات کو ملحوظ رکھ کر مستقل مزاجی سے علاج کیا۔ الحمدللہ، دو ہفتے کے بعد بیٹے کی نوکری پکی ہوگئی اور بڑی بیٹی کا رشتہ طے پا گیا۔ میں آپ سب بزرگوں کے لئے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا اور آخرت کی تمام کامیابیوں سے ہمکنار فرمائیں۔ آمین (انور حسن، پشاور)

محترم جناب ناظم روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور

السلام علیکم!

جناب والا۔ میں ایک بیوہ خاتون ہوں۔ شوہر کی زندگی میں معاشی، معاشرتی اور گھریلو حالات بہت عمدہ تھے۔ ہم سب بہت ہی اچھی دینی و دنیوی زندگی گزار رہے تھے۔ اچانک میرے شوہر کا انتقال ہو گیا۔ بس پھر کیا تھا کہ مصائب، پریشانیاں، دکھ، تکالیف، قرضوں کی زیادتی نے ہمارے گھرانے کا دروازہ دیکھ لیا۔ گھر میں معاشی تنگی کی وجہ سے فاقوں تک نوبت جا پہنچی۔ بچوں کی فیسوں کے لالے پڑ گئے۔ معاملات کافی پیچیدہ ہو گئے۔ میں روحانی پریشانیوں اور مسائل پر یقین نہیں رکھتی تھی۔ مگر جب دو سال تک حالات بہتر نہ ہو سکے، ہر کوشش اور قدم ناکامی کی طرف بڑھتا چلا گیا تو آخر ایک دن میرے ایک عزیز نے آپ کا رسالہ خزینۂ روحانیات نومبر 2016ء دیا۔ میں نے امید کی کرن سمجھ کر علاج گاہ میں رابطہ کیا۔

اللہ تعالیٰ کے خاص فضل و احسان سے میرے گھریلو، معاشی اور قرضوں کی وصولی اور قرضوں کی ادائیگی کے معاملات 21 دن کے علاج کے بعد الحمدللہ مکمل درست ہو گئے۔

میں اللہ تعالیٰ کے بعد ادارے کی مشکور ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو دکھی انسانیت کے کام آنے کی نیکی کی وجہ سے دنیا اور آخرت کی فلاح عطا فرمائے۔ آمین

(عطیہ خاتون کراچی)

محترم جناب ناظم روحانی علاج گاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور

السلام علیکم! میرے ایک بیٹے کو بیرونِ ملک تعلیم اور وہاں پر مقیم ہو کر پیسے کمانے کا جنون کی حد تک شوق ہے۔ اس جنون کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ پاکستان میں نوکری مل جائے، مناسب ہو بھی تو وہ نا صرف اس ملازمت کے اختیار کرنے سے انکاری ہوتا ہے بلکہ جو اس کو نوکری کی جانب توجہ دلائے، اس کے خلاف محاذ قائم کر لیتا ہے۔

بیرونِ ملک تعلیم کیلئے ویزہ اپلائی کیا، میرٹ پر آ گیا۔ یونیورسٹی نے داخلہ منظور کر لیا، مگر ویزہ مل کر نہیں دیا۔ مختلف یورپی ممالک اور امریکن یونیورسٹیز میں داخلہ ملنے، انٹرویو میں کامیاب ہونے، سفارت خانے کی تسلی کے باوجود ویزہ ملنے کا پروسیس مکمل ہونے میں نہیں آتا تھا۔ اس معاملے کو جب ایک سال سے اوپر ہو گیا، میں اور میرا بیٹا ہر طرح کے وظائف اور حاجات کے عمل پڑھ کر تھک گیا تو ہم نے قریبی کسی روحانی معالج سے تشخیص کروائی جس میں بیرونِ ملک سفر کی بندش بتائی۔ مگر ان کے علاج کے بعد بھی معاملہ حل نہ ہو سکا۔ ایک دن میں نے بازار میں کسی بک سٹال پر آپ کا رسالہ خزینۂ روحانیات پڑھا۔ آپ کے نومبر 2016ء کے شمارے میں 7 سے 21 دن تک کا علاج آسان سمجھ کر منگوایا۔ اللہ کے خاص کرم سے میرے بیٹے کو سفارت خانے سے ویزہ لگ جانے کی ای میل موصول ہو گئی۔ میں آپ سب میگزین کے معاونین اور ذمہ دار احباب کی شکر گزار ہوں۔

(میمونہ، کراچی)

باطنی قوت بڑھانے والے آلہ یکسوئی کی تفصیل goo.gl/OFCAix

جسمانی امراض کا روحانی علاج

حضرت مولانا احمد علی پنجگوری رحمہ اللہ

بازو کے درد کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۶	۲۷	۱۱	۳۵	۶
۲۳	۱۸	۱۵	۵	۲۹
۳۳	۱۲	۲۶	۱۰	۴
۲	۲۲	۳۱	۱۴	۳
۱۹	۳۸	۱۳	۳۷	۳۲
۷	۲۵	۳۴	۲۴	۹
۳	۳۶	۳۹	۲۰	۴۵
۱۷	۲۱	۸	۲۸	۱۶

بازو پر باندھ لیں۔

برائے درد ڈاڑھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱	۳۶	۲۹	۸	۴۲	۲۲	۷	۴
۴۷	۲۴	۳۳	۲۷	۱۹	۳۱	۲۶	۱۸
۴۳	۶	۱۳	۵	۳۴	۴	۱۱	۱۶
۲۰	۶۵	۱۰	۳۸	۱۵	۴۶	۱۲	۳۷
۴۵	۳۰	۱۴	۴۱	۳۵	۳	۱۷	۴۴
۹	۲۱	۲۵	۳۹	۲۸	۳۲	۲۳	۲

برائے ازالہ خوف

۷	ک	۵	ط	۳
۹	ن	ع	ا	ل
ب	۴	۸	۳	م
ص	۶	ط	ع	۲

یہ تعویذ پلایا جائے۔

دردِ داڑھ کے لئے یہ نقش دانت کے نیچے رکھ دیا جائے اور تین دفعہ وما آنت باللہ العظیم پڑھ لیں، ان شاء اللہ آرام ہو جائے گا۔ پھر تعویذ نکال کر باہر رکھ دیں۔

جسمانی امراض اور مرگی زدہ کے لئے

المص۔ طٰہٰ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ۔ یٰسٓ والقرآنِ الحکیم

حٰمٓ۔ عٓسٓقٓ۔ نٓ والقلم وما یسطرون

۴	۳۷	۸	۳۰	۱۷	۵۱	۱۹	۳۹
۲۱	۱۴	۲۷	۵۲	۱۱	۲۵	۳۳	۴۴
۶	۴۵	۱۹	۳	۲۳	۴۱	۴۷	۲
۱۰	۳۶	۱۲	۴۸	۳۴	۴۹	۳۱	۲۵
۴	۲۴	۴۲	۳۸	۷	۱۸	۴۶	۱۰
۲۴	۵	۳۵	۹	۶۶	۳	۴۸	۱۶
۳۲	۱	۴۹	۲۲	۲۹	۴۲	۵	۱۰

چینی کی پلیٹ عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر تین تین دفعہ پلائی جائے۔

یہ نقش جسمانی امراض اور مرگی کے لئے ہے۔ زعفران سے لکھا جائے اور عرق گلاب میں ڈال کر قبل زوال پلانا چاہئے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

پتھروں کے خواص

محمد عمر اشرفی سمنانی (لاہور)

شمس کی روشنی میں موجود سات ابتدائی رنگ دراصل کاسمک شعاعیں ہیں جو ہم ایک ترتیب میں صرف قوس وقزح میں قدرتی انداز میں دیکھ سکتے ہیں یا پھر شمس کی روشنی کو منشور میں سے گذار کر دیکھ سکتے ہیں۔ ان سات مختلف رنگوں کی شعاعوں کو ہم وایجیور کہتے ہیں۔ یہ رنگ بالترتیب وائلٹ، انڈیگو، بلو، گرین، یلو، اورنج اور ریڈ ہیں۔ یہاں یہ بات بھی ذہن میں رکھنی چاہیے کہ سچے بنیادی رنگ صرف تین ہیں اور وہ ریڈ (لال)، بلو (نیلا) اور یلو (پیلا) ہیں۔ باقی رنگ، ان ہی رنگوں کے ملاپ سے بنتے ہیں۔ یہاں ایک بات کی وضاحت اور ضروری ہے کہ وائیلٹ ایک سرد رنگ کی لہر ہے۔ اس کے بعد کے رنگ بتدریج گرم ہوتے ہیں۔ اس طرح سب سے آخر میں موجود ریڈ رنگ سب سے زیادہ گرم ہوتا ہے۔ وائلٹ رنگ کی لہروں سے پہلے الٹرا وائلٹ رنگ کی لہریں موجود ہیں جو کہ سرد ترین لہریں ہیں۔ جب کہ ریڈ کے بعد انفرا ریڈ رنگ کی لہریں موجود ہیں جو کہ گرم ترین لہریں ہیں۔

قیمتی پتھر دراصل کاسمک رنگ کی شعاعوں کا خزانہ ہیں۔ یہ پتھر منجمد شکل کی کاسمک رنگوں کی لہریں ہیں۔ یہ پتھر کائنات میں پھیلی ہوئی روشنی سے مسلسل طاقت حاصل کرتے رہتے ہیں جو کہ سیاروں سے ٹکرا کر زمین تک پہنچتی رہتی ہیں۔ کسی بھی قیمتی پتھر کا ظاہری رنگ اس میں موجود کاسمک رنگ کی لہر سے قدرے مختلف نظر آتا ہے۔ تاہم منشور کے ذریعے اسے واضح کرنے سے قدرتی کاسمک رنگ کی شعاع حاصل ہوتی ہے۔ مثلاً ہیرا عام آنکھ سے شیشے جیسا سفید نظر آتا ہے لیکن منشور کے ذریعے ہیرے سے انڈیگو رنگ کی شعاع حاصل ہوتی ہے۔ چناچہ ہیرے کو ہم انڈیگو رنگ کی شعاع کا منبع کہتے ہیں۔

قیمتی نگینے جو واحد رنگ کی شعاعیں خارج کرتے ہیں

یاقوت

سرخ کاسمک شعاعوں کا اخراج کرتا ہے۔ اس قیمتی پتھر کا تعلق سیارہ شمس سے ہے جو کہ انسانی جسم میں روح سے تعلق رکھتا ہے۔ شمس برج اسد کا حاکم سیارہ ہے۔ انسانی جسم میں مندرجہ ذیل اعضاء اس کے زیر اثر ہوتے ہیں: غدۂ نخامیہ، شریانیں، دل، دماغ، آنکھیں، خون کے سرخ ذرات، قوت حیات، کمر، ریڑھ کا نظام۔ شمس کی شعاعیں روح پر بھی اثر انداز ہوتی ہیں۔ قوت باصرہ اور قوت عصبی کا تعلق شمس سے ہے۔ اختلاجِ قلب، دردِ سینہ، امراضِ معدہ، دل و دماغ اور حرارتِ خون سے متعلق امراض..... شمس سے منسوب ہیں۔



موتی

بظاہر دودھیا رنگ کا نظر آتا ہے مگر منشور کے ذریعے اس سے نارنجی کاسمک شعاعیں مشاہدہ کی جاسکتی ہیں۔ یہ شعاعیں ٹھنڈے اثرات رکھتی ہیں۔ موتی آبی عنصر سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کا تعلق انسانی جسم کی رطوبتوں سے ہے۔ موتی سیارہ قمر سے منسوب ہے۔ قمر برج سرطان کا حاکم سیارہ

ہے۔انسانی جسم کے مندرجہ ذیل اعضاء اس کے زیر اثر ہوتے ہیں: غذا کی نالیاں، پلازمہ ذہن، پستان، خون کے سفید ذرات، رحم، بیضہ دانی، قوت جاذبہ، قوت ماسکہ، قوت ہاضمہ اور قوت نامیہ قمر کے تحت ہوتی ہیں۔ سیارہ قمر سے متعلق امراض میں سانس کی تکلیف، اسہال، بے خوابی، حیض کی خرابیاں، پستان کے امراض، بلغمی امراض اور ہاضمہ کی خرابیاں شامل ہیں۔

مرجان

اگرچہ دیکھنے میں سرخی مائل نظر آتا ہے مگر درحقیقت پیلے رنگ کی کاسمک شعاعوں کا منبع ہے۔ یہ شعاعیں گرم ہوتی ہیں۔ انسانی جسم میں اس کا خاص اثر ہڈیوں کے گودے پر ہوتا ہے۔ یہ شعاعیں جسم کو غذائیت فراہم کرتی ہیں۔ فاضل رطوبتوں کو سکھاتی ہیں اور غیر ضروری مادوں کا جسم سے اخراج کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ مرجان کا تعلق سیارہ مریخ سے ہے۔ مریخ برج حمل اور برج عقرب کا حاکم سیارہ ہے۔ انسانی جسم میں مندرجہ ذیل اعضاء سیارہ مریخ سے منسوب ہیں: خون کے سرخ ذرات، ہڈیوں کا گودا، اعضاء کو حرکت دینے والے عضلات، اعضائے بول و براز، بیرونی اعضائے تناسل، ناک، مثانہ اور بڑی آنت، قوت شامہ، قوت منصورہ اور قوت مولدہ مریخ کے تحت ہوتی ہیں۔ مندرجہ ذیل امراض مریخ سے منسوب ہیں: گرمی سے پیدا ہونے والے امراض، اسقاط حمل، بلڈ پریشر، بواسیر، دردسر، پھوڑے پھنسیاں، زخم، بڑی آنت کے امراض، قوت حیات کی کمی، خون کے امراض اور جنسی اعضاء سے متعلق امراض۔

زمرد

زمرد سے ہرے رنگ کی کاسمک شعاعوں کا اخراج ہوتا ہے۔ یہ مزاجاً سرد ہوتی ہیں۔ زمرد کا تعلق سیارہ عطارد سے ہے۔ عطارد برج جوزا اور برج سنبلہ کا حاکم سیارہ ہے۔ انسانی جسم میں غدہ درقیہ، دماغ، زبان اور دیگر اعضاء گفتگو، اعصابی نظام، تنفس، سینہ، ناف، کان، بال، بازو، ہاتھ، انگلیاں عطارد کے زیر اثر ہوتی ہیں۔ قوت ادراک، قوت متفکرہ اور قوت ذائقہ عطارد کے ماتحت ہیں۔ عطارد سے متعلقہ امراض دیوانگی، لقوہ، فالج، امراض تنفس، اعصابی بیماریاں، مرگی، بالوں کا گرنا اور یادداشت کی خرابیاں ہیں۔

زرد پکھراج

آسمانی رنگ کی کاسمک شعاعوں کا اخراج کرتا ہے۔ یہ شعاعیں جسم کی چربی اور غدود کے نظام پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ زرد پکھراج کا تعلق سیارہ مشتری سے ہے۔ مشتری برج قوس اور برج حوت کا حاکم سیارہ ہے۔ انسانی جسم میں رطوبتیں، کف، پاؤں، جگر، انتڑیوں، کولہے اور ران کی ہڈیاں مشتری کے زیر اثر ہیں۔ قوت نفسانی، قوت سماعت، قوت واہمہ، لبلبہ اور دورانِ خون کا نظام مشتری کے ماتحت ہیں۔ جگر، پھیپھڑے اور غدودوں کے امراض مشتری سے منسوب ہیں۔

ہیرا

انڈیگو رنگ کی کاسمک شعاعوں کا مخرج ہے۔ یہ سیارہ عطارد سے منسوب ہے۔ زہرہ پر برج ثور اور برج میزان اثر ہیں۔ گلا، حلق، غدہ تیموسیہ، چہرے کی رنگت، بال، تھوڑی، رخسار، پیڑو، نظام ہضم کا عمل، تناسلی نظام کا کچھ حصہ، مادہ تولید، گردے، قوت بصارت، قوت شہوانیہ اور قوت مجامعت، زہرہ کے تحت ہوتی ہیں۔ جنسی امراض، جماعی تکالیف، حلق اور پیشاب سے متعلق امراض زہرہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

نیلم

نیلم سے وائیلٹ کاسمک رنگ کی شعاعوں کا اخراج ہوتا ہے۔ اس کا تعلق سیارہ زحل سے ہے۔ سیارہ زحل برج جدی اور برج دلو کا مالک ہے۔ انسانی جسم کے مندرجہ ذیل اعضاء زحل کے زیرِ اثر ہیں: غدہ فوق الکایہ، کھال، دانت، ہڈیاں، جوڑ، تلی، پتہ، بال، ناخن، نسیں، پٹھے، پنڈلیاں، اعصابی نظام اور نظام رطوبت بھی زحل کے ماتحت ہیں۔ قوت لامہ، قوت حافظہ، قوت ماسکہ زحل کے زیر اثر ہوتی ہیں۔ مختلف اقسام کے درد، دانت کے امراض، ہڈیوں کے امراض، لاغری اور گھٹیا کے درد..... زحل سے تعلق

رکھتے ہیں۔

زرقون

زرقون سرد ترین کاسمک شعاعوں کا اخراج کرتا ہے۔ یہ الٹرا وائلیٹ شعاعیں ہوتی ہیں۔ زرقون کا تعلق راس سے ہے۔ یہ ایک سایہ ہے مگر ہندی نجوم میں اس کے اثرات کو سیارہ کی طرح ہی قرار دیا جاتا ہے۔ پیر کے تلوؤں، غدودوں اور نظام تنفس پر اس کے کچھ اثرات پائے جاتے ہیں۔ جسم کا گرمی سے متاثر ہونا، تیزابیت، جلنے کے محسوسات، نیند کی خرابیاں، دماغی امراض، شہوت کی زیادتی اور غدودی امراض اس کے زیر اثر ہوتے ہیں۔

لہسنیا

لہسنیا کو عام طور پر کیٹس آئیز بھی کہا جاتا ہے۔ اس سے انفرا ریڈ کاسمک شعاعوں کا اخراج ہوتا ہے۔ یہ گرم ترین کاسمک شعاعیں ہوتی ہیں۔ لہسنیا کا تعلق ذنب سے ہے۔ ذنب کی حیثیت بھی راس ہی کی طرح ہے۔ نظام ہضم، جلد اور اعصاب پر اس کے کچھ اثرات پائے جاتے ہیں۔ لہسنیا بہت ہی ضدی، مزمن امراض اور وبائی امراض کو دور کرنے کے کام آتا ہے۔ کینسر، فالج، چیچک، ہیضہ جیسے امراض ذنب سے منسوب ہیں۔

پتھر کس انگلی میں پہنا جائے؟

کوئی بھی قیمتی پتھر پہننے کے لئے مناسب انگلی کا انتخاب بہت اہم ہوتا ہے کیونکہ ہر انگلی کسی نہ کسی سیارے کے زیر اثر ہوتی ہے اور اعصاب کے ذریعے جسم کے مختلف حصوں سے گہرا تعلق رکھتی ہے۔

پہلی انگلی

یہ انگشت شہادت بھی کہلاتی ہے۔ طبی طور پر اس کا تعلق نظامِ ہضم اور نظام تنفس سے ہوتا ہے۔ یہ انگلی سیارہ مشتری سے متعلق ہے۔ مشتری سے منسوب قیمتی پتھر اس میں پہنا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ مشتری کے دوست سیاروں یعنی شمس، قمر اور مریخ سے منسوب قیمتی پتھر بھی اس انگلی میں پہنے جاتے ہیں۔

دوسری انگلی

اس انگلی کا طبی تعلق ہڈیوں، آنتوں اور جلد سے ہے۔ یہ انگلی زحل سے منسوب ہے۔ زحل کے علاوہ عطارد، راس اور زہرہ سے متعلقہ قیمتی پتھر بھی اس انگلی میں پہنے جاسکتے ہیں۔

تیسری انگلی

یہ رنگ فنگر بھی کہلاتی ہے۔ طبی طور پر اس کا تعلق دل، معدہ، تولیدی نظام اور دوران خون سے ہوتا ہے۔ اس انگلی کا تعلق سیارہ شمس سے ہے۔ اس انگلی میں شمس کے علاوہ قمر، مشتری، مریخ اور ذنب سے منسوب قیمتی پتھر بھی پہنے جاسکتے ہیں۔

چوتھی انگلی

اس انگلی کا طبی تعلق جنسی اعضاء، اعصاب، ٹانگوں، گھٹنوں اور پیروں سے ہوتا ہے۔ اس انگلی کا تعلق سیارہ عطارد سے ہے۔ اس انگلی میں سیارہ عطارد کے علاوہ زحل، زہرہ اور راس سے منسوب قیمتی پتھر بھی پہنے جاسکتے ہیں۔

سیاروں کی مختلف بیماریوں سے مطابقت

علم نجوم کے ذریعے بیماری کی تشخیص کرنا اور اس سے علاج کے لئے قیمتی پتھر تجویز کرنا کسی ماہر زائچہ نگار کا کام ہے لیکن ہم یہاں قارئین کی معلومات کے لئے سیاروں کی عام کیفیات کی مختلف بیماریوں سے مطابقت کو زیر بحث لائیں گے اور بیماریوں کے لحاظ سے سیاروں کی ممکنہ کیفیات کا جائزہ لیں گے تاکہ سیاروں اور برجوں کے متعلق معمولی علم رکھنے والے افراد بھی اس علم سے فائدہ اٹھائیں۔

قلت خون

جسم میں قلت خون کے کئی ایک اسباب ہوسکتے ہیں۔ چنانچہ اس مرض کے ذمہ دار بھی بہت سے سیارے ہوتے ہیں۔ اگر جگر میں صالح خون پیدا

تعویذ حفظ جان کی تفصیل goo.gl/ckrYvj

کرنے کی صلاحیت کم ہوجائے یا پھر خون بہنے کے سبب سے خون کی کمی ہو رہی ہو تو مشتری کی کمزوری کا اندازہ ہوتا ہے۔ اگر ہڈیوں کے گودے میں کسی خرابی کے باعث خون کی کمی واقع ہو رہی ہو تو مریخ کی کمزوری کا اندازہ لگایا جاتا ہے یا پھر پیدائش کے وقت شمس کمزور ہو یا سرد ترین سیارے زحل کے زیر اثر ہو تو خون کی کمی واقع ہوتی ہے۔ چناچہ اس مرض میں یاقوت، مرجان اور زرد پکھراج فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں کیونکہ یاقوت ایک گرم تر پتھر ہے۔ اس لئے اس کا استعمال کسی ماہر علم نجوم کے مشورے کے بغیر نہیں کرنا چاہئے۔ البتہ زرد پکھراج اور مرجان 5 کیرٹ وزن کے استعمال کرائے جاسکتے ہیں۔

وجع المفاصل

یہ ایک میٹابالک خرابی کا مرض ہے۔ جب جسم میں یورک ایسڈ کو باہر نکالنے کی نااہلی پیدا ہوجائے تو یورک ایسڈ کے ذرات جوڑوں میں جمنے لگتے ہیں۔ بیشتر اوقات ایسا پیدائش کے وقت مریخ کے کمزور ہونے کے سبب سے ہوتا ہے یا پھر برج جدی سے متعلق لوگ اس مرض کا شکار ہوتے ہیں کیونکہ یہ برج جوڑوں پر حاکم ہے اور سرد تاثیر رکھتا ہے۔ اس صورت میں مریخ کی گرم لہریں بذریعہ مرجان جسم میں پہنچائی جائیں تو مرض سے آرام آتا ہے۔ اگر سیارہ مشتری یا برج قوس کسی طرح متاثر ہو تو بھی یہ مرض پیدا ہوسکتا ہے۔ اس مرض کا عام علاج یہ ہے کہ مرجان 9 کیرٹ اور زرد پکھراج 5 کیریٹ مریض کو پہنایا جائے۔

نسیان

سر اور دماغ برج حمل سے منسوب ہیں جبکہ دماغ پر سیارہ شمس حاکم ہے۔ عصبی نظام، قوت متفکرہ اور قوت ادراک کا حاکم سیارہ عطارد ہے۔ اگر سیارہ شمس، عطارد اور برج حمل یا پھر برج حمل کا حاکم سیارہ مریخ پیدائش کے وقت کمزوری کا شکار ہو رہے ہوں تو یادداشت کی خرابی کے امراض جنم لیتے ہیں۔ چناچہ ایسے امراض میں یاقوت، مرجان اور زمرد کارآمد ہوتے ہیں۔ یاقوت کا استعمال اس کے گرم تر اثر کی وجہ سے احتیاط کا متقاضی ہے۔ البتہ مرجان 7 کیرٹ اور زمرد 6 کیرٹ بے فکری سے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

دمہ

اس تکلیف دہ مرض کا سبب مشتری اور عطارد کی کمزوری ہے۔ پیدائش کے وقت اگر برج جوزا پر سرد تاثیر کا سیارہ زحل اثر ڈال رہا ہو، جب بھی یہ مرض پیدا ہوسکتا ہے۔ اس مرض میں زمرد 6 کیرٹ اور زرد پکھراج 5 کیرٹ کارآمد ہوتا ہے۔

گنج

علم نجوم کی رو سے زحل بالوں پر بھرپور کنٹرول رکھتا ہے جبکہ عطارد بالوں کی جڑوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ چناچہ گنج کو روکنے کے لئے نیلم اور زمرد کا استعمال فائدہ مند ہے۔

نزلہ زکام

نزلہ زکام کسی بھی قسم کا ہو، اس کا سبب جسم میں سرد شعاعوں کی زیادتی ہوتی ہے۔ زحل یا قمر کی زیادتی بھی اس کا سبب ہوسکتی ہے۔ مریخ کی شعاعیں جسم میں موجود فاضل رطوبتوں کو سکھاتی ہیں۔ چناچہ مرجان 7 کیرٹ اس میں فائدہ مند ہے۔

حیض کی خرابیاں

حیض کے نظام پر قمر کا بہت گہرا اثر ہے۔ انسانی جسم میں قمر پستان، رحم، بیضۃ الرحم اور فیلوپن ٹیوب پر حاکم ہے۔ مریخ کے اثر سے حیض کا آغاز ہوتا ہے اور مقدار کا تعین ہوتا ہے جبکہ بہاؤ اور دورانیہ کو قمر کنٹرول کرتا ہے۔ چناچہ خواتین کے لئے قمر بہت اہم سیارہ ہے۔ اگر جسم میں قمر کی شعاعوں کی کمی واقع ہو تو حیض کے نظام میں خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔ اس لئے حیض کی خرابیوں پر قابو پانے کے لئے موتی خاص کردار ادا کرتا ہے۔ 10 سے 20 کیرٹ کا موتی استعمال کرانا چاہئے۔ اگر جسم میں گرم شعاعوں کی زیادتی ہو تو کثرت حیض کا عارضہ ہوتا ہے۔ چناچہ ایسی صورت میں سرد شعاعوں والے

قیمتی پتھر نیلم، ہیرا یا ان کے متبادل استعمال کرانا چاہئے۔

پتھر تجویز کیسے کریں؟

یوں تو علم نجوم کی رو سے قیمتی پتھر تجویز کرنے کے لئے بہت سے طریقہ رائج ہیں، جن میں سے دو مروجہ طریقے قابل ذکر ہیں۔ نام کے پہلے حرف سے یعنی نام کا پہلا حرف جس برج سے منسوب ہو، اس کے حاکم سیارے سے منسوب قیمتی پتھر پہنا جائے۔ دوسرا طریقہ شمسی برج سے یا تاریخ پیدائش سے۔ تاریخ پیدائش سے شمسی برج کا پتہ چلتا ہے یعنی پیدائش کے وقت شمس جس برج میں ہو، اس برج کے حاکم سیارے سے منسوب قیمتی پتھر پہنا جائے۔ مندرجہ بالا دونوں طریقوں میں زیادہ علمی قابلیت کی ضرورت نہیں ہوتی ہے، نہ ہی ان سے مطلوبہ نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔

قیمتی پتھر تجویز کرنے کا مناسب ترین طریقے میں تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور جگہ پیدائش کا معلوم ہونا بہت ضروری ہے تا کہ مکمل زائچہ بنا کر طالع برج، قمری برج اور شمسی برج معلوم کیا جا سکے۔ اور تمام سیارگان کی کیفیات کا مطالعہ کیا جا سکے۔ نیز حامل زائچہ کے لئے مفید اور نحس سیاروں کا تعین بھی کیا جا سکے اور پھر ان تمام معلومات کی روشنی میں کسی بھی حل طلب مسئلہ کے لئے قیمتی پتھر تجویز کیا جائے۔

مندرہ کبیر

ھدیہ 7100 روپے

جنات، جادو، آسیب، دشمن، جادوگر، شیاطین کے خلاف ایک انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار ہے۔ جس عامل کے پاس یہ عمل ہوتا ہے، اس پر آسانی سے جادو اور جنات کا حملہ نہیں ہوتا۔ اس عمل کے پیچھے جو مخلوق ہے، وہ لڑنے کی ماہر ہے اور دشمن کو اچھا سبق سکھانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ چھوٹے درجے کے جنات و جادو صرف اس کے دم سے ہی ختم ہو جاتے ہیں یا بھاگ جاتے ہیں۔ آج کل کے ماحول کے لحاظ سے ایک بہترین عمل ہے۔ اس عمل کا کم از کم ایک چلہ کرنا ضروری ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
+92-322-7772772

نورانی مندرہ

ھدیہ 7100 روپے

ہر طرح کے جادو اور جنات سے نجات اور ہر طرح کے عمل کو واپس کرنے کا خاص عمل۔ یہ وہ واحد عمل ہے جو ہر قسم کے مندروں کا بھی توڑ ہے۔ اس کے عامل پر آسانی سے جنات اور جادو کا حملہ نہیں ہوتا۔ اور چھوٹے جنات و شیاطین تو اس کے عامل سے مقابلہ ہی نہیں کرتے، بھاگ جاتے ہیں۔

جادو، جنات کے اثرات کے علاوہ پیچیدہ قسم کی بیماریوں کے لیے بھی مجرب ہے۔ خاص کر وہ بیماریاں، جو جادو اور جنات کی وجہ سے بنی ہوں۔ اس عمل کا بھی چلہ کرنا ضروری ہے۔

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com
+92-322-7772772

شعبہ شادی

دارالعمل چشتیہ

کے مختلف شعبوں میں سے ایک شعبہ "شادی" ہے۔ جس کا مقصد فلاحی طور پر شرفاء کے بیٹے، بیٹیوں کے لئے شریف گھرانوں کے رشتہ تلاش کرا کے دو خاندانوں کا میل کروانا ہے۔ شریف گھرانوں کے ہر ذات، برادری کے رشتے درکار ہیں۔ صرف سنجیدہ خواتین و حضرات اعتماد کے ساتھ رابطہ کریں۔

خط و کتابت: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ 54570

دفتر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
دارالعمل چشتیہ
042-35410586
0343-7772772

مختلف طریقوں سے روحانی تشخیص کرنا سیکھیں

آج کے دور میں ایک طرف تو جنات، شیاطین اور جادو کے اثرات بہت تیزی سے پھیل رہے ہیں تو دوسری طرف غلط قسم کے عاملین اور روحانی معالجین بھی تیزی سے پھیل رہے ہیں۔ مریضوں اور سائلوں کو غلط تشخیص بلکہ جھوٹی تشخیص کر کے ڈراتے ہیں اور ان سے پیسے بٹورتے ہیں۔ اور بھی بے شمار غلط کام کرواتے ہیں۔

صحیح علاج کے لئے صحیح تشخیص ہونا نہایت ضروری ہے۔ غلط تشخیص سے معالج آغاز سے ہی غلط طرف چل پڑتا ہے۔ اسی طرح ہر گھر میں ایک فرد ایسا ضرور ہونا چاہئے جس کو روحانی تشخیص کرنا کسی نہ کسی درجے میں آتی ہو تا کہ بوقتِ ضرورت وہ تشخیص کر کے فیصلہ کر سکے کہ مریض کو روحانی معالج کی ضرورت ہے یا جسمانی معالج کی۔ اور فراڈ اور غلط قسم کے عاملوں سے خود، اپنے گھر والوں اور دوسروں کو بھی بچا سکے۔

اسی ضرورت کے تحت دار العمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ نے علم التشخیص کا ابتدائی کورس مرتب کیا ہے۔ اس کورس کو کرنے کے بعد ایک عام آدمی بھی اس قابل ہو جاتا ہے کہ وہ مختلف طریقوں سے مریض کی روحانی تشخیص کر کے با آسانی بتا سکتا ہے کہ مسئلہ جسمانی ہے یا روحانی۔

یہ کورس ہر کوئی سیکھ سکتا ہے۔ بہت سے عاملین تشخیص کے فن سے ناواقف ہوتے ہیں۔ ان کے لئے کورس بہت مفید ہے۔ اس میں کئی طرح کے اعمال کی زکوٰۃ نکلوائی جاتی ہے۔ کورس کی فیس **3000** روپے ہے۔ مدت دو سے تین ماہ ہے۔ جو افراد پہلے سے عملیات سے منسلک ہیں یا چلہ کشی نہیں کر سکتے، وقت نہیں ہے، وہ خاص اجازت لے کر سیکھ سکتے ہیں۔ ان کے لئے فیس **6000** روپے ہے۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور
فون دفتر: 042-35410586 موبائل دفتر: 0343-7772772
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

علم الدفاع کورس

یہ کورس اُن عاملین کے لئے ہے، جو جادو اور جنات کے مریضوں کا علاج کرتے ہیں۔ اور ساتھ ہی عوام کے لئے بھی انتہائی مفید ہے جو جادو زدہ ہیں یا پھر جنات نے ان کا جینا دشوار کیا ہوا ہے۔

اس کورس کے دو درجے ہیں۔ ایک ''ابتدائی'' جو عاملین کے ساتھ عوام کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ دوسرا درجہ ''ماہر'' کا ہے، جو صرف عاملین کے لئے خاص ہے۔

سخت جادو اور جنات کے علاج کے لئے مضبوط دفاع کا ہونا لازم ہے۔ ورنہ علاج کرنے والے کو خود بھی بہت نقصان ہوتا ہے اور اس کے گھر والوں اور زیر استعمال اشیاء کو بھی زبردست نقصان ہوتا ہے۔

علم الدفاع کورس کرنے والے کے ارد گرد مضبوط حصارات قائم ہو جاتے ہیں۔ جب بھی کسی ایسی جگہ جانا ہو جہاں یہ جادو یا جنات وشیاطین کا بسیرا ہو تو وہ ایسے فرد سے دور بھاگتے ہیں اور مقابلہ کرنے سے کتراتے ہیں۔ اگر ماہر کورس کیا ہوگا تو عامل کے آس پاس مضبوط جنات کا پہرا لگ جاتا ہے۔ اور بڑے بڑے علاج میں بھی با آسانی کامیابی ملتی ہے۔ مخالف لڑے بغیر ہی میدان چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔

جو لوگ عاملین پر ہزاروں روپے برباد کر چکے ہیں، ان کو چاہئے کہ گھر میں سے کوئی ایک فرد علم الدفاع کا کورس کرے اور اپنے گھر کا دفاع کرے۔ جب تک جنات اور جادو کی روک نہ کی جائے، علاج سے مکمل فائدہ نہیں ہوتا۔ مضبوط حصار کی وجہ سے فوری روک لگائی جا سکتی ہے۔ پھر عام علاج بھی فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

ابتدائی کورس: 5000 **ماہر کورس: 10000**

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور
فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7727772
darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

مجرباتِ ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف الاشرفی الجیلانی رحمہ اللہ

مرتب: محمد عمر اشرفی سمنانی (لاہور)

شادی کی بندش کھولنے کیلئے

لڑکی یا لڑکے کی شادی کی بندش کھولنے کیلئے چودہ (۱۴) مرتبہ آیت قطب پڑھ کر پانی پر دم کر کے گیارہ (۱۱) روز تک غسل کرائیں۔ ان شاء اللہ بندش کھل جائے گی۔ روز چودہ (۱۴) مرتبہ پڑھیں اور غسل کرائیں۔ آیت قطب یہ ہے: ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿اٰلِ عِمْرٰن: ۱۵۴﴾

حقوقِ زوجیت ادا کرنے سے محروم شخص کا روحانی علاج

جو شخص حقوقِ زوجیت ادا کرنے سے محروم ہو اور جسمانی طور پر فٹ بھی ہو تو ایسے شخص کو چاہیے کہ میٹھے انار کے پتے پر ''یامسک'' لکھ کر شہد کے ساتھ سات (۷) پتے روز کھائے۔ پھر ایک کپ گرم دودھ پی لے۔ تین (۳) روز کے بعد پہلے حُبِّ جواہر منہ میں رکھ کر چوسیں۔ پھر فائدہ اٹھائیں۔

بچوں کے دورہ پڑنے کا علاج

جن بچوں کو دورے پڑتے ہوں، ہاتھ پاؤں مڑ جاتے ہوں تو جب بچے کو دورہ پڑے، فوراً اس کے جسم پر جو کپڑے ہوں، وہ پھاڑ کر اتاریں اور جلا کر ان کا دھواں اس بچے کے جسم پر لگائیں۔ پھر کبھی دورا نہیں پڑے گا۔

دوائیوں سے نہ ٹھیک ہونے والے بخار کا روحانی علاج

جس بچے کو بخار ہو اور دوائیوں سے آرام نا آرہا ہو تو پیپل کے سات عدد تازہ پتے لے لیجئے۔ ہر پتہ پر ۱۸ کے عدد سے متواتر اعداد ۳۳ تک لکھ کر ایک پتہ روزانہ صبح نہار منہ پانی میں گھول کر پلایا کریں۔ ان شاء اللہ بخار اتر جائے گا۔

سوتے میں دانت چبانے کی عادت سے نجات

اگر کوئی مرد یا عورت رات کو سوتے میں دانت چباتے ہوں تو ان پر سات (۷) روز تک ''ھوھوھو، ھی ھی ھی، ھوھوھو، ھی ھی ھی'' کی تکرار کے ساتھ سات (۷) مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا کریں۔ ان شاء اللہ، یہ بیماری ختم ہو جائے گی۔

حفاظتِ حمل

اگر کسی عورت کو جب بھی امید ہو اور دو ڈھائی ماہ بعد حمل ضائع ہو جاتا ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ وہ عورت کھڑی ہو کر اکتالیس (۴۱) ڈورے کلاوہ کے، سر سے پاؤں تک ناپ کر اس میں اکیس (۲۱) گرھیں لگائیں۔ ہر گرہ پر تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کر کے گرہ بند کیا کریں:

هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰن: ۶﴾

پھر یہ گنڈا جب اس عورت کو حمل ہو، اس کی کمر سے اس طرح باندھیں کہ گرہ کمر پر رہیں اور آگے کی طرف بند کریں۔ ان شاء اللہ حمل ضائع نہ ہو گا۔

نقصان دہ وظائف، مفید صرف علاج.....مولانا علی آفاق

آج کل ہمیں جدید ذرائع ابلاغ، سوشل میڈیا، عملیاتی کتب اور بزرگانِ دین کے وظائف اور شیخ الکل فی الوظائف کے عطاء کردہ، تعلیم کردہ اور رسائل میں ذکر کردہ وظائف نے جتنا روحانی مریضوں کو نقصان دیا ہے، اس کا اندازہ روحانی معالجین کو روزانہ کی بنیاد پر ملنے والے سائلین کے واقعات سے بخوبی ہوتا ہے۔ ہر روز کوئی نا کوئی سائل آکر اپنی رام کہانی بتاتا ہے کہ ''جی پچھلے 15 سال سے فلاں بزرگ کے بتائے ہوئے وظائف اپنی مختلف ضروریات، حاجات اور پریشانیوں کے حوالے سے پڑھ رہا ہوں۔ مگر میرا معاملہ نا صرف خراب ہوا ہے بلکہ میں اپنی زندگی کے 15 قیمتی سالوں کو ضائع کہوں تو بے جا نہ ہوگا''۔

میں آج قارئین خزینۂ روحانیات کو ایک ایسے ہی مریض سے ملوانے کیلئے تیار کر رہا ہوں جو پاکستان کے معروف دینی روحانی خانوادے سے تعلق رکھنے کی وجہ سے پہلے پہل تو جو وظیفہ ''حضرت'' نے عطاء فرمایا، وہ کرتے رہے۔ جب کام بننے کی کوئی صورت نہ بنی تو دوبارہ ''حضرت'' سے وظیفہ معلوم کر کے پھر سے مصلیٰ سنبھال لیا۔ اب ''حضرت'' روحانی علوم سے عدمِ واقفیت کی وجہ سے نہ تو راہنمائی درست سمت میں کر پائے اور نہ ہی اس مریض نے یہ درخواست کرنے کی جرأت و جسارت کی کہ ''حضرت''! اگر آپ کے پاس میرے مسئلے کا روحانی حل موجود نہیں ہے تو اس بات کے اظہار میں کیا حرج اور رکاوٹ ہے کہ آپ میری کسی روحانی معالج اور عامل کی جانب راہنمائی فرما دیں۔

الغرض وظیفہ اور عمل کے فرق سے نابلد ''حضرت'' نے مریض کے تقریباً 18 سال ضائع کر دیئے۔ ان 18 سالوں میں کون سا وظیفہ ہوگا، جو سارے گھرانے نے اجتماعی یا انفرادی طور پر نہ پڑھا ہوگا۔ کون سا روحانی ختم مثلاً آیت کریمہ، سورۂ یٰسین، سورۂ مزمل، سورۂ واقعہ، سورۂ بقرہ سمیت ہزار ہا وظیفہ نما عمل کر چکے تھے۔ مگر معاشی گرداب، معاشی بندش اور حالات ابتر سے ابتر ہوتے چلے جا رہے تھے۔

بالآخر مریض میرے پاس آیا تو اس کے سارے حالات سننے کے بعد دو باتوں کا خلاصہ معلوم ہوا۔

1۔ ہمارے گارمنٹس کے کام میں آرڈرز آتے ہیں مگر بروقت مکمل نہیں ہوتے جس کی وجہ سے مختلف کمپنیاں اور افراد ہم سے کام کروانے سے نہ صرف ہچکچاتے ہیں بلکہ عموماً انکار کر دیتے ہیں، جس کی وجہ سے ہم نے جس سطح پر آج سے 18 سال پہلے کام شروع کیا تھا، اس سے آگے بڑھنے کا نام نہیں لے رہا۔

2۔ میرے بیٹے کو نوکری نہیں مل رہی۔

پہلے معاملے کو کاروبار اور گھر کو روحانی طور پر خود جا کر پاک، صاف کیا۔ دم شدہ اگر بتی سلگانے کیلئے دی۔ چراغ کمرے، واش روم کے حوالے سے جلانے کیلئے دیا۔ پانی دم کر کے پینے اور چھڑکنے کے لیے دیا۔ نہانے کی غرض سے تعویذات دیے اور کاروبار کے حوالے سے ورکشاپ نما فیکٹری کو دو مرتبہ عمل سے گزارا اور وہاں پر بھی واش روم میں چراغ جلانے، ورکشاپ میں اگر بتی سلگانے، پانی چھڑکنے کا کہا تو چند روز کے درست سمت کے علاج، گھر، کاروبار کے روحانی طریقے پر صفائی کی برکت سے 18 سال سے جمود کے شکار کاروبار میں پیش آنے والی رکاوٹیں ختم ہو گئیں۔ ان صاحب کے ملازمین میں سے ایک نے مجھ سے کہا کہ ''میرے باس اس طریقۂ علاج کے تو مخالف تھے۔ آج کل آپ کے علاج کی وجہ سے معاشی آسودگی اور خوشحالی کا اثر ہم پر بھی پڑنا شروع ہو گیا ہے۔ باس نے مجھے خود بتایا کہ اب ہمارے پاس کام بروقت مکمل ہو بھی رہا ہے اور مال تیاری کے آرڈرز بھی پہلے سے زیادہ مل رہے ہیں''۔ خلاصہ یہ کہ وظائف جو خود سے منتخب کئے جائیں، مضر اور علاج جو مستند اور ماہر سے تجویز کروایا جائے، مفید رہتا ہے۔ لہٰذا وقت ضائع نہ کریں، درست علاج اور صحیح سمت اختیار کریں۔

کاروباری بندشوں کے خاتمے کیلئے

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

دارالعمل چشتیہ کے شعبہ روحانی علاج گاہ میں بے شمار لوگ اپنی کاروباری بندشوں کا معاملہ لے کر حاضر ہوتے ہیں، کاروبار چلتے چلتے بند ہوگیا، سارا دن کوئی گاہک نہیں آتا، دکان پر بیٹھتے ہوئے بھی اب شرم محسوس ہوتی ہے، بجلی کا بل اور دوکان کا کرایہ کیسے دیں، کاروبار تباہ ہوگیا، دوکان بند کرنے پر مجبور ہوگئے۔ ایک صاحب سرگودھا سے تشریف لائے، غوثیہ کنو فیکٹری کے مالک ہیں، اچھا بھلا کاروبار، بیرون ممالک کی منڈیوں تک رسائی، مال کے آرڈر پر آرڈر، بات سننے کو وقت نہیں ملتا تھا، سینکڑوں ملازم تھے لیکن اب سب کچھ ختم ہوگیا، فیکٹری بند ہوگئی، کروڑوں کے مقروض ہوئے، گھریلو اخراجات کیلئے بھی رقم نہیں ہے، گھر فاقوں نے ڈیرے ڈال دیئے ہیں۔ ایک اور صاحب سے ملاقات ہوئی 2 فیکٹریوں کے مالک تھے اچانک ایسا زوال آیا کہ دونوں فیکٹریاں بک گئیں، ذاتی 2 کنال کی کوٹھی تک بک گئی۔ اب ایک چھوٹی سی دکان ہے اسی سے گذارہ چل رہا ہے۔

ایسی سینکڑوں داستانیں ہیں، ہزاروں خطوط ہیں، سارا دن رات ایسے پریشان حال لوگوں کے بہت فون آتے ہیں۔ ان کی پریشانیاں دیکھ کر، واقعات سن کر دل بہت دکھتا ہے، اللہ سب کی تمام پریشانیاں دور فرمائیں۔ آمین۔

ایسے تمام پریشان حال بھائی سچے دل سے توبہ کریں۔ نماز کی پابندی کریں اور نوچندی جمعرات سے بعد نماز فجر 11 بار درود ابراہیمی پڑھیں، اس کے بعد 1100 مرتبہ یا مغنی پڑھیں، اس کے بعد 11 مرتبہ سورۃ مزمل شریف اور اس کے بعد 11 بار درود شریف پڑھیں۔ یہ 40 دن بلاناغہ عمل کریں۔ سب کو اجازت ہے۔

عمل سے پہلے ایک دفعہ دارالعمل چشتیہ تشریف لاکر یا بذریعہ فون رابطہ کرلیں۔ اگر جادو وغیرہ ساتھ چل رہا ہے تو اس کی کاٹ لازمی کروائیں۔

نظرِ بد کے علاج کے دو خاص اعمال

حضرت مولانا محمد امان اللہ رحمہ اللہ

(۱).....جس کسی آدمی یا جانور کو بدنظر لگ گئی ہو، اس دعا کو پانچ بار یا تین بار پڑھ کر دم کرے، ان شاء اللہ نظر بد کا اثر جاتا رہے گا اور آدمی یا جانور تکلیف سے چھٹکارا پائے گا۔ وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. بِسْمِ اللّٰهِ عَظِيْمِ الشَّانِ شَدِيْدُ الْبُرْهَانِ مَا شَآءَ اللّٰهُ كَانَ حَبَسَ حَابِسٌ مِنْ حَجَرٍ يَابِسٍ وَّ شِهَابٍ قَابِسٍ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ رَدَدْتُ عَيْنُ الْعَائِنِ عَلَيْهِ وَ عَلٰى اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيْهِ فِيْ كَيْدِهٖ وَكُلِّيَتِهٖ لَهُمْ دَقِيْقٌ وَ عَظْمٌ قِيَامًا لَهٗ يَلِيْقُ. فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ. ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ

(۲).....جس کسی کو بدنظر لگ گئی ہو تو اس مریض پر ان آیات شریفہ کو پانچ بار یا سات بار پڑھ کر دم کرے، ان شاء اللہ نظرِ بد کا اثر جاتا رہے گا۔

وہ آیات مبارکہ یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾

(المؤمن:۵۷)

فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴿۳﴾ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ﴿۴﴾

(الملک:۳-۴)

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾ (القلم:۵۱-۵۲)

رسمِ نکاح کے بعد ایک ماں کی اپنی لختِ جگر کو دس نصیحتیں

انتخاب: شیخ محمد الیاس رحمانی شاذلی

عوف بن محلم، ایک عرب سردار تھا۔ ریاست کندہ کے بادشاہ، حارث بن عمرو نے اس کی لڑکی کی بہت تعریف سُنی۔ اس نے ایک دانا اور تجربہ کار عصام نامی عورت کو عوف کی بچّی کو دیکھنے کے لیے بھیجا۔ عصام نے واپس آ کر اس بچّی کا سراپا اس انداز سے بیان کیا اور اس کے خصائل و شمائل کا جامع تذکرہ کیا کہ رشتہ طے ہوگیا۔ رسمِ نکاح کے بعد ماں نے اپنی لختِ جگر کو رُخصت کرتے وقت جو نصیحت کی، اس کا متن آپ کی توجہ کے لیے پیشِ خدمت ہے:

''اے میری پیاری بچّی! اگر وصیّت کو ترک کر دینا روا ہوتا کہ جس کو وصیّت کی جارہی ہے، وہ خود عقل مند اور زیرک (دانشمند) ہے تو میں تجھے وصیّت نہ کرتی لیکن وصیّت غافل کے لیے یادداشت اور عقل مند کے لیے ایک ضرورت ہے۔ اگر کوئی عورت اپنے خاوند سے اِس لیے مُستَغنی (جسے کسی چیز کی حاجت نہ ہو) ہوسکتی ہے کہ اس کے والدین بڑے دولت مند ہیں اور وہ اسے اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز رکھتے ہیں تو تُو سب سے زیادہ اس بات کی مستحق تھی کہ اپنے خاوند سے مُستَغنی ہوجائے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ عورتیں مردوں کے لیے پیدا کی گئی ہیں اور مرد عورتوں کے لیے پیدا کیے گئے ہیں۔ اے میری نُورِ نظر! آج تُو اِس فضا کو الوِداع کہہ رہی ہے جس میں تُو پیدا ہوئی۔ آج تُو اِس نشیمن کو پیچھے چھوڑ رہی ہے جس میں تُو نے نشوونما پائی۔ ایک ایسے آشیانے کی طرف جارہی ہے جسے تُو نہیں جانتی اور ایک ایسے ساتھی کی طرف کوچ کر رہی ہے جس کو تُو نہیں پہچانتی۔ پس وہ تجھے اپنے نِکاح میں لینے سے تیرا نگہبان اور مالک بن گیا ہے۔ تُو اس کے لیے فرمانبردار کنیز بن جا، وہ تیرا وفادار اور غلام بن جائے گا۔ اے میری لختِ جگر! اپنی ماں سے دس باتیں یاد کرلے، یہ تیرے لیے قیمتی سرمایہ اور مُفید یادداشت ثابت ہوں گی۔

دس نصیحتیں

۱)..... سنگت، قناعت سے دائمی بنے گی۔ اور باہمی میل جول، اس کی بات سُننے اور اس کا حکم بجالانے سے پُرمُسرّت ہوگا۔

۲)..... جہاں جہاں اس کی نِگاہ پڑتی ہے، ان جگہوں کا خاص خیال رکھ اور جہاں جہاں اس کی ناک سُونگھ سکتی ہے، اس کے بارے میں محتاط رہ تاکہ اس کی نِگاہ تیرے جِسم اور لباس کے کسی ایسے حِصّہ پر نہ پڑے جو بدنُما اور غلیظ ہو۔ اور تجھ سے اسے بدبُو نہ آئے بلکہ خُوشبُو سُونگھے۔ اِس بات کا خاص خیال رکھنا۔

۳)..... سُرمہ حُسن کی افزائش کا بہترین ذریعہ ہے اور پانی گُمشدہ خُوشبُو سے بہت زیادہ پاکیزہ ہے۔

۴)..... اس کے کھانے کے وقت کا خاص خیال رکھنا اور جب وہ سوئے، اس کے آرام میں مخل نہ ہونا کیونکہ بُھوک کی حرارت شُعلہ بن جایا کرتی ہے اور نیند میں خلل اندازی بُغض کا باعث بن جاتی ہے۔

۵)..... اس کے گھر اور مال کی حفاظت کرنا۔ اس کی ذات کی، اس کے نوکروں کی اور اس کے عیال کی ہر طرح خبر گیری کرنا۔

۶)..... اس کے راز کو افشا مت کرنا۔ اس کی نافرمانی مت کرنا۔ اگر تُو اس کے راز کو فاش کردے گی تو اس کے غدر سے محفوظ نہیں رہ سکے گی اور اگر تُو اس کے حکم کی نافرمانی کرے گی تو اس کے سینہ میں تیرے بارے میں غیظ و غضب بھر جائے گا۔

۷)..... جب وہ غمزدہ اور افسُردہ ہو تو خوشی کے اِظہار سے اِجتناب کرنا اور جب وہ شاداں و فرحاں ہو تو اس کے سامنے منہ بسور کر مت بیٹھنا۔ پہلی خصلت آدابِ زوجیت کی ادائیگی میں کوتاہی ہے اور دوسری خصلت دِل کو مکدر کردینے والی ہے۔

۸)..... جتنا تم سے ہوسکے، اس کی تعظیم بجالانا۔ وہ اسی قدر تمہارا احترام

ruhaniwazaif.blogspot.com

کرے گا۔

۹).....جس قدر تم اس کی ہمنوا ہو گی، اتنی قدر ہی وہ تمہیں اپنا رفیقِ حیات بنائے رکھے گا۔

۱۰).....اچھی طرح جان لو! تم جس چیز کو پسند کرتی ہو، اسے نہیں پا سکتی، جب تک تم اس کی رضا کو اپنی رضا پر اور اس کی خواہش کو اپنی خواہش پر ترجیح نہ دو خواہ وہ بات تمہیں پسند ہو یا ناپسند۔

اے بیٹی! اللہ تعالیٰ تیرا بھلا کرے''۔

چنانچہ وہ بچّی رُخصت ہو کر اپنے شوہر کے پاس آئی۔ اپنی ماں کی ان زریں نصائح کو اس نے اپنا حرزِ جاں بنائے رکھا اور اس نے عزت و آرام کی قابلِ رشک زندگی گزاری۔ بادشاہ اس کی بڑی قدر کیا کرتا تھا اور اس کی نسل سے یمن کے سات بادشاہ تولد ہوئے۔ (بلوغ الارب، جلد 1، صفحہ 19)

خزینۂ روحانیات کی سابقہ جلدیں

خوشخبری ماہنامہ خزینہ روحانیات کی 6 جلدیں اکٹھی خریدنے پر زبردست آفر 25% ڈسکاؤنٹ

اکٹھی 6 جلدیں قیمت: **3400** روپے

رعائتی قیمت: **2600** روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

نومبر 2016 تک کے تمام شمارے **2950** روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

میں طلب فرمائیں۔ رابطہ: 0322-4773786
darulamal.org/maktabatulaarif

خوشخبری

مہران کمپنی کی نئی اگربتیوں کی ورائٹی آگئی ہے

۱) دربار ۲) مجموعہ ۳) شمامہ ۴) مخلط ۵) ووڈی عود قیمت: **60** روپے

درجن اگربتی ہول سیل ریٹ پر حاصل کریں۔ شکریہ

روحانی دکان 042-35410586, 0334-4312272

خوشخبری عارف باللہ حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر ؒ کی CD اور مواعظ نئے ٹائٹل میں چھپ کر آگئے ہیں۔ آج ہی مفت منگوائیں۔

گڑ کے طبی فوائد

حکیم عمران کمبوہ

گڑ ایک ایسا خدائی تحفہ ہے جو مردانہ طاقت کے ساتھ ساتھ 100 دوسری بیماریوں کے لیے آبِ حیات ہے۔

گڑ، جسے عربی زبان میں فارلیذ، فارسی میں قند سیاہ، انگریزی میں جیگری اور اردو میں گڑ کہتے ہیں۔ یہ گنے کے رس کو پکا کر جما لیا جاتا ہے۔ قوام کو سخت بنا کر ہاتھوں سے مل کر سفوف بنا لیں تو اسے سرخ شکر بھی کہتے ہیں۔ اس کا رنگ سرخ ہوتا ہے۔ بعض دفعہ رنگ سرخ مائل سیاہ اور زرد بھی ہوتا ہے اور ذائقہ شیریں ہوتا ہے۔ اس کا مزاج گرم اور دوسرے درجے میں تر ہوتا ہے۔ پرانا گڑ گرم و خشک ہوتا ہے۔

گڑ قدرتی مٹھائی کے طور پر جانا جاتا ہے۔ گڑ میں کئی ایسے فائدہ مند خصوصیات ہیں جو صحت کے لیے انتہائی فائدہ مند ہیں۔ گڑ ذائقہ کے ساتھ ساتھ صحت کا بھی خزانہ ہے۔ موسم سرما میں گڑ کی مانگ بڑھ جاتی ہے اور لوگ اسے بڑے شوق کے ساتھ کھاتے ہیں۔ یہاں ہم آپ کو گڑ کے چند اہم ترین طبی فوائد کے بارے میں آگاہ کریں گے۔

قدیم طبی ماہرین کی تحقیق کے مطابق گڑ میں وافر مقدار میں وٹامن اور نمکیات موجود ہوتے ہیں جس سے نہ صرف قوت مدافعت بڑھتی ہے بلکہ قبض کی شکایت بھی دور ہوتی ہے۔ ماہرین کہتے ہیں کہ گڑ میں پایا جانے والا پوٹاشیم نظامِ انہضام کو درست کرتا ہے، جس سے وزن نہ صرف کم ہوتا ہے بلکہ متوازن بھی رہتا ہے۔ ماہرین کے مطابق گڑ کو غذا کا حصہ بنا کر اس سے فوائد حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

گڑ کا استعمال اندرونی نظام کو متحرک کر کے قبض سے نجات دلاتا ہے۔ گڑ نظامِ انہضام کو متحرک کر دیتا ہے۔ اسی لیے متعدد افراد کھانے کے بعد گڑ ضرور استعمال کرتے ہیں۔

گڑ آئرن کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے اور گڑ کی اسی خوبی کے باعث اس کا رنگ گہرا خاکستری ہوتا ہے۔ آئرن ہمارے جسم کے لیے نہایت ضروری ہے کیوں کہ اس سے خون کی کمی نہیں ہوتی۔

رشتوں میں محبت کیسے پیدا کریں؟

عارف ندیم (لاہور)

اس کے لئے چالیس تیر بہدف نسخے ہیں۔ آیئے پڑھتے ہیں۔

(۱) ایک دوسرے کو سلام کریں۔ (مسلم:54)

(۲) ان سے ملاقات کرنے جائیں۔ (مسلم:2567)

(۳) ان کے پاس بیٹھنے اٹھنے کا معمول بنائیں۔ (لقمان:15)

(۴) ان سے بات چیت کریں۔ (مسلم:2560)

(۵) ان کے ساتھ لطف و مہربانی سے پیش آئیں۔ (سنن ترمذی:1924، صحیح)

(۶) ایک دوسرے کو ہدیہ و تحفہ دیا کریں۔ (صحیح الجامع:3004)

(۷) اگر وہ دعوت دیں تو قبول کریں۔ (مسلم:2162)

(۸) اگر وہ مہمان بن کر آئیں تو ان کی ضیافت کریں۔ (ترمذی:2485، صحیح)

(۹) انہیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ (مسلم:2733)

(۱۰) بڑے ہوں تو ان کی عزت کریں۔

(سنن ابوداؤد:4943، سنن ترمذی:1920، صحیح)

(۱۱) چھوٹے ہوں تو ان پر شفقت کریں۔

(سنن ابوداؤد:4943، سنن ترمذی:1920، صحیح)

(۱۲) ان کی خوشی و غم میں شریک ہوں۔ (صحیح بخاری:6951)

(۱۳) اگر ان کو کسی بات میں اعانت درکار ہو تو اس کام میں ان کی مدد کریں۔

(صحیح بخاری:6951)

(۱۴) ایک دوسرے کے خیر خواہ بنیں۔ (صحیح مسلم:55)

(۱۵) اگر وہ نصیحت طلب کریں تو انہیں نصیحت کریں۔

(صحیح مسلم:2162)

(۱۶) ایک دوسرے سے مشورہ کریں۔ (آل عمران:159)

(۱۷) ایک دوسرے کی غیبت نہ کریں۔ (الحجرات:12)

(۱۸) ایک دوسرے پر طعن نہ کریں۔ (الھمزہ:1)

(۱۹) پیٹھ پیچھے برائیاں نہ کریں۔ (الھمزہ:1)

(۲۰) چغلی نہ کریں۔ (صحیح مسلم:105)

(۲۱) آڑے نام نہ رکھیں۔ (الحجرات:11)

(۲۲) عیب نہ نکالیں۔ (سنن ابوداؤد:4875، صحیح)

(۲۳) ایک دوسرے کی تکلیفوں کو دور کریں۔ (سنن ابوداؤد:4946، صحیح)

(۲۴) ایک دوسرے پر رحم کھائیں۔ (سنن ترمذی:1924، صحیح)

(۲۵) دوسروں کو تکلیف دے کر مزے نہ اٹھائیں۔

(سورہ مطففین سے سبق)

(۲۶) ناجائز مسابقت نہ کریں۔ مسابقت کر کے کسی کو گرانا بری عادت ہے۔ اس سے ناشکری یا تحقیر کے جذبات پیدا ہوتے ہیں۔ (صحیح مسلم:2963)

(۲۷) نیکیوں میں سبقت اور تنافس جائز ہے جبکہ اس کی آڑ میں تکبر، ریاکاری اور تحقیر کارفرما نہ ہو۔ (المطففین:26)

(۲۸) طمع، لالچ اور حرص سے بچیں۔ (التکاثر:1)

(۲۹) ایثار و قربانی کا جذبہ رکھیں۔ (الحشر:9)

(۳۰) اپنے سے زیادہ آگے والے کا خیال رکھیں۔ (الحشر:9)

(۳۱) مذاق میں بھی کسی کو تکلیف نہ دیں۔ (الحجرات:11)

(۳۲) نفع بخش بننے کی کوشش کریں۔ (صحیح الجامع:3289، حسن)

(۳۴) احترام سے بات کریں۔ بات کرتے وقت سخت لہجے سے بچیں۔

(آل عمران:159)

(۳۴) غائبانہ اچھا ذکر کریں۔ (ترمذی:2737، صحیح)

(۳۵) غصہ کو کنٹرول میں رکھیں۔ (صحیح بخاری:6116)

(۳۶) انتقام لینے کی عادت سے بچیں۔ (صحیح بخاری:6853)

(۳۷) کسی کو حقیر نہ سمجھیں۔ (صحیح مسلم:91)

(۳۸) اللہ کے بعد ایک دوسرے کا بھی شکر ادا کریں۔ (سنن ابوداؤد:4811، صحیح)

(۳۹) اگر بیمار ہوں تو عیادت کو جائیں۔ (ترمذی:969، صحیح)

(۴۰) اگر کسی کا انتقال ہو جائے تو جنازے میں شرکت کریں۔

(مسلم:2162)

goo.gl/SYgCpL عوام کیلئے مفت خدمات

روحانی درسگاہ سے بغیر فیس عملیات سیکھیں

روحانی درسگاہ، دارالعمل چشتیہ 1997ء سے روحانی علوم سکھانے میں مصروف ہے۔ فیس اور بغیر فیس کے کئی اعمال سکھائے جا رہے ہیں۔ درسگاہ میں پانچ قسم کے افراد کو بغیر فیس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ بغیر فیس اعمال کے لیے رسالے کے آخر میں دیا گیا کوپن پُر کر کے بھیجنا ضروری ہے۔ مزید شرائط اور نئے اضافہ شدہ اعمال کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔ نئے اعمال کا اضافہ وقتاً فوقتاً ہوتا رہتا ہے۔ تمام اعمال میں بنیادی درجہ کا عامل بنایا جاتا ہے۔

(۱).....عوام کے لیے

درج ذیل اعمال ہر کوئی سیکھ سکتا ہے:

❶ آیت الکرسی (درجہ اوّل) ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین (درجہ اوّل) ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل (درجہ اوّل) ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت ''یاحافظ یاحفیظ'' ❼ ''فراخی رزق'' کا مجرب عمل ❽ درود ابراہیمی ❾ درود تنجینا ❿ بسم اللہ الرحمن الرحیم کا بنیادی عمل ⓫ سلام قولا من رب رحیم کا بنیادی عمل ⓬ الاعلاج امراض سے شفاء کا خاص قرآنی عمل

(۲).....ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران کے لیے

ماہنامہ خزینہ روحانیات کے ممبران درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں۔ ممبر شپ ختم ہونے پر یہ اعمال نہیں سکھائے جائیں گے:

❶ آیتِ شفاء ❷ ''حصار'' کا خاص عمل ❸ دعائے حزب البحر ❹ دعائے حزب النصر ❺ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا عمل ❻ ''منزل'' (درجہ اوّل) ❼ سورۃ الناس کا عمل ❽ ''تسخیر'' کا خاص عمل ❾ درودِ خضری کا عمل ❿ سورۃ یٰسین کا عمل ⓫ ''سورۃ واقعہ'' کا خاص عمل برائے فراخی رزق ⓬ ہاتھ سے تشخیص والا عمل ⓭ آیتِ کریمہ (درجہ اوّل) ⓮ حسبنا اللہ ونعم الوکیل ⓯ کینسر سے نجات کا خاص عمل ⓰ تسخیر و محبت کا خاص عمل

(۳).....علمائے کرام کے لیے

علمائے کرام درج ذیل اعمال سیکھ سکتے ہیں:

❶ ''منزل'' (درجہ اوّل و دوم) ❷ دعائے حزب البحر ❸ دعائے حزب النصر ❹ آیت الکرسی (درجہ دوم) ❺ معوذتین (درجہ دوم) ❻ قصیدہ طوبیٰ ❼ قصیدہ حسنیٰ ❽ اسمِ ذات کا عمل ❾ عمل تہدیدی نامہ مبارک ❿ ''جادو اور جنات کے توڑ اور حفاظت'' کا خاص عمل ⓫ نظرِ بد ختم کرنے کا عمل (درجہ دوم)

(۴).....خواتین کے لیے

خواتین درج ذیل اعمال سیکھ سکتی ہیں۔ کسی پرہیز اور ڈر و خوف کے بغیر عمل کریں:

❶ آیت الکرسی ❷ بنیادی حصار ❸ معوذتین ❹ نظر بد ختم کرنے کا عمل ❺ سورۂ فاتحہ ❻ عمل حفاظت ''یاحافظ یاحفیظ'' ❼ عمل محبت ''یالطیف یاودود'' ❽ عمل زبان بندی

(۵).....روحانی درسگاہ کے طالب علموں کے لیے

روحانی درسگاہ کے طالب علم سے مراد یہ ہے کہ جس شخص نے داخلہ لیا ہو اور کوئی کورس یا بڑا عمل سیکھ رہا ہو۔ صرف داخلہ فارم جمع کروانے والوں کو شامل نہیں کیا جائے گا۔ درج ذیل اعمال سیکھے جا سکتے ہیں:

❶ ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا عمل ❷ آیتِ کریمہ کا خاص عمل ❸ شیطان و آسیب کو کمزور کرنے کا خاص عمل ❹ شیطان و آسیب کو بھگانے کا خاص عمل ❺ سورۂ مزمل کا خاص عمل ❻ محبت کی عظیم آیت کا عمل

نوٹ جو بھی درج بالا اعمال میں سے کوئی عمل کرنا چاہے، پہلے یہ تسلی کر لیں کہ وہ اس زمرے میں آتے ہوں، ورنہ ہماری طرف سے معذرت ہے۔ ویب سائٹ پر تمام شرائط دی گئی ہیں، وہاں پڑھ لی جائیں۔

روحانی درسگاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

ruhanidarsgah
+ruhanidarsgah97 darulamalchishtia

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772 (صبح 11 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ و اتوار)

darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com ruhanidarsgah.wordpress.com

ruhanidarsgah.blogspot.com ruhanidarsgah +92-322-7772772

نمک سے کئی بیماریوں کا سستا ترین علاج

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

پاکستان میں نمک کو ایک سستی اور غیر اہم چیز سمجھا جاتا ہے، چونکہ یہ ہر جگہ سے آسانی کے ساتھ مل جاتا ہے۔ لیکن بعض دوسرے ممالک میں نمک کی یہ بے قدری نہیں ہے۔ نمک اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ جامع کبیر میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اے علیؓ! کھانا نمک کے ساتھ شروع کرنا چاہیے۔ اس لیے کہ نمک کو ستر امراض کیلئے شفاء بنایا گیا ہے۔ جن میں پیٹ درد، دانت درد، جذام، جنون وغیرہ شامل ہیں''۔ حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ کھیرے کو نمک لگا کر تناول فرماتے تھے۔

مستدرک ابی شیبہ میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے ایک راقم سے روایت نقل کی گئی ہے کہ رسول اکرم ﷺ نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک بچھو نے آپ ﷺ کو ڈنک مارا۔ آپ ﷺ نے نماز سے فارغ ہو کر پانی میں نمک گھول کر اس میں ہاتھ رکھا اور آخری تینوں قل تلاوت فرمائے۔ یہاں تک کہ درد ختم ہو گیا۔

نمک سے روزہ کھولنا بھی افضل بتلایا گیا ہے۔ نمک میں جہاں طبی طور پر بہت خصوصیات پائی جاتی ہیں، اس کے ساتھ ساتھ نمک کو اردو ادب میں بھی بہت دخل ہے۔ اردو زبان میں بے شمار محاوروں میں لفظ نمک کا استعمال کیا گیا ہے۔ ۱۔ نمک پاشی کرنا، ۲۔ نمک چھڑکنا، ۳ نمک حرام، ۴ نمک حرامی کی سزا، ۵ نمک چکھنا، ۶۔ نمک حلال، ۷ نمک حلالی، ۸ نمک کا حق ادا کرنا، ۹ نمک مرچ لگانا، ۱۰۔ نمک کی مار پڑنا وغیرہ وغیرہ۔

طبی لحاظ سے اگر خوراک سے نمک کو بالکل نکال دیا جائے تو اس کے نہ کھانے سے انسانی جسم میں کیڑے پڑ جائیں اور انسان تڑپ تڑپ کر مر جائے۔ اس کا مطلب یہ بھی ہرگز نہیں ہے کہ نمک کو بہت زیادہ استعمال کیا جائے کیونکہ اس کے زیادہ استعمال سے بھی خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے اور اختلاج قلب وغیرہ کا مرض پیدا ہو جاتا ہے۔

- بے ہوش آدمی کو ہوش میں لانے کیلئے ایک بہت آسان اور عام نسخہ ہے کہ پانی میں نمک حل کر کے اس کے نتھنوں میں ٹپکاتے ہی مریض ہوش میں آجاتا ہے، بے ہوشی خواہ کسی بھی وجہ سے ہو۔
- مرگی کے مریض کی ہتھیلی پر نمک رکھتے ہی اس کا دورہ ختم ہو جاتا ہے۔
- شیشہ نمک بطور سرمہ استعمال کرنے سے تازندگی آنکھوں میں خارش، دھند، جالا اور پھولا وغیرہ کا مرض نہیں ہوتا۔
- نمک دانتوں کیلئے ایک بہترین منجن کا کام دیتا ہے۔ دانتوں کو کیڑے سے محفوظ اور چمک دار نیز مسوڑھوں سے خون یا پیپ کو روکنے اور منہ کی بدبو ختم کرنے کیلئے نمک کو سرسوں کے تیل میں ملا کر دانتوں پر ملنا بہت ہی فائدہ مند ہے۔
- نمک کو پانی میں جوش دے کر غرارے کرنے سے داڑھ درد کو فائدہ پہنچنے کے ساتھ ساتھ گلے کے اکثر امراض بھی دور ہو جاتے ہیں۔
- نہانے والے پانی میں اگر نمک شامل کر کے نہایا جائے تو خارش کے علاوہ جلد کی دیگر تمام بیماریاں بھی دور ہوتی ہیں اور نمکین پانی کے غسل سے جسم بھی فریش اور تھکاوٹ دور ہو جاتی ہے۔
- نمک کی ڈلی کو پانی میں گھس کر پھلبہری پر لگانے سے برص کے داغ ختم ہو جاتے ہیں۔ مسوں پر لگانے سے مسے خشک ہو جاتے ہیں۔ رسولی پر لگانے سے رسولی ختم ہو جاتی ہے۔
- نمک کو شہد میں ملا کر دانت نکالنے والے بچوں کے مسوڑھوں پر ملا جائے تو دانت با آسانی نکل آتے ہیں۔
- کوا گرنے کی صورت میں کوے پر لگایا جائے تو ورم اتر کر آرام آجاتا ہے۔

آپ کے سوالات

مطب العارف کے جوابات

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

